الجمعیۃ

Al-Jamiat

01 Jan 1933

To

28 Dec 1933

عرضِ مرتّب

راقم مشہود مفتی کا تعلق مفتی محمد نعیم لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ کے خانوادے سے ہے۔ راقم کے دادا مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ قدیم نامور علمائے لدھیانہ کے خاندان کے فرد تھے۔ آپ کے والد مولانا عبداللہ لدھیانویؒ نے قادیانیوں کے خلاف کفر کا اولین فتویٰ دیا تھا، آپ کے دادا مولانا عبدالقادر لدھیانویؒ اور تایا مولانا سیف الرحمٰن لدھیانویؒ 1857ء کی جنگِ آزادی میں فتویٰ دینے والے 34 علماء میں سرِفہرست تھے۔ یہ فتویٰ آزادی "صادق" اخبار 1857ء میں شائع ہو چکا ہے۔

مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ تقسیم ہند سے پہلے جمعیت علمائے ہند کے نائب صدر اور ناظم بھی رہے۔ آپ ہندوستان میں متحدہ پنجاب کے مفتی اعظم بھی تھے۔ آپ شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور جمعیت علمائے ہند کے سابق نائب صدر تھے۔

راقم کو اپنے دادا مرحوم سے متعلق تاریخی ریکارڈ درکار تھا، اسی سلسلہ میں "الجمعیۃ" کے پرانے شمارے تلاش کیے لیکن ہندوستان میں وہ شمارے نہ مل سکے۔ تحقیق سے معلوم ہوا کہ مفتی اعظم ہندوستان مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کے صاحبزادے مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن دہلویؒ نے انتہائی محنت سے "الجمعیۃ" کے تمام اخبار اس نیت سے اکٹھے کیے تھے کہ وہ اپنے والد مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کے فتاویٰ کو مرتب کر سکیں۔ چنانچہ انہوں نے اپنی زندگی میں وہ فتاویٰ مرتب بھی کیے جو "کفایت المفتی" کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔ اپنے کام کی تکمیل کے بعد انہوں نے "الجمعیۃ" اخبار کو جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر اور دہلی ہندوستان کے ایک اسلامی ادارہ میں محفوظ کرنے کے لیے بھیج دیا۔ جمعیت علمائے ہند کے موجودہ صدر مولانا سید ارشد مدنی صاحب انگلینڈ تشریف لائے تو ان سے ملاقات کے دوران یہ افسوس ناک انکشاف ہوا کہ ان کے پاس موجود "الجمعیۃ" کے اخبارات کو دیمک لگ گئی ہے۔ اس انتہاء درجہ کی لاپرواہی سے الجمعیۃ کے اس اہم ترین ریکارڈ کے ضائع ہونے پر انتہائی افسوس ہوا۔

دوسرا ریکارڈ جو دہلی کے کسی اسلامی ادارے میں موجود تھا اس کے حصول کے لیے اس ادارے سے رابطے کی کوشش کی گئی لیکن کوشش کے باوجود رابطہ نہ ہو سکا۔

اس تمہید کا ایک مقصد مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن دہلویؒ (صاحبزادہ مفتی اعظم ہندوستان مفتی کفایت اللہ دہلویؒ صدر جمعیت علمائے ہند) کی کتاب "جمعیت علمائے ہند پر تاریخی تبصرہ" کے مطالعہ کی تاکید کرنا بھی ہے جس میں انہوں نے اپنے دور میں جمعیت علمائے ہند کی زبوں حالی کی طرف توجہ دلائی ہے۔ تاریخی حوالہ کے طور پر درج کر

رہا ہوں کہ آج جمعیت علماء ہند دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہے، ایک کے صدر مولانا سید حسین احمد مدنی کے بیٹے مولانا سید ارشد مدنی ہیں اور دوسرے حصہ کے صدر شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی کے پوتے مولانا محمود مدنی ہیں۔ مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن واصف دہلویؒ نے اپنی اس کتاب میں اس اہم بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ دینی جماعتوں میں موروثیت ان جماعتوں کے دینی مقاصد کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔

اسی اثنا میں کیمبرج یونیورسٹی برطانیہ کی لائبریری کے شعبہ Centre of South Asian Studies کے Archivist جناب پروفیسر ڈاکٹر Kevin Greenbank سے رابطہ ہوا جو Wolfson یونیورسٹی کے وائس پریذیڈنٹ بھی ہیں۔ ان سے معلوم ہوا کہ "الجمعیة" کے کچھ سالوں کا ریکارڈ یہاں دستیاب ہے جو نہرو یونیورسٹی انڈیا سے یہاں لایا گیا تھا۔ یہ ریکارڈ پرانی Reels میں موجود تھا جس سے لائبریری میں موجود خصوصی ڈیوائس کے ذریعے ہی استفادہ کیا جاسکتا تھا۔ چونکہ میں اپنی علالت کے باعث لائبریری جانے سے قاصر تھا اس لیے میں نے ان سے ان فائلوں کا عکس فراہم کرنے کی درخواست کی جو انہوں نے خندہ پیشانی سے قبول کرلی اور اپنی بیٹی کی ذمہ داری لگائی کہ وہ ان Reels کی فائلوں کو یکجا کرکے مرتب کریں۔ چنانچہ ان کے تعاون سے مئی 1926ء سے اپریل 1950ء تک کا ڈیٹا حاصل ہوسکا جن میں چند درمیانی سالوں / مہینوں کا ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ اگرچہ یہ مکمل ریکارڈ نہیں ہے لیکن نہایت مفید اور مستند تاریخی ریکارڈ ہے۔

مجھے اس میں سے جو تاریخی معلومات درکار تھیں وہ تو میں اپنی کتاب "مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ اور اکابرین جمعیت علمائے ہند" میں جمع کرچکا ہوں لیکن چونکہ یہ ایک تاریخی دستاویز ہے جس سے بہت سی چیزوں کے متعلق درست ریکارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ سال کی ترتیب سے ان Reels کو مرتب کرکے شائع کردیا جائے تاکہ ہر شخص ان سے استفادہ کرسکے۔ اس کی ترتیب اور انٹرنیٹ پر محفوظ کرنے میں محترم جناب مولوی عبید الرحمٰن صاحب فاضل جامعہ دار العلوم کراچی نے تعاون کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ راقم کے لیے اور راقم کے والدین، تمام اعزہ واقرباء بالخصوص راقم کے اکابرین علمائے لدھیانہ کے لیے دعائے مغفرت فرمادیں۔ جزاکم اللہ خیرا

مشہود مفتی

ابن نعیم بن مولانا محمد نعیم لدھیانویؒ

مطلوبہ صفحہ پر پہنچنے کے لیے کلک کریں

جنوری 1933	فروری 1933
مارچ 1933	اپریل 1933
مئی 1933	جون 1933
جولائی 1933	اگست 1933
ستمبر 1933	اکتوبر 1933
نومبر 1933	دسمبر 1933

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ

الجمعیۃ

دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ...

ششماہی ...

سہ ماہی ...

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ...

ششماہی ...

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳

۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ...

نصف صفحہ (") ...

ایک کالم (") ...

½ کالم (") ...

¼ کالم (") ...

مدیر مسئول

بلال احمد زبیری بی اے

معاون

محمد عثمان فارقلیط

۱۹۳۳

نمبر ۱	دہلی - یوم یکشنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ مطابق یکم جنوری ۱۹۳۳ء	جلد ۱۷

نزول رحمت باری کی مبارک ساعتیں

روزہ کے فضائل احادیث نبوی کی روشنی میں

رمضان المبارک میں مسلمانوں کے فرائض

رمضان المبارک کا مہینہ آگیا۔ ربانی رحمتوں کے دروازے کھول دیئے گئے اور روزہ داروں کے لئے رضاء الٰہی اور جنت کا مژدہ سنادیا گیا! لیکن مسلمانوں نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اگر یہ سال بھی یوں ہی گزر گیا اور ارباب توحید نے اپنے اعمال کی اصلاح نہ کی تو ان کی بدبختی میں کس کو شبہ ہو سکتا ہے۔ ...

فرمایا:۔

"لوگو! ایک بہت بابرکت مہینہ قریب آ گیا ...

روزہ

ابن آدم کا ہر عمل اس کا اپنا ہوتا ہے لیکن روزہ میرا ہے اور اس کا بدلہ میں ہی دوں گا۔ (حدیث قدسی - بخاری)

روزہ دوزخ سے بچانے کی ڈھال ہے ... (بخاری)

بیت المقدس

...

معاصرین کے افکار و آراء

بے معنی اضطراب (زمیندار)

ہمیں بتایا جائے کہ مسلم کانفرنس اور مسلم لیگ کس چیز کا نام ہے۔ کیا چند سروں ... کا نام مسلم کانفرنس ہے؟ ...

گاندھی جی مرجائینگے؟ (الحدیث)

چوتھے اجلاس کا انتظار کرنا پڑے گا!

"تم سلامت رہو ہزار برس"

ہمارے خیال میں ہندوستان کے لئے گاندھی جی کا زندہ رہنا مفید ہے مگر حالات کچھ ایسے پیدا ہو گئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ گاندھی جی کی زندگی خطرے میں ہے۔ ...

"اگر ہندوؤں نے میری بات نہ مانی تو میں مسلمان ہو جاؤں گا"

...

مسلم کانفرنس (ہمدرد)

...

گول میز کانفرنس کا ناکام اجلاس (ملت)

...

(سلسلہ مضمون صفحہ ۸ کالم ۲)

الہ آباد کی اتحاد کانفرنس کے فیصلے

مسلم مطالبات کی مزید تصریح

حامیان افتراق کی حیلہ تراشیوں کا خاتمہ

(گذشتہ سے پیوستہ)

۹۔ مرکزی مجلس مقننہ

(ج) مندرجہ بالا تحفظ یو۔پی، بہار، اور بمبئی میں بھی نافذ العمل ہوگا۔

(۴) مجلس مقننہ میں مخصوص حلقہ ہائے انتخاب کو شامل کرکے نشستوں کا تناسب حسب ذیل رکھا جائے گا۔

مسلمان	۵۱ فیصدی
ہندو	۲۷ فیصدی
سکھ	۲۰ فیصدی
عیسائی	
اینگلو انڈین و یورپین	

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

موجودہ اسپین کے باشندے عربوں کی اولاد ہیں

تمام ہسپانیہ خالص عربی سانچہ میں ڈھلا ہوا ہے

نائب الحکومت اسپین کا ایک اہم اعلان

موجودہ اسپین کے نائب الحکومت (حکومت) ادر جلیا نے ایک ہسپانوی اخبار ہیرلڈ دو میڈرڈ میں ایک مضمون شائع کرایا ہے جس میں موصوف نے ان عربوں کی تاریخ کا مختصر الفاظ میں ذکر کیا ہے جو خلفائے بنو امیہ کے دور حکومت میں اسپین کے اندر حریت و استقلال کی زندگی بسر کرتے تھے اور دنیا کے لئے تہذیب، فکری و عملی کا نمونہ بنے ہوئے تھے۔ آپ قرطبہ کے خلفاء کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ اسپین کی روایات رومن کیتھولک مذہب پر نہیں بلکہ عربی اور اسلامی روایات پر مبنی ہیں اور اسپین کی زندگی لاطینی سانچہ کے بجائے عربی سانچہ میں زیادہ ڈھلی ہوئی نظر آتی ہے۔ موجودہ اسپین میں نہ صرف عربی اندلس کی نسل آبادی ہے بلکہ ان کا اکثر حصہ دمشق وغیرہ میں بھی موجود ہے کیونکہ ہمارے آباؤ اجداد خلیفہ دمشق کی خدمت کیلئے یہاں سے چلے گئے تھے جو پھر واپس نہیں آئے بلکہ دمشق ہی میں اپنی نسل میں اضافہ کرتے رہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ نہ صرف اسپین، بلکہ دمشق اور اس کے اطراف میں بھی عربی اندلس کے باشندے موجود ہیں۔ اس کے علاوہ خلفاء کے زمانہ میں عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان شادی بیاہ ہوتے تھے جس نے ان دو مذہبوں کے درمیان روابط اتحاد کو اور زیادہ مستحکم کر دیا تھا۔ مثال کے طور پر موسیٰ ابن نصیر (گورنر افریقہ) کو لیجئے کہ انہوں نے ایک عیسائی خاتون سے شادی کی تھی۔

ان حالات کے پیش نظر موجودہ اسپین کے لئے ضروری ہے کہ وہ اسلام کے ساتھ تعلقات پیدا کرے تاکہ اس کو اپنی حقیقی قدر و منزلت کا پتہ چلے۔

اس کے بعد نائب الحکومت نے اسپین کے ادباء اور خطباء سے اپیل کی ہے کہ وہ ہر سال ان عرب مسلمانوں کی یادگار میں کانفرنسوں کا انعقاد کریں جنہوں نے اس سرزمین پر اپنے آثار و اطلال چھوڑے ہیں اور جو آج ہمارے ملک کی زینت بنے ہوئے ہیں۔

ترکی میں آذان اور السلام علیکم

کمالی حکومت آئیندہ کیا ارادہ رکھتی ہے؟

قسطنطنیہ کی مسجد ایا صوفیا میں سب سے پہلی بار ترکی زبان میں اذان دی گئی اور مؤذن نے پکار کر کہا "اللہ بیوک در"۔ ایک عربی اخبار لکھتا ہے کہ کمالی حکومت نے نماز کو بھی ترکی زبان میں پڑھنے کا حکم صادر کر دیا ہے۔

اس کے بعد یہی اخبار لکھتا ہے کہ اسم جلالی "اللہ" کے ساتھ "اکبر" بڑے گہرے معنوں پر مشتمل ہے جس کے فہم و ادراک کے لئے الٰہیات کے مسائل پر عبور حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ اکبر کے معنے "اللہ کبیر" نہیں ہیں جیسا کہ ترکی ترجمہ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ کمالی حکومت نے ایک جلسہ کرکے "السلام علیکم ورحمۃ اللہ" کے بجائے "سزہ سلام واللہک رحمتی" ایجاد کیا ہے!

ولایت موصل پر ترکی کا دعویٰ

لیگ کونسل نے دعویٰ خارج کر دیا

ترکی حکومت نے ولایت موصل پر حق ملکیت کا دعویٰ کیا تھا دوسری جانب موصل اور اس کے ماتحت علاقوں پر برطانیہ کا دعویٰ تھا۔ موصل پر تو برطانیہ پورے طور پر قابض ہے مگر ترکی نے بھی اس کے مقابلہ میں دعویٰ کر دیا تھا۔ لیگ کونسل نے اس تنازعہ کا فیصلہ اس طرح کیا کہ موصل پر برطانیہ کا حق ملکیت تسلیم کر لیا اور ترکی کے دعویٰ کو ناقابل سماعت قرار دیا۔

آسٹریا میں آفتاب اسلام کی ضو فشانیاں

جمعیۃ اسلامیہ کا قیام

[illegible]

صدر جمعیۃ نے جرمنی زبان میں کئی لیکچر بھی دئے ہیں جس میں خصوصیات اسلام کو عمدہ پیرایہ میں بیان کیا ہے۔ آپ کے لیکچروں نے مغربی باشندوں پر خاص اثر ڈالا ہے۔

فرانس میں تبلیغ حق کیلئے وسیع میدان ہے

الجزائر کے ایک عالم دین کا مکتوب

الجزائر کے ایک عالم نے البلاغ کو جزائری مسلمانوں کے حالات سے مطلع کیا ہے جس سے الجزائر میں فرانسیسی حکومت کے طرز سیاست کا پتہ چلتا ہے۔ علامہ موصوف لکھتے ہیں الجزائر کے عام مسلمانوں میں جو نہضت و ترقی کے آثار پائے جاتے ہیں وہ حیرت انگیز ہیں حالانکہ ان میں کوئی سیاسی جماعت بھی نہیں ہے جو ان کے اندر احساس عمل پیدا کرتی رہے۔

یہاں مسلمانوں میں تحصیل علم کا خاص شوق ہے اور وہ اپنی نماز نقاہوں اور مکانوں میں عربی زبان کی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ باقی عام سرکاری مدارس میں داخل ہو کر حاصل کرتے ہیں جہاں فرانسیسی زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا جاتا ہے۔ سال اطراف میں فرانسیسی زبان کو بہت فروغ ہے۔ اور تمام سرکاری دفاتر اسی زبان میں ہیں۔ البتہ مسلمانوں کے نکاح وغیرہ کا تعلق عربی زبان سے ہے۔

الجزائر کی آبادی ۰۰ لاکھ افراد پر مشتمل ہے جس میں اکثریت مسلمانوں کی ہے صرف ایک لاکھ غیر مسلموں میں یہودی اور عیسائی ہیں۔ یہاں مجلس نیابی بھی قائم ہے جس میں حکومت کے عیسائی ملازم کام کرتے ہیں۔

یورپ میں عام طور پر اور فرانس اور بلجیک میں خاص اور پر اسلام کی نشر و اشاعت کے لئے بڑا میدان ہے۔ میں نے ان مقامات کا دورہ کرکے اس امر کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے کہ یہاں کے لوگ دعوت حق و ارشاد کو قبول کرنے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں۔ اگر اس مقصد عالیہ کیلئے مصر سے ایسے مبلغین یورپ، فرانس وغیرہ مقامات میں پہنچ کر دعوت حق کا اعلان کریں تو مسلمانوں کو بڑی کامیابی ہو سکتی ہے۔

تین ہزار سال قبل کی ایک عمارت کا انکشاف

تاج، اسلحہ اور کپڑوں کی برآمد

امریکہ کی علمی مجلس نے ایران کے ایک مقام سے ایک عالیشان اور زبردست عمارت کا انکشاف کیا ہے کئی ماہ کی تنقیب کے بعد زمین دوز محل کا انکشاف ایران میں ایک جدید واقعہ ہے۔ اس محل کی قدامت کا اندازہ تین ہزار سال لگایا جاتا ہے۔ ماہرین آثار قدیمہ کا خیال ہے کہ یہ محل کسی ناگہانی حادثہ سے زمین دوز ہو گیا تھا اور اسی وجہ سے دیگر عمارات کی طرح یہ محل زیادہ خراب نہیں ہوا ہے۔ محل کے اندرونی حصہ میں ایک خزانہ بھی برآمد ہوا ہے اس میں گردن بند، متعدد طلائی تاج، کپڑے، تانبے کے اسلحہ جن پر نہایت خوبصورت نقوش کھدے ہوئے ہیں، نیز ظروف اور نقرئی و طلائی آلات بھی بکثرت برآمد ہوئے ہیں۔

ترکی میں مردوں کو جلانے والی انجمن

وصیت کرنے والوں کو مرنے کے بعد جلا دیا جائیگا

اخبار "السلام العربی" رقمطراز ہے کہ انگورہ کی تازہ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ مردوں کو جلانے کے لئے ترکی میں ایک جمعیۃ قائم ہوئی ہے۔ اس جمعیۃ کا کام یہ ہوگا کہ جو لوگ مرنے سے پہلے یہ وصیت کر جائیں کہ ہمارے جسم کو جلا دیا جائے تو یہ جمعیۃ ان کو جلا دیگی۔ اس جمعیۃ کے ممبروں کی تعداد ۵۰۰ سے بھی متجاوز ہو گئی ہے ان سب نے وصیت کی ہے کہ مرنے کے بعد ان کی لاشوں کو نذر آتش کر دیا جائے۔ بغیر وصیت کے کسی مردہ کو جلانا جائز نہ ہوگا۔ وصیت کرنے والے مردہ کو ۲۴ گھنٹہ کے بعد جلا دیا جائے گا۔

ترکی میں دنوں کے نام کی تبدیلی کا فتنہ

اتوار کا نام جمعہ رکھ دیا جائے گا؟

آج کل ترکی صحافت میں جمعہ کے بجائے اتوار کو یوم تعطیل بنانے کا فتنہ برپا ہو گیا ہے اور موافق اور مخالف مضامین بڑے زور شور سے نکل رہے ہیں۔ مجلس وطنی کے بعض اعضاء ارکان نے مجلس میں تصدیق کیلئے تجویز پیش بھی کر دی ہے۔ بعض ارکان نے تو مسلمانوں کی آنکھوں میں خاک جھونکنے کی پوری کوشش کر ڈالی ہے ... دنوں کے ناموں میں تبدیلی کر رہے ہیں۔ ان کی تجویز ہے کہ اتوار کا نام جمعہ رکھا جائے ... کا نام پیر۔ ... اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دیگر ممالک میں اتوار کا دن ہوگا اور ترکی میں جمعہ کا دن! اور اس پر نہایت ڈھٹائی سے کہا جاتا ہے کہ ہم اتوار کی نہیں بلکہ جمعہ ہی کی تعطیل منانا چاہتے ہیں!

قندھار میں ایک عالیشان ہوٹل کا افتتاح

قندھار میں ایک ہوٹل "کافہ دلبر" کا افتتاح ہوا ہے جو تمام عصری محاسن سے مزین اور ہر قسم کے اسباب و آرائش سے پیراستہ ہے۔ اس ہوٹل میں ہر مسافر کے لئے چائے، دودھ، کیک اور ہر قسم کی ماکولات و مشروبات کا کافی انتظام ہے۔

بلدیہ قندھار کا ارادہ ہے کہ اس ہوٹل کے پیمانہ پر دیگر ہوٹلوں کو بھی چلایا جائے۔

شام اور عراق کی حدود کا تصفیہ

شام اور عراق کی سرحدوں کے سلسلہ میں مجلس اقوام کی کونسل نے پرمانینٹ منڈیٹ کمیشن کی سفارشات کو منظور کر لیا ہے۔

گزشتہ موسم سرما میں لیگ کمیشن کا وفد عراق پہونچا تھا اور اس نے موقعہ پر برطانیہ اور عراق اور دوسری طرف فرانس اور شام کے مطالبات کی تحقیقات کی تھی۔ کونسل نے یزیدی قبائل کے مقام جبل سنجار کے متعلق عراق کے دعوی کو تسلیم کر لیا لیکن ذرع چق کا ایک پہاڑ حکومت شام کے حوالہ کر دیا گیا۔

۵۔ اس پر اتفاق ہو گیا کہ یہ تجویز اور مسٹر چھبر جی کی رائے مندرجہ ذیل سات اشخاص کی کمیٹی کے سپرد کر دی جائے جو اس پر غور کرکے مسئلہ کے تمام پہلوؤں کے متعلق اپنی رپورٹ پیش کرے اور اس پر بھی رپورٹ کرے کہ موجودہ عدالتوں سے علیحدہ قاضیوں کی عدالتیں قائم کرنے کا اصول کہاں تک درست و مناسب ہے۔

(۱) مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب۔ (۲) عبدالمجید خواجہ۔ (۳) ڈاکٹر موبنجے۔ (۴) مسٹر حامد علی۔ (۵) سردار ہرنام سنگھ۔ (۶) سرہری سنگھ گوڑ۔ (۷) ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو (کنوینر)

۱۸۔ ارتباط باہمی

اس پر اتفاق ہو گیا کہ اس تصفیہ کے مختلف حصے آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہیں اور یہ تمام تصفیہ ناقابل تجزیہ ہے اور اس کا نفاذ مجموعی طور پر ہونا چاہئے۔

کلکتہ میں افتراقیوں اور انشقاقیوں کی ناکامی و نامرادی

مسلمانوں کے خون سے ہاتھ رنگنے والوں کا حشر

مسلم کانفرنس اور کانپوری جمعیۃ کے خلاف اظہار بیزاری و ناراضگی

(از نامہ نگار خصوصی مقیم کلکتہ)

کلکتہ ۲۷ دسمبر۔ کئی ہفتہ سے یہ شور مچایا جا رہا تھا کہ کلکتہ میں مسلم کانفرنس کا اجلاس منعقد ہوگا اور مسلمانوں کی سیاسی رہنمائی کے لئے تجاویز منظور کی جائیں گی۔ یہ بھی کہا جاتا تھا کہ مسلمانان کلکتہ نے مسلم کانفرنس کے اجلاس کو منعقد کرنے کی دعوت دی ہے اور وہ اس اجلاس کے ... لیکن جب اس اجلاس کے انعقاد کا وقت آیا ... کرنے والے ایسے حیا دار نہیں ہیں کہ مسلمانوں کی عام بیزاری کا کوئی اثر قبول کریں۔ سب سے پہلے نام نہاد جمعیۃ العلماء کانپور کی کانفرنس کے لئے دس بجے کا وقت مقرر کیا گیا۔ کلکتہ کے مسلمانوں نے اس کی طرف مطلقاً کوئی توجہ نہ کی اور اس کا کامل بائیکاٹ کر دیا۔ اس پر بھی پولیس کے دستے بلائے گئے اور تمام پنڈال پر پہرہ قائم کر دیا گیا۔ پچاس ساٹھ آدمیوں سے زائد کا مجمع نہ ہو سکا۔ ... انتفاق ملت کا نظارہ دیکھئے۔ سونے پر سہاگہ یہ ہوا کہ مولانا عبدالقادر صاحب جو صدر اجلاس تھے انہوں نے بھی جمعیۃ علماء کانپور کی سخت مذمت کی اور کہا کہ نئی نئی انجمنیں بنانا اور اغراض کے ماتحت ملت کے مفاد کو قربان کرنا بدترین حرکت ہے۔ ... انہوں نے استقبالیہ کا خطبہ شروع ہی ہوا تھا کہ اسے ختم کرا کے جلدی سے اجلاس کو ملتوی کر دیا ... شامت اعمال ما صورت نادر گرفت

کا مضمون پیش کر رہا تھا۔ مسلمانوں کے مفاد سے غداری اور مسلمانوں میں تفرقہ اندازی کی ایسی سزا انہیں ملی کہ اگر ذرہ برابر حیا اور شرم ان کے اندر ہوگی تو عمر بھر یاد رکھیں گے۔ لوگ کہہ رہے تھے کہ یہی وہ ہالیڈے پارک ہے جہاں ۱۹۲۶ء میں جمعیۃ علمائے ہند کا وہ شاندار اور قابل یادگار اجلاس منعقد ہوا تھا جس کے صدر علامہ سید سلیمان ندوی اور صدر استقبالیہ سر عبدالرحیم تھے اور جس میں حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب، حضرت مولانا احمد سعید صاحب، حضرت مولانا انور شاہ صاحب، حضرت مولانا شبیر احمد صاحب، حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب اور تمام ہندوستان کے اکابر علماء شریک تھے اور مسلمانان بنگال ہزاروں کی تعداد میں کلکتہ اور مضافات سے ٹوٹے پڑتے تھے باوجود ٹکٹ کے تل رکھنے کی جگہ نہ تھی اور لوگ مایوس واپس جا رہے تھے۔ آج اسی نام سے ایک شرمناک اجلاس کیا جاتا ہے جس میں کرایہ کے سو آدمی بھی شرکت کے لئے نہیں ملتے۔ اور ہندوستان کا کوئی بڑا اور جید عالم اس کی شرکت گوارا نہیں کرتا۔ ...

مسلمانان کلکتہ کا اعلان

کانپوری پنڈال

مسلمانوں کا خون

شام کے لئے بعد مغرب مسلم کانفرنس کے اجلاس کا وقت مقرر کیا گیا تھا۔ تقریباً تین ہزار مسلمانوں کا ایک ہجوم عین اجلاس کے وقت پر پنڈال کے چاروں طرف جمع ہو گیا۔ ...

غلط بیانیوں کی اشاعت

جامع مسجد کا واقعہ

تاروں کی روانگی

"جمعیۃ العلماء" کا ڈھونگ

برطانیہ، حکومت ایران اور کمپنی کے معاملہ میں مداخلت نہ کرے

جدید معاہدہ کے متعلق ازسرنو گفت و شنید کی جائے

مسٹر فاروقی وزیر خارجہ ایران کی تصریحات

طہران ۲۹ دسمبر۔ مسٹر فاروقی وزیر خارجہ ایران نے اینگلو پرشین آئل کمپنی کے تنازعہ پر سب سے پہلا بیان ایک اخباری نمائندہ کو دیا ہے فرمایا کہ ایران ڈارسی مراعات کی منسوخی کو واپس لینے کے لئے کسی طرح بھی تیار نہیں ہے بلکہ اس کی خواہش ہے کہ اینگلو پرشین آئل کمپنی جدید معاہدہ کے متعلق ازسرنو گفت و شنید کرے۔ آپ نے مزید کہا کہ حکومت ایران کمپنی کے سرمایہ پر قبضہ نہیں کرنا چاہتی آپ نے ان خارجی الزامات سے انکار کیا جو اس تنازعہ کے سلسلہ میں حکومت پر لگائے گئے ہیں۔ برطانوی رویہ کا حوالہ دیتے ہوئے مسٹر فاروقی نے کہا کہ برطانیہ کو اس معاملہ میں ہرگز مداخلت نہ کرنی چاہئے کیونکہ اس کا تعلق صرف حکومت ایران اور کمپنی کے معاملہ سے ہے۔

شاہ فواد کو بم سے اڑانے کی سازش

قاہرہ کے ایک کالج میں بم رکھدیا گیا

قاہرہ ۲۸ دسمبر۔ شاہ فواد کی زندگی کو ختم کرنے کے لئے بم بازوں نے ایک نیا اقدام کیا جس کا بہت جلد انکشاف ہو گیا۔ ایک بم قاہرہ کے گورنمنٹ انجنیئرنگ کالج میں چھپا دیا گیا کیونکہ شاہ فواد کالج میں جا کر اس کا معائنہ کرنے والے تھے۔ شاہ فواد کے پہنچنے سے تھوڑی دیر پیشتر بم کو دیکھ لیا گیا اور اس طرح ان کی جان بچ گئی۔

مصر میں سرکاری افسروں پر بم پھینکنے کے واقعات بہت زیادہ رونما ہونے لگے ہیں۔ ۱۱ دسمبر کو برطانوی ایجنسی پر بم پھینکا گیا جس سے کوئی نقصان جان نہیں ہوا۔ اسی طرح وزیر اعظم صدقی پاشا اور ان کی کابینہ پر بھی بم پھینکے گئے۔

معلوم ہوا ہے کہ بم باز پارٹی کا مقصد کسی کی جان لینا نہیں ہے بلکہ ان کو یہ دکھانا مقصود ہے کہ مصر کی پولیس سخت نالائق اور ناکارہ ہے جو ان کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتی۔

ہندوستان کا دستور قرطاس ابیض

بل اکتوبر سے پہلے تیار نہیں ہوگا

لندن ۲۹ دسمبر۔ اسٹیٹسمین کا نامہ نگار لندن سے مطلع کرتا ہے کہ ہندوستان کے دستور اساسی کی تجاویز کے متعلق جو قرطاس ابیض شائع ہونے والا ہے وہ فروری میں منظر عام پر آئے گا۔ مشترکہ منتخب کمیٹی کی کارروائیوں کی ترتیب میں تین ماہ کا عرصہ لگیگا اور بل اکتوبر سے پہلے تیار نہیں ہو سکے گا۔

ملا شیر کوٹی کے شبہات کا جواب

مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محلی کا بیان

لکھنؤ اتحاد کانفرنس کے موقعہ پر جمعیۃ العلماء کانپور کی مجلس عاملہ منعقد کرنے کی ان ممبران نے جو موجود تھے مجھے اور مولانا عبدالماجد صاحب قادری سے باقاعدہ خواہش ظاہر کی۔ اس مقصد کے لئے جلسہ شوریٰ کیا گیا چنانچہ میں نے اور مولانا قطب الدین عبدالوالی نائب صدر اور مولانا عبدالماجد صاحب قادری ...

نے خطبہ پڑھا جس میں حکومت سے مرعوبیت کی تعلیم دی گئی تھی اور اتحاد کی مخالفت کرکے سرکاری خدمت انجام دی گئی تھی۔

حیثیت نمائندگی

کانفرنس میں صوبہ سرحد، صوبہ بلوچستان، صوبہ آسام، صوبہ مدراس، صوبہ بمبئی، صوبہ سندھ کی کوئی نمائندگی نہیں تھی۔ بورڈ کے ۲۵۰ اراکین میں سے صرف پچیس اراکین بھی موجود نہ تھے اور کانفرنس کے عام ۱۰۰ اراکین میں سے صرف ۵۲ اراکین کے نام لکھ کر پیش کر دئے گئے تھے جن میں غیر معروف اور گمنام حضرات کے نام لکھدئے گئے تھے۔ سوائے منسٹروں اور بعض اراکین مجالس مقننہ کے کوئی پبلک آدمی کانفرنس میں شریک نہ تھا۔ پنجاب سے فیروز خاں نون وزیر حکومت پنجاب سے نواب یوسف وزیر حکومت اور بنگال سے ناظم الدین وزیر حکومت مسلمانوں کے نمائندے تھے۔

یوروپین ایسوسی ایشن کا رویہ

چونکہ یوروپین ایسوسی ایشن بنگال میں ہندو مسلم اتحاد نہیں چاہتا اور یوروپینوں کا فائدہ اسی میں ہے کہ ہندو مسلمان آپس میں لڑتے رہیں اس لئے یوروپین ایسوسی ایشن کا رویہ بانی کی طرح بہہ رہا تھا۔ ڈنڈے باز والنٹیروں کو دو دو روپیہ روز دیکر بھرتی کیا گیا تھا اور دربان میں کام کرنے والے کارکنوں نے بھی خوب ہاتھ رنگے تھے۔ شہر کے مسلم تاجروں نے اس مقصد مشئوم کے لئے ایک پیسہ بھی نہیں دیا تھا۔ سب کچھ حکومت کی حمایت اور پولیس کے ڈنڈوں کے بھروسہ پر اور یوروپینوں کے روپیہ کے وسیلہ سے کیا جا رہا تھا۔ اتفاق حقائق نے مسلمانوں کے دلوں میں اور بھی برہمی پیدا کر دی تھی۔ چونکہ پنڈال بھی کرایہ کا لیا گیا تھا اس لئے معلوم ہوا ہے کہ ٹکٹوں کی آمدنی ہوئی۔

سبجکٹ کمیٹی کا جلسہ

آج دوپہر کو سبجکٹ کمیٹی کا اجلاس ہوا جو بالکل خلاف قاعدہ اور سراسر خود اور مہمل تھا۔ متعدد حضرات نے صدر سے مطالبہ کیا کہ تجاویز کی مخالفت میں تقریر کرنے کا موقعہ دیا جائے مگر کسی کو اجازت نہیں دی گئی اور بغیر کسی بحث و تمحیص کے ...

> **مفصل تبصرہ کا انتظار کیجئے**
>
> بعض ضروری کاروبار کے باعث اس صحبت مقالات مہری کے لئے گنجائش نہ نکل سکی۔ آئیندہ اشاعت میں اجتماعات الہ آباد اور کلکتہ پر مفصل اور مبسوط تبصرہ کیا جائے گا۔ انشاء اللہ

جلدی جلدی تمام قرارداد میں پڑھکر سنا دی گئیں۔ ایک بند کمرہ میں بیٹھ کر اس طرح مسلم کانفرنس کا مواد تیار کیا گیا ہے اور معلوم ہوا ہے کہ عام جلسہ میں بھی ان قراردادوں کو نقص منظوری ہی بیش نہیں کیا جائے گا ...

تفصیہ جلسہ

آل انڈیا جماعتوں کو شرکت نہیں کیا گیا

دو گھنٹے تک انتشار

گاندھی جی یکم جنوری کو رہا کر دئے جائیں گے

تمام سیاسی اسیروں کیلئے عام معافی کا اعلان

وزیر ہند کانگریس کیساتھ مصالحت کرنے کیلئے مضطر ہیں

لندن ۲۹ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ سال نو کے آغاز میں گاندھی جی کی غیر مشروط رہائی کا قریبی امکان ہے۔ رانچارڈ ٹیلی ہیرالڈ لکھتا ہے کہ وزیر ہند یقین کرتے ہیں کہ برطانوی تجاویز کو کامیاب بنانے کیلئے گاندھی جی اور غیر متشدد سیاسی اسیروں کی رہائی نہایت ضروری ہے۔ وزیر ہند مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی میں کانگریس کی نمائندگی کو ضروری سمجھتے ہیں اور وہ اس میں دوستشیں کانگریس کو دینے کیلئے مضطرب ہیں۔ نئی دہلی کی دفتری حکومت کی مخالفت کے باوجود یہ فیصلہ کر لیا گیا ہے کہ گاندھی جی یکم جنوری کو رہا کر دئے جائیں۔ دفتری حکومت کا اصرار ہے کہ گاندھی جی کو اس وقت رہا کیا جائے جب وہ سیاسی تحریکات میں حصہ نہ لینے کا وعدہ کر لیں۔

خیال کیا جاتا ہے کہ اگر گاندھی جی رہا کر دئے گئے تو وہ جیل سے باہر آتے ہی تمام سیاسی قیدیوں کی عام معافی کا مطالبہ کریں گے جیسا کہ گاندھی ارون معاہدہ کے موقعہ پر ہو چکا ہے۔

وائسرائے گاندھی جی کی رہائی کے مخالف نہیں ہیں

اخبار "مارننگ پوسٹ" کی خاص اطلاع

افواہ کی تردید کے ساتھ مزید تائید و تصدیق

لندن ۳۰ دسمبر۔ ایک ذمہ دارانہ اطلاع مظہر ہے کہ اخبارات میں جو خبر شائع ہوئی ہے کہ سال نو کے آغاز میں گاندھی جی اور دیگر سیاسی قیدیوں کو رہا کر دیا جائیگا اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے نیز یہ خبر بھی بے بنیاد ہے کہ سکریٹری آف اسٹیٹ اور وائسرائے کے درمیان اس بارہ میں کوئی اختلاف پیدا ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ وائسرائے ہند کے استعفیٰ کی اطلاع بھی غلط اور بے اصل ہے۔

لندن ۳۰ دسمبر۔ اخبار مارننگ پوسٹ کا نامہ نگار خصوصی اس بارہ میں جو کچھ لکھتا ہے اس سے مندرجہ بالا "تردید" کی تردید ہوتی ہے۔ نامہ نگار لکھتا ہے کہ حکومت برطانیہ گاندھی جی کی رہائی کے امکانات پر غور کر رہی ہے کیونکہ سر سپرو اور مسٹر جیکر نے حکومت کو یقین دلایا ہے کہ گاندھی جی کی رہائی سے دستوری اصلاحات کو کامیاب بنانے کے لئے سہولتیں پیدا ہو جائیں گی۔

نئی دہلی ۳۰ دسمبر۔ ہندوستان ٹائمز کا نامہ نگار خصوصی لکھتا ہے کہ گو ایسوسی ایٹڈ پریس نے گاندھی جی کی رہائی کی خبر کی تردید کر دی ہے مگر میری پیشگوئی یہ ہے کہ گاندھی جی ضرور رہا کئے جائیں گے۔ اور لارڈ ولنگڈن وائسرائے ہند گاندھی جی کی رہائی کے خلاف نہیں ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ گاندھی جی نے بھی حکومت کو اطلاع دیدی ہے کہ وہ اپنی زندگی کا بیشتر حصہ اچھوتوں کی اصلاح میں لگائیں گے اس صورت میں گاندھی جی کی رہائی غیر ممکن نہیں ہے بلکہ اس کے وقوع کا قریبی امکان ہے۔

دار الحکومت

مخالفین اتحاد کو چیلنج

میدان میں نکلو اور رائے عامہ کا موازنہ کرو

جامع مسجد میں جلسہ جلوس اور گرفتاریاں

صاحب فاضل دیوبند کارکن جمعیۃ علماء ہند نے ایک مختصر مگر موثر تقریر فرمائی۔

جلوس اور گرفتاری

جامع مسجد سے مسلمانوں کا ایک شاندار جلوس زیر قیادت حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب مرتب ہوا جس میں آگے جمعیۃ کا سبز علم تھا اور اس کے پیچھے ایک موٹر تھا یہ جلوس جامع مسجد سے چل کر جب دریبہ پہونچا تو پولیس نے مداخلت کی اور موٹر و جھنڈا چھین لیا۔ اس کے بعد حضرت ڈکٹیٹر صاحب اور مولانا عبداللہ صاحب فاضل دیوبند مولانا قاری فضل الرحمٰن صاحب فاضل دیوبند کارکنان جمعیۃ علماء ہند کو گرفتار کر لیا۔

گیارہویں ڈکٹیٹر کی نامزدگی

دہلی ۳۰ دسمبر۔ آج حضرت مولانا عبداللہ صاحب ڈکٹیٹر دہم نے اپنی گرفتاری کے وقت حضرت مولانا مبارک حسین صاحب پرنسپل عربک کالج میرٹھ کو اپنا قائم مقام نامزد کیا ہے۔

جمعیۃ شبان المسلمین کی مجلس عاملہ کا اجلاس

مسلم کانفرنس کی مذمت۔ لندن کے فیصلوں پر عدم اطمینان

دہلی ۳۰ دسمبر۔ حسب ذیل تجویزات جمعیت شبان المسلمین دہلی کی ورکنگ کمیٹی کا ایک جلسہ زیر صدارت قاری محمد عثمان صاحب آزاد منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل چار تجاویز پاس کی گئیں۔

پہلی تجویز میں مسلم لیگ کونسل دہلی جمعیت علماء کا نپور آل انڈیا مسلم کانفرنس کلکتہ مسلم یوتھ لیگ (منعقدہ کلکتہ) کے جلسوں کی کارروائیوں کی شدید مذمت کی گئی اور ان کے فیصلوں کو اسلام سے بدترین غداری بتایا گیا نیز الہ آباد اتحاد کانفرنس کے فیصلوں کو اسلامیان ہند کے مفاد کے مطابق ظاہر کیا گیا۔

دوسری تجویز میں تیسری گول میز کانفرنس کی کارروائی کو ہندوستان کے مفاد کے لئے غیر اطمینان بخش اور مستقبل کے دستور اساسی کے اعلان پر مایوس کن بتایا گیا۔ نیز گاندھی جی اور دیگر تمام امن پسند سیاسی قیدیوں کی غیر مشروط رہائی کو ملک میں امن و امان قائم کرنے کا بہترین ذریعہ بتایا گیا اور اس کا پرجوش طریقے سے خیر مقدم کیا گیا۔

تیسری تجویز میں فیصلہ کیا گیا کہ جمعیت شبان المسلمین کے عہدہ داران کا انتخاب فروری کے پہلے ہفتہ میں کیا جائے گا۔ اور اس کے لئے کثیر تعداد میں ممبر بنائے جائیں۔

چوتھی تجویز میں روزانہ اخبار زمیندار لاہور کی ضبطی ضمانت پر افسوس کا اظہار کیا گیا۔

دہلی کی تجارت پر اٹاوہ بل کا اثر!!

برطانوی مال کے نرخوں میں کمی!

اسیران جمعیۃ کا گنڈا دہلی جیل سے تبادلہ

ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علماء ہند کا الہ آباد جیل میں تبادلہ

کلکتان جمعیۃ علماء ہند سنٹرل جیل میں

حج کے یقینیہ مسودات ختم ہو گئے

محرکین کو اطلاع دیدی گئی

جمعیۃ مقننہ کے گزشتہ اجلاس کے اختتام کی وجہ سے ۱۲ غیر سرکاری مسودات قانون "سوخت" ہو گئے۔ یہ مسودات اب تیار نظر ثانی کے کمیٹی کے سامنے نہیں آ سکتے۔ چنانچہ ان کے محرکین کو اس کی اطلاع دیدی گئی ہے۔ ان مسودات میں سرکاری و غیر سرکاری سب شامل ہیں اور وہ بھی ہیں جن پر ابتدائی بحث بھی ہو چکی تھی۔ اس قسم کے سرکاری مسودات ۱۳ ہیں اور غیر سرکاری ۷۔ اول الذکر میں "ورکمین کمپنسیشن بل" بھی شامل ہے جو گزشتہ فروری میں پیش کیا گیا تھا۔ ان کے علاوہ جہاز رانی کے قانون میں ترمیم چارٹری سالٹس کا مسودہ قانون اور انکم ٹیکس کے قانون میں ترمیم کے قوانین بھی ہیں۔

خان عبدالغفار خاں کو وظیفہ

سرحد کے گزشتہ اجلاس میں ایک رکن اسمبلی نے بیان کیا کہ خان عبدالغفار خاں کے تین لڑکے اور ایک لڑکی مختلف کالجوں اور سکولوں میں زیر تعلیم ہیں اور انہیں اس ریگولیشن کے مطابق کوئی سرکاری وظیفہ نہیں دیا جاتا۔ اس کی وجہ آنریبل ممبر نے یہ بیان کی اس ریگولیشن کے مطابق نظر بندی کے کنبہ کو اس حالت میں الاؤنس دیا جاتا ہے جب کہ اس کی نظر بندی کے نتیجہ کے طور پر اس قدر کی واقع ہو جائے کہ وہ اپنے بال بچوں کے گزارہ اور تعلیم کا انتظام کرنے کے ناقابل ہوں۔ خان عبدالغفار خاں نے اپنے لڑکے کے نام اس قدر جائداد منتقل کر دی ہے جس کی نسبت یقین کیا جاتا ہے کہ وہ ان کے گزارہ اور تعلیم وغیرہ نیز ان کی بہن کی تعلیم اور گزارہ کے لئے کافی ہے۔ حکومت خان عبدالغفار خاں کو ۲۰۰ روپیہ وظیفہ دیتی ہے۔

چاٹگام کے اسلحہ خانہ پر حملہ

ایک اور مقدمہ سازش کی تیاری

کلکتہ ۲۸ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ امبیکا چکرورتی نامی ایک شخص کو پولیس نے چاٹگام کے اسلحہ خانہ پر حملہ کرنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے اس شخص کے خلاف ضمنی مقدمہ سازش چلایا جائیگا۔ استغاثہ کے گواہوں کی تعداد ۰۰۰ کے قریب بتائی جاتی ہے۔

سندھ کی علیحدگی پر حکومت کا شکریہ

جند خان بہادروں کا سجدۂ عبودیت

یوم سندھ منانے کی تجویز

حکومت اور کانگریس میں مصالحت

بنگال میں نظر بندوں کی بھوک ہڑتال

تقریباً ۰۰۰ نے اطلاع دی ہے کہ ۱۸ دسمبر سے جزوی بھوک ہڑتال اور ۲۲ دسمبر سے مکمل بھوک ہڑتال کر رکھی ہے اور ان کی حالت تشویشناک نہیں ہے۔ بہرامپور میں افواہ ہے کہ کیمپ میں تقریباً ایک درجن نظر بندوں نے بھوک ہڑتال کی ہوئی ہے۔

مسیحی مساوات کی بے نقابی

تین عیسائیوں کی طرف سے پادری کو نوٹس

ترچنا پلی ۰۰ دسمبر۔ آدی دراوڑ عیسائیوں نے دھمکی دی ہے کہ جب تک ہولی ریڈیمر کے گرجا گھروں میں لوہے کی باڑ جو نماز کے وقت ان کو علیحدہ رکھتی ہے، ہٹائی نہیں جائے گی وہ مدراس کے پادری کے خلاف برت جاری رکھیں گے اور ستیہ گرہ کر دیں گے۔

برت ملتوی کرنے سے گاندھی جی کا انکار

پونہ ۲۸ دسمبر۔ مسٹر راج گوپال اچاریہ مسز کیلاپن اور مسز مادھوا مرسائن اور ایڈ پارنے آج یروڈا جیل میں گاندھی جی سے ملاقات کی اور گرو وایور مندر میں داخلہ پر برت کے متعلق گفتگو کی۔

معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی نے اسمبلی و مدراس کونسل میں چھوت بلوں کی پیشی کے متعلق حکومت کے فیصلہ کا انتظار کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ ۲ جنوری کو آپ برت شروع کر دیں گے اور اس روز تک جاری رکھیں گے جب تک کہ گرو وایور مندر کے دروازے اچھوتوں کے لئے نہ کھول دیئے جائیں۔

گاندھی جی کی رہائی کا کوئی امکان نہیں

سر سپرو کی مایوسی

مدراس ۰۰ دسمبر۔ سر تیج بہادر سپرو نے اخبار "ہندو" کے نام ایک پیغام بھیجا ہے جس میں لکھا ہے کہ ابھی اس بات کا کوئی امکان نہیں ہے کہ گاندھی جی اور دوسرے سیاسی قیدی رہا کر دئے جائیں گے کیونکہ اس معاملہ میں وزیر ہند کی تقریر بہت مایوس کن ہے۔ سر سپرو نے یہ بھی لکھا ہے کہ تیسری گول میز کانفرنس کی اکثر تجاویز سے اختلاف ہے اور سب سے اہم اختلاف گورنر جنرل کے اختیارات پر ہے جس کا میں نے ایک یادداشت کے ذریعہ باضابطہ طور پر اظہار بھی کر دیا ہے۔

پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کے ہندوستانی نمائندے

کلکتہ ۰۰ دسمبر۔ پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کے ساتھ کام کرنے کے لئے جن ہندوستانیوں کو شامل کیا جائیگا ان میں سر عبدالرحیم سہروردی سر ہری سنگھ گوڑ سر ذوالفقار علی خاں سر عبدالرحیم کرنل گڈنی مسٹر غزنوی مسٹر شاہ کو کمیٹی کے نام لئے جا رہے ہیں سر سپرو و مسٹر جیکر بھی شریک ہوں گے۔

گاندھی جی کی رہائی کی خبر غلط ہے؟

نئی دہلی ۳۰ دسمبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کو معتبر طور پر معلوم ہوا ہے کہ آج لندن سے جو خبر وائسرائے کے استعفیٰ اور گاندھی جی کی رہائی کے متعلق شائع ہوئی ہے وہ محض ایک اختراع ہے جس کی کوئی حقیقت نہیں۔ حکومت کی پالیسی میں ہنوز کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی ہے۔

چاٹگام میں ایک انقلاب پسند کی گرفتاری

چاٹگام ۲۸ دسمبر۔ اطلاع ملی ہے کہ پولیس نے کو میرا کے سٹیشن پر ایک نوجوان کو گرفتار کیا ہے جو انقلاب پسند بتایا جاتا ہے اس کے پاس سے ہتھیار اور چند ممنوعہ دستاویزات برآمد ہوئے۔ گرفتار شدہ شخص کا نام بھبت نندی ولد جوگیندر نندی ہے۔

ایک ضروری تصحیح

جب سے اخبار الجمعیۃ مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار کی ملکیت میں آیا ہے اس وقت سے اس کا جمعیۃ علماء ہند سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ گزشتہ الجمعیۃ کی پیشانی پر جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان غلطی سے چھپ گیا وہ پرانے چربہ سے اس نقرہ کو سہواً حک نہیں کیا گیا تا ظرین کرام تصحیح فرمالیں۔

برما کونسل کے فیصلہ پر مبارکباد

رنگون ۲۰ دسمبر۔ پنڈت مدن موہن مالویہ نے مسٹر چیت ہلینگ صدر جماعت مخالفین علیحدگی برما کو ایک تار ارسال کیا ہے جس میں آپنے برما کونسل کے فیصلہ کو بہترین فیصلہ بتایا ہے اور مبارکباد دی ہے کہ کونسل کے انتخابات کے نتائج ملک کے بہترین معاون ہیں۔

سہارنپور میں جلسہ اور جلوس

شراب پر پکٹنگ و گرفتاریاں

ہنسراج کی اپیل خارج

دیگر الزامات کے مقدمات کی سماعت

اتحاد کانفرنس کا جہاز بنگال کی چٹان سے پاش پاش ہو جائیگا

بنگال ہندو کانفرنس نے مزید گفت و شنید سے انکار کر دیا

مولانا ابو الکلام آزاد کے مکان پر مسلم ارکان کا اجتماع

کلکتہ ۳۰ دسمبر۔ آج شب کو بنگال ہندو کانفرنس کی سب کمیٹی کا اجلاس شروع ہوا جس میں بنگال کے مسئلہ پر غور کیا گیا۔ آج کا اجلاس جس نتیجہ پر پہونچا وہ سخت مایوس کن ہے۔ اس جلسہ کے شرکاء میں سے ایک ہندو نے اخباری نمائندہ سے ملاقات کے دوران میں کہا کہ اگر پنڈت مالویہ نے اپنے شخصی اثر و رسوخ کو کام میں لا کر پوری جدوجہد نہ کی تو الہ آباد کی اتحاد کانفرنس کا جہاز بنگال کی چٹان سے پاش پاش ہو جائے گا۔ اس اجتماع میں بنگال کے تمام ہندوؤں نے دو گھنٹہ تک گرما گرم بحث کی جس میں فیصلہ کیا گیا کہ صاحب صدر کو اختیار دیدیا جائے کہ وہ پنڈت مدن موہن مالویہ کو اس امر کی اطلاع کر دیں کہ موجودہ وقت میں بنگال کے مسئلہ پر مزید گفت و شنید بے سود اور لا حاصل ہے۔ جلسہ میں بعض لوگوں کی طرف سے اپیل کی گئی کہ ملتوی شدہ تجاویز کو زیر بحث لایا جائے لیکن اکثریت نے فیصلہ کر دیا کہ جن تجاویز پر کافی غور ہو چکا ہے ان پر دوبارہ گفتگو کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

آج شام کو اتحاد کمیٹی کے مسلم ارکان کا ایک اجتماع مولانا ابو الکلام آزاد کے دولت کدہ پر ہوا۔ توقع ہے کہ کل بوقت دوپہر اتحاد کمیٹی کے ارکان اور بنگال ہندو کانفرنس کے ممبروں کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوگا۔

اتحاد کانفرنس میں بنگال کے مسئلہ پر بحث

بنگالی ہندوؤں کی ضد ہر لحظہ کانفرنس کے ٹوٹ جانے کا خطرہ

اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی کا اجلاس ملتوی

کلکتہ ۲۹ دسمبر۔ اتحاد کانفرنس الہ آباد کی سب کمیٹی کے ارکان نے بنگال ہندو کانفرنس کے نمائندوں سے آج شب کو برلا پارک میں ملاقات کی اور وہ دو تجویزیں جو کل بنگال ہندو کانفرنس میں منظور ہوئی تھیں پڑھ کر سنائی گئیں۔ اتحاد کمیٹی کے ارکان کا خیال ہے کہ ان تجاویز کی منظوری کے بعد مزید گفت و شنید بیکار ہے۔ لیکن ایک دوسری تجویز کو پیش نظر رکھتے ہوئے جس میں ایک کمیٹی کا تقرر کیا گیا ہے جو تمام مسائل کا حل تجویز کرے۔ سب کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا کہ بنگال ہندو کانفرنس کی کمیٹی آپس ہی میں صلاح و مشورہ کرے اور بنگال کے مسئلہ کو حل کرنے کی کوئی ترکیب نکالے۔ اس مسئلہ پر بحث کرنے کیلئے بنگال کانفرنس کی کمیٹی کا اجلاس کل منعقد ہوگا۔ اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی ۳۱ دسمبر کے لئے ملتوی ہو گئی۔

مسٹر عبدالکریم اور مسٹر فضل الرحمٰن ممبر کونسل اور عیسائیوں کے نمائندے اس بحث میں شریک تھے۔ آسام کے دو نمائندے آسام کے متعلق امور پر بحث کرنے کے لئے آ گئے ہیں۔ مقامی سکھوں کے کچھ نمائندے سکھوں کے لئے ایک نشست کی تخصیص کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

بنگال ہندو کانفرنس کا فرقہ پرستانہ فیصلہ

مسلمانوں کو پوری نیابت نہیں ملیں گی؟

اتحاد کانفرنس کے خلاف احتجاج

اہم مسائل پر مندرجہ بالا ریزولیوشن کو مدنظر رکھتے ہوئی بحث و تمحیص میں حصہ لے گی۔

اس مضمون پر بحث جاری کرنے کے لئے تحریک التوا پیش کی گئی جس کی پنڈت مدن موہن مالویہ نے بھی حمایت کی لیکن یہ نامنظور ہو گئی۔ کمیٹی کے ممبران میں مسٹر رامانند چٹرجی مسٹر ٹی سی چٹرجی مسٹر جے سی گپتا مسٹر بی این ٹیگور مسٹر این آر سرکار وغیرہ اصحاب شامل ہیں۔

کلکتہ ۲۸ دسمبر۔ کئی اضلاع ہندو سبھاؤں نے ایک ریزولیوشن پاس کیا ہے جس میں بنگال کے مسلمانوں کو مزید نشستیں دینے کی مخالفت کی گئی ہے اور اتحاد سب کمیٹی کے فیصلہ کے خلاف احتجاج کیا ہے۔

کلکتہ مسلم کانفرنس کا اجلاس غیر آئینی ہے

صدر آل انڈیا خلافت کمیٹی کی تقریر

سر اقبال کی سریلی آواز!

"اتحاد کانفرنس کی مخالفت کرو"

کلکتہ ۲۸ دسمبر۔ بنام نہاد مسلم کانفرنس کے اراکین کو سر آغا خاں کی طرف سے مندرجہ ذیل بحری تار موصول ہوا ہے۔

"گول میز کانفرنس کے مسلم نمائندوں اور اپنی طرف سے میں سندھ کے ذکر اور ان کے صوبہ کی بمبئی سے غیر مشروط علیحدگی پر مبارکباد دیتا ہوں۔"

ایک اور ذیل کا تار جو سر محمد اقبال کی طرف سے موصول ہوا ہے:۔

"تم کو الہ آباد کانفرنس کی مسلمانوں میں افتراق پیدا کرنے کے لئے شاطرانہ چالوں کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنی چاہئے یہ ہماری تاریخ میں نازک ترین مرحلہ ہے اور مسلمانوں کی مذہبی اور اخلاقی طاقت خطرے میں ہے۔"

مسلم کانفرنس اور کانپوری جمعیۃ کی پر زور مذمت

ضلع الہ آباد کے علماء کا اجتماع

الہ آباد ضلع الہ آباد کے علماء کا ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز منظور ہوئیں:۔

(۱) جمعیۃ اسلام الہ آباد کا یہ جلسہ ان غیر ذمہ دار لوگوں کی پر زور مذمت کرتا ہے جو کہ ارکان جمعیۃ العلماء کانپور کے خلاف کلکتہ میں جلسہ کر کے مسلمانوں میں اختلاف پیدا کرنے اور علماء کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

(۲) یہ جلسہ مسلم لیگ مسلم کانفرنس و جمعیۃ العلماء کے اعیان کی پر زور مذمت کرتا ہے جو مسلمانوں کی متفقہ تجاویز کے خلاف آواز بلند کرنے کی ناپاک کوشش کر رہے ہیں اور ان اجلاس کو قوم و ملک کے لئے نقصان دہ تصور کرتا ہے۔ (نامہ نگار)

مسلم کانفرنس سے اظہار بیزاری

لکھنؤ کانفرنس پر آسامی مسلمانوں کا اعتماد

کلکتہ ۲۸ دسمبر۔ مسٹر ایم طیب اللہ ممبر آل پارٹیز اتحاد کانفرنس اور جنرل سکریٹری آسام مسلم ایسوسی ایشن نے جو کل یہاں تشریف لائے تھے ایک بیان کے دوران میں بتلایا کہ آسام مسلم ایسوسی ایشن جو آسام کی واحد سیاسی انجمن ہے نام نہاد آل انڈیا مسلم کانفرنس سے جس کا اس وقت کلکتہ میں اجلاس ہو رہا ہے کوئی تعلق نہیں رکھتی بلکہ آل پارٹیز مسلم کانفرنس لکھنؤ ہی صحیح معنوں میں مسلم انڈیا کی نمائندگی کرتی ہے۔

اتحاد کانفرنس اور کونسل کے مسلم ارکان

ایک گمراہ کن خبر کی تردید

کلکتہ ۳۰ دسمبر۔ بعض اخبارات میں جو یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ کونسل کے بعض مسلم ارکان نے اتحاد کانفرنس کی دعوت کو نامنظور کر دیا تھا۔ وہ بے بنیاد ہے۔ اتحاد کانفرنس کے حلقہ میں اس کی پر زور تردید کی گئی ہے۔ یہ لوگ کلکتہ سے باہر ہونے کے باعث کانفرنس میں شرکت نہ کر سکے۔ لیکن گذشتہ شب کو انہوں نے شرکت کی۔

اسلام کی توہین کرنے والے کو موت کی سزا

پشاور ۲۸ دسمبر۔ تیراہ اور خیل (افغانستان) کے ایک مسلمان جمعہ دین کی اپنے ایک ساتھی سے تکرار ہو گئی جس کے دوران میں شخص مذکور نے اسلام کو گالی دی۔ اس کی پاداش میں جرگہ قضاء شرعیہ نے اس کو موت کی سزا دی ہے۔

فوجی کپتان پر گولی چلادی گئی

پونہ ۲۸ دسمبر۔ اطلاع ملی ہے کہ کپتان آر۔ ایل مہابین کو کل کی فوج کے ایک سپاہی نے گولی سے زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا۔ کپتان مذکور کی حالت نازک ہے اور وہ ہسپتال میں پڑے ہوئے ہیں۔

مرکزی ٹیلیگراف آفس میں چوری

مدراس ۲۸ دسمبر۔ اطلاع ملی ہے کہ پرسوں سنٹرل ٹیلیگراف آفس میں واردات سرقہ ہو گئی۔ دفتر کے ۲۰ تالے ٹوٹ گئے۔ کلرکوں اور چپراسیوں کی وردیاں گم ہو گئیں۔ ہنوز کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی ہے۔

وزیر ہند کے نام سر سپرو کا آخری مکتوب

صوبجاتی خود مختاری اور وفاقی حکومت

وائسرائے کے خصوصی اختیارات کی مخالفت

گول میز کانفرنس صابون کا بلبلہ ہے

مارننگ پوسٹ اور دیگر اخبارات کا تبصرہ

لندن ۲۸ دسمبر۔ ٹائمز۔ ڈیلی ٹیلیگراف۔ نیوز کرانیکل۔ گول میز کانفرنس کے فیصلوں کو خوش آئند کہتے ہیں۔ مارننگ پوسٹ نکتہ چینی کرتے ہوئے لکھتا ہے۔ سر سیموئیل ہور سمجھوتہ کے قریب پہنچنے کا جو تجربہ کر رہے ہیں وہ ایک غیر حقیقی ماحول میں صابون کے بلبلوں سے زائد ثابت نہیں ہوگا۔ کچھ نہیں کہہ سکتا کہ یہ بلبلے ہوا کے جھونکے کو برداشت کر سکیں گے۔ ایسا نظر آتا ہے کہ برطانوی وفد نے سوائے فوجی کنٹرول کے سب کچھ دے ڈالا ہے۔

ٹائمز لکھتا ہے کہ کانفرنس کا رجحان کام ختم کرنے اور سمجھوتہ کرنے کی طرف رہا ہے اس نے ہندوستانیوں کی سیاست کا سکہ بٹھا دیا ہے۔ دستور بنانے کے لئے جس سواد کی ضرورت ہے وہ بہم پہنچ گیا ہے اور اگلے سال کا ریکارڈ امید ہے کو پورا کرنے والا ثابت ہوگا۔ توقع کرنی چاہئے کہ بہت سے ہندوستانی ممبر جائنٹ سلیکٹ کمیٹی کے بحث و مباحثہ میں حصہ لینے کے لئے واپس آئیں گے۔

ڈیلی ٹیلیگراف لکھتا ہے کہ یہ ثابت ہو گیا ہے کہ برطانوی پالیسی کا مقصد یہ ہے کہ ہندوستان کو خود مختار حکومت ترقی ایسے تحفظات کے ماتحت ہونی چاہئے کہ تباہی چلا نہ ہو۔ اگر ہندوستانی تحفظات کے ماتحت دستور اساسی پر عمل شروع کریں تو ان کی مرضی۔

ڈیلی ہیرالڈ۔ ڈیلی میل اور ڈیلی ایکسپریس نے کوئی رائے زنی نہیں کی۔

نواب صاحب چھتاری کی میعاد میں توسیع

کلکتہ ۲۸ دسمبر۔ ملک معظم نے آنریبل کپتان نواب سر محمد احمد سعید خاں چھتاری کی میعاد میں یکم مئی ۱۹۳۳ء تک کے لئے مزید توسیع کر دی۔ نواب صاحب گورنر یو۔ پی کی کونسل کے رکن اور ہوم ممبر ہیں۔

دو مفرور سازشی گرفتار

کانپور ۲۸ دسمبر۔ پنڈت اونکار ناتھ بچاری اور شری رام گپتا جو کہ کانپور ڈیرہ دون کے مقدمہ سازش میں مفرور تھے آج گرفتار کر لئے گئے۔

خواجہ کمال الدین صاحب کا انتقال

لندن ۲۸ دسمبر۔ خواجہ کمال الدین امام شاہجہاں مسجد ووکنگ (انگلستان) کا ۶۲ سال کی عمر میں انتقال ہو گیا۔

مسلمانوں کو مرکز میں ۳۳ فی صدی نشستیں

وزیر ہند کا فیصلہ

مسولینی نے اپنے حریف اور کو رہا کر دیا

شاہ ایران کے جواہرات کی فروخت

سفیر ایران کی طرف سے زور تردید

کے باعث تخت طاؤس کے دو بیش قیمت جواہر فروخت کرنے والے ہیں جن کی قیمت کا اندازہ ۲۰ لاکھ پونڈ لگایا گیا ہے۔ اس کے متعلق سفیر ایران مقیم ہند اطلاع دیتے ہیں کہ خبر بے بنیاد اور غلط ہے اور طہران میں اس قسم کی کوئی خبر شائع نہیں ہوئی ہے۔

گاندھی جی نے اپنا برت ملتوی کر دیا

برت کے التوا کے اسباب

پونہ ۲۹ دسمبر۔ گاندھی جی نے اپنا برت غیر معینہ عرصہ کے لئے ملتوی کر دیا ہے۔ یہ ہے وہ اعلان جو راج گوپال اچاری نے یروڈا جیل سے نکلتے ہی کیا۔ اس بات کا اعلان کہ گاندھی جی نے برت کن وجوہ کی بنا پر ملتوی کیا ہے کل کیا جائے گا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ دو خاص وجوہ کی بنا پر گاندھی جی نے برت ملتوی کیا ہے۔ اول مندروں میں اچھوتوں کے داخلے کے سلسلے میں مسٹر سبارائن کے بل کو پیش کئے جانے کے لئے اجازت کے متعلق حکومت کے فیصلہ کو انہوں نے تسلیم کر لیا۔ دوم یہ کہ مندر گرو وایور کے داخلے کے سلسلے میں رائے شماری نے یہ واضح کر دیا کہ اکثریت داخلے کے حق میں ہے۔ ان حالات میں گاندھی جی نے خیال کیا کہ اس مرحلہ پر برت کرنا مناسب نہیں ہے۔

انگلستان کی زبردست شکست

راجگوپال آچاریہ کا اظہار خیال

پٹنہ ۳۰ دسمبر۔ گول میز کانفرنس کے نتائج پر ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ سے ملاقات کے دوران میں رائے زنی کرتے ہوئے مسٹر راج گوپال آچاریہ نے کہا کہ گول میز کانفرنس کے خاتمہ پر ہندوستان کو جو پیشکش کی گئی ہے اگر وہ سر تیج بہادر سپرو، مسٹر جیکر اور سر پرشوتم داس ٹھاکر داس کے قومی خود داری کے معیار تک نہیں پہنچی تو بھلا کانگریس کے نزدیک اس کا کہاں ٹھکانا ہوگا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے گویا انگلستان کو اب اس مسئلہ کا ہندوستان کے لئے اطمینان بخش حل نکالنے کی کوئی امید نہیں رہی۔ مجھے تو یہی معلوم ہو رہا ہے گویا یہ سب کارروائی اب تنزل کی طرف مائل ہے۔ میں امید کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ کانگریس اس ملک کو ایسے سانحہ سے بچا لے گی۔

سب اخراجات کے کفیل ہو کر تبلیغ شریعت کا جذبہ دل میں رکھتے ہیں
حبیب الرحمٰن دیوبندی ہیڈ اور نیشنل منیجر
خالصہ مڈل سکول مردان

جامعہ رحمانی مونگیر (بہار)

کے لئے ایک ایسے حافظ اور عالم کی ضرورت ہے جو فن تجوید سے اچھی طرح واقفیت رکھتا ہو۔ اور تقریر بھی کرسکتا ہو۔ تنخواہ مناسب دی جائے گی۔ خط و کتابت اس پتہ پر کی جائے۔
ناظم جامعہ رحمانی مونگیر

علماء کے دستخط کرنے کے لئے گئے چنانچہ آج ۱۶ دسمبر ۳۲ء کو آپ ضلع پشاور کا دورہ ختم فرما کر چند یوم کے لئے بام خیل واپس ہوئے۔ چند یوم آرام فرما کر آپ صوبہ سرحد کا دورہ فرمائیں گے۔ امید ہے کہ دیگر اضلاع کے علماء آپ کا استقبال فرما کر اپنی زندہ دلی کا ثبوت دیں گے۔ آپ نے ضلع پشاور کے علماء کرام کی جمعیتوں کو اکٹھا کر کے تبادلہ خیالات فرما کر باقاعدہ مطالبات پر دستخط لئے ہیں۔ چنانچہ جمعیۃ علماء افغانی۔ جمعیۃ علماء میرو جمعیۃ علماء احناف۔ جمعیۃ علماء نوشہرہ قابل ذکر جمعیتیں ہیں۔ ان حریت اور نومبر دسمبر کی سردی میں سفر کی محنت کشی کو دیکھ کر ہر شخص اقرار کرے گا کہ یہ جناب مولانا محمد یوسف صاحب کی پکی دینداری ہے۔ جو اتنی تکلیف گذار کر مذہبی کام میں سرگرداں ہیں۔ خدا بام خیل کو ممتد حیات دے۔ کہ باوجود مستقل مسلم فنڈ نہ ہونے کے

علماء سرحد کی بیداری

کی کس مپرسی ہماری اختلافات اور جزویات کے تنازعات کا ثمرہ ہے۔ چنانچہ مورخہ ۲۶ نومبر ۳۲ء سے جناب باچا صاحب بام خیل تحصیل صوابی اور احمد خان صاحب مقام رشیدہ کے فدائیانہ مساعی سے جناب مولانا محمد یوسف صاحب صوبہ سرحد کے دورہ کرنے نکلے اور ساتھ چند مطالبات

سی پی میں زبان اردو کی حمایت

بہادر حافظ ولایت اللہ صاحب ایم۔ ایل۔ اے جناب عبدالمجید صاحب آزاد چھندواڑہ مولانا محمد سمیع اللہ صاحب فاضل دیوبند مہتمم و صدر مدرس مدرسہ قاسم العلوم دارسا ضلع چاندہ استاذ الشعراء مولانا حامد صاحب بسمٹر محمد شریف ایم۔ ایل۔ سی قابل ذکر ہیں صدر جلسہ نواب

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

حب نعمت (رجسٹرڈ)

جریان سرعت، کثرت احتلام، ضعف باہ وغیرہ کی بے نظیر دوا ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے اور قوت مردمی کو بحال کرتی ہے یہ گولیاں ہزارہا مریضوں پر تجربہ کی جا چکی ہیں اور لاکھوں انسان ان کی شہرت سے واقف ہیں
فہرست ادویہ مفت طلب کیجئے
منیجر دواخانہ لقمانی (رجسٹرڈ) بازار حبلی قبر دہلی

مقویات سرتاج عالم

آتنک نگرہ گولیاں قبض اور بدہضمی دھون اور منی کی خرابی دکھی جریان احتلام سرعت انزال رقت منی وغیرہ کی شکایتیں دور کر کے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہیں ضرور تجربہ کریں قیمت فی ڈبیہ ۳۲ گولیاں صرف عمر پانچ
صحت و تندرستی کی نعمت "کام شاستر" بالکل مفت طلب فرمائیں
ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

اس گانٹھ سے غریبوں کی عید ہو گی
۲۵ رمضان المبارک تک یہ گانٹھیں بغیر کسی منافع کے روانہ کریں گے
بیس پونڈ کاٹن کٹ پیس کی گانٹھ مبلغ پچیس ۲۵ روپیہ میں

اس گانٹھ میں ظفر۔ وائل۔ پاپلین۔ چھینٹ موٹا چھینٹ باریک۔ لٹھہ ڈوریہ وغیرہ کے علاوہ بھی چند قسم کاٹ پیس ہوں گے جن سے تمام کار آمد جن سے زنانہ مردانہ خورد و کلاں کپڑے آسانی سے تیار ہو سکتے ہیں قیمت بیس پونڈ گانٹھ مبلغ۔ اسی ۲ روپیہ۔ پیکنگ وغیرہ علاوہ آرڈر کے ہمراہ ½ قیمت پیشگی آنی ضروری ہے کل قیمت پیشگی آنے پر پیکنگ وغیرہ معاف۔
نوٹ ضروری۔ چونکہ یہ گانٹھیں بلا کسی منافع کے روانہ کریں گے اس لئے ہر شخص اس نادر موقع سے فائدہ اٹھا سکتا ہے خواہ منگوا کر فروخت کرے خواہ اپنی خانگی ضرورت میں لا دیں۔ اگر ثواب عظیم چاہتے ہوں تو منگوا کر غریبوں میں بلا منافع فروخت کریں تاکہ ہمارے غریب بھائی کو اس سے فائدہ ہو۔
منیجر دی فٹ کوٹ کمپنی کٹ پیس مرچنٹ رنچھوڑ لائن کراچی

دنیا میں سب سے بہتر ماء اللحم صرف ہمدرد دواخانہ دہلی کا
عرق ماء اللحم (رجسٹرڈ) بہ نسخہ خاص دو آتشہ

جس کے عجیب و غریب خواص کا تجربہ اسکے قدردان بیسیوں سال سے برابر کر رہے ہیں لیکن مسلسل سائنٹفک نقطہ نظر سے غور اور تجربہ کے بعد اب ماء اللحم کو اس قابل بنا دیا گیا ہے کہ ہم اسکو بلا مبالغہ دنیا کی بہترین مقوی دوا کہہ سکتے ہیں۔ یہ ماء اللحم دل و دماغ کو تقویت بخشتا ہے۔ قوت باہ کیلئے نہایت بھروسہ کی چیز ہے بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو نوجوان بنانا اس کا معمولی کرشمہ ہے۔ غذا ہضم کرنے کیلئے بھی عجیب و غریب چیز ہے چہرہ کا نکھار جوانی کی گئی ہوئی قوتیں واپس لانا اسی کا کام ہے جن صاحبان نے ہمارے سریع الاثر اور نفیس ماء اللحم کا آج تک تجربہ نہیں کیا ہے وہ ضرور ایک مرتبہ ہمارا ماء اللحم استعمال کریں۔ ان کو تجربہ سے خود معلوم ہو جائیگا کہ ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کا ماء اللحم کیا درجہ رکھتا ہے ہر وہ چیز قابل ستائش ہے جو آپ کے تجربہ میں صحیح ثابت ہو۔
مفصل خواص و ہدایات و ترکیب استعمال کا رسالہ مفت دواخانہ ہمدرد دہلی سے حاصل کیجئے
یاد رکھئے۔ اصلی ماء اللحم آپ کو ہمدرد دواخانہ دہلی سے ہی مل سکتا ہے کیونکہ اس کو موجودہ سائنٹفک اصول کے ماتحت بنانے اور بہترین رکھ رکھاؤ کے انتظامات جو ہمدرد دواخانہ دہلی میں ہیں وہ اور کہیں نہیں ہیں۔
قیمت فی بوتل پانچ روپے علاوہ محصول قیمت نمونہ کی شیشی ۱۲ علاوہ محصول
(تار کا پتہ: ہمدرد دہلی) منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی ٹیلیفون ۲۲۸

تفسیر حقانی اردو مکمل آٹھ جلدیں

یہ تفسیر مجید مقبول اور ایسی مشہور کہ بارہا چھپ چکی ہے مصنفہ علامہ مولوی عبدالحق صاحب دہلوی قیمت جلد اول ...

عقائد الاسلام اردو

یہ کتاب اسلامی عقائد کا آئینہ ہے۔ جملہ مذاہب کی تحقیق ہے۔ اسلام کی برتری اور خوبیوں میں بہترین کتاب ہے۔ مصنفہ مولانا عبدالحق صاحب مفسر حقانی۔ قیمت ایک روپیہ (عہ)

البیان فی علوم القرآن

اردو۔ انگریزی
دنیا میں ایسا کوئی مذہب پیدا نہیں ہوا کہ اس کتاب میں اس کی بابت بحث نہ کی ہو۔ اسلام کا کوئی مسئلہ ایسا نہیں کہ جس کا ثبوت اس میں نہ ہو۔ طلبا و علما اور اردو دانوں کے لئے مفید ہے۔
قیمت اردو البیان۔ چار روپے (للعہ) انگریزی کی بارہ روپے

مرقع رسول

اس پیارے نام ہی سے ظاہر ہے۔ کہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاک زندگی کے مقدس حالات میں بہترین کتاب ہے۔ قیمت چھ آنے (۶)
نوٹ:۔ دارالعلوم عربیہ کے لئے خاص رعایت ... ہندوستان کے ہر کتب فروش سے مل سکتی ہیں
ملنے کا پتہ:۔ دارالاشاعت تفسیر حقانی۔ بلیماران۔ دہلی

رمضان المبارک کا رعایتی اعلان



ملنے کا پتہ مدنی تصویر واچ کمپنی صدر بازار میرٹھ (یو۔پی)

شیر مادر سی بے ضرر
مگر
جراثیم اور امراض کیلئے سم قاتل
دنیا کی ایک تعجب خیز ایجاد
"امرت دھارا"

ہے۔ نہایت اطمینان اور بھروسہ کے ساتھ تقریباً ہر مرض کے لئے استعمال کیجئے گا یقیناً مرض کی بیخ کنی کرے گی۔ یہ جراثیم کو ہلاک کر کے رگ و ریشہ کو تندرست بناتی ہے تبھی تو اس کا استعمال ہر وقت اور تقریباً ہر مرض کے لئے
سب کو مفید ثابت ہوا ہے
آپ اس کو ہمیشہ اپنے گھروں میں رکھئے۔ اور اس کو ہر نوعیت کی درد۔ چوٹ۔ زخم۔ ڈنگ۔ خون بہنے اور جلنے کی صورت میں نیز نزلہ۔ زکام۔ بدہضمی۔ متلی۔ قے۔ اپھارہ۔ اسہال۔ پیچش وغیرہ متعدد امراض کے لئے یقینی صحت بخش علاج تصور کریں۔
قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنہ نصف شیشی ایک روپیہ چار آنہ۔ نمونہ کی شیشی ۸ر
اسے لگائیے خواہ کھائیے
یہ آپ کے وقت پریشانی اور روپیہ کو نوے ۹۰ فیصدی بچائے گی!
ترکیب استعمال کی کتاب شیشی کیساتھ ملتی ہے۔ ...
خط و کتابت و تار کا پتہ:۔ امرت دھارا ۴۵ لاہور
المشتہر
منیجر امرت دھارا آؤشدھالیہ امرت دھارا بھون امرت دھارا روڈ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

گول میز کانفرنس اور مسلم مندوبین

... قطعاً نہ دستاں کے دوران میں مذہبی حمیت و غیرت اور دینی و ملی جوش کا کامل فقدان ہے۔ اگر وہ صحیح معنوں میں مسلمانوں کے نمائندے ہوتے اور وہ حکومت کے ہاتھوں کو مضبوط بنانے میں ... تو انہیں ایسے موقع پر کانفرنس سے واک آؤٹ ...

مدرسہ اسلامیہ عربیہ امروہہ کی مالی حالت

بعض اخبارات کی مذموم روش

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے



ملنے کا پتہ ایس۔ ایم۔ عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس۔ بازار چاندنی چوک نمبر ۴۲ شہر دہلی۔ تار کا رجسٹرڈ پتہ "واچ" دہلی۔ قائم شدہ ۱۹۰۵ء

دوا وہ درد بول اٹھے کہ تاثیر اس کو کہتے ہیں
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اس کو کہتے ہیں
اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جس کا گھر میں ہر شخص کے پاس سفر و حضر میں رہنا ضروری ہے۔ کیونکہ اکسیر حیات سر سے پیر تک کی اکثر بیماریوں کا علاج ہے اندرونی بیماریوں میں ... ہر مرض ... بڑے بڑے حکیموں ڈاکٹروں اور ماہرین نے اکسیر حیات کو ... درد وغیرہ امراض معدہ اور ملیریا بخار ... سل دق دمہ کھانسی ... عورتوں کے زنانہ امراض ... پھوڑا پھنسی ... زخم اور کان کے درد ... بواسیر ... وغیرہ پر آزمایا اور بہت مفید پایا ہے گویا ایک شیشی میں پورا دواخانہ بند ہے۔ بس کم از کم ایک بار آپ بھی ضرور آزما کر قدرت کا تماشہ دیکھئے مفصل پرچہ ترکیب استعمال دوا کے ساتھ جاتا ہے۔
قیمت نمونہ والی شیشی خورد فی عدد ۱۰ر فی درجن ... منجھولی شیشی فی عدد ... شیشی کلاں فی ... علاوہ محصول ڈاک وغیرہ
شرط:۔ فائدہ نہ ہونے کی صورت میں حلفیہ بیان آنے پر قیمت واپس کردی جائے گی۔
ملنے کا پتہ
مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب
پھلواری شریف ضلع پٹنہ

آسمانی خبریں

... مولانا مظفر حسین منجم و عامل محلہ مقابوپورہ مراد آباد

طبی دنیا میں ہلچل
سفید بال جڑ سے کالا

... بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سری دور بھنگہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایجاد کردہ روغن کرامات تمام دنیا میں پہنچتی ہے ہزار ہا ڈاکٹر اور انگریز بھی اس کی قدر کرتے ہیں۔
بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات
کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی
نپٹ بہرا پن
سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے
قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)
جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لا کر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں اسکار نگلوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے:۔
کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

کتب خانہ اعزازیہ دیوبند
کی ترقی اور حیرت انگیز کامیابی کا راز

... اسی کتب خانہ سے کتابیں منگوا لیتے ہیں ... اردو عربی فارسی درسی و غیر درسی کتابیں اور مشاہیر علماء کی تصانیف ... قرآن شریف اور مطبوعات مصر و بیروت و استنبول ... ہر وقت موجود رہتی ہیں ...

شرح نقایہ جلد اول ... قیمت ...

السہم المصیب ... حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند ... قیمت ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

قصائد الحبیب فخر الہند حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند ... قیمت ایک روپیہ (عہ)

پتہ:۔ (مولوی) سید احمد ناظم کتب خانہ اعزازیہ دیوبند ضلع سہارنپور

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ
جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت ہے اور علم و ادب اور مذہب کے جذبات کو مشاکر... صحیح علم و ادب اور مذہب کے جذبات سے آشنا کرنا اور فرق باطلہ کا تنقید و تجلیہ کی ... قیمت سالانہ ... نمونہ کا پرچہ ... ٹکٹ آنے پر روانہ کیا جاتا ہے۔ پتہ:
منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)
کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر ... حکیموں نے اس کے حق میں سرٹیفکیٹ دیئے ہیں بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں، مرد، عورت، بچے، بوڑھے ہر موسم میں کھاسکتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔
ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا)
بندر روڈ کراچی
Castophen Mafg Co., (India)
P. Box 88. Bunder Road, Karachi.

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرآبادین مفید عام
طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرآبادین کی شدید ضرورت تھی جس کی جاری تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔
قرآبادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔
منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

وسیلۂ نجات
حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جن میں اعمال بد کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلاکر اعمال بد سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب میں ۸۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ... دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بناء پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ... اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کرتے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں ابتک تیار نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا
دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔
ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمہ والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا جو صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ... ہر ایک بزرگ کا ترجمہ علیحدہ سطر میں لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر ... [illegible] ... ناظرین الجمعیۃ کے لئے ... فی جلد ... [illegible]

غریبوں کا قرآن مجید معرا ... [illegible] ... نہایت صاف اور روشن ... [illegible] ... ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ)، بلاجلد مجلد بارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ) مجلد چرمی نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اور اس کا ٹائیٹل ست رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہوجاتا ہے ہدیہ قسم اعلےٰ سفید کاغذ حنا شدہ بلاجلد ... قسم دوم حنا شدہ بلاجلد ... علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸ر اور چمڑے کی جلد کا عہ ہدیہ کے علاوہ۔
ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ
یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں ... [illegible] ... مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے ... [illegible] ... ضروری ہے۔ حجم ... صفحات قیمت صرف ۱۲ر علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام
مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب
اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر
ا ر	ا ر	۲ر	۴ر

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵ر علاوہ محصولڈاک۔
علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶ر
ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۱۰ر
ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

ضمیمہ الجمعیۃ دہلی — یکم جنوری ۱۹۳۳ء

ازدفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

مسائل ہذا کو پڑھنے کے بعد مسجد میں چسپاں کرکے تبلیغی فرض ادا کیجئے

مسائل رمضان المبارک

رمضان المبارک کا مہینہ اسلامی برکات میں سے ایک عظیم الشان برکت کا مہینہ ہے۔ اس مبارک مہینہ میں حق جل مجدہ کی خاص رحمتوں کا بندوں پر نزول ہوتا ہے۔ بہت خوش قسمت ہیں وہ مسلمان جو اس مہینہ سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہوئے اور جنہوں نے اس مقدس مہمان کی میزبانی کا حق ادا کر دیا۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ رمضان کی چاندرات کو دوزخ کے دروازے بند کردئے جاتے ہیں اور جنت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں۔

خدا کی طرف سے اعلان کیا جاتا ہے یَا بَاغِیَ الْخَیْرِ اَقْبِلْ وَیَا بَاغِیَ الشَّرِّ اَقْصِرْ اے بھلائی کے طالب تیرے لئے بہترین موقعہ ہے۔ اگر کچھ حاصل کرسکتا ہے تو کرلے اور اے برائی کے طالب اس مہینے کا احترام کر اور کم از کم اس مہینے بھر تو اپنی برائیوں سے باز آ۔

ایک حدیث قدسی میں ارشاد ہوتا ہے کہ ہر نیکی کا ثواب دس سے لیکر سات سو گنے تک ہوجاتا ہے۔ بندے کے اخلاص کی قدر اس کے ثواب میں زیادہ ہوتی رہتی ہے۔ لیکن روزے کو میرے ساتھ ایک خاص تعلق ہے اور اس کا ثواب میں خود ہی بندے کو عنایت کروں گا۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ روزہ عذاب دوزخ سے بچانے کی ایک ڈھال ہے اور فرمایا کہ روزہ دار کے منہ کی بیا خدا کے نزدیک مشک سے زیادہ محبوب و مقبول ہے اور فرمایا کہ روزہ دار سے جو شخص رمضان کے دنوں میں روزہ رکھے اور رات کو عبادت (تراویح وغیرہ) کرے اس کے پہلے گناہ معاف کردئے جاتے ہیں۔ اور فرمایا کہ روزہ دار سے اگر کوئی جاہل لڑنے جھگڑنے لگے تو کہدے کہ بھائی میں تو روزہ سے ہوں یعنی مجھے لڑائی جھگڑے سے معاف رکھو اور فرمایا کہ جس شخص نے بغیر عذر شرعی رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑ دیا تو پھر ساری عمر کے روزے بھی اس کے قائم مقام نہ بن سکیں گے یعنی ثواب وفضیلت میں ایک روزہ کے برابر نہ ہوں گے۔ روزہ دار کے لئے دو موقع خاص طور پر مسرت اور شادمانی کے ہیں۔ ایک جس وقت روزہ افطار کرتا ہے تو اس کو اپنی عبادت کے پورا ہوجانے پر خوشی ہوتی ہے اور ایک جس دن یہ روزہ دار اپنے پروردگار سے ملاقات کرے گا۔ تو اس دن اس کی خوشی اور مسرت کا کوئی ٹھکانا نہ ہوگا۔

روزہ کے ضروری مسائل

مسلمان عاقل، بالغ، مقیم، تندرست پر روزہ فرض ہے۔ بشرطیکہ کوئی شرعی عذر نہ ہو شرعی عذروں کا ذکر آگے آتا ہے۔ روزہ کے لئے نیت کا کرنا ضروری ہے۔

نیت یعنی دل سے روزہ کا قصد کرنا اور زبان سے بصوم غدٍ نویتُ کہنا مستحب ہے۔ اگر نیت روزہ کی نہ کرے اور تمام دن نہ کھائے نہ پئے تو روزہ صحیح نہ ہوگا۔ روزہ کی نیت سحری کھانے کے بعد کرلی لیکن ابھی صبح صادق نہیں ہوئی تو نیت کے بعد بھی صبح صادق سے پہلے کھانا پینا درست ہے۔ رمضان کے ہر روزہ کی نیت ہر روز کرنی چاہئے۔ سحری کھانا نیت کے قائم مقام ہے۔

سحری اور افطار کے مسائل

سحری کھانے کی حدیث شریف میں بہت فضیلت آئی ہے۔ اور اس کو انبیاء علیہم السلام کی سنت فرمایا گیا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سحری کھایا کرو اس میں بہت برکت ہے۔ یہ ضرور نہیں کہ پیٹ بھر کر ہی کھائے۔ بلکہ جس قدر رغبت ہو کھالے۔ ایک دو لقمے کھالینے یا پانی کے ایک دو گھونٹ پی لینے سے بھی سنت ادا ہوجائے گی۔ سحری آخری وقت میں کھانا مستحب ہے بشرطیکہ طلوع صبح صادق سے یقیناً پہلے ختم کردی جائے۔ اگر صبح صادق ہوجانے کا شبہ ہوجائے تو پھر نہ کھائے۔ سحری کھانے کی اجازت صبح صادق سے پہلے پہلے تک ہے۔ کسی ناواقف مؤذن کی اذان سے سحری کھانا ممنوع نہیں ہوجاتا۔

آفتاب غروب ہونے ہی افطار کرنا مستحب ہے دیر نہ کرنی چاہئے۔ ہاں ابر کے روز احتیاطاً تھوڑی تاخیر بہتر ہے۔ کھجور سے افطار مستحب ہے۔ کھجور نہ ہو تو پانی افضل ہے۔ اگر کسی اور چیز سے افطار کیا جب بھی مضائقہ نہیں۔ افطار کے وقت یہ دعا پڑھنا بہتر ہے:

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ ذَھَبَ الظَّمَاءُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

بلا اختیار حلق میں مکھی مچھر چلے جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ کان میں پانی چلا جائے۔ یا خود بخود بلا قصد قے ہوجائے یا خواب میں احتلام ہوجائے یا قے خود بخود آکر حلق میں لوٹ جائے۔ یا آنکھ میں دوا ڈالی جائے۔ ان باتوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ روزہ میں مسواک کرنا خوشبو سونگھنا، سرمہ لگانا، سر میں تیل ڈالنا جائز ہے۔

روزہ نہ رکھنے کے عذر

اگر مرض پیدا ہونے یا مرض بڑھ جانے کا اندیشہ ہو۔ دودھ پلانے والی کو اپنی یا اپنے بچے کی جان کا خوف ہو۔ یا عورت حاملہ ہو اور روزہ سے نقصان کا خوف ہو یا مسافر ہو۔ یا عورت کو حیض و نفاس آتا ہو یا اس قدر کمزوری ہو کہ روزہ رکھنے کی برداشت نہ ہو۔ یا جہاد میں ہو۔ یا شدت بھوک پیاس سے جان کا خوف ہو ان تمام حالتوں میں جائز ہے کہ روزہ نہ رکھے اور عذر زائل ہونے کی حالت میں قضا کرے۔ سوائے حیض و نفاس کے باقی عذروں کے ہوتے ہوئے روزہ رکھ لے تو ہوجائے گا۔ اور اتنا بوڑھا کہ نہ اسے روزے کی طاقت ہے اور نہ آئندہ امید کہ طاقت ہو اسے جائز ہے کہ روزہ نہ رکھے اور ہر روزے کے بدلے ایک صدقۂ فطر کی مقدار مسکین کو دے۔

نماز تراویح

نماز تراویح رمضان شریف میں مرد اور عورت کے لئے سنت مؤکدہ ہے۔ (درمختار)
نماز تراویح روزہ کے تابع نہیں ہے۔ جو لوگ کسی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکیں ان کو بھی تراویح پڑھنا سنت ہے۔ اگر نہ پڑھیں گے تو ترک سنت کا گناہ ان پر ہوگا۔ مسافر اور مریض جو روزہ نہ رکھتا ہو اور اسی طرح حیض و نفاس والی عورت اگر تراویح کے وقت طاہر ہوجاوے اور اسی طرح وہ کافر جو اسلام لائے ان سب پر تراویح پڑھنا سنت ہے۔ اگرچہ ان لوگوں نے روزہ نہیں رکھا۔ (مراقی الفلاح)

تراویح کا وقت بعد نماز عشاء کے شروع ہوتا ہے۔ اور صبح کی نماز تک رہتا ہے۔ نماز عشاء سے پہلے اگر تراویح پڑھی جائے تو اس کا شمار تراویح میں نہ ہوگا۔ وتر کا بعد تراویح پڑھنا بہتر ہے۔ اگر پہلے پڑھ لے تب بھی درست ہے۔

اعتکاف

رمضان شریف کے اخیر عشرہ میں مسجد میں اعتکاف سنت مؤکدہ ہے۔

عورتوں کو اپنے اپنے گھروں میں اعتکاف کرنا چاہئے بلا ضرورت باہر نہ جائیں۔

اعتکاف میں نفلیں، تسبیحیں، تلاوت قرآن شریف کرنی چاہئے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عبادت کا اہتمام خصوصاً اخیر عشرہ میں زیادہ فرماتے تھے۔ اور اعتکاف بھی اخیر عشرہ میں فرماتے تھے۔

تخصیص کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ لیلۃ القدر غالباً اسی عشرہ میں ہوتی ہے۔ جس کی نسبت قرآن شریف میں وارد ہے کہ وہ ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

صدقۂ فطر

جو مسلمان اتنا مالدار ہو کہ اس پر زکوٰۃ واجب ہو، یا مال زکوٰۃ تو نہ ہو مگر ضروری اسباب سے زائد اتنی قیمت کا مال اس کے پاس ہو جتنی قیمت پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے تو اس پر صدقۂ فطر دینا واجب ہے۔

صدقہ اپنی طرف سے اور باپ پر اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے دینا واجب ہے۔ اگر نابالغ اولاد مالدار ہو تو باپ پر واجب نہیں بلکہ انہیں کے مال سے دے۔ بیوی کی طرف سے اور بیوی پر شوہر کی طرف سے دینا واجب نہیں۔ دیدیں تو استحساناً جائز ہے۔

صدقۂ فطر میں گیہوں یا اس کا آٹا دے تو انگریزی تول احتیاطاً پونے دو سیر دینا چاہئے اور جو یا جو کا آٹا دے تو اس کا دگنا۔ اگر کوئی دوسرا اناج دینا چاہے تو اناج کہ اس کی قیمت پونے دو سیر گیہوں کی برابر ہو۔ جو کی اور گیہوں کی قیمت دیدی جائے تو جائز ہے۔ ایک آدمی کا صدقہ ایک ہی فقیر کو دے یا کئی فقیروں کو دے اختیار ہے۔

صدقۂ فطر کے مستحق وہ ہیں جو زکوٰۃ کے ہیں۔

> ## رمضان المبارک کے برکات
> ### رحمت کی ندائے عام
> یَا بَاغِیَ الْخَیْرِ اَقْبِلْ وَیَا بَاغِیَ الشَّرِّ اَقْصِرْ اے بھلائی طلب کرنے والے آگے بڑھ اور اے برائی کی راہ چلنے والے پیچھے ہٹ۔
>
> اس رحمت کی غیبی بشارت کو ایمان اور اخلاص و یقین کے کانوں نے سنئے والے اگر اس پر عمل کرکے دامن تمنا کو جواہر مقصود سے بھر لیں تو زہے سعادت۔ اور جو اسے نہ سنیں یا سنکر عمل نہ کریں تو وائے حرمان و شقاوت۔
>
> یہ مبارک مہینہ ہی وہ مہینہ ہے جس میں ہر نیکی کا اجر و ثواب سات سو گنے تک بلکہ اس سے بھی زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ جن مومنین مخلصین کے قلوب اس مہینے کے پرکیف ذوق سے آشنا ہیں وہ ہر قسم کے اعمال صالحہ اور خیرات و مبرات کیلئے بڑی بے چینی سے اس مہینے کا انتظار کرتے ہیں۔
>
> حضور انور صلعم کے فیض اور کرم پاشیاں اس ماہ مبارک میں نسیم جاں افروز سے بھی زیادہ عام ہوجاتی تھیں۔
>
> جمعیۃ علمائے ہند جو مسلمانوں کی دینی، اقتصادی، سیاسی اور تبلیغی خدمات انجام دے رہی ہے سب سے زیادہ مسلمانوں کی توجہ اور بذل کرم کی مستحق ہے۔ عام صدقات کے علاوہ زکوٰۃ اور صدقۃ الفطر کی رقوم بھی نومسلموں اور غریب بچوں کی ضروریات اور ان کی تعلیمی مصارف میں صرف ہوسکتی ہیں مبلغین، معلمین اور جمعیۃ کے دفتری ملازمین اس دینی و اسلامی ادارہ کو قائم رکھنے کے لئے امدادی قوم کی بھی بیحد ضرورت ہے۔
>
> امید ہے کہ تمام اہل دل جمعیۃ علماء کی مالی اعانت کیلئے دست کرم بڑھائیں گے اور معاونین قدیم اپنی اعانت کی مقدار کو اس مرتبہ خصوصیت سے زیادہ فرمادینگے۔ واجرکم الکبیر عند اللہ۔
>
> (مولانا) حسین احمد۔ (مولانا) ابو المحاسن محمد سجاد۔ (مولانا) لطف اللہ رحمانی۔ (مولانا) عبد الصمد

روزہ کے مستحبات و مکروہات

روزہ میں لغو اور فضول باتوں سے پرہیز کرنا۔ کثرت سے عبادت کرنا۔ شب بیداری کرنا۔ عشرہ اخیرہ کا اعتکاف کرنا۔

روزہ میں یہ چیزیں مکروہ ہیں۔ ان میں سے کسی بات کے کرنے سے روزہ کا ثواب کم ہوجاتا ہے۔ غیبت کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ چغلی کھانا۔ کسی کو برا کہنا۔ گالی دینا۔ بلا ضرورت کسی چیز کو چبا کر تھوک دینا۔ روزہ کی حالت میں بلا ضرورت ناپاک رہنا۔ منہ میں تھوک جمع کرکے نگل جانا۔

روزہ کے فاسد ہونے کا بیان

قصداً کھاپی لینا۔ قصداً منہ بھرکے قے کرنا۔ کان یا ناک میں دوا ڈالنا۔ قصداً جماع کرنا۔ حلق کے راستہ یا حقنہ کے ذریعہ پیٹ میں دوا پہنچانا۔ روزہ یاد ہونے کی حالت میں کلی کرتے ہوئے بلا قصد حلق میں پانی چلا جانا۔ صبح صادق کے بعد رات سمجھ کر سحری کھالینا۔ دن میں یہ سمجھ کر کہ شام ہوگئی افطار کرلینا۔ ان سب چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور قضا واجب ہوتی ہے اور صرف اس صورت میں کہ کوئی غذا یا دوا قصداً کھاپی لے یا قصداً جماع کرے کفارہ بھی واجب ہوتا ہے۔
جن چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور مکروہ بھی نہیں ہوتا ہے۔ بھولے سے کھاپی لینے یا جماع کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

سنن عید الفطر

غسل کرنا حتی المقدور عمدہ کپڑے پہننا۔ خوشبو لگانا۔ کوئی میٹھی چیز کھاکر جانا۔ ایک راستہ سے جانا دوسرے سے واپس آنا۔ پیدل جانا۔ آہستہ تکبیر کہنا۔ تکبیر کے الفاظ یہ ہیں۔ اللہ اکبر۔ اللہ اکبر۔ لا الٰہ الا اللہ۔ واللہ اکبر۔ اللہ اکبر و للہ الحمد۔

نماز عید الفطر

نماز کی نیت یہ ہے۔ نیت کی میں نے دو رکعت نماز عید الفطر واجب کی ساتھ چھ زائد تکبیروں کے پیچھے امام کے اللہ اکبر کہکر ہاتھ باندھ کر ثنا پڑھے۔ پھر تین مرتبہ اللہ اکبر کہتا ہوا کانوں تک ہاتھ اٹھائے۔ ہاں دو مرتبہ ہاتھ چھوڑدے تیسری بار باندھ لے دوسری رکعت میں قرأت کے بعد رکوع سے پہلے تین تکبیریں کہے ہاتھ ہر بار چھوڑدے چوتھی تکبیر کہتا ہوا رکوع کرے۔ نماز کے بعد امام دو خطبے پڑھے اور سب لوگ خاموشی سے سنیں ... [illegible] ... عید کی نماز میں اذان اور تکبیر نہیں ہوتی۔

(مولانا) عبد اللہ۔ ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند دہلی

(آرمی پریس دہلی)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ
دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
بلال احمد زبیری بی۔اے

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

تاریخہا اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ... ۵ ... ۹ ... ۱۳
۱۷ ... ۲۰ ... ۲۴ ... ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ ( )
ایک کالم ( )
نصف کالم ( )
چوتھائی کالم ( )

جلد ۱۷ | دہلی یوم پنجشنبہ ۱۰ رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ جنوری ۱۹۳۳ء | نمبر ۲

معاصرین کے افکار و آراء

کلکتہ (زمیندار)

اگر تھوڑی دیر کے لئے یہ بات فرض کر لی جائے کہ مسلمانان ہند کے صحیح اور اصلی نمائندے وہی بزرگ ہیں جنہیں موجودہ مسلم کانفرنس، موجودہ مسلم لیگ اور موجودہ جمعیۃ علماء کانپور کے ارباب بست و کشاد ہونے کا شرف خصوصی حاصل ہے، تو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان مقدسین نے کلکتہ میں جمع ہو کر اپنی فائدانہ ذمہ داریوں کی خاطر جس ... زیب دینے والی تھی ...

کلکتہ سے بدقسمتی ملت کے ان برخود غلط رہنماؤں کی سرگرمیوں کی جو تفصیل مختلف ذرائع سے موصول ہوئی ہے ...

مسلمان رئیسوں کے دو خبط

مسلم کانفرنس کے خطبے (ہند جدید)

مسلم کانفرنس کے دونوں خطبے چونکہ ایک ہی سفینہ فاتح ... کے ترتیب کئے ہیں، اس لئے یکساں ہیں اور ایک ہی ذہنیت ظاہر کرتے ہیں۔ دونوں کا مشترک خلاصہ حسب ذیل ہے:

۱۔ مسلم کانفرنس ہی مسلمانان ہند کی واحد نمائندہ جماعت ہے، لہٰذا اس کا فیصلہ تمام مسلمانوں کا فیصلہ ہے۔

۲۔ الہ آباد سمجھوتے میں مسلمانوں کے مطالبات اگر منظور بھی کر لئے گئے ہیں تو بھی اس غرض سے کہ مسلمانوں کو حکومت سے لڑنے پر آمادہ کیا جائے۔

۳۔ بنگال میں مسلمانوں کو ... فی صدی نشستیں دینا الہ آباد کانفرنس نے ...

بنگال کی پارلیمنٹ

جمعیۃ العلماء کانپور (حقیقت)

سال کے ایک ماہ میں ذکر الٰہی کی کثرت

تراویح، سحری، اعتکاف اور نفلی روزے

روزہ داروں کے لئے احادیث نبوی کا تحفہ

ذیل میں احادیث نبوی کی رو سے نماز تراویح، سحری، اعتکاف وغیرہ مسائل کے فضائل کا بیان درج کیا جاتا ہے جو ہر مومن کے لئے روحانی کھیتی کو سیراب کرنے والا ایک سلسلہ ہے۔ خدا ہم سب کو نیک عمل کی توفیق دے۔

نماز تراویح

نماز تراویح رمضان شریف میں ہر مرد و عورت کیلئے سنت مؤکدہ ہے۔ (درمختار)

...

سحری

...

نفلی روزے

...

ایک سال آئندہ کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔ (ابن ماجہ)

دسویں تاریخ کو اپنے اہل و عیال پر توسیع رزق کرنے سے تمام سال برکت ہوتی ہے۔ (بیہقی) یعنی محرم کی دسویں۔

شعبان کے مہینے میں حضور کثرت سے روزے رکھا کرتے تھے اور فرماتے تھے لوگ اس مہینے سے غافل ہیں۔ اس مہینے میں بندوں کے اعمال ...

...

اعتکاف

...

ضروری گزارش

...

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۸ رمضان المبارک ۱۳۵۱ ہجری

ہمارے سفر کی آٹھویں منزل

راستہ کی دشواریاں اور مقصد کی کشش

جب کوئی مسافر کسی دشوار گزار راہ میں قدم رکھتا ہے اور ان بے شمار خطرات و مصائب کا علم رکھنے کے باوجود جو اسے آئندہ پیش آنے والے ہیں کسی مقصد کی جستجو میں سرگرم سعی ہوتا ہے تو اس کا دل امیدوں اور آرزوؤں کے ہجوم سے بھرا ہوا نظر آتا ہے اور اسے شاہد مقصد کی نظر فریبی و دلکشی اس قدر خود رفتہ و مدہوش کر دیتی ہے کہ وہ تمام خطرات و اندیشہ ہائے بسیار سے قطع نظر کر کے صرف اسی کو اپنے سامنے رکھتا ہے اور دوسرے تمام تصورات کو یک قلم محو کر دیتا ہے۔ مگر جیسے جیسے سفر کی دشواریاں اور ناقابل برداشت صعوبتیں پیش آتی جاتی ہیں اور اس مسافر کو خیالات و افکار کی دنیا سے نکل کر سعی و عمل کی دنیا میں حقائق سے دو چار ہونا پڑتا ہے ...

حوصلہ فرسا مضامین لکھے گئے، اکابر کی توہین کی گئی، اور یہ سب کچھ اس لئے کیا گیا کہ الجمعیۃ اپنے اس مسلک کو قوم کے سامنے پیش نہ کرے جو حریت و آزادی کا مسلک ہے اور جسے تعلیمات اسلامی کی روشنی میں روز اول ہی سے الجمعیۃ نے اپنے لئے منتخب کر لیا ہے۔ تخویف و ترہیب کے جتنے طریقے بھی نشر و اشاعت کے موجودہ دور میں ممکن ہیں ان میں سے کوئی ایک طریقہ بھی مخالفین نے الجمعیۃ کے خلاف اٹھا نہیں رکھا۔ لیکن الجمعیۃ کی مشکلات یہیں ختم نہیں ہوتیں۔ غیروں کی نظر عنایت سے بھی الجمعیۃ محروم نہیں رہا۔ گذشتہ دو سال کی مدت میں الجمعیۃ کے سرپرستوں کو جبراً اس سے جدا کیا گیا ...

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

کلکتہ کی سرکاری کانفرنس

[illegible]

گلابی اردو

(سلسلہ کے لئے)

[illegible]

کلکتہ میں مسلم کانفرنس کی ناکامی کے بعد

ہندوستان کی اسلامی جمعیتوں کا متحدہ جلسہ

مسلمانان کلکتہ کے جوش و خروش کا مظاہرہ

مسلم کانفرنس کے اجلاس کا جو سوانگ چند حضرات نے کلکتہ میں رچایا تھا اور اسے مسلمانان ہند کا نمائندہ جلسہ قرار دے رکھا تھا ... کلکتہ کے بعض نمائندوں نے اعلان شائع کیا تھا کہ اگر تمہیں قوم کی نمائندگی کا دعویٰ ہے تو بند ہال میں پولیس اور فوج کی لاٹھیوں اور بندوقوں کے سایہ میں ... کھلے میدان میں نکلو اور پبلک جلسہ منعقد کرو ... اعلان کرنے کے بعد بھی قرار رہے ... حالانکہ اگر یہ اعلان کردہ جلسہ میں آتے تو پوری حقیقت کھل جاتی ...

[illegible]

جلسہ کی کارروائی

[illegible]

صدارتی خطبہ

[illegible]

قراردادیں

[illegible]

ڈاکٹر سید محمود صاحب

[illegible]

غازی محی الدین صاحب اجمیری

[illegible]

مولانا عنایت اللہ صاحب

[illegible]

فیصلہ

[illegible]

شیخ حسام الدین صاحب

[illegible]

گلابی اردو

ہندو و مسلمانوں کا دوسالی اتفاق

[illegible]

دار الحکومت

سال نو کے خطابات کی گل پاشی

بہت سے لوگوں کی امیدیں بر آئیں

نئی دہلی یکم جنوری۔ سال نو کے خطابات کی فہرست شائع ہوگئی اور ان لوگوں کی تشنگی دل بجھی جو ہر سال سے ٹکٹکی لگائے ہوئے قصر بکنگھم کی طرف دیکھ رہے تھے۔ سال نو کے تڑکے ساتھ بہت سے لوگ مایوسی اور ترحم و ندامت کے دریا میں غرق ہوگئے اور ان کی جبینیں پست ہوگئیں کیونکہ خدمات جلیلہ کے باوجود وہ خطابات سے محروم ہوگئے اور فہرست میں اس کا نام گرامی شائع نہ ہوسکا۔ دہلی میں جن جن حضرات اور عقیدت مندان خاص کو ملک معظم نے خطابات سے سرفراز کیا ان کی فہرست ذیل میں درج ہے:۔

مولوی عبد الرحمن صاحب جو دہلی یونیورسٹی میں عربی اور فارسی کے پروفیسر ہیں ان کو شمس العلماء کا خطاب ملا ہے۔

دہلی میں چیچک کی وبا

میونسپلٹی کی طرف سے ٹیکہ کا ناکافی انتظام

تانگہ اور بھینس کے ٹیکس کی منسوخی

گھاس اور بھوسہ پر ٹیکس لگادیا جائے

دہلی میں بم پھٹ گیا

حملہ آور صراف کی تھیلی چھین کر بھاگ گئے

دفتر جمعیۃ علماء ہند میں نماز تراویح

ریاست الور میں میو قوم کے خلاف افواج کی نقل و حرکت

حکومت ہند ریاست کی حمایت میں آرڈیننس نافذ کر دیگی

میواتیوں نے بغاوت کردی؟ مہاراجہ کی دہلی میں آمد

الور ۲ر جنوری۔ کل یہاں ایک خونریز لڑائی ہوئی۔ ۔۔۔ ریاست کے حکام کا بیان ہے کہ یہ صاف طور پر میو قوم نے بغاوت کردی ہے۔ ۔۔۔

الور ۲ر جنوری۔ مہاراجہ الور اپنے وزیر جنگ کی معیت میں آج دہلی روانہ ہوگئے۔ آپ حکومت کے ارباب بست و کشاد سے ملاقات کریں گے۔ ۔۔۔

الور کے ہندوؤں پر حملہ

مسلمانوں کو دو مسجدیں واپس دیدی گئیں

نامہ نگار اسٹیٹسمین کا بیان

کہا جاتا ہے کہ نظامت گن گڑھ رام گڑھ اور تجارہ کے میواتیوں نے پہرہ لگا دیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یکم جنوری کو مبارک پور کی مسجد مسلمانوں کے حوالہ کردی گئی۔ ۔۔۔ راجہ الور نے گزشتہ دربار کے موقعہ پر مسلمانوں کو دیدی۔

ہندوستان کے تمام صوبوں میں سیاسی قیدیوں کی تعداد

گزشتہ نومبر تک کے اعداد و شمار

قیدیوں کی تعداد میں روز بروز کمی

حال میں سیاسی قیدیوں کے جو اعداد و شمار شائع ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ قیدیوں کی تعداد روز بروز کم ہوتی جارہی ہے۔ معمولی قوانین اور آرڈیننس کے تحت جن لوگوں کو سزائیں ہوئی ہیں ان کے صوبہ وار اعداد و شمار حسب ذیل ہیں۔ گزشتہ سال کے اختتام تک مندرجہ ذیل صوبوں کے سیاسی قیدیوں کی تفصیل یہ ہے:۔

صوبہ	مرد	عورتیں
مدراس	۱۳۵۵	۱۳۷
بمبئی	۴۴۳۷	۲۲۴
بنگال	۲۳۰۳	۱۳۹
صوبجات متحدہ	[illegible]	[illegible]
بہار اڑیسہ	۲۲۳۳	۵۲
پنجاب	۵۱۸	۲۳
صوبجات متوسط	۵۲۲	۲
آسام	۴۴۳	۱۱
صوبہ سرحد	۱۹۶۶	۱
دہلی	۱۴۹	۱۴
کورگ	۹۶	۰
اجمیر مارواڑ	۶۱	۳
	۱۷۵۳۶	۷۱۷

میزان کل ۱۸۲۵۳

نومبر ۳۳ء کے اختتام تک سیاسی قیدیوں کی تعداد مندرجہ ذیل رہی:۔

صوبہ	مرد	عورتیں
مدراس	۱۲۹۸	۱۱۷
بمبئی	۴۱۵۶	۲۲۰
بنگال	۲۱۶۶	۱۳۴
صوبجات متحدہ	۳۳۴۶	۱۲۷
بہار اڑیسہ	۲۱۶۴	۴۲
پنجاب	۴۴۱	۱۹
صوبجات متوسط	۴۰۷	۱
آسام	۳۷۷	۷
صوبہ سرحد	۱۹۴۶	۱
دہلی	۱۴۱	۱۳
کورگ	۵۹	۰
اجمیر مارواڑ	۵۷	۳
	۱۶۷۶۱	۶۸۴

میزان کل ۱۷۴۴۵

لکھنؤ میں خواتین کانفرنس کی تجاویز

برتھ کنٹرول کی تعلیم۔ طلاق کا مطالبہ

لکھنؤ یکم جنوری۔ کل آل انڈیا خواتین کانفرنس کا اجلاس پھر منعقد ہوا جس میں چند تجاویز منظور ہوئیں۔ ۔۔۔

عراق اور افغانستان میں معاہدہ

دونوں ملکوں میں خوشگوار تعلقات

کانگریسیوں سے جرمانہ کی وصولی

قرق امین کی تگ و دو

دہلی یکم جنوری۔ کل قرق امین صدر دہلی نے ڈاکٹر سکھدیو سابق ڈکٹیٹر صوبہ دہلی کانگریس کمیٹی سے ملاقات کی تاکہ ان سے ۲۰۰ روپے جرمانہ وصول کرے۔ ۔۔۔

ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علمائے ہند کا مقدمہ

دہلی یکم جنوری۔ آج حضرت مولانا محمد عبد اللہ صاحب ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علمائے ہند اور مولانا عبید اللہ صاحب و مولانا فضل الرحمن صاحب کارکنان جمعیۃ علمائے ہند کا مقدمہ ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں مجسٹریٹ کے روبرو پیش ہوا۔ ۔۔۔ مقدمہ کو ۱۲ر جنوری کے لئے ملتوی کردیا گیا۔

مدیر الجمعیۃ کی مراجعت

دہلی ۳ر جنوری۔ کل جناب بلال احمد صاحب زبیری ایڈیٹر الجمعیۃ الہ آباد اور کلکتہ کے اجتماعات سے فارغ ہوکر بخیریت تمام دہلی واپس تشریف لے آئے ہیں۔

گورنر پنجاب کا آئندہ قائم مقام

کپتان سکندر حیات خاں کے تقرر کی افواہ

اعلیٰ ذاتوں کی خدمت کرکے نجات حاصل کرو

اچھوتوں کے خلاف شنکر آچاریہ کا جذبہ

حامیان اردو کے لئے تازیانہ

ہندی کی ترویج کیلئے زبردست پروگرام

گاندھی جی کی رہائی کی دوبارہ خبر

اخبار ڈیلی ہیرالڈ کا یقین

گاندھی جی کی طرف سے تردید

کانگریس کے لئے اشتراک عمل

وزیر ہند کا دعویٰ

گاندھی جی کی طرف سے تردید

سال نو کس کے حق میں بہتر ہوگا؟

ہندوستان میں برطانوی مال کی بیش از بیش کھپت

نصف شب کو آزادی کا ریزولیوشن

کانگریسی جشن۔ دس افراد گرفتار

کلکتہ سے پنڈت مالویہ کی روانگی میں یکا یک التوا

اتحاد کانفرنس کی تجاویز پر مزید گفت و شنید کا امکان

بنگال کا مسئلہ طے ہوجائے گا؟

کلکتہ ۲ر جنوری۔ پنڈت مدن موہن مالویہ نے اپنی روانگی کے لئے ریلوے سیٹ ریزرو کرالی تھی اور اپنا سامان بھی ۔۔۔ ایک رن کے لئے اپنی روانگی ملتوی کرتے ہیں۔

اگرچہ پنڈت جی کو اپنی روانگی کے التوا کی وجہ تو ابھی معلوم نہیں ہے مگر انہوں نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ سے دوران ملاقات میں فرمایا کہ میرے بعض دوستوں نے مجھے مشورہ دیا ہے کہ میں اپنی روانگی ملتوی کردوں تاکہ اتحاد کانفرنس کی تجاویز پر مزید گفت و شنید کی جائے۔ ۔۔۔

اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی کا اجلاس ۴ر فروری تک کیلئے ملتوی ہوگیا

بنگال ہندو کانفرنس کی کمیٹی اب تک کوئی فیصلہ نہیں کرسکی

روانگی کے وقت شیخ عبد المجید صاحب سندھی کا بیان

کلکتہ یکم جنوری۔ کل برلا پارک میں اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی کا اجلاس شروع ہوا جس میں شیخ عبد المجید صاحب سندھی کے علاوہ اتحاد کانفرنس کے تمام ممبر بنگال ہندو کانفرنس کے ارکان ۔۔۔ نے شرکت کی۔ ۔۔۔ رمضان المبارک کے باعث اس کا اجلاس ۴ر فروری کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔ ۔۔۔

کولمبس سے پہلے عربوں کے امریکہ سے تعلقات تھے

انگلستان تک عرب مسلمانوں کے جہاز چلتے تھے

ڈاکٹر خالد شیلڈرک کا بصیرت افروز لکچر

سکندر آباد ۲۸ر دسمبر۔ مشہور انگریز نو مسلم ڈاکٹر خالد شیلڈرک نے جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ کہا جاتا ہے کہ کولمبس نے امریکہ کو دریافت کیا تھا مگر واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ اس کی پیدائش سے بہت پہلے عرب تاجروں کی امریکہ میں آمد و رفت تھی۔ ۔۔۔

انگلستان اور عرب

امریکہ کی وجہ تسمیہ

ایک زمیندار کے گھر پر ڈاکہ!

ڈاکو ۵ ہزار روپیہ لے گئے!

دربار الور کا التوا

داشتہ عورتیں رکھنے والوں پر ٹیکس

ریاست ریوا کا نیا قانون

کیا سگریٹ پینے والوں پر ٹیکس لگایا جائیگا؟

صوبجاتی حکومتوں سے مشورہ

مندروں میں اچھوتوں کا داخلہ

سناتنیوں کے جلسہ میں گڑبڑ مچ گئی

یورپ میں وزیر مالیات مصر کا دورہ

مصری روئی کی کھپت کے لئے نئی منڈیوں کی تلاش

پنجاب میں آرڈیننس ایکٹ کا نفاذ

نصف شب میں کانگریس بلیٹنوں کی تقسیم

ہسپانوی حکومت کا تختہ الٹنے کی کوشش

اسلحہ خانہ کا انکشاف

بارسیلونا ۱۳۰ر دسمبر۔ ایک اتفاق تھا کہ سیلونا دہشت انگیزوں کی ایک زبردست سازش سے بچ گیا۔ ۔۔۔

جرمنی میں سال نو کی تباہ کاریاں

قتل۔ آتشزدگی اور خودکشی کے واقعات

سوویٹ روس کی پنجسالہ اسکیم کی کامیابی

پارچہ بافی اور شکر سازی کیلئے دوسری اسکیم

اپنے بچے اور دو خاوندوں کو قتل کرنیوالی عورت

عدالت سے پھانسی کی سزا

یوگوسلیویا سے اطالوی باشندوں کا اخراج

امریکہ میں بغاوت

۲۵ اشخاص ہلاک

نیو یارک ۱۳۰ر دسمبر۔ نیو یارک ٹائمز کا بیان ہے کہ ۔۔۔ میں فوج اور باغیوں کا تصادم ہوگیا جس میں ۲۲ باغی مارے گئے۔ تین سپاہی بھی ہلاک ہوئے۔

جزائر فلپائن کو آزادی دیدی جائیگی

ایک سال میں آئرلینڈ کو ۲۰ کروڑ پونڈ کا خسارہ

جرمنی کے جدید جنگی جہازات

افریقہ میں زبردست زلزلہ

ہندوستان میں قہوہ کے کارخانے

ہندو جاتی پریس آرڈیننس کا شکار

سناتن دھرمی لیڈروں کا فیصلہ

مدراس جیل میں سیاسی اسیروں کا مقاطعہ جوع

اسلام اور گاندھی جی
قوانین اسلام کی عالمگیر مقبولیت

الحمدللہ عالم سے آج تک اسلام اپنے نہ مٹنے والے قوانین کے ساتھ ساتھ روئے زمین کے کسی نہ کسی حصہ پر موجود رہا ہے۔ آج سے چودہ سو برس قبل تاجدار عرب خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں تشریف لا کر اس دین الٰہی کو بالکل ہی ابد تک کیلئے مکمل فرما دیا۔ نیز اعلان عام فرما دیا کہ دنیا میں صرف مذہب اسلام ہی ضروریات انسانی کا صحیح متکفل ہو سکتا ہے۔ اسلام ہی کے سامنے سرجھکا کر انسان اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ اسلامی قوانین ہی عالمگیر قوانین ہیں۔

عاقل و باخبر نکتہ سنج گاندھی جی نے اس اصول کو سمجھا حتیٰ کہ زبان حال سے کہدیا اور پھر عمل سے بتا دیا کہ جب تک اسلامی قوانین نہ اختیار کئے جائیں گے کسی ضعیف سے ضعیف مقصد میں بھی کامیابی مشکل ہے۔ چنانچہ آپ کو یاد ہوگا کہ اس مدبر انسان نے تحریک آزادی ہند کی ابتدا قانون نمک سے کی تھی۔ جس کا مقصد صرف یہ تھا کہ نمک سازی پر کوئی قید نہ ہونا چاہئے اس پر محصول نہ ہونا چاہئے۔ بعینہ یہی حکم اسلام کا ہے کہ نمک پر محصول نہ لو کیا دوسرے الفاظ میں اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ گاندھی جی نے اسلامی قانون کو جگانے کے لئے جیلخانوں تک کو معمور کر دیا۔

ملت اسلامی سے خطاب
جامعہ ملیہ اسلامیہ کیا ہے؟

جو لوگ زمانہ کی رفتار پر نظر رکھتے ہیں انہیں معلوم ہے کہ ہندوستان ایک عظیم انقلاب کے دور سے گذر رہا ہے۔ ایک طرف مغربی تمدن کی ٹکر سے مشرقی تمدن کی بنیادیں ہل رہی ہیں، دوسری طرف سیاسی، اقتصادی، اور مذہبی آزادی کے جوش سے عمومی زندگی میں ایک طوفان برپا ہے۔

ایسے موقعوں پر وہ قومیں جو پہلے سے تیار ہوتی ہیں زمانہ کے سیلاب کی زبردست قوت کو قابو میں لے آتی ہیں اور اس سے وہ کام لیتی ہیں کہ برسوں میں طے ہونے والی منزلیں مہینوں میں طے ہو جاتی ہیں، مگر وہ قومیں جنہیں یہ سیلاب غفلت میں آلیتا ہے اس کے دھارے میں اس طرح بہہ جاتی ہیں کہ ان کا نشان تک باقی نہیں رہتا۔

متمدن قوموں میں انقلاب کی تیاری علم اور تعلیم کے ذریعہ سے ہوتی ہے، علم کا کام یہاں یہ ہے کہ زندگی کے الجھے ہوئے مسائل کو سلجھائے اور معاشرت کے پیچ در پیچ رستوں میں سیدھی راہ بتائے اور تعلیم کا کام یہ ہے کہ نئی نسلوں کو ذہنی اور اخلاقی تربیت سے اس راہ پر چلنے کے قابل بناوے۔

ہندوستان کے مسلمانوں کو وہ اہم مسائل درپیش ہیں اور پیش آنے والے ہیں جن کے حل کرنے کے لئے بڑی وسیع معلومات بڑے گہرے غور و خوض اور بڑے معقول اصول عمل کی ضرورت ہے زندگی کے ہر شعبہ میں نہیں دو راہہ نظر آتا ہے دین اور دنیا، مشرق اور مغرب، مذہب اور وطن، اشتراکیت اور انفرادیت …

…جو آپ کے خیال میں اس کی زحمت گوارا کریں گے۔

(۵) اگر آپ کے یہاں یہ حلقہ قائم نہ ہو سکتا ہو تو شہر والے حلقہ ہمدردان جامعہ میں شریک ہو جائے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین۔ شیخ الجامعہ

کانپور کی شہید شدہ مساجد

کارروائی جلسہ ورکنگ کمیٹی ینگ مسلم ایسوسی ایشن کانپور منعقدہ ۳۰ دسمبر ۱۹۳۲ء بمقام بنگلہ خاں بہادر جناب حافظ ہدایت حسین صاحب۔ ایم ایل سی منعقد ہوا۔ گول میز کانفرنس کی وجہ عام موجودگی ممبر صدارت جناب واحد حسین صاحب نائب صدر نے فرمائی۔ حسب ذیل ریزولیوشن بالاتفاق آراء سے پاس ہوئے۔

(۱) یہ جلسہ طے کرتا ہے کہ بلدہ کانپور کی موجودہ شہید مساجد میں سے جو مساجد اس وقت مسلمانان کانپور کی غفلت اور لاپروائی سے شکستہ اور ویران پڑی ہیں ان کی جلد سے جلد مرمت کرانے کا انتظام ینگ مسلم ایسوسی ایشن اپنے ہاتھ میں لے لہٰذا ممبران ینگ مسلم ایسوسی ایشن خصوصاً مسلمانان کانپور عموماً مسلمانان ہند سے نہایت پرزور الفاظ میں اسلام کے نام پر درخواست کرتے ہیں کہ اس کار خیر میں ایسوسی ایشن کی نہایت عالی ہمتی سے امداد کریں۔ نیز مسلم نوجوانان ہند سے امید کرتے ہیں کہ وہ ایسوسی ایشن کی دامے، درمے، سخنے، اعانت کر کے اس شعار اسلام کے وقار کو قائم رکھنے ہوئے ممبران ایسوسی ایشن کے معین ہوں گے۔

(۲) یہ جلسہ طے کرتا ہے کہ ۶ جنوری ۱۹۳۳ء بروز جمعہ کانپور میں شہید مساجد ڈے منایا جائے اور فراہمی چندہ کی ہر ممکن کوشش عمل میں لائی جائے۔

…شاہ صاحب سے اسلام اور مسلمانوں کی خدمت لے اور آپ کی ذات سے اسلام کو ترقی حاصل ہو۔ جس طرح شاہ صاحب کے فیوض و برکات سے مدراس اور ویلور کے احباب نے استفادہ کیا ہے، امید ہے کہ علاقہ جات کے مسلمان بھی آپ کے باطنی کمالات سے مستفید ہوں گے۔ (نامہ نگار)

انجمن مسلم خواتین کراچی کا تیسرا سالانہ اجلاس

انجمن مسلم خواتین کراچی کا تیسرا سالانہ اجلاس نہایت شاندار طریق پر بتاریخ ۲۴ دسمبر بروز جمعہ بوقت تین بجے دن کے خالقدینا ہال میں زیر صدارت محترمہ بیگم صاحبہ خان بہادر شیخ محمد ابراہیم صاحب سابق وزیر ریاست خیرپور منعقد ہوا جس میں ہر مسلم قوم خوجہ، بوہرہ، میمن، پنجابی، مارواڑی وغیرہ کی معزز خواتین شریک ہوئیں۔ جلسہ گاہ جھنڈیوں اور جھنڈوں سے سجی ہوئی تھی …

افتتاح جلسہ تلاوت کلام مجید سے ہوئی …

دارالاسلام

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دارالعلوم معینیہ عثمانیہ کی مخلصانہ التماس
ایک بہترین اور اہم مصرف خیر

مسلمانوں کی سب سے بڑی عید اور رمضان المبارک کا با خیر و برکت زمانہ آگیا رحمت الٰہی کے دروازے کھول دئے گئے یہی وہ وقت ہے جب کہ مخیر اور باحیثیت حضرات حسب فرمان شریعت اپنے اموال طیبہ کا چالیسواں حصہ خیرات و صدقات میں صرف فرما کر فریضہ زکوٰۃ ادا فرمائیں گے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو ایسے خیر و برکت کے وقت آستانہ حضرت خواجہ سلطان الہند خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے دارالعلوم معینیہ عثمانیہ کے ان طلبہ کو کہ جو غریب الوطن اور نادار و مفلس ہونے کی وجہ سے زکوٰۃ و صدقات کے سب سے زیادہ مستحق ہیں فراموش نہ فرمائیں گے۔

دارالعلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ معلیٰ اجمیر شریف آستانہ عالیہ کا سب سے بڑا اور مخصوص اسلامی اور تبلیغی دارالعلوم ہے کہ جو درحقیقت حضرت خواجہ غریب …

میونسپل بورڈ کے اینگلو ورنیکلر سکولوں میں عربی، فارسی پڑھانے کا کام ایسے حضرات کے سپرد ہے جو اس کے اہل نہیں اور نہ ان کے پاس اس تعلیم کے ملنے کوئی باقاعدہ سند موجود ہے وہ صرف ایس۔ وی یا جے۔ وی ہیں اور محض پانچ چھ روپے کے معمولی نفع کے لئے اس خدمت کو زبردستی اپنے سر لئے ہوئے ہیں …

دہلی میونسپلٹی سے ایک عاجزانہ درخواست
عربی اور فارسی کے معلمین سے بے انصافی

ہمدردان اسلام سے اپیل

آئندہ زندگی ان کی امید افزا ہو۔

ہادی برحق کی بشارت انا و کافل الیتیم فی الجنۃ ھکذا (ترجمہ میں اور یتیم کے کفیل جنت میں مثل دو انگلیوں کے ساتھ رہوں گا) مدنظر رکھتے ہوئے زکوٰۃ و صدقۃ الفطر وغیرہ سے یتیم بچوں کی امداد فرما کر عنداللہ ماجور و خدام یتیم خانہ کو مشکور فرمائیں۔

محمد شفیع (بیرسٹر) ایم۔ ال۔ سی۔ سکرٹری انجمن اسلامیہ یتیم خانہ ڈاکخانہ لہریا سرائے دربھنگہ (بہار)

ایڈیٹر جہانگیر کا دورہ

محمد احمد خاں صاحب درانی ایڈیٹر رسالہ جہانگیر عنقریب شائع ہونے والے نظام نمبر کے سلسلہ میں ۱۵ دسمبر ۱۹۳۲ء سے ہندوستان کے مشہور مقامات کا دورہ کر رہے ہیں علم و ادب کی ترقی ان کا مطمح نظر ہے۔ ایڈیٹر صاحب موصوف نے پنجاب کا سفر ختم کر لیا ہے اور آجکل محبوب ہوٹل دہلی میں مقیم ہیں … آپ اس سفر میں دہلی کے علاوہ بالخصوص آگرہ، مرادآباد، رامپور، لکھنؤ، کانپور، الہ آباد، کلکتہ، حیدرآباد دکن، تمام ریاست ہائے بمبئی، بھوپال وغیرہ وغیرہ مقامات پر ٹھہریں گے۔ امید ہے کہ جملہ احباب جہانگیر کی اعانت میں سرگرمی سے حصہ لیں گے۔ اور ایڈیٹر صاحب کا پرتپاک خیر مقدم کریں گے۔

یتیموں کی فریاد

بیکار و مددگار اور لاوارث یتامیٰ کی دینی و دنیاوی تربیت کے لئے وہ مدرسہ ہے یتیم خانہ معینیہ سعیدیہ و مدرسہ دارالحرفت حمیدیہ قائم ہے جس میں مذہبی تعلیم کے علاوہ ہر قسم کی مفید زندگی صنعت و حرفت مثلاً درزی، نجاری، دری بافی، ٹین سازی اور خیاطی وغیرہ بھی سکھائی جاتی ہے …

انجام دیتے ہیں اور اس صورت میں کسی قسم کا مالی بارِ یتیم خانہ پر نہیں پڑتا کہ اکثر قومی رہنما علمائے عظام اور وزرائے کرام نے بچوں کی دیدہ زیب اور باہمہ نوازدستکاریوں کو دیکھ کر متعدد سرٹیفکیٹ اور میڈلس بھی عطا فرمائے ہیں روزانہ آمد و خرچ کا حساب باضابطہ رکھا جاتا ہے۔ اور گورنمنٹ سے منظور شدہ ایڈیٹر ڈیلی چیکنگ ریمارک کے ساتھ ذمہ دارانہ حیثیت سے اپنے دستخط ثبت کرتا ہے۔ …

خادم صابری المتہم یتیم خانہ

ہر قسم کی امداد اور ترسیل زر کا پتہ بنام حکیم محمد امیر الدین صاحب انصاری آنریری سکرٹری یتیم خانہ معینیہ سعیدیہ و مدرسہ دارالحرفت حمیدیہ درگاہ معلّی (موتی کٹرہ) محلہ اجمیر شریف۔ ہے۔

مولانا محمد علی مرحوم کیلئے ایصال ثواب

مدرسہ عربیہ گلاوٹھی کا سالانہ امتحان

صوبہ مدراس میں علم و عرفان کی بارش
مولانا شاہ عبدالرحمن صاحب چشتی کی خدمات جلیلہ

بھوپال میں ایک اہم تقریب شادی

گھر بیٹھے وید و حکیم بن جاؤ

… المشتہر۔ منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر۔ یوپی

دونوں مٹھی بادام سے وڑے … ڈاکٹر کی طرف!
ویدیہ شاستری، جام نگر کاٹھیاواڑ

گھر بیٹھے تین روز میں پامسٹری صحیح پیشنگوئی کرنا سیکھ لیجئے
دفتر روشن ضمیر محلہ مقبرہ مراد آباد

شربت اکسیر
… ملنے کا پتہ۔ ایس۔ بی۔ بخشی۔ اسٹاکسٹ، کمپنی نمبر ۳۷ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

جانشین حضرت شیخ الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی و ایڈیٹر صاحب اخبار مدینہ بجنور کی تصدیق

ASIA WATCH Co. … U.P.

اشتہار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

رعایت کا مبارک مہینہ



اسلام اور گاندھی جی

قوانین اسلام کی عالمگیر مقبولیت

ابتدائے عالم سے آج تک اسلام اپنے نہ مٹنے والے قوانین کے ساتھ روئے زمین کے کسی نہ کسی حصہ پر موجود رہا ہے۔ اب سے چودہ سو برس قبل تاجدار عرب خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں تشریف لا کر اس دین الٰہی کو بالکل ہی ابد تک کیلئے مکمل فرما دیا۔ نیز اعلان عام فرما دیا کہ دنیا میں صرف مذہب اسلام ہی ضروریات انسانی کا صحیح متکفل ہو سکتا ہے۔ اسلام ہی کے سامنے سر جھکانے والا اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ اسلامی قوانین ہی عالمگیر قوانین ہیں۔

ملکی و تاریخ شاہد ہے کہ گاندھی جی نے اس قول کو کہہ کر ہی نہیں عملاً کر دکھایا اور پھر عمل سے بتا دیا کہ جب تک اسلامی قوانین نہ اختیار کئے جائیں گے کسی حیثیت سے مقصد میں کامیابی مشکل ہے۔ چنانچہ آپ کو یاد ہوگا کہ اس مدبر انسان نے تحریک آزادی ہند کی ابتداء قانون نمک سے کی تھی۔ جس کا مقصد صرف یہ تھا کہ نمک سازی پر کوئی قید نہ ہونا چاہیئے اس پر محصول نہ ہونا چاہیئے۔ بعینہ یہی حکم اسلام کا ہے کہ نمک پر محصول نہ لو گویا دوسرے الفاظ میں اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ گاندھی جی نے اسلامی قانون کو چلانے کے لئے جیلخانوں تک کو بھر دیا۔

آہ! وہ تاریخ آ ہی گئی جب کہ گاندھی جی نے زبان حال سے نہیں بلکہ اعلان عام کے ذریعہ حکومت اور ملک دونوں کو بتا دیا کہ اگر مساوات اسلامی اور صرف اسلامی قانون کو ہندو قوم نے نہ اختیار کیا اور گورنمنٹ نے قانوناً اس کو ثابت نہ رکھا۔ تو میں مجبور ہو کر مرن برت سے جان دینے کی تیاری شروع کر دونگا۔ ...

ملت اسلامی سے خطاب

جامعہ ملیہ اسلامیہ کیا ہے؟

جو لوگ زمانہ کی رفتار پر نظر رکھتے ہیں انہیں معلوم ہے کہ ہندوستان ایک عظیم انقلاب کے دور سے گذر رہا ہے۔ ایک طرف مغربی تمدن کی ٹکر سے مشرقی تمدن کی بنیادیں ہل رہی ہیں، دوسری طرف سیاسی، اقتصادی، اور مذہبی آزادی کے جوش سے عمومی زندگی میں ایک طوفان برپا ہے۔

ایسے موقعوں پر وہ قومیں جو پہلے سے تیار ہوتی ہیں زمانہ کے سیلاب کی زبردست قوت کو قابو میں لے آتی ہیں اور اس سے وہ کام لیتی ہیں کہ برسوں میں طے ہونے والی منزلیں دنوں میں طے ہو جاتی ہیں، مگر وہ قومیں جنہیں یہ سیلاب غفلت کی نیند لیتا پاتا ہے بہا لے جاتا ہے اور ان کا نشان تک باقی نہیں رہتا۔

متمدن قوموں میں انقلاب کی تیاری علم اور تعلیم کے ذریعہ سے ہوتی ہے، علم کا کام یہاں یہ ہے کہ زندگی کے الجھے ہوئے مسائل کو سلجھائے اور معاشرت ...

(ڈاکٹر ذاکر حسین۔ شیخ الجامعہ)

کانپور کی شہید شدہ مساجد

کارروائی جلسہ ورکنگ کمیٹی ینگ مسلم ایسوسی ایشن کانپور منعقدہ ۲۸ دسمبر ۱۹۳۲ء بمقام بنگلہ خاں بہادر جناب حافظ ہدایت حسین صاحب۔ ایم ایل سی مندوب گول میز کانفرنس ...

(وحید اسلام خاں۔ جوائنٹ سکریٹری ینگ مسلم ایسوسی ایشن کانپور)

انجمن مسلم خواتین کراچی کا تیسرا سالانہ اجلاس

انجمن مسلم خواتین کراچی کا تیسرا سالانہ اجلاس نہایت شاندار طریق پر بتاریخ ۲۴ دسمبر بروز جمعہ ... منعقد ہوا ...

(نامہ نگار)

صوبہ مدراس میں علم و عرفان کی بارش

مولانا شاہ عبدالرحمن صاحب چشتی کی خدمات جلیلہ

بھوپال میں ایک اہم تقریب شادی

ایڈیٹر جہانگیر کا دورہ

محمد احمد خاں صاحب دررانی ایڈیٹر رسالہ جہانگیر عنقریب شائع ہونے والے نظام نمبر کے سلسلہ میں ... ہندوستان کے مشہور مقامات کا دورہ کر رہے ہیں ...

یتیموں کی فریاد

بیکار و مددگار اور لاوارث یتامیٰ کی دینی و دنیاوی تربیت کے لئے عرصہ دراز سے یتیم خانہ معینیہ سعیدیہ و مدرسہ دارالحرفت حمیدیہ قائم ہے جس میں مذہبی تعلیم کے علاوہ ہر قسم کی مفید زندگی صنعت و حرفت مثلاً درزی، بجاری، دری بافی، ٹین سازی اور خیاطی وغیرہ بھی سکھائی جاتی ہے ...

دار الاسلام

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دارالعلوم معینیہ عثمانیہ کی مخلصانہ التماس

ایک بہترین اور اہم مصرف خیر

مسلمانوں کی سب سے بڑی عید اور رمضان المبارک کا باخیر و برکت زمانہ آگیا رحمت الٰہی کے دروازے کھول دئے گئے ہیں وہ وقت ہے جب کہ مخیر اور باحیثیت حضرات حسب فرمان شریعت زکوٰۃ، طیب مال سے ... صدقات و خیرات میں صرف فرما کر فریضہ زکوٰۃ ادا فرمائیں گے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو ایسے خیر و برکت کے وقت آستانہ حضرت خواجہ سلطان الہند خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے دارالعلوم معینیہ عثمانیہ کے اُن طلبہ کو کہ جو غریب الوطن اور نادار و مفلس ہونے کی وجہ سے زکوٰۃ و صدقات کے سب سے زیادہ مستحق ہیں فراموش نہ فرمائیں گے۔

دارالعلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ معلیٰ اجمیر شریف آستانہ عالیہ کا سب سے بڑا اور مخصوص اسلامی اور تبلیغی دارالعلوم ہے کہ جو درحقیقت حضرت خواجہ غریب نوازؒ کی علمی یادگار رہنے کے علاوہ اُن کے فیوض و برکات کا صحیح مظہر بنا ہوا ہے اور جس کی مقبولیت کا اندازہ مسلمانوں کو اس سے ہو سکتا ہے کہ آج اس میں ہندوستان، افغانستان، ترکستان، بلخ، بخارا اور دیگر بلاد اسلامیہ کے طلبہ علوم دین حاصل کرنے میں مصروف ہیں ...

(سید نثار احمد عفی عنہ معتمد مجلس دارالعلوم معینیہ عثمانیہ اجمیر شریف)

دہلی میونسپلٹی سے ایک عاجزانہ درخواست

عربی اور فارسی کے معلمین سے بے انصافی

... لہٰذا نہایت ادب سے گذارش ہے کہ کمیٹی اس طرف خاص توجہ جلد مبذول فرمائے۔ اور ہر مڈل اسکول میں کم سے کم ایک ایک منشی فاضل اور مولوی فاضل فارسی اور عربی کی تعلیم کے لئے پنڈتوں کے گریڈ کے مطابق بہت جلد مقرر کئے جائیں۔

(محمد عاقل دہلوی۔ بی۔ اے)

ہمدردان اسلام سے اپیل

ہر متمدن قوم بلکہ وہ لوگ بھی جن کو مذہبی امور سے دور کا بھی واسطہ نہ تھا اپنے یتیم و لاوارث بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے کافی انتظام رکھتے ہیں۔ اس دور پر فتن میں لاوارثوں و یتیموں کی حفاظت کی ذمہ داری مسلمانوں پر جس قدر ضروری ہے وہ آپ سے مخفی نہیں۔ ...

مولانا محمد علی مرحوم کیلئے ایصال ثواب

مدرسۂ عربیہ ... کا سالانہ امتحان

گھر بیٹھے وید حکیم بنجاؤ

اگر آپ حکیم تلسی پرشاد اگروال موجد بال جیون گھٹی کی بنائی ہوئی نادر و نایاب کتاب مجربات تلسی کا بغور مطالعہ کرینگے تو آپ ... گھر بیٹھے بڑی آسانی کے ساتھ سینکڑوں روپیہ کمانے لگیں گے۔ ...

بال جیون گھٹی

المشتہر۔ منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر۔ یو۔ پی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑئیے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف!

وید شاستری، جام نگر کاٹھیاواڑ

گھر بیٹھے تین روز میں باسانی صحیح پیشنگوئی کرنا سیکھ لیجئے

دفتر روشن ضمیر محلہ مقبرہ مراد آباد

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

شربت اکسیر

جانشین حضرت شیخ الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی اور ایڈیٹر صاحب اخبار مدینہ بجنور کی تصدیق

ملنے کا پتہ حافظ عبدالرزاق اصغر واچ کمپنی میرٹھ (یو۔ پی)

ASGHAR WATCH CO., MEERUT, U.P.

رعایت کا مبارک مہینہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ یک آنہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
سہ روزہ
دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

ایک کالم
۱/۲ کالم
۱/۴ کالم

جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۱۲ر رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ر جنوری ۱۹۳۳ء | نمبر ۳

معاصرین کے افکار و آراء

مساعی اتحاد کا نتیجہ (مدینہ)

الہ آباد کی یونٹی کانفرنس کا انجام خواہ کچھ ہو لیکن اس سے انکار کرنا عقل و بصیرت کا انکار کرنا ہے کہ ان مساعی اتحاد سے سب سے زیادہ مسلمانوں کو فائدہ پہنچا۔ سب سے پہلا فائدہ یہ ہے کہ مسلمانوں کی مختلف جماعتوں میں جو اختلاف کئی برس سے چلا آرہا تھا وہ دور ہو گیا، اور تمام مسلمان جماعتیں قومی اور ملی مطالبات پر متحد اور متفق ہو گئیں...

حکومت کی تازہ عنایات (مہندمدید)

حکومت برطانیہ نے اب مسلمانوں کے صرف دو مطالبوں کے منظور کرنے کا "وعدہ" کیا ہے، یعنی بیطانی ہند کی مرکزی مجلس قانون ساز میں مسلمانوں کو تہائی نشستیں دی جائیں اور سندھ کو الگ صوبہ بنا دیا جائے۔ لیکن غور طلب یہ ہے کہ برطانی حکومت نے یہ "عنایت" کب اور کیوں کی ہے؟...

قضاۃ کا قیام (ملت)

بڑے دن کی ڈالیاں (الہیٰ)

رجعت پسندی کا مظاہرہ (اجل)

غربا اور مساکین سے ہمدردی کرو

مخلوق کی خدمت خدا کو سب سے زیادہ پسند ہے

اسلام میں زکوٰۃ وصدقات کے فضائل

رمضان المبارک کا مہینہ ہے اس میں ایک مسلمان جس قدر بھی نیک اور خیر عمل کرے کم ہے۔ احادیث میں زکوٰۃ اور صدقات کیلئے اس ماہ میں بڑی تاکید آئی ہے اور خود حضور پرنور اس ماہ مبارک میں بہت کثرت سے خیرات کرتے تھے...

زکوٰۃ و صدقات

[illegible]

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروشاں
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۱

کیسٹوفین
بچوں کی صحت
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

گلدستہ قاسمی
احکام رمضان المبارک کے جنتری مع فضائل
ایک کارڈ لکھ کر مفت طلب فرمایئے
(ڈاکٹر) کتب خانہ مطبع قاسمی (دارالعلوم) دیوبند یوپی

حب نعمت (رجسٹرڈ)
منیجر دواخانہ (رجسٹرڈ) بازار چتلی قبر دہلی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ
منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

سفید بال جب کہ کالا!!!
بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس نمبر ... دہلی

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی
تجارت کو فروغ دیجئے
منیجر

رمضان المبارک کا سب سے بہتر اور مقدس تحفہ
علماء، صلحاء، محدثین، مفسرین، نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ
قرآن مجید

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثہ میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت
اس قرآن مجید کے قابلقدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مفتی اعظم صدر علماء حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اسد الاسلام حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب مسیح الملک حافظ حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم حضرت مولانا عبد العلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے مشہور اور مقتدر علماء نے اسے بیحد پسند فرمایا ہے۔ اور نہایت پرزور الفاظ میں مسلمانوں سے اس کے متعلق سفارش کی ہے۔ رمضان المبارک میں ایک مسلمان کے لئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھ کر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہو سکتا خود طلب فرمایئے اپنے عزیزوں کے لئے منگا لیجئے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجئے۔

خصوصیت
صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مختلف الفاظ اور بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ علیحدہ سطور پر لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کمالین تفاسیر بنائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا عاجل ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے صرف مبلغ ... علاوہ محصول ڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپیہ پیشگی آنا چاہئیں۔

صرف رمضان المبارک کیلئے
پانچ قرآن مجید ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی کل رقم پر علاوہ کر دئے جائیں گے۔

رمضان شریف میں
گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کر دینے والا
قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عالی خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے
کہ وہ رمضان شریف کے مقدس مہینہ میں ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اس میں تلاوت کرے اور جنہیں اللہ تعالیٰ نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگا کر غریبوں، طالب علموں، مسجدوں، یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلا کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھر لیں۔
یہ قرآن مجید مع اور بے ترجمہ دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے ترجمہ حضرت حکیم الامۃ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے صدیہ بغیر ترجمہ صرف ایک روپیہ بارہ آنہ علاوہ محصول ڈاک۔ کپڑے کی جلد کے ۱۲ر اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ لیا جائے گا۔
صدیہ مترجم حنا شدہ دو روپیہ علاوہ محصول ڈاک کپڑے کی جلد کے آٹھ آنہ اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ ہوگا۔

شوال تک خاص رعایت
یہ تو آپ خود بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کس قدر کم رکھا گیا ہے لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ رمضان المبارک میں مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہے لہٰذا آخر شوال تک کیلئے ذیل کی رعایتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔
پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ... کمی کر دی جائے گی۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ ہجری

کلکتہ کی ناکامیوں کو چھپانے کی مضطربانہ سعی

پنجاب کے ایک مغربی علامہ "کا اظہار علمیت"

ہندوستان کے عام مسلمان عبداللہ یوسف کو بہت کم جانتے ہیں جنہیں ملک کی عملی سیاسیات میں آئے ہوئے ابھی جمعہ جمعہ آٹھ روز بھی نہیں ہوئے اور جن کو سرکار پرست مسلمانوں کے کیمپ میں قحط الرجال ہونے کے باعث کلکتہ کے رسوائے عالم اور ناکام نامراد اجلاس کا صدر بنانے کے لئے شفیع داؤدی کی نگاہ انتخاب نے منتخب کیا تھا۔

الہ آباد کی اتحاد کانفرنس کے لئے نمائندے منتخب ہونے لگے اور مجلس کی طرف سے حضرت مولانا ابو الکلام آزاد نے فرمایا کہ مولانا شوکت علی صاحب ہی ہر جماعت سے چند افراد کے نام لکھ کر پیش فرما دیں۔ ان کی تجویز سب کے لئے قابل قبول ہوگی۔ جب مولانا شوکت علی مسلم سندھ نے کے نام لکھنے لگے ...

البرٹ ہال کلکتہ کے عظیم الشان جلسہ میں

حضرت مولانا ابو الکلام آزاد کی بصیرت افروز تقریر

"اگر اصول نہیں مل سکتے تو مصلحت اور اتحاد ہی کو حاصل کیا جائے"

(از نامہ نگار خصوصی)

البرٹ ہال کلکتہ کے متحدہ جلسہ میں قرار دادوں کی منظوری کے بعد حضرت مولانا ابو الکلام آزاد نے جو ولولہ انگیز و بصیرت افروز تقریر ارشاد فرمائی وہ اپنی اہمیت کے اعتبار سے مسلمانان کلکتہ کو ہمیشہ یاد رہے گی ہم اس جلسہ کی دوسری تقریریں اشاعت گزشتہ میں شائع کر چکے ہیں حضرت مولانا کی تقریر درج ذیل کی جاتی ہے:۔

"اللہ اکبر" کے فلک شگاف نعروں کے درمیان مولانا نے اپنی تقریر شروع کرتے ہوئے ...

سعی اتحاد

مجھ سے اور مولانا شوکت علی اور شیخ عبد المجید سندھی سے ملاقات ہوئی اور اتحاد کی وہ سعی جس کا نتیجہ آج آپ کے سامنے ہے عمل میں لائی گئی۔

ہندوستان کی تمام جماعتوں کو دعوت دی گئی اور نمائندوں سے اپیل کی گئی ...

...

ہم نے اس وقت بھی یہ کہا تھا اور اب بھی یہی کہتے ہیں اور اب آپ سمجھ سکتے ہیں کہ اس کے علاوہ ہم اور کیا کر سکتے ہیں؟"

حضرت مولانا نے آخر میں منتظمین جلسہ کی محنت و جانفشانی کی تعریف کرتے ہوئے مسلمانان کلکتہ کی تکلیف فرمائی کا شکریہ ادا کیا۔

... کا دور کرنا ضروری تھا۔ تب یہ چیز سامنے آئی کہ اصول نہ ملیں تو مصلحت ہی مل جائے۔ اس وقت باہمی اتحاد ہی سب سے زیادہ ضروری چیز ہے۔

کثیر اجتماع

اختلاف رائے

فرقہ وارانہ فیصلہ کی بربادیاں

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ لڑکے کے ماں باپ نے شادی کرانے کا بندوبست کیا جس گھر میں شادی کا بندوبست کیا گیا۔ وہاں کے سب لوگ راضی ہیں۔ مگر جس لڑکے کی شادی ہے وہ ناراض ہے۔ وہ لڑکا دوسری جگہ پر عاشق ہے۔ اور ایسا عاشق ہے کہ بغیر دیکھے ہوئے نہیں رہ سکتا۔ جس پر وہ لڑکا عاشق ہے وہ بھی اسی حال میں ہے۔ ان دونوں کا حال سب لوگ جانتے ہیں۔ مگر دونوں کے گھر والے (ماں باپ) ناراض ہیں ...

الجواب

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

عراق اور ترکی میں عیسائی مشنریوں کا جال

ایران، فلسطین اور عراق پر کس قدر روپیہ صرف کیا جاتا ہے؟

... تمام عراق کو بھگتنے پڑیں گے۔

میں اب تک مضبوطی سے اسلام پر قائم ہوں

حاجی عبداللہ فلبی کا بیان

حاجی مسٹر عبداللہ فلبی (نو مسلم انگریز) حال میں استانبول تشریف لائے۔ اخبارات کے نمائندوں نے آپ سے ملاقات کی اور مختلف سوالات کے جواب طلب کئے۔ ایک سوال کے جواب میں حاجی فلبی نے کہا کہ میں حکومت سعودیہ کا ملازم نہیں ہوں اور نہ مجھے سرکاری اور غیر سرکاری سیاست سے کوئی تعلق ہے۔ میں صرف ایک تاجر ہوں جس طرح اور اجنبی تاجر حجاز میں مقیم ہیں۔ بے شک تین سال ہوئے کہ میں نے اسلام قبول کیا تھا اور اب بھی اس عقیدہ پر مضبوطی سے قائم ہوں۔ البتہ میری بیوی اب تک عیسائی ہے۔ میں صرف مسلمان ہوں اس کے علاوہ میں اور کچھ نہیں ہوں۔ میں اپنی جنسیت پر قائم ہوں اور عربی جنسیت میں مدغم نہیں ہوا ہوں۔ میں برطانوی ہوں اور اسی لئے میں نے اپنا نام بھی تبدیل نہیں کیا ہے۔ اب میں ملک شام جاؤں گا اور وہاں سے جدہ روانہ ہو جاؤں گا۔ جدہ پہونچنے میں میں نے اس لئے تاخیر کی ہے کہ کہیں جدید شورش کو میری طرف منسوب نہ کر دیا جائے جس طرح پہلے لندن جاتے ہوئے مجھ پر الزام لگا دیا گیا تھا۔

باغیوں کی سرکوبی کے لئے حجازی فوج کی نقل و حرکت

چھ روز کے اندر تمام شورش پسند اطاعت قبول کر لیں

تہامہ اور عسیر کے فتنہ کے استیصال کے لئے حکومت حجاز و نجد نے اپنی افواج قاہرہ روانہ کر دی ہیں اگرچہ یہ فتنہ اب بالکل فرد ہو چکا ہے لیکن سید حسن ادریسی اور اس کے عاقبت نا اندیش رفقا فرار کر گئے ہیں اور اس کوشش میں ہیں کہ وہ حکومت حجاز کی دسترس سے محفوظ رہیں اور معافی مانگنے کی نوبت ہی نہ آئے۔ حکومت نے اپنی فوج کو عسیر اور سراۃ کے راستہ سے صبیا اور جیزان میں اتار دیا ہے اور خالد بن لوی (کمانڈر) کی قیادت میں مقام ابہا میں ایک جرار فوج متعین کر دی ہے۔ مدافعت کے ان طریقوں کے ساتھ حکومت نے تمام قبائل کے نام پیام امن روانہ کر دیا ہے اور خود سید حسن ادریسی کو بھی امان دیدی ہے بشرطیکہ وہ اور اس کے رفقا چھ روز کے اندر اندر اپنی اطاعت کا اعلان کر دیں اگر حسن ادریسی نے اس عرصہ کے اندر امان طلب کر لی تو اس کو معاف کر دیا جائیگا ورنہ پھر منافقوں اور فسادیوں کے قلع قمع کے لئے حجازی فوج مناسب کارروائی کرنے پر مجبور ہوگی۔

ملازمین کے لئے اجنبی عورتوں سے شادی کی ممانعت

مصری حکومت کا جدید قانون

مصری مجلس تقننہ میں وہ قانون نظر ثانی کیلئے پھر پیش ہوا جس کی رو سے حکومت کے ملازمین کیلئے اجنبی اور غیر ملکی عورتوں سے شادی کرنی ممنوع قرار دی گئی ہے۔ نظر و بحث کے بعد آخر قانون پاس کر دیا گیا۔ اس قانون سے ان لوگوں کے لئے بڑا خطرہ ہے جن کے حبالۂ عقد میں اجنبی عورتیں ہیں۔ قانون میں تصریح کر دی گئی ہے کہ اگر کسی شخص کو کسی اجنبی عورت سے شادی کرنا مقصود ہو تو وہ وزیر سے اس کے لئے اجازت طلب کرے۔

مکہ اور جدہ کی سڑک کی اصلاح و مرمت

مکہ مکرمہ اور جدہ کے درمیان والی سڑک چونکہ حجاج کی گزرگاہ ہے اس لئے حکومت نے حجاج کی آسائش کے لئے اس کی فوری اصلاح کا حکم دیا ہے۔ چنانچہ کئی ہفتوں سے مزدور اس سڑک کی درستی کے لئے رات دن کام کر رہے ہیں اور یہ کام اب تک برابر جاری ہے۔ توقع ہے کہ نصف رمضان المبارک تک سڑک کی ...

فرانس اور اسپین میں خفیہ گفت و شنید

مغرب اقصیٰ کے بعض حصص کا تبادلہ

فرانسیسی اور اسپینی حکومت میں آج کل ایک خفیہ گفت و شنید ہو رہی ہے۔ فرانس نے اسپین پر زور ڈالا ہے کہ وہ مغرب اقصیٰ کا دور حصہ اس کے حوالہ کر دے اور اس کے عوض اجنبی مشرقی حصے لے لے۔ اس خفیہ گفت و شنید نے برطانیہ کے کان بھی کھڑے کر دیئے ہیں اور لندن کے ارباب سیاست اس گفتگو کو بڑے غور و تذبذب سے سن رہے ہیں۔

ترکی میں ایک جدید قانون کا نفاذ

حکومت ترکی نے ایک جدید قانون وضع کیا ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ ترکی باشندے اپنے خاندانوں کے نام تجویز کریں تاکہ مردم شماری اور دیگر سیاسی امور کی انجام دہی میں حکومت کو آئندہ سہولت ہو جائے۔ قانون میں اس بات کی تصریح کر دی گئی ہے کہ کوئی خاندان ترکی زبان کے علاوہ کسی اجنبی زبان میں خاندانی نام تجویز نہ کرے۔ حکومت کا ارادہ ہے کہ اس کام کو چھ ماہ کے اندر ختم کر دیا جائے۔

ٹیونس میں عربوں سے جنگ

ٹیونس کے عربوں اور اٹلی کے چند باشندوں کے درمیان سخت ہنگامہ برپا ہو گیا۔ اس جنگ کا باعث یہ ہے کہ ٹیونس کے عربوں نے شہید اعظم عمر مختار کی سالگرہ منائی تھی۔ سالگرہ کے ایک جلسہ میں چند اطالوی باشندے آ کودے اور انہوں نے طرابلس کے مظلوم مسلمانوں کو سخت سست کہا جس پر تمام مجمع مشتعل ہو گیا۔ اور اطالویوں کی خوب مرمت بنائی۔ اتنے میں دیگر اطالوی بھی آ گئے اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ جنگ کرنے پر آمادہ ہو گئے۔ بیس منٹ تک طرفین سے خوب جنگ ہوئی جس کے بعد دس اطالوی ہسپتال پہونچا دئے گئے جن میں سے دو کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ اب تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

نکات و لطائف

مسئلہ قضاۃ

اتحاد کانفرنس

مسئلہ بنگال

مساجد الدلی کی حرمت

گاندھی جی اور سیاسی اسیر رہا نہیں کئے جائینگے

وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل میں دو روزہ بحث

صلح کرانے والوں کے لئے سہولتیں بہم پہونچائی جائیں گی؟

کلکتہ ۷ جنوری۔ فری پریس کے سیاسی نامہ نگار کو معلوم ہوا ہے کہ نئے سال میں وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کا پہلا اجلاس کل صبح منعقد ہوا۔ گاندھی جی اور دوسرے سیاسی اسیروں کی رہائی کے متعلق حکومت کے رویہ پر غور کیا گیا۔

معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعظم اور لارڈ سینکے نے گاندھی جی اور دیگر سیاسی اسیروں کی رہائی کی جو تجویز پیش کی تھی یہ بحث اسی کا شاخسانہ ہے۔

کہا جاتا ہے کہ کل صبح کی تمام بحث اس خط و کتابت کی روشنی میں ہوئی جو گاندھی جی اور حکومت کے درمیان ملک کی سیاسی حالت کے متعلق گاندھی جی کا طرز عمل معلوم کرنے کی غرض سے ہوئی ہے معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی نے اپنے چھٹیوں میں نہایت صاف گوئی سے کام لیا ہے اور یہ رائے ظاہر کی ہے کہ جب تک حکمرانوں کے زاویہ نگاہ میں تبدیلی واقع نہ ہو اس وقت تک رعایا کے ہاتھ میں سب سے زیادہ کارگر ہتھیار تحریک سول نافرمانی ہے۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی نے جو رویہ اختیار کیا ہوا ہے اس کو مد نظر رکھتے ہوئے ایگزیکٹو کونسل ان کو رہا کرنے کیلئے تیار نہیں ہے لیکن یقین کیا جاتا ہے کہ ایگزیکٹو کونسل نے اس امر کی حمایت کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے کہ سر تیج بہادر سپرو، مسٹر جیکر اور گول میز کانفرنس کی کارروائی کے متعلق گاندھی جی سے آزادانہ گفت و شنید کرنے کے لئے سہولتیں بہم پہونچائی جائیں۔

توقع کی جاتی ہے کہ پارلیمنٹ کا قرطاس ابیض شائع ہونے پر اس سلسلہ میں دوسرا اہم مرحلہ بھی حل ہو جائے گا۔ اس وقت گاندھی جی اور دوسرے سرکردہ کانگریسی لیڈروں کو مجوزہ آئین کا مطالعہ کرنے اور اس کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے لئے سہولتیں بہم پہونچانے کی غرض سے مناسب کارروائی کی جائے گی۔

چینی اور جاپانی افواج کی دست بدست جنگ

جاپانیوں کی پسپائی۔ چینیوں کا قتل

برطانوی جنگی جہاز بھی تیار ہیں

ٹوکیو ۲ جنوری۔ دفتر خارجہ اور جاپانی حکام کے درمیان ایک کانفرنس ہو رہی ہے اسی سلسلہ میں شمالی چین کے جاپانی حکام کو ہدایت کی گئی ہیں کہ وہ چانگ ہلانگ کے نمائندوں سے گفتگو کر کے شانہائے کان کے معاملہ کو ختم کر دیں۔ سفیر جاپان مقیم جنیوا کو ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ اس واقعہ کی اطلاع جمعیتہ الاقوام کو کر دیں۔

پیکنگ ۳ جنوری سرکلے امیر البحر نے برطانوی بیڑوں کو چنگ وانگ ٹو پہنچ کر برطانوی مفاد کی حفاظت کا حکم دیدیا ہے۔ شانہائے کان سے چینی افواج واپس آ گئی ہیں اور اسی کے قریب دوبارہ ترتیب میں مصروف ہیں۔ جاپانی مسلح گاڑیاں چنگ وانگ ٹو کے قریب دیدبانی پر نگراں ہیں۔ شانہائے کان میں بالکل سکون ہے اب چین و جاپان کسی طرف سے اعلان جنگ کا اندیشہ نہیں ہے گیارہ جاپانی جنگی جہاز چنگ وانگ ٹو کے قریب موجود ہیں اور توقع ہے کہ ٹینگ ٹاسے اور آ جائیں گے۔

جاپانیوں کی پسپائی

پیکنگ ۴ جنوری۔ شانہائے کان کے سپہ سالار نے جنرل ہمید ہلانگ کو مطلع کیا ہے کہ جاپان کے ہوائی جہاز، ۹ توپیں اور ۵۰۰۰ سپاہ کو چینی فوج نے پسپا کر دیا۔

پانچ سو چینیوں کا قتل

یورپین جماعت سے پنڈت مالویہ کی گفتگو

ناامیدی اور مایوسی کی کوئی وجہ نہیں

مالویہ کا پیغام بنگال کے ہندوؤں کے نام

نمائندوں سے ملاقات کی اور بنگال کے مسئلہ کو مزید ترمیمات کی روشنی میں گفتگو کی اسی کے فوراً بعد انہوں نے بی۔ سی چیٹرجی، جے سی گپتا اور کے ایس رائے کو بلا کر گفتگو کی لیکن ریل کا وقت قریب تھا اسی لئے پنڈت جی ان حضرات کو اپنے ساتھ اسٹیشن لے گئے۔

ایسوشی ایٹڈ پریس کے نمائندے نے پنڈت جی سے سوال کیا کہ آیا اس گفتگو سے صورت حال میں کوئی تبدیلی ہوئی؟ اس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میں نے ایک وفد یورپین مسلم اور ہندو اور مسلمان لیڈروں سے مفصل گفتگو کی ہے اور آئندہ کے لئے میں نے ہدایات کر دی ہیں اس کے علاوہ اس وقت میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔

کانفرنس کے التوا کی اصل وجہ

کلکتہ ۵ جنوری۔ پنڈت مالویہ ایک ہفتہ بنارس میں قیام کریں گے اور اس کے بعد مندر کے داخلہ کے سلسلہ میں مدراس چلے جائیں گے۔ بنارس جاتے ہوئے ہوڑہ اسٹیشن پر پنڈت مدن موہن مالویہ نے فری پریس کے نمائندے کو مندرجہ ذیل پیغام بنگالیوں کے نام دیا۔

"اس سے کام نہیں چلے گا کہ ہم ناامید ہو کر چلا اٹھیں کہ سب کچھ ختم ہو گیا اہم کام یہ ہے کہ الہ آباد کی تجاویز میں جس قدر باقی رہ سکے اس کو بچا جائے تاکہ کانفرنس کی روح تازہ رہے اور حکومت کے فرقہ وارانہ عطیہ کے مقابلہ صرف ایک ہی ذریعہ ہے۔

میں اپنے بنگالی ہندو دوستوں سے خصوصیت سے کہوں گا کہ وہ اپنے مفاد کا فقرہ خیال رکھیں لیکن ساتھ ہی کام انجام دینے کی تدابیر بھی کریں۔"

کشمیر میں اسمبلی کے قیام کا امکان

جموں ۴ جنوری۔ ریاست کشمیر میں دو نئے انگریز حکام مقرر کئے گئے ہیں ریاست کے حلقوں میں باور کیا جاتا ہے کہ اسٹیٹ اسمبلی جلد معرض وجود میں آ جائے گی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر جارڈین کی بجائے مسٹر ایلیٹ ماہ فروری میں عہدہ وزارت پر متعین ہوں گے اور اسمبلی کے قیام میں حکومت کی امداد کریں گے۔

علیحدگی سندھ کی مخالفت

کراچی ۴ جنوری۔ مقامی ہندو سبھا کی جانب سے ۱۵ جنوری کو علیحدگی سندھ کی تمام جائز طریقوں کے ذریعہ مخالفت کرنے کا پروگرام مرتب کیا گیا ہے اس روز سندھ کے سرکردہ ہندوؤں کی ایک کانفرنس منعقد ہو گی جس میں آئندہ لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔

آرڈیننس کی میعاد کے بعد سزا قائم رہ سکتی ہے؟

کلکتہ ہائی کورٹ میں ایک اہم بحث

کلکتہ ۴ جنوری۔ کیا گورنر جنرل کے نافذ کردہ آرڈیننس کی میعاد ختم ہو جانے کے بعد بھی اس آرڈیننس کے ماتحت دی گئی سزا قائم رہ سکتی ہے؟ یہ سوال تھا جو مسٹر جسٹس جینکنز رائے کی درخواست نظر ثانی کی سماعت کے دوران میں جسٹس پینکرج اور مسٹر جسٹس پٹرسن کے سامنے پیش کیا گیا۔ ہائی کورٹ نے دم دم اسپیشل جیل کے سپرنٹنڈنٹ کے نام جس میں کہ جگدیش رائے مقید ہے۔ اس مطلب کا نوٹس جاری کیا ہوا تھا کہ وجہ بیان کرو کہ جس آرڈیننس کے ماتحت درخواست کنندہ کو سزا ہوئی ہے اس کی میعاد ختم ہو جانے کے باعث کیوں نہ اسے رہا کر دیا جائے۔

درخواست کنندہ کے وکیل نے بحث کرتے ہوئے کہا کہ درخواست کنندہ کو آرڈیننس کے ماتحت ایک حکم امتناعی کی خلاف ورزی کے الزام میں ۱۸ ماہ قید کی سزا ہوئی تھی۔ اس آرڈیننس کی میعاد پچھلی جولائی میں ختم ہو گئی تھی اور اس کے بعد درخواست کنندہ کو قید میں رکھنا خلاف قانون ہے سپرنٹنڈنٹ دم دم جیل کی طرف سے ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ چونکہ درخواست کنندہ کے مقدمہ کی سماعت آرڈیننس کی میعاد ختم ہونے سے پیشتر ہی مکمل ہو چکی تھی اس لئے اسے قید میں رکھنا جائز ہے۔ عدالت نے فیصلہ محفوظ رکھا۔

گاندھی جی کو فوراً رہا کیا جائے

ہندوستانی ایوان تجارت کا تار وائسرائے کے نام

بمبئی ۵ جنوری ہندوستانی ایوان تجارت کے صدر نے وائسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری کو ذیل کا تار ارسال کیا ہے:۔

"ہندوستانی ایوان تجارت کی کمیٹی گاندھی جی اور دوسرے سیاسی قیدیوں کی رہائی کے متعلق اپنی پہلی درخواست کا اعادہ کرتی ہے اور وزیر ہند نے جدید آئین کے سلسلہ میں ہندوستان کے تمام طبقوں کی مدد اور تعاون کے لئے جو اپیل کی ہے اس کے پیش نظر یہ نہایت ضروری ہے کہ ملک میں موزوں فضا پیدا کی جائے اگر گورنمنٹ کو حقیقی تعاون کی ضرورت ہے تو گاندھی جی اور دوسرے سیاسی قیدیوں کی رہائی اسی قسم کی فضا پیدا کر سکتی ہے۔ سیاسی قیدیوں کی فوری رہائی ناگزیر ہے۔"

وائسرائے کی دھمکی

اگر گاندھی جی کو رہا کیا گیا تو میں الگ ہو جاؤں گا

کلکتہ ۴ جنوری۔ معاصر "لبرٹی" کا نامہ نگار لندن سے رقمطراز ہے کہ تردید کے باوجود یہ امر واقعہ ہے کہ وزیر ہند نے گاندھی جی کی رہائی کے لئے حکومت ہند کو ہدایات جاری کر دی تھیں لیکن لارڈ ولنگڈن کی حکومت نے ان کو پسند نہ کیا۔

نامہ نگار کو یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ وائسرائے نے یہ دھمکی دی ہے کہ "اگر گاندھی کو رہا کیا گیا تو میں علیحدہ ہو جاؤں گا" حکومت ہند کی یہ خواہش ہے کہ گاندھی جی حکومت کو کچھ وعدہ دیں جب وہ رہا کئے جا سکتے ہیں۔

لبرٹی کا نامہ نگار پارلیمنٹ کا ایک ممبر بتایا جاتا ہے۔

ڈاک کے تھیلوں پر ڈاکہ ڈالنے والا گرفتار

کانپور ۵ جنوری معلوم ہوا ہے کہ پولیس نے چندر بھان نامی ایک مفرور ملزم کو گرفتار کیا ہے جو بادی پور کے اسٹیشن کے قریب ڈاک کے تھیلوں پر ڈاکہ کے مقدمہ میں روپوش تھا۔

کہا جاتا ہے کہ گرفتاری کے وقت اس کے پاس پانچ نالی کا ایک ریوالور تھا جو اس نے زمین پر پھینک دیا اور ایک قینچی میں سے کوئی نامعلوم شخص نکل لی۔ پولیس پر ملزم نے گولیاں بھی چلائیں لیکن کوئی مجروح نہیں ہوا۔

کوئٹہ میں پانی جم گیا

کوئٹہ ۵ جنوری۔ گذشتہ چند روز سے پہاڑوں پر برف باری ہو رہی ہے اس نے ناقابل برداشت سردی پیدا کر دی ہے۔ ٹھنڈی ہوا کے تھپیڑے انسانوں کی موت کا باعث ثابت ہو رہے ہیں۔ گزشتہ شب اکثر مکانوں میں پانی جم گیا ایک جگہ ایک آدمی مردہ پایا گیا۔ یہ شخص برف کے نیچے دب گیا تھا۔ بازاروں میں برف کی وجہ سے آمد و رفت مشکل ہو گئی ہے۔

کانگریس اور جمعیتہ علماء ہند کی نقل و حرکت

پابندیوں کے نفاذ پر دوبارہ غور

دہلی ۵ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ کانگریس نوجوان بھارت سبھا اور جمعیتہ علماء ہند کے کارکنوں کی نقل و حرکت پر جو پابندیاں عائد کی گئی تھیں ان کی میعاد ختم ہو گئی ہے۔ اور حکومت ان کے دوبارہ نفاذ پر غور کر رہی ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ بعض کارکنوں کے خلاف آج شب یا کل نئے نوٹس جاری ہو جائیں گے اور غالباً سیاسی فضا میں تبدیلی کے باعث کارکنوں کو آزاد بھی چھوڑ دیا جائے گا۔

مسٹر چمن لال پالی وال متعلم قانون نوٹس کی میعاد ہونے پر دہلی آ گئے ہیں۔

دہلی کے قریب ڈاکوؤں کا حملہ

گھی۔ کپڑا اور روپیہ چھین لیا

دہلی چہارشنبہ۔ دہلی سے چند میل کے فاصلہ پر رہتک کی سڑک پر ڈاکہ زنی کی ایک واردات ہوئی۔ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ تین مسافر ایک بیل گاڑی میں دہلی کی طرف آ رہے تھے کہ اچانک دس بارہ ڈاکوؤں نے ان پر حملہ کیا ڈاکوؤں نے ان سے تمام مال و اسباب دیدینے کا مطالبہ کیا مسافروں نے مال دینے سے انکار کیا۔ اس پر ڈاکوؤں نے ان کو مارا جس سے ایک شخص سخت زخمی ہو گیا۔ ڈاکو مسافروں کا تمام روپیہ، گھی کا ایک کنستر اور کچھ کپڑے لے کر بھاگ گئے۔ پولیس تحقیقات میں مصروف ہے۔

وائسرائے کی مجلس عاملہ کا اجلاس

آئینی امور اور برما کے مسئلہ پر بحث

نئی دہلی ۵ جنوری۔ وائسرائے کی مجلس عاملہ کا جو خاص اجلاس کلکتہ میں طلب کیا گیا ہے اس میں بعض اہم ترین مسائل پر بحث ہو گی کل مجلس عاملہ کے جملہ ارکان کلکتہ پہونچ گئے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ عام انتظامی امور کے علاوہ ایگزیکٹو کونسل ان آئینی امور پر بھی بحث کرے گی جو گول میز کانفرنس میں زیر بحث آ چکے ہیں۔

برما کونسل نے علیحدگی کے خلاف جو فیصلہ کیا ہے اس پر بھی کابینہ میں غور کیا جائے گا۔

آرڈیننس کے خاتمہ پر سیاسی مقدمات

دہلی کی عدالت میں ایک قانونی بحث

دہلی ۵ جنوری۔ آج جس وقت ڈسٹرکٹ جیل کے دفتر میں مسٹر ایف۔ بی۔ پول ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں ان آٹھ والنٹیروں کا مقدمہ پیش ہوا جن کو ماہ دسمبر میں ایمرجنسی آرڈیننس کے ماتحت گرفتار کیا گیا تھا۔ تو یہ سوال پیدا ہوا کہ چونکہ مذکورہ بالا آرڈیننس کی میعاد ۴ جنوری کو ختم ہو چکی ہے اس لئے اب ان کے خلاف مقدمہ چل سکتا ہے یا نہیں۔

کورٹ انسپکٹر کا بیان تھا کہ اس کے متعلق پنجاب ہائی کورٹ کا ایک رولنگ ہے جس کے ماتحت ان کے خلاف مقدمہ چلایا جا سکتا ہے چونکہ وہ رولنگ اس وقت موجود نہیں تھا اس لئے مقدمات ۱۲ جنوری پر ملتوی کر دئے گئے۔

بند کمرے میں کوئلہ جلانے پر ہلاکت

ستارا ۴ جنوری۔ بند کمرہ میں انگیٹھی جلا کر سو جانے کے ہولناک نتیجہ کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کھوجی نامی ایک غریب مرد اس کی بیوی اور اس کے دو بچے سردی سے بچنے کے لئے انگیٹھی جلا کر سو گئے اور صبح مردہ پائے گئے۔ گیس نے ان کا کام تمام کر دیا۔

گوڑگانوہ میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

گوڑگانوہ ۴ جنوری۔ ریاست الور کے فسادات کے سلسلہ میں گوڑگانوہ میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر دیا گیا ہے تاکہ غیر آئینی جلوسوں اور جلسوں کا سد باب ہو سکے۔

دار الحکومت

دہلی میں یوم گاندھی کا مظاہرہ

متعدد خواتین کی گرفتاریاں

کل چہارشنبہ کو دہلی میں بھی یوم گاندھی پر مظاہرہ کیا گیا جس میں چار عورتیں اور ایک نوجوان کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ شہر میں کہیں کہیں دکانیں بھی بند تھیں گھنٹہ گھر کے پاس کپڑے کا بازار خصوصیت سے بند تھا تقریباً ۱۲ بجے ایک مجمع گھنٹہ گھر کے پاس آ کر جمع ہو گیا۔ پولیس پہلے ہی سے تیار تھی۔ سرائے بہادر مکند لال صاحب اور خاں صاحب عبد الواحد بھی موقع پر موجود تھے بالآخر گھنٹہ گھر کے بعد چار عورتوں کا ایک جلوس کرانیکل کی طرف کانگریسی جھنڈا لئے ہوئے نظر آیا ان عورتوں میں سے ایک کی گود میں شیر خوار بچہ بھی تھا۔ ایک نوجوان لڑکی جو آگے آگے تھی اور اس کے ہاتھ میں جھنڈا دیدیا گیا تھا جونہی گھنٹہ گھر کے پاس پہونچے زنانہ پولیس نے انہیں فوراً گرفتار کر لیا اور ایک لاری میں جو تیار تھی سوار کر دیا ایک نوجوان کانگریس بلیٹن تقسیم کرتا ہوا گرفتار کیا گیا۔

مجمع کو منتشر کرنے کے لئے پولیس کو لاٹھی چارج سے بھی کسی قدر کام لینا پڑا۔

ڈیرہ اسمٰعیل خاں کی جیل میں ہنگامہ

گیارہ قیدی ہلاک اور مجروح

پشاور ۵ جنوری۔ ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں پشاور اور بنوں کے علاقوں کے ... ۲ جنوری کو مرسل ہوئی تھی جس میں ۲۰ قیدیوں کے چوٹیں آئیں لیکن مرا کوئی نہیں تھا۔ پشاوریوں کے زیادہ چوٹیں آئی تھیں اس لئے وہ ... بیٹھے تھے چنانچہ ۳ جنوری کی صبح کو انہوں نے بنوں کے قیدیوں پر ایک حملہ کر دیا اس مرتبہ چھ قیدی ہلاک ہوئے اور ۵ کے شدید چوٹیں آئیں۔ انہیں بہت جلد علیحدہ کر دیا گیا ورنہ مزید جنگ و جدال کا اندیشہ تھا چیف میڈیکل آفیسر بھی پشاور روانہ ہو رہے ہیں۔ فساد کی وجوہ کی بابت تحقیقات کی جا رہی ہے۔

الور میں میو قوم نے کوئی بغاوت نہیں کی

مہاراجہ تخت سے دست بردار ہونے کیلئے تیار ہیں

برطانوی فوج کی تیاری۔ ہوائی جہازوں کا بندوبست

نئی دہلی ۵ جنوری۔ الور سے تازہ ترین آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ مہاراجہ صاحب نے مخدوش علاقوں کے حالات معلوم کرنے کے لئے میوؤں پر اخلاقی دباؤ ڈالنے کی غرض سے دہلی فلائنگ کلب سے دو ہوائی جہاز عاریتاً طلب کئے ہیں مہاراجہ صاحب ان کے لئے ایک ہزار روپیہ روزانہ دینے کو تیار ہیں۔

الور میں مہاراجہ صاحب کے اس بیان کو بڑی اہمیت دی جا رہی ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ میں تخت سے سبکدوش ہونے اور دان پرستھ آشرم اختیار کرنے کے لئے تیار ہوں اور میں سناتن دھرم کی اسی اسپرٹ میں خدمت کروں گا جس میں ایک برہمن جیسے پنڈت مالویہ اور ایک ویشیہ جیسے گاندھی جی سرانجام دے رہے ہیں تاکہ ایک کشتری بھی اپنے دھرم کی خدمت میں ... شہر الور میں یہ عام افواہ پھیلی ہوئی ہے کہ اگر میو براہ راست کارروائی کی بجائے ... تو مہاراجہ صاحب ... پر غور کرنے کو رضامند ہو جائیں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ مسٹر گلینسی جوائنٹ سکرٹری ہوم ڈیپارٹمنٹ ۱۱ اپریل ... کی رخصت پر جانے والے ہیں۔

حکومت ہند کے پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ کا ایک اعلان مظہر ہے کہ دربار الور نے حکومت ہند کو مطلع کیا ہے کہ تجارا میں لوٹ کی خبر غلط ہے اور خارج ... ایک ہی ... جس سے کوئی مجروح نہیں ہوا۔ مخدوش علاقہ جات میں ریاستی فوج کے ... کوئی شخص مجروح نہیں ہوا۔

مہاولی کی مورتی ہٹادی گئی

الور ۴ جنوری۔ ... پناہ گزین برابر الور کی طرف آ رہے ہیں۔ تجارا سے خبر آئی ہے کہ میوؤں نے مہاولی کی مورتی کو مندر سے ہٹا دیا ہے۔ میوؤں کے جلسے ہو رہے ہیں جن میں اکثر بیرونجات کے لوگ تقریریں کر رہے ہیں۔ ہر سوائی سے جو خبریں آئے ہیں ان کا بیان ہے کہ لوٹ مار شب کو رات سے یک شنبہ کی صبح تک جاری رہی اور فوج کے پہنچنے سے پہلے ختم ہو گئی تھی۔

آخری اطلاعات کے مطابق میوؤں نے گوبند گڑھ پر بھی حملہ کر دیا۔ اور اس میں جو چندہ جمع ہوا تھا وہ فیروزپور جھرکہ کو پروپیگنڈا کے لئے بھیج دیا گیا ہے۔

برطانوی افواج تیار ہیں

دہلی ۴ جنوری۔ ہندوستان ٹائمس کے ... معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ دہلی اور گوڑگانوہ کی افواج کو مطلع کر دیا گیا ہے کہ فوری حکم پر الور جانے کے لئے تیار رہیں۔

ایجنٹ گورنر جنرل راجپوتانہ الور میں موجود ہیں اور حالات کا بغور ملاحظہ کر رہے ہیں اور مہاراجہ کو صورت حال پر قابو حاصل کرنے کا مشورہ دے رہے ہیں۔

ریاست کی فوج اور میوؤں کے درمیان تصادم کی خبر مبالغہ آمیز معلوم ہوتی ہے ریاست کی فوج نے باغیوں پر صرف دو دفعہ گولی چلائی تھی تفصیلات کا انتظار ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند اس فساد کو فوراً رفع کرنا چاہتی ہے۔

نوح ۴ جنوری۔ چودھری محمد یٰسین خاں ایم ایل سی، سکرٹری میو پنچایت نوح ضلع گوڑگانوہ نے ہز ایکسیلنسی وائسرائے پولیٹیکل سکرٹری اور گورنر پنجاب کو تار بھیجے ہیں۔ ان میں انہوں نے ریاست الور کے اس طرز عمل کی شکایت کی ہے جو انہوں نے میوؤں کے خلاف روا رکھا ہے اور وہ اس طرز عمل کا سبب صرف میوؤں کا تصور بتاتے ہیں کہ انہوں نے ہز ایکسیلنسی وائسرائے کے پاس اپنے مطالبات بھیجے تھے۔

وہ کہتے ہیں کہ میوات میں جو فوج بھیجی گئی ہے اس کا کوئی معقول سبب نہ تھا موضع ہرساوڑی میوات کے علاقے میں نہیں ہے۔ فساد کی خبریں سب غلط ہیں تجارا اور دوسرے شہروں میں لوٹ مار کی خبریں سب غلط ہیں تجارا بالکل محفوظ ہے۔ ریاست الور کے میو ریاست اور حکومت برطانیہ کے وفادار ہیں الور کے میوؤں نے برطانوی فوج کے لئے بہترین جوان منتخب کئے ہیں۔ میو حکومت برطانیہ سے انصاف کے متمنی ہیں اور معاملہ کی تحقیقات چاہتے ہیں صرف میوہی سرکاری تحقیقات کا بائیکاٹ کرنے والا نہ تھا ... میوؤں کے خلاف بغاوت اور لوٹ مار کے جتنے الزامات لگائے جا رہے ہیں وہ سب کے سب غلط ہیں۔

میو عاجزی سے معاملہ کی تحقیقات اور دخل اندازی کی درخواست کرتے ہیں۔

اچھوتوں کے داخلہ کیلئے اوقات مقرر کر دئے جائیں

پوجا کے بعد بتوں کو پاک کر دیا جائے

گاندھی جی کی ایک نئی اسکیم

پونہ ۴ جنوری۔ گاندھی جی نے ایک طویل اعلان شائع کیا ہے جس میں آپ نے گرو وایور مندر میں اچھوتوں کے داخلہ کے متعلق ایک نئی اسکیم پیش کی ہے اس اسکیم کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہر سال اکادشی کے موقع پر اچھوتوں کو چھوتوں کے ساتھ مندر میں داخل ہونے دیا جاتا ہے اسی طرح ان کو روزانہ مندر میں جانے کا حکم دیا جائے۔ اگر بعض ہندو اس پر اصرار کریں کہ اچھوت ان کے ساتھ نہ جائیں تو اچھوتوں کو بعد میں بلایا جائے اور اگر بعض ہندو اچھوتوں کو مندر میں بلانے پر معترض نہ ہوں تو ان کو اندر آنے کی اجازت دے دی جائے۔

گاندھی جی نے لکھا ہے کہ اگر مندر کا پجاری یہ خیال کرے کہ اچھوتوں کے داخلہ کے بعد مورتی کو پاک کرنا ضروری ہے تو وہ ایسا کر سکتا ہے۔ گو ذاتی طور پر گاندھی جی اس کے مخالف ہیں لیکن بحالات موجودہ وہ اس صورت کو منظور کرنے کے لئے تیار ہیں۔

پولیس اور ڈاکوؤں کا مقابلہ

گولیوں کی بارش۔ ایک شخص ہلاک

امرتسر ۴ جنوری۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ کانگڑہ اسٹیشن کے نزدیک ریلوے کی پٹڑی پر ڈاکوؤں اور پولیس کی پارٹی میں تصادم ہو گیا ... کی گولی سے ایک شخص ... سنگھ ہلاک ہو گیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ سرفراز خاں سب انسپکٹر پولیس کچھ کانسٹیبلوں کے ہمراہ اس رستہ سے گزر رہا تھا انہوں نے تین ڈاکوؤں کو دیکھا انہیں گرفتار کرنے کی کوشش کی۔ ڈاکو پولیس کو دیکھتے ہی بھاگ گئے۔ اور کچھ فاصلہ سے پولیس پر گولیاں چلانی شروع کر دیں۔ پولیس اور ڈاکو بہت دیر تک ایک دوسرے پر گولیاں چلاتے رہے۔ ماسٹر لکھن سنگھ جو پولیس پارٹی کے ہمراہ تھے گولی لگنے سے سخت زخمی ہوئے۔ ایک شخص ... جو اس راستہ سے بائیسکل پر گزر رہا تھا ڈاکوؤں کی گولی لگ کر ہلاک ہو گیا۔ اسپیشل پولیس کا دستہ جائے وقوعہ کی طرف بھیج دیا گیا ہے۔

کانپور میں ہندو مسلم اتحاد کی کوشش

مقدمات واپس لینے کی درخواست

کانپور ۴ جنوری۔ کانپور کے ہندوؤں اور مسلمانوں کے متحدہ طور پر فسادات کانپور کے مقدمات کو واپس لینے کی درخواست کی ہے لوگوں کا خیال ہے کہ مقدمات کے واپس ہو جانے سے دونوں ملتوں میں خوشگوار تعلقات جلدی پیدا ہو جائیں گے۔

رائے بہادر بہاری لال، رائے صاحب بھگوان داس، مسٹر محمد منیٰ اور مسٹر ولدار خاں کا ایک وفد ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے پاس گیا انہوں نے سکھوں سے وفد کی درخواست کو سنا۔ حکومت صوبہ کو ایک درخواست بھیجی جا رہی ہے اور ایک وفد گورنر صاحب کے پاس جائے گا اور مقدمات کی واپسی کی منظوری حاصل کرے گا۔

ایران کے بحری بیڑہ میں اضافہ

چھ جہازوں کی آمد

ایک اطلاع مظہر ہے کہ ایران کے چھ نئے جنگی جہاز اطالیہ سے مصر ہوتے ہوئے ایران پہنچ گئے ہیں۔ لائحہ عمل کے مطابق ان جہازوں کو ہو دو روز بندر عباس میں ٹھہرنا چاہئے تھا لیکن شاہ پہلوی ایران کے حکم سے انہیں محمرہ کی طرف بھیج دیا گیا ہے۔

ایرانی و برطانوی کشاکش کی موجودگی میں ان جہازوں کی نقل و حرکت کو خاص اہمیت حاصل ہو گئی ہے ایک دوسری اطلاع سے معلوم ہوا ہے کہ دولت ایران نے پولینڈ سے کچھ جنگی ہوائی جہاز خریدے ہیں اور یہ عنقریب طہران کی طرف پرواز کریں گے۔

گاندھی جی کے ساتھ صلح

کون کون لوگ مقرر کئے گئے ہیں

بمبئی ۴ جنوری بمبئی کے سیاسی حلقوں میں اس بات کا یقینی خیال کیا جاتا ہے کہ متعدد لیڈروں کے لندن سے آنے کے فوراً ہی بعد گاندھی جی سے مصالحت کے لئے گفتگو شروع ہو جائے گی۔ سر تیج بہادر سپرو، سر پرشوتم داس، مسٹر جیکر اور مسٹر جوشی کو وزیر ہند کی اجازت مل گئی ہے کہ وہ گاندھی جی سے ملاقات کر کے ان کے سامنے گول میز کانفرنس کے نتائج پیش کریں گے۔

سوراج وائٹ ہال اور گول میز کانفرنس سے حاصل نہ ہوگا

ملک کا امن و امان قوم پروروں کے ہاتھ میں

لندن میں ڈاکٹر انصاری کی تقریر

لندن ۴ جنوری۔ انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن کے استقبال کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر انصاری نے کہا کہ ہم سوراج وائٹ ہال، شملہ اور گول میز کانفرنس کی بدولت نہیں حاصل کریں گے لیکہ الہ آباد اور لکھنؤ والی اتحاد کانفرنس سوراج کا باعث ہو گی۔

آپ نے پنڈت مالویہ اور مولانا شوکت علی کو الہ آباد اور لکھنؤ کانفرنس کی کوشش پر مبارکباد دی۔ اور کہا کہ حکومت کو اتحاد کے جو ... مطالبات کو پورا کرنا پڑے گا۔

جو لوگ ہندوستان کو پابند رکھنا چاہتے ہیں وہ فرقہ وارانہ سوال کو پیدا کرتے ہیں جن میں درحقیقت ہمیں کوئی اختلاف نہیں۔

گاندھی جی کی رہائی کا تذکرہ کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ حکومت کا نظام چاہتی اور دیگر کانگریسی اراکین کو رہا کر کے ... کا امن و صلح قوم پرستوں کے ہاتھ میں ہے نہ کہ حکومت کے ہاتھ میں۔

ہندوستان نے تخفیف اسلحہ کی تحریک میں جس قدر مدد کی ہے اس کا اندازہ ... کانگریس کے اصول عدم تشدد سے ہو گا۔ ... اصول کو تسلیم نہیں کیا ہے۔

مشرقی مذاہب کی مشترکہ کانفرنس

جاپان اور مصر و عرب کے نمائندوں کی شرکت

کولمبو ۵ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ کولمبو میں اوائل اپریل میں مشرق کے تمام مذاہب کی ایک مشترکہ کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جاپان کے چند نمائندے تو آ گئے ہیں اور آسٹریلیا کی ... کانفرنس ... دوسرے ملکوں کے نمائندے آئندہ ماہ تک پہونچ جائیں گے۔

اس کانفرنس میں ہندوستان، جاپان، برما، سیام، سنگاپور، مصر، عرب، ایران اور تبت وغیرہ پندرہ ممالک کے مندوبین شرکت کریں گے یہ کانفرنس تقریباً ایک ہفتہ تک جاری رہے گی۔

اس کے بعد تمام ممالک کے نمائندے ... جائیں گے جہاں اگست ۱۹۳۳ء میں دنیا کے مذاہب کی کانفرنس ہو گی۔

امریکہ میں مولانا شوکت علی کی مساعی

نیویارک کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ مولانا شوکت علی صاحب اور مسٹر پٹیل ساتھ ساتھ امریکہ کا دورہ کر رہے ہیں اور ہر جگہ کامل اتحاد کے ساتھ ہندوستانیوں کے حقوق اور ہندوستان کی آزادی کی حمایت کر رہے ہیں۔

سکھ پلٹن سے ہتھیار رکھوالئے گئے

پونا ۳ جنوری۔ کیپٹن آر۔ ایل۔ ... پر قاتلانہ حملہ کے بعد آرمی کمانڈ جنوبی ہند نے حکم دیا ہے کہ بارہ ... رائفل کے ... کوئی سکھ کسی سرکاری ہتھیاروں کا نہ اپنے پاس رکھ سکتا ہے ... چنانچہ تمام سکھ سپاہیوں سے ... ہتھیار لے لئے گئے۔

کلکتہ میں دلیرانہ ڈاکہ

کلکتہ ۳ جنوری۔ آج چار پنجابیوں نے روز روشن میں ایک دلیرانہ ڈاکہ ڈالا۔ کلکتہ یونیورسٹی کے دو دربان ۲۸ ہزار روپیہ کی رقم امپیریل بنک سے لے کر ... تھے کہ پنجابیوں نے ان پر حملہ کر دیا ... لے کر بھاگ گئے۔ پولیس زبردست تحقیقات کر رہی ہے ... دونوں دربانوں کے جسم پر چاقو کے زخم ہیں۔

ترکی میں ایک جدید ریلوے لائن کی تعمیر

استنبول ۵ جنوری۔ حکومت نے ایک کروڑ ۲۰ لاکھ پونڈ کا اندرونی قرضہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ رقم دیار بکر اور ارغانہ کے درمیان ریلوے لائن کی تعمیر میں صرف کی جائے گی۔ اس علاقہ میں تانبے کی کان ہے جس کی ترقی ... رسل و رسائل کے فقدان کے باعث مسدود تھی۔

دنیا کے پہلوانوں کو گاما پہلوان کا چیلنج

کلکتہ ۴ جنوری۔ رستم زماں گاما پہلوان نے چیلنج کیا ہے کہ جو شخص اس کے بھائی امام بخش کو گرائے گا اسے ۱۶ ہزار انعام ملے گا اس کے علاوہ ۵ ہزار انعام اس آدمی کے لئے رکھا گیا ہے جو چھوٹا گاما یا مسٹر گلکو پہلوان کو گرائے گا۔

شمالی چین میں جاپانی افواج کی گولہ باری

شہر کے دروازے بند

شانگھائی ۴ جنوری۔ شان ہائی کوان (شمالی چین) میں ... شہر پر ... جاری ہے۔

جاپانیوں کا بیان ہے کہ شان ہائی کوان کے قریب ایک خبر میں دوبارہ برآمد ہونے پر جاپانی افواج موقع پر روانہ ہو گئیں اور جا کر گولہ باری شروع کر دی۔ سلسلہ مراسلت منقطع ہو گیا ہے اور شہر کے دروازے بند ہیں۔ یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ گولہ باری غلط فہمی کی بنا پر کی گئی یا جاپانی افواج بانی جنرل چانگ سوہانگ کی افواج کو دور کرنا چاہتی ہیں۔

آئرلینڈ کی پارلیمنٹ توڑ دی گئی

ڈبلن ۴ جنوری۔ آئرستان کے سیاسی حلقوں میں مزدور جماعت کے رویہ سے زبردست سنسنی پھیلی گئی ہے۔ حکومت نے شہری ملازموں کی تنخواہوں میں تخفیف کی تجویز پیش کی تھی۔ مزدور جماعت نے اس کی خلافت کا عزم بالجزم ظاہر کیا۔

مسٹر ڈی ولیرا نے ... گورنر جنرل نے ایک اعلان پر دستخط کئے جس کے ... ڈیل ... انتخابات کا اعلان کیا گیا ہے۔

جرمنی قرضہ جنگ ادا نہیں کریگا

برلن ۵ جنوری۔ سرکاری طور پر اس کا اعلان ہو گیا ہے کہ جرمنی نے امریکہ کو مطلع کر دیا ہے کہ وہ ۱۵ مارچ کو تاوان جنگ کی رقم کی قسط ادا کرنے سے معذور ہے۔ یہ رقم ۳۳ ملین مارکس ہے۔

تلاشیوں کے بعد بیس اشخاص گرفتار

کلکتہ ۶ جنوری۔ آج پولیس نے شہر کے مختلف حصوں میں ... تلاشی لی اور ۲۰ اشخاص کو گرفتار کر لیا جن سے ایک ریوالور اور بہت سے کارتوس ملے تھے۔

اسمبلی کی میعاد میں توسیع نہ کی جائے

نئی دہلی ۵ جنوری۔ اب چونکہ اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں ... غیر سرکاری رزولیشن پیش ہونے کے لئے تاریخوں کا تعین کیا جا چکا ہے۔ بہرحال ممبران نے اپنی اپنی سفارشات بھیجنی شروع کی ہیں۔ ... کے نوٹس دینے شروع کر دئے ہیں جن کے متعلق بذریعہ قرعہ اندازی فیصلہ کیا جائے گا۔

مسٹر ... نے ایک رزولیشن پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے جس میں سفارش کی جائے گی کہ اسمبلی کی موجودہ میعاد میں توسیع کے لئے کوئی کارروائی نہ کی جائے۔ ... آرڈیننس بل اور ... کے متعلق اسمبلی نے جس رویہ کا اظہار کیا ہے اس کی بنا پر اب یہ عوام کی نمائندہ نہیں رہی۔

رام گڈھ کے مقدمہ فساد کا فیصلہ

تین ہندو اور پانچ مسلمانوں کو سزائیں

... ۴ جنوری۔ رام گڈھ کے مقدمہ فساد کا آج فیصلہ سنا دیا گیا ... تین ہندو ... سزا ہوئی ... پانچ مسلمانوں ... کو ایک ایک سال قید کی سزا دی گئی ہے۔

پنجاب کی گورنری پر مسٹر ایمرسن کا تقرر

حکومت ہند کا ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ

کلکتہ ۴ جنوری۔ ملک معظم نے مسٹر ہربرٹ ولیم ایمرسن سی۔ ایس۔ آئی، سی۔ آئی۔ ای، سی۔ بی۔ ای، آئی۔ سی۔ ایس کی گورنر پنجاب کے عہدہ جلیلہ پر تقرری کو منظور فرمایا ہے آپ کا تقرر ہز ایکسیلنسی سر جیفری ڈی مانٹ مورنسی کی جگہ عمل میں آیا ہے جو اپریل ۱۹۳۳ء میں بوجہ علالت اپنے عہدہ سے مستعفی ہو جائیں گے۔

دو مفرور انقلابیوں میں سے ایک گرفتار

کلکتہ ۴ جنوری۔ چندر ناتھ گپتا ... کے ہمراہ گذشتہ فروری میں بکسر کیمپ سے فرار ہو گیا تھا وہ آج گرفتار کر لیا گیا اور جیل میں بند کر دیا گیا۔ اس کی گرفتاری کے لئے ایک ہزار روپے کا اعلان کیا گیا تھا۔ ... ابھی تک لاپتہ ہے اور گرفتار نہیں ہو سکا۔

چاٹگام پر دس ہزار روپے جرمانہ

چاٹگام ۵ جنوری۔ ... کے ہندوؤں پر ۲۰ ہزار روپیہ کا جو جرمانہ کیا گیا تھا اس کی وصولی جاری ہے بعض اشخاص نے ادائیگی سے گریز کیا تھا۔ اب ان کے نام قرقی کے وارنٹ جاری کر دئے گئے ہیں۔

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے نوٹس کے مطابق جرمانہ ۱۰ جنوری تک وصول کیا جائے گا۔

مصر میں جدید کابینہ مرتب ہو گیا

قاہرہ ۴ جنوری۔ مصر کا کابینہ مستعفی ہو گیا ہے اس سلسلہ میں مزید اطلاع موصول ہوئی ہے کہ صدقی پاشا نے حسب ذیل وزراء پر مشتمل ایک کابینہ مرتب کر لیا:۔

وزیر خارجہ محمد مصطفیٰ۔ وزیر عدل۔ ... کی جگہ قائم ہوئے ہیں۔

تحریک "دشمنان خدا" کی مخالفت

برلن ۴ جنوری۔ ... کو چھ سال قید اور پانچ سال جلاوطنی کی سزا دی گئی ہے کیونکہ انہوں نے مخالفت خدا کی مہم کا مقابلہ کیا تھا۔ سوویٹ نے اس مہم میں ۱۹۳۷ء تک تمام مذاہب کو دبانے کی تجویز کی ہے۔

ایک ضروری اصول تفتیش

یورپی مصنفین کی تاریخ نویسی

ایک ضروری اصول کے ماتحت تاریخ کی تدوین

(از جناب مولانا اکبر شاہ خان صاحب نجیب آبادی)

دنیا کا کوئی ایسا ملک اور کوئی قوم ایسی نہیں جس میں ایک نہ ایک ...

عہد عالمگیری کے بعد کے واقعات

لا مذہب تاریخ نگاری

فن تاریخ اور واقعات

اولیاء کرام کو بدنام کرنے کا طریقہ

زین المجالس کے متعلق علماء کرام کا فتوی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ کتاب اولیاء ...

الجواب بالحق والصواب

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے

شب بین خوبصورت سستوا واچ — رولڈ گولڈ کیس کی خوشنما سستی واچ — فیشن ایبل خوبصورت رسٹ واچ — خوشنما پائیدار رسٹ واچ — نکل کیس ریڈیم سستی واچ



اصلی ریلوے — ٹائم پیس — کیس والی پاکٹ واچ



ملنے کا پتہ:- ایس۔ ایم۔ عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس، بازار چاندنی چوک، دہلی

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرمایا ہے اس نسخہ کے نیچے یہ عبارت درج ہے:-

معجون مددگار غدود

ملنے کا پتہ

احمد مجتبی برادرز دفتر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

عبدالرحیم عفا اللہ عنہ مفتی محکمہ شریعت ریاست ٹونک۔ قاضی محمد عرفان عفی عنہ۔ سید محمد مجتبی عفی عنہ۔ محمد عبدالقادر عفی عنہ۔ مفتی مدرسہ عالیہ اسلامیہ فرنگی محل لکھنؤ۔ ریاض الدین عفی عنہ مفتی دارالعلوم دیوبند۔ اعزاز علی عفی عنہ۔ محمد صادق عفی عنہ۔ مدرسہ مظہر العلوم کراچی۔ عبدالاثیم ابوالنعیم محمد ابراہیم غفرلہ الدین۔ بنارس۔ عبدالقدوس عفی عنہ۔ صوبہ مرکزی۔ مفتی محمد اسمٰعیل صدر سرکنی جامع مسجد رنگون۔

(قاضی سید اسمٰعیل مقام بنگلور ضلع چتور)

صوبہ سرحد میں عیسائی تبلیغ کا فتنہ

سرکاری مدارس میں دینی تعلیم داخل کی جائے

... جمعیۃ علماء احناف ... کا عظیم الشان اجلاس منعقد ہوا ...

(۱) مرکزی انتخاب ۵ فروری ۱۹۳۳ء کو منعقد کیا جائے۔

(۲) صوبہ سرحد کی کونسل کے مسلم ارکان سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ ایک ایسا قانون وضع کرائیں جس کی رو سے مالی مقدمات کا فیصلہ ...

(۳) چونکہ مسلمان بچوں کے اخلاق خراب ہوتے جاتے ہیں اس لئے سرکاری مدارس میں مذہبی تعلیم کو لازمی قرار دیا جائے تاکہ بچوں کے ...

اخلاق درست ہوں۔

حافظ عبدالودود ناظم جمعیۃ علماء احناف کوچہ کپورہ

صوبہ مدراس میں انجمن اشاعت اسلام

میں نے کمبم ضلع کرنول (صوبہ مدراس) اشاعت اسلام کا معائنہ کیا اس کو دیکھ کر دل باغ باغ ہوگیا ...

(سید عبدالاحد ملنی از مدراس)

قبول اسلام

سکریٹری دہلی میونسپلٹی کی خدمت میں وفد

آج جناب ڈاکٹر حسین بخش صاحب اور دوسرے سربرآوردہ حضرات جناب سکریٹری صاحب بہادر میونسپل کمیٹی دہلی کی خدمت میں مسلمانان پہاڑ گنج ...

اور ریلوے کے مسلمان کلرکوں اور افسروں کی جانب سے اس امر کی درخواست کے طور پر ... پہاڑ گنج میں مسلمان بچوں کے لئے پرائمری کا باقاعدہ انتظام کیا جائے۔

دہلی میونسپلٹی کو ۹۰ ہزار کی مزید آمدنی

سکھ مشنری کالج پر پولیس کا چھاپہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

دونوں مٹھی باندھکر زور سے دوڑ رہے ہیں لیکن کدھر؟ ڈاکخانہ کی طرف!

کیوں کس لئے

دفتر روشن ضمیر محلہ سقہ مراد آباد

حب نعمت (رجسٹرڈ)

منیجر دواخانہ بقائی (رجسٹرڈ) بازار چتلی قبر دہلی

گھر بیٹھے تین روز میں آسانی سے صحیح پیشینگوئی کرنا سیکھ لیجئے

البشیر

مسلمانوں کا قومی آرگن ہفتہ وار ۸ صفحہ پر شہر اٹاوہ سے شائع ہوتا ہے۔

منیجر البشیر (اٹاوہ)

اس گانٹھ سے غریبوں کی عید ہوگی

۲۵ رمضان المبارک تک یہ گانٹھیں بغیر کسی منافع کے روانہ کریں گے

بیس پونڈ کاٹن کٹ پیس کی گانٹھ مبلغ پچیس ۲۵ روپیہ میں

نوٹ ضروری: ...

منیجر دی فٹ کوٹ کمپنی کٹ پیس مرچنٹ نچھوڑ لائین کراچی

تفسیر حقانی اردو مکمل آٹھ جلدیں

عقائد الاسلام اردو

البیان فی علوم القرآن

اردو ... انگریزی

مرقع رسول

نوٹ:- دارالعلوم عربیہ کے لئے خاص رعایت + ہندوستان کے ہر کتب فروش سے مل سکتی ہیں +

ملنے کا پتہ:- دارالاشاعت تفسیر حقانی۔ بلیماران۔ دہلی

زندگی کی کشمکش میں آپ مصروف ہیں!

امرت دھارا کو ضرور پاس رکھیں کیونکہ آپ کو بہت سی تشویش، خرچ اور تکلیف سے بچاوے گی!

حسن

کا دار و مدار اعلےٰ صحت پر اور اعلےٰ صحت کا

امرت دھارا (رجسٹرڈ)

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا ڈاکخانہ، لاہور

رمضان المبارک کا سالانہ رعایتی اعلان

مقبول خاص و عام

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار

ہندستان کیلئے

سالانہ ۔۔۔۔۔۔

ششماہی ۔۔۔۔۔۔

سہ ماہی ۔۔۔۔۔۔

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ۔۔۔۔۔۔

ششماہی ۔۔۔۔۔۔

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

نرخ اشاعت

ایک کالم ( )

½ کالم ( )

¼ کالم ( )

معاون

محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول

ہلال احمد زبیری بی اے

جلد ۱۷ | دہلی ۔ یوم جمعہ ۱۶ رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۳ جنوری ۱۹۳۳ء | نمبر ۴

معاصرین کے افکار و آراء

خانہ جنگی کی دھمکی (مدینہ)

افتراق انگیزی کے شیدائیوں اور سرکاری فیصلہ کی حفاظت کے لئے مسلمان رہنماؤں پر حملہ آور ہونے والے حضرات نے اب کھلم کھلا اور علی الاعلان یہ دھمکی دینا شروع کر دی ہے کہ اگر یہ لوگ سرکاری فیصلہ کی بالواسطہ مخالفت سے باز نہ آئے تو ان کے ساتھ وہی سلوک کیا جائے گا جو نہرو رپورٹ کے زمانہ میں طبقہ احرار سے کیا گیا تھا یعنی آوارہ مزاج لونڈوں اور اوباش جوانوں کو بھڑکا کر بڑے سے بڑے مسلمان رہنما کی پگڑی اچھالی جائے گی۔ جلسوں پر خشت باری ہوگی ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ کیا ان کو یاد دلایا جائے کہ انہوں نے ڈاکٹر انصاری کے ساتھ لاہور میں کیا سلوک کیا تھا۔ مولانا ظفر علی خاں کے ساتھ کراچی اور دہلی میں کیا برتاؤ روا رکھا تھا اور بمبئی میں مسلمان رضاکار کو کس طرح بے دردی سے شہید کیا تھا۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہندوستان کی سرزمین ایسی ہے جہاں عقل و خرد پر جذبات بہت آسانی سے غالب آجاتے ہیں۔ [illegible]

اسوقت ضرورت کیا ہے (ریاست)

[illegible]

کلکتہ کے نام نہاد اسلامی اجتماعات (مخبر)

[illegible]

مفاہمت کی توقعات (ت)

[illegible]

کلکتہ میں بیجد ضرار کا حشر (پیشوا)

[illegible]

غربا اور مساکین سے ہمدردی کرو

مخلوق کی خدمت خدا کو سب سے زیادہ پسند ہے

اسلام میں زکوۃ و صدقات کے فضائل

(گذشتہ سے پیوستہ)

[illegible]

گلدستۂ قاسمی مفت

معہ احکام رمضان المبارک و جنتری سحر و افطار وغیرہ

ایک کارڈ لکھ کر مفت طلب فرمائیے

ناظم کتب خانہ مطبع قاسمی دارالعلوم دیوبند یوپی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

[illegible]

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں۔ مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں۔ مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے۔ بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں۔ نہایت سائنٹفک طریق پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوافروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mafg Co. (India) P. Box 88. Bunder Road, Karachi

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلفون نمبر ۵۵۶

سفید بال جڑ سے کالا

[illegible]

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے ۔ منیجر

رمضان المبارک کا سب سے بہتر اور مقدس تحفہ

علماء، صلحاء، محدثین، مفسرین، نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ

قرآن مجید

[illegible]

سب سے بڑی ضمانت

[illegible]

خصوصیت

[illegible]

صرف رمضان المبارک کیلئے

[illegible]

رمضان شریف میں

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کردینے والا

قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ [illegible]

ہر مومن کا فرض ہے

[illegible]

شوال تک خاص رعایت

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری بی اے

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۷ | دہلی - یوم جمعہ ۱۶ ر رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۳ ر جنوری ۱۹۳۳ء | نمبر ۴

معاصرین کے افکار و آراء

خانہ جنگی کی دھمکی

اور شہیدوں کو "قومی رضاکار" بناکر مسلمانوں کی گردنیں تڑوائی جا سکتی ہیں لیکن کیا یہ کام صرف اہل دولت ہی کر سکتے ہیں، اور کیا غرباء میں اس کی طاقت نہیں ہے۔ پھر جس شئے کو غور دو دھاری تلوار تسلیم کیا جا رہا ہے، اور جس کا استعمال گذشتہ ۵ برس میں پوری دلیری کے ساتھ کیا جاتا رہا ہے، اس کے استعمال کو روکنے کی یہ صورت ہے کہ بلا تکلف ہر شخص کو گالیاں دی جائیں، تہمتیں تراشی جائیں ہندوؤں سے روپے لیکر ملت کے حقوق بیچنے کا طعنہ دیا جائے۔ کیا ہندوستان میں صرف سر یعقوب، سر سہروردی اور خان بہادر رحیم بخش ہی روپے کے لالچ سے بری ہیں کیا صرف نوا... یوسف اور فیروز خان نون ہی اس دولت کے انبار وں سے بے نیاز ہیں جن کی خدمات کے صلے میں سرکا خطاب بھی عطا ہو گیا ہے۔ غور کرو کیا ہر وہ شخص جس کے بال خدمت اسلامی میں سفید ہو گئے ہیں غدار اور ملت فروش ہے اور ہر وہ شخص جو خزانہ سرکاری سے گرانقدر مشاہرہ پا رہا ہے اور معزز خطابات حاصل کر رہا ہے بے غرض خادم اسلام ہے۔ تم رہنمایان ملت کو روپے کھانے کا الزام دیتے ہو حالانکہ وہ ایک بے بنیاد اتہام ہے لیکن ان لوگوں کے متعلق کیا کہو گے جن کی زراندوزی کے حقائق سرکاری خزانے کے رجسٹر پیش کر رہے ہیں۔

اسوقت ضرورت کیا ہے (حقیقت)

جب تک فرقہ وارانہ خود غرضیاں اور جماعت بندیاں کم نہیں ہوتی ہیں، اُس وقت تک حکومت خود اختیاری ایک خواب و خیال ہے۔ کیونکہ کسی متفقہ مطالبہ کی تشکیل ان سیاسی پارٹیوں کی کثرت سے جن کی مختلف رائیں ہیں ہرگز رونما نہیں ہونے پائے گی۔ یہ ظاہر ہے کہ ہندوستانیوں میں حصول آزادی کے لئے جو اس قدر سرگرمی پائی جاتی ہے وہ صرف افلاس و ناداری کے سبب سے ہے۔ سوراج حاصل کرنے سے اُن کا یہی مقصد ہے کہ ان پر عیش کے دروازے کھل جائیں گے۔ ملازمتوں کے ملنے میں آسانی ہو جائے گی۔ لیکن افسوس ہے کہ وہ اتنا نہیں سمجھتے کہ خود انہی کی خود غرضیوں اور آپس کی عدم رواداری اور نا اتفاقی سے آج تک کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوئی ہے۔

اس وقت ہندوستان کی سب سے بڑی ضرورت یہی ہے کہ کانگریس کی نا اتفاقیوں کو دور کیا جائے، اور مالوی جی اور مولانا ابوالکلام آزاد نے فرقہ وارانہ اتحاد و اتفاق کی جو تحریک شروع کی ہے اس کو بہر حال جاری رکھا جائے، خواہ الہ آباد کانفرنس تقسیم حقوق کے تصفیہ میں کامیاب ہو یا ناکام رہے اگر اس وقت فرقہ وارانہ حقوق کا کوئی قابل اطمینان تصفیہ ہو جائے تو یہ بجا قابل مسرت ہو گا لیکن اگر تصفیہ حقوق نہ ہو سکے تو بھی ملک کے سچے رہنماؤں اور مخلص محبان وطن کے لئے آج اس سے بڑھکر اور کوئی بھی کام نہیں ہے کہ وہ ہندوستان کی مختلف الخیال اقوام میں اتحاد و یکجہتی پیدا کرائیں اور اختلاف باہمی کی اس نحوست سے ملک کو پاک کریں جس کی وجہ سے ہندوستان کبھی بھی سوراج کی منزل مقصود تک نہیں پہونچ سکتا۔

کلکتہ کے نام نہاد اسلامی اجتماعات (سرفراز)

نام نہاد مسلم کانفرنس اور جمعیۃ علمائے کانپور کے اجلاس جو کلکتہ میں مسٹر شفیع داؤدی اور مسٹر ظہیر الدین غفرلہ ایڈیٹر الامان کی کوششوں سے منعقد ہوئے تھے پایہ تکمیل کو پہونچ گئے۔ ان جلسوں میں جو ریزولیوشن پاس ہوئے اور جو کارروائیاں عمل میں آئیں انہوں نے اس کا ایک مرتبہ اور ثبوت بہم پہونچا دیا کہ یہ سرد و جماعتیں اپنے وطن کی کہاں تک بہی خواہ اور دوست ہیں اور یورپی مفاد کے مقابلہ میں وہ مسلمانوں کے مفاد کو کتنا عزیز رکھتی ہیں۔ ان جماعتوں سے مسلمانوں اور ملک کو کتنا فائدہ پہونچ سکتا ہے اس کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ اس کی تشکیل سرکاری آدمیوں سے ہوئی ہے اور ملک فیروز خان نون وزیر پنجاب اور دیگر وزراء صوبجات مسلم کانفرنس کے سرگرم کارکن ہیں بھلا ایسی صورت میں اس کی کیا توقع ہو سکتی ہے کہ جب مقام پر حکومت و رعایا اور مسلمان دیو ر پلی حضرات کے مفاد کا تصادم ہو گا وہاں یہ جماعت ملک اور مسلمانوں کے مفاد کو اغیار کے مفاد پر مقدم رکھے گی۔ چنانچہ اس کا ثبوت کلکتہ کے مسلم اجتماعات میں ایک مرتبہ اور ... ل گیا۔ اور ان ہر دو جماعتوں کے اجلاس کی کارروائیوں میں تلاش بسیار کے بعد بھی ہمیں کوئی تجویز ایسی نظر نہیں آئی جسے ملک اور مسلمانوں کی بہی خواہی پر محمول کیا جا سکے بلکہ اس کے برعکس برطانوی تجارت اور برطانوی مفاد و اغراض کی زبردست حمایت کی گئی اور یہ چاہا گیا کہ بدقسمت ہندوستان کی دو بڑی جماعتیں ہندو اور مسلمان کسی طرح آپس میں متحد نہ ہو سکیں۔

مفاہمت کی توقعات (ملت)

کلکتہ گفتگوئے مصالحت کے التواء کے بعد اس میں کوئی شک نہیں ایک حلقہ میں سخت مایوسی پیدا ہوئی تھی لیکن مالوی جی کا ایک تازہ ترین بیان مظہر ہے کہ وہ خود ابھی تک مایوس نہیں ہوئے ہیں، کانفرنس کے التواء کی اپنے بیان میں انہوں نے بڑی وجہ ماہ صیام بتائی ہے کیونکہ مسلمان اراکین کانفرنس خصوصاً جمعیۃ علمائے ہند کے مندوبین زیادہ وقت نہ دے سکتے تھے۔ علاوہ بریں انہوں نے التواء کے اعلان کے بعد کی مشاورت کا ذکر کر کے اسے بھی نتیجہ بخش قرار دیا ہے۔ ہم پہلے بھی لکھ چکے ہیں کہ اگر مالوی جی اس کا تہیہ کر لیں کہ وہ سمجھوتہ کے بغیر چین نہ لیں گے اور پنجاب کی طرح بنگال کے ہندوؤں سے بھی مسلمانوں کی اکثریت تسلیم کرا لیں گے تو ہمارے خیال میں ہندو قوم میں مشکل کوئی فرد ایسا ہو گا جو مالوی جی کی مخالفت کی جرأت کر سکے۔ ڈاکٹر مونجے اور ان کے دیگر مہاسبھائی رفقاء کے متعلق بھی ہمارا یہی خیال ہے کہ وہ مالوی جی کے خلاف کسی طرح نہیں جا سکتے۔ بہرحال مالوی جی کی خوش آئند توقعات ہمارے لئے باعث اطمینان ہیں۔

کلکتہ میں مسجد ضرار کا حشر (پیغام)

اتحاد اسلامی سے علیحدہ ہو کر بنگال، پنجاب، یوپی کے مسلمان وزراء اور ان کے چند حامی نائٹ، خان بہادر اور ان کے چند غلطیوں نے لکھنؤ کی آل مسلم پارٹیز کانفرنس کے خلاف کلکتہ میں ڈینگلو مسلم کانفرنس اور ذکر بری جمعیۃ علماء کے نام سے مسلمانوں کے مفاد کی نقاب اپنے غلامانہ اور غدارانہ چہروں پر ڈال کر جلسہ کرنا چاہا تھا مگر بنگال کے حریت پرور اسلامی صوبہ نے ان خود غرضوں اور قوم فروشوں کو بتا دیا کہ ملت کے مفاد کے خلاف جو اجتماع ہو گا اس کا وہی حشر ہو گا جو مسجد ضرار کا ہوا تھا۔

اگر یہ سچ ہے کہ ڈینگلو مسلم کانفرنس کے دو درجن سرکار پرستوں نے مسلح پولیس کی حفاظت میں عام مسلمانوں کے سروں پر ڈنڈے برسوا کر اور ان کو خون میں لہولہان کرا کے اپنے آقاؤں کی خوشنودی کے لئے چند الفاظ پڑھ دیئے ہیں تو کیا ان الفاظ پر مسلم رائے عامہ کی قوت ہے۔ اگر اس سوال کا جواب اثبات میں ہے تو کیا بنگالی نائٹ اس کے لئے تیار ہیں کہ وہی تجاویز جو مسلمانوں کے نام پر پاس کی گئی ہیں پولیس کی حفاظت کے بغیر عام مسلمانوں کے جلسہ سے پاس کرانے کے لئے میدان عمل میں آئیں۔

غرباء اور مساکین سے ہمدردی کرو

مخلوق کی خدمت خدا کو سب سے زیادہ پسند ہے

اسلام میں زکوٰۃ و صدقات کے فضائل

(گذشتہ سے پیوستہ)

افضل صدقہ وہ ہے جو ذی رحم دشمن کو دیا جائے۔ (طبرانی) یعنے رشتہ دار ہو اور اس کا مخالف ہو۔ افضل صدقہ اس وجہ سے فرمایا کہ باوجود اس کی مخالفت اور دشمنی کے سلوک کرتا ہے۔

ہر صبح کو دو فرشتے آسمان سے اتر کر یہ دعا کرتے ہیں۔ ایک کہتا ہے الٰہی نیک کاموں میں خرچ کرنے والے کو زیادہ دے۔ دوسرا کہتا ہے بخیل کے مال کو تلف کر دے۔ (بخاری مسلم)

حدیث قدسی میں ہے اے میرے بندے خرچ کر تجھ کو دیا جائے گا۔ (بخاری مسلم) یعنے میرے راستہ میں خرچ کرنے سے ڈر نہیں جس قدر خرچ کرے گا اتنا ہی زائد دیا جائے گا۔

حضرت بلال سے فرمایا خرچ کرتے رہو عرش کے مالک سے کمی کا خوف نہ کرو۔ (طبرانی) یعنے جو عرش کا مالک ہے اس کے خزانوں میں کیا کمی ہے۔

کسی نے دریافت کیا یا رسول اللہ! بہتر اور افضل اسلام کونسا ہے۔ ارشاد فرمایا مساکین کو کھانا کھلانا۔ اور ہر مسلمان کو سلام علیک کرنا۔ خواہ اسے پہچانتا ہو یا نہ پہچانتا ہو۔ (بخاری مسلم)

مسکین کو کھانا کھلانا رحمت کو واجب کرتا ہے۔ (حاکم)

... کو پیٹ بھر کر کھانا کھلانے اور پانی پلانے سے دوزخ ساڑھے تین ہزار برس کے راستے کی مقدار دور کر دی جاتی ہے۔ (حاکم)

حدیث میں سات خندق کے الفاظ لکھے ہیں۔ ہر خندق کا فاصلہ پانچ سو برس کی راہ فرمایا ہے۔ میں نے ترجمہ میں ساڑھے تین ہزار برس کی راہ بطور خلاصہ لکھ دیا ہے۔

اگر کسی مسلمان نے پھلدار درخت لگایا تو جو شخص اس درخت سے پھل کھائے گا وہ صدقہ ہے۔ جو پھل چوری جائیں گے وہ بھی صدقہ ہے۔ جو ان پھلوں سے کچھ لے وہ بھی صدقہ ہے۔ (مسلم)

پھلدار درخت میں سے اگر کوئی آدمی یا جانور کچھ کھا جائے گا تو یہ سب قیامت تک صدقہ ہے۔ (مسلم)

باقیات الصالحات میں سے پھلدار درخت کا لگانا بھی ہے۔ بزار۔ (ابونعیم)

جو کسی بھوکے کو کھانا کھلاتا ہے تو خدا تعالےٰ اس کو جنت کے پھل کھلائے گا۔ جو کسی پیاسے کو پانی پلاتا ہے تو اللہ تعالےٰ اس کو جنت کی سربمہر شراب پلائے گا۔ جو بندہ کسی غریب کو کپڑا پہناتا ہے تو اللہ تعالےٰ اس کو جنت کے حلے عطا کرے گا۔ (ترمذی)

کسی نے پوچھا میں اپنے اونٹ کے لئے حوض میں پانی بھرتا ہوں دوسرے اونٹ بھی پانی پینے آجاتے ہیں۔ کیا ان دوسرے اونٹوں کو پانی پلانے کا کوئی اجر ہے فرمایا ہر زندہ حیوان کے ساتھ سلوک کرنے میں اجر و ثواب ہے۔ (احمد)

کسی نے ایک کتے کو پانی پلا دیا تھا اللہ تعالےٰ نے اس کو بخش دیا۔ کسی نے یہ سن کر کہا کیا بہائم میں بھی اجر ہے فرمایا ہر جاندار کے ساتھ سلوک کرنا اجر ہے۔ (بخاری مسلم بطولہ)

مرنے کے بعد بھی سات باتوں کا ثواب جاری رہتا ہے حالانکہ بندہ قبر میں ہوتا ہے لیکن ثواب ملتا رہتا ہے (۱) علم دین سکھانا (۲) پانی کی نہر جاری کرنا۔ (۳) کنواں کھدوانا (۴) درخت لگانا۔ (۵) مسجد بنوانا۔ قرآن شریف تلاوت کے لئے چھوڑ جانا۔ (۷) لڑکا جو باپ کے مرنے کے بعد باپ کے لئے دعائے مغفرت کرتا رہے۔ (بزار۔ ابونعیم)

درخت لگانا یعنی اس کے سایہ یا پھل سے لوگ فائدہ اٹھائیں۔ قرآن شریف تلاوت کے لئے وقف کر دینا یا کسی کو پڑھنے کے لئے دیدینا۔

جس نے کنواں کھدوایا تو جو جاندار بھی اس سے پانی پیئے گا اللہ تعالےٰ کنواں کھدوانے والے کو قیامت کے دن تک اجر عنایت کرے گا۔ (بخاری)

صدقہ فطر روزہ دار کی تمام گزرہیوں کا کفارہ ہوتا ہے جس نے نماز سے پہلے ادا کر دیا تو یہ زکوٰۃ مقبولہ ہے اور جس نے بعد میں دیا تو اس کی حیثیت محض ایک صدقہ کی ہے۔ (ابوداؤد)

رمضان کے روزے جب تک صدقہ فطر ادا نہ کیا جائے آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتے ہیں۔ (ابن شاہین)

کسی نے دریافت کیا حضور آیت قد افلح من تزکی و ذکر اسم ربہ فصلی کا تعلق کس سے ہے۔ فرمایا یہ صدقہ فطر کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (ابن خزیمہ)

حضرت سعد کی والدہ کا انتقال ہو گیا تھا انہوں نے سرکار کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میری ماں کا انتقال ہو گیا۔ اس نے کچھ وصیت بھی نہیں کی میں اب اسے کوئی ثواب پہنچا سکتا ہوں۔ سرکار نے فرمایا لوگوں کو پانی پلایا کر چنانچہ انہوں نے ایک کنواں کھدوا کر اپنی ماں کے نام سے وقف کر دیا۔ (طبرانی۔ ابوداؤد۔ ابن حبان)

محبت اور مال میں افزونی

جو شخص اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرکے لحاظ کا اکرام و عزت کرے۔ جو بات منہ سے نکالے اچھی نکالے ورنہ خاموش رہے۔ (بخاری مسلم)

صلہ رحمی کا مطلب یہ ہے کہ گود پیٹ کے رشتوں کو قطع نہ کرے اور ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے۔

جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کے رزق میں برکت ہو اور اس کی عمر زیادہ ہو تو اس کو چاہئے کہ صلہ رحمی کیا کرے۔ (بخاری مسلم)

لوگوں اپنا نسب نامہ اور اپنے رشتہ داروں کے نام یاد رکھا کرو تاکہ لوگوں کے ساتھ صلہ رحمی کرنے میں آسانی ہو۔ صلہ رحمی سے باہمی محبت زیادہ ہوتی ہے۔ مال بڑھتا ہے۔ (ترمذی)

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی عمر بڑھے اور رزق میں کشادگی ہو اور بری موت سے محفوظ رہے اس کو چاہئے کہ خدا سے ڈرے اور صلہ رحمی کیا کرے۔ (احمد۔ بزار)

ایمان کے بعد صلہ رحمی خدا کو سب سے زیادہ محبوب ہے۔ (ابویعلی۔ طبرانی)

ایک اعرابی نے سرکار کے اونٹنی کی نکیل پکڑ کر اونٹنی کو روک لیا اور عرض کیا مجھے ایسا عمل بتا دیجئے جو جنت سے نزدیک اور دوزخ سے دور کر دے۔ فرمایا خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ کر۔ اللہ تعالےٰ ہی کی عبادت کر۔ نماز پڑھ۔ زکوٰۃ ادا کر اور صلہ رحمی کیا کر۔ بس اونٹ کی نکیل چھوڑ دے۔ (بخاری مسلم)

جب یہ اعرابی جس کو عبادت نماز اور صلہ رحمی وغیرہ کا حکم دیا تھا نکیل چھوڑ کر چلا تو آپ نے فرمایا جو میں نے اس کو بتایا ہے اگر اس پر اس نے عمل کیا تو جنت میں جائے گا۔ (بخاری مسلم)

صلہ رحمی ہمسایوں کے ساتھ اچھا سلوک اور حسن خلق ایسی چیزیں ہیں جن سے عمریں زیادہ ہوتی ہیں اور گھر آباد رہتے ہیں۔ (احمد)

رحم (بچہ دانی) عرش الٰہی سے لٹکا ہوا عرض کرتا ہے جس نے مجھکو ملایا اس کو اللہ ملائے گا اور جس نے مجھکو قطع کیا اس کو خدا قطع کرے گا۔ (بخاری مسلم)

مطلب یہ ہے کہ رشتہ داروں سے تعلقات قطع نہیں کرنا چاہئے۔

اصلی صلہ رحمی یہ ہے کہ جب کوئی رشتہ دار تجھ سے قطع تعلق کرے تو تو اس سے میل پیدا کرنے کی کوشش کر۔ صلہ رحمی یہ نہیں ہے کہ قطع کرنے والے سے تو بھی روٹھ کر بیٹھ جائے۔ (بخاری مسلم)

بہتر صدقہ وہ ہے جو ایسے شخص کو دیا جائے کہ وہ دشمن بھی ہو اور رشتہ دار بھی۔ (ابن خزیمہ)

مطلب یہ ہے کہ دشمن ہو لیکن رشتہ دار تو ہے۔

(ماخوذ از کتاب "جنت کی کنجی" مصنفہ سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند حال اسیر فرنگ)

گلدستہ قاسمی نعت

احکام رمضان المبارک و جنتری سحر و افطار وغیرہ

ایک کارڈ لکھ کر مفت طلب فرمائیے

ناظم کتب خانہ تبلیغ قاسمی دارالعلوم دیوبند یوپی

جامعہ حافی مجددیہ کا ماہوار رسالہ

المعین

مہتمم رسالہ المجامعہ مونگیر

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mfg Co. (India)
P. Box 88. Bunder Road, Karachi.

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

سفید بال جڑ سے کالا

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۷

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر

رمضان المبارک کا سب سے بہتر اور مقدس تحفہ

علماء صلحاء محدثین مفسرین، نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ

قرآن مجید

سب سے بڑی ضمانت

خصوصیت

صرف رمضان المبارک کیلئے

رمضان شریف میں

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کرنے والا

قرآن مجید

ہر مومن کا فرض ہے

شوال تک خاص رعایت

پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر نسخہ پر ۱۲ کی کردی جائیگی۔

پانچ قرآن مجید ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی کل رقم پر ۱۲ کم کردیئے جاتے ہیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم جمعہ ۱۶ رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ ہجری

ریاست الور کی خونچکاں داستان

اضطراب انگیز و اندوہناک اطلاعات

ریاست الور سے جو خبریں آ رہی ہیں اور ان خبروں کی بنا پر دہلی میں جو بڑے بڑے پوسٹر شائع کئے جا رہے ہیں انہیں پڑھ کر یقیناً ہندوستان کے مسلمان مضطرب و بے چین ہوں گے اور حقیقت یہ ہے کہ الور کے مسلمانوں کی تباہی و بربادی پر جس قدر ماتم کیا جائے کم ہے کیونکہ میواتیوں کی یہ جری و بہادر قوم اس وقت اس طرح مصیبت میں مبتلا ہے اور اس کے شہداء و مجروحین کی تعداد اس قدر بڑھ گئی ہے کہ سالہا سال تک اس کی تلافی ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ کون بدنصیب مسلمان ایسا ہوگا جو اپنے بھائیوں کی شہادت و جراحت کے زہرہ گداز حالات سے اور ان مصیبت زدگان کی داستان...

اگر مسلم میواتیوں کے خون کے اس طرح بے دریغ بہنے کی قیمت اب بھی آپ پر ظاہر نہ ہوگی تو اس سے زیادہ واضح اور صاف الفاظ آپ کو دنیا کے پردہ پر کہیں بھی نہ ملیں گے۔

پوسٹر اور مضامین

دوسری طرف برطانوی ہند کے وہ فرقہ پسند و فتنہ انگیز اشخاص ہیں جو اس موقع کے لئے بہت دنوں سے منتظر بیٹھے تھے وہ بھی اب کیل کانٹے سے درست ہو کر میدان میں نکل آئے ہیں اور اپنا کھویا ہوا اعتماد دوبارہ حاصل کرنے کے لئے شہداء الور کے خون کو روپیہ بٹورنے اور برطانوی ہند میں فرقہ وارانہ...

زبردست خطرہ

ریاستوں کی سیاست

خون مسلم کی ارزانی

مسلمانان ہند سے اپیل

زمینداری کی امداد و اعانت

زمیندار کے مہتمم اعلیٰ کی جانب سے ہمیں ایک اعلان بغرض اشاعت موصول ہوا ہے جسے ہم اشاعت آئندہ میں تمام و کمال شائع کریں گے۔ اس اعلان میں مہتمم موصوف نے زمیندار کی مطلوبہ ضمانت کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ

حکومت نے اپنے حکمنامہ میں اس امر کی تصریح نہیں کی تھی کہ زمیندار کو کتنی ضمانت خزانہ حکومت میں داخل کرنی پڑے گی اور اس کا اجرا کن شرائط پر عمل میں آ سکتا ہے...

انقلاب کا چیلنج منظور

انقلاب نے اپنے مخصوص انداز میں الجمعیۃ کے ایک مقالہ افتتاحیہ کا جواب گالیوں سے دیتے ہوئے نہایت زور کے ساتھ لکھا ہے:

"ہم میں خدا کے فضل سے اتنی جرأت، ہمت، غیرت اور قیمت ہے کہ ہندوستان کے ہر وعید ہر ادنیٰ کو کھلے میدانوں چیلنج کریں۔ لیکن جمعیۃ العلماء یا نیشنلسٹ گروہ یا اس کے بے سروپا حامیوں میں اتنی جرأت نظر نہیں آتی..."

بمبئی کا فساد

الور کی متوحش خبریں اور ڈاکٹر مونجے کا بیان

(بسلسلہ صفحہ ۲)

شورش پسندوں کے لئے مواد

ہندو مسلمانوں کا فرض

امید افزا خبر

الور کی متوحش خبریں اور ڈاکٹر مونجے کا بیان

ہندوؤں اور مسلمانوں کے لئے صحیح راہ عمل

(ایک امن پسند شہری کے قلم سے)

ریاست الور کے حالات نہایت نازک اور خطرناک صورت اختیار کر چکے ہیں اور وہاں کے متعلق جو اطلاعات اخبارات میں شائع ہو رہی ہیں وہ بلاشبہ نہایت پریشان کن اور تشویشناک ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ریاست کے بہت بڑے علاقہ میں بغاوت پھیل گئی ہے اور راجہ اور رعایا کے درمیان ایک ناقابل عبور خلیج حائل ہو جانے کے باعث اب وہاں کا نظام حکومت درہم برہم ہو چکا ہے...

دہلی میں ہندو مسلم مناقشات برپا کرنے کے لئے پریس اور پلیٹ فارم کے ذریعہ ایڑی چوٹی کا زور لگایا تو خود دہلی کے معزز مسلمانوں نے اس فساد انگیزی کے خلاف آواز اٹھائی اور پوری جرأت کے ساتھ یہ کہا کہ اگر ریاست الور کے فرمانرواسے وہاں کی رعایا کو جائز شکایات ہیں تو ان کی تلافی کے لئے صحیح طریقہ یہی ہے کہ ریاست کے اندر رہ کر احتجاج کیا جائے...

صدر انجمن کا بیان

ایثار و قربانی

حق کی آواز

استقلال نہ چھوڑو

قوم پرور مسلمانوں پر حملہ

ریاستوں کے معاملات

مسلمانوں

ایک جدید تنقید نگار کے وساوس کا ازالہ

تفسیر "ترجمان القرآن" پر بعض لاطائل اعتراضات

اسلام کا حقیقی منشا اور دین الٰہی کی ضروری تشریح

(از جناب احمد سعید صاحب کلرک ہیڈ آفس کرنال)

ذیل کا مضمون ہم کو مولانا رضوان اللہ صاحب مولوی فاضل کی وساطت سے موصول ہوا ہے جس میں محمد عدیل صاحب وکیل کے اس مضمون کا جواب دیا گیا ہے جو انہوں نے مولانا ابوالکلام آزاد کی تفسیر ترجمان القرآن پر تنقید کے نام سے الامان میں شائع کرایا تھا۔ اصل مضمون کا اندازہ تو اسی امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس کو الامان جیسے بے مایہ اخبار کے سوا کسی اور وقیع اخبار میں شائع ہونے کا "فخر" حاصل نہیں ہوا۔ مگر ہم مزید کشف حقیقت کیلئے ذیل کا جوابی مضمون درج کرتے ہیں۔ (مدیر)

اختلاف مذاہب

تنبیہات کا خلاصہ

دین کی حقیقت

اسلام اور دین الٰہی

دین کی یکسانیت اور مذہب کا اختلاف

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم جمعہ ۱۶ ر رمضان المبارک ۱۳۵۱ ہجری

ریاست الور کی خونچکاں داستان

اضطراب انگیز واندوہناک اطلاعات

ریاست الور سے جو خبریں آ رہی ہیں اور ان خبروں کی بنا پر دہلی میں جو بلیے چوڑے پوسٹر شائع کیے جا رہے ہیں انہیں پڑھ پڑھ کر یقیناً ہندوستان کے مسلمان مضطرب دبے چین ہوں گے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ الور کے مسلمانوں کی تباہی و بربادی پر جس قدر ماتم کیا جائے کم ہے کیونکہ میواتیوں کی یہ جری و بہادر قوم اس وقت اس طرح مصیبت میں مبتلا ہے اور اس کے شہداء و مجروحین کی تعداد اس قدر بڑھ گئی ہے کہ مدتہا سال تک اس کی تلافی ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ کون بدنصیب مسلمان ایسا ہوگا جو اپنے بھائیوں کی شہادت و جراحت کے زہرہ گداز حالات سے اور ان مصیبت زدگان کی داستان پڑھے جو الور سے بھاگ کر گڑگانواں کے ضلع میں جمع ہو رہے ہیں اور اس کی آنکھوں سے خون کے دریا نہ بہ جائیں۔ ہر مسلمان کی اسلامی اخوت کا تقاضا یہ ہے کہ خواہ وہ دنیا کے کسی گوشے میں کیوں نہ آباد ہو جب کسی مسلمان کی مصیبت سے ... کو اسی طرح محسوس کرے کہ گویا وہ اس پر پڑی ہے۔ اس لئے مسلمانوں کا الور کے مسلم میواتیوں کی تباہ حالی پر مضطرب و پریشان ہو جانا ایک قدرتی امر ہے اور حقیقت یہ ہے کہ جب تک یہ اضطراب انگیز خبریں آتی رہیں گی کہ الور کے مسلمانوں پر مصائب کے پہاڑ ٹوٹ رہے ہیں ہندوستان کے قلب کو ... آرام میسر نہ آ سکے گا۔

اگر مسلم میواتیوں کے خون کے اس طرح بے دریغ بہنے کی قیمت اب بھی آپ پر ظاہر نہ ہوئی ہو تو اس سے زیادہ واضح اور صاف الفاظ آپ کو دنیا کے پردہ پر کہیں بھی نہ ملیں گے۔

پوسٹر اور مضامین

دوسری طرف برطانی ہند کے وہ غرض پسند و فتنہ انگیز اشخاص ہیں جو اس موقع کے لئے بہت دنوں سے منتظر بیٹھے تھے وہ بھی اب کیل کانٹے سے درست ہو کر میدان میں نکل آئے ہیں اور اپنا کھویا ہوا اعتماد دوبارہ حاصل کرنے کے لئے شہداء الور کے خون کو روپیہ بنا لے اور برطانی ہند میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کے لئے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ بڑے بڑے پوسٹر شائع ہو رہے ہیں، اشتعال انگیز مضامین لکھے جا رہے ہیں، برطانیہ سے درخواستیں کی جا رہی ہیں کہ ریاست الور میں مداخلت کر کے مسلمانوں کو بچایا جائے ... ریاست کے ہیں اس لئے برطانی ہند میں تم بھی اپنے بھائیوں کا بدلہ لو اور ہندوستان کی فضا کو فرقہ وارانہ فسادات کے لئے صاف کر دو۔ ایک طرف ڈاکٹر مونجے کا بیان ہے کہ الور کے ... دوسری طرف ان ہزار دفعہ کے کنائے مفسدوں اور فتنہ انگیزوں کے اعلانات و مضامین ہیں جن کا مقصد سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہے کہ مسلمانوں کی جیبوں سے اپنے لئے چندہ جمع کیا جائے ...

زبردست خطرہ

سہسرام (صوبہ بہار) میں ہر سال حضرت سید شاہ وحید الدین اختر چشتی نور اللہ مرقدہ کا سالانہ عرس بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے جس میں اکناف ہند کے مشائخ ارادت کیشان اور عام مسلمانوں کا کثیر التعداد اجتماع ہوتا ہے۔ امسال بھی اسی دلچسپی اور شرکت کے ساتھ عقیدت مندوں کا اجتماع ہوا اور مجالس سماع خوب گرم ہوئیں۔ لیکن سال ہائے ماسبق اور امسال کے عرس میں زمین و آسمان کا فرق تھا یعنی یہ کہ گذشتہ موقع پر جو رنگ کشتیں ہوتی چلی آئی تھیں ان سب کی تلافی امسال کر دی گئی اور عرس کے حقیقی نصب العین کو از سر نو زندہ کیا گیا۔ سہسرام والوں کی خوش بختی تھی کہ اس موقعہ پر حضرت مولانا حاجی سید شاہ عبد الرحمن صاحب چشتی دہلوی مدراس سے تشریف لائے اور آپ نے اکثر تمام صوفیا میں ایک انقلاب پیدا کر دیا ختم کے بعد شاہ صاحب کے وعظ کا اعلان کیا گیا۔ چنانچہ اشتوال کو آپ کا پہلا وعظ ہوا جس میں آپ نے نہایت شرح و بسط اور دلنشین پیرایہ میں صوفیا کے فرائض اور ان کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی اور شریعت حقہ کی رو سے حقیقی تصوف کے چہرہ کو بے نقاب فرمایا۔

اولیاء الرحمن و اولیاء الشیطان

آپ نے اپنے پُر اثر خطبہ میں دو چیزوں پر خاص طور سے روشنی ڈالی۔ اول آپ نے فرمایا کہ آجکل بکثرت اور نا ہموار صوفیوں نے اولیاء اللہ کا غلط مفہوم سمجھ رکھا ہے اور ان کی ولایت کو صرف یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ اپنی کرامتوں کا مظاہرہ کرتے رہیں آپ نے اولیاء الرحمن اور اولیاء الشیطان میں فرق بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر ولایت اور کرامت صرف اسی چیز کا نام ہے کہ لوگوں کو تعویز گنڈوں سے نوازا جائے اور چند کرامتوں کا مظاہرہ کر کے عوام کے قلوب کو مسخر کر لیا جائے تو پھر ولایت کی کوئی قدر و قیمت باقی نہیں رہتی اور یہ چیزیں ...

[illegible]

مولانا قاری حکیم محمد منعم صاحب فاضل دیوبند منعقد ہوا تلاوت قرآن مجید کے بعد کارروائی اجلاس شروع ہوئی اول چار ممبران مجلس منتظمہ کا مزید اضافہ کیا گیا جن کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔ مولانا غلام انور صاحب صابری، ابو الظہار احمد صاحب دیوبندی، مولوی حافظ انوار کریم صاحب، مسٹر سید افضال الرحمن صاحب رضوی۔

اس کے بعد تین تجاویز پیش کی گئیں جو کہ بالاتفاق منظور ہوئیں۔ تجویز: انجمن امداد الاسلام کی مجلس منتظمہ کا یہ اجلاس حکومت ہند سے پُر زور اپیل کرتا ہے کہ عراق و نیپال وغیرہ کے حکمرانوں کے ... حافظ علوم الاسلام والدین اعلیٰ حضرت سلطان العلوم ... نواب میر عثمان علی خاں صاحب آصف جاہ سابع خلد اللہ ملکہ ... حکومت برطانیہ ہز مجسٹی کا اعلیٰ ترین خطاب عطا کر کے دوستانہ تعلقات میں مزید اضافہ کرے گی۔

انجمن امداد الاسلام دیوبند کی مجلس منتظمہ کا یہ ماہانہ اجلاس حضرت ظفر والدین مولانا ظفر علی خاں صاحب کی اس مبارک تحریک پر جو کہ مولانا نے مسلمانوں کی فلاح و بہبود اور تباہی سے نجات دلانے کے لئے تجویز فرمائی ہے بنظر استحسان دیکھتے ہوئے مسلمانان ہند سے پُر زور الفاظ میں اپیل کرتا ہے کہ وہ اس تحریک کو گوش ہوش سے سنتے ہوئے مولانا کی اس تحریک میں ہاتھ بٹا کر اجر عظیم حاصل کریں اور نیز مولانا موصوف کامیابی کے لئے بارگاہ خداوندی میں دعا کرتا ہے۔

پیرزادہ سید حسن رضوی سکرٹری انجمن امداد الاسلام دیوبند

میونسپل کمیٹی کی عجیب کفایت شعاری
چیچک کی خطرناک تباہ کاریاں

آجکل چیچک کے امراض سے جس طرح خورد و کلاں موت کا شکار ہو رہے ہیں وہ محتاج بیان نہیں ہے اس کی پوری مدافعت سے بڑی بڑی ذمہ دار ہستیاں قاصر نظر آتی ہیں۔ تعلیم میں بچے اور سکھایا جاتا ہے کہ اس مرض ...

[illegible]

کشمیر میں سیلاب ارتداد
فتنہ قادیان سے مسلمانوں کو بچانے کی ضرورت

کشمیر کمیٹی کی کفر پرور سرگرمیاں رنگ لا رہی ہیں کشمیر میں مرزائیت کی جڑیں مستحکم و استوار ہو رہی ہیں۔ لوگوں کے دلوں میں مرزائیت کے لئے وقار حاصل کیا گیا ہے۔ سوموار ۷ رجنوری ۱۹۳۳ء کو قادیان سے مبلغین کے دو قافلے مرزائیت کی تبلیغ کے لئے کشمیر کی طرف روانہ ہو گئے تھے۔ ایک قافلہ بسر کردگی مولوی محمد یوسف شمالی کشمیر کے علاقہ اوتر مچھندر بل کنگن، سلونسرک، علاقہ سوپور، بارہ مولا اور ہندواڑہ کے ملحقہ دیہات میں دورہ کر رہا ہے۔ دوسرا دستہ بسر کردگی مولوی عبد الواحد جنوبی کشمیر کے علاقہ سری نگر، اسلام آباد، پلوامہ، کولگام، شوپیان، نسٹور اور راٹھی پورہ میں مرزائیت کا زہر پھیلا رہا ہے۔

اس سے پہلے شوپیاں وغیرہ میں مرزائی نہایت زور سے کام کر رہے ہیں کشمیر سے نوجوان طلبہ فراہم کر کے قادیان بھیجے جاتے ہیں۔ اور انہیں ضروری تعلیم دیکر تبلیغ کی خدمت پر مامور کیا جاتا ہے ہندوستان کی تمام اسلامی انجمنیں خدا جانے کیا کر رہی ہیں، مجلس دعوت و ارشاد لاہور، انجمن تائید الاسلام لاہور، انجمن حزب الاحناف لاہور، انجمن خدام الدین لاہور، جمعیۃ العلماء ہند، مجلس احرار، مجلس خدام الصوفیہ ہند، مجلس مباہلہ مرکزی، دار العلوم دیوبند، ندوۃ العلماء و جملہ اسلامی انجمنوں کی خدمت میں عاجزانہ درخواست ہے کہ فتنہ کے سدباب کے لئے فوری توجہ کریں اور اس کو فتنہ اشد ہی سے ... جن احباب کی نظر سے یہ سطور گزریں وہ اپنی اپنی متعلقہ اسلامی انجمنوں کے ارکین کو اس کی طرف توجہ دلائیں خصوصاً کشمیری احباب ہمیں اپنے قیمتی مشوروں سے ضرور مستفیض کریں۔ حزب الانصار کا تبلیغی وفد دورہ کشمیر کے لئے تیار ہے مگر اتنے بڑے اہم کام کے لئے سرمایہ کے علاوہ کشمیری علماء زعماء کی ہمدردی و امداد عمل کی سخت ضرورت ہے۔

حزب الانصار کے غریب و مفلس ارکان اسی قدر کثیر مصارف کے متحمل نہیں ہو سکتے مصارف سفر کے لئے فوری امداد درکار ہے مخیر اصحاب ...

(مظہر احمد بگوی صدر حزب الانصار بھیرہ پنجاب)

مراسلات

(اڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

آل انڈیا شیعہ کانفرنس میں ممبران کا انتخاب

ایک عام جلسہ مجلس استقبالیہ بست و نہم آل انڈیا شیعہ کانفرنس مورخہ ۱۲ فروری ۱۹۳۳ء بوقت ۲ بجے دن بمقام بنگلہ جناب نواب ابو الحسن صاحب بلگرامی منعقد ہوا جلسہ مذکور میں صرف انتخاب عہدہ داران و ممبران مجلس انتظامیہ مجلس استقبالیہ آل انڈیا شیعہ کانفرنس عمل میں آیا جلسہ زیر صدارت جناب سید منظور حسین صاحب موسوی ایم۔ اے منعقد ہوا جلسہ ہذا میں انتخاب بذریعہ بیلٹ پیپر ہوا اور مندرجہ ذیل اصحاب عہدہ داران و ممبران مجلس استقبالیہ منتخب کئے گئے۔

(۱) صدر۔ میر محمد حسین صاحب مالک رنگین قلم کمپنی دہلی۔
(۲) نائب صدر۔ سید محمد ہاشم صاحب ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل بی اسسٹنٹ ...
(۳) نائب صدر۔ نواب سید ہادی حسین صاحب رضوی۔ بی اے۔
(۴) جنرل سکرٹری۔ نواب سید رضا میرزا صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی وکیل
(۵) جوائنٹ سکرٹری۔ آغا محمد طاہر صاحب نبیرہ شمس العلماء مولانا محمد حسین صاحب آزاد
(۶) خزانچی۔ حاجی میر مقبول حسین صاحب رئیس فرید پور۔
(۷) پروپیگنڈا سکرٹری۔ سید مرغوب علی صاحب زیدی نبیرہ سید علی صاحب زمیندار ...

مجلس انتظامیہ کے ارکان حسب ذیل ہیں۔
(۱) نواب سید احسن مرزا صاحب موسوی۔
(۲) نواب سید احمد مرزا صاحب موسوی
(۳) نواب سید ابو الحسن صاحب بلگرامی
(۴) سید منظور حسین صاحب موسوی ایم۔ اے پروفیسر عربک کالج۔

[illegible]

(سید مرغوب علی زیدی)

خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

اعلان مدرسہ عالیہ عربیہ فتحپوری

[illegible]

سلطان محمد عفی عنہ صدر مدرس مدرسہ عالیہ فتحپوری

تندرستی کی شاہراہ

... خوفناک نتائج ... متواتر خسارہ کو پورا کیا جا سکتا ہے

اکسیر نمبر ۸۰ — اکسیر جز ۲ — اکسیر نمبر ۶ — اکسیر ۳۹ — اکسیر ۳

امرت دھارا اوشدھالیہ، امرت دھارا بھون، امرت دھارا روڈ، لاہور

صفت راحت — چہ گفت

حیات طیبہ

دونوں معتبر ... ڈاکخانہ کی طرف

کلکتہ مسلم نوجوان پارٹی
جناب ڈاکٹر سید محمود صاحب کا مفید مشورہ

کلکتہ مسلم نوجوان پارٹی کی دعوت پر جناب ڈاکٹر سید محمود صاحب در مرزا باقر علی صاحب بی اے۔ ایل اکسن کے ہمراہ تاریخ ۱۱ر فروری روز شنبہ بوقت ۵½ بجے شام دفتر میں تشریف لائے۔ دیر تک نوجوانوں سے گفت و شنید کا سلسلہ جاری رکھا اور نوجوانوں کی سرگرمیوں کا مطالعہ کر کے آپ کو بے حد مسرت ہوئی اور نہایت حوصلہ افزا خیالات کا اظہار کیا۔ آپ نے تمام نوجوانوں کو یہ مشورہ دیا کہ مسلمان رہ کر آزادی ملک میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اور اس سے گریز نہ کریں۔ اور شخصیت پرستی کو بالکل خیرباد کہدیں کیونکہ اسی چیز نے ملک کو اب تک نقصان پہنچایا ہے۔ اس کے بعد مختلف مسائل پر دیر تک روشنی ڈالی۔

بعدہ مولانا غلام رسول صاحب نے نوجوان پارٹی کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ اور صاف لفظوں میں کہا کہ نوجوان پارٹی خالصاً لوجہ اللہ کام کرنے کے لئے منظر عام پر آئی ہے۔ اور اس نے آج تک بڑے لوگوں یا معزز لوگوں کے آگے کسی قسم کی مدد کے لئے ہاتھ نہیں بڑھایا۔ اور نہ آئندہ ہاتھ بڑھائیں گی بعدہ جناب ڈاکٹر منظور الحق صاحب صدیقی نے نوجوانوں کو ان خیالات سے آگاہ کیا جو ہو دو آپ کو جمہور اخبار کلکتہ کے ادارت کے زمانہ سے اس ...

تک پہنچ آئے ہیں۔ اور شبہ دیا کہ اگر آپ لوگ ثابت قدم رہیں گے تو پھر آپ کے تمام دشمن سرنگوں ہو جائیں گے۔ حاضرین جلسہ میں نوجوان پارٹی کے علاوہ، خدا بخش عمر حیات صاحب پنجابی، جناب عبد الرحمن صاحب ڈیکیم الدین صاحب پنجابی۔ محمد بشیر الدین صاحب مالک بسر کمپنی و دیگر معزز حضرات موجود تھے۔ جناب ڈاکٹر سید محمود صاحب و مرزا باقر علی صاحب کو کمیٹی کی طرف سے مسٹر محمد اسحاق صاحب نائب صدر نے پھول کے ہار پہنائے ڈاکٹر صاحب ممدوح و حاضرین جلسہ کی ضیافت۔ مسٹر محمد اسحاق صاحب نائب صدر و مسٹر محمد یعقوب صاحب خازن نے پر لطف ناشتہ اور چائے سے کی۔ اس کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔

نیازمند۔ محمد شبیر خاں سکرٹری کلکتہ مسلم نوجوان پارٹی ۳۶ نواب بدر الدین اسٹریٹ

غازی رؤف بے سابق وزیر اعظم ترکی سے استصواب

ہم ہز اکسلنسی غازی رؤف بے سابق وزیر اعظم ترکی کی تشریف آوری پر صدق دل سے ہدیہ تہنیت و تبریک پیش کرتے ہوئے غازی موصوف کی خدمت اقدس میں بصد ادب چند سوالات پیش کرنے کی جرات کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ موجودہ ترکی حکومت کے متعلق غیر مسلم خبر رساں ایجنسیوں نے ترکوں کی مغرب پرستی کا جو دنیا میں ڈھول پیٹ کر مسلمانان عالم کو بالعموم ...

[illegible]

لارج انگلش ٹیچر

بغیر استاد اس کتاب سے معمولی اردو خواں چند یوم میں انگریزی لکھنا پڑھنا بولنا خط عرضی تار گرامر ٹرانسلیشن اڈیم ڈکشنری اسٹر رائیٹر وغیرہ سب کچھ سیکھ لے گا۔ قیمت عیر محصول علیحدہ۔ لاٹ النساء قیمت ...
پتہ۔ دفتر چین بکڈپو، علی گڈھ سٹی

حب نعمت (رجسٹرڈ)

جریان سرعت کثرت احتلام ضعف باہ وغیرہ کی بے نظیر دوا ہے اعضاء رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے اور قوت مردمی کو بحال کرتی ہے۔ یہ گولیاں ہزار ہا مریضوں پر تجربہ کی جا چکی ہیں اور لاکھوں انسان ان کی شہرت سے واقف ہیں ۳۲ گولیوں کی قیمت ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک کارخانہ کی بڑی فہرست اردو بہ مفت طلب کیجئے۔
منیجر دواخانہ بقائی (رجسٹرڈ) بازار چتلی قبر دہلی

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

سفید بال جڑ سے کالا

بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس نمبر ... دور بھنگہ

کٹ پیس کا تازہ چالان آگیا ہے

ایس رفیق بھائی جنرل۔ پیلس ریٹیکب سرکل بمبئی

جامع اللغات اردو
دنیا میں سب سے بڑا لغت شائع ہو گیا

مصنفہ خواجہ عبد المجید
حصہ اول

خواجہ ایم محمود ملوی منیجر جامع اللغات کمپنی لاہور ...

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب کیجئے

قرص ابیض

یہ دوا مسیح الملک حاذق حکیم محمد اجمل خاں صاحب کے خاص الخاص مجربات سے ہے جریان جیسے خبیث مرض کو بالکل دور کر دیتی ہے دافع جریان دوائیں مغلظ ہونے کی وجہ سے بالعموم بھوک کو بند کر دیتی ہیں۔ لیکن یہ دوا اس نقص سے پاک ہی نہیں بلکہ خوب بھوک لگاتی ہے جگر اور مثانہ کی حرارت کو دور کرتی ہے۔ سوزاک کے بعد جریان ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے بھی یہ بے نظیر چیز ہے۔

قیمت ۳۲ قرص دو روپے (عہ/)

اکسیر نسواں

عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک نہ ہندوستان میں ہے اور نہ یورپ میں۔ ضعف رحم، ورم رحم۔ سیلان الرحم ایام حیض کی بے قاعدگی ان کا جلد جلد یا رک رک کر آنا درد کے ساتھ آنا۔ اولاد کا نہ ہونا، اسقاط حمل اور اختناق الرحم وغیرہ امراض نسواں کے لئے از بس مفید اور کامیاب دوا ہے تندرست عورتیں اس کو استعمال کر کے امراض سے محفوظ رہتی ہیں۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ)

ملین

یہ دافع قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے معدہ اور آنتوں کو بالکل صاف کر دیتی ہے۔ قبض سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً درد سر دنیا ہو یا چکر آنا اور آشوب چشم وغیرہ اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ موسمی بخاروں میں اس کا استعمال بطور ایک دافع قبض دوا کے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ الغرض یہ قبض کے لئے نہایت مفید اور مقبول عام دوا ہے۔

قیمت ۸۰ قرص ایک روپیہ چار آنہ

جوہری

مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے وہ خاص دوا ہے جس سے اب تک ہزار ہا مریض اچھے ہو چکے ہیں آتشک نئی ہو یا پرانی اس کو نیست و نابود کر دیتی ہے آتشک کے سبب سے گٹھیا اور عرق النسا جیسے امراض پیدا ہو جاتے ہیں بعض مریضوں میں غلبہ سوداویت کے باعث گھبراہٹ پیدا ہو جاتی ہے اس کے ازالہ کے لئے بھی یہ دوا بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔

قیمت پندرہ یوم دو روپیہ (عہ/)

ملنے کا پتہ:۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ

سہ روزہ — ید اللہ علی الجماعۃ — دہلی

قیمت اخبار — ہندستان کیلئے: سالانہ، ششماہی، سہ ماہی — ممالک غیر کے لئے: سالانہ، ششماہی — نمونہ مفت — فی پرچہ ایک آنہ

تار کا پتہ: الجمعیۃ

نرخنامہ: ایک صفحہ، نصف صفحہ، ایک کالم، ½ کالم، ¼ کالم

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ ۳ / چہارشنبہ ۴ ذیقعدہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۸ فروری / یکم مارچ ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۵ / ۱۶

معاصرین کے افکار و آراء

گاندھی اور مالوی میں اختلاف (زمیندار)

مندروں میں اچھوتوں کے داخلہ کے لئے جو تحریک شروع ہوئی تھی اس کے متعلق پنڈت مالوی نے بھی گاندھی جی کی پوری ہمنوائی کی تھی۔ لیکن جونہی اس تحریک نے قانونی شکل اختیار کرلینے کے امکانات پیدا ہوئے۔ ہندوؤں کے ... اور پنڈت مالوی نے ... کا اعلان گاندھی جی سے اختلاف کا اعلان کردیا۔

قانون جو اس سلسلہ میں اسمبلی میں پیش کیا جارہا ہے محض اس قانونی رکاوٹ کو دور کرنے کے لئے ہے جو اچھوتوں کے مندر میں داخل ہونے کی راہ میں حائل ہے ...

امن کی ضرورت (مدینہ)

ہمارا خیال ہے کہ کانگریس کا کوئی قیدی اور کوئی رہنما ان قراردادوں کا حامی نہیں ہے جو اسمبلی اور پراونشل کونسل میں آج کل پیش ہو چکی ہیں یا زیر بحث ہیں ...

نامنظور (الجمل)

کانگریس اور آئندہ اصلاحات

امریکہ اور شراب

مغرب زدہ خواتین سے ایک سوال

سودیشی کی سرپرستی

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

سلطان صلاح الدین اور رچرڈ کا مقابلہ

تیسری صلیبی جنگ کیلئے انگلستان فرانس اور جرمنی کی تیاریاں

ارض مقدس کو واپس لینے میں عیسائیوں کی ناکامی

ناظرین کرام گزشتہ اشاعت میں بیت المقدس کی فتح پر سلطان صلاح الدین کے انسانی اخلاق کے متعدد نمونے دیکھ چکے ہیں جن سے ہر شخص اندازہ لگا سکتا ہے کہ نازک سے نازک موقعہ پر بھی ایک مسلمان قرآن حکیم کی تعلیم پر عمل کرنے کے لئے مجبور ہے اور اس کے مقابلہ میں کفار ... تنگدلی کے مظاہروں میں ہمیشہ پیش پیش رہتے ہیں اور وہ اپنے آپ کو اخلاق کی پابندیوں سے بے نیاز سمجھتے ہیں۔

بیت المقدس کی فتح نے تمام یورپ کے عیسائیوں کو انتقام پر آمادہ کردیا اور وہ سلطان صلاح الدین کی کامیابی کو دیکھ کر دانت پیستے رہ گئے۔ آخر شاہ جرمنی فریڈرک، شاہ فرانس، آگسٹس اور شاہ انگلستان رچرڈ (شیر دل) نے متفق ہوکر ارادہ کیا کہ ... فلسطین کو مسلمانوں کے پنجہ سے نکالا جائے ...

تیسری صلیبی جنگ کی پہلی برکت

یہودیوں کی کونسل کا فیصلہ

اس امر خاص پر مشورہ کرنے کیلئے یہودیوں کی کونسل منعقد ہوئی جس میں انکے ربی (پیشوا) نے یہ رائے دی کہ ان خونناک توہینوں اور وحشتناک آزار رسانیوں سے بچنے کے لئے جو ہماری بیویوں، بچوں اور خود ہمارے ساتھ عمل میں آئیں گی یہی بہتر ہے کہ ہم راضی برضا ہوکر اپنی جانیں خالق کی نذر کردیں اور خود اپنے ہاتھوں اپنا خاتمہ کردیں ...

رچرڈ کی تیاریاں

یہودیوں کا قتل عام

(باقی آئندہ)

(بسلسلہ صفحہ ۸ کالم ...)

صداقت و ایمانداری ہمیشہ خدا اور اس پر عمل ہمارا فرض ہے

نوساری والے کا شراب طہور (رجسٹرڈ)

... نوساری دواخانہ قریب جے جے ہاسپٹل بمبئی پوسٹ نمبر ۹

ترجمان القرآن

(از حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد)

اردو زبان میں قرآن حکیم کے مطالب کی بہترین شرح ... ہدیہ مجلد سات روپیہ، ... علاوہ محصولڈاک۔

حمائل شریف

بہترین کتابت و طباعت ... ایک روپیہ ... علاوہ محصولڈاک

حضرت العلامہ مولانا شبیر احمد عثمانی (دیوبند) فرماتے ہیں!

کتاب عربی کا معلم

... صدر العلماء نواب صدر یار جنگ مولانا حبیب الرحمن شروانی ... فرماتے ہیں ... حضرت الفاضل مولانا خواجہ عبد الحی ... فرماتے ہیں ...

عبد الوحید صدیقی منیجر الجمعیۃ دہلی سے طلب فرمائیے

"ترجمان سرحد" ٹیکسلا

سرحد کا سب سے پہلا اور پرانا اخبار ہے

تقریباً ہر تعلیم یافتہ سرحدی (تاجر، خان، ملازم، زمیندار، طالبعلم) ترجمان سرحد کو پڑھتا ہے
صوبہ سرحد اور ماورائے سرحد کا یہ سب سے زیادہ اور نہایت کثیر الاشاعت اخبار ہے
صوبہ سرحد میں اصلاحات نافذ کرنے کی تحریک کا بانی و علمبردار ہے۔ ... اصلاحات پسند قومی جماعت کا ایک طرح آرگن ہے۔
کشمیر، شمالی پنجاب، بلوچستان اور کشمیر نیز افریقہ، جزائر ملایا وغیرہ میں بھی کافی اشاعت ہے
لہذا ترجمان سرحد ٹیکسلا میں اشتہار دینا توسیع تجارت و فروخت مصنوعات کا یقینی اور منفعت بخش ذریعہ ہے۔ منیجر ترجمان سرحد ٹیکسلا (TAXILA) سے خط و کتابت کیجئے۔

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

... منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

علماء صلحاء محدثین مفسرین نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ

قرآن مجید

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابل قدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب، مفتی اعظم صدر العلماء حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب، اسد الاسلام حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب، مسیح الملک حافظ محمد اجمل خاں صاحب مرحوم، حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے متبحر اور مقدس علماء نے اسے بے حد پسند فرمایا ہے اور نہایت پرزور الفاظ میں مسلمانوں سے اس کے متعلق سفارشیں کی ہیں۔ ایک مسلمان کے لئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہوسکتا خود طلب فرمائیے اپنے عزیزوں کیلئے منگائیے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجئے۔

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، مولانا شاہ عبد القادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل الفاظ چھاپی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

شوال تک کے لئے

پانچ قرآن مجید ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی رقم پر عہ کم کردئے جائیں گے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کردینے والا

قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ پر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے، اعراب زیر زبر پیش ایسے بامو قع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے

کہ وہ ہمسے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اس میں تلاوت کرے اور جنہیں اللہ نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگا کر غریبوں طالب علموں مسجدوں یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلا کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھرلیں۔

یہ قرآن مجید سعرا اور مترجم دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے ترجمہ حضرت حکیم الامتہ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے صدیہ بغیر ترجمہ صرف ایک روپیہ بلا جلد کا ہے جلد علاوہ محصولڈاک کپڑے کی ۸ / اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ لیا جائے گا۔ صدیہ مترجم حنا شدہ کاغذ چکنا قسم اعلےٰ تین روپے علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد ۸ / چمڑے کی جلد کا عہ ہدیہ کے علاوہ ہوگا۔

شوال تک خاص رعایت

یہ تو آپ خود بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کم سے کم رکھا گیا ہے لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہے لہذا اخیر شوال تک کے لئے ذیل کی رعایتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔

پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ۲ / کی کمی کردی جائے گی۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

داخلہ منادر اور ساردا ایکٹ

داخلہ منادر کے متعلق اسمبلی کے ہندو اراکین کی جانب سے جو قرارداد موجودہ اجلاس میں پیش کی جا رہی ہے اس پر بحث کرتے ہوئے بعض حضرات نہایت غلط طریقے پر ساردا ایکٹ کا ذکر بھی کر دیتے ہیں اور ان دونوں کو مساوی حیثیت میں پیش کر کے نہایت گمراہ کن نتائج اخذ کرتے ہیں حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ داخلہ منادر کے لئے جو کوشش کی جا رہی ہے اس کی نوعیت ساردا ایکٹ سے بالکل مختلف ہے۔ ساردا ایکٹ کا مقصد تو یہ ہے کہ مذہب نے جس فعل کو جائز و مباح اور بعض صورتوں میں مستحسن قرار دیا ہے اس کو جبر و اکراہ کے ساتھ بذریعہ قانون روکا جائے اور اس طرح مذہبی مداخلت کا ارتکاب کر کے حکومت کے اس صریح اعلان کی خلاف ورزی کی جائے کہ مذہب قانون کی دستبرد سے آزاد رہے گا لیکن اس کے بالکل برخلاف داخلہ منادر کی سعی کا مفہوم یہ ہے کہ ایک خالص مذہبی معاملہ میں جو قانونی مداخلت کی جا چکی ہے اور جس کی بدولت اچھوتوں کا داخلہ مندروں میں ممنوع قرار دیا گیا ہے اسے دور کیا جائے اور قانونی غلطی کی قانون ہی کے ذریعہ اصلاح کر دی جائے۔ داخلہ منادر …

اور اس کے بعد بھی کمپنیوں پر یہ لازمی نہیں ہوگا کہ وہ جہاز چھپا ہی کر دیں بلکہ انہیں صرف ہر حاجی کے لئے ایک روپیہ روزانہ دینا پڑے گا جو کسی طرح بھی اس تکلیف کا معاوضہ نہیں ہو سکتا جو حاجی برداشت کرتے ہیں۔ حکومت کے اس قانون کی حمایت کس انداز میں کی جا رہی ہے۔ گویا حاجیوں کی تکلیف کا بڑا خیال ہے۔ ۲۵ دن تک انہیں انتظار نہ کرایا جائے۔ بندرہ دن تک کرایا جائے۔ اور اس کے بعد ایک روپیہ روزانہ دے کر جب تک کے لئے کمپنی چاہے لٹکا دیا جائے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

خاص حالات میں اجازت

فقرہ ساد کی آخری شق ملاحظہ ہو:۔

"ہر جہاز راں کمپنی پر یہ ذمہ داری عائد کی جائے کہ وہ حجاج کے لئے اذراں اور عمدہ کھانا مہیا کرے۔ لیکن حجاج کو اس کی اجازت ہو کہ وہ خاص حالات میں کھانا تیار کر سکیں۔"

کھانا پکانے کے سلسلہ میں جدید مسودہ قانون میں جو رعایت کی گئی ہے اس سے قارئین کرام واقف ہیں۔ بجائے اس کے کہ عام مسلمانوں کی ترجمانی کرتے ہوئے یہ کہا جاتا کہ کھانا پکانے پر کسی قسم کی پابندی عائد نہ کی جائے …

استعمال انگریزی و دلآزاری

صاف گوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ و چہار شنبہ ۳ و ۴ ذیقعدہ ۱۳۵۱ھ

"صوبہ سرحد" کے بعد "سوات" حج

مسلمانوں کے نام سے حکومت کا کام

صرف سولہ فٹ جگہ

اس فقرہ دادل کی سب سے پہلی شق حسب ذیل ہے:۔

"ہر حاجی کے لئے جو سولہ فٹ جگہ مقرر کی گئی ہے اس کو نمایاں …"

نہ صرف قارئین الجمعیۃ بلکہ ہندوستان کے تمام مسلمانوں کو جو سیاسیات سے دلچسپی رکھتے ہیں اور اخبارات کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں۔ اواخر ۱۹۳۰ء اور اوائل ۱۹۳۲ء کا وہ دور جو کہ جب کہ صوبہ سرحد کی غیور و بہادر مسلم آبادی کے خلاف …

افسوسناک اقدام

ناقابل برداشت پابندی

"حیرت انگیز"

اتحاد ناسعود

مسلمانان ہند کا فرض

بر طریب تائید

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ممالک اسلامیہ کا فلسفیانہ تجزیہ

ترکی۔ افغانستان اور حجاز میزان سیاست میں

ڈاکٹر بردک کے ایک دلچسپ لیکچر کا اقتباس

عربی زبان اور ادبیات کے فاضل ڈاکٹر بردک نے گزشتہ ماہ امریکہ کی ایک یونیورسٹی میں بعض مستشرقین کے اصرار پر ایک خطبہ دیا تھا جس میں عالم اسلامی اور اسلامی سیاست پر اظہار خیال فرماتے ہوئے آپ نے یہ پیشگوئی کی تھی کہ اسلام کا نظام حکومت آئندہ نظام اور دستور میں ایک بنیادی عنصر ثابت ہوگا …

افغانستان اور حجاز

عراق و ایران

نتائج و اثرات

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

مجلس اقوام کسی مرض کا علاج نہیں ہے

معاہدات کو در گور کر کے جرمنی کے ساتھ انصاف کی ضرورت

اٹلی کے نمائندہ سکنور گرانڈی کے جانشین کا بیان

اٹلی کی طرف سے مجلس اقوام کے لئے سکنور گرانڈی کی جگہ بیرن آلائی کو نمائندہ بنا کر بھیجا گیا تھا۔ انہوں نے اخبار "نیوز کرانیکل" کے نمائندہ سے دوران ملاقات میں ذیل کے خیالات ظاہر فرمائے اور مجلس اقوام پر بیدردی کے ساتھ نکتہ چینی کی …

مجلس اقوام کیسی ہونی چاہئے؟

سیاست اور اقتصادیات کا لزوم

جرمنی کے ساتھ ناانصافی

جاپان کی آبادی میں اضافہ

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین ان مسائل کے بارے میں؟ زید مرحوم صاحب جائیداد تھے اور کچھ مقروض بھی تھے۔ زید مرحوم کی وصیت تھی …

الجواب

استفتاء

الجواب

نکات و لطائف

(از ملا رموزی قلم خود)

یاد ش بخیر انگریزوں کی گورنمنٹ نے دہلی میں ہمارے قیام و طعام کا جو …

دار الحکومت

جامع مسجد دہلی میں مسلمانوں کا اہم اجتماع

غلام اور آزاد اقوام کا نفسیاتی فلسفہ

ڈاکٹر زین العابدین صاحب کی بصیرت افروز تقریر

دہلی ۲۴ فروری۔ آج بعد نماز جمعہ زیر اہتمام جمعیۃ علماء ہند بصدارت مولانا ڈاکٹر زین العابدین صاحب ندوی مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ صاحب صدر نے اپنی تقریر کے دوران میں جمعیۃ علماء ہند کی اہم ملکی و مذہبی خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستانیوں کا قلب دماغ اور عقل تینوں غلام ہیں اور جب تک یہ تینوں چیزیں آزاد نہ ہوں گی کبھی ہندوستان کے اندر کوئی تحریک کامیاب نہیں ہو سکتی۔ آپ نے مزید فرمایا کہ غلامی کی زندگی بدترین مصیبت ہے اور اس سے گلو خلاصی ہمارا فرض عین ہے۔

آپ نے مثال کے طور پر فرمایا کہ آزاد اور غلام کی زندگی میں کیا فرق ہے۔ اس کو امریکہ میں جا کر دیکھا جائے کہ کینیڈا اور یونائیٹڈ اسٹیٹ کے درمیان ایک چھوٹا سا دریا حائل ہے۔ کینیڈا کے باشندوں میں عام طور پر ایمانی و جسمانی کمزوری پائی جاتی ہے اور وہ علو حوصلگی اور بلند خیالی سے کوسوں دور ہیں اور یونائیٹڈ اسٹیٹ کے باشندے ایک زندہ و جانباز قوم کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں اور آزادی کی نعمت سے فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ موصوف کی تقریر کا سلسلہ ایک گھنٹہ تک جاری رہا۔ اس کے بعد دعا پر جلسہ ختم ہوا۔

ایڈیٹر الجمعیۃ کے دولت کدہ پر معززین کا اجتماع

ضیاء الملک ملا رموزی صاحب کی پر تکلف ضیافت

گزشتہ جمعہ کو جناب ہلال احمد صاحب زبیری بی اے ایڈیٹر "الجمعیۃ" نے اپنے دولت کدہ پر ضیاء الملک ملا رموزی صاحب کو ایک پر تکلف ضیافت دی جس میں رموزی صاحب کے علاوہ مقامی اخبار نویسوں اور قومی کارکنوں نے بھی شرکت فرمائی۔ ملا صاحب کی ظریفانہ گفتگو اور حاضرین کی تنقید و تبصرہ نے محفل کو پر لطف بنا دیا اور حاضرین دیر تک ایک دوسرے کے خیالات سے مستفید اور لطف اندوز ہوتے رہے۔ آخر میں رموزی صاحب نے اپنے خاص انداز میں اپنے میزبان کا شکریہ ادا کیا اور دوست و احباب کو الوداع کہتے ہوئے عازم بھوپال ہو گئے۔ امید ہے کہ ملا رموزی صاحب ایک ماہ بعد پھر دہلی تشریف فرما ہوں گے۔

دہلی کا بازار

دہلی ۲۷ فروری۔ آج دہلی مارکیٹ میں غلہ گھی۔ کھانڈ۔ قند۔ سونا اور چاندی کا بھاؤ حسب ذیل رہا۔

گندم سرخ ۱۲ سیر۔ گندم سفید ۱۱ سیر سے ۱۱½ سیر تک۔ گندم شربتی ۱۰½ سیر نخود ۱۶ سیر سے ۱۷½ سیر تک۔ جو ۱۹ سے ۲۲ سیر تک۔ باجرہ ۱۷ سے ۱۸ سیر تک مکئی ۱۹ سیر۔ جوار ۱۸ سے ۲۲ سیر تک (فی روپیہ)

آٹا چکی کا ۔/۱۳/۳ – آٹا نمبر ایک مل کا ۔/۲/۴ – آٹا نمبر ۲ مل کا ۔/۱۲/۳ بیس ۔/۱۲/۲ – رجرا ۔/۵/۴ – دال ماش سبز ۔/۸/۴ – ۔/۲/۳ – دال ماش سیاہ ۔/۱۱/۳ – ۔/۳/۴ – دال مونگ ۔/۱۰/۳ – ۔/۱۲/۳ – دال ارہر کانپوری ۔/۴/۴ – دال ارہر دہلوی ۔/۱/۴

چاول قسم اعلیٰ ۔/۱۵/۱ معمولی قسم ۔/۸/۱ – ۔/۲/۲ – چاول موٹے ۔/۵/۴ گھی قسم ۔/۴/۱ – قسم دوم ۔/۲/۱ – گڑ دیسی ۔/۲/۴ – گڑ لاہوری ۔/۱۰/۱ – کھانڈ دیسی ۔/۲/۱۲ – ۔/۱۲/۱۱ – کھانڈ دورالا ۔/۱۳/۱۲ – قند ۔/۱۰/۱۲ کانڈی ۔/۱۰/۱۶ – ۔/۸/۱۳ (فی من)

سونا پاٹلا ۔/۱۳/۲۹ – نیشنل بنک ایف دیسی ۔/۶/۲۹ – فی تولہ

مہاراجہ الور کا اعلان غیر تسلی بخش ہے

آل انڈیا مسلم پنچایت کی تجاویز

الور میں انگریز وزیر اعظم کی ڈکٹیٹری

ریاست الور میں سکون

ریلوے میں مسلمانوں کی ملازمتوں کا مسئلہ

پرمانند، مسٹر رنگا آئر اور سکھوں کا غیر منصفانہ رویہ

اسمبلی کے ممبران میں فرقہ وارانہ ہیجان

نئی دہلی ۲۶ فروری۔ کل اسمبلی میں ریلوے بجٹ پاس ہو گیا۔ ایک تحریک بھی غیر سرکاری ارکان منظور نہ کرا سکے۔ صرف دو مسئلوں پر چار دن صرف ہوئے اور مختلف جماعتوں کے عدم اتفاق کے باعث بہت سا وقت ضائع ہو گیا۔ کل جس وقت حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کرائی گئی کہ ریلوے کی ملازمتوں میں مسلمانوں کو کافی حصہ نہیں ملتا تو اس وقت فرقہ وارانہ جذبات پیدا ہو گئے۔

اس کے مقابلہ میں سکھوں نے نہایت غیر منصفانہ رویہ اختیار کیا اور سردار سنت سنگھ نے کہا کہ این۔ ڈبلیو ریلوے میں سکھوں کو کافی نمائندگی دی جائے۔ دیوان بہادر رام سوامی ڈبلیار نے حکومت کو مشورہ دیا کہ ایک ریلوے پبلک سروس کمیشن مقرر کی جائے جس کو یہ ہدایت کر دی جائے کہ مختلف ملتوں کو حصہ وار ملازمتیں دی جائیں اس مشورہ کو بھائی پرمانند اور مسٹر رنگا آئر برداشت نہ کر سکے اور انہوں نے مخالفت شروع کر دی۔

سر جوزف بھور ممبر تجارت نے کہا کہ مسٹر حسن کی رپورٹ پر اب تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی ہے۔ کیونکہ حکومت ایک ایسے حل کی تلاش میں ہے جو تمام فرقوں کیلئے مفید ہو۔ آپ نے امید ظاہر کی کہ حکومت جن تجاویز پر غور کر رہی ہے وہ شکایات کے اصولی پہلوؤں کا ازالہ کر دیں گی۔

والیان ریاست کا ایک اہم اجلاس

قرطاس ابیض پر غور کرنے کیلئے ایک کمیٹی کا تقرر

نئی دہلی ۲۳ فروری۔ آج ایوان والیان ریاست کی سٹینڈنگ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں نواب بھوپال اور مہاراجہ کچھ کے علاوہ تمام ممبران شریک ہوئے آئین کے متعلق حال ہی میں جو بحث ہوئی تھی اس پر میٹنگ میں نظر ثانی کی گئی اور قرطاس ابیض کی اشاعت کو مد نظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ ریاستوں کے وزراء کی ایک نمائندہ کمیٹی مقرر کی جائے جو قرطاس ابیض کی تجاویز پر غور کرے اور برائے غور سٹینڈنگ کمیٹی کے روبرو رپورٹ پیش کرے اور بعد میں ایوان مہاراجگان کے سالانہ اجلاس کے موقعہ پر جو اگلے مہینہ میں منعقد ہوگا۔ ان پر غور کیا جائے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا۔ کہ جب تک اس کمیٹی کی رپورٹ شائع نہ ہو جائے اس وقت تک ایوان کا کوئی ممبر فیڈریشن اور اس کے متعلقہ معاملات کے متعلق کسی قسم کی رائے کا اظہار نہ کرے۔

اسمبلی میں اسلامی نکاح اور طلاق کا مسئلہ

خان عبدالغفار خان اور معاشرتی اصلاحات

اتحاد کانفرنس کا اجلاس ضرور ہوگا

مولانا شوکت علی کی واپسی کا انتظار

مولانا ظفر علی خاں سے بنک چلنی کی ضمانت

قادیانیوں کے خلاف پروپیگنڈا کا جرم

۲۰ ہزار بنیداروں نے مالگزاری نہیں دی

حکومت بنگال کا اعلان

پنجاب میں ڈاکوؤں کے دم خم

پولیس اور ڈاکوؤں میں جنگ

تین زبردست ڈاکے اور کئی اشخاص ہلاک

امرتسر ۲۴ فروری۔ پنجاب کے تین مختلف مقامات سے دو زبردست ڈاکوں اور پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان معرکہ آرائی کی اطلاع ملی ہے۔

ایک ڈاکہ ضلع گورداسپور میں واقعہ موضع پنڈی پور بیان میں لالہ ملکھی رام ساہوکار کے یہاں ڈالا گیا۔ تقریباً ایک درجن ڈاکوؤں نے مکان پر حملہ کر دیا جب گاؤں والوں نے ان کا تعاقب کیا تو ان پر پتھروں کی بارش کی گئی۔ ڈاکو مالک مکان کے کچھ زیورات اور نقدی لیکر فرار ہو گئے۔ مالک مکان جو نمبردار بھی ہے مجروح ہو گیا جس کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔

یوپی میں سول نافرمانی کی رفتار

سزایابی اور رہائی

زائرین حجاز کیلئے ہدایات

یکطرفہ ٹکٹ خریدنے میں سہولت

وائسرائے سے زمینداروں کے وفد کی ملاقات

دستور اساسی میں حقوق کے تحفظ کا مطالبہ

جزیرۃ العرب میں انگریزی مداخلت

عقبہ میں برطانوی مرکز پرواز کا قیام

بنگال میں کتنی انجمنیں خلاف قانون قرار دی گئیں

ریلوے بورڈ میں کفایت شعاری کی تجویز

رام گڑھ کے فسادی ہندوؤں کی برات

آل انڈیا آزاد پارٹی کا اہم اجلاس

رجعت پسندانہ سازشوں کا استیصال

مولانا حسرت موہانی جنرل سکریٹری آل انڈیا آزاد پارٹی نے ذیل کا بیان شائع کیا ہے:۔

آل انڈیا انڈیپنڈنٹ پارٹی کا یہ پہلا اجلاس عام منعقد ہو رہا ہے اور ان اہم سیاسی تغیرات کی بنا پر جو پیش آ رہے ہیں اور آئندہ سال کے اندر پیش آئیں گے انڈیپنڈنٹ پارٹی کو اس اجلاس میں اپنے نقطہ نظر کے مطابق ملک کی رہنمائی کرنی ہے اور ایک ایسا پروگرام دینا ہے جو خالص سیاسی، غیر فرقہ وارانہ آزادانہ اور مائل بہ ترقی ہو لہذا ارکان بورڈ سے استدعا ہے کہ معاملات کی اہمیت کو محسوس فرمائیں اور اس اجلاس میں ضرور شریک ہو کر ملک و قوم کی رہنمائی کریں یہی وقت ہے کہ اس واقعہ کا ثبوت دیدیا جائے کہ انڈیپنڈنٹ پارٹی ہندوستان کی سیاست میں ایک طاقت ہے جو ایک طرف رجعت پسندانہ سازشوں کا استیصال کرے گی۔ اور دوسری طرف مستبدانہ دراز دستیوں کا سد باب۔

مقام جلسہ لکھنؤ (چوراہا) گھسیاری منڈی دفتر اخبار نوید کوٹھی راجہ صاحب ۴ مارچ ۳۳ء کو ۷ بجے شام دفتر نوید میں آل انڈیا انڈیپنڈنٹ پارٹی کے ایگزیکٹیو بورڈ کا ایک اہم جلسہ منعقد ہوگا۔ ایجنڈہ حسب ذیل ہے۔

نمبر ۱۔ اسمبلی کی انڈیپنڈنٹ پارٹی کے ممبروں اور بعض دوسرے آزاد خیال اصحاب کو بحیثیت ممبر ایگزیکٹیو بورڈ کو آپٹ کرنا۔

نمبر ۲۔ اجلاس عام کے لئے ریزولیوشنوں کا مسودہ تیار کرنا۔

نمبر ۳۔ آزاد پارٹی کے مجوزہ قواعد و ضوابط کے مسودات پر غور و بحث دیگر ضروری معاملات باجازت صدر پیش ہو سکیں گے۔

عدالت عالیہ سے اخبار ریاست کے مقدمہ کا فیصلہ

سشن جج کا فیصلہ مسترد کر دیا گیا

لاہور ۲۴ فروری جسٹس ٹیک چند نے عدالت عالیہ لاہور میں سردار ...

دشمنوں کو مکان میں بند کر کے آگ لگا دی

صوبہ سرحد میں ایک سنگدلانہ انتقام

پشاور ۲۵ فروری۔ ہزارہ سے آتشزدگی کے ایک وحشیانہ واقعہ کی اطلاع ملی ہے جس میں انسانوں اور مویشیوں کی جانیں ضائع ہو گئی ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ پٹھانوں کی دو پارٹیوں میں زمین کے معاملہ میں دشمنی چلی آتی تھی ایک پارٹی نے مخالفین کو ایک مکان میں بند کر دیا اور مکان کو آگ لگا دی جس سے گھر کے اندر مویشی اور آدمی سب جل گئے۔ پولیس تفتیش میں مصروف ہے۔ ابھی تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی معلوم ہوا ہے کہ مخدوش علاقہ میں امن و قانون بحال کرنے کے لئے مزید پولیس بھیجی گئی ہے۔

اسی قسم کے وحشیانہ جرائم کی ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے موضع سے اطلاع ملی ہے۔ جہاں جان و مال کا سخت نقصان ہوا ہے۔ حملہ آوروں کا ابھی تک سراغ نہیں ملا۔

پٹھان طلباء میں شدید جنگ

ایک ہلاک اور متعدد زخمی

پشاور ۲۴ فروری رپورٹ، کوہستان اور ملازئی کے طلباء کے درمیان جنگ ہو گئی جس میں تقریباً ۱۲۰ آدمیوں نے حصہ لیا۔ لڑائی میں ریوالور، کلہاڑے چاقو اور پتھروں کا آزادانہ طور پر استعمال کیا گیا۔ پولیس کے پہنچنے پر تمام طلباء آس پاس کے باغوں میں چھپ گئے اور بہت سے مسجدوں میں چلے گئے جہاں سے انہیں پکڑ لیا گیا۔

تین زخمی ہسپتال میں داخل ہوئے جن میں دو کی حالت نازک بتلائی جاتی ہے۔ واقعہ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ سب شاہو باغ میں چھٹی ہونے کی وجہ سے کھیل رہے تھے کہ ایک بکری کے بچہ پر فساد ہو گیا۔ ایک آدمی تو لڑائی میں مارا گیا اور ۴ شدید طور پر زخمی ہوئے۔ پولیس نے ۴۰ آدمیوں کو گرفتار کر لیا۔ "تالب" لوگ پٹھان طالب علم ہیں۔

سرحدی کونسل میں ستارہ بازاری کی پیداوار

وائسرائے نے پریش کرنے کی اجازت دیدی

کلکتہ میں کانگریس کا اجلاس منعقد ہوگا؟

حکومت کا ارادہ۔ صدر کانگریس کا اعلان

مصنف "انگارے" کے ملحدانہ خیالات

یو۔ پی۔ کونسل میں سوالات

کانگریس کا اجلاس کلکتہ اور حکومت

سیاسی اسیروں کی رہائی کے سوال پر غور

کیلو اور سونگ میں جاپانی افواج کا داخلہ

لنگ یان میں خوفناک جنگ بے شمار ہلاک و مجروح

چینیوں پر جاپانی ہوائی بیڑہ کی بمباری

پیکن ۲۵ فروری۔ برفباری کی خوفناک حالت میں ساٹھ ہزار جاپانی اور تیس ہزار منچوکو افواج اپنے فوجی افسروں کو پیش قدمی کرنے کی ترغیب دے رہی ہیں اور مجبور کر رہی ہیں کہ وہ اس راستہ کی طرف بڑھتے چلیں جو جی فینگ اور لنگ یان سے جیہول کے شمال مشرق کو جاتا ہے۔ جاپان کا ایک فوجی دستہ چاؤیانگ میں داخل ہو گیا ہے اور ہوائی بیڑہ چینیوں پر بمباری کرنے میں مشغول ہے۔

ٹوکیو کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ موجودہ جنگ کے دوسرے حصہ میں بھی جاپانیوں کو کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اور کیلو کو جاپانیوں نے پوری طرح فتح کر لیا ہے۔ آج کی ایک رپورٹ مظہر ہے کہ جاپانی افواج کیلو کے جنوبی مقام سونگ میں داخل ہو گئی ہے۔ جاپان کے محکمہ جنگ نے اعلان کیا ہے کہ آج جیہول پر پیش قدمی شروع کر دی جائے گی۔

پے پنگ ۲۵ فروری۔ منچوکو کی ایک رپورٹ مظہر ہے کہ لنگ یان کے قریب چینی اور جاپانی افواج میں سخت معرکہ آرائی ہوئی ہے جس میں سخت کشت و خون ہوا ہے۔ اس مقام پر چینی افواج متعین تھیں جن پر بیس ہزار جاپانیوں نے حملہ کر دیا اور یہ معرکہ ظہور میں آیا۔

ٹوکیو ۲۵ فروری جاپانی کابینہ کے غیر معمولی اجلاس میں اس مسئلہ پر غور کیا گیا کہ جاپان کا مجلس اقوام سے قطع تعلق کر لینے کے بعد تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں شرکت کی جائے یا نہیں۔

مصیبت زدگان میوات کی امداد

سکریٹری صاحب آل انڈیا اور کانفرنس مطلع فرماتے ہیں کہ مندرجہ ذیل رقوم بیرون علاقہ میوات سے بطور امداد مصیبت زدگان علاقہ میوات ریاست الور دفتر آل انڈیا میو کانفرنس میں وصول ہوئی ہیں۔ جس کا میو قوم تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے ...

کلکتہ میں جاپانی پارچہ بافی کے کارخانے

اچھوت ملوں کو مشتہر کیا جائیگا

لندن میں اسلامی مرکز اور مسجد کی تعمیر

سینٹ جیمس سکوائر کے قطعہ کا انتخاب

غلاف پر قرآن شریف

ایک انگریز نے مسلمانوں کو واپس دیدیا

مجتہد العصر حضرت العلامہ سید محمد انور شاہ صاحب

حکومت، کانگریس کے اجلاس میں مداخلت نہیں کریگی

اسیران میرٹھ کی اپیل

کیا انگریز مصر کو چھوڑنے کے لئے تیار ہیں

منچوریا پر ہمارا قبضہ رہے گا!

مجلس اقوام میں جاپانی نمائندہ کے دلائل

ہندوستان کی آزادی میں مشکلات

ڈیلی میل کی رجعت پسندانہ تجاویز

آسٹریا اور جرمنی میں اتحاد

وسطی یورپ میں ایک نئی جنگ کا خطرہ

روسی مہاجرین پر گولیوں کی بارش

جاپان نے مجلس اقوام کا بائیکاٹ کر دیا

مشرق بعید میں جنگ کی زبردست بنیاد

جنیوا ۲۴ فروری۔ چین اور جاپان کے تنازعہ کے سلسلہ میں جو تازہ ترین اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ مشرق بعید میں زبردست جنگ کی بنیاد پڑ گئی ہے۔

بین الاقوامی لیگ نے چین اور جاپان کے تنازعہ کے متعلق مصالحت کرانے کے لئے ۱۹ ممبران کی جو کمیٹی مقرر کی تھی اس کی رپورٹ آج ایک ووٹ کے مقابلہ میں ۴۲ ووٹ سے منظور کر لی۔

بین الاقوامی لیگ کے جاپانی ڈیلیگیٹوں کے لیڈر ایم متسوکا نے لیگ کو مطلع کیا کہ اب جاپان مزید عرصہ تک بین الاقوامی لیگ سے اشتراک عمل نہیں کر سکتا۔ اس کے بعد تمام جاپانی ڈیلیگیٹ لیگ کے اجلاس سے واک آؤٹ کر گئے۔

حکومت خطرہ مول لینا نہیں چاہتی

سیاسی قیدیوں کی رہائی پر دار العوام میں مباحثہ

لندن ۲۴ فروری کل دار العوام میں قدامت پسندوں کی تجویز پر مباحثہ ہوا۔ مسٹر سمیوئل ہور... نے یقین دلایا کہ امن و آئین کے تعاون کے بغیر ہم بحالی آزادی غیر ممکن العمل ہے۔ حکومت ستمبر ۱۹۳۲ء کے اعلان سے پیچھے نہیں ہٹنا چاہتی۔ سر سمیوئل ہور نے یہ بھی کہا کہ حکومت سیاسی قیدیوں کو رہا کر کے خطرہ ...

وزیر دربار ایران کی جائداد کی ضبطی

امریکہ ۲۵ لاکھ ڈالر کی چاندی خریدے گا

جدید دستور کی کامیابی موہوم ہے

۳۲ ہزار کارخانوں کا دیوالہ

آگرہ میں کانگریس کمیٹی کا اجلاس

۲۴ کارکنوں کی گرفتاری

حاجیوں کا جہاز منزل روانہ ہو گیا

معاہدہ پونا پر دوبارہ غور کرنے کا مطالبہ

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں افغانی نمائندہ

دکن کے مقروض کاشتکاروں کی نجات

ساہوکاروں کی ہوس زراندوزی کا انسداد

اعلیٰ حضرت حضور نظام کا فرمان

(گزشتہ سے پیوستہ)

بیان مدعا علیہ بحیثیت گواہ کے

حساب لینے کا طریقہ

کاشتکار کے خلاف نالش ان کے مقام سکونت پر ہوگی

مقروض کاشتکاروں کے معاملات کی تاریخ کی سماعت

اختیار عدالت نسبت تعیین تاریخ بغرض ادائی زر رہن

گھر بیٹھے وید حکیم بنجاؤ

اگر آپ حکیم تلسی پرشاد اگروال موجد بال جیون گھٹی کی بنائی ہوئی نادر و نایاب کتاب مجربات تلسی کا بغور مطالعہ کر لیجئے تو آپ بلاشک و شبہ ایک قیمتی طریق علاج و دواؤں کی ترکیب و دوایات کے اچھے خاصے ماہر ہو کر اپنی اور دوسروں کی ہر ایک بیماری کا علاج نہایت ہی سہولت کے ساتھ کرنے کے قابل بنجاویں گے اور اگر آپ چاہیں گے تو اس کے ذریعہ دوا و علاج سے ... حکیموں کے مانند گھر بیٹھے بڑی آسانی کے ساتھ سینکڑوں روپیہ کمانے لگیں گے۔ اس میں قواعد علاج و دوا سازی کے اصلی اصول بڑی وضاحت کے ساتھ بتلائے گئے ہیں اور مرد عورتوں، بوڑھوں بچوں، جوانوں و نوجوانوں کی سر سے پاؤں تک کی ہر ایک ظاہری و پوشیدہ بیماری کے ... نایاب چوٹی کے نسخے درج کئے گئے ہیں ... قیمت فی کتاب ... علاوہ محصول۔

بال جیون گھٹی

بچوں کی بخار، کھانسی، بدہضمی، قبض، مروڑ، دودھ ڈالنا، دست ہونا، پیٹ پھولنا، پسلی چلنا وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر و کمزور بچوں کو موٹا تازہ و طاقتور بنانے کے لئے ... بچے اس کو خوش ہو کر پی لیتے ہیں۔

سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے۔ لیکن نقلی سے بچئے۔ حکیم تلسی پرشاد اگروال کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو۔

مفت لو۔ دس اردو خواں حضرات کے نام و مکمل پتے بھیجئے پر رسالہ آئینہ صحت مفت بھیجا جاوے گا۔

المشتہر: مینیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر۔ یو۔پی

حب نعمت (رجسٹرڈ)

جریان، سرعت، کثرت احتلام، ضعف باہ وغیرہ کی بے نظیر دوا ہے۔ اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے اور قوت مردمی کو بحال کرتی ہے۔ یہ گولیاں ہزارہا مریضوں پر تجربہ کی جا چکی ہیں اور لاکھوں انسان ان کی شہرت سے واقف ہیں۔ ۳۲ گولیوں کی قیمت ایک روپیہ علاوہ محصول ڈاک۔ کارخانہ کی بڑی فہرست ادویہ مفت طلب کیجئے۔

پتہ: **مینیجر دواخانہ بقائی (رجسٹرڈ) بہادر گڑھ قرولباغ دہلی**

حیات طیبہ

ہندوستان کے مجاہد اعظم قائد جیوش اسلامیہ مولانا اسمٰعیل شہید دہلوی کی سوانح عمری نہایت صحت اور آب و تاب کے ساتھ دوسری بار چھپی ہے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ سب عمدہ قیمت میں سابق کی نسبت تخفیف۔ یعنی اصل قیمت ... محصول ڈاک اور خرچ رجسٹری وغیرہ۔

پتہ: **مینیجر اہلحدیث امرتسر**

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹو فین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا)

Castopher Mfg. Co. (India)

P. Box 88. Bunder Road. Karachi

بندر روڈ کراچی

فلسفۂ نماز

... چودھری علی نواز خاں۔ دفتر آئینہ دنیا حضرت نظام الدین دہلی

لارج انگلش ٹیچر

... انگریزی لکھنا پڑھنا بولنا ... سب کچھ سیکھ لے گا۔ قیمت ... محصول علیحدہ ...

پتہ: دفتر چمن بکڈپو ۱۵ علی گڑھ سٹی

صداقت و ایمانداری حکم خدا اور اس پر عمل ہمارا فرض ہے

نوساری والے کا شراب طہور (رجسٹرڈ)

... نہایت لذت بخش خوش ذائقہ مفرح عرق ہے جس کو بچہ جوان بوڑھا مرد و عورت بلا تکلف استعمال کر سکتا ہے۔ بھوک کی کمی، بدہضمی، زکام، نزلہ، کھانسی، دماغ کی کمزوری، خون کی کمی، پرانا بخار ... خون کی خرابی کے لئے اکسیر ہے ... تقویت باہ کے لئے ازبس مفید ... ایک بار استعمال کیجئے اور ہماری صداقت کی داد دیجئے ... شراب کی عادت چھڑانے اور اس کے نقصانات دور کرنے کے لئے مجرب۔

نوساری دواخانہ قریب جے جے ہاسپٹل بمبئی پوسٹ ۹

بلحاظ تعداد الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال دنیا میں سب سے بڑی لغت

جامع اللغات اردو

مصنفہ خواجہ عبد المجید

السنہ متعلقہ — حصہ اول

اردو، ہندی، فارسی، عربی اور سنسکرت کے لاتعداد الفاظ کا مخزن لاکھوں محاورات کا حامل پچیس ہزار سے زائد ضرب الامثال و اقوال کا مجموعہ الفاظ علمیہ کی تشریحات مشاہیر عالم کی سوانح عمریاں اور خصوصاً ہندوؤں اور مسلمانوں کی تاریخ اور ان کے مشاہیر کے حالات اور تاریخی واقعات نہایت تفصیل سے درج ہیں ... حصہ اول میں تقریباً ... الفاظ ... محاورات ... ضرب الامثال ... مشاہیر عالم کی سوانح عمریاں اور بہت سے جغرافیائی مقامات کے حالات اور علوم الاسلام کے نقشے درج ہیں ... قیمت فی حصہ ایک روپیہ چار آنہ علاوہ محصول ڈاک ... دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

خواجہ امام محمود دہلوی مینیجر جامع اللغات کمپنی لاہور گوبند رام اسٹریٹ چیمبرلین روڈ پوسٹ بکس ۲۳۰

اختیار نسبت ترتیب قواعد

حساب فہمی کا دعویٰ کر سکتا ہے

اختیار قسط بندی بقدمات دخل جائداد مرہونہ

اختیار قسط بندی بصیغہ اجراء ڈگری

میعاد

مرافعہ

سفید بال جڑ سے کالا

ایک آنہ پکا تین روپے نصف تک عمر اس سے زیادہ لمبی تیل میں پکاس بس ... کالا پیدا ہو ... تو دونا دام واپس۔

بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس کنسی سری (دربھنگہ)

ٹریکٹ کٹ پیس مفت منگائیے

کٹ پیس منگوانے سے پہلے اس ٹریکٹ کا پڑھنا ضروری ہے

مینیجر دی فٹ کوٹ کمپنی رنچھوڑ لائن کراچی

ہر جگہ چلنے والی فائدہ مند تجارت

ہمارا تین سالہ تجربہ اور پرانا کاروبار ہے

ہمارا امریکن، جاپانی، ولایتی اور انڈین ملوں کا کٹ پیس پارچہ ہر جگہ مقبول ہو رہا ہے۔ بیوپاری نام و اظہار خوشنودی کے خطوط لکھے ہیں ... تازہ مال آ گیا ہے۔ تین سو، دو سو، ایک سو روپے والی گانٹھیں منگوا دیں۔ جن میں چھینٹ، لٹھا، پاپلین، وائل، جالی، جکن، سلک، بوسکی، پرماٹا وغیرہ ... ہمراہ آرڈر کے آنی چاہیے۔ مفصل لسٹ طلب کریں۔ ایجنسی کے خواہشمند خط و کتابت کریں۔

امریکن کمرشل کمپنی (رجسٹرڈ شدہ) بمبئی پوسٹ نمبر (۱۱)

ہندوستانی ایجاد اور دنیا کو چیلنج

ہم دنیا کے ہر ایک کیمسٹ کو چیلنج دیتے ہیں کہ ہمارے ایجاد کردہ ... سے بہتر کوئی دوسرا ثابت کر دیں ...

دی نول ... منیو فیکچررز ... مادھونگر ... اوجین

مفت را چہ گفت

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کی شاندار بلاکوں والی فہرست ادویہ معہ جنتری ۱۹۳۳ء مفت صرف ایک کارڈ لکھ کر منگا لیجئے اس میں سر سے پاؤں تک کی بیماریوں کی مجرب دوائیں درج ہیں جن کے ذریعہ سے آپ گھر بیٹھے ہر بیماری کا علاج بآسانی کر سکتے ہیں۔

مینیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف

کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لے کر تحریر فرما دیں اور صحت و تندرستی کی گائڈ و راہ راست کی تجویز قواعد قدرت کی واعظ نہایت عمدہ مضامین سے مزین ۹۲ صفحات کی کتاب کام شاستر مفت طلب فرما کر ملاحظہ فرما دیں۔

پتہ: **وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ**

مکمل فہرست مفت طلب کیجئے

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

قرص حیض

یہ دوا مسیح الملک ثانی حکیم محمد احمد خاں صاحب کے خاص الخاص مجربات سے ہے جریان جیسے خبیث مرض کو بالکل دور کر دیتی ہے دافع جریان دوائیں مغلظ ہونے کی وجہ سے بالعموم بھوک کو بند کر دیتی ہیں۔ لیکن یہ دوا اس نقص سے پاک ہی نہیں بلکہ خوب بھوک لگاتی ہے۔ جگر اور مثانہ کی حرارت کو دور کرتی ہے۔ سوزاک کے بعد جریان ہو جاتا ہے اس کے لئے بھی یہ بے نظیر چیز ہے۔

قیمت ۳۲ قرص دو روپے (۲؍)

اکسیر نسواں

عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک نہ ہندوستان میں ہے اور نہ یورپ میں۔ ضعف رحم، ورم رحم، سیلان الرحم، ایام حیض کی بے قاعدگی ان کا جلد جلد یا رک رک کر آنا درد کے ساتھ آنا اولاد کا نہ ہونا، اسقاط حمل اور اختناق الرحم وغیرہ امراض نسواں کے لئے ازبس مفید اور کامیاب دوا ہے۔ تندرست عورتیں اس کو استعمال کر کے امراض سے محفوظ رہتی ہیں۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ (۱؍)

ملین

یہ دافع قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے معدہ اور آنتوں کو بالکل صاف کر دیتی ہے۔ قبض سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً درد سر، دنیا، مرض، آشوب چشم وغیرہ اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ موسمی بخاروں میں اس کا استعمال بطور ایک دافع تعفن دوا کے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ الغرض یہ قبض کے لئے نہایت مفید اور مقبول عام دوا ہے۔

قیمت ۸۰ قرص ایک روپیہ چار آنہ

جوہری

مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے وہ خاص دوا ہے جس سے اب تک ہزارہا مریض اچھے ہو چکے ہیں آتشک نئی ہو یا پرانی اس کو بیخ و بن سے نابود کر دیتی ہے آتشک کے سبب سے گٹھیا اور عرق النساء جیسے امراض پیدا ہو جاتے ہیں بعض مریضوں میں قلب سوداویت کے باعث گھبراہٹ پیدا ہو جاتی ہے اس کے ازالہ کے لئے بھی یہ دوا بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

قیمت پندرہ یوم دو روپیہ (۲؍)

ملنے کا پتہ: **مینیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی**

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... شش ماہی ... سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... شش ماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

یداللہ علی الجماعۃ
سہ روزہ
الجمعیۃ
دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی-اے)

ایک صفحہ ... نصف صفحہ ... ایک کالم ... ۱/۲ کالم ...

جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم یکشنبہ ۸ ذیقعدہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ مارچ ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۷

معاصرین کے افکار و آراء

مسلمانوں پر بہتان (زمیندار)

آل انڈیا ہندو مہاسبھا کے سکریٹری پنڈت گوری شنکر کا ایک اعلان اخبارات میں چھپا ہے جس میں الہ آباد کے مساعی اتحاد کی ناکامی کی ذمہ داری مسلمانوں پر عائد کی گئی ہے۔ اور انہیں پہلے درجہ کا خود غرض ثابت کیا گیا ہے۔ ان سکرٹری صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ مسلمان پان اسلامک تحریک کے پکے پرستار اور انتہا درجہ کے رجعت پسند ہیں۔ ان خرد باختہ سکرٹری صاحب کا شاید یہ خیال ہے کہ پان اسلامک تحریک اور رجعت پسندی دو مترادف چیزیں ہیں۔ خدا کرے ان پنڈت جی کا توازن دماغی بیان شائع کرتے وقت اس طرح زیر و زبر نہ ہو جایا کرے۔

ان چھلتے ہوئے مہاسبھائی سکرٹری صاحب کو معلوم ہونا چاہئے کہ "پان اسلامزم" اور رجعت پسندی دو بالکل متضاد چیزیں ہیں ...

... سمجھتی ہیں، بہت زیادہ ہے۔ شادی بیاہ کے متعلق ذات پات کی بندشیں جو ہندوؤں کی تقلید میں مسلمانوں نے اختیار کیں ہیں وہ بھی بہت کچھ قابل اصلاح ہیں۔ لہٰذا اسلامی معاصرین کو سب سے پہلے اپنی قوم کی اصلاح کی فکر کرنا چاہئے۔

مسلم کانفرنسیوں کی بے معنے دھمکی (راجل)

فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق وزیر اعظم کے اعلان سے قبل مسلم کانفرنسی مسلمانوں کو یہ سبز باغ دکھاتے تھے کہ اس جا پلوسی کے سلسلہ میں جو ان اصحاب نے کی ہے حکومت مسلمانوں کو سب کچھ دیدیگی لیکن جب وزیر اعظم کا فیصلہ شائع ہوا اور یہ بات واضح ہوئی کہ مسلمانوں کے مطالبات کا قتل عام کیا گیا ہے تو کانفرنسی اصحاب جو پہلے عملی کارروائی کی دھمکی دے چکے تھے ان کے لبوں پر مہر سکوت لگ گئی اور انہوں نے اس فیصلہ پر سر تسلیم خم کر دیا ...

جزیرۃ العرب میں مداخلت

مسلمان اور چھوت چھات

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معارف)

عیسائیوں کی طرف سے شہر عکہ کا محاصرہ
مسلمانوں اور فرنگیوں کی جنگ میں ایک خطا انتہا کی
فرنگیوں کی متفقہ یلغار بھی فلسطین کو واپس نہ لے سکی

گزشتہ الجمعیۃ میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ ارض مقدس کو مسلمانوں سے دوبارہ واپس لینے کے لئے یورپ کے بادشاہوں نے کس طرح یورش کی اور عیسائی سورماؤں کو اپنے مقصد میں کس طرح ناکام ہونا پڑا آج شہر عکہ کے یادگار زمانہ معرکہ کے حالات ملاحظہ فرمائیے۔

عکہ کا محاصرہ اور اس پر صلیبیوں کا قابض ہونا دنیا کے یادگار واقعات سے ہے اس کے حالات سے ایک طرف تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں عیسائیوں کا اخلاق کیسا تھا اور ان کے قول و فعل میں کہاں تک مطابقت ...

تاریخ کے ورق

... بڑھاپے، راہبوں اور دیگر غیر مسلح اشخاص پر ہاتھ نہیں ڈالا اور اگر خونریزی کی بھی تو اسی حد تک کہ عدل و انصاف قائم ہو جائے اور فتنہ و فساد، ظلم و عدوان سے خدا کی زمین کو پاک کر دیا جائے۔ مسلمانوں کا مقصد کبھی بھی یہ نہیں رہا کہ غیر مسلموں کو نیست و نابود کر دیا جائے اور محض اختلاف مذہب کی بنا پر ان کا کلی استیصال کر دیا جائے۔ لیکن اس کے باوجود عیسائی مصنفین کو یہ کہتے ہوئے شرم نہیں آتی کہ اسلام نے ہر جگہ خونریزی کی تعلیم دی ہے اور غیر مسلموں کو موت کے گھاٹ اتارا گیا ہے!

صلیبیوں کی احسان فراموشی

شہر عکہ کی فتح کے سلسلہ میں مورخ ابن جوزی کا بیان ہے کہ سلطان صلاح الدین ایوبی کا یہ طرز عمل رہا کہ ارض شام کے جن جن شہروں پر قبضہ کرتا کمال نیک نفسی اور رحم دلی سے عیسائیوں کو امن و امان دے دیتا اور شہر پر قبضہ ہونے ہی انہیں آزادی مل جاتی۔ وہ اس قدر بے تعصب اور روادار تھا کہ خود اس کے خزانہ ...

شہر عکہ کا محاصرہ

عیسائیوں کا خوف و ہراس

آئینہ دہلی

"THE AINA" MONTHLY

ماہانہ رسالہ آئینہ

قیمت سالانہ ... شش ماہی ...

اردو کا وہ بلند پایہ علمی و ادبی رسالہ جو تمام جدید صحافتی ترقیوں کا آئینہ دار ہے

مشاہیر و معاصرین کی آراء ملاحظہ فرمائیے

سر سید علی امام فردوس مکانی: فکر کی علمی و ادبی قابلیت بہت بلند پایہ ہے اور ان کی ذات "آئینہ" کی کامیابی کی یقینی ضمانت ...

علامہ راشد الخیری: فکر کو قدرت نے ستھرا پاکیزہ ادبی ذوق دیا ہے مجھے دیکھ کر خوشی ہوئی کہ "آئینہ" کا معیار بلند ہے۔

حضرت خواجہ حسن نظامی: "آئینہ" ظاہری خوشنمائی اور اندرونی محاسن کے لحاظ سے بہت ہی نفیس ہے۔

"زمیندار" لاہور: آئینہ کی اشاعت سے پہلے ہمیں یقین ہے کہ فکر کی قابلیت، وسیع النظری رسالہ "آئینہ" کے محاسن کو چار چاند لگا دیگی۔

"مدینہ" بجنور: خوبصورت شاندار تقطیع پر بہت سے مفید اور بلند پایہ علمی و ادبی مضامین جمع کئے گئے ہیں۔

"ریاست" دہلی: بلند پایہ اور دلچسپ مضامین کا تنوع خاص طور پر دلفریب اور جاذب نگاہ ہے۔ سرورق تین رنگوں میں آرٹ کا دلکش نمونہ ہے ...

"منیج" دہلی: "آئینہ" مختلف محاسن اور گوناگوں دلچسپیوں کا مرقع ہے اور تمام مضامین پر از معلومات ہیں۔

"الامان" دہلی: "آئینہ" کی ابتدا اس مقام سے ہوئی ہے جہاں پر بعض دوسرے رسالے بہت ترقی کرنے کے بعد پہنچتے ہیں۔

"خبر دار" دہلی: آئینہ کی آب و تاب کسی عمدہ تصویر کے پردے سے کم نہیں ...

"پیغام سرحد" ہزارہ: ...

آپ بھی فوراً "آئینہ" کے خریدار بن جائیے
نمونہ کے لئے دو آنہ کا ٹکٹ آنا ضروری ہے

پتہ: منیجر "آئینہ" دریا گنج دہلی

حضرت علامہ مولانا شبیر احمد عثمانی (دیوبند) فرماتے ہیں

کتاب
عربی کا معلم

میرے خیال میں بہت ہی مفید کتاب ہے ہمارے علم میں آج تک اس موضوع پر شاید ہی اس سے بہتر کوئی کتاب لکھی گئی ہو۔ حقیقتہً آپ نے طالبین عربی پر بڑا احسان کیا ہے۔

صدر العلماء نواب صدر یار جنگ مولانا شروانی (حیدرآباد) فرماتے ہیں

کتاب مفید ہے اپنی پیشرو کتابوں سے جو اس طرز پر لکھی گئی ہیں بہتر معلوم ہوتی ہے آیات قرآنی کی مثالوں سے طلبہ کلام ربانی سے بھی انس پیدا کر لیں گے اور یہ بڑا فائدہ ہوگا۔

حضرت الفاضل مولانا خواجہ عبد الحی (جامعہ ملیہ دہلی) فرماتے ہیں!

میں نے آپ کی کتاب کے دونوں حصے بغور دیکھے اور تجربہ کے طور پر طلبا کو پہلا حصہ پڑھایا بھی میں نے اب تک اس موضوع پر جس قدر کتابیں دیکھی ہیں ان سب میں آپ کی کتاب کو آسان و سہل تر پایا۔

اسی طرح ہندوستان کے بہت سے جید علماء اور موقر جرائد نے اس کتاب کی بڑی تعریفیں لکھی ہیں جو کتابی صورت میں طبع کر دی گئی ہیں کسی کتاب کی خوبی کیلئے اس سے بڑھکر کوئی معتبر شہادت ہو سکتی ہے۔ یہ کتاب دو حصوں میں لکھی گئی ہے اور ہر حصہ کی کلید بھی ہے جو بطور خود عربی سیکھنے والوں کیلئے ضروری ہے کل مجموعہ ۵۹۲ صفحات پر مشتمل ہے باوجود اس کے قیمت صرف دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

ترجمان القرآن

از حضرت مولانا ابو الکلام آزاد

اردو زبان میں قرآن حکیم کے مطالب کی بہترین شرح قرآن مجید سے عشق رکھنے والے بلا تاخیر طلب کریں بہت تھوڑی جلدیں رہ گئی ہیں اگر ختم ہو جانے کے بعد یہ نایاب تحفہ کسی قیمت پر نہ مل سکے گا۔

ترجمہ اور تشریح کی خوبیوں کے لئے حضرت مولانا ابو الکلام آزاد کا نام نامی کافی ضمانت ہے۔

ہدیہ مجلد سات روپیہ۔ بلا جلد چھ روپیہ علاوہ محصولڈاک

حمائل شریف

بہترین کتابت و طباعت کارڈ سائز کاغذ اعلیٰ سفید ولایتی۔ تحریر نہایت صاف اور واضح ان خوبیوں کے باوجود قرآنی روشنی کو ہر گھر میں پہنچا دینے کے خیال سے ہدیہ مجلد پارچہ صرف ایک روپیہ و مجلد چرمی ایک روپیہ چھ آنہ

علاوہ محصولڈاک

عبد الوحید صدیقی منیجر الجمعیۃ دہلی سے طلب فرمائیں

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین و بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت مہلک اور خطرناک ادبیات سے ذہنوں کو ہٹا کر صحیح علم و ادب مذہب و روحانیت سے آشنا کرنا اور فرق باطلہ کی ہفوات سنجیدگی سے روکنا ہے قیمت سالانہ ... نمونہ کا پرچہ ... آنہ پر روانہ کیا جاتا ہے۔

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو
ٹھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۷

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کر دینے والا
قرآن مجید

اس شان کا آنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے بڑی دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے بامو قع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے

کہ وہ ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اس میں تلاوت کرے اور جنہیں اللہ نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگاکر غریبوں طالب علموں مسجدوں یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلاکر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھر لیں۔

یہ قرآن مجید معرا اور مترجم دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے ترجمہ حضرت حکیم الامت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے۔ ہدیہ بغیر ترجمہ صرف ایک روپیہ بلا جلد کا ہے مجلد علاوہ محصولڈاک کپڑے کی ۸ اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ لیا جائیگا۔ ہدیہ مترجم حنا شدہ کاغذ چکنا قسم اعلیٰ تین روپے علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد ۸ چمڑے کی جلد کا عہ ہدیہ کے علاوہ ہوگا۔

شوال تک خاص رعایت

یہ تو آپ خود بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کم سے کم رکھا گیا ہے لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہے لہٰذا آخر شوال تک کیلئے ذیل کی رعایتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔

پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ۲ کی کمی کر دی جائے گی۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

علماء صلحاء محدثین مفسرین نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ
قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابل قدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مفتی اعظم صدر العلماء حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اسد الاسلام حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب مسیح الملک حافظ محمد اجمل خاں صاحب مرحوم حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے متبحر اور مقدس علماء نے اسے بیحد پسند فرمایا ہے اور نہایت پر زور الفاظ میں مسلمانوں سے اس کے متعلق سفارشیں کی ہیں ایک مسلمان کیلئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہو سکتا خود طلب فرمائیے اپنے عزیزوں کیلئے منگائیے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجئے۔

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ علیحدہ سطر میں رکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصفّا کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ ... علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

شوال تک کے لئے

پانچ قرآن مجید ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی رقم پر عہ کم کر دئے جائیں گے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۸ ذیقعدہ ۱۳۵۱ ہجری

سال رواں کا میزانیہ
ہندوستان کی مفلسی اور تباہ حالی بدستور باقی رہیگی

دنیا کی حکومتوں کے لئے کامیابی و ناکامی کا معیار یہ نہیں ہے کہ ان کے پاس کس قدر فوجیں موجود ہیں اور انہیں کس قدر سامان جنگ پر دسترس حاصل ہے یا ان کی پولیس کس قدر وسیع پیمانہ پر رکھی جاتی ہے یا ان کے سرکاری عہدوں کو کیسے کیسے لائق و قابل اور گرانبار تنخواہیں وصول کرنے والے افسروں سے پر کیا جاتا ہے یا ان کا نظام کتنا مضبوط اور قابل عمل ہے یا ان کے خزانوں میں اس وقت نقد روپیہ کتنا موجود ہے یا ان کے سالانہ میزانیہ میں کتنی بچت دکھائی جا رہی ہے، بلکہ حکومتوں کی کامیابی و ناکامی کا معیار ...

زیادہ اس امر پر اظہار فخر کر رہا ہے کہ باوجود کساد بازاری اور اقتصادی مشکلات کے بیالیس لاکھ روپیہ کی بچت دکھائی گئی ہے جیسا کہ ہم اوپر لکھ چکے ہیں ہم نہایت افسوس کے ساتھ یہ عرض کرنے پر مجبور ہیں کہ ہم اس قسم کے کسی بجٹ کو جو صفحہ قرطاس پر نہایت دلخوش کن تصویر کھینچ دے اور مخصوص طریقوں پر دونوں جانب کا توازن قائم کر کے بیالیس لاکھ روپیہ کی بچت بھی دکھا دے محض اس بنا پر قابل قبول قرار نہیں دے سکتے کہ اس کی ظاہری شکل و صورت نہایت اچھی ہے اور وہ کاغذ پر لکھا ہوا بہت اچھا معلوم ہوتا ہے۔

حاجیوں پر لاٹھی چارج

مذہبی مداخلت اور مسلم ارکان اسمبلی

فتنہ قادیان

اس قدر خوف کیوں ہے؟

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

حکومت کانگریس کے اجلاس میں کیوں مزاحمت کر رہی ہے؟
سیاسی قیدیوں کو کیوں رہا نہیں کیا جاتا؟
اسمبلی میں سوالات اور ہوم ممبر کی عجیب و غریب منطق

نئی دہلی یکم مارچ۔ آج اسمبلی کا اجلاس غیر سرکاری تجویزوں پر غور و خوض کرنے کے لئے شروع ہوا۔ مسٹر ستین متر ا نے مختصر نوٹس کے ذریعہ اجلاس کانگریس پر حکومت کی بندش کے متعلق سوال کیا اور پوچھا کہ جب کہ کانگریس غیر آئینی جماعت نہیں قرار دی گئی ہے اس کے علاوہ ایسوسی ایٹڈ پریس کی خبر سے پتہ چلتا ہے کہ آئندہ اجلاس کانگریس میں قرطاس ابیض پر غور و خوض ہوگا تو پھر حکومت اس میں کیوں مزاحمت پیدا کر رہی ہے۔

ہوم ممبر کا جواب

آسان ہے۔

مسٹر جوشی:۔ حکومت کے خیال کے مطابق کانگریس کس طریقہ پر اپنا رویہ تبدیل کرے۔

سر ہیگ:۔ اس کے لئے بہت سے طریقے ہیں۔

مسٹر مترا:۔ گویا حکومت یہ چاہتی ہے کہ کانگریس خفیہ جلسہ کریں۔

سر ہیگ:۔ بہت سے کانگریسی رہنما آزاد ہیں وہ چاہیں تو خاموشی کے ساتھ مجتمع ہو کر فیصلہ کر سکتے ہیں۔

قرطاس ابیض پر غور

اشتراک عمل

واحد طریقہ

حکومت اور کانگریس

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

مختلف ممالک میں ناخواندوں کی تعداد
ہندوستان کی جہالت کا دردانگیز ماتم

دنیا کے مختلف ممالک میں خواندہ اشخاص کے مقابلہ میں ناخواندوں کی کثیر تعداد موجود ہے جس کا فی صدی تناسب حسب ذیل نقشہ سے معلوم ہوگا:۔

ہندوستان میں ناخواندوں کی تعداد	۹۱	فی صدی
پرتگال	۶۵	″
اسپین	۴۳	″
اٹلی	۲۷	″
امریکہ	۶	″
فرانس	۴½	″
انگلستان	۲	″
جرمنی	۲½	″

(ریویولر)

بشپ برمنگھم اور گاندھی جی
جنوبی افریقہ کا ایک دلچسپ واقعہ

برطانی سلطنت کی تباہی کا خواب
۱۹۷۶ء کے متعلق ایک لارڈ کی پیشگوئی

ریاست کوچین میں سیاسی و معاشرتی اصلاح
کثیر الشوہری اور کثیر الازدواجی کا انسداد

جاپانی پارچہ کی ارزانی کا سبب

چین میں اطفال کشی کی خوفناک رسم

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ترکی میں علماء دین کا اجلال و احترام
حکومت کی طرف سے ایک جدید قانون کا نفاذ
علماء کی توہین کرنے والے کو سزا دیجائیگی

ترکی حکومت کی لادینیت اور افرنجیت کے متعلق عربی اور انگریزی اخبارات میں افسوسناک خبریں آتی رہتی ہیں جن میں کچھ تو حقیقت ہوتی ہے اور کچھ مغربی پروپیگنڈہ ہوتا ہے۔ لیکن بحیثیت مجموعی بہ تیقن کیا جا سکتا ہے کہ ترکی حکومت مغربی الحاد سے متاثر ہو چکی ہے اور اس کی ذہنیت کو یورپ کی ظاہر فریبیوں نے مغلوب کر لیا ہے۔ اسلام کے احکام و قوانین ست ... اور یورپ کی سرمایہ دار حکومتوں کے قوانین کا تتبع اب ترکی حکومت کا ایک وطیرہ ہو گیا ہے جس کو کسی تاویل سے نہیں جھٹلایا جا سکتا۔

ذیل کی اطلاع عربی اخبارات میں شائع ہوئی ہے جو غالباً موجودہ ترکی حکومت کے طرز عمل کے پیش نظر حیرت سے خالی نہیں ہے۔ خدا کرے کہ مصطفےٰ کمال پاشا صحیح معنوں میں اسلام اور مسلمین کے خادم ثابت ہوں کہ یہی چیز نوع بشر کے لئے نافع اور امن و امان کے قیام میں مفید ہے۔

لبنان کے مسلمانوں میں بیداری
سرکاری مناصب کے حصول کیلئے ایک جمعیۃ کا قیام

عراق اور برطانی معاہدہ میں نظر ثانی کی ضرورت
وزیر اعظم عراق کا ایک اہم اعلان

ناجی بیگ شوکت وزیر اعظم عراق نے شامی اخبارات کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران میں بعض اہم خیالات کا اظہار کیا جن کو اخبارات میں بڑے عنوانوں کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعظم کے اس بیان میں عراق اور برطانیہ کے تعلقات پر روشنی ڈالی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ ان تعلقات کا سیاسی اثر کہاں تک قبول کرنے کے قابل ہے۔

آپ نے اپنے بیان میں فرمایا کہ عراق اور برطانیہ کے تعلقات دوستانہ جذبات پر مبنی ہیں۔

۱۹۳۰ء کے معاہدہ کا حوالہ دیتے ہوئے آپ نے کہا کہ اس معاہدہ کے نتائج کی ذمہ داری میری وزارت پر عائد نہیں ہوتی اور مجھے اس بات کے کہنے میں کوئی باک نہیں ہے کہ جب مناسب وقت آئے گا تو اس پر دوبارہ غور کیا جا سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ حکومت برطانیہ خود اس معاہدہ میں بعض ترمیمات پیش کرے۔

آپ نے مزید فرمایا کہ کسی حالت میں بھی یہ معاہدہ ابدی نہیں ہے کسی نہ کسی وقت اس پر نظر ثانی ضرور کی جائے گی۔

اس وقت جبکہ ایران اور برطانیہ میں تیل کے معاہدہ پر رسہ کشی جاری ہے وزیر اعظم عراق کا یہ بیان نزاکت اور اہمیت سے خالی نہیں ہے۔ عراق اور برطانیہ کے جس معاہدہ کی طرف وزیر موصوف نے اشارہ کیا ہے اس کی میعاد ۲۵ سال کے بعد خود بخود ختم ہو جائے گی تاہم وزیر اعظم اس پر نظر ثانی کی خواہش رکھتے ہیں۔

گو یہ صحیح ہے کہ نظر ثانی فریقین کی رضامندی سے ہوگی مگر اس کی ضرورت سے انکار کرنا حکومت عراق کے خزانہ کو خالی کر دینے کے مرادف ہوگا۔

خریدار الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ارسال فرمایا کریں۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)

ٹیونس کے علماء اسلام کی فرض شناسی
"جمعیۃ تضامن العلماء" کی تاسیس

ترکی میں ایک جدید جامع مسجد کا افتتاح
ترکوں کو اسکندریہ با الدین کی ہدایت

سلطان حمید الدین والی یمن کی علالت

(بسلسلہ انگریزی اخبارات کے تراجم)

۱۹۳۶ء میں ۲۷ جہازوں کی تعمیر
برطانی صنعت حرفت کیلئے امید افزا حالات

سال رواں میں برطانوی صنعت و حرفت کی ترقی کیلئے قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں، برطانوی حرفت کی ترقی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا رہا ہے کہ امیر البحر کے اعلان کے بموجب امسال ۲۷ نئے جہاز تعمیر ہونگے جن کے متعلق ٹھیکہ داروں نے آرڈر دیدیا ہے۔ ٹھیکہ داروں نے .... ۷ پونڈ کے اخراجات کا تخمینہ لگایا ہے جس میں سے .... ۴ پونڈ مزدوروں کو ادا کئے جائیں گے۔ بحری محکمہ کے ایک ذمہ دار افسر نے بیان کیا کہ ۱۹۳۳ء میں جہازوں پر کم از کم .... ۱۴۰ پونڈ خرچ ہونگے۔ (اسٹیٹسمین)

دو سال کے اندر چاندی کی مقدار میں اضافہ

میسرز سیمویل مانٹیگو اینڈ کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ شائع کی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ چاندی کی قیمت اپنے معیار سے بہت گر گئی ہے تاہم اسکی مانگ میں برابر اضافہ ہوا اور مستقبل قریب میں بلین مارکیٹ کو کثیر منافع کی امید بھی ہے۔ چاندی کی کھپت کم ہے اسلئے مارکیٹ میں اس کا ذخیرہ بہت بڑھ گیا ہے۔ ۱۹۳۲ء میں تمام دنیا میں .... ۱۹۳ اونس چاندی کا اضافہ ہوا ہے۔ اس کے مقابلہ میں ۱۹۳۲ء میں چاندی کی کل مقدار .... ۱۶۰ اونس پیدا ہوئی۔ (بمبئی کرانیکل)

پیرس کی رصدگاہ میں ایک بولنے والا گھنٹہ

پیرس کی رصدخانہ میں ایک نئے قسم کا گھنٹہ نصب کیا گیا ہے جس کے ساتھ ایک بولنے والی فلم بھی لگی ہوئی ہے۔ یہ فلم گھنٹہ، منٹ اور سکنڈ برابر آواز دیکر وقت بتاتی ہے اور لوگ گھنٹہ کو دیکھے بغیر صحیح وقت معلوم کر لیتے ہیں۔ یہ گھنٹہ پیرس کے ڈاکخانہ و تار گھر کیلئے بنایا گیا ہے جہاں سے لوگ اوقات دریافت کرتے رہتے ہیں اب اس بولنے والے گھنٹے کے باعث دفتر سے اوقات دریافت کرنے کی ضرورت نہیں پڑیگی اور پبلک آواز سنکر ہی صحیح اوقات کا علم حاصل کر لیا کریگی۔ (اسٹیٹسمین)

حکومت پنجاب کی قادیانیت نوازی کیخلاف شدید احتجاج

جامع مسجد دہلی میں فرزندان توحید کا زبردست مظاہرہ

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی پُر شکوہ تقریر

دہلی ۶ مارچ آج حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علمائے ہند کی زیر صدارت مسلمانان دہلی کا عظیم الشان جلسہ جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ منعقد ہوا۔

غلام احمد قادیانی اپنے اقوال کی رو سے کافر ہے

قادیانی اور لاہوری جماعتوں کو فوراً توبہ کرنی چاہئیے

علمدیوں کو فخر اسلام امیر شکیب ارسلان کا انتباہ

ٹائمز آف انڈیا کے ایڈیٹر آغوش اسلام میں

تثلیث سے غیر مطمئن ہو کر مسٹر توحید کو اختیار کیا ہے

سوائے قرآن مجید کے تمام آسمانی کتب محرف ہیں

حکومت ہند کی آمدنی اور خرچ

میزانیہ میں ۴۲ لاکھ کی بچت کا تخمینہ

تار اور ڈاک کے محاصل میں اضافہ قائم رہے گا

نئی دہلی یکم مارچ کل اسمبلی کے اجلاس میں سر جارج شوسٹر رکن مالیات نے جس وقت تقریر شروع کی ہے تو لوگوں نے ان کا خیر مقدم کیا۔

آمدنی ۳۷-۱۹۳۶		ایک ارب ۲۱ کروڑ ۲۹ لاکھ
خرچ	(مع قرضہ جات)	ایک ارب ۲۳ کروڑ ۱۳ لاکھ
خسارہ		گیارہ لاکھ ۸۵ ہزار
آمدنی ۳۸-۱۹۳۷		ایک ارب ۲۰ کروڑ ۱۳ لاکھ
خرچ		ایک ارب ۲۰ کروڑ ۹۶ لاکھ
بچت		۱۷ لاکھ
آمدنی ۳۹-۱۹۳۸		ایک ارب ۲۲ کروڑ ۵۲ لاکھ
خرچ		ایک ارب ۲۲ کروڑ ۱۰ لاکھ
بچت		۴۲ لاکھ

رکن مالیات نے اپنی تقریر میں یہ بھی بتایا کہ کل تک قرضوں کی تبدیلی میں ۳۲ کروڑ روپیہ جمع ہو گیا ہے جو کھلی ہوئی کامیابی ہے۔

ہندوستان میں یورپینوں کیلئے خطرہ

برطانیہ اپنی طاقت سے دستبردار ہو رہا ہے

حاجیوں پر پولیس کا لاٹھی چارج

بمبئی پولیس کا ظالمانہ اور انسانیت سوز رویہ

مدراس میں سزا یافتگان کی تعداد

ہوم ممبر کا بیان

خوست میں جنگ چھڑ گئی

افغانی فوج اور وزیری لشکر کا مقابلہ!!

علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی رہائی کا مطالبہ

اسمبلی میں شاہ مسعود احمد کی قرارداد

ایوان میں شور برپا ہو گیا!

پونڈری کے ہندوؤں کے خلاف مقدمہ

عدالت عالیہ سے ۴۱ ہندوؤں کی اپیل خارج

دار الحکومت

سید محمد شفیع صاحب کو دوبارہ نوٹس

۲۴ گھنٹہ میں دہلی چھوڑنے کا حکم

حافظ صادر علی صاحب کی رہائی

کارکنان جمعیۃ علماء ہند کی رہائی

دہلی اور گوالیار میں انقلابی سازش

اسلحہ کی برآمد۔ پانچ نوجوان گرفتار

الہ آباد ہائیکورٹ میں ایک مسلم خاتون بیرسٹر

کانگریس کا اجلاس منعقد کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی

پہلے سول نافرمانی کو ترک کرنے کی ضرورت ہے

اسمبلی میں ہوم ممبر کا اعلان

اسمبلی میں سارد اایکٹ سے مسلمانوں کو مستثنیٰ کرانے کی کوشش

اسلام سے ہوم ممبر کی ناواقفیت کا ثبوت

حکومت کو سول نافرمانی کی دھمکی

حکومت کو چیلنج

حاجی وجیہ الدین صاحب کی تقریر

سارد اایکٹ میں استثناء نہیں ہو سکتا

چین اور جاپان کی خونریز جنگ

گولہ باری اور زہریلی گیس کا استعمال

جاپان نے دو شہروں پر قبضہ کر لیا

دار العوام میں الور کے متعلق سوالات

فسادات مرزا پور کا فیصلہ

مختصرات

جنوبی امریکہ میں جنگ

جنگ کیلئے افواج کا اجتماع

سولہ سو چینی اور جاپانی ہلاک

چین اور جاپان کی جنگ کا نتیجہ

کانگریس کی پالیسی کا اعلان کرنے کیلئے گاندھی جی کا ارادہ

حکومت اس اعلان کی اجازت نہیں دیگی

مولانا ابو الکلام آزاد کا بیان

ایک غلط فہمی کا ازالہ

ضروری اطلاع

مدرسہ عین العلم بندہ سلطان حسن غفرلہ

حرم نبوی اور اسکندریہ کی مسجد کی اصلاح

اردو لسانیات پر ایک فصیح و بلیغ خطبہ
"بزم ادب" مشن کالج حرکت میں

یادش بخیر مولانا بلال احمد صاحب زبیری بی۔ اے (اڈیٹر الجمعیۃ) جس زمانہ میں مشن کالج میں زیر تعلیم تھے، اور بزم ادب کی نظامت کے فرائض آپ [illegible] میں "بزم ادب" کی سرگرمیاں [illegible] لیکن آپ کے جانے کے بعد اس انجمن کا وجود محض نام کا رہ گیا تھا۔ ہر سال بزم کو صحیح معنی میں زندہ رکھنے کی مساعی ناکام رہ گئیں۔ لیکن شکر ہے کہ امسال کالج کے بعض طلبار کی مخلصانہ اور انتھک کوششیں مشکور ہوئیں۔ گو امتحانات کا زمانہ قریب ہے۔ لیکن بزم کے احیاء کے بعد صرف ایک ماہ کی قلیل مدت میں ایک شاندار مشاعرہ اور ایک کامیاب ادبی جلسہ ہوجانا اس بات کا بین ثبوت ہے کہ کالج کے طلبار اردو سے دلچسپی لینے لگے ہیں۔

گذشتہ چہارشنبہ ۱۵ فروری کی شب کو ۶ بجے بزم کے زیر اہتمام جلسہ منعقد ہوا جس میں حاضرین کی تعداد کافی سے زیادہ تھی مندرجہ ذیل حضرات خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ سر عبد اللہ سہروردی رکن مجلس مقننہ۔ پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی۔ پنڈت امرناتھ مدن صاحب ساحر (پنشنر تحصیلدار) شمس العلماء مولانا حاجی عبد الرحمن صاحب (صدر شعبہ عربی۔ فارسی و اردو دہلی یونیورسٹی) پنڈت تربھون ناتھ صاحب زار۔ ڈاکٹر سعید احمد صاحب (اڈیٹر سعید) مسٹر الیف جی دنسز (پروفیسر انگریزی) مسٹر کرشن گوپال صاحب ایم اے۔ مولانا عطاء الرحمن صاحب صدیقی پروفیسر اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم۔ اے۔ سید عبد الحئی صاحب (ناظم بزم ادب) مسٹر پریم چند جی غازی عبد الجبار صاحب ایم۔ اے (ہیڈ ماسٹر مسلم ہائی سکول) حاجی حافظ انوار حسین صاحب بی۔ اے۔ مولوی محمد شفیق صاحب ثاقب اور مولوی شفیع الدین صاحب نیر (اردو آنرز)

سب سے پہلے سید عبد الحئی صاحب نے ایک مختصر تقریر کے ساتھ جلسہ کی صدارت کے لئے سر عبد اللہ سہروردی کا نام پیش کیا جس کی تائید پنڈت امرناتھ مدن صاحب ساحر دہلوی (پنشنر تحصیلدار) نے فرمائی۔ سر سہروردی کرسی صدارت پر رونق افروز ہوئے اور آپ نے پنڈت برجموہن صاحب دتاتریہ کیفی دہلوی سے درخواست کی کہ وہ اردو لسانیات پر اپنے گرانقدر خیالات کا اظہار فرمائیں۔ چنانچہ علامہ کیفی نے ۶۵ منٹ تک نہایت ہی دلچسپ انداز میں اردو کی "تدریجی ترقی اور لسانیاتی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ آپ کا خطبہ سراپا عالمانہ اور محققانہ تھا۔ فاضل مقرر کے بعد صدر جلسہ نے اجمالی طور پر اردو کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اور حاضرین سے اردو کو فروغ دینے اور اس کی فلاح و بہبود کے لئے مساعی ہونے کی پرزور الفاظ میں اپیل کی۔ سب سے آخر میں پروفیسر اشتیاق حسین صاحب قریشی (صدر بزم ادب) نے معزز صدر حضرت کیفی اور دیگر محترم مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دہلی یونیورسٹی میں اردو کی طرف خاطر خواہ توجہ مبذول کرنے کو شکرہ کیا۔

۸ بجے یہ علمی اور ادبی مجلس بخیر و خوبی برخواست ہوئی۔

جمعیۃ طلبار مراد آباد کا جلسہ
اسیر فرنگ مولانا فضل الرحمن صاحب کی علالت

آج مورخہ ۲۷ فروری ۱۹۳۳ء کو جمعیۃ الطلبار مراد آباد کا ایک عام اجلاس زیر صدارت صدر جلسہ مذکور ہوا جس میں باتفاق آراء حسب ذیل تجویز پاس ہوئی۔

جمعیۃ الطلبار مراد آباد کا یہ عام اجلاس فدائے ملت و کارکن جمعیۃ علماء ہند و سابق ناظم جمعیۃ طلبار مراد آباد۔ جناب مولانا فضل الرحمن صاحب کی علالت کی طرف گورنمنٹ کو توجہ دلاتا ہے کہ وہ جلد سے جلد مولانا موصوف کی صحت کی طرف کامل توجہ کرے اور ملتان جیل سے کسی پہاڑ کی جیل میں [illegible]

> **مخلصہ نماز**
> جس کا ہر مسلمان مرد۔ عورت۔ بچوں پرانے و نئے تعلیم یافتہ لوگوں کے لئے پڑھنا ضروری ہے۔ قیمت ۲ر۔ رسالے کا پتہ:
> چودھری علی نواز خاں۔ دفتر آئینہ دنیا حضرت نظام الدین دہلی

امرتسر میں دار العلوم السنہ شرقیہ کا قیام

امرتسر جیسے اہم اور مشہور شہر میں مدت سے ایک ایسے دار العلوم کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جس میں [illegible] نصاب کے مطابق السنہ شرقیہ کی تعلیم کا خاطر خواہ انتظام ہو خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ بتاریخ ۱۷ فروری ۱۹۳۳ء مطابق ۲۱ شوال ۱۳۵۱ھ بروز جمعرات بمقام امرتسر ہال بازار متصل مسلم بنک دار العلوم السنہ شرقیہ کا افتتاح کر دیا گیا افتتاح کے وقت امرتسر کے مقتدر علماء اسلام و لیڈر اور قومی کارکن و دیگر معززین شہر کافی تعداد میں موجود تھے۔ بعد کے حاضرین میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ دار العلوم کے صدر مدرس صاحب مولانا مولوی غلام مصطفےٰ صاحب کشمیری مولوی فاضل منشی فاضل ادیب فاضل وارثی فاضل دیوبند۔ فاضل جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت مقرر ہوئے ہیں فی الحال مولوی فاضل منشی فاضل ادیب فاضل اور ان کے تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے فیس داخلہ وفیس ماہواری و دیگر تفصیلات خاکسار سکرٹری سے بذریعہ خط و کتابت یا بالمشافہ دریافت کیجئے)

سید محمد اکبر حسین صدر و بابو عبد الحق بی اے سکرٹری مجلس منتظمہ دار العلوم السنہ شرقیہ ہال بازار امرتسر

[illegible] گورنمنٹ خاص طرف جلد از جلد توجہ دے [illegible] کی حالت بدتر ہوجائے جس کی تلافی گورنمنٹ نہ کر سکے۔ (ناظم جمعیۃ الطلبار)

به لحاظ تعداد الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال

جامع اللغات اردو

دنیا میں سب سے بڑا لغت شائع ہوگیا

تاریخی تحقیق اور مشاہیر کے متعلق

مصنفہ خواجہ عبد المجید

متعلقہ السنہ — **حصہ اول**

اردو۔ ہندی۔ فارسی۔ عربی اور سنسکرت کے لاتعداد الفاظ کا مخزن لاکھوں محاورات کا حامل پچیس ہزار سے زائد ضرب الامثال و اقوال کا مجموعہ الفاظ علمیہ کی تشریحات مشاہیر عالم کی سوانحمریاں اور خصوصاً ہندوؤں اور مسلمانوں کی تاریخ اور ان کے مشاہیر کے حالات علم الاصنام کے قصے ملکوں اور شہروں وغیرہ کے حالات اور تاریخی واقعات نہایت تفصیل سے درج ہیں محاورات عامہ عادات نسواں اصطلاحات علمیہ اصطلاحات پیشہ وران لاکھوں کی تعداد میں ہیں ہر لفظ کا تلفظ اور مادہ بھی دیا ہے حصہ اول میں تقریباً ۵۰۰۰ الفاظ ۲۰۰۰ محاورات ۵۰۰ ضرب الامثال ۱۰۰ مشاہیر عالم کی سوانحمریاں اور بہت سے جغرافیائی مقامات کے حالات اور علم الاسلام کے قصے درج ہیں۔ خریداروں کی سہولت کے لئے اس کو ۸۰۰ صفحات کے کم از کم تیس ماہوار حصوں میں ماہوار شائع کیا جائے گا جس کی تقطیع ۲۶×۲۰/۸ ہوگی اور فی صفحہ ۳ کالم ہیں بہترین کاتب نے اس کو لکھا ہے اور نہایت اعلیٰ کاغذ استعمال کیا گیا ہے۔ باوجود ان تمام خوبیوں کے قیمت فی حصہ ایک روپیہ چار آنہ علاوہ محصولڈاک پہلا حصہ تیار ہے فوراً طلب فرمایئے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ المشتہر

خواجہ ایم محمود طوری منیجر جامع اللغات کمپنی لاہور گوبند رام اسٹریٹ چیمبرلین روڈ پوسٹ بکس ۱۲۲

۱۲۔ مارچ کی بجائے سارا مارچ

ناظرین کو معلوم ہے کہ ۱۲ مارچ کو امرت دھارا کا سالانہ جشن اس کی سلور جوبلی کے دن ۱۲ مارچ ۱۹۰۶ء سے برابر منایا جاتا ہے بھائیوں کو اس میں شریک کرنے کے واسطے ۱۲۔ مارچ کو ادویات و کتب کی قیمت میں رعایت کی جاتی ہے۔ اس کے متعلق کئی مشکلات کے باعث شکایات ہوتی رہتی ہیں۔ بارہ مارچ کو ہزار ہا آرڈر جوڑے جاتے ہیں۔ انکی تعمیل باری باری ہونے سے مہینہ بھر انتظار رہتا ہے۔ کئی پارسل آنے کا لاہور والوں کو بھی ایک دن میں سارا دفتر تک کبھی اشیاء بہم نہیں پہنچا سکتا اور ان کو کہنا پڑتا ہے۔ کہ ایک ماہ کے اندر جب مرضی ہوئے جاتا۔ ان وجوہات سے اس دفعہ یہ تجربہ کرنے کا خیال ہوا ہے کہ بجائے ۱۲ مارچ کے سارا مارچ ہی رعایت کے واسطے مخصوص کر دیا جائے پس

یکم مارچ سے ۳۱ مارچ ۱۹۳۳ء تک جو آرڈر دنیا کے کسی بھی ڈاکخانہ میں ڈالے جاوینگے

ان پر ۱۲ مارچ والی رعایت دی جائے گی یعنی

لوئی نوویدیالبھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید کی ایجاد کردہ امرت دھارا اور اسکے پانچ مرکبات ۳/۴ قیمت پر یعنی روپیہ میں ۱۲ر کی بجائے اور بڑی اور ایجاد شدہ کتب نصف قیمت پر یعنی روپیہ میں ۸ر کی رعایت ہوگی جو صاحب چاہیں روپیہ بھی مارچ کے اندر اندر جمع کراسکتے ہیں۔ ان کا روپیہ جبتک ختم نہ ہو تب تک ان کو وہی رعایت ملتے گی جو جب چاہیں وقتاً فوقتاً بار کرکے ادویات منگوا لیں رعایتی فہرست جس میں امرت دھارا اور اسکے مرکبات نیز دیگر ادویات کا مختصر ابیان اور چند سندات و کتب کے دیا ہے

طلب کرنے پر مفت بھیجی جاتی ہے!

جو صاحب باقاعدہ تشخیص کرکے علاج کرانا چاہیں۔ وہ قواعد علاج بھی ساتھ ہی طلب کریں جتنی جلدی آرڈر کریں بہتر ہے ایسا نہ ہو کہ آخیر میں وہی مشکلات پیش آویں ایجنٹوں کو بھی رعایتی قیمت پر امرت دھارا دینے کے واسطے لکھا گیا ہے امرت دھارا اور اسکے مرکبات تو ہر گھر میں ہمیشہ موجود رہنے چاہئیں۔ انکی قیمتیں اس طرح ہونگی

امرت دھارا اسالم شیشی دو روپے آٹھ آنہ کی بجائے ایک روپیہ چودہ آنے۔ نصف شیشی ایک روپیہ چار آنے (۱عہ) کی بجائے ۱۵ر

امرت دھارا امرہم ایک روپیہ کی بجائے بارہ آنے ۱۲ر امرت دھارا کی میٹھی ٹکیاں ۸ر کی بجائے ۶ر امرت دھارا لوشن ایک روپیہ کی بجائے ۱۲ر

امرت دھارا بام ایک روپیہ کی بجائے ۱۲ر امرت دھارا صابن چودہ آنے (۱۴ر) فی بکس کی بجائے ساڑھے دس آنے (۱۰/۶)

کچھ اور گھریلو ادویات کا بڑی فہرست میں تذکرہ ہے!

تار کا پتہ۔ امرت دھارا۔ لاہور   خط و کتابت کا پتہ۔ امرت دھارا۔ لاہور

المشتہر

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بلڈنگس۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا پوسٹ آفس۔ لاہور

> **دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے**
> لیکن کدھر؟
> **ڈاکخانہ کی طرف**
> کیوں کس لئے
> وہاں سے ایک کارڈ لے کر تحریر فرما دیں اور صحت و تندرستی کی کانٹو راہ راست کی ٹیچر قواعد قدرت کی واعظ نہایت عمدہ مضامین سے مزین ۹۰ صفحات کی کتاب کا م شاستر مفت طلب فرما کر ملاحظہ فرما دیں۔
> پتہ
> وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

> **مفت را چہ گفت**
> مفت طلب کیجئے — مفت طلب فرمائیے
> ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کی شاندار ہلاکوں والی فہرست ادویہ مع جنتری ۱۹۳۳ء مفت صرف ایک کارڈ لکھ کر منگائیے اس میں سر سے پاؤں تک کی بیماریوں کی مجرب دوائیں درج ہیں جن کے ذریعہ سے آپ گھر بیٹھے ہر بیماری کا علاج باسانی کر سکتے ہیں۔
> تار کا پتہ ہمدرد دہلی | منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی | ٹیلیفون نمبر ۱۰۰۸

> **حب نعمت** (رجسٹرڈ)
> جریان سرعت کثرت احتلام ضعف باہ وغیرہ کی بے نظیر دوا ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے اور قوت مردمی کو بحال کرتی ہے یہ گولیاں ہزارہا مریضوں پر تجربہ کی جاچکی ہیں اور لاکھوں انسان ان کی شہرت سے واقف ہیں ۳۲ گولیوں کی قیمت ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک کارخانہ کی بڑی فہرست ادویہ مفت طلب کیجئے۔
> منیجر دواخانہ بقائی (رجسٹرڈ) بازار چتلی قبر دہلی

> **سفید بال جڑ سے کالا**
> ایک آنہ کا تین روپے نصف تک ہم اس سے زیادہ لعہ کے تیل میں پچاس برس کے نیچے کا ایکبال کالا پیدا ہو ساٹھ برس تک کالا رہے تو دو نادام واپس
> پتہ
> بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس کنی سمری دوربھنگہ

جمعیۃ علماء سہارنپور کے کارکنوں کی رہائی

سہارنپور ۵ مرفروری۔ آج گیارہ بجے دن کے مولانا تفضل حسین صاحب فاضل دیوبند مولانا لطف الرحمن صاحب فاضل دیوبند کارکنان جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور ڈسٹرکٹ جیل سہارنپور سے اپنی مدت اسارت پوری کرکے رہا کر دیئے گئے آپ حضرات کو پکٹنگ کے الزام میں، ۷ مراکتوبر ۱۹۳۲ء کو تین تین ماہ قید با مشقت و پچیس پچیس روپیہ جرمانہ و بصورت عدم ادائیگی ایک ماہ مزید قید کا حکم سنایا گیا تھا۔

جمعیۃ علماء ہند کے ایک کارکن کو اخراج کا نوٹس

دہلی ۲۷ مرفروری۔ مولوی محمد سراج الدین صاحب بہاری کارکن جمعیۃ علماء ہند کو چیف کمشنر دہلی کی جانب سے اس مضمون کا نوٹس موصول ہوا ہے کہ ۲۴ گھنٹہ کے اندر صوبہ دہلی کی حدود سے وہ باہر نکل جائیں اور تا اطلاع ثانی واپس نہ آئیں ورنہ پنجاب آرڈیننس ایکٹ کے ماتحت ایک سال قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دیجائیں گی۔

مسلم یونیورسٹی کو نواب صاحب مانگرول کا عطیہ

ہز ہائی نس نواب صاحب مانگرول نے خواجہ حسن نظامی صاحب کی معرفت مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کے شعبہ سائنس کو دو ہزار روپیہ کا گرانقدر عطیہ مرحمت فرمایا ہے۔ (ڈائرکٹر)

جمعیۃ تبلیغ الاسلام کا جلسہ

حسب ہدایت صدر صاحب جمعیۃ ہذا جماعت منتظمہ کا جلسہ مورخہ ۲۳ و ۲۴ مارچ ۱۹۳۳ء کو منعقد ہونے والا ہے ممبران جمعیۃ تبلیغ الاسلام صوبجات متحدہ سے استدعا ہے کہ جو تجاویز وہ اس جلسہ میں پیش کرنا چاہیں وہ براہ کرم دفتر جمعیۃ مذکور جلد سے جلد روانہ فرمادیں تاکہ ان کو ایجنڈے میں شامل کر دیا جائے۔ ایجنڈا انشاء اللہ ۱۰ مارچ ۱۹۳۳ء تک جاری ہوجائیگا۔ فقط

(محمد عبد الحئی عفی عنہ، ناظم تبلیغ جمعیۃ تبلیغ الاسلام صوبہ جات متحدہ شہر آگرہ)

> ## ہندوستانی ایجاد اور دنیا کو چیلنج
> ہم دنیا کے ہر ایک کیسٹ کو چیلنج دیتے ہیں کہ ہمارے ایجاد کردہ "ریکارڈ نیا کس" سو پیو سنٹر کو بیکار اور اس سے بہتر کوئی دوسرے ثابت کر دیں تو مبلغ پانچسو روپیہ انعام حاصل کریں نیز پبلک کو بھی متنبہ رہنا چاہئے کہ بغیر بجلی لگائے ہوئے یا خاص ایکو کا استعمال کئے بغیر ریکارڈ کسی طرح درست نہیں ہو سکتا اس لئے نقالوں سے بچیں اور روپیہ بیکار نہ کھوئیں ہمارے سو پیو سنٹر نو سال سے آزمائے جارہے ہیں اور مختلف صوبوں میں ہم نے خود یہ خدمت انجام دی ہے لیکن اب ہماری سنسانی اگر اور پبلک کی سہولیت مدنظر رکھتے ہوئے ان ادویات کو اس شکل میں تیار کر دیا ہے کہ ہر خاص و عام شخص گھر بیٹھے اپنے ہاتھ سے ہر قسم کے ٹوٹ پھوٹ کے خراب ریکارڈ مثل نئے کے کر لیں یہ چار مرکب ہیں جو یکے بعد دیگرے استعمال کئے جاتے ہیں لیجئے یہاں کے دوا فروشوں سے یا براہ راست طلب کیجئے قیمت فی بکس جس میں چار سو پیو سنٹر ہونگے جو ڈیڑھ سو درجن ریکارڈ کو کافی ہونگے مبلغ دو روپیہ۔ دو ماہ کے لئے پیکنگ و پوسٹیج فری۔
> نوٹ:۔ مقامی ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ شرائط ایجنسی کے لئے خط و کتابت کریں۔
> ۲۔ ہم نے تین نمونے ساؤنڈ بکس کے بھی ایجاد کئے ہیں جو فی زمانہ تمام ساؤنڈ بکسوں سے دوگنی اور چوگنی سریلی۔ صاف اور تیز آواز دیتے ہیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ آواز مع ساز ایک ساتھ دو دیا تمن میں ہیں نیز ایک ٹائپ رائٹر بھی ایجاد کیا ہے جو اردو۔ ہندی اور انگریزی تینوں رسم الخط ٹائپ کر سکتا ہے
> المشتہر
> دی لوئل پرنس اینڈ کمپنی جنرل آرڈر سپلائرز کنٹریکٹرز۔ انونیٹرز اینڈ مینو فیکچررز ماڈھو نگر اوجین!!

> ## کٹ پیس کا تازہ چالان آگیا ہے
> ہم لمبے چوڑے اشتہار دینا اور لفاظی کرنا پسند نہیں کرتے قلیل نفع لگا کر دیانتداری سے بیوپاریوں کو نمونے کی چھوٹی گانٹھیں یک صد۔ دو صد اور پچاس روپے تھوک نرخ پر بھیجتے ہیں۔ جن میں نئی وضع کا ارزاں۔ عام پسند موسم کے مطابق ایک گز سے دس گز تک اور تھان کا کٹ پیس اور پارچہ ہوگا بطور نمونہ منگوا کر آزمائش کریں۔ چوتھائی رقم پیشگی آنی چاہئے۔ مفصل فہرست طلب کریں۔
> ایس رفیق بھائی جنرل۔ سپلائرز جیکب سرکل بمبئی

> صداقت و ایمانداری حکم خدا اور اس پر عمل ہمارا فرض ہے
> ## نوساری والے کا شراب طہور (رجسٹرڈ)
> یہ عرق اپنے کثیر فوائد کی بنا پر زبان زد خاص و عام ہے یہ دوا ہی نہیں بلکہ نہایت لذت بخش خوش ذائقہ۔ مفرح عرق ہے جس کو بچہ جوان۔ بوڑھا۔ مرد۔ عورت۔ بلا تکلف استعمال کر سکتا ہے۔ بھوک کی کمی بدہضمی۔ زکام۔ نزلہ۔ کھانسی۔ دماغ کی کمزوری۔ خون کی کمی پرانا بخار کھجلی۔ خون کی خرابی کے لئے اکسیر ہے۔ قوت مردمی کے لئے اس سے بڑھ کر زود اثر کم قیمت شاید ہی کوئی دوا ہو۔ ضعف مثانہ۔ سوزاک۔ آتشک میں عجیب نفع دیتا ہے۔ تقویت باہ کے لئے از بس مفید ہے۔ زیادہ تعریف کی حاجت نہیں ایک بار استعمال کیجئے اور ہماری صداقت کی داد دیجئے۔ قیمت نصف بوتل عہ۔ پوری بوتل عہ۔ اسپیشل بوتل صہ
> (نوٹ) عورتوں کے ضعف رحم ایام کی خرابی۔ ہسٹریا (اختناق الرحم) اختلاج وغیرہ کے لئے نعمت ہے شراب کی عادت چھڑانے اور اس کے نقصانات دور کرنے کے لئے مجرب۔
> پتہ
> نوساری دواخانہ قریب جے جے ہاسپٹل بمبئی پوسٹ ۹

> ## پیلی بھیت کیوں مشہور ہے
> اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہراپن کی روغن کرامات تمام دنیا میں پہنچتی ہے ہر ڈاکٹر اور حکیم جس کی قدر کرتے ہیں۔
> **بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے**
> کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے
> **نیپٹ بہراپن**
> قیمت فی شیشی ایک ایک روپیہ چار آنہ (عہر)
> جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے ہمارا پتہ یہ ہے:۔
> کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔ پی)

> مکمل فہرست مفت طلب کیجئے
> # ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں
> مکمل فہرست مفت طلب کیجئے
>
> **قرص ابیض** — قیمت ۳۲ قرص دو روپے (عہ)
>
> **اکسیر نسواں** — قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ)
>
> **ملین** — قیمت ۸۰ قرص ایک روپیہ چار آنے
>
> **جوہری** — قیمت پندرہ یوم دو روپیہ (عہ)
>
> ملنے کا پتہ: منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت

جلد ۱۷ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ مارچ ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۸

معاصرین کے افکار و آراء

روٹی کا سوال (ریچ)

مسٹر پروفلا چندر رے، کلکتہ کے نامور ماہر سائنس اور درویش منش محب وطن ہیں، فن کیمسٹری میں اُن کے کارناموں کی دھوم یورپ تک میں برپا ہے۔ ستر سال کی عمر میں اپنی "آپ بیتی" شائع کی ہے جو نانس (لندن) کے تعلیمی ضمیمہ میں اس پر ریویو نکلا ہے۔ اس کے توسط سے کتاب مذکور سے اعداد و اقتباسات ذیل نقل کئے جاتے ہیں:-

"کلکتہ یونیورسٹی میں ہر سال ۲۵ اور ۳۰ ہزار کے درمیان طلبہ ڈگری کے امتحانات میں شریک ہوتے ہیں۔

ڈھاکہ یونیورسٹی میں ہر سال تقریباً ۹ ہزار طلبہ ڈگری کے امتحانات میں شریک ہوتے ہیں۔

ان میں سے صرف ۲ یا ۳ فی صدی ایسے خوش قسمت نکلتے ہیں جو سرکاری ملازمت، یا انجینیری، ڈاکٹری، بیرسٹری وغیرہ میں داخل ہو جاتے ہیں۔"

گویا اکبر کے اس لطیفہ کی دردناک شرح، دنیائے عمل میں ہو رہی ہے ؎

کالج میں دھوم مچ رہی ہے پاس، پاس کی
عہدوں سے آرہی ہے صدا دور دور کی!

"علی پور بار میں [یعنی کلکتہ کی ابتدائی عدالت فوجداری کے سامنے] ۹۵۰ وکیل [جو درجہ اول و دوم کے] وکالت کر رہے ہیں، ان میں سے صرف ۱۰ فی صدی ایسے ہیں جن کی آمدنی اوسط درجہ کی بھی ہو جاتی ہے۔

بار لیسال میں وکلا کی اوسط آمدنی ۱۵ روپیہ ماہوار سے زیادہ نہیں اور نہ معلوم کتنے وکالت کی ڈگریاں رکھنے والے ایسے ہیں جو ایک ایک دانہ رزق کو ترستے ہیں۔"

یہ سب کچھ دیکھتے سنتے، جانتے بوجھتے پر بھی، سرکار عظمت مدارسے کا سکول و کالج کیسے، نئی نئی یونیورسٹیاں ہیں کہ تاشہ کھولتی چلی جا رہی ہے، اور غضب یہ ہے کہ انداد حصہ داران میں دھنستی اور بلتی جاتی ہے!

تنگی رزق سے تو جو سے دے ہیں کتا!
کیسی دلیل شرعی، کیسا خرد کا فتوی!

(اکبر کا یہ شعر، گاندھی جی کی تحریک جبر نہ وکھند رسے بہت قبل کا کہا ہوا ہے)

مسلمان اور جاپانی مال (البشیر)

ہم سودیشی کے عملاً حامی رہے ہیں۔ اور ہمارا عقیدہ ہے کہ جب تک ہندوستان کی ضرورت کی اشیاء خود ہندوستان میں تیار نہ ہوں گی اس وقت تک ہندوستان کو کبھی خوشحالی نصیب نہیں ہو سکتی، خواہ ہندوستان کو کتنے ہی زیادہ سیاسی حقوق دیئے جاویں اس وجہ سے نہایت سختی کے ساتھ ہماری رائے یہ ہے کہ اول تو ہر ایک ہندوستانی کا یہ فرض ہونا چاہئے کہ وہ اپنی ضروریات کی اشیاء ہندوستان میں فراہم کرے اور تمام غیر ممالک کی اشیاء کو بائیکاٹ کرے اور جو لوگ بوجہ کسی مجبوری کے ایسا نہ کرسکیں ان کا فرض ہے کہ وہ سب سے پہلے جاپانی مال کا بائیکاٹ کریں۔ اس کے بعد جرمن اور یورپ اور امریکہ کے ممالک کے مال کا بائیکاٹ کیا جاوے۔ اور سب سے زیادہ آخر میں انگلستان کے مال کا۔ کیونکہ جاپان اپنے ناقص مال کی وجہ سے سب سے زیادہ ہندوستان کا خون چوس رہا ہے۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ پوری قوت کے ساتھ جاپان کے مال کا بائیکاٹ کیا جاوے۔ مسلمانوں کے واسطے جاپان کے مال کا بائیکاٹ کرنا اس وجہ سے بھی ضروری ہے کہ جاپان اپنے ملک چین کو نچلا نہیں بیٹھنے دیتا۔ اور اس کے ملک پر ناجائز قبضہ کرنے کی وجہ سے وہ چین سے ہمیشہ برسر جنگ رہتا ہے۔ چونکہ چین میں ۵ کروڑ مسلمان آباد ہیں۔ لہٰذا جاپان کے چین پر حملہ کرنے کی وجہ سے مسلمانان چین کی جان و مال کو بہت زیادہ نقصان پہونچتا ہے۔ جاپان سے مسلمانان چین کو جو نقصان پہونچتا ہے اس کی بہت کچھ ذمہ داری ہندوستان کے مسلمانوں پر ہے۔ کیونکہ بمقابلہ ہندؤوں کے مسلمان ہی زیادہ جاپان کا مال خریدتے ہیں اور اس طرح وہ اپنا بہت زیادہ روپیہ جاپان کو دیتے ہیں اور جاپان ہندوستان کے مسلمانوں کے روپے کو چینی مسلمانوں کے خون بہانے میں صرف کرتا ہے۔

چین اور جاپان (الحدیث)

یہ بات قطعاً صحیح ہے جو ایک روایت میں قرآن شریف کی بابت آیا ہے "لکل ظھر بطن"۔ ہر ظاہر کا ایک باطن بھی ہوتا ہے۔ سیاسیات یورپ ایسی کچھ پیچ در پیچ ہیں کہ تاج ہندوستان کے تخت پر اکبر بادشاہ بھی ہوتا تو وہ بھی ان کے سمجھنے میں پریشان ہوتا۔ ان کی ظاہری سطح بالکل صاف ہوتی ہے مگر باطنی پیچ در پیچ۔

آج اخباری دنیا میں اس بات پر حیرانی کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ چین اور جاپان کی جنگ کے متعلق لیگ اقوام کی کمیٹی (۱۹ ممبران) نے فیصلہ کیا ہے کہ جاپان کو کہا جائے کہ منچوریا چین کے حوالے کر دے۔ اس فیصلہ کی تعمیل کے بجائے وہ ساری لیگ کو للکارتا ہے کہ میں منچوریا نہیں چھوڑوں گا، لیگ کی ممبری چھوڑ دوں گا۔

حیرانی کی بات یہ ہے کہ جاپان اکیلے کو اتنی جرأت کیوں ہے کہ وہ ساری دنیا کی حکومتوں سے لڑنے کا اور کامیابی کی امید بھی ہے؟ بظاہر تو دیوانہ پن ہے پھر کیا جاپان ایسا کم عقل ہے کہ تباہی کی خندق میں کود پڑے۔ ہمارے خیال میں یہ واقعہ ذرا بھی حیرت انگیز نہیں۔ کیونکہ یورپ کی سیاسیات کو جو کچھ ہم نے سمجھا ہے وہ بالکل اس شعر کی مصداق ہیں ؎

صلف عدو سے قسم مجھ سے کھائی جاتی ہے
الگ ہر ایک سے چاہت نبھائی جاتی ہے

اس اصول کے ماتحت لیگ کے بعض ممبر (مثلاً) انگلستان اور جاپان کو اتنا کہتے ہوں گے پہلے تو ہمارا گمان ہی تھا لیکن جب ہم نے یہ خبر پڑھی کہ سر جان سائمن (انگریز) سے پارلیمنٹ میں سوال ہوا کہ جاپان نے اگر لیگ کا فیصلہ نہ مانا تو انگلستان اسلحہ کی فروخت اس کے ہاتھ بند کر دیگا؟ سر جان نے جواب دیا کہ جب اور ملک بند کریں گے تو اکیلے انگلستان کی بندش سے کیا ہوگا۔

جس کا مطلب صاف ہے کہ نہ اور ملک بند کریں گے نہ انگلستان ایسا کرے گا۔

قومیت اور فرقہ واری (اشیر)

پچھلے دنوں اسمبلی میں ریلوے گرانٹ پر بحث ہوئی ہے اور اس افسوسناک حقیقت کی طرف ذمہ دار حکام کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ اس محکمے میں مسلمانوں کی حق تلفی ہو رہی ہے تو کہا جاتا ہے اس کے کہ اس کی تلافی پر زور دے کر راہ عدل کو ہموار کیا جائے اسے "قوم پرستی" کے منافی اور "فرقہ پرستی" کے ہم معنی بنا کر خوفناک شکل بنا دیا جاتا ہے۔ آخر قوم کی عمارت ڈھلی ڈھلائی، چھلی چھلائی کہیں آسمان سے تو نہیں اترے گی جتنے انسان ہندوستان میں آباد ہیں انہیں سے ہندوستانی قومیت مراد ہے۔ نہ کہ ایک خاص جماعت کو "قوم" بنا کر باقی سب کو فرقہ پرستی کے آزار میں مبتلا قرار دیتے ہوئے ان کے اتفاق و اتحاد کا نام قومیت ہے۔ اکثریت اور اقلیت کے جھگڑے بیکار ہیں، ہندوستان میں رہنے والا جو فرد یا جماعت کسی لحاظ سے بھی قابل توجہ ہے اس کی طرف صدق دل سے متوجہ ہونا بھی قومیت کا تقاضا ہے۔ اگر گیلیوں اور بیرسٹروں یا بھاری بھاری تنخواہیں پانے والے ملازمین ہی کو قومی عمارت کہہ سکتے ہیں تو یاد رہے کہ اس کا خمیازہ بری طرح بھگتنا پڑے گا۔

دو لاکھ کی بچت (ملت)

اس موقع پر ہم جو کچھ لکھنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ سالانہ میزانیہ کے تخمینہ میں بچت حقیقتاً ملک کی فراغت اور خوشحالی کا ثبوت نہیں ہے۔ سیلاب شیلا سفت ساری دنیا کی ممالک کی حکومتیں خسارے سے بر سر کار رہی ہیں لیکن ہندوستان میں بچت ہوگئی ہے۔ مگر دنیا کے سارے ممالک میں ہندوستان ہی غالباً وہ ایسا بدنصیب ملک ہوگا جس پر محاصل اور ٹیکسوں کا بوجھ سب سے زیادہ لدا ہوا ہے اور یہی وہ ملک ہے جس کے باشندوں کی اوسط آمدنی فی شخص مشکل سے ڈھائی آنہ روزانہ ہوتی ہے! ملک کے اس افلاس اور اس کے باشندوں کی اس تنگ دستی کے بعد اگر سرکاری خزانہ میں بچت ہو تو وہ کوئی خوشی اور فخر کی بات نہیں ہے۔ حکومت کو سب سے زیادہ اس بات کی کوشش کرنی چاہیئے کہ دو لاکھ کی بچت کے ساتھ ساتھ ملک کی عام حالت بھی درست ہو، عوام کی غربت، ان کی مالی تباہی اور انکی کاروباری بہبودی کی اصلاح بھی ہو کہ حقیقی مالی استحکام وہی ہے، مجوزہ میزانیہ میں بچت کو کھلا دیتا نہیں ہے! ٭

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

عکہ کے میدان میں شاہان یورپ کا اجتماع

عیسائی برجوں کو مسلمان انجنیروں نے کس طرح تباہ کیا؟

پوپ کا خط اور سلطان صلاح الدین کی تدابیر

عکہ کے عظیم الشان معرکہ کا حال آپ گزشتہ الجمعیۃ میں پڑھ چکے ہیں آج ابن اثیر جزری کے بیان کا باقی حصہ درج کیا جاتا ہے۔

آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ عیسائیوں نے زبردست یلغار کر کے سلطان صلاح الدین کے خیمہ تک حملہ کر دیا تھا۔ مگر اسلامی فوج نے ان سب کو بھگا کر تہ تیغ کر دیا۔ ان عیسائیوں کی تعداد جو اس موقعہ پر مارے گئے دس ہزار سے زائد تھی بہت سے لوگ گرفتار ہوئے جن میں تین عورتیں بھی تھیں جو مردانہ لباس میں مسلمانوں سے نبرد آزما تھیں۔ سلطان صلاح الدین رحمۃ اللہ علیہ نے ان لاشوں کو اس دریا میں ڈلوا دیا جس کا پانی عیسائی پیا کرتے تھے۔ لاشوں کے سڑنے سے ایسا تعفن پیدا ہوا کہ سلطان موصوف بیمار پڑ گئے۔ اطباء کی رائے سے آپ کا خیمہ زیادہ پیچھے ہٹا کر مقام خروبہ پر نصب کیا گیا اب فرنگیوں کیلئے زیادہ میدان کھل گیا اور عکہ بالکل محصور ہوگیا۔ سمندر کی طرف سے بھی عیسائیوں کے جہاز گھیرے ہوئے تھے۔ گرد کی خندق عیسائیوں نے زیادہ گہری کی اور اسکے برابر اسی کی مٹی سے دمس قائم کر لئے مگر عکہ والے برابر بہادری سے لڑتے جاتے تھے۔ ۱۵ شوال کو مصری بیڑہ اور فوج آپہونچی جس سے ان کا حوصلہ اور بڑھ گیا۔ اس حالت میں ۵۸۵ھ گزر گیا اور ۵۸۶ھ کے ماہ صفر میں ایک اور سخت لڑائی ہوئی جس میں طرفین کے بہت سے آدمی مارے گئے۔ سلطان موصوف کا خیمہ پھر تل کیسان پر نصب کر دیا گیا اور وہ روز عیسائیوں کا مقابلہ کرتے رہے تاکہ عیسائیوں کو شہر پر زیادہ دباؤ ڈالنے کا موقعہ نہ رہے۔

برجوں کی تعمیر

فرنگیوں نے جب دیکھا کہ شہر کسی طرح فتح ہی نہیں ہوتا تو انہوں نے تین زبردست اور عالیشان برج بنوائے۔ یہ برج لکڑی کے تھے مگر ان پر ایسے مسالے لگائے گئے تھے کہ ان پر آگ بالکل اثر نہیں کرتی تھی۔ ہر ایک برج میں پانچ درجے تھے اور ہر درجے میں بہت سے لوگ بڑے اطمینان سے سنگ باری کر کے شہر والوں کی زد سے بچ سکتے تھے۔ جب یہ برج عکہ کی دیوار کے تین جانب کھڑے کئے گئے تو ان پر سے عیسائیوں نے لڑنا شروع کیا۔ مسلمانوں نے روغن نفط کی ہانڈیاں ان پر برسانی شروع کیں، تب بھی ان پر اثر نہ ہوا۔ اس ناکامی کو دیکھ کر عکہ والے بہت گھبرائے اور مسلمانوں کا سردار مایوس ہوگیا۔

مسلمانوں کا حیرت انگیز کمال

اس اثنا میں ایک دمشقی مسلمان نے آکر کہا کہ آپ منجنیق والوں کو حکم دیدیجئے کہ جو کچھ میں انہیں دوں اسے ان برجوں پر برسائیں اور جب تک میں خود نہ ٹھہراؤں وہ اپنا کام برابر جاری رکھیں۔ یہ شخص ایک اعلیٰ درجہ کا کیمیاگر اور انجنیر تھا مگر سردار استقدر پریشان تھا کہ غصہ سے جواب دیا کہ "ادھر سبھوں نے کیا بنا لیا جو تم بنالو گے" حاضرین میں سے کسی نے کہا کہ اس میں مضائقہ کیا ہے امتحان ہی سہی۔ کامیابی حاصل ہوئی تو سبحان اللہ اور ناکامی تو نظر ہی آ رہی ہے۔ قراقوش (سردار) نے راضی ہو کر منجنیق والوں کو اس شخص کی ہدایت پر عمل کرنے کا حکم دیا۔ اسکا امتحان ایک برج پر کیا گیا۔ اس شخص نے پہلے ایک روغن دیا کہ ہانڈیوں میں بھر بھر کر برسایا جائے اس سے بظاہر کوئی اثر نمایاں نہیں ہوا۔

فرنگی جو برجوں پر تھے یہ تماشہ دیکھ کر مسخرہ پن کرتے تھے اور جب کوئی ہانڈی گرتی تو تضحیک کی راہ سے منہ چڑھاتے اور ناچنے کودنے لگتے اور ایسی ایسی حرکتیں کرتے جن سے مسلمانوں کو سخت غصہ آتا۔ غرض وہ اس غفلت میں رہے اور سارا برج اس روغن سے بھگو دیا گیا۔

عیسائی برجوں میں آگ

اب اس کے بعد اس دمشقی کیمیاگر نے مشتعل روغن نفط کی ہانڈیاں برسانی شروع کیں جن کے بعد ہی یک بیک سارا برج مشتعل ہوگیا اور جس قدر عیسائی اس کے اندر تھے وہ سب کے سب مع برج کے جلکر خاک ہوگئے۔ اس کے بعد یہی عمل دوسرے برجوں پر کیا گیا مگر اس میں کسی جان کا نقصان نہیں ہوا کیونکہ ہانڈیوں کا سلسلہ جاری ہوتے ہی سب عیسائی ان میں سے نکل کر بھاگ گئے۔

۲۰ ربیع الاول کو سلطان کے لشکر سے ایک زبردست جنگ ہوئی اس میں فرنگیوں نے مصری فوج پر حملہ کیا تھا اور مصری بھاگے مگر جب فرنگی ان کے خیموں کو لوٹنے میں مصروف ہوگئے تو مصری اور سوار لشکر ان پر آپڑے اور ان کو گھیر کر مار ڈالا۔ اس لڑائی میں بھی دس ہزار فرنگی مارے گئے۔

شاہان یورپ کی آمد

اس کے نتیجہ میں عیسائی گھبرا اٹھے تھے کہ اتنے میں شاہان یورپ آپہونچے ان کا حوصلہ بڑھ گیا اور ساتھ ہی لڑائی کا رنگ بھی بدلنے لگا۔ اب فرنگستان سے صلیبیوں کا سیلاب امنڈا چلا آتا تھا آخر ۲۷ جمادی الثانی کو سلطان صلاح الدین نے اپنا خیمہ شاکر خروبہ میں پھر نصب کیا تاکہ میدان وسیع ہو جائے۔ یورپ والوں نے عکہ کے گرداگرد بڑی بڑی منجنیقیں قائم کرنی چاہیں جنہیں محصورین اپنی ہوشیاری سے کسی طرح قائم نہیں ہونے دیتے تھے۔ غور ہو کر عیسائیوں نے ایک اور تدبیر نکالی وہ یہ کہ شہر پناہ سے فاصلہ پر مٹی کا ایک تودہ قائم کیا۔ اور مٹی آگے ڈال کر جب اس تودہ کو دیوار کے قریب لے آئے تو اس کی آڑ میں منجنیقیں قائم کر دیں۔ ادھر تو یہ سختی تھی اور دوسری طرف عکہ والوں کے پاس کھانے کے لئے کچھ نہیں رہا۔ سلطان نے اسکندریہ اور بیروت کے والیوں کے نام پیغام بھیجا کہ دریا کے راستہ سے رسد پہونچائیں۔ اسکندریہ والے تو کچھ نہ کر سکے مگر حاکم بیروت نے یہ حکمت کی کہ اپنی وضع عیسائیوں کی بنائی اور صلیبیں لگا کے جہاز دوں میں غلہ اور سامان بھر کر لے چلے اور مستولوں پر صلیبی جھنڈے اڑا کر بیروت کی طرف چلے۔ فرنگی جہازوں نے اپنے جہاز سمجھ کر کوئی مزاحمت نہ کی اور عکہ پہونچکر ان جہازوں نے پوری رسد پہونچا دی۔

پوپ کا خط

اس اثنا میں عیسائیوں کے پاس پوپ کا خط آیا کہ میں نے تمام عیسائیوں کو جہاد کرنے کا حکم دیدیا ہے لگاتار فوجیں پہونچتی رہیں گی تم گھبرانا نہیں۔ ۱۱ اور ۲۳ شوال کو سخت لڑائیاں ہوئیں جن میں فرنگیوں کا سخت نقصان ہوا۔ موسم سرما شروع ہوتے ہی صلیبی جہاز دیگر مقامات میں بھیجدیئے گئے۔ عکہ میں سلطان کی مزید فوج پہونچنے نہیں پائی تھی کہ عیسائیوں کے جہاز پھر آگئے جس کے باعث راستہ بالکل بند ہوگیا۔ اب ۵۸۷ھ شروع ہوا اور اس کے شروع ہوتے ہی انگلستان سے اس قدر کمک آنے لگی کہ گویا یورپ فوجیں اگل رہا تھا۔ جہازوں پر جہاز سپاہیوں سے لدے ہوئے چلے آتے تھے۔

۱۲ ربیع الاول کو فلپ شاہ فرانس آپہونچا۔ اگر سلطان کی وہی حالت تھی کہ صبح ہوتے ہی پھر لڑنے پر آمادہ ہو جاتے اور عیسائیوں کو عکہ پر حملہ کرنے کا موقعہ نہ دیتے تھے۔

شاہ انگلستان سے مقابلہ

بیروت کے حاکم نے جس کا نام اسامہ تھا صلاح الدین کے حکم کے مطابق کچھ جہاز سپاہیوں اور رسد سے بھر کر عکہ کی طرف روانہ کئے تھے ان سے اور انگلستان کے جہازوں سے جو ابھی جزیرہ قبرص میں تھے مقابلہ ہوگیا۔ مسلمانوں کے جہاز غالب آئے اور فرنگی جہازوں پر جتنے عیسائی تھے سب گرفتار کر لئے گئے اور غلہ اور مال اسباب چھین لیا۔ تاہم عکہ کا بچاؤ روز بروز دشوار نظر آتا تھا۔ عیسائیوں کی اس قدر زیادہ فوج جمع ہوگئی تھی کہ اس کی روک تھام بہت ہی دشوار تھی۔ عیسائی عکہ پر بھی حملہ کرتے تھے اور صلاح الدین سے بھی لڑتے تھے۔ آخر عکہ کی دیوار کے نیچے عیسائیوں نے سات منجنیقیں قائم کر دیں اور دیواریں منہدم کرنے لگے۔ ۴ جمادی الاول کو سلطان اور آگے بڑھ گئے اور ان سے بالکل قریب ٹھہر گئے۔ ۱۳ جمادی الاول کو شاہ انگلستان بھی آپہونچا۔ اس کے ساتھ ۲۵ بڑے بڑے جہاز تھے جو سپاہیوں سے بھرے ہوئے تھے۔ اس بادشاہ کے آتے ہی عیسائیوں کے حوصلے بڑھ گئے۔ اس لئے کہ رچرڈ شاہ انگلستان بڑا بہادر حیلہ جو افسر تھا اس وقت بھی بیروت سے کچھ جہاز رسد اور سات سو بہادروں کو لے کر عکہ کو چلے ان پر خود شاہ انگلستان آپڑا۔ مقابلہ ہوا اور مسلمانوں کو اپنی شکست کا یقین ہوگیا۔ یعقوب حلبی جو اس بیڑے کا افسر تھا اس نے اپنے آپ ہی جہاز توڑ کر ڈبو دئے اور خود بھی دریا میں ڈوب گیا تاکہ رسد عیسائیوں کے ہاتھ میں نہ پڑ جائے اور وہ زندہ گرفتار نہ ہو جائیں۔ ٭

(باقی آئندہ)

علمائے جرمنی نے عربی زبان کی تسہیل میں بھی کمال کر دیا ہے

عربی اور سنسکرت وغیرہ مشرقی زبانوں کے بڑے بڑے پروفیسر جرمنی میں پیدا ہوتے ہیں۔ جنگ عظیم سے پیشتر ہندوستان کے اعلیٰ درجے کے کالجوں میں عربی اور سنسکرت پڑھانے کے لئے جرمن اساتذہ کو ہی منتخب کیا جاتا تھا۔ بات یہ ہے کہ علمائے جرمنی نے مشرقی زبانوں کی تعلیم کیلئے ایسے نئے طریقے اختراع کئے ہیں جن کے ذریعہ طالب علم کو زبانوں پر بڑی آسانی سے عبور حاصل ہو سکتا ہے۔

عربی زبان کی تسہیل کیلئے جرمنی میں مختلف کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں تھیاچرس کی عربک گرامر بہت ہی مفید مانی گئی ہے۔ ہندوستان میں عربی سکھانے کا طریقہ اور نصاب بہت ہی ناگوار اور زمانہ حاضرہ کے لئے غیر موزوں ہے دیر نتیجہ خیز بھی کہیں۔

مولوی عبدالستار خاں صاحب مقیم بمبئی نے ہندوستان میں عربی زبان کو آسان خوشگوار اور نتیجہ خیز صورت میں پیش کرنے کی غرض سے تھیاچرس عربک گرامر کے اسلوب پر اردو میں ایک کتاب بنام تسہیل الادب فی لسان العرب الملقب بہ

عربی کا معلم

دو حصوں میں لکھی ہے۔ یہ کتاب تھیاچرس کی کتاب سے بھی زیادہ سہل اور مسلم طلبہ کیلئے خصوصاً زیادہ مفید ثابت ہوئی ہے کیونکہ اس میں مشقی امثلہ قرآن مجید سے بکثرت لی گئی ہیں اس عجیب و غریب کتاب کے پڑھنے سے صرف و نحو کے تمام ضروری قواعد پر عبور ہونے کے ساتھ ہی عربی ادب اور ترجمہ میں بھی کافی استعداد حاصل ہو جاتی ہے۔ ہر دو حصوں کی کلید بھی لکھی گئی ہے تاکہ بلا مدد استاد عربی سیکھنے والوں کیلئے آسانی ہو۔

اس کتاب کی خوبیوں کا اعتراف بڑے بڑے علماء فضلاء و مترجمین نے نہایت شاندار الفاظ میں کیا ہے۔

بمبئی یونیورسٹی نے اسے داخل نصاب کر لیا ہے۔ نہایت ضروری ہے کہ تمام مدارس عربیہ اور یونیورسٹیاں اسے داخل نصاب فرما کر طالبان عربی کو اس سے مستفید ہونے کا موقعہ دیں۔ تھیاچرس کی کتاب اور اس کی کلید دس روپے سے کم میں نہیں ملتی۔ مگر اس کتاب کے دونوں حصوں اور ان کی کلید (جو تقریباً ... صفحات پر مشتمل ہیں) کی مجموعی قیمت صرف دو روپے رکھی گئی ہے۔

عبدالوحید صدیقی منیجر الجمعیۃ دہلی سے طلب فرمائیں

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین رحمہم اللہ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت ... ادبیات ... روحانیت سے آشنا کرنا اور فرق باطلہ کو ... رو کنا ہے قیمت سالانہ ... نمونہ کا پرچہ ... روانہ کیا جاتا ہے۔

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروشس

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

لازوال انگلش ٹیچر بغیر استاد اس کتاب سے معمولی اردو خوان چند یوم میں انگریزی لکھنا پڑھنا بولنا خط و عرضی تار گرامر ٹرانسلیشن ایڈیم ڈکشنری لیٹر رائٹر وغیرہ سب کچھ سیکھ لیگا۔ قیمت ... محصول علیحدہ لذت النساء قیمت ...

پتہ :- دفتر چمن بک ڈپو ۱۵ علی گڈھ سٹی

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دار و مدار ہے اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مفید عام ہے قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

حیات طیبہ

ہندوستان کے مجاہد اعظم قائد جیوش اسلامیہ مولانا اسمٰعیل شہید دہلوی کی سوانح عمری بڑی صحت اور آب و تاب کے ساتھ دوسری بار چھپی ہے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ سب عمدہ قیمت میں سابق کی نسبت تخفیف یعنی اصل قیمت ... محصول ڈاک اور خرچ رجسٹری وغیرہ ... بذمہ خریدار

پتہ

منیجر اہلحدیث امرتسر

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

ہندوستان کا بہترین اخبار

نوید

ایڈیٹر
سید حسن ریاض

مولانا حسرت موہانی ... ڈائرکٹر ... نواب ... صاحب

سیاسیات عالم پر پُرمغز مضامین۔ اسلامی ممالک کے حالات، افسانے ظرافت کے رنگ میں تحریکات عالم پر تبصرے شایع ہوتے ہیں۔

اعلیٰ طبقے میں بہت مقبول ہے اس لیے نوید کا اشتہار بہت کامیاب ہوتا ہے

نمونہ مفت - ایجنٹوں کو ایک مرتبہ ... تجربہ کیجئے قیمت ...

منیجر نوید ...

علماء صلحاء محدثین مفسرین نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ

قرآن مجید

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابل قدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا محمود الحسن صاحب، شیخ الاسلام حضرت علامہ ... حافظ احمد سعید صاحب مسیح الملک حافظ محمد اجمل خاں صاحب مرحوم حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے متبحر اور مقدس علماء نے اسے بے حد پسند فرمایا ہے اور نہایت پُرزور الفاظ میں مسلمانوں سے اس کے متعلق سفارشیں کی ہیں۔ ایک مسلمان کے لئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہو سکتا خود طلب فرمایئے اپنے عزیزوں کیلئے منگایئے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجئے۔

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کمالین التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ ... علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

ذیقعدہ تک کیلئے

پانچ قرآن مجید ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی رقم پر ... کم کردیے جائینگے

پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کر دینے والا

قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے

کہ وہ ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اس میں تلاوت کرے اور جنہیں اللہ نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگا کر غریبوں طالب علموں مسجدوں یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلا کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھر لیں۔

یہ قرآن مجید معرا اور مترجم دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے ترجمہ حضرت حکیم الامۃ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے معدیہ بغیر ترجمہ صرف ایک روپیہ بلا جلد کا ہے جلد علاوہ محصولڈاک کپڑے کی ۸/ اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ لیا جائیگا معدیہ مترجم حنا شدہ کاغذ چکنا قسم اعلےٰ تین روپے علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد ۸/ چمڑے کی جلد کا ۱/ ہدیہ کے علاوہ ہوگا۔

ذیقعدہ تک خاص رعایت

یہ تو آپ خود ہی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کم سے کم رکھا گیا ہے لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہے لہذا اخیر شوال تک کیلئے ذیل کی رعائتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔

پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ۲/ کی کمی کر دی جائے گی۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

مسلم لیگ کے ایک جلسہ میں نام نہاد لیڈروں کی دست بدست جنگ

سر یعقوب مولوی شفیع داؤدی اور انکی پارٹی کے شرمناک کارنامے

صدر اجلاس کی توہین، گالیوں کی بوچھاڑ اور گھونسوں کا استعمال

(نامہ نگار خصوصی کا چشم دید بیان)

… کو لیبرٹن ہوٹل واقعی دہلی میں ۱۲ بجے مسلم لیگ کا ایک ہنگامہ خیز اجلاس منعقد ہوا جس کی تفصیلات نہایت شرمناک ہیں اور جن سے مسلمانوں کے نام نہاد قائدین کی حقیقی ذہنیتوں اور اندرونی ریشہ دوانیوں کا پوری طرح پتہ چل جاتا ہے اور صاف طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذاتی اغراض کے لئے یہ لوگ کس طرح آپس میں دست و گریباں …

ہماری کامیابی … ہو سکتی … اور … ہی فیصد … تو ہم بہت … اقلیت میں … کے لئے … ہو جائے گا۔

واک آؤٹ (اخراج)

واک ان (داخلہ)

شرمناک منظر

نمائندگان اخبارات سے تعرض

لیگ پر قبضہ کرنے کی سازش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۵ ہجری

شذرات

اخبارات میں شائع ہو رہا ہے کہ قرطاس ابیض کا مسودہ ہندوستان میں آگیا اور ہندوستانی حکومت کی تجاویز کے ساتھ واپس بھی کر دیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ آئندہ دستور اساسی کے متعلق حکومت کا یہ بیان عنقریب شائع ہونے والا ہے اور ماہ رواں کے آخر تک دنیا اس سے واقف ہو جائے گی کہ برطانوی حکومت گول میز کانفرنسوں کے مباحث کی روشنی میں کونسی تجاویز پارلیمنٹ کے سامنے رکھ رہی ہے۔

بلا … یہ غلط فہمی رفع ہو جائے اتنا ہی اچھا ہے۔

ہم اس حقیقت کے اظہار میں ذرہ برابر باک نہیں ہے کہ اس وقت انڈین نیشنل کانگریس اور جمعیۃ علمائے ہند ملک کی رو سے سب سے زیادہ مقتدر اور ذی اثر جماعتیں ہیں۔ اور ان حضرات کی رائے جو ان جماعتوں کی رہنمائی کرتے ہیں اہل ملک کے لئے سب سے زیادہ وزن رکھتی ہے۔ حکومت خواہ اس کا اعتراف …

لیڈری کی شان

رجعت پسندوں کا غلبہ

ناکامی کا خفیہ

در پردہ مقاصد

کانگریس کے بغیر قرطاس ابیض پر غور کرنا ناممکن ہے

لبرلوں کے فرائض اور حکومت کارشیہ

مشروط رہائی کے متعلق مسٹر جمنا داس کا بیان

کے پروپیگنڈا کے لئے … کی مشروط آزادی کی پیشکش منظور کر لینا گاندھی جی اور تحریک سول نافرمانی کے ضابطہ کے خلاف ہے۔ کوئی بھی سلیم العقل اس پر اعتراض نہیں کر سکتا کہ گاندھی جی اچھوتوں کے واسطے کیوں لڑ رہے ہیں لیکن ایسی حالت میں جبکہ ان کے محض کہنے سے ہزاروں افراد جیل جا چکے ہیں ان کے لئے صرف … پر ویش کے مسلہ پر اپنا سارا وقت صرف کرنا اور مشروط آزادی منظور کرنا ایک بڑی بے انصافی کی بات ہے۔

بمبئی ۸ مارچ … آچاریہ اور دیو داس گاندھی آج صبح یہاں تشریف لائے … کے بعد دو گاندھی جی سے ملاقات کرنے کی غرض سے پونہ کو روانہ ہو گئے۔

نمائندہ ایسوسی ایٹڈ پریس سے راج گوپال آچاریہ سے ملاقات کے دوران میں مسٹر جمنا داس دوارکا داس کی چٹھی کے متعلق جو کہ انہوں نے گاندھی جی کو تحریر کی تھی آپ کی رائے دریافت کی …

قرطاس ابیض اور کانگریس

مشروط رہائی کے اسباب

مسٹر شیخ احمد دوانی کا بیان

سیاسی اسیروں کی رہائی کا مطالبہ تکرار کر رہا ہے

سول نافرمانی کے عارضی التوا کا مطالبہ

چودھری خلیق الزمان کا اعلان

قرطبہ کی جامع اعظم اور حکومت ہسپانیہ

وارسا میں جامع اعظم کی تعمیر

… کے مقابلہ میں قدیم اور جدید عیسائیوں کا اتحاد

مرزا قادیانی کے بلند بانگ دعاوی اور ان کا حشر

قادیانی تحریک اسلام اور مشرق کیلئے سخت خطرہ ہے

(ایک گریجویٹ کے قلم سے)

مرزائیت کا فتنہ

قادیانی کے دعاوی کا تجزیہ

نصرانی طاقتوں کا آلہ کار

مسلم لیگ کے ایک جلسہ میں نام نہاد لیڈروں کی دست بدست جنگ

سر یعقوب مولوی شفیع داؤدی اور انکی پارٹی کے شرمناک کارنامے

صدر اجلاس کی توہین، گالیوں کی بوچھاڑ اور گھونسوں کا استعمال

(نامہ نگار خصوصی کا چشم دید بیان)

واک آؤٹ (اخراج)

واک ان دوا خلہ

شرمناک منظر

نمائندگان اخبارات سے خوف

لیگ پر قبضہ کرنے کی سازش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

عید فصح کی تقریب کے سلسلہ میں پاپائے اعظم نے ایک زبردست جلسہ ویٹیکان میں منعقد کیا۔ رسوم کی ادائیگی کے بعد پاپائے اعظم ایک میدان میں نکلے جہاں لوگوں نے آپ کے کپڑوں سے برکت حاصل کی۔ ویٹیکان کی کلیسائیں پچاس ہزار عیسائیوں کا اجتماع تھا جن میں مشہور لوگوں کے نام حسب ذیل ہیں:-

جارج سابق شاہ یونان۔ امیر کریسٹون۔ شاہ ملکہ بلجیک۔ فان پاپن جرمنی وزارت کے صدر دوم۔ مسیو ولفوس صدر وزارت پولینڈ۔ مسیو ... صدر جمہوریہ پالینڈ۔

اس موقعہ پر جن لوگوں نے پاپائے اعظم سے برکت حاصل کی ان کی تعداد دو لاکھ سے متجاوز ہے۔

(خبر نہیں ملاحدہ مسلمین اس خبر کو پڑھ کر کچھ شرم کریں گے یا نہیں اور بڑی بڑی حکومتوں کے ذمہ دار وزراء اور ملوک کو رجعت پسندی اور قدامت پرستی کے خطابات سے مشرف فرمائیں گے یا نہیں؟)

عربی ممالک کی تازہ مردم شماری
ایشیائی اقوام میں آبادی کا تناسب

ذیل میں مختلف عربی ممالک کی مردم شماری درج کی جاتی ہے:-

مصر۔ ۱۹۲۷ء کی مردم شماری کے مطابق ۱۴۱۶۸۰۰۰ افراد۔
عراق۔ ۱۹۳۰ء کی مردم شماری کے موجب ۲۸۴۹۳۰۰ افراد
فلسطین۔ ۱۰۰۰۰۰۰ افراد۔
لبنان۔ ۱۰۰۰۰۰۰ افراد۔
شام۔ ۱۹۳۲ء کی مردم شماری کے مطابق ۱۷۰۰۰۰۰ افراد۔
جبل الدروز۔ ۶۰۰۰۰ افراد۔
علوی بلاد۔ ۲۶۵۰۰۰ افراد۔

دنیا کی کل آبادی ایک ارب ۸۰ کروڑ افراد پر مشتمل ہے۔
ممالک ایشیا کی آبادی ۲۹ کروڑ ہے۔
یورپ کی آبادی ۷۸ کروڑ ۵۰ لاکھ ہے۔
شمالی اور جنوبی امریکہ کی آبادی ۲۳ کروڑ ہے۔
افریقہ کی آبادی ۱۵ کروڑ ۵۰ لاکھ ہے۔

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۳)

دیہات میں محکمۂ تعلیم کی طرف سے کتب خانے کھولے جا رہے ہیں اور ان کے لئے عربی لٹریچر مہیا کیا جا رہا ہے۔ عربوں کی کثیر آبادی جاہل ہے اور ان کی خدمت کا بہترین طریقہ یہی ہے کہ نوجوانوں کو تعلیم دی جائے۔ یروشلم میں ایک اسکیم تیار کی گئی ہے ...

دار الحکومت

شریفاً دائی کے قتل کے مقدمہ کا فیصلہ
ایک ملزم کو پھانسی دو بری

دہلی ۱۵ مئی۔ مسٹر ایل ڈسٹرکٹ جج کی عدالت سے شریفاً دائی کو قتل کرنے کے الزام میں شہاب الدین ... عبد القدوس کو سیشن سپرد کیا گیا تھا۔ آج ... سیشن جج کی عدالت سے شہاب الدین کو پھانسی کی سزا کا حکم دیا گیا۔ دیگر ملزمان کو عدم ثبوت کی وجہ سے رہا کر دیا گیا۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ شریفاً دائی ... نالہ پر رہا کرتی تھی اور سہ پہر وقت زیورات ... رہتی تھی۔ ملزمہ کی نعش ملزم کے گھر میں ... دہلی میں برآمد ہوئی تھی۔

دہلی میں خودکشی کی واردات

دہلی، محلہ دساں کی دو نوجوان لڑکیوں کی موت کی خبر دی جا چکی ہے۔ اس سلسلہ میں یہ بھی خبر دی گئی تھی کہ بھگوتی چرن فرار ہو گیا ہے۔ اس کے مکان کی تلاشی پر پولیس نے بہت سے خفیہ امیز خطوط برآمد کئے ہیں ...

دہلی کے انسپکٹروں کا تبادلہ

بلند شہر کے قریب سادات پر جاٹوں کا خونی حملہ
دس لڑکوں پر سینکڑوں جاٹوں کی یورش
دو مسلمان شہید اور سخت مجروح

ایران اور ترکی نے پرواز کی اجازت نہیں دی

چینی شہر پر جاپانی افواج کی زبردست گولہ باری
جاپان کی مسلسل پیشقدمی اور لووان چو پر قبضہ
آبادی نے شہر خالی کر دیا امریکن اسکول بند کر دیا گیا

لندن ۱۶ مئی۔ اخبار "ٹائمز" کا نامہ نگار مقیم پیکن لکھتا ہے کہ جاپانی افواج ... سے آٹھ میل کے فاصلہ پر پہنچ گئی ہیں۔ تمام آبادی نے شہر کو چھوڑ دیا ہے ...

پیکن کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ آج پیکن کے جنوبی حصہ میں گولہ باری کی آوازیں سنی گئیں۔ امریکن سفیر کے مشورہ سے امریکن اسکول کے بچے ٹنگ شان کے مشنری اسکول میں منتقل کر دئے گئے ہیں۔

گاندھی جی کے وزن میں تین پونڈ کی کمی
متلی سے افاقہ، یرقان کے آثار

گاندھی جی کو متلی کی شکایت
ایک سیر پانی بھی ہضم نہیں کر سکتے
حالت اطمینان بخش ہے

ڈاکٹر انصاری کا بیان

گاندھی جی کے پوتہ کی گرفتاری

گاندھی جی کے پوتے کو "آوارہ گردی" میں سزا

بمبئی کے بازار مبادلہ میں ہیجان
نرخوں میں غیر معمولی کمی

مشترکہ کمیٹی کے نام گاندھی جی کا پیغام

قرطاس ابیض کی مذمت اور ہر تحریک کی تائید
مولانا حسرت موہانی کا بیان

ریزیڈنسی بازار حکومت نظام کے حوالہ کر دیا
سرکاری اعلان

لاہور میں قصابوں کی ہڑتال
مذبوحہ جانوروں کے محصول میں اضافہ

مولانا شوکت علی اور مالوی جی کی گفتگو
شائع شدہ رپورٹوں کی صحت سے انکار

اسلامی آبادی پر تین درجن ہندوؤں کا حملہ
نو مسلم خاتون اور تین بچوں کا اغوا
مسلمانوں سے مقابلہ کے لئے پیشبندیاں

عیسائی مبلغ آغوش اسلام میں

محمد کامل خاں سکرٹری مجلس احرار اسلام سہارنپور

الور میں پھر فساد کا اندیشہ
سرکاری بیان

دو ڈاکوؤں کو کالا پانی
ضلع بستی میں ڈاکہ کے مقدمہ کا فیصلہ

برار کے متعلق حکومت سے گفت و شنید جاری ہے
دار العوام میں وزیر ہند کا جواب

چینی ترکستان میں اسلامی حکومت کا قیام
تحریک حریت کا تدریجی ارتقاء
سترہ برس کے مسلم نوجوان کے کارنامے

چینی ترکستان میں حال میں جو اسلامی حکومت قائم ہوئی ہے۔ اخبارات میں اس کی خبریں آچکی ہیں۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال نے جو اس مسئلہ سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں اپنے خیالات کا اظہار حسب ذیل الفاظ میں کیا ہے۔

ہندوستان جاپان کو مالی امداد نہ دے
چینی وزیر کی اپیل

تصحیح

حضرت مفتی اعظم کی خدمت میں طلبائے مدرسہ امینیہ کا اظہار عقیدت
دعوت چاء اور سپاسنامہ

دہلی ۱۴ مئی۔ آج شام کو ۵ بجے مدرسہ امینیہ میں طلبائے مدرسہ کی جانب سے حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند رئیس المدرسین مدرسہ امینیہ کی خدمت میں ایک سپاسنامہ پیش کیا گیا ...

سپاسنامہ

اظہار تشکر

جنگ کے لئے کروز بھیجدئے گئے
ڈنزگ میں شدید ہنگامے

سیاسی قیدیوں کی رہائی کا سوال
دار العوام میں وزیر ہند کا کورا جواب

نازی لیڈر کو نکل جانے کا حکم
آسٹریا کے سفیر کا احتجاج

پارلیمنٹری کمیٹی کا اجلاس
ہندوستانی اسیسر بھی شریک ہوئے

پنجاب کے فرقہ وارانہ سمجھوتہ کی مقبولیت

مصر کے درآمدی محصول میں اضافہ

پارلیمنٹری کمیٹی میں مسلم نمائندوں کا رویہ

جرمنی کی طرف سے وزیر جنگ برطانیہ کو جواب
مجلس اقوام محض ریاکاری پر مبنی ہے
فرانس پر جرمنی کی ہیبت طاری ہو گئی

جنگ کی ضرورت

کانگریس پر نکتہ چینی
ہندوؤں کی عدم رواداری پر مسٹر جناح کا خیال

سورت کانگریس کی عمارت واپس کر دیگی

ویانا میں دو سو افراد گرفتار

کشمیر میں تحریک عدم ادائیگی لگان

اسپیشل ٹریبونل کا تقرر

مسلمانان سرحد کا شاندار جلسہ
صدر جمعیۃ علماء ہند کی خدمات جلیلہ کا اعتراف

مولوی عبد الرؤف صاحب نے نماز جمعہ سے پہلے اسلام کے اصول مساوات پر ایک مبسوط تقریر فرمائی آپ کے بعد مولوی شاکر اللہ صاحب خطیب جامع مسجد نوشہرہ نے خطبہ شروع فرمایا کر دوران خطبہ میں رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے اسوۂ حسنہ کو بیان کرتے ساتھ عمر فاروق رضی کے دور خلافت کا ایک عجیب طرح پر نقشہ پیش کیا جس کے سننے سے لوگوں کے اوپر حیرت طاری ہو گئی کہ حکومت فاروقی ایک ایسی حکومت تھی جس کے سایہ میں مخلوق خدا کو اصلی حقوق ملنے کے ساتھ حقیقی آسائش میسر ہوتی تھی۔ نماز جمعہ کے بعد باقاعدہ جلسہ شروع ہوا اور مولوی نثار حسین صاحب قاری صاحب کے چوتھے فرزند رجبند نے ایک موثر تقریر فرمائی اور مولوی شاکر اللہ صاحب نے آخیر میں لوگوں کو مولوی عبد الحکیم صاحب صدر خلافت پشاور کی مختصر سوانح عمری بیان کر کے پورے حالات سنائے۔ اور لوگوں کو مجاہد اعظم مولوی مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی رہائی کی خوشخبری سنائی اور مندرجہ ذیل دو تجاویز بالاتفاق پاس ہوئیں۔

(۱) نوشہرہ کلاں کا یہ عام جلسہ خادم ملت عالم حقانی علمبردار حریت مولوی مفتی عبد الحکیم صاحب صدر خلافت پشاور کے انتقال پر ملال کو مسلمانان صوبہ سرحد کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان تصور کرتا ہے۔ نیز آپ کے پس ماندگان کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور خدائے برتر سے دعا کرتا ہے کہ اس عالم حقانی کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور آپ کے پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

(۲) نوشہرہ کلاں کا یہ عام جلسہ مجاہد اعظم مولوی مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کے ڈیڑھ سالہ مصائب کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو انہوں نے ملک و ملت کی خاطر برداشت کی ہیں اور آپ کے ان خدمات کا خراج تحسین ادا کرتے ہوئے دعا کرتا ہے کہ اس بطل شجاعت کو اس مینہ نجات کی عمر کو دراز فرمائے۔

مرسلہ عبد الحکیم نوشہرہ کلاں (ڈسٹرکٹ پشاور)

مسلم مشترکہ بورڈ کے سکریٹری کو الوداعی دعوت
معززین شہر کا شاندار اجتماع

[illegible]

سید عباد الدین صاحب ... شیخ عزیز الدین صاحب میونسپل کمشنر۔ جناب مولوی عبد الماجد صاحب دہلوی صدر جمعیۃ احرار اسلام جناب محمد جعفری صاحب ایڈیٹر تمت جناب ہلال احمد صاحب زبیری ایڈیٹر الجمعیۃ وجناب رضا مرزا صاحب وکیل نے بھی شرکت فرمائی۔ سید حمید صاحب امام جامع مسجد و نائب صدر مشترکہ بورڈ نے ایک جامع خطبہ صدارت میں شیخ صاحب موصوف کی خدمات کا اعتراف کیا نیز اراکین بورڈ کی جانب سے شیخ صاحب کی خدمت میں سپاسنامہ ...

آم دربھنگہ کا لیچی مظفر پوری کی

سارے ہندوستان میں مشہور ہے ان کے اعلیٰ ... فہرست منگا کر دیکھیں ... پتہ۔ بہار زرسری۔ دربھنگہ (بہار)

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

رسالہ نظام المشائخ ... [illegible]

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

اخبار "شہاب" کی تجدید اشاعت

بھی پیش کیا گیا۔

سید صفیر علی قادری۔ آنریری سکریٹری

راولپنڈی کا مشہور اخبار جو اپنی بیش بہا خدمات کی وجہ سے سرحد و پنجاب میں غیر فانی شہرت حاصل کر چکا ہے بعض اضطراری وجوہ کی بنا پر چند ماہ سے بند تھا اب خدا کے فضل و کرم سے جدید اجرا کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں۔ بہترین علمہ لیا گیا ہے۔ پہلا پرچہ انشاء اللہ العزیز عید کو شائع ہو جائے گا۔ شہاب کا ہر جدید نمبر لحاظ سے شاندار ہو گا۔ قدیم خریداروں کا فرض ہے کہ اپنے پتہ کی تبدیلی سے اطلاع دیں۔

منیجر شہاب راولپنڈی

دہلی میونسپلٹی جواب دے

(۱) کیا یہ صحیح ہے کہ دہلی میونسپلٹی نے اصلی دیسی گھی اور مصنوعی بناسپتی گھی کی درآمد پر فی من محصول ۸ کیا تھا اور اس کے بعد اب دیسی گھی پر بدستور ۸ من لیا جاتا ہے مگر بناسپتی گھی کا محصول ایکدم ۸ سے کم کر دیا ہے اور اب صرف ۲ فی من لیا جاتا ہے؟

(۲) اگر صحیح ہے کہ بناسپتی گھی پر صرف دو آنہ من محصول رہ گیا ہے تو کیا ارکان میونسپلٹی جواب دیں گے کہ ایسا کیوں کیا گیا اور کیا یہ بناسپتی گھی کو فروغ دینا نہیں ہے؟

(۳) اگر مصنوعی بناسپتی گھی کو شہر دہلی میں کامیاب بنانا مقصود ہے تو اہل شہر کی خرابی صحت کا کون ذمہ دار ہوگا جب کہ اس گھی کی ارزانی اور آزادی کے سبب عام طور پر استعمال ہونے لگے گا؟

(۴) کیا میونسپلٹی کے ارکان جواب دیں گے کہ ایسے وقت میں جب کہ میونسپل کمیٹی کے ملازمین میں تخفیف کی جا رہی ہے اس گھی پر رعایت دینے کا راز کیا ہے؟

(۵) کیا اس رعایت سے آمدنی پر کوئی اثر نہیں پڑیگا اور اگر پڑیگا تو اس کا ذمہ دار کون ہوگا اور اگر آمدنی متقول ہے تو پھر تخفیف کا کلہاڑا بیچارے ملازموں پر کیوں چلایا جائے۔

(نامہ نگار)

دربھنگہ میں آریوں کی ہرزہ سرائی

امسال دربھنگہ میں آریوں نے اپنے سالانہ جلسہ کے موقع پر اپنی تقریروں میں مقدس اسلام پر بہت سے ناپاک حملے کئے جا رہے تھے اور اہل اسلام کو چیلنج پر چیلنج دیئے جاتے رہے طلبائے دار العلوم احمدیہ سلفیہ کے کانوں میں جب ان کے نا پاک حملے اور چیلنج کی خبریں پہونچیں تب انہوں نے "انجمن اصلاح الکلام" کی طرف سے جناب مولانا المحترم ابو القاسم صاحب سیف بنارسی اور مولوی محمد عباس صاحب کو تار دے کر بلایا۔

آریوں نے ایک گھنٹہ کا وقت رد و شکوک کے لئے دیا تھا۔ چنانچہ مولوی محمد عباس صاحب موصوف وقت مقررہ پر آریوں کے پنڈال میں پہنچ کر دو سوال آریوں کے ناصل مقرر کا یہ پیش کئے کہ فاضل مذکور نے کسی کا جواب نہیں دیا ... [illegible]

اور جناب مولانا المحترم ابو القاسم صاحب سیف بنارسی نے دو اچھا سوال ... قرآن مجید پر ... [illegible]

(سکریٹری انجمن اصلاح الکلام دربھنگہ)

اعلان ضروری

انجمن خدام الدین نے جو اس سے پہلے تیس مختلف رسالے دو لاکھ چورانوے ہزار کی تعداد میں شائع کر چکی ہے اب ایک نیا رسالہ بنام "مسلمان عورت کے فرائض" شائع کیا ہے۔ اگر مسلمان عورتیں اس پر عمل کریں تو دنیا میں عزت و آرام سے زندگی گذار سکتی ہیں اور آخرت میں بہشت کی مستحق ہو سکتی ہیں۔ یہ رسالہ مقامی حضرات کو دفتر سے مفت مل سکتا ہے۔ بیرونی حضرات ایک آنہ کا ٹکٹ برائے محصولڈاک و پیکنگ مندرجہ ذیل پتہ پر بھیجکر مفت منگوا سکتے ہیں۔

ناظم شعبہ تالیف و اشاعت انجمن خدام الدین دروازہ شیرانوالہ لاہور

حکومت ضرور جھکے گی
انگلستان کے ایک اخبار کی قیاس آرائی

الہ آباد ۲۹ مئی۔ لیڈر کا نامہ نگار لکھتا ہے ... [illegible] ... کہ گاندھی جی پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی میں شمولیت کیلئے لندن ضرور جائیں۔

کتب خانہ ثنائیہ امرتسر کی طرف سے
حیرت انگیز رعایات

[illegible]

[illegible]	[illegible]

مہتمم کتب خانہ ثنائیہ امرتسر

خشاف نامہ
تفریحی۔ اخلاقی اور اصلاحی پندرہ روزہ اخبار

ہر ماہ کی ۱ و ۱۶ تاریخوں میں علی گڈھ سے شائع ہوتا ہے۔ اقتباسات مضامین لطائف۔ خبریں اور سبق آموز نظموں کے علاوہ ہر پرچہ میں مفید و دلچسپ کارٹون بھی ہوتے ہیں۔

چندہ سالانہ مع محصولڈاک صرف ۲ روپیہ

ایک پوسٹ کارڈ فوراً روانہ کر کے نمونہ مفت طلب فرمائیے

ملنے کا پتہ۔ منیجر خشاف نامہ علی گڈھ

آہنی رہٹ — آہنی خراس (دیل چکی)



[illegible]

اے۔ آر۔ رشید اینڈ سنز انجنیئرز۔ بٹالہ (پنجاب)

القمر

[illegible]

القمر ہی ... مولوی محمد اکرم مرحوم ... حیدرآباد دکن

ضرورت ہے

تاج اور بار سیج اور ایجنٹوں کی لال بی۔ بی سگریٹ کی فروختگی کے لئے ہر شہر میں ضرورت ہے تجربہ کار اشخاص کو صرف درخواستیں کرنی چاہئیں۔ کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ درخواستیں بنام دی منیجر نیو انڈیا ٹوبیکو کارپوریشن ۹۳ برانڈرتھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

ہند
ہفتہ وار

کلکتہ کی سرزمین کو شرف حاصل ہے کہ اردو کے بہترین اخبار مثلاً البلاغ، الہلال، پیغام ... [illegible]

منیجر ہند ... کلکتہ

نومسلمہ خاتون اور اس کے بچوں کا اغوا
امرتسر کے مسلمانوں کا زبردست احتجاج

مسلمانان امرتسر کا ایک عظیم الشان جلسہ مسجد شیخ منیر الدین میں منعقد ہوا۔ حاضرین کا شمار بارہ ہزار سے زیادہ تھا طویل و عریض مسجد کا ہال۔ صحن مسجد دونوں کی چھتیں بالا خانے اور چھجے بھرے ہوئے تھے تلاوت قرآن کے بعد مولانا عبد الغفار غزنوی کی صدارت میں جلسہ کی کارروائی شروع ہوئی۔

مولانا محمد سلیمان خاں بی۔ اے نے حسین پورہ کے ڈاکہ کی واردات اور ان واقعات، نومسلمہ خاتون اور اس کے بچوں کے اغوا کے کوائف بیان کئے اور موثر انداز میں مسلمانوں کو اتحاد اور یکجہتی کی تلقین کی۔ علامہ حسین کاشمیری نے پولیس اور حکومت کو متوجہ کرتے ہوئے کہا کہ جب بلغستان میں اغوا شدہ یورپین کا سراغ ۲۴ گھنٹہ کے اندر اندر مل جاتا ہے ... [illegible] ... مسلمانوں کا مطالبہ ... [illegible] ... بالاتفاق منظور ہوئی۔

حسین پورہ میں ڈاکہ اور ایک مسلمہ خاتون اور اس کے تین بچوں کے اغوا کی جو دلیرانہ واردات دن دہاڑے ہوئی ہے مسلمانان امرتسر کا یہ جلسہ اس پر انتہائی رنج و غصہ کا اظہار کرتا ہے اور حکومت کو ان فرائض کی طرف متوجہ کرتا ہوا جو اس ضمن میں اس پر عائد ہوتے ہیں مطالبہ کرتا ہے کہ مجرموں کو غیر معمولی کوشش کے ساتھ گرفتار کر کے انہیں کیفر کردار کو پہنچایا جائے۔

اس کے بعد ابو البیان مولانا داؤد غزنوی اور مولانا عبد الکریم مدیر مباہلہ مولانا عبد الغفار اثر نے ہنگامہ خیز تقریریں کیں اور مسلمانوں کو اتفاق و اتحاد کے ساتھ پر امن رہنے کی تلقین کی۔ نیز ان کے دلوں پر یہ حقیقت کا نقش فی الحجر کر دکھا گئی ہے کہ مومنات کا بے حجاب بازاروں میں نکلنا اور درگاہوں وغیرہ میں جانا بے حد شرمناک ہے جس کا انسداد لازمی ہے۔

صدر محترم نے اختتامی تقریر میں حاضرین کو قابل قدر نصائح فرمائیں۔ اور پولیس اور حکام کو تنبیہ کرنے کے بعد اعلان کیا کہ مجلس احرار نے اس معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لے لینے کا فیصلہ کر لیا ہے رات کے بارہ بجے جلسہ دعا کے ساتھ ختم ہوا۔

احمد دین جائنٹ سکریٹری
جمعیۃ المسلمین امرتسر

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب۔ طبیب خاص سابق حضور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرما رکھا ہے اس کے نسخے کے نیچے یہ عبارت درج ہے:۔

"ایک ہفتہ کے استعمال میں پیر صد سالہ مثل جوان پانزدہ سالہ کے ہو جاتے تا دم مرگ طاقت جسمانی ہمہ عضو قائم و برقرار رہے ہر روز ...... بیزاری نہ ہوگی اور ایک وقت میں بجز ...... کے طبیعت کو قرار نہ ہو گا یہ نسخہ سلسلہ خاندان حکیم سید عبد اللہ خاں دہلوی شاہی پیر برزگوار مولانا مولوی حکیم سید فخر الدین مرحوم ... [illegible]

معجون مددگار غدود

جوانوں اور ادھیڑوں کو معجون مددگار غدود کی سات خوراکیں چار روپے میں دی جاتی ہیں (علاوہ محصولڈاک) لیکن اگر کوئی سو برس کی عمر والے صاحب طلب فرمائیں گے تو ان سے سات خوراکوں کے صرف تین روپے لونگا شرط فقط یہ ہے کہ سو برس کے ہونے کا وہ کسی طرح اطمینان دلا دیں ... [illegible]

ایک ضروری گذارش

[illegible]

ملنے کا پتہ۔ منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

خوبصورتی کا بیمہ

خوبصورتی بھی ایک جائداد ہے جس میں چہرہ اور خوبصورت شکل ... [illegible] ... جنرل ناولٹی سٹور نمبر ۲ گنپت روڈ (انارکلی) لاہور

شائع ہو گیا — شائع ہو گیا

حصہ اول۔ حصہ دوم۔ حصہ سوم۔ وچہارم

بہ لحاظ تعداد الفاظ و محاورات و ضرب الامثال

جامع اللغات اردو
السنہ متعلقہ

اردو، ہندی، فارسی، عربی اور سنسکرت الفاظ کا مخزن ... [illegible]

المشتہر۔ منیجر جامع اللغات کمپنی۔ گوبند رام اسٹریٹ جیمبرلین روڈ۔ لاہور

لیتی ہے ہم کو خلق خدا غائبانہ کیا

خان بہادر نواب مظفر خاں صاحب ... [illegible]

جناب ملک عبد القیوم صاحب ... [illegible]

جناب حافظ محمود خاں صاحب شیرانی ... [illegible]

جناب مولوی ابو الفتح ایم عثمان صاحب بی اے ... [illegible]

جناب سید لاد حسین صاحب شاد ... [illegible]

جناب احمد حسین صاحب قادری ... [illegible]

دواوٴں سے ہی باندھ کر زور سے دوڑیئے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لکھ کر فرمائیں اور صحت و تندرستی کی کامل دولت اپنی تمام قوائد قدرت کی حفاظت عمدہ مضامین سے مزین ۹۲ صفحات کی کتاب "کاما شاستر" مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

دوازدہ درد دل اٹھے کہتا ہے اکسیر کو کہتے ہیں!
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اسکو کہتے ہیں!

اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جس کا ہر گھر بلکہ ہر شخص کے پاس سفر و حضر میں رہنا ضروری ہے کیونکہ اکسیر حیات سے بہتر تک کی اکثر بیماریوں کا حکمی اور ضروری علاج ہے اندرونی بیماریوں میں ایک بوند سے تین بوند تک پانی یا مصری میں کھلاتا اور بیرونی امراض میں مرض پر لگانا فوراً تسکین دیکر مرض کو اچھا کر دیتا ہے بڑے بڑے حکیموں۔ ڈاکٹروں اور معززین نے اکسیر حیات کو ہیضہ بدہضمی دست قے پیٹ کے درد وغیرہ امراض معدی میں اور پلیگ بخار بلیریا تپ جگر طحال سل۔ کھانسی تنفس یرقان۔ نامردی۔ آتشک۔ سوزاک قولنج۔ لقوہ گٹھیا وغیرہ اور عورتوں کے زنانہ امراض پر سوت وغیرہ اور دربنائی۔ پھوڑے پھنسی۔ کھجلی۔ زخم اور کان کے درد سر کے درد دانتوں کے درد نقرس۔ عرق النسا۔ بچھو۔ بواسیر مرگی اور زہریلے جانوروں کے ڈنکوں وغیرہ پر آزمایا اور بہت مفید پایا ہے۔ گویا ایک شیشی میں پورا دواخانہ بند ہے۔ بس کم از کم ایک بار آپ بھی ضرور آزما کر قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ مفصل پرچہ ترکیب استعمال دوا کے ساتھ جاتا ہے۔

قیمت نمونہ دالی شیشی خورد فی عدد ۸ آنہ فی درجن ۵ روپیہ ۸ آنہ۔ شیشی کلاں فی عدد ۱ روپیہ فی درجن ۱۰ روپیہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ۔

شرط۔ فائدہ نہ ہونے کی صورت میں حلفیہ بیان آنے پر قیمت واپس کر دی جائے گی۔

ملنے کا پتہ
مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

دوسری شادی

ہر شب کو شب اول بنانے کیلئے آج ہی ڈاک سے تحفہ شباب یعنی طلسمی چٹکی جس کا کہ بیوقت ...... ایک شیشی استعمال کرنے سے آپ پر کل حقیقت ظاہر ہو جائے گی طلسمی چٹکی کیا ہے ... [illegible]

نیو ٹریڈنگ کمپنی ۲۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

مصفی
طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعوی کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں۔ وغیرہ حتی کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہو جاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱ روپیہ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ
مفت

بداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
بلال احمد زبیری (بی اے)

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

جلد ۱۷ | دہلی - یوم چہار شنبہ ۲۸ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۴ مئی ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۶۳

معاصرین کے افکار و آراء

سیاسی قیدیوں کی رہائی (حقیقت)

تحریک سول نافرمانی کے روز افزوں اضمحلال کو دیکھ کر پبلک اور ذمہ دار کانگریسی لیڈروں میں کچھ عرصے سے برابر مشورے ہو رہے ہیں کہ تحریک کو ختم کر کے ملک میں تعمیری کام شروع کر دیا جائے اور بعض بعض کانگریسی لیڈر یہاں تک تیار ہو گئے ہیں کہ جدید اصلاحات کے نفاذ پر اسمبلی اور کونسل پر قبضہ کر کے حکومت کی باگ ہاتھ میں لے لینا چاہئے۔ اس دوران میں گاندھی جی کی رائے کے مطابق التوا تحریک سول نافرمانی اور قائم مقام صدر کانگریس مسٹر اینے کا اعلان کو اگرچہ بعض پرجوش اور انتہا پسند کانگریسیوں نے اچھی نظروں سے نہیں دیکھا مگر عام رائے اس اعلان کے موافق پائی گئی اور اس اعلان سے امید تھی کہ حکومت ہند سیاسی قیدیوں کو جیلوں سے آزاد کر دے گی کیونکہ یہ اس کا منشا تھا کہ جب تک کانگریس سول نافرمانی کو بند نہ کرے گی۔ سیاسی قیدیوں کی رہائی عمل میں نہیں آئے گی۔ مگر باوصف اس قول و قرار کے جب کانگریس کی طرف سے تحریک بند کر دی گئی تو کوئی وجہ نہیں پائی جاتی کہ سیاسی قیدیوں کو آزاد نہ کر دیا جائے؟ اب حکومت ہند کا یہ جواب ہے کہ کانگریس حکومت کو یقین دلا دے کہ کانگریس آئندہ سول نافرمانی کو جاری نہ کرے گی نیز یہ کہ حکومت کے خلاف کبھی اس قسم کا ہتھیار نہ اٹھانے کا عہد کرے۔ یہ ایک ایسی شرط ہے جس کو کانگریسی لیڈر کبھی بھی منظور کرنے کے لئے تیار نہ ہوں گے۔

حکومت کے ایک سابق رکن کا مشورہ (ملت)

گزشتہ مسلم کانفرنس کے اجلاس میں سر محمد حبیب اللہ نے جو اہم تقریر مسلمانوں کو مخاطب کر کے ارشاد فرمائی وہ ایسی ہے کہ اسے کسی طرح نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ سر حبیب اللہ حکومت ہند کے اہم رکن تھے۔ اور ابھی حال ہی میں آنریبل میاں سر فضل حسین سے پہلے وائسرائے کی مجلس عاملہ میں تھے انہوں نے اپنی تقریر میں ہندو مسلم اتحاد اور قومی استحکام پر جس قدر زور دیا وہ ان کے حب وطن اور ان کے اعلیٰ قومی جذبات کی دلیل ہے۔ انہوں نے یہ کہا کہ ہمیں قومی تعمیر کے اہم مسئلہ پر جس قدر محنت کرنی چاہئے اس سے کہیں زیادہ ہم دیگر معمولی مسائل پر اپنی محنت کو ضائع کر دیتے ہیں اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اگر ہم باہمی اتحاد اور اتفاق کے مقصد کو حاصل کر لیں اور ایک دوسرے سے مل جائیں تو وہ تمام چھوٹے چھوٹے مسائل جو آج افتراق کا باعث بن گئے ہیں، صرف چند لمحوں میں طے ہو سکتے ہیں لیکن افسوس ہے کہ ہم بجائے اس کے کہ ان کو طے کرنے کی طرف متوجہ ہوں اور صحیح طریق کار کو اختیار کریں اپنی تنگ نظری کی وجہ سے انہیں اور بڑھاتے رہتے ہیں۔ کیا وہ لوگ جو ایوان حکومت کے ارکان کی آواز پر کان لگائے رہتے ہیں وائسرائے کی مجلس عاملہ کے ایک سابق رکن کے مشورہ کو سنیں گے؟

قانون شکنی کا التوا (امارت)

گاندھی جی نے ۸ مئی سے اکیس روز کے لئے فاقہ کشی شروع کی ہے اس لئے آئندہ خطرات کو پیش نظر رکھ کر گورنمنٹ نے ان کو ۸ مئی کو رہا کر دیا گاندھی جی نے رہائی کے بعد مسٹر اینے ڈکٹیٹر آل انڈیا کانگریس کو ایک ماہ کے لئے قانون شکنی ملتوی کر دینے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ انہوں نے التوا کا حکم نافذ کر دیا اور اب عملاً ایک ماہ تک قانون شکنی ملتوی ہو گئی ہے۔ اس التوا پر کچھ لکھنا بیکار ہے۔ کیونکہ یہ مقتضائے سیاست ہے اور سیاست میں مد و جزر رہتا ہی ہے۔

کانگریس کے اس تحریک کو بند کر دینے اور حکومت کے سیاسی قیدیوں کو رہا کر دینے میں "وقار" کا سوال سد راہ ہوا کرتا تھا۔ اب کانگریس نے اپنی تحریک کا التوا کر کے ایک درمیانی راہ اختیار کی ہے۔ اگر حکومت بھی یہی راہ اس طرح اختیار کرتی کہ تمام قیدیوں کو اس وقت تک کے لئے رہا کر دیتی جب تک کہ کانگریس دوبارہ قانون شکنی کا آغاز نہ کرتی تو یہ طریقہ اس کے "وقار" کے لئے بھی مفید ہوتا۔ مگر اس نے اپنی طاقت کے گھمنڈ میں اپنے رویہ کو بدلنے سے بالکل انکار کر دیا ہے۔ حکومت کا یہ انکار اس کے تدبر کی دوسری شکست ہے۔ اور سول نافرمانی کا التوا کانگریس کی دوسری فتح ہے۔

مسلم یونیورسٹی میں اصلاحات (ندیم)

ہمیں یہ معلوم کر کے بے حد مسرت ہوئی کہ مسلم یونیورسٹی کورٹ کے تازہ جلسہ میں بنظر کفایت شعاری و کمی اخراجات چند در چند مفید تجاویز منظور ہو چکی ہیں۔ یہ کچھ مسلم یونیورسٹی ہی پر موقوف نہیں ہے بلکہ صوبہ یو۔ پی۔ اور دیگر صوبوں کی یونیورسٹیوں میں بہت غیر ضروری اخراجات پر فکر نہیں کی جاتی اور ان کی مالیات کبھی بھی مفید طلبا کے لئے برقرار نہیں ہوتی۔ مسلم یونیورسٹی بدرجہ اولیٰ اس آواز میں مبتلا نظر آتی تھی۔ اس لئے کورٹ نے حسب ذیل امور کو پیش نظر رکھا ہے جس کو بہتر انقلاب سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔

(۱) پرو وائس چانسلر کی جگہ کا انعدام کر دی جائے۔

(۲) یورپین پروفیسروں کی تنخواہ کا پیمانہ کم کر دیا جائے۔

خدا جانتا ہے کہ ہمارے قابل قدر محترم راس مسعود صاحب کے عہد میں علیگڑھ کے اندر ایسے انقلاب پیدا ہوئے جو ہی نقطہ نظر سے قابل افسوس تھے۔ خصوصاً علیگڑھ کالج میں "مغربیت" کو لباس تمدن و تہذیب بنایا اور یورپین پروفیسروں کی زیادتی ہو جانا جس کے ذمہ دار راس مسعود صاحب محترم ہیں۔ ہمیں بڑی مسرت ہوئی ہے کہ کورٹ نے یہ اقدام کیا۔ البتہ ہم اس مسئلہ پر زیادہ وضاحت کے طالب ہیں کہ پرو وائس چانسلری کا منصب توڑ دینے کے بعد اس کا نعم البدل کیا تجویز کیا گیا ہے اور چونکہ یہ جملہ دستورا ساسی میں موجود ہے اس لئے کورٹ کے اختیارات میں یہ چیز کہاں تک محدود ہے۔ ہم اس لئے بضد نہیں کہ یہ منصب رہے لیکن یہ ضرور ہے کہ اس کا نعم البدل ایسا ہو کہ اخراجات کے سلسلہ میں بھی اور اہلیت کے سلسلہ میں بھی پیشرو سے بہتر ہو۔

حضرت مفتی صاحب کی رہائی (فرانٹیر ایڈووکیٹ)

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند جو چوٹی کے وطن پرور اور مخلص ترین رہنماؤں میں سے ایک ہیں، باشندگان سرحد کے ساتھ انہیں خاص محبت ہے۔ اور سرحد کا بچہ بچہ بلا تفریق مذہب و ملت ان کا دلی احترام کرتا ہے سو یہ سرحد کے لوگوں پر جب کبھی کوئی مصیبت آئی آپ نے ان کی مناسب حال دستگیری سے کبھی گریز نہیں کیا۔ آپ ہمیشہ اہل سرحد کے حقوق کی حمایت کرتے رہے ہیں اس لئے سرحد کا ہندو، سکھ یا مسلمان آپ کی ذات پر اسے ہمیشہ پورا اعتماد و بھروسہ رہا ہے۔ آپ حال ہی میں ملتان سنٹرل جیل سے اپنی قید گزار کر رہا ہوئے ہیں۔ اس لئے آپ کی رہائی کی خبر سے اہل سرحد کے اندر خوشی کی لہر کا دوڑ جانا ایک لازمی قدرتی امر ہے۔ آپ کی رہائی سے بلاشک وشبہ قوم پرستوں کی قوت میں بڑا بھاری اضافہ ہوگا۔ اور وہ ملک کی موجودہ فضا کو سازگار بنانے میں اپنے ساتھیوں کے لئے بڑی بھاری امداد ثابت ہوں گے۔ ہم نہایت ادب اور محبت کے ساتھ اپنے محترم رہنما کی رہائی پر ہدیہ تبریک پیش کرتے ہوئے امید کرتے ہیں کہ اہل سرحد پر ان کی مہربانیوں کا سلسلہ بدستور سابق ہمیشہ جاری رہیگا۔

مسلم لیگ کا احیاء (مساوات)

جب تک مسلم لیگ میں آزاد خیال اور حریت پسند مسلمانوں کا اجتماع رہا اس وقت تک لیگ کا وقار مسلمانوں اور حکومت ہندو دونوں پر قائم تھا لیکن جب سے خود غرض افراد نے اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے اسے آلہ کار بنایا اس وقت سے اس کی وقعت نہ حکومت کی نگاہوں میں رہی اور نہ مسلمانوں میں مسلمانوں نے اسے ایک مردہ جماعت تصور کیا اور حکومت نے اسے اپنے فدا کاروں کی جماعت سمجھا۔ مسلم لیگ کے احیاء کی کوشش میں سب سے پہلا قدم وہ مشترکہ اعلان ہے جس پر ہندوستان کے تمام صوبوں کے ممتاز مسلمانوں کے دستخط ثبت ہیں۔ اگر یہ حضرات فی الحقیقت مسلم لیگ کو ایک زندہ اور باوقار جماعت بنانا چاہتے ہیں تو سب سے سہل طریقہ یہ ہے کہ ایثار پیشہ مسلمانوں کو شمولیت کے لئے دعوت دی جاتی اور آزادانہ لائحہ عمل مسلمانان ہند کو پیش کیا جائے ورنہ بصورت دیگر مسلم لیگ کے احیا کی کوئی توقع نہیں۔

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(مینیجر الجمعیۃ دہلی)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

خدا شرے برانگیزد کہ خیرے ما دراں باشد

گورنر سوطہ اور شاہ اسپین میں ناچاقی

افریقیہ کے اسلامی گورنر اور کونٹ جولین کی گفتگو

گزشتہ الجمعیۃ میں آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ فتوح اسلام سے پہلے اسپین کی کیا حالت تھی۔ نیز ممالک افریقہ کو فتح کر کے مسلمانوں نے کیا کیا اور کس طرح گورنر سوطہ نے عربی فوجوں کو آگے بڑھنے سے روکا۔ آج اس سے آگے ملاحظہ فرمائیے۔

جس زمانہ کا ہم ذکر کر رہے ہیں اس وقت افریقہ کا گورنر موسیٰ ابن نصیر تھا اور افریقہ کا پایہ تخت ملک شام کا مرکز دمشق تھا جس پر خلیفہ ولید بن عبدالملک حکمرانی کر رہے تھے۔ شمالی افریقہ کی اسلامی فوج کے کمانڈر (قائد) طارق تھے جو اسلامی فتوحات سے خوش ہو کر آگے بڑھنا چاہتے تھے۔ مگر یہ ظلمات (اٹلانٹک) نے ان کے گھوڑے کو آگے بڑھنے سے روک دیا جس کا ان کو از حد افسوس ہوا۔ لیکن مسلمانوں کے عزم و ثبات کو دنیا کی کوئی چیز بھی متزلزل نہیں کر سکتی تھی اور دریا اور پہاڑ ان کے لئے راستہ صاف کرنے کو بیتاب رہتے۔ چنانچہ عقبہ بن نافع نے اپنا گھوڑا بحر ظلمات میں ڈال دیا۔ بحر ظلمات کوئی ایسا دریا نہ تھا کہ کوئی شخص محض اپنی بہادری سے اس پر قابض ہو جاتا۔ سمندر میں گھوڑے کا ڈال دینا اور دوسرے کنارہ پر صحیح و سلامت پار اتر جانا انسانی قوت سے باہر تھا۔ یہاں نہ بہادری کام آ سکتی تھی اور نہ شمشیر زنی اپنے جوہر دکھا سکتی تھی۔ جب روانی آب نے گھوڑے کو آگے بڑھنے سے روکا تب امیر نے اپنی یاس اور حسرت بھری نگاہیں آسمان کی طرف دیکھا اور دردناک آواز میں کہا "اے خدا! تو جانتا ہے کہ میں نے کبھی مقابلہ سے گریز نہیں کیا ہے اور کبھی موت سے نہیں ڈرا۔ آج بحر ظلمات کی روانی میرے گھوڑے کو آگے بڑھنے سے روکتی ہے اس لئے میں مجبور ہوں ورنہ میں تیرے کلمہ کو بلند کرنے میں کبھی دریغ نہ کرتا۔"

اندلس فتح کرنے کا شوق

سب سے پہلے اسلامی فوج آبنائے طارق کو عبور کر کے یورپ کی سرزمین میں پہنچی جب عرب اس جزیرہ نما ملک میں داخل ہوئے اور اس ملک کی سرسبزی شادابی اور آب و ہوا کی لطافت کو انہوں نے دیکھا تو ان کے دلوں میں اس تمام ملک کو فتح کرنے کا خیال پیدا ہوا۔ عرب سپہ سالار نے ایک خط میں جو اس نے خلیفہ ولید بن عبدالملک کے نام لکھا تھا اس ملک کی ان الفاظ میں تعریف کی ہے "آسمان اور زمین کی خوبصورتی میں یہ ملک شام ہے۔ آب و ہوا کی لطافت میں یمن، پھولوں اور عطریات میں ہند، زرخیزی میں مصر اور معدنیات میں چین ہے۔"

مگر جو کہ اسپین یا اندلس کو فتح کرنے میں بہت سے خطرات تھے اس لئے موسیٰ نے پیشقدمی میں عجلت سے کام نہیں لیا۔ جب خدا تعالیٰ کو کوئی کام کرانا منظور ہوتا ہے تو اس کے اسباب بھی ایسے ہی پیدا کر دیتا ہے چنانچہ اسپین کو فتح کرنے کے لئے جب مسلمانوں نے پیشقدمی کی تو خدا نے ان کی معاونت کے لئے ایک بڑا سبب پیدا کر دیا جس کی تفصیل دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔

آپ پڑھ چکے ہیں کہ شاہ یونان کے ماتحت سوطہ کا گورنر جولین اپنی قلمرو پر حکمرانی کرتا تھا مگر قسطنطنیہ سے دور ہونے کے باعث سوطہ کا براہ راست تعلق شاہ اسپین راڈرک سے ہو گیا تھا۔ جولین گورنر سوطہ اور شاہ اسپین میں دوستی اور محبت کے روابط مستحکم ہو چکے تھے اور یہ دونوں مل کر مسلمانوں کی پیشقدمی کو روک رکھتے تھے لیکن ایک اتفاقی مگر شرمناک واقعہ نے ان دونوں کے تعلقات منقطع کر دیئے اور یوں خدا تعالیٰ نے مسلمانوں پر اسپین کے دروازے کھول دیئے۔

شاہ اسپین کی شرمناک حرکت

اس وقت اسپین کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں یہ دستور تھا کہ ہر شہزادہ اپنے بچوں کو کچھ عرصے کے لئے دربار شاہی آداب بزم، تہذیب و شائستگی اور تربیت حاصل کرنے کے لئے بھیجا کرتا تھا۔ اس قاعدہ کے مطابق جولین گورنر سوطہ نے اپنی دختر فلورنڈا کو طلیطلہ (ٹولیڈو) بھیجا تاکہ وہ اسپین کی تہذیب میں تربیت پائے۔ یہ لڑکی نہایت حسینہ جمیلہ تھی اور دور دور اس کے حسن و جمال کا چرچا تھا۔ شاہ اسپین کا فرض تھا کہ وہ فلورنڈا کی عصمت کو اپنی بیٹیوں کی طرح محفوظ رکھتا مگر افسوس! اس نے فرائض منصبی اور اخلاق کو بالائے طاق رکھ کر اس کی عصمت دری کر دی۔ اس حرکت سے جولین کی سخت بے عزتی ہوئی کیونکہ جولین کی بیوی سابق شاہ اسپین کی بیٹی تھی اور اس کی بے عزتی سے تمام گاتھ قوم کی بے عزتی ہو گئی۔

لڑکی فلورنڈا نے نہایت غم و غصہ میں اپنے باپ کو ایک خط لکھا اور اپنے غلام کو بلایا اور اس کو خط دے کر کہا کہ اگر تجھ کو شہزادیوں کے تعلقات اور تاریخ جیسے اعلیٰ عہدہ کو حاصل کرنے کی تمنا ہے تو یہ خیال حقیقی اور ایثاری ہو تو یہ خط میرے باپ کو جا کر دے۔ چنانچہ غلام خط لیکر روانہ ہو گیا اور جولین کے ہاتھ میں جا کر دے دیا۔ جولین خط کو پڑھتے ہی آگ بگولا ہو گیا۔ گو عربوں کے حملوں کو وہ روک رہا تھا مگر اب اس نے ارادہ کر لیا کہ جس نے اس کی بیٹی کی عصمت خراب کرنے والے بادشاہ کے ملک کو بچانے کی کوشش نہیں کرونگا۔ مسلمان اگر ملک لینا چاہیں تو میں خود ان کو راستہ بتلانے پہنچا ہوں۔

"میں بے نظیر باز بھیجوں گا"

بدلہ لینے کے جوش میں جولین نے فوراً دربار شاہی کی طرف کوچ کیا اور وہاں پہنچ کر نہایت چالاکی سے اپنے دلی جذبات کو چھپایا۔ شاہ اسپین بھی نہایت اعزاز و اکرام سے پیش آیا۔ دونوں اسی بات کے لئے اس سے مشورہ کیا۔ اس کے بعد جولین اپنی دختر کو لیکر سوطہ واپس چلا آیا۔ چلتے چلتے شاہ اسپین نے جولین سے خاص قسم کے شکاری بازوں کی ضرورت ظاہر کی کیونکہ وہ شکار کا بڑا شائق تھا۔ جولین نے کہا "میں آپ کے لئے ایسے باز بھیجوں گا جو آپ نے مدت العمر میں نہ دیکھے ہونگے۔" غرض اہل عرب کے آنے کو اس پوشیدہ پیرایہ میں ظاہر کر کے جولین نے سوطہ کو عود کیا۔

گورنر افریقہ موسیٰ ابن نصیر شہر طنجہ میں لب دریا اپنے امرا و فوج کو لئے اندلس (اسپین) کی طرف دیکھ رہا تھا اور اس کو فتح کرنے کی تدبیریں سوچ رہا تھا کہ اتنے میں چند لوگوں کے آنے کی اطلاع ملی محافظ فوج نے ان کو گورنر موصوف کے پاس پہنچا دیا۔ سپہ سالار اسلام نے ان لوگوں کو اعزاز و اکرام سے بیٹھنے کی اجازت دی۔ ان لوگوں میں جولین گورنر سوطہ بھی تھا جس کی دختر کی عصمت دری شاہ اسپین نے کی تھی۔ جولین نے نہایت عاجزی سے گفتگو کی اجازت طلب کی اور دونوں گورنروں میں ذیل کی گفتگو ہوئی۔

جولین:- موسیٰ! آج سے میری اور تمہاری جنگوں کا خاتمہ ہے۔ میں تم کو آج سے اپنا بھائی تصور کروں گا۔

موسیٰ:- کیوں خیریت تو ہے؟ آپ اور جنگ سے دستکش ہو جائیں؟ کیا آج تباہ گاہ کا اس میں کیا راز ہے۔

جولین:- میرے محترم گورنر! میں نیک نیتی سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں اس میں نہ کوئی چالاکی ہے اور نہ کوئی دھوکہ اور فریب! آپ یقین کیجئے کہ میں آج سے آپ کا ساتھی ہوں اور آپ کی ہر طرح امداد کرنے کو تیار ہوں۔

موسیٰ:- آخر اس انقلاب کی کوئی وجہ بھی تو ہوگی؟

جولین:- راڈرک شاہ اسپین آج سے میرا دشمن ہے کیونکہ اس نے میری دختر کی عصمت دری کی ہے۔ اس نے نہ صرف میری ہی بلکہ تمام گاتھ قوم کی بے عزتی کی اور ہمارے ناموس پر بٹہ لگایا۔ (اس کے بعد جولین نے تمام واقعہ تفصیل سے سنایا)۔

موسیٰ:- خدا کی اس پر لعنت ہو کیا وہ ایسا شخص ہے جو معصوم لڑکیوں کی عصمت دری کرتا ہے؟

جولین:- بس اب آپ اسپین پر بلا خوف و خطر حملہ کر دیجئے۔ میں آپ کی ہر امکانی امداد کروں گا۔ اگر آپ کو اسپین کی زرخیزی اور نزہت و لطافت کا حال معلوم ہوتا تو تم ضرور اس پر حملہ کرتے لیکن میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ اسپین اس زمین کی جنت ہے۔ بس آپ تاخیر نہ کریں اور بلا تذبذب حملہ کر ڈالیں۔

موسیٰ:- میں خود بھی اسپین پر حملہ کرنے کی تیاریاں کر رہا ہوں اور انشاء اللہ ہم اس کو ضرور فتح کریں گے خواہ تم ہمارا ساتھ دو یا نہ دو بہر حال تم تمہارے شکر گزار ہیں لیکن ابھی اپنے آقا (خلیفہ ولید) کے پاس اس کی اطلاع بھیجتا ہوں اور آپ کی معاونت کے سلسلہ میں ان سے استصواب کرتا ہوں۔ وہاں سے جو جواب آئے گا اس سے آپ کو مطلع کر دیا جائے گا۔

روزانہ
ہند جدید

کلکتہ سے نکلتا ہے۔ اگر ہندوستان کا کوئی حصہ نہیں جہاں شوق و دلچسپی سے نہ پڑھا جاتا ہو وجہ یہ ہے کہ نہایت اہتمام و قابلیت سے مرتب کیا جاتا ہے۔ روزانہ ہے، مگر تازہ ترین خبروں کیساتھ مفید مضامین ہفتہ بھر میں شائع کرتا ہے کہ کسی ہفتہ وار میں بھی مل نہیں سکتے۔ مسائل ملکی کے بارے میں کچھ کہنا بے سود ہے۔ چند نمبروں کے مطالعہ ہی سے اندازہ ہو جائے گا۔ روزانہ بالالتزام اسلامی دنیا کے تازہ ترین سچے حالات بھی شائع ہوتے ہیں۔ ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ چند نمبر پڑھنے کے بعد آپ ہمیشہ کے لئے اس اخبار کے دلدادہ ہو جائیں گے۔ نمونہ مفت طلب کیجئے۔ بنگال، برما، آسام اور بہار میں مصنوعات کا اشتہار دینے کا بہترین ذریعہ یہی اخبار ہے۔ سالانہ چندہ للعہ ششماہی سہ ماہی للعہ

مینیجر ہند جدید ... چترنجن ایونیو (کلکتہ)

طلا مردمی یعنی تحفہ عظیم

نوجوان کمپنی کی غلط کاریوں کی وجہ سے اپنی جوانی تباہ کر بیٹھے ہوں اپنے آپ کو زندہ درگور سمجھتے ہوں۔ بلاکسی ڈاکٹروں روپے ضائع کرنے کے بعد بھی زندگی سے بیزار ہوں۔ ... قیمت فی شیشی ۱/۱ علاوہ محصولڈاک

پتہ: ایجنسی جنرل ٹریڈنگ کمپنی ... شاہ عالمگیر اجمیر

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

احمد اسینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلیماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۷

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

... قیمت سالانہ ...

مینیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اس میں احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال بد سے بچنے کی ترغیب ہے کل کتاب ۴۰۰ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی اعلیٰ قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۴۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اعلیٰ لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ۱۲ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں ان دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہمیشہ خرید کر مفت تقسیم کرتے ہیں روزانہ کی زندگی میں شریعت کے تمام ضروری امور کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں ابتک تیار نہیں ہوا ہے تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

مینیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

مینیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

غیروں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف ایک مشکل ہے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے جلی اور خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے اچھا نامور خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان بھر میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے بامو قع ہیں کہ عورتیں، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زمین کے بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے مجبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الٰہی میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ ... قسم دوم ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرمی ...

مینیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو دنیا میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور ذخیرہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جو دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر مسرت ظاہر فرمائی اور اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے صحت کتابت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت مولانا شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی۔ نیز ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ علیحدہ سطر میں لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کمال احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

مینیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۸ محرم الحرام ۱۳۵۲ ہجری

"سیرت محمد علیؒ" کے دو ابواب
علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۷)

اس "انکشاف راز" کے بعد ۱۹۲۹ء تک برابر مسلسل غیر منقطع طور پر جمعیۃ علمائے ہند "ہر جزئی سے جزئی" اور "ہر اہم سے اہم معاملہ" میں ہر نازک سے نازک وقت پر "بلا تامل و بلا تذبذب" مولانا محمد علی مرحوم و مغفور کی تابع کرتی رہی، سیرت کے فاضل مؤلف نے تحریر فرمایا ہے:—

کیا گیا کہ وہ سند یافتہ عالم نہیں تھے، ورنہ بہت سے عالموں سے بڑھ کر تو خود جمعیۃ کے محترم کارپرداز حضرات بھی مانتے تھے۔

صرف اسی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ محمد علی کی قابلیت اور عربی استعداد پر بھی حملے کئے گئے۔

...

صدارت سے اختلاف

اس کے بعد وہ اصل معاملہ آتا ہے جس کے لئے یہ تمہید لکھی گئی تھی۔ رئیس احمد صاحب جعفری تحریر فرماتے ہیں:—

بدقسمتی سے اسی زمانہ میں جمعیۃ کا سالانہ جلسہ ہونے والا تھا اور صدارت کے لئے بعض حضرات کی طرف سے محمد علی کا نام پیش کر دیا گیا۔ اس موقع کو غنیمت سمجھ کر اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی گئی، وہ طے کر لیا گیا کہ محمد علی کی صدارت سے اختلاف کیا جائے گا اور اس میں پوری کوشش صرف کر دی جائے گی۔

معینہ تاریخ مراد آباد میں جمعیۃ کی مجلس مرکزیہ کا جلسہ ہوا اور اس میں صدارت کے لئے کشمکش شروع ہوئی، ایک جماعت تھی جو محمد علی کو صدر بنانا چاہتی تھی اور دوسری جماعت تھی جو ان کو کسی حالت میں بھی اس منصب گرامی کا اہل نہیں سمجھتی تھی، پہلے خوب گرما گرم بحثیں ہوئیں اور بعد ازاں کو یہ فیصلہ یہی ہوا کہ صدارت کے لئے محمد علی کا نام منظور نہیں کیا گیا۔ یہ پہلی مخالفت جو جمعیۃ العلماء اور اس کے محترم اراکین کی جانب سے علی الاعلان پبلک پر ظاہر ہوئی۔

"محمد علی ظاہر ہے کہ اس اختلاف اور اس فیصلہ سے خوش نہیں ہوئے اور انہیں یقیناً صدمہ ہوا کہ ان کو صدارت سے صرف اس لئے محروم ...

غیر محتاط روش

اگر فاضل مؤلف کے نزدیک اکثریت کی یہ کارروائی درست نہیں تھی تو وہ مولانا محمد علی کی صدارت پر اصل اعتراض کو بالکل کاٹ کر اس کے متعلق رائے ظاہر کر سکتے تھے مگر انہیں اس کا کوئی حق نہیں تھا کہ اراکین جمعیۃ کی نیتوں پر حملہ کریں ...

(باقی آئندہ)

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام باڑہ نومسلم شیعہ کا ہے اس کے منتظم بیشتر ہندو تھے ان کے زمانے میں مختلف قسم کے شرک از قسم علی اصغر کا گھوڑا زینبیوں کا ڈولا وغیرہ ہوا کرتے تھے اب ان کے پوتے منتظم ہیں ان کے زمانے میں شرک میں بہت کمی ہے جس کی وجہ سے شیعہ کانفرنس نے مقدمہ دائر کیا ہے اگر شیعوں کو کامیابی ہوگی تو امید ہے کہ سنیوں کے دل دکھانے والے شرک زیادتی کے ساتھ ہوں گے اس لئے ہم کو ایسا فتویٰ چاہئے کہ مطابق شریعت ہو اور سنی درغلا کر شریک نہ کئے جا سکیں۔

الجواب

یہ جملہ رسوم جو سوال میں مذکور ہیں بدعت اور حرام ہیں ان بدعات کا ترک کرنا اہل سنت والجماعت پر لازم و واجب ہے اور جس منتظم کی دانشمندی سے ان رسومات اور بدعات میں کمی ہوگئی ہے اس پر مقدمہ دائر کرنے کا شیعہ کانفرنس ...

...

حقیقی ذمہ داری کی ہوا بھی نہ لگنے دے۔ ایک دوسرے پر تفوق حاصل نہ ہونے کے بھی صاف معنی یہی ہیں کہ کسی ... جماعتی اکثریت کو ذمہ داری نہ دی جائے خواہ وہ اکثریت مسلمان ہو یا ہندو ہو۔ اور یہی وہ پالیسی ہے جس پر سب انگریز عمل کر رہے ہیں۔ صرف مسٹر چرچل نے کیا گناہ کیا ہے۔ این خانہ ہمہ آفتاب است۔

کہ پہلے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرات شاید کبھی بھی حقیقی صورت حال نہیں سمجھیں گے اور ہندوستان کی ترقی میں جو عناصر حارج ہیں انہیں برابر تقویت پہنچاتے رہیں گے۔

اس سلسلہ میں ڈاکٹر مونجے صاحب کے تازہ ارشادات ہمارے لئے سخت تکلیف دہ ہیں اللہ اس حیثیت سے کہ ہم نے ہمیشہ ان مسلمانوں کے خلاف نہایت سختی کے ساتھ نکتہ چینی کی ہے جو اتحاد و اتفاق قومی کے مخالف رہے ہیں یا اس وقت تک ہیں ہم اپنے آپ کو اس کا مستحق پاتے ہیں کہ ڈاکٹر مونجے صاحب کی از سرتا پا غلط روش کے خلاف احتجاج کریں اور ان کی قوم کو متنبہ کر دیں کہ اگر اس نے اپنے اندر مستقل طور پر وہی ذہنیت پیدا کر لی جو ڈاکٹر مونجے صاحب کی ذہنیت ہے تو ہندوستان کو حصول مقصد میں اس سے بھی زیادہ دشواریاں پیش آئیں گی جتنی کہ اب تک آ چکی ہیں اور آزادی وطن کا تخیل محض ایک خواب ہو کر رہ جائے گا۔

ایک ہندو کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے ڈاکٹر مونجے صاحب نے ہندوؤں کو یہ سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ انہیں مسلمانوں سے بالکل بے نیاز ہو کر "سوراج" کی جد و جہد میں تنہا مصروف ہو جانا چاہئے اور ہندو مسلم اتحاد کو حصول آزادی کے لئے لازم قرار دینے کا جو اصول ایک عرصہ سے ہندوستانی سیاسیات میں داخل ہو گیا ہے اسے غلط ثابت کر دکھانا چاہئے۔ ان کے خیال کے مطابق اب آئندہ سے ہندوؤں اور مسلمانوں کو اپنے اپنے طریقہ پر اپنے مفاد کی حفاظت کرنی چاہئے اور مشترکہ منافع کے لئے اتحاد و اتفاق کے جنون کو ہمیشہ کے لئے دماغ سے نکال دینا چاہئے کیونکہ ان کے نزدیک اگر اس طرح ہندوؤں اور مسلمانوں نے علیحدہ علیحدہ سعی کی تو پھر آخر میں خود بخود اتحاد ہو جائے گا۔ یعنی ہندو اس قدر قوت حاصل کر لیں گے کہ مسلمان مجبور ...

...

غلطی کا انجام

تازہ خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ مہاراجہ الور کو آخر کار وہ انتظامی احکام دیئے گئے جن کی توقع ایک عرصہ سے کی جا رہی تھی۔ اب مہاراجہ الور دو سال کے لئے اپنی ریاست کو چھوڑ کر ہندوستان سے باہر چلے جائیں گے اور ان کی غیر موجودگی میں ریاست کا نظم و نسق بلا واسطہ برطانوی حکام کے قبضہ میں رہے گا۔ ریاست الور میں گزشتہ ایک سال سے جو کچھ ہو رہا تھا اس کے پیش نظر یہ واقعات بالکل حیرت انگیز نہیں ہیں۔ اگر مہاراجہ بھی وقت سے پہلے موسم کا اندازہ لگا کر ذرا سی بھی صلاحیت ہوتی تو وہ یقیناً ایسی راہ عمل اختیار کر سکتے تھے جو حکومت کو ان کے خلاف اس اقدام کا موقع نہ دیتی۔ جب وہ یہ جانتے تھے کہ حالات ان کے ناساعد ہیں اور مخالف قوتیں ان کی تاک میں بیٹھی ہوئی ہیں تو انہیں چاہئے تھا کہ اندر ہندو مسلم سوال پیدا نہ ہونے دیتے، مگر انہوں نے اس طرف توجہ نہیں کی اور اسی کا خمیازہ اس وقت اٹھا رہے ہیں۔ ہماری قطعی رائے یہ ہے کہ اگر وہ ابتدا میں حسن تدبیر اور معاملہ فہمی سے کام لے کر اپنی مسلم رعایا کو راضی کر لیتے تو یہ صورت حال کبھی بھی پیش نہ آتی، مگر انہوں نے تو نہ ظرف عدل و انصاف سے کام نہیں لیا، بلکہ اپنے حکام کو ظلم و تعدی کا بھی پورا موقع دیا اور خود اپنے ہاتھوں قوت بالادست کو یہ اختیار دے دیا کہ وہ انہیں عضو معطل بنا دے۔ اگر وہ اپنی آزادی اور جرأت و ہمت کے ساتھ اپنی رعایا کو خوش رکھنے کا کام بھی ملکہ رکھتے تو شاید یہ دن دیکھنا انہیں نصیب نہ ہوتا، بہر حال جو کچھ ہونا تھا ہو گیا۔ اب مسلمانوں کو صرف یہ دیکھنا اور باقی رہ گیا ہے کہ انگریز حکام کے عہد حکومت میں مسلمانوں کے حقوق و مطالبات کی کہاں تک نگہداشت کی جاتی ہے۔

مسٹر چرچل کا گناہ

ہندوستانی اخبارات مسٹر چرچل کے خلاف محض اس بنا پر بہت زیادہ اظہار ناراضگی کر رہے ہیں کہ انہوں نے اپنی ایک تقریر میں یہ فرما دیا کہ "اگر حکومت کی طرف سے کوئی ایسی تبدیلی کی گئی جس کے باعث ہندوؤں یا مسلمانوں کو ایک دوسرے پر مذہبی یا قومی تفوق حاصل ہو گیا تو ہندوستان برطانوی غیر جانبدارانہ نظم و نسق اور قیام امن و امان سے محروم ہو جائے گا اور اس کا یہ نتیجہ ہوگا ..." کہ مسٹر چرچل کے اس قول اور مسٹر بالڈون کے اس عمل میں کیا فرق ہے جو قرطاس ابیض کی صورت میں ظاہر ہوا ہے ...

ڈاکٹر مونجے کا سیاسی نظریہ

ہندوستان کے فرقہ وارانہ مسائل کا اطمینان بخش فیصلہ نہ ہونے کے باعث انگریزوں کے ہاتھ میں جو زبردست حربہ آ گیا ہے اور وہ اس حربہ کو آزادی ہند کے خلاف جس کامیابی کے ساتھ استعمال کر رہے ہیں اس کا تقاضا تو یہ تھا کہ اب بھی ان لوگوں کی آنکھیں کھلتیں جن کے قول و عمل کی بدولت آج تک ہندوستان کی مختلف قوموں میں کوئی ایسا سمجھوتہ نہیں ہو سکا ہے جسے متفقہ طور پر ملک کی طرف سے دنیا کے سامنے پیش کیا جا سکے اور اگر ان کے نزدیک بھی ہندوستان کو آزاد کرنے کا کوئی بھی جذبہ موجود ہے تو وہ یہ سوچتے کہ حکومت کے اس حربہ کو کس طرح ناقابل استعمال بنایا جائے۔ مگر ہمیں افسوس ہے کہ ابھی تک اس مسئلہ کی اہمیت کا پوری طرح احساس پیدا نہیں ہوا ہے اور جن لوگوں کی گزشتہ زندگی فرقہ وارانہ اتحاد کی عملی مخالفت میں گزری ہے وہ آج بھی اسی طرح سرگرم عمل ہیں جس طرح ...

"سیرت محمد علیؒ" میں اصلاح کی ضرورت
ناظم امارت شرعیہ صوبہ بہار کا مکتوب

محترمی مدیر الجمعیۃ۔ زاد لطافکم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ۔ آپ نے سیرۃ محمد علی پر جو بصیرت افروز تبصرہ شروع کیا ہے اس کے لئے آپ تمام مسلمانوں کے عموماً اور علمائے کرام کے خصوصاً شکریہ کے مستحق ہیں۔ جزاک اللہ تعالیٰ خیر الجزاء۔

ضرورت ہے کہ جامعہ ملیہ آپ کے تبصرہ کی روشنی میں سیرت محمد علی کی اصلاح کرے اور اپنے ایک مرحوم قائد کی تاریخ کو غلط واقعات کی اشاعت کر کے سبک نہ بنائے۔ والسلام

خاکسار

(مولانا) محمد عثمان غنی غفرلہ

ناظم امارت شرعیہ صوبہ بہار

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

بغداد میں عیسائی مشنریوں کی سرگرمیاں
تحقیق کے بعد ایک عیسائی فاضل کا قبول اسلام
جمعیۃ ہدایت الاسلامیہ کی مساعی جمیلہ

یہ ایک حقیقت ہے کہ مسلمانوں نے تبلیغ اسلام کے لئے کبھی کوئی منظم کام نہیں کیا اور نہ کسی ضابطے کے ماتحت غیر مسلموں پر اسلام کے محاسن ظاہر کئے۔ یہی وجہ ہے کہ عیسائی مشنری مسلمانوں کی اس کمزوری کو محسوس کر کے کھلم کھلا اسلام کے خلاف طوفان بے تمیزی برپا کرتے رہتے ہیں اور اپنے رکیک عقائد اور خلاف فطرت مسائل کو پروپیگنڈا کے ذریعہ ہر شخص تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔

جب سے عراق میں مغربی تہذیب و سیاست نے اپنا اثر جمایا ہے اس وقت سے وہاں عیسائی پادریوں نے اسکول، شفاخانے، تفریحی ادارے اور ہوٹل قائم کر کے نادان مسلمانوں کو مرتد کرنے کے لئے اپنے مورچے مضبوط کر لئے ہیں۔ اور مختلف ذرائع سے وہ مسلمانوں کے ایمان و اسلام پر ڈاکہ ڈال رہے ہیں، لیکن مسلمانوں کی طرف سے ان کا کوئی رد عمل نہیں کیا جاتا اور نہ مسیحی عقائد کا ضعف لوگوں پر ظاہر کرنے کے لئے کوئی ادارہ قائم کیا گیا ہے۔ عیسائی پادریوں کی کوششوں ...

...

برطانی فوجی افسر مذہبی پیشوا کے لباس میں
فلسطین میں عیسائیت کی تبلیغ کیلئے انجمن کا قیام

جنگ عظیم میں جس شخص نے فلسطین کو فتح کیا تھا وہ لارڈ النبی ہیں۔ آپ نے طرابلس کی اعلیٰ خدمات انجام دیکر بیت المقدس پر صلیبی جھنڈا نصب کیا تھا۔ اب آپ ایک فوجی افسر کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک مقدس مذہبی پیشوا کی حیثیت سے فلسطین وارد ہوئے۔ یہاں آکر آپ نے والی۔ ایم۔ سی۔ اے (جمعیۃ شبان المسیحین) کی بنیاد ڈالی ہے تاکہ اس کے ذریعہ بیت المقدس کے عیسائیوں میں نظم و انضباط قائم ہو جائے اور مسلمانوں میں تبلیغ مسیحیت کا راستہ نکل آئے۔ اس جمعیۃ کے قیام کے لئے انگریزوں اور امریکنوں نے ۲۵ ہزار گنی جمع کئے ہیں۔ اس جمعیۃ کے قائم کرنے والے عیسائیوں کا مذکور وہ لارڈ النبی ہیں جنہوں نے بیت المقدس فتح کر کے یہ نعرہ لگایا تھا کہ "اب صلیبی جنگوں کا خاتمہ ہو گیا"۔

فلسطین پر برطانوی تسلط کے بعد اب یہ فوجی افسر مسلمانوں کی روح کو فتح کرنے کے لئے تشریف لائے ہیں۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ مسلمانوں نے اس شخص کے مقصد و خیال کو اچھی طرح شناخت کر لیا اور انہوں نے دینی غیرت کو کام میں لا کر اس جلسہ کا مقاطعہ کیا جس میں لارڈ موصوف نے وائی۔ ایم۔ سی۔ اے کے اغراض و مقاصد پر تقریر کی تھی۔

عراق میں سنہ ہجری کا استعمال

حکومت عراق نے تمام سرکاری دفاتر کے نام یہ حکم جاری کر دیا ہے کہ سنہ عیسوی کے ساتھ ساتھ سنہ ہجری کا استعمال تمام کاغذات میں ضروری ہے۔ فلسطین کی عربی اسلامی مجلس نے بھی تمام عالم اسلامی سے سنہ عیسوی کے بجائے سنہ ہجری کے استعمال کی اپیل کی ہے۔

ایک سوئز کی طلباء کی معاونت وطن

ترکی کا اخبار جمہوریت رقمطراز ہے کہ ایک سوئز کی طلباء جو تحصیل علوم کے لئے یورپ گئے تھے وہ اب فارغ ہو کر دو سال کے لئے ترکی واپس آنے والے ہیں ...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

تہذیب جدید کی برکات و حسنات
۲۹ ممالک کی سیاحت کے بعد مسٹر برنارڈ شا کا تجربہ

انگلستان کے مشہور اہل قلم مسٹر برنارڈ شا ۲۹ ممالک کا سفر کر کے اپنے وطن پہونچ گئے ہیں۔ آپ نے دنیا کا یہ اہم سفر صرف چار مہینہ میں ختم کیا۔ اس دوران میں آپ کو مختلف سوسائٹیوں میں لکچر دینے پڑے۔ زیادہ دلچسپ چیز جو برنارڈ شا کے لئے باعث اذیت تھی وہ اخبارات کے نمائندوں کا ہجوم تھا۔ آپ نے تہیہ کر لیا تھا کہ کسی نمائندہ کو کوئی بیان نہ دیں گے مگر اخبارات کے نمائندے بلائے بے درماں کی طرح مسٹر شا کو پکڑ لیا کرتے تھے اور آپ کو بھی مجبوراً ان کے سامنے سر جھکا دینا پڑتا تھا۔ واپسی پر مسٹر شا کے ارد گرد نمائندے جمع ہو گئے اور ان سے مختلف سوالات کئے۔ مسٹر شا نے اکثر سوالات کا جواب دیا۔ اخبار کے ایک نمائندہ نے سوال کیا:—

"۲۹ ممالک کی سیاحت اور ۹ مقامات میں قیام کرنے سے آپ کو یہ تجربہ تو ضرور ہوا ہوگا کہ رہنے کے قابل کونسا ملک بہتر ہے؟"

مسٹر برنارڈ شا نے جواب دیا "رہنے کے قابل مقام تو صرف بہشت ہے" ...

...

مہذب جرمنی کا مہذب کارنامہ
تمام ملک میں غیر ملکی کتب خانوں کی ہولی

... جرمن کے میئر (امیر البلد) نے اعلان کیا ہے کہ جرمنی سے مارکزم (کارل مارکس کے اصول) کو باہر کر دیا جائے تاکہ جرمنی باشندوں کو صحیح طریقہ سے تربیت ہو سکے۔

جرمنی عیسائیوں کو کیتھولک پارٹی نے ایک اعلان شائع کیا ہے جس میں اس شخص کی ضرورت ظاہر کی ہے کہ جلد از جلد ایک تبلیغی گروپ کی تشکیل عمل میں لائی جائے تاکہ وہ سیاسیات کی عیسائیوں کے قدیم عقائد کی بنیاد پر تعمیر کرے اور جرمنی باشندوں کے دلوں میں اس کی جڑ مضبوط کرے۔ (شکاگو ڈیلی ٹریبیون)

انگلستان کی ایک خاتون کی سخاوت

لیڈی سی فورڈ انگلستان کی ایک سرمایہ دار خاتون ہیں۔ آپ نے اپنے خزانہ میں سے حسب ذیل اداروں کو عطیات دیئے ہیں:

انجمن صلیب احمر برلن کو ۔۔۔۔۔۔ ۷۰۰ پونڈ

سینٹ ڈریم کو ۔۔۔۔۔ ۶ پونڈ

ڈاکٹر برنارڈو کے خانوں کو ۔۔۔۔۔ پونڈ

لندن ہسپتال کو ۔۔۔۔۔ ۲ پونڈ

ایڈنبرگ کے شاہی ہسپتال کو ۔۔۔۔۔ ۲ پونڈ

ان کے علاوہ دو ملکی و قومی انگلستان کے شفاخانوں اور متعدد اداروں کو بھی ایک ایک ہزار پونڈ دئیے ہیں۔ (بمبئی کرانیکل)

تاریخ عالم میں علماء اسلام کی شاندار خدمات
اعلاء کلمۃ الحق اور تحفظ و تنظیم ملت
مجلۂ کابل کا بصیرت افروز مقالہ

معاصر مجلۂ کابل نے "علمائے حق کی انسانی خدمات" کے عنوان پر ایک نہایت ...

... غیرت، اسلام دوستی اور ... ہر قسم کے ہندوستانی دوا خانہ ...

... مذکورہ کی منزل پر پہنچا دے گا۔

امریکہ کی عشرت پسندیاں اور تن آسانیاں
صرف تفریحات پر دس ارب ڈالر سالانہ کا خرچ

ہندوستان جنت نشان کی غربت و افلاس کا اندازہ وہی لوگ خوب لگا سکتے ہیں جنہوں نے دیہات و قصبات میں بھوکے مزدوروں کو ایڑیاں رگڑتے ہوئے مرتے دیکھا ہے۔ ہندوستان کے غریب باشندوں میں سے ایک تہائی کو ایک وقت بھی پیٹ بھر کر کھانا میسر نہیں ہوتا۔ ایک تہائی سے زیادہ باشندگان کو صرف ایک وقت مشکل سے موٹا جھوٹا کھانا ملتا ہے۔ مگر اس کے مقابلہ میں ذرا امریکہ کی عیش پسندیوں پر بھی نظر ڈالئے کہ وہاں تفریحات پر ہر سال کس قدر سرمایہ خرچ کیا جاتا ہے۔

صرف دماغی تفریح کے لئے ادبی سفر پر ۔۔۔۔۔ ۲۵ ڈالر سالانہ خرچ ہوتا ہے (ایک ڈالر ساڑھے تین روپیہ)

سپورٹ پر ۔۔۔۔۔ ۵ ڈالر سالانہ

خشکی کے سفر پر ۔۔۔۔۔ ۳۹ ڈالر سالانہ

مختلف قسم کے کلبوں پر ۔۔۔۔۔ ۲۴ ڈالر سالانہ

فرصت کے اوقات میں نائٹ کلبوں پر ۔۔۔۔۔ ۴۲ ڈالر سالانہ

صرف کالجوں کے فٹ بال پر ۔۔۔۔۔ ۱۵ ڈالر سالانہ

جنگلوں میں سیر و تفریح کے کیمپوں پر ۔۔۔۔۔ ۷ ڈالر سالانہ

موٹروں اور سائکلوں کی سواری پر ۔۔۔۔۔ ۱۵ ڈالر سالانہ

اس طرح امریکہ یہ محض عیش و عشرت کی خاطر ہر سال دس ارب ڈالر سالانہ خرچ کر دیتے جاتے ہیں۔ (بمبئی کرانیکل)

بیکاروں کی امداد کیلئے جاپان کی پیشکش

جاپان کی مجلس وزراء نے بیکاروں اور پریشان حال مزارعین کی امداد کے لئے سرکاری خزانہ سے ... ین (جاپانی سکہ) عطا کئے ہیں تاکہ وہ اس سرمایہ سے سڑکوں کی تعمیر اور بندرگاہوں کی درستی کا کام شروع کریں اور اس طریقہ سے بیکاروں کو با کار بنائے۔ اسی طرح ... ین زراعت کے لئے ہیں تاکہ کاشتکاروں کے ذریعہ ... کو کام میں لایا جائے اور اس طرح بیکار مزارعین اپنے کام میں لگ جائیں۔ حکومت جاپان نے بیکاروں کے لئے ... ین کی رقم منظور کر کے ...

گلابی اردو
حضرت مفتی اعظم اور مولوی اعظم کی نیلی رہائی

(سابقہ قلم حضور ملا رموزی کے)

آئیے جبین خوانوں میں اولاد کو یاد کر کے رونے دا دا !!!

تحقیق کہ بیچ قید حضرت مفتی اعظم محمد کفایت اللہ صاحب اور بیچ قید مولوی ...

...

ہرگز نہ ہوئے گا وہ جس نے کہ خریدا سال بھر اخبار "الجمعیۃ" ...

زندہ رہیگا نام اس کا مانند نوشیروان کے جس نے امداد کی "جمعیۃ علماء" دہلی کی ...

... دیگر ممالک کی حکومتوں نے ایک بہتر نظم قائم کر دی ہے ... (مگر ہندوستان کے غریب بیکاروں کا کیا علاج ہے؟) ... پر بر دگانی کی کیا ضرورت پڑی ۹۹ سرا الجمعیۃ۔

دارالحکومت

دہلی میونسپلٹی کے عہدے
ٹیکس دینے والوں پر مزید بار

حال میں دہلی میونسپلٹی میں رائے بہادر رام نرائن سیکرٹری اور دہلی میونسپلٹی سے مستعفی ہو جانے کے بعد میونسپلٹی نے بالاتفاق خان بہادر مولوی عبدالرحمٰن کو اس عہدے پر منتخب کیا تھا لیکن یہ بھی طے کیا تھا کہ ان کے ماتحت ایک نائب سیکرٹری رہے گا جس کا انتخاب میونسپلٹی کے وہ چیئرمین مسٹر ایس ایم عبداللہ اور مسٹر ہرش چندر راؤ خان بہادر صاحب کے مشورہ سے ہوگا۔ چونکہ اس عہدے کا معاوضہ تین سو روپیہ ماہانہ ہوگا اس لئے اس کے لئے متعدد امیدوار ہیں معلوم ہوا ہے کہ مسٹر نیول کشور، مسٹر تیج بہاری لال، مسٹر سکھ بیر پرشاد، مسٹر راج کشور ٹنڈن، مسٹر لشن دیال، مسٹر شمبھو دیال اور مسٹر ہنگل کشور رکھنا اس کے امیدوار ہیں۔ ابھی یقینی نہیں کہا جا سکتا ہے کہ ان میں کن کا انتخاب ہو جائے گا لیکن کوشش ہر شخص کر رہا ہے۔ سب کمیٹی کا اجلاس جس میں اس کا فیصلہ ہوگا ۔۔۔ کو منعقد ہوگا۔

ڈائنوں کا چھوٹا افسانہ

دہلی میں مطابع کی تلاشی

قانون مادہ آتشگیر کے ماتحت مقدمہ

حاجی محمد یوسف صاحب کی مع الخیر واپسی
دہلی اسٹیشن پر مسلمانوں کا اجتماع

دہلی کا بازار

چاقو چل گئے

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا عظیم الشان جلسہ
ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند کی بصیرت افروز تقریر

دہلی ۲۲ مئی۔ آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر اہتمام جمعیۃ علمائے ہند منعقد ہوا۔ مولانا مولوی عبدالحق صاحب ڈکٹیٹر جمعیۃ العلماء ہند صدر جلسہ تھے۔ مولانائے موصوف نے اپنی تقریر صدارت میں مسلمانوں کو اتحاد و اتفاق کی تلقین فرمائی اور قومی و ملی ضروریات کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ میں عنقریب ہندوستان کے بعض اہم مقامات کا دورہ کرنے والا ہوں تاکہ وہاں کے مسلمانوں تک جمعیۃ کی آواز کو پہنچایا جائے ۔۔۔ جناب صدر کی تقریر کے بعد مولوی سلطان احمد صاحب نے ایک مختصر تقریر میں مسلمانوں کی تعلیمی و اقتصادی تباہ حالی کا منظر پیش کیا ۔۔۔ جلسہ کی کارروائی تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک جاری رہی۔

گاندھی جی برت کے دن پورے کریں گے
ڈاکٹر انصاری کی مراجعت

میرٹھ کے ڈسٹرکٹ بورڈ پر حکومت کا غیظ و غضب
اراکین بورڈ کی آزادی کا نتیجہ

برت کا تیرھواں دن
خطرے کا آغاز

ہمدردی کے برت اور اپیل

ایک سادھو کی درخواست

انقلاب پسندوں کی ایک مفرور جماعت
پولیس سے تصادم ہو گیا اور گولیاں چلیں
مقتولین و مجروحین اور گرفتار شدگان کی تعداد

کلکتہ کارپوریشن کا فیصلہ

انقلاب پسندوں کی تلاش
خفیہ پولیس پریشان ہے

ساردا ایکٹ کے ماتحت مقدمہ
نابالغوں کی شادی پر تین تین سو روپیہ جرمانہ

کٹرہ ہیرالال میں آتشزدگی

پٹنہ میں متعدد مکانوں کی تلاشی

ریاست رامپور میں سیاسی انقلابات کی توقع
کیا الور کے بعد رامپور کا نمبر ہوگا

ہندوستان کی عورتوں کا مطالبہ
ہمیں مساوی حقوق دئے جائیں

خان عبداللہ خاں کی صحت
شدت گرما سے بیہوش ہو گئے

چودھری افضل حق صاحب
پنجاب کونسل کی رکنیت کے امیدوار

راستہ کے اخراجات پورے کرنیکی ترغیب

متھرا کے چوبوں میں ہلچل

سانحہ ارتحال

ریاست الور سے مہاراجہ الور کا کوچ
دو سال کیلئے ریاست میں انگریزی راج
اڑتالیس گھنٹہ کا نوٹس اور اس کے بعد کی اطلاعات

نہایت معتبر اطلاعات مظہر ہیں کہ الور میں نہایت ہی نازک صورت پیدا ہوئی ہے اور اس کا اندیشہ ہے کہ ہز ہائینس مہاراجہ الور کو کہیں گدی سے بالکل دستبردار نہ ہونا پڑے۔ خبر آئی ہے کہ کرنل اوگلوی نے ہز ہائینس کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ۴۸ گھنٹہ کے اندر اندر دو سال کے لئے الور چھوڑ دیں ۔۔۔

حکومت ہند خاموش رہنا چاہتی ہے

ریاست کے اخراجات میں تخفیف

مولانا شوکت علی کے خلاف سید غلام بھیک نیرنگ کا غیظ و غضب

سر یعقوب اپنی عقل سے کچھ نہیں کرینگے
ولایت روانگی کے وقت بیان

صدر خلافت برن کٹی میں

پر امن جلوس پر حملہ

مہاجرین سے بے پروائی

صوبہ سرحد میں سرخ پوشوں کا جلسہ

مہاراجہ الور کی صفائی

ناگپور میں بجلی گری

چین اور جاپان کی جنگ
دس ہزار چینی ہلاک و مجروح

پروپیگنڈا ہو رہا ہے

چینی عورتوں کی فوج

بم پھٹ رہے ہیں

"اٹھو جاگو اور بیدار ہو جاؤ" کی ضبطی

مسٹر میکڈانلڈ کا تماشہ
کون ایکٹر کون سا کام کرے گا

عراق کی مکمل آزادی کا مسئلہ
ملک فیصل کی لندن کو روانگی

امریکہ اور چین کا نیا سمجھوتہ
چاندی کی قیمت بڑھانے کی تدابیر

تخفیف اسلحہ کی کوشش
باسی کڑہی میں ابال

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا وفد

مولانا شوکت علی بمبئی پہنچ گئے!

ہندوستانی مندوبین کا استقبال

ایک ہفتہ میں ۵۰ ڈکیتیاں

مقدمہ سازش لاہور کی سماعت

مولانا عبدالحکیم صاحب مرحوم و مغفور کی روح کو
ایصال ثواب

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

جرمن یہودیوں کیخلاف ہٹلر کی مہم

مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں یہودی پروفیسروں کی آمد کی خبریں ہٹلر کی سالگرہ ۲۵ ہزار سیاسی گرفتاریاں

ہندوستانیوں کا اخراج ہٹلر کی تیاریاں

(از نامہ نگار خصوصی۔ مقیم برلن)

جرمنی سے یہودیوں کو نکالا جا رہا ہے۔ تمام کچہریوں میں سے یہودی ججوں کو علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ وکیل بہت سے علیحدہ کئے جا رہے ہیں۔ ڈاکٹروں کو بھی تمام جگہوں سے علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ صرف ان ڈاکٹروں اور وکیلوں اور ججوں کو نوکری پر رکھا جائے گا جنہوں نے جنگ عظیم میں جرمنی کا ساتھ دیا ہے اور جرمنی کی طرف سے لڑے ہیں یا ان کے باپ۔ ...

... نکالے جا رہے ہیں۔ مگر ہم غریب ہندوستانی جو خود غلام ہیں اس بارے میں کیا کر سکتے ہیں۔

سید راس مسعود صاحب غور کریں

بڑے افسوس کا مقام ہے کہ علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کہلاتی ہے اور اس میں کتنے جرمن پروفیسر ہیں۔ اگر راس مسعود صاحب۔ ...

آئنسٹائن کی جائداد پر قبضہ

ہندوستانیوں کی حالت

رباعی

ہر نبی مود کہ مرجع عالم آمد — مجبر رسید کہ مفتی اعظم آمد
زندہ باد وکہ فرحت عالم آمد — بودہ عالم زدید شت مسرور
خادم العلماء ناچیز راسخ

تمام جرمن نازی پارٹی میں

خیر مقدم

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند

شربت روح افزا

موسم گرما میں تمام شکایات کیلئے اکسیر ہے تمام ہندوستان میں اپنے خواص کیوجہ سے مشہور ہو چکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ ... اس کو بہت پسند کرتے ہیں

فی بوتل ایک روپیہ چار آنے

دواخانہ ہمدرد یونانی دہلی

مسلمانوں کی پبلک کمپنی جو امداد باہمی کا کاروبار کرتی ہے

سرمایہ۔ ایک لاکھ روپیہ۔ جس میں ۳۰ ہزار کے حصص سپرد اور باقی فروخت ہو رہے ہیں

THE PUNJAB MUSLIM CORPORATION LTD.

دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹڈ

ھیڈ آفس۔ لائل پور۔ پنجاب

شریعت اسلامیہ کے مطابق مضبوط بنیاد۔ اعلیٰ انتظام حصہ داروں و ممبروں کیلئے معقول منافع کی گارنٹی غریبوں کی حامی بیواؤں یتیموں و بیکسوں کی دستگیری کرنیوالی دی پنجاب مسلم کارپوریشن کا نام کبھی نہ بھولو۔ ہر جگہ مستقل ملازموں اور ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔

منیجنگ ایجنٹس

دوسری شادی

ہر شب کو شب اول بنانے کے لئے آج ہی ڈاک سے تحفہ شباب یعنی طلسمی ٹکیکی ...

نیو ٹریڈنگ کمپنی ۲۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

رسالہ نظام المشائخ ... ایک ایک مضمون کو پڑھکر اپنے اختیار ...

منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف اکیوں کس لئے ...

کتاب کام شاستر مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے!

لقمان الملک حکیم ناجینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرمایا ہے اس کے متعلق ...

معجون مددگار غدود ہے

ایک ضروری گذارش

منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

ضرورت ہے

قابل اور بارسوخ ایجنٹوں کی لال بی بی سگریٹ کی فروختگی کے لئے ہر شہر میں ضرورت ہے تجربہ کار اشخاص کو صرف درخواستیں کرنی چاہئیں۔ کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ درخواستیں بنام دی منیجر نیو انڈیا ٹوبیکو کارپوریشن ۹۳ ریانڈر تھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

غدر ۱۸۵۷ء

چند شوریدہ سر فوجیوں کی سرکشی کا نتیجہ نہ تھا۔ بلکہ ہندوستانی محبان کے جذبہ حریت کا ایک زریں کارنامہ تھا۔ ہندوستانی بہادروں نے غیر ملکی استبدادی زنجیروں سے رہا ہونے کے لئے جو دیوانہ وار کوشش کی اسکی سرگذشت خود انگریزوں کی زبان سے بیگناہ ہندوستانیوں کی داستان مظلومی اجنبی حکومت کے مظالم ناروا شیخ حسام الدین بی۔ اے۔ امرتسری کے قلم سے قیمت ۱۲ ار

چہیتا بھائی

مرزا عظیم بیگ چغتائی مصنف شریر بیوی کے برادر معظم مرزا نہیم بیگ چغتائی کی شاہکار تصنیف آپ نے اپنے مخصوص طرز نگارش میں اپنے بچپن کے بعض واقعات اس خوش اسلوبی سے بیان کئے ہیں کہ یاد و شاید۔ ممکن نہیں کہ کوئی شخص اس کتاب کو شروع کر کے ختم کئے بغیر اٹھ سکے۔ زبان ٹھیٹھ اردو۔ ہر لفظ ہر فقرہ اور ہر جملہ آب کوثر سے دھلا ہوا پھر سلاست اور شگفتگی سونے پر سہاگے کا کام دے رہی ہے۔ حجم ۱۵۲ صفحات قیمت ۸ ر

ہوائی قلعہ

آج سے چار ہزار برس پہلے کے واقعات ہم کس طرح اپنی آنکھوں سے توقع پذیر ہوتے دیکھ سکتے ہیں۔ جنگ مہابھارت تصویروں پر نہیں۔ الفاظ میں نہیں بلکہ اصلی حالت میں نظر آسکتی ہے مہاتما بدھ۔ مہاراج کرشن۔ کبیر داس۔ گورو گوبند سنگھ اپنے پاک مشن میں مشغول ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں اسے جوتش۔ رمل یا مسمریزم کی کتاب نہ سمجھئے بلکہ ایک از حد دلچسپ علمی تصنیف ہے۔ قیمت ۴ ر

چور اور گرہ کٹ

ایم اسلم کی تازہ تصنیف۔ ایک نہایت دلچسپ قصہ۔ بچوں کو ہنسانے والی کتاب قیمت ۳ ر

اردو بک اسٹال بیرون لوہاری گیٹ لاہور



ایم اے شید اینڈ سنز انجینئرز بٹالہ (پنجاب)

مفید مشورہ

ناظرین! اگر آپ چاہتے ہیں کہ ... تو آپ ...

ہندوستانیوں کی جسمانی کمزوری کے اسباب اور اسکا علاج قیمت اردو ... ہندی

جیون شکتی ...

نقشہ صحت

رسالہ خوراک

شباب جاودانی

ضروریات زندگی!

ہدایت موسم

ہدایت الیوم

منیجر دیسی ... بک ... دھارا لاہور

آل انڈیا مشاعرہ نعت اجمیر شریف

میر احمدی سکریٹری شعبہ نشر و اشاعت
مشاعرہ نعت کمیٹی اجمیر شریف

صوبہ سرحد کے علماء کا ہدیہ تہنیت

حضرت مفتی اعظم کی خدمت میں

(۲) یہ جلسہ تمام مسلمانان سرحد سے درد مندانہ اپیل کرتا ہے کہ وہ خلاف شریعت رسومات سے جو سرحد میں رائج ہیں باز آدیں۔ اور آمین

دنیا کی سب سے آخری اور حیرت انگیز ایجاد

نلیگن کیپسولز برائے سوزاک نیا یا پرانا

نلیگن کیپسولز جسکی اعلیٰ خوبیوں کی بدولت مغربی ممالک کے لاکھوں نہیں کروڑوں وہ مریض جو برسوں سے اس خطرناک بیماری میں مبتلا تھے اور بعد مختلف علاجوں کے اس کی نجات سے بالکل نا امید ہو چکے تھے آج پھر خوش و خرم نظر آتے ہیں۔

نلیگن کیپسولز کا استعمال مغربی ممالک میں پچھلے دس سال سے جاری ہے اور آج بوجہ اس حیرت انگیز نتائج کے یہ تمام یورپ کیا امریکہ میں بھی ایک خاص شہرت حاصل کر چکی ہے۔ ...

ملنے کا پتہ: ایل آر کپور اینڈ کمپنی پوسٹ بکس ۱۹۱ لاہور (دھنی رام روڈ) انار کلی

سفید بال جڑ سے کالا

بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس ...

مفرح مشکین

مشک عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس مرکب

دواخانہ ہمدرد یونانی دہلی

طاہنا امردی یعنی تحفہ عظیم

تحفہ ٹریڈنگ کمپنی اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

ترجمان القرآن جلد اول

مصنفہ حضرت مولانا ابو الکلام آزاد

غیر مستطیع شائقین کیلئے نصف قیمت میں

منیجر دفتر ترجمان القرآن ... لاہور

روزانہ ہند جدید

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت

شرح اشاعت
نصف صفحہ
ایک کالم

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۷ | دہلی یوم یکشنبہ ۳ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ مئی ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۷

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

بارہ ہزار مسلمانوں کا نوے ہزار عیسائیوں سے مقابلہ

جبل الطارق اور آبنائے طارق کا ناموس

اسپین کے میدان میں عربی شمشیر زنی کی جھلک

گزشتہ پرچہ میں موسیٰ ابن نصیر گورنر افریقہ اور کونٹ جولین گورنر سبتہ کی ملاقات کی کیفیت درج کی جاچکی ہے، آج اس سے آگے ملاحظہ فرمایئے۔

کونٹ جولین نے موسیٰ ابن نصیر کو ہر طرح کا اطمینان دلا کر اپنے مستقر کی طرف معاودت کی اور مسلمانوں کے حملہ کا انتظار کرنے لگا۔ [illegible]

سب کو خاموش کر دیا کہ —

"ہم یہاں اس لئے نہیں آئے کہ بھاگ کر وطن کو واپس جائیں۔ ہمارے [illegible]

فلسفی شاعر اقبال نے طارق کے اس عظیم کارنامے کو جو بظاہر تخریب کا پہلو لئے ہوئے ہے مگر بباطن تعمیر کی ایک دنیا اپنے اندر رکھتا ہے اپنے "پیام مشرق" میں ان الفاظ میں بیان کیا ہے

طارق چوں برکنارۂ اندلس سفینہ سوخت
گفتند کار تو بنگاہ خرد خطاست
دوریم از سواد وطن باز چوں رسیم
ترک سبب ز روئے شریعت کجا رواست
خندید و دست خویش بہ شمشیر برد و گفت
ہر ملک ملک ماست کہ ملک خدائے ماست

جبل الطارق اور آبنائے طارق

طارق نے جس آبنائے کو عبور کیا وہ آج تک آبنائے طارق کے نام سے مشہور ہے جس پہاڑی سلسلہ پر آپ نے اپنے ڈیرے خیمے نصب کئے اس کا نام لائنز راک تھا لیکن طارق کے قدم پہنچتے ہی وہ جبل الطارق کے نام سے مشہور ہو گیا اور آج تک مشہور ہے اور لطف یہ ہے کہ یہی نام انگریزی میں بگڑ کر جبرالٹر ہو گیا ہے۔ [illegible]

شاہ اسپین میدان کارزار میں

[illegible]

بارہ ہزار کا نوے ہزار سے مقابلہ

[illegible]

(باقی صفحہ ہذا کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمایئے)

ابتدائی حملہ کی تیاریاں

[illegible]

طارق ابن زیاد کا انتخاب

[illegible]

کشتیاں جلادی گئیں!

[illegible]

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۴)

[illegible]

(باقی آئندہ)

معاصرین کے افکار و آراء

مونجے کی بڑ (مدینہ)

ڈاکٹر مونجے نے صوبہ متوسط کی ہندو کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے جو خطبہ ارشاد کیا۔ افسوس ہے کہ اس کی عبارت اور مطالب کی بنا پر ہندو قوم کو مبارکباد نہیں دی جاسکتی۔ [illegible]

حکومت کیا چاہتی ہے؟ (اجمل)

[illegible]

ہٹلر کا اعلان (ہند جدید)

[illegible]

سادگی کا خون (ہند جدید)

یہ وہم باطل ہے کہ اچھی پوشاک سے آدمی معزز سمجھا جاتا ہے۔ آدمی کی عزت اس کے اخلاقی وزن سے ہوتی ہے نہ کہ لباس سے۔ [illegible]

مسلمانوں کا افلاس اور تعلیم (ملت)

[illegible]

عربی زبان کا مشہور علمی ادبی رسالہ
الضیاء

[illegible]

پتہ:- منیجر الضیاء لکھنؤ

ہفتہ وار
ہند

[illegible]

منیجر ہند جدید، نمبر ۲۸ چترنجن ایونیو کلکتہ

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلیماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ

[illegible]

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرآبادین مفید عام

[illegible] فن عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطار سے پوری طرح [illegible] یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں علی العموم مفید نہیں [illegible] ایسے اردو قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جاری تھی الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب [illegible] قرآبادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول اتنی [illegible] ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے [illegible] کا ہونا ناممکن ہے، ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبار نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے [illegible] اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام
کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۳۰۰ صفحات ہے لیکن اس کے [illegible] قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلہ نجات

[illegible]

منیجر مکتبہ ملیہ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

[illegible]

نورانی قرآن مجید مترجم

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اسکو [illegible] کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

[illegible] وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے [illegible] شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت [illegible] سمجھتے ہیں

[illegible] میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا [illegible] تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

[illegible] تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت [illegible] کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا [illegible] کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین [illegible] شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت مولانا شیخ سعدی اور [illegible] تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا [illegible] احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ [illegible] علاوہ محصولڈاک عہ مجلد چرمی نقرئی ۱۲ [illegible]

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک بیکس مظلوم بیوہ جس نے اپنے سن رسیدہ شوہر کی ۱۳ سالہ تک انتہائی ہمدردی غمخواری دل سوزی بوفاداری عرق ریزی جاں نثاری سے خدمت کی اور ہمیشہ اس کے پسینہ پر خون بہاتی رہی۔ اپنی پاکدامنی شرافت نفس اور خدمت گزاری سے مدت العمر اپنے شوہر کو خوش رکھا آج اس کی بیوگی اور متوفی کے بھائی کی چیرہ دستیوں کو دیکھ کر اسلامی ہمدردی انسانی فرائض نظری احساسات سے مجبور ہو کر حصول فتویٰ شریعت کے لئے عریضہ ارسال کر رہا ہوں۔ اس کے شوہر نے علالہ ہونے کے باعث اس کی خدمتگذاری اور حق مہر کے طور پر سفر حج شریف سے قبل برضا و رغبت خود گواہان ثقہ کے روبرو ایک وصیت نامہ لکھوا کر اپنی بیوی کے حوالہ کیا جس کی نقل ارسال خدمت ہے۔

اکثر ریاستوں میں ویسا ہی ہے جیسا کہ الور میں تھا لیکن چونکہ راجہ الور کا تاج و تخت جس بد انتظامی کی نذر ہوا وہ کچھ اور ہی تھی۔

جو لوگ اپنی تیج ذکاوت کے گنگے بجا کر مسلمانوں کو یہ یقین دلانا چاہتے ہیں کہ حکومت برطانیہ نے ان کی ہمدردی میں اور ان کی دلجوئی کے لئے مہاراجہ الور کو ریاست الور سے خارج کر دیا ہے اور یہ ان پر کوئی ایسا احسان عظیم ہے جس کے لئے انہیں مدت العمر حکومت کا مرہون منت رہنا چاہئے ۔۔۔

آل انڈیا مسلم لیگ

"الکارے" کی تلاش

وزیر ہند کو چیلنج

الجواب

استفتاء

الجواب

الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یوم یکشنبہ ۳ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۸)

"مشہور مخدوم قوم" کا بیان

مراد آباد میں جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس مرکزیہ کا جو اجلاس ہوا تھا اس کی کارروائی کو تلبیس الحق بالباطل کی بدترین مثال بنا کر پیش کرنے کے بعد آخر میں رئیس احمد صاحب جعفری تحریر فرماتے ہیں:-

ممکن ہے کہ ان تصریحات کے بعد بھی رئیس احمد صاحب جعفری کو ہمارا یقین نہ آئے اور انہوں نے جو کچھ لکھا ہے وہ اسی کی صحت پر اصرار کرتے رہیں اس لئے ہم خود ان ہی بزرگ کو شہادت میں پیش کئے دیتے ہیں جن کا "مشہور مخدوم قوم اور خادم اسلام" ہونا خود ۔۔۔

امروہہ کا سالانہ اجلاس

تصحیح ضروری ہے

"مسلمانوں پر احسان عظیم"

مکتبہ جامعہ کی "جرأت نازیبا" پر احتجاج

اراکین انجمن امداد الاسلام دیوبند کا پیغام

بخدمت گرامی حضرت مدیر الجمعیۃ۔ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

سیرت مولانا محمد علی مرحوم مطبوعہ جامعہ پریس پر طریق انبو جناب کے متعدد مقالات کا مطالعہ کرنے کے بعد ہمارے قلوب میں الجمعیۃ کی جو وقعت و عظمت قائم ہو گئی ہے اس کے اظہار کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔ البتہ ہم نفس مسئلہ کے متعلق چند ضروری گزارشات پیش کرنا چاہتے ہیں۔ امید ہے کہ آپ مؤقر جریدہ الجمعیۃ میں جو حقیقت نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام ممالک اسلامی کے علماء کا واحد ترجمان ہے شائع فرما کر عند اللہ ماجور ہوں گے۔

ہمارا خیال ہے کہ مولانا محمد علی مرحوم کی ذات گرامی اپنی خدمات ملیہ کے اعتبار سے عدیم النظیر تھی اور بہت کم نفوس قدسیہ ملکی اور قومی سرگرمیوں میں ان کے حریف ہو سکتے ہیں۔ لیکن ان کی علمی زندگی کا نام روشن پہلو علمائے کرام ہی کا مرہون منت ہے۔ ہمارے اس خیال کی تائید "رئیس الاحرار" کے ان اقوال سے بخوبی ہو سکتی ہے جو انہوں نے تحریری اور تقریری صورتوں میں بار بار بیان کئے ہیں۔

۔۔۔

صدر انجمن امداد الاسلام دیوبند — نائب معتمد انجمن امداد الاسلام دیوبند — سکریٹری انجمن امداد الاسلام دیوبند — رکن مجلس منتظمہ — رکن انجمن

احقر زماں بشیر احمد صدیقی غفرلہ — طفیل احمد

رکن انجمن امداد الاسلام دیوبند — رکن انجمن

"سیرت محمد علی" میں معاصرین پر لعن و طعن

"مدیر سچ" اور "جامعہ والوں" کی ذمہ داریاں

جناب ایڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ۔ سلام مسنون۔

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب پر آپ نے جو تبصرہ کیا ہے اور جو ابتک جاری ہے اس کو دیکھ کر بے اختیار آپ کی جرأت کی داد دینی پڑتی ہے۔

یہ سیرت حقیقتاً مولانا عبد الماجد دریابادی کی خواہش اور نگرانی میں تیار ہوئی ہے اور اس ضخیم کتاب کے اندر جو کچھ بھی ہے اس سب کی ذمہ داری "ماجدمیاں" ہی پر ۔۔۔

کیا ہو گا کہا جد میاں نگراں ہیں تو کتاب ٹھیک ہوگی۔ اور بیچارے جامعہ والے ایک عرصہ کے بعد حملہائے ماجدی سے بعد از سعی بسیار محفوظ ہوئے تھے، اگر کچھ دخل سیرت محمد علی میں دیتے تو پھر "کشتنی و گردن زدنی" گروہ میں داخل کر دئے جاتے۔ ۔۔۔

۲۲ مئی سنہ ۶

["سیرت محمد علی" کے سلسلہ میں ہمیں مولانا عبد الماجد صاحب دریابادی کے متعلق صرف اس قدر معلوم ہے کہ موصوف نے رئیس احمد جعفری کے اصل مسودہ کی اصلاح فرمائی اور اس پر ایک مقدمہ تحریر فرمایا ہے۔ ۔۔۔]

"گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل"

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

جاپان کی علمی اور ادبی رفعت

ایک اخبار جس کی روزانہ اشاعت ۷ الاکھ ہے

جاپان کی صنعتی اور علمی ترقی کے اسباب

ایشیائی ممالک میں جاپان کو آج ایک خاص امتیاز حاصل ہے علوم و فنون صنعت و حرفت وطنی اور ملی احساسات میں وہ حیرت انگیز ترقی کر رہا ہے۔ ایک زمانہ وہ تھا کہ جاپان طوائف الملوکی کے ہاتھوں برباد ہو رہا تھا اور اس کا اقتدار چراغ سحری کی مانند آخری سانس لے رہا تھا لیکن کچھ زمانہ کے بعد جاپان نے ایک کروٹ بدلی اور اپنے ہر شعبہ میں ایسا انقلاب ۔۔۔

کوکومین۔ یہ اخبار روزانہ ہے جو جاپانی ادبیات کی خدمات باحسن طریق انجام دیتا ہے اس کی روزانہ اشاعت دو لاکھ ہے۔

آساہی۔ یہ اخبار بہت پرانا ہے اور پچاس سال سے جاپان کی خدمات انجام دے رہا ہے۔ ابتدا میں اس کی اشاعت پانچ سو سے بھی کم تھی مگر اب اس کی اشاعت صرف ٹوکیو میں سات لاکھ اور آوساکا میں دس لاکھ ہے۔

اس اخبار کے نمائندے تمام دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔ لندن۔ پیرس۔ نیویارک (امریکہ) برلن ماسکو وغیرہ مقامات میں اس کے نامہ نگار متعین ہیں۔ اس اخبار کے مختلف ایڈیشن مخصوص ناموں سے نکلتے ہیں مثلاً آساہی ہفتہ وار آساہی گراف۔ سکرین اینڈ اسٹیج۔ آساہی اسپورٹ۔ لیڈی اینڈ چلڈرین آساہی وغیرہ۔

اگر کوئی شخص اس اخبار میں کوئی اشتہار دینا چاہے تو اس کو ایک سطر کی قیمت ۱۸ روپے کلدار ادا کرنی پڑے گی۔

نچی۔ یہ اخبار روس اور جاپان کی جنگ سے کچھ پہلے جاری ہوا تھا۔ اب اس کی اشاعت ۵ لاکھ ہے۔

ایشیا صنعت و حرفت کا مرکز رہ چکا ہے

انگریزی زبان پر عربی اور فارسی زبان کے احسانات

اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی اور اس کی وجہ تسمیہ

خاص ادیبوں کے علاوہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہوگا کہ موجودہ حرفتیں زمانہ سے پہلے ہندوستان اور مختلف ایشیا کی ساخت کا بہت بڑا مرکز تھا اور ہر جگہ صنعت و حرفت کے کارخانے کھلے ہوئے تھے۔ ہندوستان کی سرزمین سے ہی دیگر ممالک کو مصنوعات ایشیا کی برآمد ہوتی تھی یہی وجہ ہے کہ انگریزی زبان میں اب تک ان تجارتی اشیاء کے نام پائے جاتے ہیں جو خاص ہندوستان میں بنتی تھیں۔ ۔۔۔

لیمن (لیموں)۔ اسی طرح انگریزی میں نارنگی کو آرنج کہتے ہیں۔ آرنج اصل انگریزی میں نورنج تھا جو کثرت استعمال سے آرنج رہ گیا۔ ظاہر ہے کہ یہ لفظ نارنج یا نارنگی ہے۔ یہ چند مثالیں بیان کی گئی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ انگریزی زبان ایشیائی بالخصوص عربی اور ایرانی زبانوں کی بہت کچھ مقروض ہے اسی وجہ سے ایشیا میں جن مصنوعات کے نام مشہور تھے وہ انگریزی میں منتقل ہو گئے۔

(اسٹیٹسمین)

"میں برطانیہ کے بجائے روس کا ساتھ دوں گا"

انگلستان کے ایک پادری کا بیان

روس میں انگریزوں کے خلاف جس مقدمہ کی سماعت ہوئی تھی اس پر اڈنبرگ کے ایک گرجا میں ریورنڈ آر جی بال ارنسن نے تبصرہ کیا اور حاضرین کو بتایا کہ سوویٹ روس نے اس مقدمہ سے اپنی دیانت اور ۔۔۔ پسندی کا ثبوت پیش کیا ہے۔

آپ نے فرمایا:-

روس کو تین دفعہ مبارکباد! کیونکہ وہ دنیا میں سب سے بڑا عیسائی ملک ہے۔ ماسکو میں انگریزوں کے مقدمہ کا فیصلہ تاریخ میں سچائی اور صفائی کے ایک نئے باب ۔۔۔

۔۔۔ عورتیں مردوں کے دوش بدوش کام کرتی ہیں۔ وہاں بچہ کی پیدائش سے دو ماہ پہلے اور دو ماہ بعد عورتوں کو پوری تنخواہ دی جاتی ہے اور اجرت میں کوئی کمی نہیں کی جاتی۔

روسی درسگاہوں میں کوئی امتحان نہیں ہوتا۔ گھر پر کوئی تعلیم نہیں دی جاتی اور نہ بچوں کو سزا دی جاتی ہے بلکہ وہاں بچوں کی نگرانی کا ذمہ خود حکومت نے لے لیا ہے۔

مسٹر مارلسن نے مزید کہا کہ میں عیسائیت کا اقرار کرتے ہوئے سوویٹ روس کے اعزاز میں اپنی ٹوپی اتارتا ہوں۔ اگر کل روس اور برطانیہ میں جنگ چھڑ گئی تو میں روس کے ہمراہ ہو کر جنگ کروں گا۔

(مانچسٹر گارجین)

جنگ عظیم کے ترک بہادروں کی یادگار

جن ترک بہادروں نے جنگ عظیم کے دوران میں کارہائے نمایاں انجام دیئے تھے ان کے شاندار کارناموں پر نواد بیگ معلم نے ایک کتاب لکھی ہے جو ترکی ۔۔۔

جرائم پیشہ بھی سائنس کے ماہر ہو گئے

پولیس کی ناقابلیت کا اعتراف

لارڈ ٹرینچرڈ نے حال ہی میں پولیس کمشنر کی حیثیت سے اپنی سالانہ رپورٹ ایک جلسہ میں پڑھی جس میں آپ نے پولیس کے فرائض پر مفصل تبصرہ کیا اور پولیس کے معیار تعلیم پر عدم اطمینان کا اظہار فرمایا ہے۔ اپنی رپورٹ میں چند انقلاب انگیز تجاویز پیش کی ہیں۔ آپ کا خیال ہے کہ پولیس میں بھرتی ہونے سے پہلے امیدواروں کی اعلیٰ تعلیم، مؤثر شخصیت اور جسمانی صحت کا پورے طور پر امتحان کر لیا جائے۔ رپورٹ میں آپ نے اس امر پر کافی روشنی ڈالی ہے کہ آج کل جرائم کی نوعیت کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ موجودہ زمانہ میں جرائم کا ارتکاب نہایت ہوشیاری سے کیا جاتا ہے گویا جرائم نے فنی حیثیت حاصل کر لی ہے۔ اکثر جرائم سائنٹفک طریقہ پر عمل میں لائے جاتے ہیں اسلئے پولیس کی حیثیت کو بھی ان ہتھیاروں سے مسلح ہونا چاہئے۔ وہی سائنس کے ماہر ۔۔۔ ورنہ نتیجہ یہ نکلے گا کہ موجودہ جرائم کے انسداد پر پولیس قادر نہیں ہو سکے گی۔ ۔۔۔

دار الحکومت

ایڈیٹر الخلیل پر قاتلانہ حملہ کا مقدمہ
استغاثہ کے گواہوں کا بیان

دہلی ۷ مئی۔ رائے بہادر سنت رام آنریری مجسٹریٹ کی عدالت میں آج وہ مقدمہ پیش ہوا جس میں دو نوجوانوں کے خلاف مولوی شریف احمد مراد ایڈیٹر الخلیل پر قاتلانہ حملہ کرنے کے الزام میں زیر دفعہ ۳۰۷ تعزیرات ہند مقدمہ چلایا گیا ہے۔ استغاثہ کی جانب سے لالہ رام کورٹ انسپکٹر اور ملزمان کی جانب سے مسٹر آصف علی بیرسٹر پیروی کر رہے تھے۔

عبدالواحد اور عبدالسمیع ملزمان بلا ہتھکڑی کے عدالت میں موجود تھے۔ ...

شاردا ایکٹ ملک معظم کے اعلان کے خلاف ہے
دہلی کے ایک مقدمہ میں وکیل صفائی کے دلائل

دہلی میں سرخ پوسٹروں کی تلاش
متعدد گرفتاریاں اور خانہ تلاشیاں

زیارت بیت اللہ سے واپسی

دہلی میں انگارہ کی تلاش

مہاراجہ الور کی پوزیشن کے متعلق دار العوام میں سوال و جواب
دو سال کے بعد مہاراجہ کو کن شرائط پر عنان حکومت دی جائیگی؟
اتحاد کانفرنس الہ آباد میں شریک ہونے کا جرم

لندن ۴ مئی کل دار العوام میں مسٹر لوبی نے مہاراجہ الور کی پوزیشن کے متعلق وزیر ہند سے دریافت کیا کہ اس امر کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ مہاراجہ الور دو سال کے لئے ریاست کو خیرباد کہہ رہے ہیں جس کا مقصد یہ ہے کہ برطانی حکام ریاست کی مالی حالت درست کر دیں کیا دو سال کے بعد ریاست کی عنان حکومت مہاراجہ کے سپرد کرنے سے پہلے ان سے کسی قسم کی ضمانت (گارنٹی) لی جائے گی؟

وزیر ہند نے جواب دیا کہ اس قسم کے سوالات پر حکومت بالادست اس وقت غور کرے گی جب عنان حکومت سپرد کرنے کا وقت آئے گا اسی وقت یہ مسئلہ بھی طے ہوگا کہ کن شرائط کے ماتحت مہاراجہ کو عنان حکومت سپرد کرنا مناسب ہوگا۔ مسٹر ارک بیلی نے دریافت کیا کہ اس وقت حکومت بالادست کون ہوگی؟ وزیر ہند نے جواب دیا کہ جو اس وقت ہے وہی اس وقت بھی ہوگی۔

بمبئی ۲۶ مئی۔ مسٹر بروچہ نے مہاراجہ الور کے متعلق اخبارات کو ایک طویل بیان دیا ہے ...

مشن کالج کے ہوسٹل میں کارتوس
پولیس کی حیرانی

دہلی کے ایک تاجر کی فیاضی
تعلیم کیلئے ایک لاکھ کا وقف

مولانا اکرم علی صاحب کا سفر حج مع الخیر
جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں جلسہ کی دعوت

ریاست حیدرآباد میں سیاسی جلسوں کی ممانعت
ریذیڈنسی بازار کو واپس کرنے کا اظہار

مہاراجہ الور یورپ روانہ ہوگئے
مولانا شوکت علی صاحب کا اظہار خیال

دنیا کی آزادی ہندو مسلم اتحاد پر منحصر ہے
اسلامی سیاسیات کی باگ ڈور نااہلوں کے ہاتھ میں
حج سے واپسی پر مولانا اکرم علی صاحب کا بیان

وائسرائے کو گولی سے اڑانے کی سازش
ایک عجیب و غریب انکشاف

سول نافرمانی کا التواء کے بعد حکومت کی پالیسی
قائم مقام صدر کانگریس کا بیان

چین میں غیر ملکی اشیاء کے محصول پر اضافہ

ہندوستانی نمائندے متحدہ کام نہیں کر سکتے
سر آغا خاں کا بیان

دار العوام میں ایک رکن کو پنڈت مالویہ کا چیلنج
تحقیقات کرو ورنہ مجھ پر مقدمہ چلاؤ

چاٹگاؤں کے ہندو طلباء پر پابندیاں
اپنے پاس شناختی کارڈ رکھو

ہندوؤں نے صلح کا موقعہ کھو دیا
حکومت کو سیاسی قیدی رہا کر دینے چاہئیں
شیخ عبدالمجید صاحب سندھی کا بیان

شیخ عبدالمجید صاحب سندھی نے اخبارات کے نام مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے۔ ایک مرتبہ پھر فرقہ وارانہ اتحاد کی کوشش کی جارہی ہے جو حد درجہ قابل ستائش ہے اور فرقہ وارانہ اتحاد اور یگانگت کے کل بہی خواہان کی حمایت و تائید کی مستحق ہے لیکن مجھے شبہ ہے کہ اس سے کوئی بہت عظیم الشان نتیجہ برآمد ہوگا۔ ایک وقت تھا جبکہ فرقہ وارانہ اتحاد کے باعث ملک کے لئے بہتر دستور اساسی حاصل ہو سکتا تھا لیکن وہ موقعہ کھو دیا گیا اور محض چند نشستوں کے لئے قومی اتحاد اور اس کی تمام اہمیتوں کو قربان کر دیا گیا۔

اس وقت بھی ہندو بعض صوبوں میں مسلمانوں کی اکثریت کو کم کرنے کی سخت کوشش کر رہے ہیں اور وزیر اعظم کے فیصلے کے مطابق مسلمانوں کو جو کچھ ملا ہے اس کے خلاف ہندوستان اور انگلستان میں زبردست تلاطم برپا ...

ہر مسلمان ہر مسجد میں نماز پڑھ سکتا ہے
شیعہ اور سنیوں کے مقدمہ کا فیصلہ
عدالت عالیہ لاہور کا حکم

لاہور۔ کیا شیعہ سنیوں کی مسجد میں نماز پڑھ سکتے ہیں؟ یہ تھا سوال جس کا فیصلہ آج لاہور ہائیکورٹ کے ڈویژنل بنچ پر مشتمل آنریبل مسٹر جسٹس جے لال اور آنریبل مسٹر جسٹس عبدالرشید نے کیا۔

مقدمہ کے واقعات یوں بیان کئے جاتے ہیں کہ پنڈ دادنخاں میں کھیوڑا والی مسجد کے نام سے ایک مسجد ہے جس پر سنیوں کا قبضہ ہے، اور سنی تمام شیعوں کو نماز پڑھنے کی اجازت نہیں دیتے تھے جس پر کئی دفعہ جھگڑا ہوا۔ چونکہ سنی شیعوں کو اس مسجد میں نماز پڑھنے نہیں دیتے تھے۔ اس لئے انہوں نے سب جج کی عدالت میں درخواست دی کہ انہیں اس مسجد میں نماز پڑھنے کی اجازت دی جائے اور سب جج نے شیعوں کے حق میں فیصلہ دیتے ہوئے انہیں مسجد مذا میں نماز پڑھنے کی اجازت دیدی۔

سب جج کے اس حکم کے خلاف سنیوں نے عدالت سیشن میں درخواست ...

مولانا ظفر علی خاں کا مقدمہ!
اشتعال انگیز تقریر کرنے کا الزام

مسلم لیگ کے سکرٹری معطل کر دیے گئے
صدر اور ناظم کا تنازعہ

پنجاب کا فرقہ وارانہ مسئلہ طے ہو گیا
بعض جزئیات میں اختلاف

نواب سر ذوالفقار علی خاں کی وفات

مجلس اقوام یہودیوں کی حمایت کریگی

چین اور جاپان کے درمیان عارضی صلح نامہ پر دستخط ہوگئے
طویل اور خونریز جنگ کے خاتمہ کے قوی امکانات
چینی اور جاپانی نمائندوں کی گفت و شنید

لندن ۱۰ مئی۔ چین اور جاپان کی خونریز اور طویل جنگ نے عالمگیر جنگ کے امکانات پیدا کر دیئے تھے مگر اب ایک مدت کے بعد جانبین میں صلح اور مفاہمت کے آثار پیدا ہو گئے ہیں جس سے یقین کیا جاتا ہے کہ شاید یہ خوفناک جنگ ختم ہو جائے۔ اگرچہ چین اور جاپان کے درمیان صلح کی خبروں پر سخت احتساب اور نگرانی ہے اور سرکاری طور پر اس سے انکار کیا جا رہا ہے لیکن عام طور پر یقین کیا جاتا ہے کہ کل شام کو چین اور جاپان کے درمیان عارضی صلح نامہ پر دستخط ہوگئے ہیں۔ صلح نامہ بہت مختصر ہے اور اس میں صرف جنگ کے ختم کرنے اور ان حدود پر قائم رہنے کا ذکر ہے۔ جہاں چینی افواج ہٹائی جا چکی ہیں فریقین میں باقاعدہ اختتام جنگ کی خط و کتابت کے بعد تفصیلی امور طے ہوں گے۔ چینی نمائندے کہتے ہیں کہ صلح نامہ غیر سرکاری ہے اور اس پر دستخط بھی نہیں کئے گئے۔

پیکن: جاپان اور چین کے درمیان عارضی صلح کے بعد گفت و شنید جاری ہے۔ چینی نمائندے مسٹر ہوانگ فو اس گفتگو میں شریک ہیں۔ عارضی سمجھوتہ کی وجہ سے اظہار کشیدگی دور ہو گئی ہے۔

پارلیمنٹری کمیٹی میں اہم مسائل پر غور
ہندوستان کی طرف سے کون تقریر کریگا

چین اور جاپان میں صلح کی کوشش
جاپان کی طرف سے چین پر الزام
جنگ کے التواء کا اعلان

جمعیۃ اقوام مفلس ہوگئی!
چندہ ادا کرنے والے ممالک کا بخل

قیام امن اور مساوی حقوق کا مطالبہ
چانسلر ہٹلر کی تقریر

پیکن پر جاپان کا قبضہ ہوگیا
جاپانی افواج کا فاتحانہ داخلہ
اعلان اور معاہدہ کی خلاف ورزی

جاپان کے ساتھ تجارتی معاہدہ
وزیر اعظم برطانیہ کا بیان

برطانیہ نے برما کو علیحدہ کرنیکا فیصلہ کرلیا
برمی قوم خود کوئی فیصلہ نہیں کریگی

بمبئی کارپوریشن کا انتخاب

جرمنی میں عورتوں کا سگریٹ پینا ممنوع

تخفیف اسلحہ کانفرنس کی کامیابی
امریکہ اور فرانس کا رویہ!!

جنیوا ۱۰ مئی۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس کی جنرل کمیشن کے اجلاس میں آج سہ پہر کے وقت مسٹر نارمن ڈیوس امریکن مندوب ایک بیان دیں گے توقع کی جاتی ہے کہ اس بیان میں صلح عمومی کی تشریح کی جائے گی کہ کریں مشاورتی جتاق اور برطانی مسودہ کنونشن میں شریک ہونے کے لئے امریکہ کس حد تک تیار ہے۔ اس بیان پر بہت کچھ انحصار ہے کیونکہ اگر امریکہ ایک معاہدہ کی تشریح کی ذمہ داری میں حصہ لینے کیلئے تیار ہے اور اس کے بعد اس کو منظور کر لیتا ہے تو برطانوی مسودہ کنونشن کے قبول کرنے میں فرانس کو جو مشکلات پیش آرہی ہیں وہ نصف حد تک کم ہو جائیں گی۔

اگرچہ فرانس نے کانفرنس میں شریک ہونے والی دوسری اقوام کی طرح اصولی طور پر برطانی اسکیم کو قبول کر لیا ہے مگر اس نے تخفیف اسلحہ اور ان کی کنٹرول کے ساتھ سائق بھی مخالفت برابر جاری رکھی ہے۔

چار دول کے معاہدہ کی تکمیل
دستخط حاصل کرنے کے انتظامات

جامعہ ملیہ کی مالی امداد کے لئے سعی
صوبجات متحدہ کے مختلف اضلاع میں وفد

پارلیمنٹری کمیٹی میں ہندوستانیوں کی تقریریں

جاپان کو روسی اخبارات کی تنبیہ

مدرسہ دار العلوم دیوبند

جملہ حضرات متعلقین دیوبند اور تمام اہل علم پر یہ بات مخفی نہیں کہ جب سے دیوبند مدرسہ قائم ہوا ہے اس وقت سے کراچی تک صوبہ بنگال و آسام کے ہزارہا علماء اس سے فیضیاب ہوئے ہیں اور ہمیشہ مستفید ہوتے رہینگے انشاء اللہ تعالیٰ مگر ہم کو صد افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سب جگہ سے باوجود کم مستفیضین کے ہزار ہا کی مقدار امیر و غریب کی طرف سے چندہ جاتا ہے لیکن ہم اس کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ کیا ان دونوں صوبوں کے لوگوں پر یہ اور مستفیضین پر خصوصاً یہ فریضہ عائد نہیں ہوتا کہ دیوبند جیسی دینی درسگاہ کی بقا کے لئے وہ بھی حصہ لیں ... ہم اور کارکنان مدرسہ اس بات کو بہت دنوں سے محسوس کر رہے تھے۔ لہذا ہم تمام اہل اسلام سے عموماً اور ان دونوں صوبوں کے علماء و طلباء سے خصوصاً درخواست کرتے ہیں کہ میدان عمل میں آئیں اور اجر جزیل حاصل کریں۔ بحمد اللہ ہم نے اس فریضہ کے انجام دہی میں قدم بڑھایا اور پہلی قسط ہی میں معمولی کوشش پر چھپن روپے سات آنے بمعرفت سید عبد الکریم صاحب سلہٹی متعلم دار العلوم دیوبند بھیجا جس کی مہر شدہ رسید بھی دفتر دار العلوم دیوبند سے دستیاب ہو گئیں۔ امید ہے کہ دوسرے حضرات بھی اسی طرح اس وعدہ ... اس مرکز علوم نبوی صلے اللہ علیہ وسلم کی بقا کے لئے سستی اور غفلت کو چھوڑ کر اپنی ہمت ... عرض کنندگان :- محمد عثمان خاں سلہٹی نائب صدر مدرسہ عالیہ سید آباد۔

محمد تاج الاسلام کرلائی (صدر مدرس جامعہ یونسیہ برہمن باڑیہ چٹرہ)
سید محمد عبد الکریم سلہٹی متعلم دار العلوم دیوبند۔
محمد صفی اللہ کرلائی (صدر مدرس مدرسہ عالیہ یونسیہ سید آباد)
محمد عبد المنصور سلہٹی خطیب سلہٹ۔ محمد صدیق احمد چاٹگامی (فاضل دیوبند)
سخاوت الانبیاء سلہٹی (صدر انجمن تبلیغ سلہٹ)

جامع عثمانیہ میں عظیم الشان جلسہ

۱۹ مئی کو جامع عثمانیہ ریزیڈنسی مملکت آصفیہ میں بعد نماز جمعہ حضرت مولانا شاہ عبد الحامد صاحب قادری بدایونی ناظم جمعیۃ العلماء کانپور کی صدارت میں مسلمانوں کا جلسہ منعقد ہوا۔ امام صاحب جامع عثمانیہ نے جلسہ کی غرض و غایت بیان کی۔

حضرت مولانا شاہ عبد الحامد صاحب قادری بدایونی نے باوجود شدید علالت کے نہایت جامع اور مدلل تقریر فرمائی۔ اسلام اور حکومت کے عنوان پر اپنے بصیرت افروز خیالات کا اظہار کیا اور تفصیل کے ساتھ اعلیحضرت خسرو دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کی خصوصیات پر زور دیا اور فرمایا۔ بلاشبہ اعلیحضرت کا وجود گرامی اپنے صفات کی وجہ سے عالم اسلامی میں سب سے زیادہ ممتاز ہے مملکت آصفیہ تاجدار دکن کی خداداد قوتوں کے باعث ہر شعبہ میں نمایاں ترقی کر چکی ہے۔ میری دعا ہے کہ یہاں کی رعایا اعلیحضرت کے زیر سایہ وفاداری و اطاعت رہ کر زیادہ سے زیادہ عروج حاصل کرے اور مستقبل قریب میں ہم سب نگر برادر سکندرآباد کی دائمی کا زبردست عالمگیر خیر مقدم نمائیں۔ اعلیحضرت تاجدار دکن شہزادگان والاشان اور مملکت آصفیہ کے لئے مولانا نے نہایت ہی دردانگیز لہجہ میں دعا فرمائی۔ مولانائے موصوف کی طبیعت اس تقریر کے بعد اور زیادہ کمزور ہو گئی ہے۔
سید محمد سلیم بی۔ اے ترپ بازار حیدرآباد دکن۔

ڈسٹرکٹ احرار اسلام کانفرنس

السلام علیکم ڈسٹرکٹ احرار اسلام کانفرنس بتاریخ ۲۶-۲۷-۲۸ مئی ۱۹۳۳ء کو بمقام حسین آگاہی سرکلر ملتان شہر زیر صدارت حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی منعقد ہو رہی ہے جس میں علماء و زعماء احرار شرکت کے قطعی وعدے فرما چکے ہیں کانفرنس کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مسلمانوں سے شرکت کی استدعا کی جاتی ہے۔
قاضی احسان احمد امام شاہی جامع شجاع آباد صدر مجلس استقبالیہ

سفید بال جڑ سے کالا
ایک آنہ کا خضاب ... بال کالا ... بال کالا اسٹور ...

دعاوہ و دردول اٹھے کہ تاثیر اسکو کہتے ہیں
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اسکو کہتے ہیں
اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم
ہر گھر ہر شخص کے پاس سفر و حضر میں رہنا ضروری ہے ...
مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ
جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح ...
منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر!!

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلیماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

ضرورت ہے
قابل اور با رسوخ ایجنٹوں کی ... سگریٹ کی فروختگی کے لئے ہر شہر میں ضرورت ہے ...

آپ کی ہر مراد پوری ہو جائے گی!
... نیچر سائنٹفک بک ... گنپت روڈ۔ لاہور

بیکاروں کے لئے مژدہ
پرسنالٹی — تجارت
فینسی خوشنما نگین کٹ پیس کی گانٹھ صرف ۔/۵ روپے
حکیم اینڈ کمپنی ... کراچی

آہنی خراس (دہلی)

اردو زبان کا بہترین لغت
مصنفہ خواجہ عبد المجید بی۔ اے
جامع اللغات اردو سے اردو
یہی ہے جس کی تعریف تمام علمی دنیا کر رہی ہے ...
المشتہر خواجہ ... منیجر جامع اللغات کمپنی ... لاہور

یہ مختصر اور حیرت انگیز ...
... میزان ... کراچی

ترجمان القرآن جلد اول
مصنفہ حضرت مولانا ابوالکلام آزاد
خریداران ... کے لئے نصف قیمت میں
منیجر ترجمان القرآن ... اسٹور ... کلکتہ

SHARBAT ROOHAFZA
شربت روح افزا
(رجسٹرڈ)
موسم گرما میں ... شکایت کیلئے
اکسیر ہے تمام ہندوستان میں
اپنے خواص کیوجہ سے مشہور
ہو چکا ہے ...
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

منیجر دی فٹ کوٹ کمپنی ہول سیل کٹ پیس مرچنٹس ... کراچی

ریاست گوالیار کے حکام اور مظلوم مسلمان
مساجد کی تعمیر روکنے کا خوفناک اقدام

مہاراجہ صاحب اور ارکان کونسل کی توجہ کے قابل

اخبار ... ایک صاحب ہندو کے مضامین کا جواب

ہم سے پہلے ... نہ کریں کیونکہ ضمیر کی آواز انسان کی تمام ... آخر ہمارا ... مظلوم ... حکام ریاست کو چاہیے کہ وہ ہم کو دیانت داری کے ساتھ سمجھا دیں اور ہماری غلط فہمیوں کو رفع کریں مگر حقیقت یہ ہے کہ اب تک اخبارات کے صفحات پر جو واقعات آ چکے ہیں وہ ان کا عشر عشیر بھی نہیں جو ریاست اوجین میں رونما ہو چکے ہیں اور وہ حقائق ایسے ہیں کہ جن کی تکذیب کسی حال میں بھی نہیں ہو سکتی۔

جب مسلمانان اوجین میں مذہبی بیداری کے آثار نمایاں ہوئے تو مسلمانوں میں نماز کی طرف ... رغبت ہوئی اور مساجد نمازیوں سے بھر پور نظر آنے لگیں۔ نمازیوں کی کثرت کے باعث مساجد کی تعمیر و مرمت کا کام بھی شروع کر دیا گیا مسجد ... اس کی تعمیر بھی شروع ہوئی ... اسی طرح قاضی شہر کی مسجد کا کام بھی شروع کر دیا گیا کیونکہ وہ بہت زیادہ بوسیدہ ہو گئی تھی۔

تعمیرات سے پہلے اوجین کی فضا کو مسلمانوں کے خلاف کیا گیا عیدگاہ کا منبر شہید کیا گیا اس کے قریب ایک مزار منہدم کیا گیا اور مہر بارہ کلمہ شریف کی توہین کی گئی۔ اس کے بعد ... ایک گنبد کو منہدم کر دیا گیا ... اس نئے آئین و قانون کے ماتحت احتجاجی جلسے کئے گئے اور ارکان بلدیہ سے درخواست کی گئی کہ وہ ... حکام کے دست ظلم سے مسلمانوں کو ... ریاست کے حکام کا ... اور اللہ ... مسلمان ... عدالت ... مہاراجہ صاحب ...

مظفر پور میں اعلاء کلمۃ الحق کا پرجوش مظاہرہ
علماء کرام کا ورود

انجمن تائید الاسلام عرصہ دراز سے مسلمانان مظفر پور کی دینی ضروریات کو برقرار رکھنے اور تعلیم اسلامی کے پھیلانے میں برابر سرگرم عمل رہی ہے تقریباً ہر سال اہتمام کیا جاتا ہے علماء کرام کو بلا کر وعظ اور مقامی ... مدرسہ جامع العلوم کے مواعظ حسنہ سے مسلمانوں کو شمع ہدایت دکھاتی رہی ہے۔ اخبار بین حضرات سے پوشیدہ نہ ہو گا کہ پنڈت ذوالفقار علی صاحب جو مرتد ہو کر آریہ ہو گئے تھے دوبارہ اسلام لانے کے بعد ہی مبلغ بن کر دارالمظفر پور میں اور تبلیغی تشکیل میں گمراہیاں پھیلا رہے ہیں اس کا نمونہ ان کی تقریریں بالخصوص کتاب تفسیر القرآن پارہ الم و مقدس اسلام وغیرہ ہیں جن میں سراسر غلط ترجمہ و تفسیر ... مسائل دینیہ ... مظلوم ... ان گمراہ کن کتابوں کی اشاعت بند کرنے پر رضامند نہیں ہوئے اور برابر اس کو اپنے رزق کی کھیتی بنائے رہے۔ اس پر انجمن نے مجبور ہو کر سلسلہ شہر کے ہر محلوں میں پے در پے جلسے کرنے شروع کئے اور کتب ہائے مذکورہ کی غلطیاں قرآن و حدیث کی روشنی میں مقامی علماء کرام نے دکھلا کر عام مسلمانوں کی ہدایت فرمائی۔ اور چند ماہ سے جو ضلالت پھیل رہی تھی اس کا کامل تنقیہ کیا۔ پھر بتاریخ ۲۹ ، ۳۰ اپریل ۱۹۳۳ء کو ایک شاندار اجلاس انجمن کی جانب سے منعقد کیا گیا جلسے کے صدر حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت تھے حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی حضرت مولانا عبد الوہاب صاحب مہتمم مدرسہ ... و دیگر اکابر علماء کرام نے شرکت فرمائی تھی۔ ... علماء کرام نے کتب ہائے مذکورہ کے مضامین دیکھ کر کامل طور پر تردید کرکے صحیح اور سچے مسائل قرآن و حدیث کے بتلائے بالخصوص ۳۰ اپریل کے صبح کے اجلاس میں جناب مولوی ابو محمود صاحب وکیل نے چند سوالات کئے کہ اگر کوئی مسلمان خدا کے ساتھ روح و مادہ کو بھی ابدی تسلیم کرے جیسا کہ پنڈت جی موصوف مقدس اسلام صفحہ ۵۶ میں لکھتے ہیں تو ایسے مسلمان کے ...

تقریر جلسہ سے بالا تر ترتیب طرز تھا۔ مولانا عبد الوہاب صاحب نے بھی ایک بسیط تقریر ... مولوی محمد اختر صاحب وکیل نے بھی تقریر کی ... کتب ہائے مذکورہ کو مسلمانوں کے لئے ضرر رساں بتلایا۔ آخر میں ذیل کی تحریک ... صاحب وکیل نے پیش کی جو بلا اختلاف پاس ہوئی۔

مسلمانان مظفر پور کا یہ جلسہ عام تفسیر القرآن و مقدس اسلام و فلسفۂ اسلام و انسان کا ابتدائی مذہب کو نہایت نفرت کی نظر سے دیکھتا ہے کیونکہ اس میں خلاف ... و گمراہی باتیں مندرج ہیں جو اسلامی عقائد کے سراسر خلاف ہیں۔ اور مسلمانوں سے درخواست کرتا ہے کہ وہ ان کتابوں کو نہ خریدیں۔ اور نہ پڑھیں اور مصنف سے استدعا کرتا ہے کہ وہ اس کتاب کی اشاعت بند کر دیں۔
(ڈاکٹر) محمد منظور احمد انچارج سکریٹری انجمن تائید الاسلام مظفر پور

بھوپ اندرا طبیہ کالج پٹیالہ میں جلسہ تعزیت

بتاریخ ۴ مئی ۱۹۳۳ء بھوپ اندرا طبیہ کالج میں اراکین بزم طبیہ کی جانب سے شہر پٹیالہ کے شریف اور معزز انسان بابو ساون رام بی اے پنشنر انسپکٹر مدارس کی وفات پر اظہار تعزیت کے لئے ایک جلسہ زیر صدارت جناب دیوالی رام بی اے سابق ڈپٹی سرشتہ تعلیم منعقد ہوا جس میں جناب حکیم محمد اصغر صاحب شہید شیروانی وائس پرنسپل نے بابو ساون رام صاحب کے اوصاف حمیدہ اور بھوپ اندرا طبیہ کالج سے تعلقات بیان کرنے کے بعد رنج و افسوس کا ریزولیوشن پیش کیا۔ جو کھڑے ہو کر پاس کیا گیا اور مرحوم کے لئے دعا مانگی گئی۔ دوسرے ریزولیوشن میں ان کے پسماندگان بالخصوص بابو پریمانند صاحب ایم۔ اے کے ساتھ ہمدردی کی تجویز پاس کی گئی۔ جناب شفاء الملک حکیم ولی حسن خاں صاحب نے مرحوم کے متعلق درد انگیز تقریر کی۔ اور بعد شکریہ حاضرین جلسہ برخاست ہوا۔

بھوپ اندرا طبیہ کالج کا سالانہ اجلاس
دیسی ادویات آلات و کتب کی نمائش

بتاریخ ۱۴ مئی زیر صدارت جناب دیوان بہادر سردار نیداسی ... گورنمنٹ پٹیالہ ... ہوگا۔ جلسے کے ساتھ دیسی ادویات ... صاحبان ... کا جلسہ ...

امریکہ نے برطانوی اسکیم کو منظور کرلیا

جنیوا ۱ مئی مسٹر نارمن ڈیوس نے تخفیف اسلحہ جات کی جنرل کمیشن میں تقریر کرتے ہوئے ایک اہم تقریر کے دوران میں فرمایا کہ امریکہ تخفیف اسلحہ جات کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے اس حد تک جانے کو تیار ہے جہاں تک جنگی ممالک جائیں گے۔

مسٹر نارمن نے مزید فرمایا۔ امریکہ تخفیف اسلحہ جات کے متعلق برطانوی تجویز کا خیر مقدم کرتا ہے۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ تخفیف اسلحہ جات کا مقصد اسلحہ جات میں تدریجی تخفیف کرنا ہے کہ ہر ملک میں اندرونی امن و امان کے قیام کے لئے صرف پولیس ہی رہ جائے۔ ہم دیگر قوموں کے ساتھ مل کر اپنے اسلحہ جات میں تخفیف کرنے کے لئے دیگر ممالک کے ساتھ تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں۔

مسٹر ڈیوس نے مزید فرمایا "ہمیں بین الاقوامی تنازعات کا فیصلہ کرنے کے لئے جنگ و جدال کی بجائے باہمی گفت و شنید کا طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔ ہم کسی ملک میں امن و امان کے قیام اور غیر ملکی حملوں کا مقابلہ کرنے کے لئے مدافعت پیش کرنے کی ضرورت کو محسوس کرتے ہیں اور اس ملک کے جائز مطالبات کی حمایت کرنے کے لئے تیار ہیں۔"

جرمن چانسلر ہر ہٹلر کی تقریر کافی امید افزا تھی اور امید ہے کہ تخفیف اسلحہ جات کانفرنس میں کوئی متفقہ مفاہمت ہو گی۔

سہارنپور میں مسلمانوں کا اجتماع

آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد سہارنپور میں مسلمانان سہارنپور کا ایک عام جلسہ بصدارت جناب محترم مولانا مولوی عبد القیوم صاحب مہتمم مدرسہ عربی جدید مظاہر العلوم سہارنپور منعقد ہوا جس میں جناب مولانا مولوی محمد حسن صاحب سیکرٹری نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت پر بصیرت افروز تقریر فرمائی فاضل مقرر نے اپنے بیان میں ثابت کیا کہ جب تک مسلمان قربانی کے لئے تیار نہ ہوں گے اس وقت تک ان کو کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔

مولانا کی تقریر چار بجے کے بعد تک رہی جس کا مجمع پر بہت گہرا اثر ہوا باوجودیکہ چار بج چکے تھے مگر پھر بھی سامعین کی درخواست پر ... جلسہ برخاست ہوا۔
احمد علی سہارنپور

اخبار الجمعیۃ
کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

REGISTERED "NAMAK JALINOOS" No. 624
نمک جالینوس
(رجسٹرڈ)
... ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

دو دلوں میں ... دواخانہ کی طرف! کیوں کس لئے
... ویدک سائنٹری جام نگر کاٹھیاواڑ

چند کتب اور اوجود برائے فروخت
... چیلان دہلی

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے
... چیلان دہلی

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دینا ... تجارت کو فروغ دینا ہے

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے
... ایک ضروری گذارش
منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۱۲۳ کوچہ چیلان دہلی

طلا مردی یعنی تحفہ عظیم
... نیو ٹریڈنگ کمپنی ... اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

انگلیز ہوٹل سسٹم ...

دوسری شادی
... نیو ٹریڈنگ کمپنی ... اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

روزنامہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
بلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۷ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۷ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق یکم جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۸

معاصرین کے افکار و آراء

صدر امریکہ کا پیغام امن (سرفراز)

مسٹر روزولٹ پریسیڈنٹ امریکہ نے دنیا کی تمام جمہورا اقوام اور سلطنتوں کو جو پیغام امن دیا ہے اس کا سب سے زیادہ قابل لحاظ فقرہ یہ ہے کہ اقوام اور سلطنتیں اپنی حدود سے مسلح طاقت کو باہر بھیجنے سے پرہیز کریں جس کا مطلب ...

گاندھی جی کا برت (اہلحدیث)

گاندھی جی نے جب اپنے برت رکھنے کا اعلان کیا تھا تو عوام میں بہت چہ میگوئیاں ہو رہی تھیں۔ ان کے ہمدرد خاص طور پر مشورہ دیتے تھے کہ آپ ایسا نہ کریں ...

ہندو مسلم مفاہمت (اجمل)

ہندوستان کی یہ انتہائی بدنصیبی ہے کہ اس کے باشندے اور خاص کر ملک کے رہنما باوجود اس ضرورت کے تسلیم کرنے کے کہ ملک کی سب سے اہم اور سب سے مقدم ضرورت ملک کی مختلف اقوام کا باہمی اتحاد ہے ...

تعلیم اور سلمان (حمایت اسلام)

ریاست الور اور گورنمنٹ (الجمیعۃ)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

وادی لکتہ میں ہاشمی تلواروں کی جھنکار

امیر طارق کا مجاہدانہ خطبہ اور اسپین کی فتح

تلوار کوہ پر شاہ اسپین کا دلگداز نوحہ

گزشتہ الجمعیۃ میں قارئین کرام اندلس پر مسلمانوں کے حملہ کی داستان پڑھ چکے ہیں آج اس معرکہ کا حال ملاحظہ فرمائیے جس میں شاہ اسپین راڈرک بنفس نفیس ۹۰ ہزار فوج کے ساتھ شریک تھا اور مسلمانوں نے صرف ۱۲ ہزار شجاعان عرب کے ساتھ ان کا مقابلہ کیا اور کامیاب ہوئے۔

یہ فیصلہ کن جنگ وادی لکتہ میں برپا ہوئی۔ اس جنگ میں بہادر جرنیل طارق اور ان کے ساتھیوں نے اپنی بہادری اور شجاعت کے جو جوہر دکھائے ...

شاہ اسپین کی بے کسی

طارق کا جنگی خطبہ

اسپین کے آخری تاجدار کا نوحہ

(باقی آئندہ)

پورا اسلامی کتب خانہ کی برابر
ایک زبردست اسلامی انسائیکلوپیڈیا

جو ساٹھ اسلامی ضخیم کتابوں کی روح ہے اور جس میں دس ہزار سے زائد دینی اور دنیاوی مسائل ہیں

جس میں ایک دنیادار اور ایک دیندار کی دنیاوی اور دینی ضروریات کی کوئی ایسی معلومات نہیں جو موجود نہ ہو یہ کتاب پورے اسلامی کتبخانہ کی برابر ہے۔ ہر اس شخص کے لئے جو دیندار ہے اور ہر اس مسلمان کے لئے جو دنیادار ہے اور ہر اس شخص کے لئے جو دینی اور دنیاوی ترقی چاہتا ہے۔

فلاح دین و دنیا

کتابت و طباعت لاجواب	مختصر فہرست مضامین فلاح دین و دنیا	کاغذ اعلیٰ تقطیع بڑی کتابی

نئی روشنی کے مسلمان مذہب سے ناواقف ہیں

آپ کا گھر اس کتاب سے ہرگز خالی نہیں رہنا چاہیئے

خواجہ بک ڈپو نمبر ۳۲ جامع مسجد دہلی

مصفی
طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلا خوف تردید دعوی کرتا ہے کہ صفائی خون کے لئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی، داد، پھنسیاں وغیرہ حتی کہ سوزاک، آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے نابود ہو جاتا ہے۔ اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۲۴ خوراک کی شیشی ۱۲ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال: ایک خوراک صبح اور ایک شام ٹھنڈے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

غریبوں کا خدا

یہی وہی ہے جو امیروں کا ہے جس طرح امیر مسلمانوں کے لئے خدا کی کتاب "قرآن مجید" کی تلاوت ضروری ہے اسی طرح غریبوں کے لئے بھی ضروری ہے لیکن غریب زیادہ ہونے کی وجہ سے قرآن مجید نہیں حاصل کر سکتے۔ اس لئے ان کی آسانی کے خیال سے ایسا قرآن مجید شائع کیا گیا ہے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

القمر

سالانہ قیمت ... ششماہی ...

ادارہ القمر حیدرآباد دکن ...

اشتہارات ہمارے دفتر کے پتہ سے طلب کیجئے

القمر ... حیدرآباد دکن

آسٹریلیا کے صحرا میں خانہ بدوش مسلمانوں کی آبادی

یورپ کی مشہور خواتین کا قبول اسلام اور مسلمانوں سے ازدواجی تعلقات

انگریز سیاحوں کے مشاہدات وتاثرات

(ترجمۂ خصوصی برائے الجمعیۃ)

کچھ دن ہوئے آسٹریلیا کے صحرا میں بعض انگریزوں کو سفر کرنے کا اتفاق ہوا تو انہوں نے وہاں مسلمانوں کی کافی آبادی دیکھی اور ان کے حالات کا مشاہدہ کیا۔ آسٹریلیا کے جس صحرا میں مسلمانوں کی آبادی ہے وہاں حمل ونقل کے لئے اب تک اونٹوں کو کام میں لایا جاتا ہے اور ان ہی اونٹوں کے ذریعہ مسلمان اپنی بسر اوقات کرتے ہیں۔ اس صحرا میں اونٹوں کے ذریعہ جو کام لیا جاتا ہے وہ اس وقت سے جاری ہے جبکہ ایک شخص نے اس سرزمین میں ایک نئے راستہ کا افتتاح کیا تھا۔ آسٹریلیا کا اندرونی حصہ بہت خشک ہے جہاں پانی اور روئیدگی کا نام ونشان تک نہیں ہے۔ میلوں چلے جایئے آپکو پانی کا ایک قطرہ بھی میسر ...

... حالات میں بہت مشہور ہیں۔ ایک سفید عورت تو بہت مشہور ہے جو ایک ایسے شخص کی لڑکی ہے جو متعدد جہازوں کا مالک ہے۔ اس عورت نے ہندوستان کا بھی سفر کیا تھا اور اسلامی عقائد پر مائل ہوگئی تھی۔ ایک زمانہ میں یہی عورت سابق شاہ امان اللہ خان کے بچوں کی نگراں تھی۔ اس کے بعد وہ آسٹریلیا چلی آئی اور باوجود خاندان کی انتہائی مخالفت کے اس نے اس صحرا کے ایک نوجوان شیخ سے شادی کرلی اور مسلمان ہوگئی۔ آخر ایک سال اپنے خاوند کے ساتھ اس نے مکہ کا حج بھی کیا۔

فرانس کی لیڈی کا قبول اسلام

...

آسٹریلیا کے صحرا میں جب یہ لوگ باہر آتے ہیں تو اپنی عورتوں کو بھی ساتھ ہی لے آتے ہیں۔ ان میں نوجوان مرد سفید عورتوں سے شادیاں کر لیتے ہیں بعض سفید عورتیں جنہوں نے صحرائی مسلمانوں سے شادیاں کیں اپنے معاشی ...

... ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جاتا ہے اور ایک ایک اونٹ ۶ سو پونڈ تک بوجھ اٹھا لیتا ہے۔

ترکی میں دیہاتی اصلاح کا نیا پروگرام

متحرک نمائش اور اخبار کے ذریعہ تعلیم کی اشاعت

ایک ترکی اخبار دیہات میں دیواروں پر چسپاں کیا جاتا ہے

(ترجمۂ خصوصی برائے الجمعیۃ)

ترکی میں دیہاتی آبادی اور مزارعین کو تعلیم دینے کیلئے ایک نیا قدم اٹھایا گیا ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے ایک نیا اخبار کو اسے ڈورمگزٹ سی جاری کیا گیا ہے۔ جو دیہات وقصبات میں دیواروں پر چسپاں کیا جاتا ہے تاکہ خواندہ اشخاص اس کو پڑھ کر ناخواندہ لوگوں کو سنا سکیں اور تمام لوگ بھی اس کو دیکھ سکیں۔ یہ اخبار قسطنطنیہ کی ایک بڑی انجمن "پیپل کلب" کی طرف سے شائع کیا جاتا ہے جو کمال پاشا کے لیڈروں کی ہدایت کے مطابق مضامین شائع کرتا ہے۔ اس کلب کی شاخ "شعبۂ دیہات" اس کی ایڈیٹری کے فرائض انجام دیتی ہے۔

یہ اخبار باہوا ہے جو انگورہ کی نیشنل اسمبلی کی یادگار میں ۲۳ اپریل کو جاری کیا گیا ہے۔ اخبار کا سائز بڑا ہے اور نہایت صاف سرخ اور سیاہ رنگوں میں طبع ہوتا ہے۔ اخبار کے بائیں طرف مصطفےٰ کمال پاشا کی تصویر ہے جس کے نیچے یہ عبارت لکھی ہوئی ہے "ملک کا تعلق کاشتکاروں سے ہے"۔ اخبار کے دائیں طرف ایک سکہ کا نشان ہے جو ابھی تک جاری نہیں ہوا ہے۔ اس سکہ کے نیچے یہ عبارت ہے "خراب مال بہت تھوڑا نفع دیتا ہے"۔

مختصر خبروں کا انتظام

...

... میں مضمون اس طرح ہوتا کہ طلب اس کی مشکلات میں معاونت کرے۔ اخبار میں بچوں کی صحت اور زراعت کے لئے بھی ایک جگہ مخصوص ہے۔ اخبار میں انگورہ کی نیشنل اسمبلی کا فوٹو بھی شامل ہے جس کی طرف مصطفےٰ کمال پاشا فوجی رفتار کے ساتھ جارہے ہیں (اب یہ اسمبلی پیپل کلب کا مرکز ہے) اخبار میں دیہاتیوں سے سفارش کی گئی ہے کہ وہ ہوائی قوت سے اغماض نہ کریں اور اس لئے وہ سرکاری لاٹریاں خریدیں اور اللہ کی مدد سے امیر ہوجائیں۔ اس اخبار کی کاپیاں صوبہ قسطنطنیہ کے تمام دیہات میں دیواروں پر چسپاں کی جاتی ہیں۔

متحرک نمائش کے ذریعہ تعلیم

اس اخبار کی اشاعت کے ساتھ ترکی میں ایک اور طریقہ تعلیم جاری کیا گیا ہے جو اپنے اختیار سے نتیجہ خیز ثابت ہوگا۔ یہ طریقہ تعلیمی نمائش کا ہے جو انگورہ سے بحیرہ روم تک بذریعہ موٹر اختیار کیا گیا ہے۔ موٹر میں تین درجے ہیں پہلے درجہ میں ایسی تصاویر رکھی گئی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے ترکی جمہوریت نے تھوڑے عرصہ کے اندر مختلف شعبوں میں بالخصوص زراعت، صنعت وحرفت اور درسگاہوں کی تعمیر میں کس قدر حیرت انگیز ترقی کی ہے۔ دوسرے درجہ میں نقصان صحت کے متعلق تصاویر اور آلات ہیں۔ تیسرے درجہ میں مصطفےٰ کمال پاشا کی زندگی کے مختلف نوٹو اور ان کی تقریروں کے اقتباسات ہیں جس وقت یہ موٹر پہلی بار روانہ ہوئی تو پہلے ہی قیام میں تقریباً تین سو آدمیوں نے اس نمائش سے تعلیم حاصل کی۔

چالیس ہزار دیہات میں تعلیم

گزشتہ دس سال سے حکومت انگورہ درسگاہوں اور کالجوں کی تعمیر وترقی میں مشغول ہے۔ مگر اس کے باوجود ۴۰۰۰۰ دیہات میں سے صرف ۴۰۰۰ دیہات ...

...

مسودۂ قانون رہنمایان زائرین حجاز

معلمین وغیرہ پر لائسنس کی پابندی اور خلاف ورزی کا جرم

تین ماہ قید اور جرمانہ

(ترجمۂ خصوصی برائے الجمعیۃ)

ذیل میں ہم حجاج کے متعلق اس آخری مسودۂ قانون کا مکمل ترجمہ درج کرتے ہیں جو سلیکٹ کمیٹی کی ترمیم کے بعد اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں بمقام شملہ پیش ہونے والا ہے اور جس کا ایک نسخہ ہمیں بھی بغرض اشاعت وتنقید موصول ہوا ہے۔ ہم نے اس مسودۂ قانون کے ترجمہ میں یہ التزام رکھا ہے کہ جہاں کہیں ترمیم ہوگئی ہے وہاں ترمیم کے بعد جو الفاظ داخل کئے گئے ہیں ان کے ساتھ ساتھ ہم نے اصل مسودہ کے الفاظ بھی نقل کردیئے ہیں تاکہ سلیکٹ کمیٹی کی ترمیمات کا اصل مسودہ سے موازنہ کیا جاسکے اور یہ معلوم ہوسکے کہ اس مسودہ قانون میں کیا ترمیم ہوئی ہے اور وہ کہاں تک مفید یا مضر ہے۔ اور اس سے قانون کے اصول پر کوئی اثر پڑتا ہے یا نہیں۔ اصل مسودہ کے الفاظ خط کے اوپر ہیں اور ترمیم شدہ الفاظ خط کے نیچے ہیں۔ (اس طرح $\frac{\text{اصل مسودہ کے ابتدائی الفاظ}}{\text{ترمیم کے بعد موجودہ الفاظ}}$) جہاں کہیں صرف اضافہ کیا گیا ہے وہاں اس کے مقابلہ میں اصل مسودہ کی جگہ خالی چھوڑ دی گئی ہے۔ اور $\frac{\times\ \times\ \times\ \times\ \times}{\text{ترمیم کے بعد موجودہ الفاظ}}$ نشانات بنادیئے گئے ہیں اور علیٰ ہذا القیاس جہاں پہلے الفاظ کو محض خارج کیا گیا ہے اور ان کی جگہ نئے الفاظ داخل نہیں کئے گئے وہاں ترمیم الفاظ کی جگہ خالی چھوڑ دی گئی اور $\frac{\text{اصل مسودہ کے ابتدائی الفاظ}}{\times\ \times\ \times\ \times\ \times}$ نشانات بنادیئے گئے ہیں۔

...

عنوان وسعت اور آغاز

تعریفات

لائسنس دینے والوں کا تقرر

مقامی حکومتوں کے اختیارات

لائسنس کے بغیر کام کرنے کی سزا

منسوخ و استثنا

نیت کے متعلق قرینہ

خلاف ورزی شرائط کی سزا

معطل کرنے کا اختیار

تنسیخ لائسنس کا اختیار

لائسنس کی مقامی حدود

گورنر جنرل باجلاس کونسل کے اختیارات

اختیارات سماعت

...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۷ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ ہجری

موت العالم موت العالم

امام العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کا وصال

آج نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام عالم اسلامی میں صف ماتم بچھی ہوگی کہ دنیا کے سب سے بڑے محدث ومفسر نے جن کے علم وفضل کو دیکھ کر علمائے متقدمین اور ائمۂ صالحین کی یاد تازہ ہوتی تھی اور جن کی زندگی علوم ومعارف کا ایک بہتا ہوا دریا تھی جس سے ہزاروں لاکھوں انسان مستفید ہوچکے تھے اور ہو رہے تھے اور جن کے زہد وتقویٰ میں قرون اولیٰ کی شان نظر آتی تھی دنیائے اسلام کو انتہائی رنج واندوہ میں چھوڑ کر سفر آخرت اختیار کیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

۲۹ مئی کو تقریباً ایک بجے دوپہر کے وقت مولوی محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند کا یہ تار خرمن ہوش وحواس پر بجلی بنکر گرا کہ گزشتہ شب حضرت علامۂ زماں امام دوراں، فقیہ کامل، مفسر جلیل محدث لاثانی، مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری کا وصال ہوگیا۔ اگرچہ علامہ مرحوم کی علالت کے متعلق ایک عرصہ سے متوحش خبریں موصول ہورہی تھیں مگر ہم اس انتہائی خبر کو سننے کیلئے ہرگز تیار نہ تھے جو اچانک ودفعتہ ہمارے سامنے آگئی اور جس نے تمام عملۂ الجمعیۃ کو حزن وملال کے سمندر میں غرق کردیا۔

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی اسقدر جامع واکمل تھی کہ اخبارات کی گنجائش تو کجا ایک کتب خانہ بھی ان صفات کا مشکل سے احاطہ کرسکتا ہے جو قدرت نے اس ذات میں ودیعت کی تھیں۔ تبحر علمی کا یہ عالم تھا کہ جب بڑے بڑے جید علماء ان کے سامنے بیٹھکر کسی علمی مسئلہ پر گفتگو کرتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ گویا سمندر کے کنارے بیٹھے ہوئے اپنی پیاس بجھا رہے ہیں، حافظہ کی یہ کیفیت تھی کہ بیشمار کتابوں کے حوالے بلاتکلف دیتے چلے جاتے تھے۔ احادیث کا تمام ذخیرہ اور انکی صحت وعدم صحت کے متعلق طویل بحثیں، اور رواۃ کے مدارج ومراتب اسطرح محفوظ تھے کہ طلبائے حدیث انکی خدمت میں حاضر ہو کر ایک مکمل لائبریری کا کام لیتے اور ان سوالات کا جواب معلوم کرتے جنکی تحقیق وجستجو اور ریسرچ کیلئے ایک پوری عمر درکار ہوتی ہے، پھر ہر جواب میں اسقدر جامعیت ہوتی تھی کہ اس موضوع پر کسی کتاب کو خواہ وہ مطبوعہ ہو یا قلمی دیکھنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی تھی۔

مرحوم کا یہ تبحر اور یہ حافظہ صرف علم حدیث تک ہی محدود نہ تھا بلکہ جملہ علوم عقلیہ ونقلیہ میں مرحوم کو یہی کمال حاصل تھا کسی فن کی کوئی کتاب ملی اور شروع سے آخر تک ایک بار اس کا مطالعہ کرلیا۔ اور جب کبھی سالہا سال کے بعد اس فن کے متعلق کوئی بحث چھڑی تو اس کتاب کے مندرجات کو اسطرح حوالوں کیساتھ بیان فرماتے کہ سننے والا ششدر وحیران رہ جاتا۔ مشہور ومعروف کتب خانوں کے اکثر مخطوطات نظر سے گزر چکے تھے اور اسطرح محفوظ تھے کہ گویا آج دیکھ رہے ہیں۔ علوم دینیہ میں اس وسیع مطالعہ کے ساتھ ساتھ نظر نہایت گہری تھی مشکل سے مشکل نکات کو مختصر سے مختصر الفاظ میں بیان کردیتے تھے اور سننے والے کی تشفی ہوجاتی تھی۔

مرحوم سیاسیات میں ہمیشہ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک کی پیروی فرماتے رہے۔ موجودہ حکومت کے سخت ترین مخالف تھے اور مسلمانان ہند میں صحیح اسلامی زندگی پیدا کرنا ہی علماء کا فرض اولین سمجھتے تھے جب کہ جمعیۃ علمائے ہند قائم ہوئی اسکی مجلس عاملہ کے رکن رکین تھے اور تمام ملکی تحریکات میں اس جماعت کیساتھ اپنی آواز بلند کرتے تھے جو آزادی ہند کے مطالبہ میں سب سے آگے ہوتی تھی ۱۹۲۷ء میں جمعیۃ علمائے ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور کی صدارت فرمائی اور سیاسیات حاضرہ پر ایک مستند وجامع ومانع خطبہ ارشاد فرمایا کہ سننے والے متحیر رہ گئے ۱۹۳۰ء میں جب سول نافرمانی کا آغاز نمک قانون کی خلاف ورزی کا تذکرہ آیا تو حضرت مرحوم نے سنتے ہی فرمایا کہ ہمارے لئے کوئی نئی بات نہیں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم تو پہلے ہی سے موجود ہے۔ اور اس حدیث کا حوالہ دیا جسمیں ہوا، پانی اور نمک پر محصول لگانے کی ممانعت کی گئی ہے پھر فرمایا کہ مسلمان کوتاہی توکرتے ہیں کہ وہ اپنی تعلیمات پر عمل کریں تو یہ اسلام کا قصور نہیں ہے خود انہی کا قصور ہے۔ اسی طرح جب کوئی اہم مسئلہ پیش آتا مرحوم اسلام کی جامعیت کا ثبوت چند الفاظ میں دیدیتے ۱۹۳۱ء میں جب ہندوستان کی آزادی کے متعلق علماء وزعماء کا ایک متفقہ بیان شائع ہوا تو حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے دستخط اس پر سب سے پہلے موجود تھے۔

ہم پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ علم اور عمل دونوں کے اعتبار سے آج جو جگہ خالی ہوئی ہے اسکو پر کرنے والا نہ کہیں عرب میں موجود ہے اور نہ عجم میں۔ اس لئے اس سلسلہ اس حادثہ جانکاہ پر جتنا بھی ماتم کیا جائے کم ہے۔ ضرورت ہے کہ اسوقت ہمیں کوئی ہستی نظر نہیں آتی بلکہ ہم مستقبل میں بھی جہاں تک دیکھتے ہیں بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت امام العلماء شیخ الحدیث مولانا محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنی خصوصیات کے اعتبار سے اس سلسلہ کی آخری کڑی تھے جو موجودہ عہد کو قرون اولیٰ سے وابستہ کرتا تھا۔

شیت ایزدی کے سامنے انسان مجبور محض ہے ہم تو کیا آج تمام دنیا کے مسلمان ملکر بھی ان جیسا مسلمان پیدا کرنا چاہیں تو نہیں کرسکتے لہذا بارگاہ الٰہی میں دعا کرتے ہیں کہ حضرت مرحوم کی روح پاک کو اعلیٰ علیین میں جگہ ملے اور مرحوم کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین۔

ہندوستان کے کامل ترین عالم ربانی کی وفات

آہ۔ قدرت کے زبردست ہاتھ نے حضرت مولانا العلامۃ الفاضل الکامل اکمل العلماء افضل الفضلاء النحریر المقدام البحر الطمطام رحلۃ العصر قدوۃ الدہر استاذ الاساتذہ رئیس الجہابذہ محدث وحید مفسر فرید فقیہ یگانہ ماہر العلوم العقلیۃ والنقلیۃ مولانا المولوی السید محمد انور شاہ قدس سرہ کو آغوش رحمت میں کھینچ لیا اور ہم سے ظاہری طور پر ہمیشہ کیلئے جدا کردیا۔ دارالعلوم دیوبند کے مہتمم صاحب کے تار سے یہ روح فرسا خبر معلوم ہوئی جس نے دنیا کو آنکھوں کے سامنے خیرہ کردیا۔

حضرت شاہ صاحب کی وفات بلاشبہ وقت حاضر کے کامل ترین عالم ربانی کی وفات ہے جنکا نظیر مستقبل میں متوقع نہیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ طبقۂ علماء میں حضرت شاہ صاحب کا تبحر، کمال، فضل، ورع، تقویٰ، جامعیت، استغنا مسلّم تھا۔ اور مخالف وموافق ان کے سامنے تسلیم وانقیاد سے گردن جھکاتا تھا۔ حق تعالےٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں مقام اعلیٰ عطا فرمائے اور انکے صاحبزادے کو انکا صحیح جانشین کرے۔ آمین۔

فقیر محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

۳ صفر ۱۳۵۲ھ

مسلمانان دہلی کا عظیم الشان جلسہ

سانحۂ روح فرسا پر اظہار حزن وملال

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب (صدر جمعیۃ علماء ہند) کی جانب سے حسب ذیل اعلان دہلی میں شائع ہوا ہے:-

نہ صرف ہندوستان بلکہ زمانۂ حاضرہ میں تمام عالم اسلامی کے کامل ترین محدث، فقیہ، مفسر اور تمام علوم وفنون کے مسلّم ماہر اور علماء ربانیین کی جماعت کے امام حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری۔ سابق صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند وحال شیخ الحدیث جامعۂ اسلامیہ ڈابھیل (ضلع سورت) نے ۲ صفر ۱۳۵۲ھ کو دار فانی سے رحلت فرمائی۔ مرحوم کا وصال تمام عالم اسلامی کیلئے عظیم ترین صدمہ ہے مسلمان ایک قدسی صفات بزرگ کی برکات سے ظاہری طور پر محروم ہوگئے۔

اس سانحۂ روح فرسا پر اظہار حزن وملال اور متعلقین حضرت مرحوم کے ساتھ ہمدردی اور مرحوم کے واسطے دعائے مغفرت کے لئے مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ بتاریخ ۵ صفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۳۱ مئی ۱۹۳۳ء روز چہارشنبہ بعد نماز عشا جامع مسجد دہلی میں منعقد ہوگا۔ امید ہے کہ مسلمانان دہلی بکثرت اس ضروری جلسہ میں شریک ہوکر ثواب دارین حاصل کریں گے۔

بسلسلہ کالم ۴

الجواب

جھنڈا اٹھانا جو نکالا جاتا ہے شریعت میں اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے ...

...

حوادث واحکام

استفتاء

...

الجواب

...

استفتاء

...

الجواب

...

دہلی کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ

آل انڈیا مسلم لیگ کے دفتر میں تہذیب و شرافت کا خون

حاجی رشید احمد کی انتہائی شرمناک حرکات

پریس کی موجودگی میں صدر لیگ کیساتھ خلاف انسانیت سلوک

ملک برکت علی کا قانونی احتجاج

تہذیب و شائستگی کا نمونہ

تشدد کا استعمال

ملک برکت علی پر جو صدر کو مخاطب کرتے رہے انہوں نے صدر سے پھر فیصلہ طلب کیا
صدر اجلاس میں کھڑے ہوئے اور میز پر سے کاغذ تھا انہوں نے اپنے ہاتھ میں لیا ہی

آہ مولانا سید انور شاہ صاحب!!

عرب اور عجم میں پھیلے ہوئے ہیں۔ آپ نے باوجود ضعف و نقاہت اور فرائض تدریس کے تحریری کام بھی جاری رکھا چنانچہ عربی اور فارسی کی متعدد کتابیں اور احادیث کی شرح آپ نے تصنیف فرمائیں۔ آپکا اکثر بخونی بواسیر کا دورہ رہتا تھا اس لئے کم عمر ہونے کے باوجود آپ زیادہ مضمحل ہوتے تھے۔ غالباً اسی بیماری کے شدید حملہ سے آپ واصل بحق ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

گاندھی جی کے برت کا اختتام

"خدا پر میرا یقین اور زیادہ ہو گیا ہے"

گاندھی جی کا پیغام

پونہ ۲۹ مئی۔ آج گاندھی جی نے اکیس روز کے بعد اپنا برت کھولا برت کھولنے کا نظارہ روح افزا تھا۔ ٹھیک ۔۔۔ بجے چند لوگ گاندھی جی کے خاص چیمبر میں آ گئے۔ گاندھی جی سر سے پیر تک گدے میں لیٹے ہوئے تھے اور ان کے سر پر پٹی لپٹی ہوئی تھی۔ آپ نے اپنی آنکھیں بند کر رکھی تھیں ۔۔۔ گاندھی جی کو اٹھا کر بٹھلایا گیا۔

برت کھولنے سے پیشتر گاندھی جی نے مندرجہ ذیل پیغام اپنے پرائیویٹ سکرٹری مسٹر مہادیو ڈیسائی کی معرفت حاضرین کو دیا۔

"ایک یا دو منٹ میں میں اپنا برت کھول دونگا۔ میں نے یہ برت پرماتما کے حکم سے اور اس پر یقین رکھتے ہوئے شروع کیا تھا اور پرماتما کے حکم سے ہی اسے ختم کرتا ہوں۔"

وسعت کو فراموش نہیں کر سکونگا۔ انہوں نے مصیبت کے ایام میں میرے ساتھ اپنی انتہائی محبت کا ثبوت دیا ہے۔ میں ڈاکٹروں کی خدمات کا تذکرہ کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ میں ان کی تعریف ہی کر سکتا ہوں۔ پرماتما ہی ان کو ان کی ان خدمات کا صلہ دے سکتے ہیں۔

مجھے اس امر پر انتہائی خوشی ہے کہ آج ہریجن ہمارے ساتھ ہیں۔ میں یہ نہیں جانتا کہ اب پرماتما مجھ سے کیا کرانا چاہتے ہیں لیکن چاہے ان کا کچھ حکم ہو مجھے کامل امید ہے کہ وہ مجھے اپنے حکم کی تعمیل کرنے کی طاقت عنایت کریں گے۔

الور میں پھر فساد ہو گیا

سرکاری خزانہ لوٹ لیا گیا!

پولیس کی ناکامی کے بعد فوج کی روانگی

الور ۲۶ مئی۔ ہندوستان ٹائمز کے نامہ نگار کا بیان ہے کہ عمال ریاست کے سامنے اس وقت سب سے زیادہ مشکل صرف یہ ہے کہ وہ کس طرح ریاست کے اندر امن و امان قائم کریں۔

کل چند روز سے ایک اور ہنگامہ کی خبر آئی ہے جو الور سے دس میل کے فاصلہ پر واقع ہے کہتے ہیں کہ وہاں بہت سے میواتی جمع ہو گئے تھے اور سرکاری روپیہ جب کہ وہ خزانہ میں لایا جا رہا تھا۔ لوٹ لیا گیا۔

یہاں الور میں ایک عجیب و غریب واقعہ ہوا ہے جب کہ ایک شخص جو کہ میواتی بیان کیا جاتا ہے ایک دوکان سے دن دہاڑے کپڑے کا ایک ٹکڑا لے بھاگا تو لوگوں نے اسے پکڑ لیا۔

معلوم ہوا ہے "مہاجرین" دہلی سے الور واپس جا رہے ہیں۔

شاہ عراق کا سفر لندن

انگریزی عراقی معاہدہ میں ترمیم کرنیکی کوشش

باغیوں کا مشہور سردار گرفتار کر لیا گیا

برمی بغاوت کا کلی استیصال

حجاز اور برطانیہ کے مندوبین کا اجتماع

عقبہ اور معان کے مسئلہ پر گفت و شنید

جدہ ۲۰ مئی (رائٹر)۔ بعض تجارتی مراعات اور نیز عقبہ و معادن کے معاملات کے لئے جدہ میں انگریز نمائندوں ۔۔۔ کی سرپرستی کا کس بھی شریک تھے اور سلطان ابن سعود ۔۔۔ اور ان کے مشیروں کے مابین ایک کانفرنس ہوئی۔

مولوی محبوب عالم کا انتقال

اردو صحافت کا قدیم خادم چل بسا

لاہور ۲۹ مئی۔ مولوی محبوب عالم صاحب ۔۔۔ کے مرض میں مبتلا رہ کر انتقال کر گئے۔

سائیکل سواروں پر مصیبت

تین گھنٹہ میں پانچ سو گرفتاریاں

دہلی مارکٹ کا تازہ نرخ

تمام سیاسی قیدی رہا کئے جا سکینگے

دہلی میں روزانہ اموات میں اضافہ

بغداد کے اساتذہ اور طلباء کے اخلاق کی نگرانی

فحش مقامات اور ناچ گھروں میں داخلہ کی ممانعت

عراق کے محکمہ تعلیم کا مستحسن اقدام

بغداد کے ایک فلم "قسمت" کو بورڈ آف سنسر (محکمہ احتساب) نے بند کر دیا ہے کیونکہ اس میں نیم برہنہ تصاویر کی نمائش ہوتی تھی۔

دہلی کے سربرآوردہ علماء و عمائد کی مجلس مشاورت

تجویز التوائے حج کے خلاف مؤثر اقدام

ایک مقتدر کمیٹی کا انتخاب

حاجی بشیر الدین صاحب۔

پورے زور و قوت کے ساتھ احتجاج کیا جائے۔

تقریباً پونے نو بجے شب کو جلسہ حضرت صدر محترم کے شکریہ کے بعد ختم ہوا۔

(نامہ نگار)

معززین حیدرآباد کی اخلاقی اصلاح

خسرو دکن کا درد میں ڈوبا ہوا فرمان

والیان ریاست کیلئے اسوۂ حسنہ

حیدرآباد کے اعلیٰ اور معزز خاندانوں کی اولاد کی اصلاح کے لئے حال میں جو اعلیٰ حضرت آصفجاہ نے جو فرمان شائع کیا تھا اس کی نقل لفظ بلفظ حسب ذیل ہے:

ایک عرصے سے میں سن اور دیکھ رہا ہوں کہ حیدرآباد کے ذی وجاہت خاندانوں اور معزز طبقہ کی اولاد ۔۔۔ میں مشغول ہے جس کی وجہ سے ایک طرف ان کا کیرکٹر خراب ہو رہا ہے تو دوسری طرف اپنے اعمال ناشائستہ سے اپنے بزرگوں کے ننگ و ناموس کو دھبہ لگا رہے ہیں۔

پبلک کی اطلاع کے لئے جریدہ غیر معمولی میں شائع کر دیا جائے۔

حکومت ہند کی دورخی پالیسی

برطانیہ اور جاپان کا تجارتی معاہدہ

بمبئی کے تجارتی حلقوں میں اضطراب

بمبئی ۶ مئی۔ ٹوکیو سے ایک بحری پیام کے بعد جاپان اور انگلستان میں تجارت کے متعلق گفتگو ہو رہی ہے یہاں کے تجارتی حلقوں میں حکومت ہند کی اس خاموشی پر کہ ہندوستان کی صنعت کو بچانے کے لئے جاپان کے خلاف ایک قانون کے منظور ہو جانے کے باوجود کوئی قدم نہیں اٹھایا سخت پریشانی پیدا ہو گئی ہے۔

سوا ارب کا سونا ہندوستان سے باہر

ایک گھرانے کے تین افراد کی بیک وقت موت

مولانا سید طفیل احمد صاحب کو صدمۂ عظیم

مذہبی فرائض اور اسلامی شریعت کو ہر چیز پر مقدم رکھو

تھیٹر اور سینما جانے والے مسلمانوں کو زبردست انتباہ

اعلیٰ حضرت حضور نظام کا شریعت پرور اعلان

جنگ کی صورت میں انگلستان کی حفاظت

برطانیہ میں ڈکٹیٹری کا اعلان کر دیا جائیگا

جنگ کے مخالفوں کو بھوکا مار دیا جائے گا

قرآن شریف کے ایک نئے مفسر کا ظہور

چاپلوسی اور خوشامد کی حد ہو گئی

مسٹر غزنوی کا جوش وفاداری!!

منچوریہ کو چین کے ماتحت لانیکی سعی

جاپان کیخلاف چینی جنرل کا اعلان

نو آبادیات میں گولہ باری کرنے والے

ہوائی جہازوں کی ضرورت

برطانیہ جاپان کا مقابلہ کرنیسے عاجز ہے

وزیر ہند کی تقریر

کشمیر میں پھر ہنگامہ!

بنانے ہوئے دو بم پھٹ گئے

اخبار الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی و مذہبیت کا ثبوت بہم پہنچائیے۔

غدر ۱۸۵۷ء

چند شوریدہ سر فوجیوں کی سرکشی کا نتیجہ نہ تھا۔ بلکہ ہندوستانی محبان کے جذبہ حریت کا ایک زرین کارنامہ تھا۔ ہندوستانی بہادروں نے غیر ملکی استبدادی زنجیروں سے رہا ہونیکے لئے جو دیوانہ وار کوشش کی اس کی سرگذشت خود انگریزوں کی زبان سے بیگناہ ہندوستانیوں کی داستان مظلومی اجنبی حکومت کے مظالم نارو۔ الشیخ حسام الدین بی۔ اے۔ امرتسری کے قلم سے قیمت ۱۲ر

چہیتا بھائی

مرزا عظیم بیگ چغتائی مصنف شریر بیوی کے برادر معظم مرزا نعیم بیگ چغتائی کی شاہکار تصنیف آپ نے اپنے مخصوص طرز نگارش میں اپنے بچپن کے بعض واقعات اس خوش اسلوبی سے بیان کئے ہیں کہ باید و شاید۔ ممکن نہیں کہ کوئی شخص اس کتاب کو شروع کرکے ختم کئے بغیر اٹھ سکے۔ زبان ٹھیٹھ اردو ہر لفظ ہر فقرہ اور ہر لفظ۔ ہر فقرہ اور ہر جملہ آب کوثر سے دھلا ہوا۔ پھر سلاست اور شگفتگی سونے پر سہاگے کا کام دے رہی ہے حجم ۱۵۲ صفحات قیمت ۸ر

ہوائی قلعہ

آج سے چار ہزار برس پہلے کے واقعات ہم کس طرح اپنی آنکھوں سے وقوع پذیر ہوتے دیکھ سکتے ہیں جنگ مہابھارت۔ تصویروں پر نہیں الفاظ میں نہیں بلکہ اصلی حالت میں نظر آسکتی ہے مہاتما بدھ۔ مہاراج کرشن۔ کبیرداس۔ گورو گوبند سنگھ اپنے پاک مشن میں مشغول ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں اسے جوتش۔ رمل یا مسمریزم کی کتاب نہ سمجھئے۔ بلکہ ایک از حد دلچسپ علمی تصنیف ہے۔ قیمت ۸ر

چور اور گرہ کٹ ایم اسلم کی تازہ تصنیف۔ ایک نہایت دلچسپ قصہ بچوں کو ہنسانے والی کتاب قیمت ۳ر

اردو بک اسٹال بیرون لوہاری گیٹ لاہور

ابوالکلام لائبریری اتروَلی ضلع علیگڈھ

عالیجناب محمد موسیٰ خانصاحب رئیس دتاولی نے لائبریری کا معائنہ فرماکر اپنی مسرت کا اظہار کیا اور کارکنان کی ہمت افزائی فرمائی۔

حاجی صاحب نے ازراہِ عنایت اپنی تصانیف کا ایک مکمل سٹ بھی عطا فرمایا ہے، اس لئے ہم حاجی صاحب کے بیحد شکر گذار ہیں۔

حال ہی میں جناب خواجہ حسن نظامی صاحب نے بھی اپنی تصانیف کا ایک حصہ ارسال فرمایا ہے، ہم خواجہ صاحب سے درخواست کرتے ہیں کہ بقیہ تصانیف سے بھی جناب لائبریری کی اعانت فرمائیں گے۔ دیگر علم دوست اور مخیر حضرات سے بھی توقع ہے کہ وہ بھی جلد از جلد اس طرف توجہ فرمائیں گے، اگر تھوڑی تھوڑی امداد فرمائی گئی تو یقیناً قلیل عرصہ میں لائبریری ایک مستقل شکل اختیار کرلے گی جو قصبہ کے مسلمانوں کے خوشگوار مستقبل کی ضامن ہوگی۔

اسلامی جرائد سے امداد کی ہم اپیل کرتے ہوئے دکھ محسوس کرتے ہیں اس لئے کہ اسلامی جرائد کا جس اقتصادی مشکل سے مقابلہ ہو رہا ہے وہ عام اپیل کرنے سے مانع ہے، تاہم وہ ہمیں زیادہ سے زیادہ جس اعانت کا مستحق سمجھیں اس سے ازراہ کرم مطلع فرمائیں۔ ہم فی الحال عارضی امداد کے طالب ہیں مستقبل قریب میں انشاءاللہ ہم اسلامی جرائد سے کوئی اعانت طلب نہیں کرینگے بلکہ تمام موقر اسلامی جرائد کو اعانت پہونچانا ہمارا فرض ہوگا۔

(سید ضامن علی آنریری اسسٹنٹ لائبریری)

مغربی پنجاب میں ایک جدید اسلامی درسگاہ کا افتتاح

مورخہ ۱۰ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ کو محمدی میں حضرت مولانا سید غلام مرتضیٰ شاہ صاحب کے زیر صدارت جلسہ منعقد ہوا۔ تلاوت کلام اللہ و نعت خوانی کے بعد مولانا ذاکر سیالوی نے درود سنور میں ڈوبے ہوئے الفاظ سے محمدی میں تعلیمی و تبلیغی مرکز قائم کرنے کی غرض سے مدرسہ عربیہ اسلامیہ محمدی کے افتتاح پر مختصر تقریر کی۔ ...

نئی قسم کا بیمہ

...

مسٹر سوباش بوس جرمنی جاسکتے ہیں

لندن ۲۷ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ برطانی قنصل وائنا نے مسٹر سوباش بوس کو مطلع کیا ہے کہ بلیک فارسٹ میں علاج کرانے کے لئے ان کو جرمنی کا پاسپورٹ دیا جائے گا جس کی انہوں نے دفتر ہند سے درخواست کی تھی۔

اسلامیہ کالج پشاور میں دینیات سے افسوسناک بے اعتنائی

کارکنانِ کالج اور سرصاحبزادہ صاحب متوجہ ہوں

اخبار ... میں ایک مضمون "بعنوان اسلامیہ کالج پشاور کی امداد کی" شائع ہوا ہے جس میں کالج کو یونیورسٹی بنانے اور مختلف شعبہ جات کھولنے کے ارادے کو ظاہر کیا گیا ہے نیز عام امدادی اپیل کے علاوہ ایک وفد مرتب کرنے کی تجویز ہے ... یہ کتنا المناک اور صبر آزما منظر ہے کہ نام "اسلامیہ کالج" اور انتظامیہ کونسل کے ارکان مسلمان ... مسلمان لڑکوں کو ہر قسم کی تعلیم کی ضرورت ہے اگر ضرورت نہیں تو صرف مذہبی تعلیم کی۔ ...

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

جرمنی میں مجاہد اعظم سیدنا شیخ سنوسی کے وصال پر ماتم

مرحوم کی فوجی قابلیتوں کا تذکرہ۔ جرمنی جرنیلوں کی تقریریں

جرمنی کے خلاف یورپ میں ساز باز۔ فرانس اور جرمنی میں جنگ کی تیاریاں

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

اس ہفتہ برلن میں دو بہت بڑے کارنامے مسلمانوں کے ظہور میں آئے موتمر اسلامی کا جلسہ ہوا اور اس میں کوشش کی گئی کہ اس دفعہ ہجری کا معاملہ تمام مسلمانان برلن کے سامنے پیش کیا جائے اور جس طرح تمام قومیں نوروز یعنی نئے سال کا پہلا دن بڑی دھوم دھام سے مناتی ہیں اسی طرح برلن کے مسلمانوں کو بھی منانا چاہئے بہت سخت مباحثہ کے بعد موتمر اسلامی نے اس بات کا فیصلہ کیا کہ ایسا کیا جائے۔ ... موتمر اسلامی کی شاخ کی طرف سے دعوت نامے شائع کئے گئے اور شام کو مسجد میں جلسہ ہوا ...

جو کہ جنگ عظیم میں عرب اور ترکی میں برطانیہ اور فرانس کے خلاف جنگ کرتا رہا ہے شلیب پاشا نے نہایت ہی عمدہ تقریر کی اور بتایا کہ مجھے کو حد سے زیادہ حیرت اس وقت ہوئی تھی جب کہ میں یہ دیکھتا تھا کہ یہ شخص اپنے معمولی اور گھٹیا ہتھیاروں سے ان برطانیوں اور فرانسیسی تازہ ہتھیاروں سے مقابلہ کرتا تھا اور بعض اوقات ان باتوں کے فتح حاصل کرتا تھا۔ ... حاجی محمد نفی صاحب عقیلی العربی نے تقریر کی ...

جو آزاد نہیں وہ مسلمان نہیں

...

سنہ ہجری کے استعمال کی ضرورت

...

مجاہد اعظم شیخ سنوسی کی نماز غائب

...

برلن میں احمدیوں کا قافلہ

...

سید الاحرار کے سوانح حیات

...

جرمن جرنیلوں کی تقریریں

...

ہٹلر کی تقریر

...

جرمنی کی جنگی تیاریاں

...

فرانس اور جرمنی میں جنگ

...

جرمنی کی عام حالت

...

ہٹلر کے دور کا کام

...

بیکاروں کی امداد

...

مئی میں لاکھ مزدوروں کا اجتماع

...

بنگال میں عظیم الشان اسلامی جلسہ

...

خاکسار ابوسلمان قریشی
خادم جمعیۃ الطلباء صوبہ سرحد

سفید بال جڑ سے کالا

...

طلاء نامردی یعنی تحفہ عظیم

...

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

...

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

دوسری شادی

... سنیشی ایک اونس ۱۔۰۔۲ علاوہ محصول ڈاک۔

نیو ٹریڈنگ کمپنی ۲۳ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

مسلمانوں کی پبلک کمپنی جو امداد باہمی کا کاروبار کرتی ہے

سرمایہ۔ ایک لاکھ روپیہ جس میں ۳۰ ہزار کے حصص ریزرو اور باقی فروخت ہو رہے ہیں

THE PUNJAB MUSLIM CORPORATION LTD.

دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹڈ

ہیڈ آفس لائل پور پنجاب

شریعت اسلامیہ کے مطابق مضبوط بنیاد۔ اعلیٰ انتظام حصہ داروں و ممبروں کیلئے معقول منافع کی گارنٹی غریبوں کی حامی بیواؤں یتیموں و بیکسوں کی دستگیری کرنیوالی دی پنجاب مسلم کارپوریشن کا نام کبھی نہ بھولو۔ ہر جگہ مستقل ملازموں اور ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔

مینیجنگ ایجنٹس

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا نپٹ بہراپن کی (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہونچتی ہے۔ ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان بہنے اور طرح طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے **نپٹ بہراپن** چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے قیمت فی شیشی ایکروپیہ چار آنہ (عہ/)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں۔ دھوکہ دینے والوں۔ مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (دیوپی)

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیے

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے ...

چند کتب نادر الوجود برائے فروخت

...

MUFARRAH MUSHKIN

مفرح مشکین

...

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ممک گولیاں رجسٹرڈ

...

ایجنٹ اور سیلزمین کی ضرورت

...

SHARBAT ROOHAFZA

شربت روح افزا (رجسٹرڈ)

موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت کیلئے اکسیر ہے۔ تمام ہندوستان میں اپنے خواص کیوجہ سے مقبول ہو چکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ نواب اس کو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں فی بوتل ایک روپیہ آٹھ آنے

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
یداللہ علی الجماعۃ
سہ روزہ
الجمعیۃ دہلی
قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
فی پرچہ ایک آنہ
تاریخ اشاعت
معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: جلال احمد عنبری (بی اے)
جلد ۱۷ | دہلی یوم دوشنبہ ۱۱ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۵ جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۹

معاصرین کے افکار و آراء

سودیشی اور مسلمان (پیشوا)

بھائی پرمانند کی زہر افشانی (مساوات)

اللہ اور رسول پر بدترین تہمت (منصور)

مجلس اقوام کو جرمنی کا انتباہ (مدینہ)

لیگ کو نااہلوں سے بچاؤ (ملت)

(بقیہ صفحہ ۱۲ کالم ۴)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسپین کے اندرونی شہروں پر عربوں کا قبضہ

شہر پناہ پر مصنوعی داڑھی والی عورتوں کی فوج

گورنر افریقہ کا خط امیر المؤمنین حاکم دمشق کے نام

اسپین میں گورنر افریقہ کا داخلہ

عورتوں کی ایک عجیب فوج

عیسائی بادشاہ کی شکست

طارق کی فاتحانہ پیشقدمی

"کہئے سپاہی کہاں ہیں؟"

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

نقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص آنجہانی منور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرمایا ہے اس کے بیان کے یہ عبارت درج ہے۔

معجون مددگار غدود ہے

ایک ضروری گذارش

ملنے کا پتہ: منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

ضرورت ہے

قابل و ہوشیار سوخ ایجنٹوں کی لال بی بی سگریٹ کی فروختگی کے لئے ہر شہر میں ضرورت ہے۔ تجربہ کار اشخاص کو صرف درخواستیں کرنی چاہئیں کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ درخواستیں بنام دی منیجر ہندو انڈیا ٹوبیکو کارپوریشن ۹۳ برانڈرتھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

ہندوستانی ایجاد اور دنیا کو چیلنج

دی لوئل پرنس اینڈ سن جنرل آرڈر سپلائرز کنٹریکٹرز انویٹرز اینڈ مینوفیکچرز دھونگر اوجین

آہنی خراس (بیل کی)
آہنی رہٹ
آبپاشی کا بہترین کم خرچ اور کارآمد ذریعہ
فہرست مفت طلب کیجئے۔
پتہ: ... انجنیئرز بٹالہ (پنجاب)

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

دہلی کا آئینہ دیکھئے

اردو کا وہ بلند پایہ علمی ادبی باتصویر رسالہ جس نے دنیائے صحافت میں ہل چل ڈالدی ہے

ایڈیٹر سید ابن الحسن فکر ایم اے

آئینہ کی خریداری آپ کیلئے بھی باعث مسرت ہوگی تاخیر نہ فرمایئے

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلیماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

دنیا کی سب سے آخری اور حیرت انگیز ایجاد

نلیگن کیپسولز برائے سوزاک نیا یا پرانا

ملنے کا پتہ: اے آر کپور اینڈ کمپنی پوسٹ بکس ۱۶۱ لاہور (دھنی رام روڈ) انار کلی

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جنت اور دوزخ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

قرابادین مفید عام

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۱۱ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ ہجری

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب

علماء امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۵)

اس سلسلہ کے گزشتہ آٹھ نمبروں میں "سیرت محمد علی" کے اس باب پر کسی قدر تفصیل کے ساتھ بحث کی جا چکی ہے جو علماء کانفرنس کانپور کے انعقاد سے تعلق رکھتا ہے اور اس میں علماء کرام کے متعلق جو غلط تاریخی نظریے قائم کئے گئے ہیں اور ناکافی وگمراہ کن معلومات کی بنا پر جو بیانات ضبط تحریر میں لائے گئے ہیں ...

تھا کہ مولانا محمد علی کو اس سالانہ اجلاس کا صدر منتخب کیا جائے قانون کے اندر ... اور اس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہ تھی اس ... جمعیۃ کی نسبت بڑی اکثریت نے عذر کیا اور مولانا محمد علی مرحوم کے بجائے مولانا معین الدین صاحب اجمیری کو صدر اجلاس منتخب کر لیا ...

...

حوادث واحکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) موضع ... کی پرانی مسجد میں مولوی ... امامت کرتے ہیں ... امام صاحب مذکور نماز مغرب وعشاء وفجر میں قرآن پاک کی قرأت ...

...

جمعیۃ کو ... ساتھ اعلان کر دیا کہ صدر کی جگہ خالی ہے ... دستور کے اعتبار سے جب تک مسلم لیگ کا صدر مستعفی نہ ہو ... انتخاب پر اس کی جگہ نیا آنا ... ہو جائے لیگ کا صدر ہی رہے گا ... اس کی توہین کر کے اپنی اور اپنی جماعت کی عزت کو کیسے ہی چار چاند کیوں نہ لگاتے رہیں۔

سے نہ صرف عوام الناس بلکہ مسلم اراکین جمعیۃ مقننہ ... کو بھی مطلع کر دیا گیا تھا۔ ان مسودات میں سے دو مسودات بعض مسلم اراکین جمعیۃ مقننہ کی امداد واعانت اور سر فضل حسین کی جدوجہد سے منظور ہو گئے صرف ایک مسودہ باقی رہ گیا جسے حکومت نے اس وقت کا جوش وخروش دیکھ کر ملتوی کر دیا تھا اور جواب پھر شملہ کے سرمائی اجلاس میں پیش ہونے والا ہے۔

ہم اس مسودۂ قانون کو مرمر صورت میں شائع کر چکے ہیں ... سلیکٹ کمیٹی نے جو کچھ ترمیم اس مسودہ میں کی ہے اس سے کوئی بنیادی فرق پیدا نہیں ہوا بلکہ بعض حیثیتوں سے اس کی موجودہ شکل اور بھی زیادہ ناقابل قبول اور مذہبی احکام پر کھلی ہوئی دست درازی اور تعدی کے مترادف ہے۔ اس مسودہ قانون کے متعلق اصل اعتراض یہ تھا کہ مسلمان ان معلمین پر کوئی سرکاری پابندی برداشت نہیں کر سکتے جو ہندوستان سے حجاج کے ہمراہ جاتے ہیں اور انہیں سفر حج میں ہر قسم کی امداد پہنچاتے ہیں۔ کیونکہ یہ اقدام فریضہ حج کی ادائیگی میں صریح مداخلت ہے علاوہ ازیں ان معلمین کے لئے جو ہندوستان آتے ہیں کسی قسم کے لائسنس کو لازمی قرار دینا گویا حکومت حجاز کے اندر حکومت برطانیہ کی مداخلت کے لئے راستہ صاف کر دینا ہے اور اس کے ذریعہ سے حکومت اپنے نفوذ واثر کو بہت بڑی حد تک کام میں لا سکتی ہے۔

...

خلاف تہذیب قانون

...

تیسرا مسودہ حج

...

مؤلف "سیرت" کی ناواقفیت

علماء کرام اور سیاسیات حاضرہ

(از مولانا ابوالمناظر محمد امیر حسن صاحب ...)

مکرمی مدیر الجمعیۃ ... السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

"سیرت محمد علی" ...

...

نکات ولطائف

...

حضرت خاتم المحدثین مولانا محمد انور شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا ماتم

علماء تعلیم اور تعزیتی جلسے منعقد ہو رہے ہیں

اسلامیان بہاولپور کا حزن وملال

...

موت العالم موت العالم

جامعہ صمدیہ دہلی کا تعزیتی جلسہ

...

دعا کان قیس ہلکہ ہلک واحد ولکنہ بنیان قوم تہدما

...

جامع مسجد دہلی میں ہزارہا مسلمانوں کا اجتماع

اظہار رنج وملال اور ایصال ثواب

حضرت مفتی اعظم صدر العلماء اور حضرت ناظم الجمعیۃ کی دردانگیز تقریریں

دہلی بکم جون بعد نماز عشاء جامع مسجد دہلی میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب مرحوم ومغفور کے وصال پر اظہار رنج وملال اور ایصال ثواب کیلئے منعقد ہوا جس میں ہزارہا علماء اور عام مسلمان شریک ہوئے ...

...

ناقابل تلافی نقصان

اسلامیہ اسکول میں قرآن خوانی اور ایصال ثواب

"الجمعیۃ" میں یہ خبر پڑھ کر حضرت مولانا انور شاہ صاحب کا وصال ہو گیا ہے دل کو بڑا صدمہ ہوا۔ حضرت مولانا جیسی بزرگ ہستی کا مسلمانوں سے جدا ہو جانا ایک ایسا نقصان عظیم ہے جس کی تلافی ناممکن ہے مرحوم جس بلند پایہ کے عالم تھے اس کو دنیائے اسلام خوب جانتی ہے۔

ایصال ثواب کے لئے ... جمعرات ... کو اسلامیہ ... اسکول ... تمام طلباء نے مل کر ... کلمہ شریف اور ... کلام پاک ختم کر کے مولانا مرحوم کی روح پر فتوح کو ثواب بخشا امید ہے کہ ... تمام ہندوستان کے اسلامی مدارس ... کی تقلید کر کے مولانا مرحوم کے لئے ایصال ثواب کی کوشش کریں گے۔

نیاز مند ... ہیڈ ماسٹر اسلامیہ پرائمری اسکول ... دہلی

مسجد فتحپوری کے اساتذہ اور علماء کا اجتماع

عالم اسلامی کیلئے حادثہ کبریٰ

خاتم المحدثین ... حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ صدر الاساتذہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل وسابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند کی وفات حسرت آیات پر ماتم کرنے کے لئے ... مدرسہ عالیہ فتحپوری کے تمام اساتذہ وطلبہ کا ایک مشترکہ جلسہ منعقد کیا گیا ...

...

مختلف مکاتب میں ختم قرآن

...

سیرۃ محمد علی اور علماء فرنگی محل

(از ... روزنامہ حقیقت)

جہاں تک جمعیۃ العلماء اور مولانا محمد علی مرحوم کے اختلافات کا تعلق ہے معاصر الجمعیۃ اس کے متعلق برابر لکھتا رہتا ہے جس میں بعض اعتراضات بالکل معقول ہیں۔ لیکن سب سے زیادہ تعجب ... اور افسوسناک یہ ہے کہ علماء فرنگی محل کے ساتھ مولانا محمد علی کے ... تعلقات ... ان کی زندگی ...

...

جامع مسجد میں عظیم الشان جلسہ

حضور نظام خلد اللہ ملکہ کو مبارکباد

اصلاحی فرامین پر اظہار امتنان اور استحکام دولت آصفیہ کیلئے دعا

ساحل ہند پر فلسطینی وفد کا ورود مسعود

جامعہ اسلامیہ کی تعمیر کیلئے مسلمانان ہند سے اپیل

وفد کے ایک رکن کا بیان

تحریک سول نافرمانی کا مستقبل

پونہ میں کانگریسی لیڈروں کی مشاورت

گاندھی جی اور وائسرائے کی ملاقات کا امکان

کشمیر میں ہجوم پر تین مرتبہ فائر

ایس ایم عبداللہ کی گرفتاری پر حکومت کا بیان

گولیوں سے چار اشخاص مجروح

مسجد کے سامنے باجہ بجانے پر جھگڑا

ایک مسلمان نے دوسرے مسلمان کو قتل کردیا

ساردا ایکٹ کے قانونی نقائص

فرانسیسی علاقہ میں مقدمہ کی سماعت

رام گڈھ کے مقدمہ کی اپیل کا فیصلہ

ایک ملزم کی سزا بڑھادی گئی

اخبارات کو اشتہارات ملنے کی شرط

مسلم لیگ کی از سر نو تنظیم کی حمایت

بنگال میں انقلاب پسندوں کی تلاش

دکلا، مختار و سرکاری ملازموں کی تلاشیاں

دہلی کے قریب ایک گاؤں پر پولیس کا چھاپہ

تلاشیاں اور گرفتاریاں

پنڈت مالویہ ساتھ نہیں ہیں

سینٹ اسٹیفنس کالج دہلی میں مشاعرہ

جامعہ اقصیٰ کو لاکھ کا عطیہ

الور میں جدید انتظام کے نتائج

ایران میں جدید ریلوے لائن کی تعمیر

فوج اور پٹھانوں کا تصادم

ڈاکٹر مونجے نے ہندوستان کو آزاد نہیں ہونے دیا

فرقہ وارانہ مفاہمت میں مزاحمت

سر چمن لال سیتلواد کا بیان

یارقند اور ختن میں چینی فوج پسپا کر دی گئی

ایک سو چینیوں کا قتل اور مختلف شہروں پر حملے

تنگان علی اور تیموری کی فاتحانہ پیش قدمی

حکومت کانگریس سے صلح کرلے

انگلستان کے ایک اخبار کا حکومت کو مشورہ

چرچل اینڈ کو کی ہندوستان دشمنی

انڈیا ڈیفنس لیگ کا قیام

غیر ملکی کپڑا نہ منگایا جائے

امرتسر کے تاجران پارچہ کا فیصلہ

چینی اور جاپانی افواج کی واپسی

خونریز جنگ کا باعزت خاتمہ

چین اور جاپان میں صلح ہوگئی

حکومت جاپان کا بیان

امریکا اور تاوان جنگ

برطانیہ اور فرانس فوری قسط ادا کریں

اگر قدامت پرستوں نے سفید کاغذ کو منظور نہیں کیا؟

مسٹر بالڈون مستعفی ہوجائیں گے

لیڈی ولنگڈن انگلستان کو

کلکتہ میں کانگریسیوں پر قوت کا استعمال

"اسٹیٹسمین" کا اعتراف حق

ملتان میں فرقہ وارانہ فساد کا نتیجہ

ایک مسلمان کو پھانسی کی سزا

کانگریس کے آئندہ پروگرام کیلئے پونہ میں مشاورتی کانفرنس

خان عبدالغفار خاں اور دیگر لیڈروں کو شرکت کی اجازت

یو پی کا مشہور ڈاکو گرفتار کرلیا گیا

تعاقب کرنے میں چھ آدمی ہلاک

ملک معظم کی سالگرہ کی تقریب میں خطابات

نازیوں پر گولیوں کے فائر

ملک معظم کے کیمپ پر تارکول

سرینگر میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

مسلم لیگ میں دشنام طرازیوں کا طوفان

ہیں بدستور لیگ کا صدر ہوں

میاں عبدالعزیز صدر لیگ کا بیان

نئی دہلی ... میاں عبدالعزیز صدر آل انڈیا مسلم لیگ نے ایک ملاقات کے دوران میں فرمایا کہ ...

مقامی جماعت نے ایک اجلاس منعقد کر لیا ہے ظاہر ہے کہ ایسے اجلاس کی کیا وقعت ہو سکتی ہے میں بدستور لیگ کا صدر ہوں لیکن اس بات کا اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ جب تک دہلی کے مسلمانوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس نہ ہوگا ...

ملک برکت علی صاحب نے مندرجہ صدر خیالات کی تصدیق کی ہے۔

ہوائی جہازوں سے بم برسانے کی ممانعت

امریکن نمائندہ کا مطالبہ

جنیوا اسپیشل کانفرنس تخفیف اسلحہ میں پولیس کے استعمال کے لئے ہوائی بیڑہ رکھنے کی برطانوی تجویز کی پرزور مخالفت کی گئی۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے نمائندہ مسٹر نارمن ولسن نے کہا کہ میری رائے میں ہوائی جہازوں سے بم برسانے کے خلاف ہے۔

آپ نے بتلایا کہ اگر کمیشن نے برطانوی اعداد و شمار منظور کر لئے تو ہوائی فوج کی تعداد میں ۵۰ فی صدی کمی ہو جائے گی۔

پارلیمنٹری کمیٹی میں ملازمت کے مسئلہ پر بحث

برطانوی قدامت پسندوں کی ایک نئی چال

لندن ۴ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ کل مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کے اجلاس میں ملازمت ہائے عامہ ہندوستان کے سوال پر بحث کی گئی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ بحث زیادہ تر آئندہ بھرتی کے انتظام اور موجودہ ملازمین کے تحفظ کے سوال پر مرکوز رہی۔

... نہیں پیدا ہوئی ہے اور نہ اس امر کا آئندہ امکان ہے۔

گاندھی جی کے نام سر آغا خاں کا تار

باہمی اتحاد کی سعی کے لئے اپیل

لندن، مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کے ہندوستانی مندوبین کا ایک جلسہ ہوا جس میں مختلف طبقوں کے نمائندے شامل ہوئے۔ جلسہ نے ایک قرارداد کے ذریعہ ہز ہائی نس آغا خاں کو یہ اختیار دیا کہ وہ مندرجہ ذیل تار گاندھی جی کی خدمت میں ارسال کریں۔

"خدا نے آپ کو اس قابل بنایا ہے کہ آپ اس برت کی آزمائش میں کامیاب ہوں ہم آپ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں ... کامیاب ہوں گے۔

روس اور برطانیہ میں گفت و شنید

دار العوام میں وزیر خارجہ کا بیان

لندن ... دار العوام میں دریافت کیا گیا کہ ... کیا روس اور برطانیہ کے درمیان ... تعلقات قائم کرنے کے لئے گفت و شنید کی گئی ہے۔

وزیر خارجہ سر جان سائمن نے جواب دیا کہ حکومت کی پالیسی کے متعلق ...

مسلمانوں کو مشتعل کرنے کی ناز یبا حرکت

پلکھوہ کے ہندوؤں کی شرارت کا تازہ ثبوت!

پلکھوہ ضلع میرٹھ میں ... ہندو مسلمانوں میں تفریق پیدا کرنے کی مذموم کوشش کی جاتی ہے ...

(نامہ نگار از پلکھوہ)

الور اور کشمیر کے واقعات کو بے نقاب کرونگا

میر نیرنگ کو مولانا شوکت علی کا جواب

بمبئی ... ہندوستان ...

پنڈت مالویہ پر مقدمہ نہیں چلایا جائیگا

دار العوام میں وزیر ہند کا بیان

...

زہریلی گیس کے ذریعہ پھانسی

...

حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی رہائی

سہارنپور اور صوبہ سرحد کے مسلمانوں کا ہدیہ عقیدت

سہارنپور ... جمعیۃ علمائے ہند کے ... حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ...

(۱) جمعیت علمائے افغان حضرت العلامہ مولانا مولوی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیت علمائے ہند کی خدمت عالی میں ہدیہ تبریک و تہنیت پیش کرتی ہے ...

اس کو اپنے اخبار کے قیمتی کالموں میں شائع فرما کر ممنون فرمائیں

سلسلہ رحمانی کے متوسلین کیلئے

الحاج سید محمد علی قدس سرہ العزیز اور دوسرے بزرگان سلسلہ کا فاتحہ ... ۹ ربیع الاول ...

خادم محمد عبد الغنی رحمانی خانقاہ رحمانی مونگیر

امتحان زبانی

السلام علیکم ...

اکسیر بال سیاہ

"طاقت بحال کرنے اور قبل از وقت سفید شدہ بالوں کو جڑ سے سیاہ کرنے والی شرطیہ دوا"

ناظرین! ہندوستان میں قبل از وقت بال سفید ہونے کی بیماری بری طرح پھیلی جا رہی ہے۔ نوجوانان وطن اس کے خطرناک اور مایوس کن نتائج سے بالکل ناواقف ہیں ...

... اکسیر بال سیاہ ... نام ... اکسیر ثابت ہوا ...

منیجر اکسیر ہاؤس کالی باغ بتیا (چمپارن)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

بے روزگاروں کو خوشخبری

اگر آپ بیکاری سے تنگ آ گئے ہیں تو آپ موٹر کا کام ... سیکھیں ...

مفصل حالات کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کریں

منیجر امپیریل موٹر ٹریننگ کالج نزد امپیریل بینک دہلی

مدرسہ اسلامیہ عربیہ جوپت پور

جمعیۃ علمائے ہند کے مکاتب کی رپورٹ

...

مسکٹ گولیاں (رجسٹرڈ)

... صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ راولپنڈی

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

رسالہ نظام المشائخ ...

منیجر رسالہ نظام المشائخ کوچہ چیلان دہلی

وسمہ اور مہندی کا جوہر تیار کیا گیا

چند کتب نادر الوجود برائے فروخت

دونوں مستقی بادام روغن برست ولایت

ڈاکخانہ کی طرف انکھیں کس لئے

آہنی خراسن

دوا ودرد بول کو تیر سہو کہتے ہیں

اکسیریت

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

اردو زبان کا بہترین لغت

جامع اللغات اردو

... خواجہ ایم محمود اختر بی اے منیجر جامع اللغات کمپنی گوبند رام اسٹریٹ چیمبرلین روڈ لاہور



ضرورت ہے

قابل اور باسوخ ایجنٹوں کی لال بی بی سگریٹ کی فروختگی کے لئے ہر شہر میں ضرورت ہے تجربہ کار اشخاص کو صرف درخواستیں کرنی چاہئیں کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ درخواستیں بنام

دی منیجر نیو انڈیا ٹوبیکو کارپوریشن ۹۳ برانڈرتھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

دوسری شادی

... شاہ عالمی گیٹ لاہور

آپ کی ہر مراد پوری ہو جائے گی!

... منیجر ... لاہور

احمد اینڈ کو

ٹھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلیماران دہلی

الجمیعۃ

ماہوار رسالہ ...

حسن کا جادو

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۰۵۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
ممالک غیر کے لئے
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

الجمعیۃ
دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
بلال احمد زبیری (بی اے)

ایک کالم
۲ کالم
۳ کالم

جلد ۱۷ | دہلی یوم جمعہ ۱۵ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۹ جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۰

معاصرین کے افکار و آراء

"ہم بھی کیوں نہ لندن جائیں؟" (ملت)

گاندھی جی کا برت (الجمعیۃ)

مسلم لیگ (اہل)

مسلمان اور عمل

ترقیوں کا انجام

جہاد اور تجارت

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

کوہستان ہندوکش سے ہرقل کے میناروں تک!

طارق اور موسیٰ ابن نصیر کی بے نظیر فتوحات
اسپین کے بقیہ شہروں پر عربوں کے کامیاب حملے

ضروری گزارش

مصفّی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہوگیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کرکے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر تیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔

کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہوتا ہے۔ اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۲ خوراک کی شیشی ۱۲؍ علاوہ محصولڈاک۔

ترکیب استعمال: ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملاکر اور اگر مرض کا خوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

پورا اسلامی کتب خانہ کی برابر

ایک زبردست اسلامی انسائیکلوپیڈیا

جو ساٹھ اسلامی ضخیم کتابوں کی روح ہے اور جس میں دو ہزار سے زائد دینی اور دنیاوی مسائل ہیں

جس میں ایک دنیادار اور ایک دیندار کی دنیاوی اور دینی ضروریات کی کوئی ایسی معلومات نہیں جو موجود نہ ہو یہ کتاب پورے اسلامی کتبخانہ کی برابر ہے۔ ہر اس شخص کے لئے جو دیندار ہے اور ہر اس مسلمان کے لئے جو دنیادار ہے اور ہر اس شخص کے لئے جو دینی اور دنیاوی ترقی چاہتا ہے۔

فلاح دین و دنیا

کا مطالعہ اتنا ہی ضروری ہے جتنی کہ ایک انسان کے لئے ہوا اور غذا کی ضرورت ہے اس میں آج سے ایک ہزار سال پہلے کی کتابوں سے لیکر اسوقت تک کی تمام قدیم و جدید کتابوں کی روح ہے اس کتاب کی اہمیت کا اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ہندوستان میں عنقریب یہ کتاب ۳ ہزار کی تعداد میں فروخت ہوچکی ہے اس میں نہایت مکمل دینی اور دنیاوی معلومات ہیں اس میں اخلاق کی تعلیم ہے اس میں معاشرت کا درس ہے اس میں موت اور زندگیوں کی تبدیلیوں کا حل ہے اس میں کھانے پینے سونے اور رہائش کے اصول ہیں اس میں حفظان صحت کے طریقے ہیں اس میں تمام انسانی بیماریوں کا مکمل علاج اور طریق علاج ہے غرضکہ اس میں وہ سب کچھ ہے جس کی ایک متمدن انسان کو ضرورت ہے۔ یہ کتاب اس میں ایک زبردست عالم ہے ایک زبردست دنیادار ہے ایک دانشمند فلاسفر ہے ایک بہترین مشیر ہے ایک طبیب حاذق ہے اور ایک ایسا جہاندیدہ شخص ہے جس کو ہزارہا سال کے تجربات حاصل ہیں یہ کتاب درحقیقت ایک پوری اسلامی لائبریری ہے اس کتاب کی فہرست مضامین کیونکہ بہت طویل ہے اس لئے اس سے چند عنوانات مختصراً نیچے درج کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کا خاکہ ذہن نشین ہوسکے قیمت فی جلد تین روپے آٹھ آنہ

کتابت و طباعت لاجواب | مختصر فہرست مضامین فلاح دین و دنیا | کاغذ اعلیٰ تقطیع بڑی کتابی

باب اول عقائد — ذات و صفات الٰہی، ملائکہ کا مفصل بیان، آسمانی کتابیں اور صحیفے … فضائل صحابہ، اولیاء اللہ، تقلید و جہاد، بیعت اور پیر طریقت، آداب مرید

متفرق مسائل، انبیاء و صالحین و مستحبات، حیات موت اور پیدائش کا حال۔ باب دوم عبادات … مکروہات نماز، نماز میں غیر متعلق اعمال، سجدہ سہو، سجدہ تلاوت، عورتوں کی نماز

معذور کی نماز کا فرق، جماعت میں شامل ہونا، نمازوں کا قضا ہونا، سفر میں نماز … مذمت ترک روزہ، روزے کے مسائل، زکوٰۃ کے مسائل، چاندی سونے کی زکوٰۃ، زکوٰۃ میں وزن کا اعتبار

تجارتی مال کی زکوٰۃ، جانوروں کی زکوٰۃ، مصارف زکوٰۃ، زکوٰۃ کن لوگوں کو نہ دینا چاہئے … شکار کی ملکیت، شرائط شکار، حیوانات قابل ذبح وغیرہ، باب پنجم

حقوق اللہ و حقوق العباد، حق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، حقوق صحابہ و اہل بیت، حقوق مجتہدین فقہا و اساتذہ … بیان، حضرت کی نعلین مبارک، جامہ قطع کرنے کے ایام، بائیں کپڑا اپہنا کیا پڑھے، خط بنوانے کا طریق۔

باب ہفتم حیات و ممات — پیدائش عقیقہ ختنہ، تعلیم وغیرہ نکاح … مختلف امراض اور ان کا علاج، مختلف امراض کے مجرب نسخہ جات وغیرہ وغیرہ، قیمت فی جلد صرف تین روپیہ آٹھ آنہ

نئی روشنی کے مسلمان مذہب سے ناواقف ہیں

ان کا ایمان، ان کی ترقی ان کی معاشرت، ان کی دولت اور ان کی عزت اسوقت خطرہ میں پڑی ہوئی ہے ان میں اسلام کی تعلیم دے کر ترقی یافتہ مسلمان بنانے کے لئے یہ کتاب … شائع کی ہے جو اس کتاب کا مطالعہ کرلیتا ہے وہ دینی اور دنیاوی اعتبار سے انتہائی ترقی کی طرف گامزن نظر آتا ہے اور اس کتاب کا عامل یقینی طور پر دنیا کا کامیاب ترین انسان بن سکتا ہے کتاب کی مختصر فہرست مضامین کے ملاحظہ کے بعد آپ کو خود اندازہ ہوگیا ہوگا کہ یہ کتاب آپکے لئے، آپکے بچوں کے لئے آپکی مستورات کے لئے کس درجہ مفید اور کارآمد ہے۔ اگر کسی شخص کو اس کتاب کے مفید ہونے کا صحیح اندازہ ہوجائے تو وہ سب کچھ بیچنے کے بعد بھی اس کتاب کو ہاتھ سے نہ جانے دیگا۔ ہمارا دوستانہ اور مخلصانہ مشورہ ہے کہ

آپ کا گھر اس کتاب سے ہرگز خالی نہیں رہنا چاہیئے

کیونکہ جس گھر میں یہ کتاب نہ ہوگی وہ کبھی دینی اور دنیاوی ترقی حاصل نہیں کرسکتا کتاب نہایت رنگین ٹائٹل سے مزین ہے قیمت فی جلد تین روپیہ آٹھ آنہ (ہے)

خواجہ بک ڈپو نمبر ۳۲ … مسجد دہلی

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے نہایت تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بناء پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کردیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارتیں ہیں اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے …

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

اب اتنا مشہور اور مقبول ہوچکا کہ اس کے تعارف کے لئے لمبی چوڑی عبارت کی حاجت باقی نہیں رہی ہے۔ مختصر یہ ہے کہ اتنی خوبیوں کا قرآن مجید ہندوستان کیا ہندوستان سے باہر بھی کہیں شائع نہیں ہوا۔ خوشخطی طباعت اور صحت کا غیر معمولی اہتمام کیا گیا ہے۔ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر اردو جزمی ہوئی ہے۔ انہیں خوبیوں کی وجہ سے حضور نظام نے ۱۰؍ قرآن مجید کو اپنی تلاوت کیلئے منتخب فرمایا ہے حضرت شیخ سعدی کرم حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب اور حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ جیسے بزرگوں کے ترجمے بین السطور درج کئے گئے ہیں۔ …

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے … قرابادین مفید عام کا ہر ایک اصولی اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ ہر تیار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے …

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

یہی چاہتا ہے جو امیروں کا ہے جس طرح امیر مسلمانوں کے لئے خدائی کتاب "قرآن مجید" کی تلاوت ضروری ہے۔ اسی طرح غریبوں کے لئے بھی ضروری ہے۔ لیکن غریب زیادہ ہونے کی وجہ سے قرآن مجید نہیں حاصل کرسکتے اس لئے ان کی آسانی کے خیال سے ایسا قرآن مجید شائع کیا گیا ہے … نورانی قرآن مجید … مولانا اشرف علی صاحب کے ترجمے کا بھی شائع کیا گیا ہے۔ …

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۱۵ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۱۰)

علماء کانفرنس کے سلسلہ میں سینتالیسویں باب کے متعلق ہمیں جو کچھ عرض کرنا تھا وہ مختصراً عرض کر چکے ۔ اور گزشتہ اشاعت میں ان مقالات کا ایک خلاصہ جو ہم سے درج کر دیا اور اس کے متعلق اب تک لکھے جا چکے ہیں ۔ آج کی صحبت میں ہم "سیرت محمد علی" کے چھیالیسویں باب کا تعارف کرنا چاہتے ہیں تاکہ معلوم ہو ...

غلط بیانی

یہاں تک تو علمائے کرام پر عمومیت کے ساتھ حملے تھے "علماء میں سے کسی کو خیال بھی نہیں آیا" اور مسلمانوں میں کوئی حرکت پیدا نہیں ہوئی اور کسی قسم کی کوئی صدائے احتجاج بلند نہیں ہوئی ...

حوادث و احکام

استفتاء

جمعیۃ العلماء اور جامعہ ملیہ

الجواب

معتدلین کی استدعا

فرقہ وارانہ گواہ

ریاست حیدرآباد اور انگریزوں کے تاریخی تعلقات

گزشتہ ڈیڑھ سو سال کی عبرت انگیز داستان

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی بصیرت افروز تقریر

گزشتہ جمعہ کو جامع مسجد دہلی میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے استرداد ریزیڈنسی بازار کے متعلق اظہار ہمدردی کی قرارداد پر جو بصیرت افروز اور پر از معلومات تقریر ارشاد فرمائی تھی اس کا خلاصہ ہم حسب وعدہ درج ذیل کرتے ہیں :-

صدر محترم اور معزز حاضرین ! جو تجویز آپ کے سامنے مسٹر زبیری خاں نے پیش کی ہے اور جس کے متعلق فاضل مقرر اپنی تقریر میں تفصیل بھی بیان کر چکے ہیں میری خواہش تھی کہ میں اس تجویز کے متعلق آپ کے روبرو مزید تفصیل عرض کرتا اور آپ کو بتاتا کہ یہ ریزیڈنسی بازار کیا ہے اور اس کی واپسی کا کیا مطلب ہے لیکن مجھے افسوس ... اگر دہرائی جائے تو مسلمان اس کے سننے کی تاب نہ لا سکیں گے کاش آج میری طبیعت اچھی ہوتی تو میں بتاتا اور دہلی کے مسلمانوں کو ان تمام واقعات سے آگاہ کرتا جو دو سو برس سے متواتر جنوبی ہند میں عموماً اور نظام گورنمنٹ کے ساتھ خصوصاً انگریز کرتے رہے ہیں ...

انگریزوں کی شہادتیں

اندرونی معاملات میں مداخلت

ملازمین ریاست کی حمایت

ریزیڈنسی بازار

ریزیڈنٹ کی حیثیت

بازار کی واپسی کیا ہے ؟

ظاہری آداب کا خاتمہ

فرانس میں ریل گاڑیوں کی ٹکر

۱۴ ہلاک اور ایک سو مجروح

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

والی حجاز کی جانشینی کا مسئلہ بھی حل ہو گیا

جلالۃ الملک کا برقیہ اپنے جانشین امیر سعود کے نام

وہ نصائح جو کتاب و سنت کی اساس و بنیاد ہیں

جلالۃ الملک سلطان ابن سعود والی حجاز نے اپنے بڑے صاحبزادے امیر سعود کو مملکت عربیہ سعودیہ کا ولی عہد اور اپنا جانشین مقرر فرما دیا ہے چنانچہ بروز اتوار بتاریخ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ میں مملکت حجاز کے اعیان و اکابر ...

والی حجاز کا برقیہ

بڑوں کو باپ کے برابر سمجھو

ولی عہد کا جواب

رہوں گا آپ کی وصیت پر عمل کرتا رہوں گا۔ بیعت کے متعلق جلالۃ الملک کا جو خیال ہے بہتر ہے اور میں تعمیل حکم کے لئے حاضر ہوں ۔

(الا بن سعود) ۹ محرم ۱۳۵۲ھ

چنانچہ اتوار کے روز بیت اللہ شریف میں تمام ارکان دولت و اعیان حکومت جمع ہوئے اور جلالۃ الملک کے چھوٹے صاحبزادہ نے نیابتاً امیر سعود کے حق میں بیعت لی اور تمام لوگوں نے ان کو جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کا جانشین تسلیم کیا ۔

(تمام واقعات کی تفصیل معاصر ام القری میں آ گئی ہے ۔ ہم نے بالاختصار صرف خطوط کو درج کر دیا ہے) ۔

تازہ مردم شماری کے مطابق یہودیوں کی تعداد

دنیا کے مختلف گوشوں میں ڈیڑھ کروڑ کی آبادی

وہ مٹھی بھر قوم جس نے بادشاہوں کو تابع بنا رکھا ہے

تازہ مردم شماری کے اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام دنیا میں یہودیوں کی آبادی ۱۴ ملین ہے (ایک ملین دس لاکھ) یہ آبادی ذیل کے شہروں اور ملکوں میں پھیلی ہوئی ہے :-

نام ملک	آبادی	نام ملک	آبادی
پولینڈ	۲۸۲۹۴۵۶	جبل الطارق	۱۴۰۰
روس	۲۶۲۴۹۹۷	لگزمبرگ	۱۲۷۰
رومانیا	۸۳۴۴۰۰	مالٹا	۵۰
جرمنی	۶۴۳۰۰۰	ایشیائی روس	۱۷۰۸۱۳
ہنگری	۴۷۳۳۱۰	فلسطین	۱۵۰۰۰۰
زیکوسلوویکیا	۳۵۴۳۴۲	عراق	۹۰۰۰۰
برطانیہ عظمیٰ اور آئرلینڈ	۳۰۰۰۰۰	ایشیائی ترکی	۷۰۰۰۰
آسٹریلیا	[illegible]	ایران	۸۰۰۰۰
فرانس	۱۶۵۰۰۰	شام	۳۵۰۰۰
لیتھونیا	۱۶۰۰۰۰	عرب	۲۵۰۰۰
ہالینڈ	۱۱۵۲۲۹	ہندوستان	۲۲۵۰۰
یونان	۱۱۰۰۰۰	بخارا	۲۱۰۰۰
لٹویا	۱۰۵۰۰۰	افغانستان	۱۸۰۰۰
ترکی	۸۵۰۰۰	چین	۱۵۰۰۰
یوگوسلاویا	۸۰۰۰۰	عدن	۴۰۰۰
بلجیم	۶۰۰۰۰	جاپان	۵۰
بلگیریا	۵۰۰۰۰	ڈچ ایسٹ انڈیز	۲۰۰۰
اٹلی	۴۶۰۰۰	جزائر ملایا	۷۰۰
سوئٹزرلینڈ	۲۱۰۰۰	فلپائن	۶۰۰
سویڈن	۶۵۰۰	قبرص	۱۸۰
ڈنمارک	۶۰۰۰	انڈوچین	۱۰۰۰
استھونیا	۴۸۰۰	جنوبی افریقہ	۶۲۱۰۳
اسپین	۴۵۰۰	مراکو (علاقہ فرانس)	۱۲۵۹۸۱
ڈنزگ	۹۲۳۹	مراکو (علاقہ اسپین)	۲۴۵۰۰
پرتگال	۱۵۰۰	تنجیر	۱۰۰۰۰
فنلینڈ	۱۶۶۸	الجیریا	۸۵۰۰۰
ناروے	۱۴۵۷	ٹیونس	۶۵۰۰۰
ارجن ٹائن	۲۰۰۰۰۰	مصر	۶۵۰۰۰
کناڈا	۱۲۶۱۹۶	حبش	۶۰۰۰۰
میکسیکو	۱۰۰۰۰	ٹریپولی	۱۹۰۰۰
برازیل	۲۷۰۰۰	امریکہ	۳۸۰۰۰۰۰
کوبا	۶۰۰۰	یوراگوے	۲۰۰۰
چیلی	۴۰۰۰	آسٹریا	۲۱۶۳۲
ڈچ گائنا	۱۳۴۳	نیوزیلینڈ	۲۳۸۰
جمیکا	۱۲۵۰	میزان کل	۱۴۶۲۱۴۰۵

حکومت عراق کا ایک نیا اخلاقی قانون

قمار بازی اور ناچ کا امتناع

اسلامی بنک کے نام ایک ہزار فرنک

حضرت مفتی صاحب اور حضرت ناظم الجمعیۃ کے اعزاز میں معززین شہر کوایٹ ہوم

جمعیۃ شبان المسلمین دہلی کا اظہار عقیدت

دو سو سربرآوردہ حضرات کا اجتماع۔ سپاسنامہ اور اسکا جواب

گذشتہ اتوار کو شام کے ۶ بجے کمپنی باغ میں اراکین جمعیۃ شبان المسلمین کی جانب سے حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے اعزاز میں ایک نہایت پرتکلف ایٹ ہوم دیا گیا۔ شہر کے مہاں سو ہندو مسلمان معززین و سربرآوردہ حضرات کو دعوت نامے جاری کئے گئے تھے جن میں سے تقریباً دو سو مختلف الخیال حضرات نے شرکت فرمائی۔

آپ کی جماعت نے آپ کے جیل چلے جانے کے بعد جس طرح آپ کے پروگرام کو جاری رکھا اور گیارہ مہینے تک ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو ہندوستان کے مختلف گوشوں کے علماء جس دلیری اور جرأت کے ساتھ گرفتاری کے لئے اپنے آپکو خوشی خوشی پیش کرتے رہے اس سے صرف یہی نہیں کہ باشندگان دہلی میں زندگی کے آثار باقی رہے۔ بلکہ ہندوستان کی سیاسی جماعتوں میں جمعیۃ علماء ہند نے ایک خاص تفوق اور بلندی و برتری حاصل کرلی۔

سپاسنامہ

جس وقت حضرت مفتی صاحب اور حضرت ناظم الجمعیۃ تشریف لائے تو آپ کے استقبال کے لئے لوگوں کی سلامی دی گئی اور تمام حاضرین نے آپ کا خیر مقدم کیا۔ چائے نوشی کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا اس کے بعد ڈاکٹر نور احمد صاحب سکریٹری جمعیۃ شبان المسلمین دہلی نے حسب ذیل سپاسنامہ پڑھ کر سنایا۔

حضرت مفتی صاحب کی تقریر

حضرت مفتی صاحب نے ایڈریس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ حضرات نے خلوص و محبت کے ساتھ جن خدمات کا ذکر فرمایا ہے وہ حقیقتاً اس قابل نہیں ہیں کہ انہیں سراہا جائے۔ ملک کی آزادی کے لئے ایک یا دو سال کی قید برداشت کرلینا کوئی ایسی بڑی خدمت نہیں ہے جس کی تعریف و توصیف میں اس قدر مبالغہ کیا جائے۔ آزادی تو ایک ایسی نعمت غیر مترقبہ ہے کہ اس کے لئے جس قدر بھی قربانیاں کی جائیں کم ہیں۔

حضرت ناظم الجمعیۃ کی تقریر

فرقہ وارانہ مفاہمت کیلئے آل پارٹیز کانفرنس پھر منعقد کیجائیگی

سیاسی رہنما گاندھی جی سے مشورہ کرکے کانفرنس کو کامیاب بنائینگے

آئینی انقلابات کے مقابلہ کیلئے متحدہ محاذ کی ضرورت

بمبئی ۶ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ تحریک سول نافرمانی کے التوا کے بعد جو صورت پیدا ہوئی ہے اس پر غور فکر کرنے اور کانگریس کے آئندہ طریق کار کا فیصلہ کرنے کے لئے پنڈت مالویہ گاندھی جی سے اس وقت ملاقات کریں گے جب وہ اس قابل ہو جائیں گے۔

ناکہ فرقہ وارانہ مفاہمت ایک عملی شکل اختیار کرسکے اور ہندو مسلمان متحد ہو کر آئینی انقلابات کا خاطر خواہ مقابلہ کرسکیں۔

حرم شریف میں فلم کس طرح اتاری گئی

مسلمان کے بھیس میں ایک ڈچ پروفیسر کی شرارت

سلطان ابن سعود کا سخت احتجاج

بمبئی۔ مکہ مکرمہ کی زندگی، حج اور حرم محترم کے متعلق ایک فلم نہایت سنسنی خیز حالت میں تیار کی گئی ہے ایک ڈچ پروفیسر کے سپرد یہ کام کیا گیا کہ وہ اپنے سا تھیوں کو مسلمانوں کے بھیس میں حرم محترم میں گھس جائے۔

سلطان ابن سعود شاہ حجاز نے اس فلم پر سخت احتجاج کیا ہے۔

سیاسی اسیروں کی رہائی کا مطالبہ

کانگریس سے اشتراک عمل کرنیکی اپیل

ہندوستانی لیڈروں کا تار وزیراعظم کے نام

الہ آباد ۵ جون۔ مندرجہ ذیل تار برطانوی وزیراعظم، لارڈ ہیرس پریزیڈنٹ آف دی کونسل اور وزیر ہند کی خدمت میں ارسال کیا گیا ہے اس کی نقل گاندھی جی، ہز ایکسلنسی وائسرائے اور قائم مقام صدر انڈین نیشنل کانگریس کی خدمت میں بھی ارسال کی گئی ہے۔

کلکتہ کے قریب پھر ریل لوٹی گئی

بہت سے مسافر زخمی ہوگئے

آسنسول سے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ای۔ آئی۔ آر اطلاع دیتے ہیں کہ جس وقت نمبر ۶ اپ دہلی ایکسپریس کا انجن پیچھے لگنے کے لئے جا رہا تھا کہ اس کا اس سے سخت تصادم ہوگیا جس سے متعدد مسافروں کے سخت چوٹیں آئیں۔

ہری پور جیل میں ایک مسلم سیاسی قیدی کا مقاطعہ جوعی

یکم مئی سے کھانا پینا ترک کردیا ہے

حضرت صدر جمعیۃ علمائے ہند کے نام برقیہ اور اسکا جواب

عبدالقیوم صاحب ممبر لیجسلیٹو کونسل صوبہ سرحد نے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کے نام حسب ذیل برقیہ ارسال فرمایا تھا:-

مولانا کفایت اللہ پریسیڈنٹ جمعیۃ علمائے ہند دہلی

"حیات گل نے جو اتمان زئی کا ایک سیاسی قیدی ہے ہری پور جیل میں یکم مئی سے کل روزہ رکھا ہے مقصد نامعلوم ہے۔ حالت نازک ہے تاریخ ۲۰ جون مقرر ہے۔ بذریعہ تار اپنی ہدایات سے مطلع فرمائیے"

عبدالقیوم۔ ایم۔ ایل۔ سی

از مانسہرہ

حضرت مفتی صاحب کی جانب سے اس تار کے جواب میں حسب ذیل تار ارسال کیا گیا ہے:-

"کوشش کیجئے کہ اس کا جائز مطالبہ پورا کردیا جائے اور روزہ کھلوا دیا جائے۔ اور حیات گل کو بتائیے کہ اسلام اپنے جائز حق کے مطالبہ کو تو جائز قرار دیتا ہے لیکن کسی ایسے فعل کی اجازت نہیں دیتا کہ جس کا نتیجہ یقینی اور ارادی ہلاکت ہو"

محمد کفایت اللہ

۴ جون ۱۹۳۳ء

ہندوستان میں سول نافرمانی کی رفتار

اپریل میں قیدیوں کی کل تعداد

شملہ۔ حکومت ہند کی طرف سے ایک اطلاع شائع ہوئی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سول نافرمانی کے سلسلہ میں جن اشخاص کو سزائیں ہوئی ہیں۔ اُن کی تعداد اواخر اپریل میں نقشہ ذیل کے مطابق تھی:-

صوبہ	مرد	عورتیں
بمبئی	۲۶۱۲	۲۱۵
یوپی	۱۹۶۶	۱۳۲
صوبہ سرحد	۱۶۶۱	
بہار و اڑیسہ	۱۵۹۹	۵۵
بنگال	۱۱۶۱	۶۹
مدراس	۶۸۷	۵۰
پنجاب	۱۸۲	۸
آسام	۱۳۷	۱۳

بنگالیوں اور فوجی سپاہیوں میں جنگ

بندوقوں سے حملہ۔ ۷ بنگالی مجروح

میمن سنگھ۔ گزشتہ جمعہ کی شام کو بنگالیوں اور فرانسیسی علاقہ کے ہندوستانی سپاہیوں کے درمیان جھگڑا ہوگیا جس میں سات بنگالی شدید طور پر مجروح ہوئے۔

چلتی ٹرین میں تین مسافروں کا قتل

کلکتہ۔ گزشتہ ہفتہ ایک چلتی ٹرین میں بڑا ہولناک حادثہ پیش آیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک مشتعل مسافر نے تین مسافروں کو جن میں ایک بنگالی ایک نیپالی اور ایک مارواڑی شامل تھے قتل کردیا۔

لاہور کے ایک جلسہ میں مسلمانوں میں جنگ

لاہور۔ گذشتہ ہفتہ یہاں مسلمانوں کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں آپس میں افسوسناک لڑائی ہوئی اور خوب سنگباری اور خشت باری ہوئی۔

افریقہ میں صغر سنی کی شادی کا انسداد

ڈربن ۳ جون۔ تارکان وطن کے ترمیمی بل کے ماتحت جس کو اسمبلی نے منظور کرلیا ہے۔ ہندوستانی لڑکیوں کی شادی کے لئے ۱۳ سال کی عمر کی بجائے ۱۶ سال کی عمر مقرر کی گئی ہے۔

کشمیر میں بالکل امن وامان ہے

دربار کشمیر کا سرکاری بیان

سری نگر ۸ جون۔ حکومت کشمیر نے مندرجہ ذیل اعلان شائع کیا ہے۔ "گذشتہ ۲۴ گھنٹہ کے اندر یہاں بالکل امن وامان رہا کل شام تقریباً ۵ بجے خانقاہ مولیٰ میں مسلمانوں کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں تقریباً دو ہزار افراد نے شرکت کی۔"

فلسطینی وفد کی وائسرائے سے ملاقات

جمعہ کے روز دہلی آجائیگا

فلسطینی وفد جو القدس میں ایک بین الاقوامی جامعہ اسلامیہ (یونیورسٹی) کے قیام کے لئے چندہ جمع کرنے کے لئے ہندوستان آیا ہے۔ کراچی سے شملہ وائسرائے سے ملنے چلا گیا ہے۔

کانگریس کا آئندہ لائحہ عمل کیا ہوگا؟

پونہ میں لیڈروں کی کانفرنس اور گاندھی جی سے مشورہ

سول نافرمانی کے متعلق متضاد خیالات کا اظہار

پونہ ۶ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ آئندہ ہفتہ کے اختتام تک ہندوستان کے سرکردہ کانگریسی رہنماؤں کا ایک اجلاس پونہ میں منعقد ہوگا باضابطہ اجلاس جون کے تیسرے ہفتہ کے وسط میں طلب کیا جائے گا اس وقت کانگریسی لیڈر تین قسم کے خیالات رکھتے ہیں جو گاندھی جی کے سامنے پیش کئے جائیں گے اور آپ ان کا آخری فیصلہ کریں گے جو سب کے لئے قابل قبول ہوگا۔

تیسرے گروہ کی رائے ہے کہ اگر ممکن ہو تو حکومت سے صلح کرلی جائے اور تحریک سول نافرمانی کو ترک کردیا جائے اور جدید مجالس آئین ساز پر قبضہ کرنے کے ارادہ سے ملک کی تنظیم کی جائے۔

ان ہرسہ جماعتوں کی آراء گاندھی جی کے روبرو پیش کی جائیں گی اور آخری فیصلہ گاندھی جی کے اختیار میں ہوگا۔

ڈاکہ زنی اور قتل کے مقدمہ کا فیصلہ

پھانسی اور عمر قید کی سزائیں

میرٹھ ۴ جون۔ کل مسٹر بی سی اگروال ایڈیشنل سشن جج میرٹھ نے اس مقدمہ کا فیصلہ سنادیا جس میں ۱۵ اشخاص ڈاکہ زنی اور قتل وغیرہ کے الزامات میں ماخوذ تھے۔

دہلی کے چند افراد کی ایک ٹولی لیگ پر قابض نہیں ہوسکتی

میں شملہ میں ایک مخصوص اجتماع کرونگا

صدر آل انڈیا مسلم لیگ کا بیان

میاں عبدالعزیز بیرسٹر پشاوری صدر آل انڈیا مسلم لیگ نے اخبارات میں ایک طویل بیان شائع کرایا ہے جس میں آپ نے لیگ کے گذشتہ اجلاس کی بے ضابطگیوں اور ہنگامہ آرائیوں پر مفصل روشنی ڈالی ہے اور اس بیان کی پرزور تردید کی ہے جو مسلم لیگ کے بعض ارکان کی طرف سے شائع کیا گیا تھا۔

موٹر اور ریل گاڑی کی خوفناک ٹکر

۱۰ مرد۔ عورت اور بچے ہلاک

کلکتہ ۸ جون۔ ایسٹ انڈین ریلوے لائن پر آج صبح بارسی پور اور بھیرو کے اسٹیشنوں کے درمیان ایک موٹر لاری کا تیول کراسنگ گیٹ میں اپ پسنجر ٹرین کے ساتھ تصادم ہوگیا جس سے ۱۰ آدمی ایک عورت اور دو بچے جو لاری میں سفر کر رہے تھے۔ ہلاک ہوگئے۔

ایک ڈاکو گولی سے اڑا دیا گیا

لاہور ۸ جون۔ موضع امید پور تحصیل شاہدرہ سے رپورٹ موصول ہوئی ہے کہ پولیس کو یہ اطلاع ملنے پر کہ ایک خطرناک ڈاکو جس کی کئی مقدمات میں ضرورت ہے موضع امید پور میں چھپا ہوا ہے۔

برلن میں افغانی سفیر قتل کردیئے گئے

برلن ۷ جون۔ ایک افغان طالب علم نے افغان سفیر کی لائبریری میں داخل ہونے کی اجازت حاصل کرکے ان پر پانچ فائر کئے جس سے وہ شدید طور پر زخمی ہوئے اور ہسپتال میں جاکر جاں بحق ہوگئے۔

کوہ آتش فشاں پھٹ گیا!

آتشی اور سرخ چشمہ جاری ہوگیا

نیپلز ۱۰ جون۔ دنیا کے سب سے بڑے کوہ آتش فشاں ویسوویس کی آتش فشانی آج انتہا کو پہنچ گئی اور وہ پھٹ گیا۔

ہندوستان سے سونے کی برآمد

بمبئی ۴ جون۔ آج بمبئی سے ۴۴۳۰۶ ۔ ۱۱۰ روپیہ کا سونا سلامی ممالک غیر کو روانہ کیا گیا ہے۔

ایرانی خواتین میدان عمل میں

سرکاری دفاتر پر قبضہ

طہران کا ایک برقی پیغام مظہر ہے کہ وزارت تلغرافات اور پوسٹ اور محکمہ محاسبات میں ایک نوجوان ایرانی خاتون کا تقرر ہوا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایران کی یہ پہلی خاتون ہیں جو حکومت کے انتظامی دفاتر میں داخل ہوئی ہیں۔

تحریک سول نافرمانی کا مستقبل

حکومت گاندھی جی کے فیصلہ کی منتظر ہے

گاندھی جی دوبارہ سول نافرمانی شروع کریں گے یا نہیں۔ شملہ کے حلقوں میں آج کل زیر بحث مسئلہ ہے۔ جہاں تک حکومت کی روش کا تعلق ہے وہ خود گاندھی جی کے رویہ کی منتظر ہے۔

الور میں میوؤں اور اہیروں کے درمیان سخت تصادم

چار اشخاص ہلاک اور متعدد زخمی

شملہ ۵ جون۔ سرکاری اعلان مظہر ہے کہ حکومت ہند کو اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ۲ جون کو ریواڑی سے گیارہ میل کے فاصلہ پر ریاست الور کے موضع میں میوؤں اور اہیروں میں فساد ہوگیا۔ چار آدمی ہلاک اور تقریباً ایک درجن آدمی زخمی ہوئے۔

برطانوی فوج کے دستے اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ پر بھیجے گئے اور حالات پر قابو پا لیا گیا۔

امریکہ کی طرف سے چین کو پانچ کروڑ کا قرضہ

چین میں امریکن روئی اور گندم کی کھپت

واشنگٹن ۵ جون۔ مسٹر ٹی سی جونز چیرمین فنانس کارپوریشن نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ نے امریکن روئی گندم اور آٹا کی خرید کے لئے چین کو پانچ کروڑ ڈالر قرضہ دینا منظور کرلیا ہے۔

ہندوستان کا ہر طبقہ سفید کاغذ کی مذمت کرتا ہے

مسلم کانفرنس کے ایک نمائندہ کی تقریر

لندن۔ ایسٹ انڈین ایسوسی ایشن کے ایک جلسہ میں مسٹر یوسف علی نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ان قلیل التعداد اقلیتوں کو چھوڑ کر جن کی تعداد تقریباً نفی کے برابر ہے۔ ہندوستان کا کوئی فرقہ بھی قرطاس ابیض کو قابل قبول نہیں سمجھتا ہے۔

عراق میں جاپانی مال کی درآمد

برطانیہ اور جاپان کی لوٹ کھسوٹ

لندن۔ دارالعوام میں مسٹر والٹررنسی صدر تجارتی بورڈ نے سوالات کے جواب میں عراق کے اندر جاپانی مقابلہ کی ترقی کے اعداد و شمار بتاتے ہوئے فرمایا۔

پارلیمنٹری کمیٹی کے روبرو شہادت

مسلم لیگ کے تین نمائندے انگلستان جائینگے

معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ دیگر انجمنوں کے پارلیمنٹری کمیٹی کے روبرو شہادت دینے کے لئے مسلم لیگ کے تین نمائندوں کو منظور کرلیا گیا ہے۔

حضرت عیسیٰ کا نزول ۱۲ جون کو ہوگا

بائبل کی بنا پر ایک عیسائی کی پیشگوئی

لندن کے ایک ہوٹل میں ایک شخص مسٹر آرنفرای اقامت گزیں ہے وہ اعلان کر رہا ہے کہ دنیا کا موجودہ دور ۱۲ جون کو ختم ہو جائے گا۔

بحر العلوم مولانا سید انور شاہ صاحب کا ہمہ گیر ماتم

دار العلوم دیوبند میں جلسہ تعزیت

حضرت علامہ بخاری وحید عصر فرید دہر مولانا محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات سہ صفر ۱۳۵۲ھ کو دیوبند میں اچانک واقع ہوئی کوئی معمولی حادثہ نہ تھا جسے مسلمان محسوس نہ کرتے ملک نے عامۂ ملت اسلامیہ کا یہ حق ہی ہے کہ وہ اس کو ناقابل تلافی نقصان سمجھا ہے۔

(۱) علماء و طلباء دار العلوم دیوبند کا یہ جلسہ حضرت علامہ زمان بخاری دوران جامع المعقول والمنقول حافظ الفروع والاصول وحید عصر فرید دہر شیخ الحدیث مولانا انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات پر اپنے انتہائی رنج و الم کا اظہار کرتا ہے۔

(۲) علماء و طلباء دار العلوم دیوبند کا یہ جلسہ نہایت ضروری سمجھتا ہے کہ حضرت شیخ الحدیث علامہ انور شاہ صاحب کی سوانح حیات تیار کرکے ملک کے سامنے پیش کردی جائے۔

(۳) علماء و طلباء دار العلوم کا یہ عظیم الشان جلسہ فرزندان دار العلوم کی خدمت میں پرزور اپیل کرتا ہے کہ وہ حضرت شاہ صاحب مرحوم کے مخصوص طریقہ اندازہ رکھنے اور ان کو قومی بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی اعلیٰ پیمانہ پر جاری رکھیں۔

سرزمین حجاز کی تعمیر و ترقی

حجاز کی سرزمین کبھی کسی زمانہ میں بھی وہ عمرانی ترقی نہ کر سکی جس کی صلاحیت قدرت الٰہی نے رکھی تھی۔ خلافت راشدہ کا زمانہ مہمات و فتوحات میں گذر گیا اور خلفاء راشدین کو موقعہ نہ مل سکا کہ اس سرزمین کی آبادی کے لئے کوشش کر سکیں۔

آزاد اسلامیہ ہائی اسکول اتمان زئی

سرحد کے غیور مسلمانوں سے دردمندانہ اپیل

مجلس احرار اسلام سہارنپور کا جلسہ

سہارنپور کے مسلمانوں کا جلسہ عام

شہادت اہل بیت پر زبردست تقریر

وہ خاتون

قرۃ العین — **حب مدنی طلائی** — **تریاق عجیب**

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

ویدیا شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال جڑ سے کالا

بال کالا اسٹورس پوسٹ کٹنی سمری دربھنگہ

اکسیر بال سیاہ

طاقت بحال کرنے اور قبل از وقت سفید شدہ بالوں کو جڑ سے سیاہ کرنے والی شرطیہ دوا

منیجر اکسیر ہاؤس کالی باغ بتیا (چمپارن)

ضرورت ہے

قابل اور بارسوخ ایجنٹوں کی لال بی بی سگرٹ کی فروختگی کیلئے ہر شہر میں ضرورت ہے تجربہ کار اشخاص کو درخواستیں کرنی چاہئیں کمیشن معقول دیا جاتا ہے درخواستیں بنام

دی منیجر نیو انڈیا ٹوبیکو کارپوریشن ۹۲ برانڈرتھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

ضرورت! ضرورت! ضرورت!

مسلمانان ہند کی پبلک کمپنیوں میں اپنی نوعیت کی سب سے پہلی کمپنی

دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹیڈ لائلپور کی

فنینشنگ ایجنٹس دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹیڈ لائلپور

حوادث و احکام

استفتاء

”سیرت محمد علیؒ“ کے دو ابواب

علماء امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۹)

خلاف تہذیب خلاف قانون

تیسرا مسودہ حج

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی ... مستقبل جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کو لکھئے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

نمبر اشاعت

DELHI

جلد ۱۷ | دہلی - یوم سہ شنبہ ۱۹ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۳ جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۱

معاصرین کے افکار و آراء

قومی غدار اور "شیخ" دہلی (مدینہ)

ہر شخص جانتا ہے کہ ہم نے کبھی ان لوگوں کو اسے نہیں معاف کیا کہ کسی سلطان کے گھر پیدا ہوئے اور مسلمان ہونے کے دعویدار ہیں۔ غزنوی، شفاعت خان، آغا خان کا نام ذکر کیا ہے ...

مخالفت بلند کر سکیں۔

آنکھ سے ٹپکنے والا لہو! (ہند جدید)

برت اور روزہ (البشیر)

کروڑوں مسلمان مرد اور عورتیں ... رمضان المبارک میں پورے تیس دن کے روزے فرض رکھتے ہیں ...

صوبہ متحدہ میں ہندی کی رفتار (حقیقت)

"ڈپلومیسی" (زمیندار)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

اسپین میں عربی فتوحات کی تکمیل

شہر مریدہ کی فتح میں ڈاڑھی کا ایک دلچسپ واقعہ

فرانس پر حملہ کرنے کے لئے عربوں کی تیاریاں

گزشتہ الجمعیۃ میں سدونیا اور قرمونہ کی فتح اور موسیٰ ابن نصیر کی یجاہدانہ سرگرمیوں کا سلسلہ درج کیا جا چکا ہے۔ آج اس سے آگے ملاحظہ فرمایئے۔

اشبیلیہ کی بغاوت کا قلع قمع

شہر مریدہ کی تسخیر

ایک دلچسپ واقعہ

موسیٰ اور طارق میں ناچاقی

مغربی مؤرخین کا جھوٹ

(باقی آیندہ)

شربت روح افزا
(رجسٹرڈ)

موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت کیلئے اکسیر ہے۔ ہندوستان میں اپنے خواص کی وجہ سے مقبول و مشہور ہو چکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ، نواب اس کو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں۔ فی بوتل ایک روپیہ چار آنے۔

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

چند کتب نادر الوجود برائے فروخت

منیجر ... دہلی

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

رسالہ نظام المشائخ ...

منیجر رسالہ نظام المشائخ کوچہ چیلان دہلی

ایم۔ اے رشید اینڈ سنز انجینئرز بٹالہ (پنجاب)

دنیا کی سب سے آخری اور حیرت انگیز ایجاد

نلگن کیپسولز برائے سوزاک نیا یا پرانا

ملنے کا پتہ: اے۔ آر کپور اینڈ کمپنی پوسٹ بکس ۱۶۱ لاہور دھنی رام روڈ انارکلی

گرمیاں آگئیں! ۱۸۶

امرت دھارا کی شیشی ہر وقت پاس رکھو

احتیاط

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

مفرح مشکین

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلیماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۸۴

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جنت اور دوزخ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

قرابادین مفید عام

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۹ر صفر المظفر ۱۳۵۲ھ ہجری

"سیرت محمد علیؒ" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۱۱)

دوسرے باب کے متعلق جو امور تنقیح طلب ہیں ان کی ایک فہرست ہم گزشتہ اشاعت میں درج کر چکے ہیں۔ آج کی صحبت میں ہم صرف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ علمائے کرام کی غفلت اور مولانا محمد علی مرحوم کے "مسلسل مقالات و مضامین" کے متعلق فاضل مؤلف سیرت نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے وہ کہاں تک صحیح ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کہ

"پہلے جب یہ بل اسمبلی میں پیش ہوا تو اس وقت علماء میں سے کسی کو خیال بھی نہ آیا لیکن محمد علی نے اسی وقت اس قانون کی مضرتوں کا اندازہ کر لیا تھا جو ان کے نقطۂ نظر سے نہایت اہم تھیں اس لئے انہوں نے اسی وقت ہمدرد میں اس پر مسلسل مقالات و مضامین لکھے اور قوم کو متوجہ کیا کہ وہ اس قانون کا مقابلہ کرے اور اسے ہرگز منظور نہ ہونے دے۔

لیکن ان مقالات اور صدائے احتجاج سے مسلمانوں میں کوئی حرکت پیدا نہیں ہوئی۔ وہ اسی طرح غافل رہے جیسے کہ سارڈا بل پیش ہی نہیں ہو رہا ہے۔ اسی جمود کی حالت میں یہ بل مجلس منتخبہ میں گھومتا رہا اور دوسری کارروائیاں ہوتی رہیں۔ شہادتیں لی جاتی رہیں اور کسی قسم کی کوئی صدائے احتجاج بلند نہیں ہوئی۔"

ہمیں افسوس ہے کہ فاضل مؤلف سیرت نے علماء کو ہدف مطاعن بنانے سے قبل اتنی ...

مقالات و مضامین" ہمدرد میں لکھے مگر علماء کو خیال بھی نہ آیا کہ اس قسم کا کوئی مسودۂ قانون پیش بھی ہوا ہے یا نہیں آپ نہ بتائیے کہ آپ کے پاس اس کے خلاف کیا مواد ہے" تو ہمیں یقین ہے کہ دفتر جمعیۃ آپ کو اس وقت "علماء کی بیداری کا اتنا ثبوت بہم پہنچا دیتا کہ آپ کو حیرت رہ جاتی۔ مگر یہ تو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ آپ شدہ کے اخبارات کا مطالعہ کئے بغیر اس نتیجہ پر پہنچ جائیں گے جس کے لئے نہ کوئی دلیل موجود ہے نہ ثبوت۔

مسلسل مقالات و مضامین

بہرحال ہم مؤلف سیرت کو اب یہ بتانا چاہتے ہیں کہ آپ کا یہ بیان بالکل غلط ہے حقیقت یہ ہے کہ علمائے کرام اور مولانا محمد علیؒ نے ایک ہی وقت اس مسودۂ قانون کی طرف توجہ مبذول کی۔ مولانا کا اخبار روزانہ تھا اس لئے ان کا مضمون جلد شائع ہو گیا۔ الجمعیۃ ہفتہ میں دو بار تھا ...

[illegible]

ہمدرد کا صرف ایک مضمون

علماء کی بیداری

ٹیلیگراف ایجی ٹیشن

حکومت بیان شائع کرے

گاندھی جی اور ڈاکٹر مونجے

ضروری گزارش

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا (جو کہ آپ کے نام سے پہلے پتہ کے شروع میں لکھا ہوا ہوتا ہے) حوالہ ضرور دیا کریں۔

نیز جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف۔ (منیجر)

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی بصیرت افروز تقریر

(بسلسلہ صفحہ ۲)

پڑھی ہوئی ہوگی بلکہ اس کی عبارتیں کی عبارتیں اور صفحات کے صفحات شاہ صاحب کو حفظ یاد ہوں گے۔ کسی واقعہ کا تذکرہ شاہ صاحب کے سامنے آیا اور شاہ صاحب نے اس کے تمام متعلقات بیان کرنے شروع کر دئیے۔ مطبوعہ کتب کے علاوہ حضرت شاہ صاحب کو صدہا قلمی کتب کی عبارتیں بھی محفوظ تھیں جو شاید ابھی آج تک پریس اور مطابع کی مرہون منت نہیں ہیں شاہ صاحب کو ان کے بھی صفحات حفظ تھے۔ شاہ صاحب سے کسی مسئلہ میں گفتگو کیجئے اور کسی وقت کیجئے آپ کو معلوم ہوگا کہ شاہ صاحب اس مسئلہ کیلئے بڑی دیر سے منتظر بیٹھے ہوئے اس امر کا انتظار کر رہے تھے کہ یہ مسئلہ کوئی مجھ سے دریافت کرے اور میں جواب دوں۔

زندہ لائبریری

معزز حاضرین! میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ نے دو شنبہ کی شام کو دیوبند کی خاک میں کسی انسان کو دفن نہیں کیا ہے بلکہ آپ نے ایک مکمل لائبریری کو سپرد خاک کر دیا ہے۔ ...

شاہ صاحب کی موت کا صدمہ

سعید بن جبیر اور حجاج کا واقعہ

(باقی صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے)

وقت نہایت صفائی کے ساتھ یہ بتانا چاہئے کہ وہ خیالات و نظریات کے اس اختلاف میں گاندھی جی کی تائید کرتے ہیں یا ڈاکٹر مونجے کی۔ آیا ان کے نزدیک بھی ہندو مسلم اتحاد حصول سوراج کے لئے شرط اولین ہے یا نہیں؟ اور آیا وہ بھی بنیادی پونا گروپ گاندھی جی کی مساعی کا نتیجہ ہے تو قوم کے لئے فی الجملہ مفید خیال کرتے ہیں یا نہیں؟ یہ مسائل نہایت اہم ہیں اور ان پر اخبارات کو جو قوم کی زبان ہوتے ہیں پوری آزادی کے ساتھ اظہار رائے کرنا چاہئے تاکہ تمام دنیا کو معلوم ہو سکے کہ ہندو گاندھی جی کے ساتھ ہیں یا ڈاکٹر مونجے کے ساتھ اور اس کے بعد ہر شخص ایک صحیح رائے قائم کر سکے۔ اسی طرح ہندو رہنماؤں کو بھی چاہئے کہ اگر وہ ڈاکٹر مونجے کو غلطی پر سمجھتے ہیں اور گاندھی جی کے مؤید ہیں تو ان مسائل پر لب کشائی کریں۔

جیسا کہ پچھلے دنوں سر چمن لال سیتلواڈ نے ہمیں بتایا تھا ہم خود بھی یہی سمجھتے ہیں کہ ہندو مہاسبھا تعلیم یافتہ ہندوؤں کی نمائندہ نہیں ہے اور سوائے ان متعصب و مجنون ہندوؤں کے جنہیں فرقہ وارانہ جذبات سے اپیل کر کے عارضی طور پر اکسایا جا سکتا ہے کوئی مستقل و معقول پسند جماعت مہاسبھا کی پشت پناہ نہیں ہو سکتی ہے ہمیں یقین ہے کہ ہندوؤں کی اکثریت گاندھی جی اور کانگریس کے ساتھ ہے نہ کہ ڈاکٹر مونجے کی متبع ...

حضرت مولانا سید انور شاہ رحمۃ اللہ علیہ

چمن ولی اللہی کے ایک بار آور و ثمر دار شجر تھے

آج ہم نے ایک مکمل لائبریری کو سپرد خاک کر دیا

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی بصیرت افروز تقریر

دہلی کی جامع مسجد میں حضرت امام العلماء شیخ الحدیث سید انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وصال پر اظہار حزن و ملال اور ایصال ثواب کی غرض سے جو عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند منعقد ہوا تھا اس جلسہ میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل تقریر ارشاد فرمائی تھی جسے ہم سب و عدہ تمام و کمال درج کرتے ہیں:-

[illegible]

علمی فضیلت

عربی اخبارات کے تراجم

خاص الجمعیۃ کے لئے

مراکش کے مسلمانوں کو عیسائی بنانے کی کوشش

ٹیونس اور شمالی افریقہ میں فرانس کے کارنامے

مسلمانوں کے ضمیر و ایمان پر پادریوں کا شبخون

جب سے شمالی افریقہ میں حکومت فرانس نے اپنے قدم جمائے ہیں اسوقت سے اسکی کوشش یہی رہی ہے کہ دو کروڑ مسلمانوں کو دائرہ اسلام سے نکال کر ان کی گردنوں میں تثلیث کا حلقہ ڈالا جائے۔ ...

کہا گیا۔ جوامع و مساجد میں مواعظ و ارشادات کو روک دیا گیا اور دینی مدارس (جن میں قرآن حکیم کی تعلیم دی جاتی تھی) کو بند کیا گیا یہاں تک کہ ۱۶ مئی ۱۹۳۰ء کو مراکش میں ظہیر بربری جاری کیا گیا جس کی رو سے محاکم شرعیہ کو توڑ دینا ضروری قرار دیا گیا۔ اور مذہبی تبلیغ و ارشاد سے مسلمانوں کو جبراً منع کیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی مسلمانوں کو مجبور کیا گیا کہ وہ مسیحی مذہب کے بت پرستانہ مراسم اختیار کریں۔ عیسائی پادریوں کو عام اجازت دیدی گئی کہ وہ انجمنیں قائم کر کے ہر امکانی طریقہ کو اختیار کر کے مسلمانوں کو مرتد کرنے کی کوشش کریں، صلیب کو مساجد و جوامع پر نصب کر دیں اور انجیل کو ان کی کتاب قرار دیں۔ جب فرانس کو اس میں بھی کامیابی نہ ہوئی تو اس نے ٹیونس کے عرب مسلمانوں کو عربی قومیت اور اسلامی جنسیت سے نکالنے کا قانون نافذ کر دیا تاکہ مسلمان اس طریقہ سے ہی اپنے دین، اپنے ضمیر اور اپنی قوم سے نکل کر مسیحی بن جائیں۔

افریقہ میں فرانس کی اس اسلام دشمنی کے خلاف بغداد کی "ہدایت اسلامیہ" اور "جمعیۃ شبان" نے سخت احتجاج کیا ہے اور حکومت فرانس سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جلد از جلد اس قانون کو منسوخ کر دے جس کا نتیجہ خود اس کے لئے بھی اچھا نہیں نکلے گا۔

والی عراق کے مجسمہ کی نقاب کشائی

سرزمین عرب میں خانوادۂ نبوت کے کرتوت

گزشتہ ہفتہ شاہ فیصل والی عراق کے مجسمہ کی نقاب کشائی کی رسم بڑی دھوم دھام سے ادا کی گئی۔ وزیر اعظم عراق نے اس رسم کو ادا کیا۔ اس موقعہ پر عراقی وزراء اور دیگر شاہیرہ کے علاوہ برطانوی افسروں کی کافی تعداد موجود تھی۔ شاہ فیصل کا مجسمہ موجودہ صنعت کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے۔ اس مجسمہ کو بنانے والا اٹلی کا مشہور آرٹسٹ سکفور یا نیژو ہے۔ اس نے مصطفیٰ کمال پاشا کے مجسمہ کو بھی بنایا تھا جو انگورہ کے ایک پرفضا مقام میں نصب کیا گیا ہے۔ اسی موقعہ پر بغداد کے جنوبی دروازہ پر ایک دوسرے مجسمہ کی بھی نقاب کشائی ہوئی۔ یہ مجسمہ عبد المحسن السعدون (سابق وزیر عراق) کا ہے۔ اس کے بعد پبلک باغ میں ایک دوسری رسم ادا کی گئی۔

(اسلام نے زرہ دورانی یشی جن امور سے مسلمانوں کو سختی سے منع کیا تھا آج خانوادۂ نبوت کا ایک فرد محض یورپ کی تقلید میں اس کا خوشی خوشی ارتکاب کر رہا ہے۔ انگورہ اور بغداد و مغرب کی خواہ کتنی ہی تقلید کر لیں مگر وہ اس رفعت اور سکون کو حاصل نہیں کر سکتے جو احکام اسلام کی تعمیل سے مسلمان کو حاصل ہوتا ہے۔ عزت اقبال سے نہیں بلکہ ذاتی جوہروں سے حاصل ہوتی ہے۔ الجمعیۃ)

سوڈان کے مسلمانوں پر پادریوں کی یورش

برطانیہ، فرانس کے نقش قدم پر

مسلمانان "واد" (سوڈان) ہر سال مولد نبوی میں جمع ہو کر مذہبی مراسم ادا کرتے ہیں اور ان کا امام مسلمانوں کو عبادات اور مذہبی امور کی تلقین کرتا ہے۔ امسال عیسائی مبلغین نے مولد نبوی کے اس اجتماع پر اعتراض کیا اور حکومت برطانیہ نے ان کے اعتراض کو تسلیم کرتے ہوئے اس اجتماع کو ممنوع قرار دیدیا۔ اب مسلمان برطانیہ کے اس جور و ستم کے باعث اپنے دینی معاملات میں آزاد نہیں رہے اور نتیجہ یہ ہوا کہ وہ وعظ و ارشاد سے محروم ہو گئے۔ یہ استبداد صرف "واد" ہی محدود نہیں ہے بلکہ سوڈان کے تمام جنوبی حصوں میں مسلمانوں کے ساتھ یہی سلوک کیا جا رہا ہے اور پادری مختار کل بنے ہوئے حکومت سے جو چاہتے ہیں کرا لیتے ہیں۔

اب یہ علاقہ پادریوں کی (مراکش کی طرح) ہو گیا ہے۔ جہاں مسلمانوں کو منتشر اور پادریوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے اور حکومت برطانیہ بھی فرانس کے قدم بقدم چل کر مسلمانوں کی مذہبی روح کو کچلنے پر آمادہ ہو گئی ہے۔

مصری حکومت کی آمدنی میں اضافہ

مصری حکومت کے داخل و خارج کے اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ گزشتہ مارچ کے مہینہ تک حکومت مصر کی آمدنی اخراجات کی نسبت بقدر ۴۰۰۰۰۰ گنی زائد رہی۔

ملک شام کی سرکاری رپورٹ مظہر ہے کہ ۱۹۳۲ء میں شامی حکومت کو ۴۸۰۰۰۰۰ لیرہ کی آمدنی ہوئی۔ اور اسی مدت میں اخراجات کا تخمینہ ۱۲۵۰۰۰۰ تھا۔

تخفیف اسلحہ کی مجلس میں سفیر افغانستان کی شرکت

ایک اطلاع کے مطابق آقا سلطان احمد خان سفیر کبیر افغانستان متعینہ انگورہ کانفرنس تخفیف اسلحہ کی شرکت کیلئے انگورہ سے جنیوا روانہ ہو گئے ہیں۔

ترکی حکومت کا میزانیہ

۱۷ کروڑ لیرہ کا تخمینہ

ترکی حکومت کی وزارت مال نے بڑی بحث و تمحیص کے بعد ۱۹۳۳-۳۴ء کا میزانیہ طے کر لیا ہے جو عنقریب مجلس ملی کبیر (گرانڈ نیشنل اسمبلی) میں تائید و تصویب کیلئے ارسال کر دیا جائے گا۔

...۱۹۳۲-۳۳ء میں میزانیہ کی کل تعداد ۱۹ کروڑ ۰۰ لاکھ تھی۔ اب ۱۹۳۳-۳۴ء کے لئے میزانیہ کی جو مقدار منظور ہوئی ہے وہ کل ۱۷ کروڑ لیرہ ہے۔ ترکی ماہرین اقتصادیات کا خیال ہے کہ اگر تعمیرات کے کل کام بند بھی کر دئیے جائیں تو اس مقدار سے کم میزانیہ مقرر نہیں ہو سکتا۔

انگلستان کی مطبوعات میں حیرت انگیز اضافہ

ایک سال میں ڈیڑھ لاکھ کتب کی طباعت

ہر قوم اور ہر ملک کی عمرانی و علمی ترقی کا حال اس کی مطبوعات سے لگایا جاتا ہے۔ آج دنیا میں یورپ کو مطبوعات کے ذریعہ جو ترقی حاصل ہوئی ہے اس کا مقابلہ ایشیا کا کوئی اور ملک نہیں کر سکتا۔ اقتصادی بحران اور کساد بازاری کے باوجود یورپ معارف کی اشاعت میں گوئے سبقت لے گیا ہے اور سال ماسبق سے بھی زیادہ امسال مطبوعات کی اشاعت ہوئی ہے۔

۱۹۳۲ء میں صرف انگلستان کے مطابع نے ۱۴۸۴۰ کتابیں شائع کی ہیں گویا ۱۹۳۱ء کی نسبت ۱۹۳۲ء میں ۱۵۰۰ کتابیں زیادہ طبع ہو کر منظر عام پر آئی ہیں۔ اسی طرح ۱۹۳۲ء میں قصہ کہانی پر ۴۰۰۳ ناول طبع ہو کر شائع ہوئے ہیں۔ حالانکہ ۱۹۳۱ء میں اس قسم کی کتابوں کی تعداد ۳۴۶۴ تھی۔

حکومت حجاز کسی چیز کو رہن رکھنا نہیں چاہتی

گورنمنٹ حجاز کی طرف سے سرکاری اعلان

حکومت حجاز نے مندرجہ ذیل سرکاری اعلان شائع کیا ہے:-

"ممالک خارجہ میں حجاز کے متعلق یہ افواہ پھیلی ہوئی ہے کہ حکومت حجاز بعض قرضوں کی ادائیگی کیلئے اپنے دفاتر رہن رکھ رہی ہے۔ حکومت حجاز اس بے بنیاد خبر کی تردید کرتی ہے اور اعلان کرتی ہے کہ حکومت نے نہ تو کسی سے قرض لیا ہے اور نہ اس کی ادائیگی کے لئے حجاز کے دفاتر رہن رکھنے کا کوئی ارادہ کیا ہے۔ یہ خبر سراسر بے بنیاد ہے۔"

اسی کے ذیل میں مسٹر عبد اللہ قلبی (نومسلم انگریز) انبار ٹائمز اور الاہرام کی تردید کرتے ہوئے اعلان کرتے ہیں کہ تار کے جن الفاظ سے یہ مفہوم لیا گیا ہے ان کا ترجمہ غلط کیا گیا ہے اور اسی وجہ سے یہ غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے۔

انگلستان کے وزراء کی ادبی اور تحریری خدمات

مضامین نویسی کے صلہ میں لاکھوں پونڈ کی آمدنی

انگلستان کے وزراء نامہ نگاری اور کتب نویسی میں جس قدر رقم پیدا کرتے ہیں اتنی رقم شاید ان کو شاہرہ میں بھی نہیں ملتی۔ مسٹر چرچل نے اب تک مضامین نگاری میں ڈیڑھ لاکھ پونڈ کمائے ہیں۔ سر لارڈ اوکسفورڈ نے مختلف مضامین کے صلہ میں تیس ہزار پونڈ حاصل کئے۔ کتاب مشکلات کا حق المحنت آپ کو ۱۲ ہزار پونڈ ملا۔ کتاب فوائد حربی کو آپ نے ۸ ہزار پونڈ میں فروخت کیا اور وہ کتاب جو آپ نے پارلیمنٹ کے معاملات پر لکھی، ساڑھے چھ ہزار پونڈ میں فروخت ہوئی۔

مسٹر لائڈ جارج سابق وزیر اعظم انگلستان نے جو مقالات اخبارات کے لئے لکھے ان کے صلہ میں آپ کو ایک لاکھ پونڈ ملے۔ علاوہ ازیں ایک کتاب کی تصنیف پر بھی آپ کو اسی ہزار پونڈ ملے ہیں۔

کردستان میں پولیس کی جماعت پر حملہ

کردستان کے علاقہ برزان میں گزشتہ ہفتہ ایک ناگوار حادثہ پیش آ گیا۔ گو کردی بغاوت ترکی اور عراقی فوج کے ذریعہ فرو کر دی گئی مگر معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکوؤں کی کوئی جماعت اب تک وہاں موجود ہے۔ برزان کے علاقہ میں پولیس کی چوکی اور ایک گشتی پارٹی پر حملہ کیا گیا۔

معلوم ہوتا ہے کہ حملہ آور ڈاکو تھے جو باغیوں سے زیادہ خطرناک ہیں۔ حکومت نہایت احتیاط سے ان حوادث کا ہمیشہ کے لئے قلع قمع کرنا چاہتی ہے۔

لبنان میں پٹرول کے چشموں کا انکشاف

ڈاکٹر عطانے لبنان کے حدود میں کھدائی کے بعد پٹرول کے چشمے معلوم کئے ہیں۔ اب آپ چاہتے ہیں کہ کسی کمپنی کی امداد سے پٹرول کے اخراج کا کام شروع کیا جائے۔ اگر چشموں سے پٹرول کافی مقدار میں نکل آیا تو پھر لبنان خارجی پٹرول کی درآمد سے مستغنی ہو جائے گا۔

مدینہ منورہ اور نجف اشرف کے درمیان راستہ

مدینہ منورہ اور نجف اشرف کے درمیان خشکی کا جو راستہ تلاش کیا گیا ہے۔ اب اس کی تکمیل ہو گئی ہے اور حکومت عراق اس مسئلہ میں پوری دلچسپی کا اظہار کر رہی ہے۔ امید ہے کہ زائرین بیت اللہ الحرام کیلئے آئندہ سال یہ راستہ مکمل ہو جائے گا۔

دار الحکومت

طبیہ کالج نے پھر نازک صورت اختیار کرلی

پندرہ متولیوں کے نام کا اخراج

کالج کو ذاتی مناقشات سے پاک رکھنے کا عزم

طبیہ کالج کے جھگڑے گزشتہ دو سال سے جس طرح ناگفتہ بہ ہو رہے تھے ہمارا خیال تھا کہ اب وہ درست ہو گئے ہیں...

”ہندو مہاسبھا تعلیم یافتہ ہندوؤں کی نمائندہ جماعت نہیں ہے“

ڈاکٹر مونجے نے ہندو مسلم سمجھوتہ نہیں ہونے دیا

سر چمن لال سیتلواد کا دوسرا بیان!

شملہ ۹ جون۔ پریس کے ایک نمائندہ کو بیان دیتے ہوئے سر چمن لال سیتلواد نے فرمایا:-

میں ان الزامات کا یہاں جواب دینا نہیں چاہتا جو ڈاکٹر مونجے نے اپنے بیان میں مجھ پر عائد کئے ہیں البتہ میں صرف واقعات اور حقائق تک اپنے بیان کو محدود رکھنا چاہتا ہوں...

”ہندوؤں کو اتحاد کانفرنس سے علیحدہ رہنا چاہئے“

گاندھی جی نے دور رس غلطیاں کی ہیں

دشمن اتحاد ڈاکٹر مونجے کا ایک اور بیان

پونہ ۹ جون۔ لندن کو روانہ ہونے سے پہلے ڈاکٹر مونجے نے مندرجہ ذیل بیان دیا ہے:-

پہلی گول میز کانفرنس میں برٹش مدبروں نے فیڈریشن کا سراب دکھا کر ہندوستانی نمائندوں کو پھنسا لیا اور وہ مرکزی ذمہ داری کے شوق میں اس جال کے اندر پھنس گئے...

”اتحاد کانفرنس کی چال“

تدوین سیرۃ شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ

منتسبین و متوسلین امام العلماء خاتم المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ ... کو سیرۃ شیخ الحدیث علیہ الرحمۃ کی تدوین کا کام جلد از جلد شروع کر دیا جائے...

احقر عبدالوحید صدیقی سابق خادم مہاجر دیوبند

مسلم لیگ کے نام نہاد نمائندوں کا لندنی طواف

حکومت جھوٹے نمائندوں کے فریب میں آئے

مسلم لیگ کے صدر کا حکومت کو انتباہ

شملہ ۹ جون۔ میاں عبدالعزیز صدر آل انڈیا مسلم لیگ نے ایسوسی ایٹڈ پریس کو مطلع کیا ہے کہ انہوں نے حکومت ہند کے ریفارم کمشنر کے پاس مندرجہ ذیل تار ارسال کیا ہے...

ایک دوسرے والیٔ ریاست پر نزلہ

بد انتظامی کی وجہ سے مہاراجہ دیواس کی علیحدگی

شملہ ۹ جون۔ ایک اور والیٔ ریاست یعنی مہاراجہ دیواس (وسط ہند) کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ وہ ریاست سے اپنے لڑکے کے حق میں دستبردار ہو کر انگلستان جا رہے ہیں...

سکیبرٹہ میں ذبح گاؤ کے مقدمہ کا فیصلہ

روزانہ ذبح گاؤ کی اجازت

حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب کا وصال

ہمدردوں کا شکریہ

حضرت قبلہ شیخ الاسلام علامہ سید محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے سلسلہ میں احقر کے نام اور عزیزم حافظ محمد ازہر سلمہٗ (صاحبزادہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ) کے نام بے شمار تعزیتی خطوط اور سینکڑوں تار موصول ہو رہے ہیں...

احقر سید محفوظ علی عفا اللہ عنہ
از دیوبند ضلع سہارنپور۔ محلہ خانقاہ

پارلیمنٹری کمیٹی میں گاندھی جی کی شرکت

پونہ کانفرنس کے انعقاد میں تاخیر

مولانا سلطان احمد کو دہلی سے اخراج کا نوٹس

اسلام نے دنیا کو کس قدر آزاد کیا

(احباب سیرت کمیٹی دہلی)

کانگریس کی مجلس عاملہ کے ارکان کو رہا کیا جائے

اسمبلی میں ایک تجویز

بنگال میں ستر ہزار تعلیم یافتہ بیکار

بمبئی میں والیان ریاست کا اجتماع

حکومت بالادست کے اختیارات پر غور

افغانی سفیر کے قتل کا مقصد

افغانی طالب علم کا بیان

پابندی نماز کا زیادہ خیال رکھو

مولانا شوکت علی کی اپنی بیوی اور کارکنوں کو نصیحت

جاپان کیلئے زندگی اور موت کا سوال

جاپان بھی برطانوی مال پر محصول لگائے گا

جاپان ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ کرے گا

امریکہ اور چین سے روئی خریدنے کا انتظام

”ہندوستانی روئی کے بائیکاٹ سے خود جاپان تباہ ہو جائے گا“

بمبئی ۹ جون۔ کارخانہ جات پارچہ کے قائم مقام صدر نے جاپان کی دھمکی پر ایک بیان شائع کیا ہے جس میں مذکور ہے کہ جاپان نے ہندوستانی روئی کے بائیکاٹ کی دھمکی بھی دی ہے حالانکہ یہ بالکل لغو اور بے معنی ہے اور جاپان اس دھمکی کو عملی جامہ پہنانے کی جرأت نہیں کر سکتا کیونکہ اس طریقہ سے خود اس کی صنعت تباہ ہو جائے گی۔

گاندھی جی کی صحت کی رفتار

ڈاکٹروں کا معائنہ

پونہ ۹ جون۔ ڈاکٹر اے۔ ای۔ ایرد۔ ۔ ۔ بمبئی نے آج گاندھی جی کا معائنہ کیا۔ آپ نے ان کی صحت کے متعلق مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے:-

”گاندھی جی کی صحت بہت آہستہ آہستہ ترقی کر رہی ہے۔ کل سے آپ کے وزن میں کمی نہیں ہوئی ہے ابھی کچھ عرصہ تک جسمانی اور دماغی آرام کی ضرورت ہے۔ بہتر ہے کہ وہ کسی سے ملاقات تک نہ کریں۔“

خبر ہے کہ گاندھی جی کی حالت آج کل سے بہتر ہے۔ ...

میاں عبدالعزیز صدر مسلم لیگ اور سید عبدالعزیز

میاں عبدالعزیز بیرسٹر پشاور صدر آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ لیگ کے گزشتہ اجلاس میں جو واقعہ پیش آیا اس کو بعض لوگ محض نام کی مشارکت کے باعث سید عبدالعزیز بیرسٹر (پٹنہ) کی طرف منسوب کر رہے ہیں ... لیگ کے گزشتہ ہنگامہ کو میری طرف منسوب نہ کریں، نہ میں لیگ کا صدر ہوں اور نہ اس کے گزشتہ ہنگامہ سے میرا کوئی تعلق ہے۔

گاندھی آشرم میں قرقی

احمد آباد ۹ جون۔ کل شام مسٹر ڈبی ... معاملت دار مع اسسٹنٹ اور چپراسی کے ساتھ سوا تین سو روپیہ مالگزاری وصول کرنے کے لئے گاندھی جی کے آشرم پہ پہونچے۔ معاملت دار نے آشرم کے منیجر سے دریافت کیا کہ وہ مالگزاری ادا کر دیگا یا نہیں۔ منیجر نے مالگزاری ادا کرنے سے انکار کر دیا۔ چنانچہ معاملت دار نے تقدی کا بکس کھولا اور سوا تین سو روپیہ کی نقدی قرق کر لی۔

انتقال پر ملال

نہایت افسوس اور رنج و ملال سے لکھا جاتا ہے کہ جناب ڈاکٹر و حکیم اسد اللہ خاں صاحب کامل طب و جراحت کے والد صاحب اپنے گاؤں دہپیہ میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ...

وہ ملک جہاں انسانوں کی قربانی ہوتی ہے

بچوں کو کنوئیں میں پھینکنے کی رسم

مہذب امریکہ میں وحشیانہ حرکات

ہندوستان کے ساتھ برطانیہ کے وعدے

خلف عہد کے لئے جدید دلائل

لندن ۸ جون۔ ضمنی انتخاب کے قدامت پسند امیدوار سر ارنلڈ ولسن کی حمایت میں ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کے ممبر لارڈ سیلبری نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا ... ثابت ہو۔

ہوائی بمباری ترک کرنے کا مشروط اعلان

جاپانی نمائندہ کا بیان

جنیوا ۸ جون۔ جاپانی نمائندہ مسٹر ... نے آج تخفیف اسلحہ جات کانفرنس کے جنرل کمیٹی کی میٹنگ میں اعلان کیا کہ جاپان ہوائی بمباری کو قطعاً ترک کرنا منظور کرے گا بشرطیکہ ان خدشات کو رفع کر دیا جائے ... اجلاس ۲۷ جون کو ملتوی ہو گیا۔

گمشدہ کی تلاش

محمد ادریس خاں ولد جواد علی خاں ساکن ... ضلع چمپارن (صوبہ بہار)۔ ۲۵ مئی سے غائب ہے جو صاحب اس لڑکے کا پتہ بتا دینگے ان کو کرایہ ریل کے علاوہ مبلغ ۱۰ روپے بطور انعام بھی دئے جائیں گے۔ حلیہ حسب ذیل ہے:- قد میانہ۔ چہرہ گول۔ رنگ گندمی۔ عمر ۱۵ سال۔ لنگی یا پائجامہ دونوں قسم کا کپڑا پہنتا ہے۔ (محمد ابراہیم ...)

چار حکومتوں کے معاہدہ پر دستخط ہوگئے

حکومت روم نے چار حکومتوں کا معاہدہ منظور کر لیا ہے اور آج شب کو ساڑھے ۸ بجے اس پر دستخط کر دئے گئے۔

بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۳

بہر حال شاہ صاحب کے اس اعلان حق کا یہ اثر ہوا کہ مسلمانوں کے عام طبقہ کو نمک کی تحریک سے ہمدردی ہوگئی۔

برادران ملت! شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ خدا کے فضل و کرم سے اتنی خوبیوں کے مالک تھے کہ ان کے اوصاف و کمالات کا احصار و استقصاء مجھ سے جیسے جاہل کے لئے ناممکن ہے۔ ...

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی بصیرت افروز تقریر

(بسلسلہ صفحہ ۳)

حضرت شعبی کا قصہ

سعید بن جبیر

حاصل کلام

شاہ صاحب کا سیاسی عقیدہ

نمک کی تحریک

اکسیر بال سیاہ

طاقت بحال کرنے اور قبل از وقت سفید شدہ بالوں کو جڑ سے سیاہ کرنے والی مشہور دوا

ناظرین! ہندوستان میں قبل از وقت بال سفید ہونے کی بیماری بری طرح پھیلی جا رہی ہے۔ نوجوانان وطن اس کے خطرناک اور مایوس کن نتائج سے ابھی بالکل ناواقف ہیں اور اس کے علاج و معالجہ میں غیر معمولی کاہلی اور غفلت سے کام لے کر اپنی آیندہ نسلوں کے لئے اس مرض کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں اگر نوجوانان ملک کی غفلت کا یہی حال رہا اور انہوں نے ہمیشہ ہی موجودہ لاپروائیوں سے کام لیا تو بلا مبالغہ یہ بیماری کچھ ہی دنوں میں وبائے عام کی شکل اختیار کرلے گی اور ملک کا ہر فرد و بشر اس نامراد مرض (جو جوانی ہی میں بوڑھا کر دکھاتی ہے) کا شکار ہو جائے گا اور جوانی ہی میں بڑھاپے کے آثار نظر آنے لگیں گے۔ ہم نے ملک کے اس وبا کو اس کے بیخ و بنیاد سے دور کرنے کے لئے بہت ہی محنت و جانفشانی سے کام لے کر ایک قدرتی اکسیری نسخہ ایک نیپالی سنیاسی بزرگ سے حاصل کیا ہے جو اس مرض کا جڑ سے قلع قمع کر دینے کے لئے کافی سے زیادہ آزمایا جا چکا ہے اور بفضلہ ہمیشہ اس کے استعمال کرنے میں اکسیر ثابت ہوا دوا کا نام اکسیر بال سیاہ ہے جو انہیں سنیاسی بزرگ صاحب کا بتایا ہوا ہے اکسیر بال سیاہ عرصہ تین چار سال سے ہمارے زیر تجربہ ہے۔ ہم کو اپنے گذشتہ تجربات کی کامیابی کی بنا پر دعویٰ ہے کہ اکسیر بال سیاہ دو ڈھائی ماہ استعمال کرنے سے قبل از وقت سفید شدہ بال خواہ وہ رنج و غم فکر و صدمہ۔ نزلہ و زکام دماغی محنت۔ اعصابی کمزوری کسی وجہ سے بھی سفید ہوگئے ہوں ہمیشہ کے لئے سیاہ ہو جاتے ہیں علاوہ اس کے اکسیر بال سیاہ اعضاء شکنی۔ ریڑھ۔ پشت۔ کمر اور پنڈلیوں کے درد کو دور کر کے تمام جسم میں چستی چالاکی اور جوانی کی امنگ پیدا کرتی ہے اس سے خون کی خرابی دور ہو جاتی ہے اور بدن کا رنگ کندن کی طرح نکھر جاتا ہے۔ جریان کی سالہا سال کی شکایت اس سے کچھ ہی دنوں میں دور ہو جاتی ہے۔ کثرت احتلام کا عارضہ دس بارہ دن میں دور ہو جاتا ہے اکسیر بال سیاہ …

منیجر اکسیر ہاؤس۔ کالی باغ بتیا (چمپارن)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ "منیجر"

بے روزگاروں کو خوشخبری

دی منیجر امپیریل موٹر ٹریننگ کالج نزد امپیریل بنک دہلی

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

محمد الطاف حسین ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے ووٹ دیجئے

لیکن کس کو؟

ڈاکخانہ کی طرف المیوں کس لئے

ممسک گولیاں

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلیماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

چند کتب نادر الوجود برائے فروخت

روزانہ مدینہ بجنور

ضرورت ہے

اردو زبان کا بہترین لغت
جامع اللغات

مولانا خواجہ عبد المجید

شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب کے وصال پر عالمگیر ماتم

علماء و طلبائے دہلی کا شاندار جلسہ تعزیت

حضرت مولانا احمد سعید صاحب و دیگر علماء کی رقت انگیز تقریریں

دہلی، ۷ جون۔ آج بعد نماز عشاء جناب مولانا سلطان محمود صاحب صدر مدرس مدرسہ فتحپوری کی زیر صدارت خاتم المحدثین حضرت العلامہ مولانا سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ کی وفات حسرت آیات پر اظہار غم واندوہ کے لئے تمام مدارس عربیہ دہلی کے اساتذہ، طلبہ اور مقامی علماء کا ایک عظیم الشان جلسہ تعزیت مسجد فتحپوری میں منعقد ہوا۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے کیا گیا اس کے بعد جناب مولانا محبوب الٰہی صاحب استاذ مولوی فاضل و منشی فاضل کلاس فتحپوری نے عربی میں اور چند دیگر حضرات نے فارسی اور اردو میں نہایت رقت انگیز اور پردرد مرثیے پڑھے۔ ان مراثی نے حاضرین پر غم واندوہ کی ایک خاص کیفیت طاری کر دی۔ ازاں بعد مولانا عبد الوحید صاحب صدیقی منیجر اخبار الجمعیۃ و سابق ایڈیٹر (مہاجر) نے خاتم المحدثین رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب …

… الفاظ میں توجہ بھی دلائی تھی۔ لہذا آپ کے تلامذہ و متوسلین کا فرض ہے کہ وہ اس اہم مقصد کو اپنی معمولات زندگی کا ایک اہم جزو قرار دے لیں۔ اور امکانی ساعی سے کسی حال میں دریغ نہ کریں۔ (نامہ نگار)

ڈابھیل (سورت)

حضرت مولانا بشیر احمد صاحب کی ولولہ انگیز تقریر

ڈابھیل ۷ جون۔ ۲۹ مئی ۱۹۳۳ء کو بوقت دوپہر ۱۲ بجے دیوبند سے حضرت مولانا شبیر احمد مدظلہ کی خدمت میں تار پہنچا کہ حضرت شاہ صاحب نے ۲۹ مئی کو شب میں انتقال فرمایا یہ خبر آناً فاناً میں طلبہ و مدرسین اور ارکان مدرسہ ڈابھیل بستی میں پھیل گئی ہر شخص اس سخت وحشتناک خبر اور اندوہناک سانحہ کو سن کر دم بخود رہ گیا جسکو دیکھو غم واندوہ کی تصویر بنا ہوا گریہ و بکا میں مصروف اور مدہوش و حواس باختہ نظر آتا تھا۔ اور پھر صبر و شکیب کی کوئی صورت میسر نہیں ہوتی اور جس قدر وقت گذرتا ہے یہ الم انگیز صدمہ اور زیادہ دل کی گہرائیوں میں سرایت کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ …

سہارنپور

پشاور

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

خوردنی خضاب

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

وہ خاتون

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

ماہوار رسالہ
ترجمان القرآن

دفتر ترجمان القرآن خیریت آباد حیدرآباد دکن

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

یداللہ علی الجماعۃ — سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم جمعہ ۲۲ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۶ جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۲

آفتاب علم و عرفاں گشت در مغرب نہاں

ترکیب در مرثیہ قدوۃ السالکین زبدۃ الکاملین خاتم المحدثین استاذ الاساتذہ مولانا محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

ای خوش آں رہبر کہ در راہ از دلِ آگاہ شد — در قدوش چشم حور العین فرش راہ شد
رفت اگر از منزلے بیروں بصد عزت برفت — شد بپاوائے دگر داخل باوجِ جاہ شد
از عمل بردست بودش مشعلے افروختہ — کز فروغِ او آسانی رہش کوتاہ شد
تا نپرسی کیست آنکو با چنیں فر و شکوہ — از جہاں دل کندہ و سوی قیامت گاہ شد
جامعِ فضل و ہنر آں مخزنِ علم و کمال — وانکہ از ماہی بخوبی شہرتش تا ماہ شد
نیّرِ فیضے کہ شرق و غرب سرشار وی ست — مہرِ عالمتاب یعنی نامش انورشاہ شد
ایں ندا ماں از جہانِ اہلِ افتا دور رفت — رفت اندر خونِ دل یکعالمے بنشاند و رفت

تا چہ شب بود آنشب از عالم کہ انورشاہ رفت — نخلِ ماتم سرزد از خاک دواں تا ماہ رفت
ای بسا کوہِ گراں لرزاں بخود زیں رستخیز — خود بخود پیچیدہ و از جا برنگِ کاہ رفت
عالمے را داد عمرے درسِ تفسیر و حدیث — تا بدار الخلد با علم و عمل ہمراہ رفت
بانوای ارجعی در راہ شد لبیک گو — سوی جاناں تن بجاں پرداخت او آنگاہ رفت
ایں نگویم مرد بلکہ از پی اخذِ حدیث — سوی فردوسِ بریں نزدِ رسول اللہ رفت
ایں نگویم نورِ چشمِ اہلِ دانش از میاں — رفت بلکہ از میانِ خیلِ انجم ماہ رفت
عالمِ اجسام از وچوں روی در اصلاح شد — از پی تعلیم اندر عالمِ ارواح شد

بعد ازیں انورشہ آں درسِ گفتنہا کجاست — طالبانرا لذتِ ذوقِ شنفتنہا کجاست
میتواں صد کوہ و ہاموں در طلب بشگافتن — موشگافیہا چہ شد واں لعل سفتنہا کجاست
خارہای شوق منزل را تواں فہمید و لیک — کعبۂ مقصود کو آسودہ خفتنہا کجاست
دوستاں زیں صدمۂ کامرزد عالم بپاست — تابِ ضبطِ گریہ در دردِ دل نہفتنہا کجاست
از سن از پست و بلند شعر پرسیدن خطاست — از الم رنجیدہ را سنجیدہ گفتنہا کجاست
فرض کردم دردِ دل گفتن زمن آید ہمے — لیک گوشِ ہوش را تابِ شنفتنہا کجاست
آبروی ہند و فخرِ قوم و آں سرخیل کو — آں فروغِ دیوبند و رونقِ دابیل کو

آں پناہِ ملت و دیں آبروی مؤمناں — ماحیِ آثارِ بدعت آرزوی مؤمناں
خادمِ دینِ محمد مرجعِ اہلِ کمال — باغبانِ باغِ مسلم رنگ و بوی مؤمناں
ایہا القوم علیکم لبسُ ثوبِ اسودِ — از چناں مرگیکہ واقع شد بکوی مؤمناں
میسزد در ماتمِ آں مقتدای مسلمیں — حشر اگر برپا شود از ہای و ہوی مؤمناں
سالہا باید کہ گردد آسماں گرد زمیں — تا زحق آید دگر چوں او بسوی مؤمناں
کس در علم و ادب نکشود در آخر زماں — زامتِ مرحومہ ہمچوں او بروی مؤمناں
زندگی شاید بملکِ زندگانی اینچنیں — یافتن باید حیاتِ جاودانی اینچنیں

مہرِ او را تا در ینعالم گزر افتاد باد — ای فلک ایں دورِ دورانی ترا ہم یاد باد
تا کہ از خاکِ عدم برخیزد آدم در وجود — جوہرش تا قابلِ صد گونہ استعداد باد
زانس و جن ہر دم دعای خیر بر روحش رساد — تا کہ با ہم اختلاطِ عالمِ اضداد باد
بزمِ ہستی تا چنیں از مبدأ فیض ست گرم — قصرِ علم از سعیِ شاگردانِ او آباد باد
در بسیطِ خاک در ہر خطہ از فیضِ او — تا قیامت قائم از دانش یکے بنیاد باد
مردِ تقوی و عمل از صحبتِ صدرِ کبار — یا الٰہی روحِ او در صدرِ جنت شاد باد
ایں نہ انورشاہ از عالم گذشت اید وستاں — آفتابِ علم و عرفاں گشت در مغرب نہاں

تا قضا خطِ فنا در جبہۂ آدم نوشت — ناں جہانِ انجم و زاو در ینعالم نوشت
مرگ را فرمود دامنگیرِ جانِ پاکِ او — ہم ز خود بیگانہ و ہم باخودش محرم نوشت
بر سرِ یکعالمے امروز اندر انس و جن — از وفاتِ شاہ انور نامۂ ماتم نوشت
مختصر ایں حادثہ چنداں نہ جاں فرساستی — تا مطولِ شرحِ او تو انم ای ہمدم نوشت
دیدہ در خونِ دل بنشاندہ دارم از الم — حرف نتواند کسے با دیدۂ پرنم نوشت
بیدلِ بیچارۂ خستہ در زمانہ یادگار — سالِ تاریخِ وفاتش (بادشاہِ عالم) نوشت ۱۳۵۲
مفتِ او بادا بہشت از حضرتِ ربِّ الجلیل — سایۂ طوبیٰ و حور العین و جامِ سلسبیل

[illegible]

پورے اسلامی کتب خانہ کی برابر

ایک زبردست اسلامی انسائیکلوپیڈیا

جو سات اسلامی ضخیم کتابوں کی روح ہے اور جس میں دس ہزار سے زائد دینی اور دنیاوی مسائل ہیں

فلاح دین و دنیا

[illegible]

کتابت اور طباعت لاجواب | مختصر فہرست مضامین فلاح دین و دنیا | کاغذ اعلیٰ تقطیع بڑی کتابی

باب اول عقائد ... باب دوم ... باب سوم ... باب چہارم ... باب پنجم ... باب ششم حیات و وفات [illegible]

نئی روشنی کے مسلمان مذہب سے ناواقف ہیں

[illegible]

آپ کا گھر اس کتاب سے ہرگز خالی نہیں رہنا چاہئے

[illegible]

خواجہ بک ڈپو نمبر ۳۲ جامع مسجد دہلی

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہوگیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کرکے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید یہ دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کرسکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے سائنٹفک طریق پر تیار کیا گیا ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔

کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہوتا ہے۔ اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور [illegible] انفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱۲ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملاکر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے نہایت تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومن کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کردیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اور جس میں جنت کی بشارتیں ہیں اس کا نام جنت کی کنجی ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور جنت کی کنجی کی قیمت [illegible] لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف [illegible] لی جائے گی دونوں حصوں میں کل [illegible] احادیث درج ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

اب اتنا مشہور اور مقبول ہوچکا ہے کہ اس کے تعارف کے لئے لمبی چوڑی عبارت کی حاجت باقی نہیں رہی ہے۔ مختصر یہ ہے کہ اتنی خوبیوں کا قرآن مجید ہندوستان کیا ہندوستان سے باہر بھی کہیں شائع نہیں ہوا۔ خوشخطی۔ طباعت اور صحت کا غیر معمولی اہتمام کیا گیا ہے حاشیہ پر کامل حسن التفاسیر اردو چڑھی ہوئی ہے۔ انہیں خوبیوں کی وجہ سے حضور نظام نے اس قرآن مجید کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا ہے حضرت شیخ سعدی کی ۲ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب ۳ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب ۴ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب ۵ اور حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ جیسے بزرگوں کے ترجمے بین السطور درج کئے گئے ہیں۔

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے [illegible] مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر ایک اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود رہنا نہایت ضروری ہے [illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

بھی وہی ہے جو امیروں کا ہے۔ جس طرح امیر مسلمانوں کے لئے خدائی کتاب "قرآن مجید" کی تلاوت ضروری ہے۔ اسی طرح غریبوں کے لئے بھی ضروری ہے لیکن قیمت زیادہ ہونے کی وجہ سے قرآن مجید نہیں حاصل کرسکتے اس لئے ان کی آسانی کے خیال سے ایسا قرآن مجید شائع کیا گیا ہے۔ جس کا ہدیہ تو برائے نام ہے۔ لیکن خوبیوں میں بے نظیر ہے۔ یہ نورانی قرآن مجید ہے جسے ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس نے لکھا ہے۔ عالموں اور حافظوں کی ایک جماعت نے صحت کی ہے چھپائی اتنی اچھی کہ ہر لفظ موتی کی طرح چمکتا ہے ہر حرف کا اعراب ٹھیک اسی حرف پر لگا ہوا ہے۔ عورتیں۔ مرد۔ بچے۔ جوان اور بوڑھے سب آسانی سے تلاوت کرسکتے ہیں ہدیہ بلا جلد صرف ایک روپیہ ہے۔ مجلد بارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے اور مجلد چرمی نقرئی دو روپے [illegible] علاوہ محصولڈاک۔ نورانی قرآن مجید۔ مولانا اشرف علی صاحب کے ترجمے کا بھی شائع کیا گیا ہے۔ اور ٹائٹیل نہایت خوشنما رنگین ہے۔

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم جمعہ ۲۲ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

سیرت محمد علی کے دو ابواب
علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۲)

سادر ابل کا ابتدائی دور

الجمعیۃ نے سادر ابل کے ابتدائی دور ہی میں لکھا تھا کہ

"اس معاملہ کا جہاں تک ہندوؤں سے تعلق ہے اگر ان کی معاشرتی اصلاح کے لئے ایسا کوئی قانون بنادیا جائے تو ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہ ہوگا مگر مسلمانوں کے لئے اس قسم کا قانون بنانا شریعت اسلامیہ میں صریح مداخلت ہے جس پر ہم سختی کے ساتھ احتجاج کریں گے۔ اسلامی شریعت میں محرمات شرعیہ کے سوا ہر مرد کا نکاح ہر عورت سے ہوسکتا ہے اس میں عمر کی کوئی قید نہیں ہے اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے ثابت ہے کہ ایک ۵۳ سال کا مرد ایک ۹ سال کی لڑکی سے نکاح کرسکتا ہے۔

کی تھی۔ حضرت مولانا نے اپنے مضمون میں تحریر فرمایا تھا کہ:

"منجملہ مسائل عقد نکاح کے ایک مسئلہ یہ بھی ہے جو بدقسمتی سے آپ کی دلچسپی کا محور بن گیا ہے اس کا مفہوم صرف اس قدر ہے کہ صغیر اور صغیرہ کے اولیا اگر مناسب سمجھیں اور لڑکی یا لڑکے کے لئے مفید خیال کریں تو بلوغ سے قبل ہی ان کا نکاح کرسکتے ہیں۔ بالغ ہونے کے بعد اگر لڑکا اپنے اولیا کے تصرف کو پسند نہ کرے تو لڑکی کو طلاق دے سکتا ہے۔ اسی طرح اگر لڑکی کو بھی یہ تصرف پسند نہ ہو تو لڑکی باپ ...

سرکاری بنچوں سے اس کا جواب یہ دیا گیا تھا کہ اراکین جمعیۃ مقننہ کے یہ خیالات محض توہمات کے درجہ میں ہیں۔ اس قانون کو حکومت انتہائی مجبوری کی حالت میں منظور کررہی ہے اور اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ جو لوگ سول نافرمانی کرکے حکومت کی مشینری کو بے کار کررہے ہیں ان کے خلاف اسے استعمال کیا جائے۔ ہم یقین دلاتے ہیں کہ اس قانون کا استعمال صرف ناگزیر صورتوں ہی میں کیا جائے گا اور اس سے پبلک مفاد کے دوسرے کاموں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ مقامی حکومتیں احکام نافذ کرتے وقت زیادہ سے زیادہ حزم و احتیاط سے کام لیں گی اور اس قسم کی شکایت کا موقع نہیں دیا جائے گا جو اس وقت ظاہر کی جارہی ہے لیکن ہم یہ جانتے تھے کہ اس باب میں گزشتہ تجربات نہایت تلخ ہیں حکومت قوانین منظور کراتے وقت جو وعدے کیا کرتی ہے انہیں آگے چل کر بھول جاتی ہے اور پھر جب ایک حربہ اس کے ہاتھ میں آجاتا ہے تو کرشا ہی اسے خوب دل کھول کر موقع بے موقع اور جائز و ناجائز استعمال کرتی رہتی ہے۔ بارہا ایسا ہوچکا ہے اور آئندہ بھی ہوگا اس لئے ہم نے اسی وقت لکھا تھا کہ یہ باتیں محض کہنے ہی کرنے کی نہیں ہیں اور وقت بتادے گا کہ ہمارا خیال کس حد تک صحیح ہے۔

آج جو کچھ ہورہا ہے اس سے ان اراکین جمعیۃ مقننہ کے خیالات کی حرف بحرف تصدیق ہوتی ہے جو اس مسودۂ قانون کی مخالفت کرتے ہوئے حکومت کے طریق کار کو ظاہر کررہے تھے۔ ...

... ملک اور اپنی قوم کے ساتھ غداری کرے گا بلکہ اپنے مذہب اور اپنے اخلاق کو بھی علی الاعلان پامال کردے گا۔

حوادث و احکام

استفتا

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل کے متعلق

(۱) بعد نماز فرض مصلیان ادائے سنن و نوافل و ذکر و شغل وغیرہ کرتے ہیں ...

الجواب

استفتا

الجواب

انڈمان میں مقاطعہ جوعی

حکومت دہلی کی ادھا دھند کاروائی

مسودہ قانون امتناع مسکرات

انتقادات

ترجمان القرآن

ماہنامہ، سالانہ مرتبہ مولوی ابوالاعلیٰ مودودی، مقام اشاعت حیدرآباد دکن، سائز ۲۰×۲۶، حجم ۷۲ صفحات، کاغذ سفید چکنا، ٹائیٹل رنگین، کتابت و طباعت اعلیٰ، قیمت سالانہ صرف فی پرچہ آٹھ آنے۔ ملنے کا پتہ منیجر ماہنامہ ترجمان القرآن حیدرآباد دکن۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی ذات گرامی قارئین الجمعیۃ کے لئے محتاج تعارف نہیں ہے۔ الجمعیۃ کی زندگی کے ابتدائی دور میں مولانائے موصوف نے تین سال تک جس اعلیٰ قابلیت اور بلند معیار کے ساتھ جمعیۃ علمائے ہند کے اس ترجمان خصوصی کی ادارت کے فرائض انجام دئے اس سے تمام باخبر حضرات اچھی طرح واقف ہیں۔ الجمعیۃ سے علیحدگی اختیار کرنے کے بعد سے آج تک آپ کا قیام حیدرآباد (دکن) میں ہے اور آپ کا تمام وقت علمی مشاغل میں صرف ہورہا ہے۔ ہمیں یہ دیکھ کر نہایت مسرت ہوئی کہ حیدرآباد کے اہل علم حضرات نے مولانا کے قیام سے فائدہ اٹھاکر موصوف کو ایک اہم ترین دینی و ملی خدمت کے لئے آمادہ کرلیا ہے اور رسالہ ترجمان القرآن جو پہلے مولوی ابومحمد مصلح صاحب ...

مراسلات

(اڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

"سیرت محمد علی" اور جمعیۃ العلماء
گمراہ کن اتہامات کی تردید

محترم مدیر الجمعیۃ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ "سیرت محمد علی" پر جو تنقید آپ فرمارہے ہیں حقیقت میں آپ اس کے لئے بہت بہت شکریہ کے مستحق ہیں کیونکہ آپ نے قریب قریب وقت ہی پر قوم کو صحیح حقیقت سے روشناس کرادیا۔ بیشک آپ نے اپنا فرض ہی ادا کیا ہے۔ مگر قوم بھی تو صحیح رہنمائی کا شکریہ اپنا فرض سمجھتی ہے۔

آپ کو معلوم ہوگا کہ آج کل سچ میں مولانا محمد علی صاحب کے وہ پرائیویٹ خطوط بھی شائع ہورہے ہیں جو مولانا نے رفیق کار ہونے کی حیثیت سے مولانا عبدالماجد صاحب بی۔ اے کو لکھے تھے۔ ان خطوں کا اس وقت منظر عام پر لانا کس مصلحت سے ہے اسے مولانا عبدالماجد صاحب ہی بہتر جانتے ہیں ...

میونسپل ریویو

گڑے مردے

چینی ترکستان یا انقلابات کی سرزمین
موجودہ "بغاوت" کے اسباب و علل پر ایک چینی اخبار کا بیان
روس اور چین کا الزام برطانیہ پر

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

چینی ترکستان کے قدیم و جدید حالات پر مشتمل ایک مضمون اخبار "پیپلز ٹریبیون" میں مسٹر فرینک گوڈون کے قلم سے شائع ہوا ہے۔ ہم ناظرین کرام کیلئے اس کا ترجمہ ذیل میں شائع کرتے ہیں۔

مضمون نگار نے چینی ترکستان کے مسلمانوں کو بار بار "باغی" کے مکروہ نام سے یاد کیا ہے جو تحریک حریت کے پیش نظر ایک بے معنی اور توہین آمیز لفظ ہے لیکن ہم نے اس لفظ کو ترجمہ میں باقی رکھا ہے تاکہ مضمون نگار کا مقصد قارئین کرام پر ظاہر ہوجائے اور مضمون کی اصل نوعیت کے سمجھنے میں ان کو کوئی دقت پیش نہ آئے۔ مسٹر فرینک گوڈون لکھتے ہیں:

۱۸۴۷ء میں حکومت برطانیہ نے کشمیر پر قبضہ جمالیا۔ کشمیر کے مسلمانوں نے، جو چینیز چین کے محکوم تھے، چینی ممالک پر حملے کرنے شروع کردئے اور لداخ اور دیگر شہروں کو فتح کرتے ہوئے چینی ترکستان میں پہونچ گئے۔ کشمیر کا علاقہ حکومت ہند کے ماتحت آگیا۔

تیل کے چشمے اور معدنیات

سنکیانگ (چینی ترکستان) کے جنوب مغرب میں قیمتی معدنیات کا کافی ذخیرہ ہے چینی ترکستان میں ختن، یارقند اور کاشغر کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ حکومت برطانیہ نے چند سال ہوئے کاشغر میں اپنا سفیر مقرر کردیا تھا۔ چینی ترکستان کے مغرب اور جنوب میں تیل کے چشمے ہیں۔ زیادہ تر تیل کھنی گن۔ اکسو اور کوچار سے نکالا جاتا ہے اور ان پر چینی حکومت کا قبضہ ہے۔ تیل کے کارخانوں سے متعلق چینی افسر ...

انقلابات کی سرزمین

بغاوت کا سبب

برطانیہ پر الزام

چینی ترکستان کی قدیم عظمت

عہد بہ عہد حملہ آوریاں

تمیں لاکھ مسلم آبادی

... سنکیانگ ہے اور جو چین کا ایک قدیم ترین ملک ہے وہ آج چین کے ہاتھ سے نکل گیا ہے۔ ڈونوتور مقام پر اب جاپانی خطرات سے نئی چین کو دو چار ہونا پڑے گا، گویا سیاسی تفکر، صلح اور برادرانہ تعلقات اور ایک نئے آرڈر کے قیام کی بابت خیال آرائیاں کررہے ہیں!

... ۱۸۵۱ء میں جاپان اور روس کے درمیان ایک تجارتی معاہدہ ہوا۔ ۱۸۶۵ء میں روس نے تاشقند کو فتح کرلیا اور ۱۸۶۶ء میں خوقند اور ۱۸۶۸ء میں سمرقند کو بھی فتح کرڈالا۔

سابق شاہ امان اللہ خاں کے موجودہ مشاغل
فٹ بال کے میچ میں شرکت

روم میں انگلو اٹالین فٹ بال کا میچ بڑے زور شور سے ہوا جس میں اٹلی کے ڈکٹیٹر سگنور مسولینی اور سابق شاہ امان اللہ خاں نے بھی شرکت کی۔ لندن میں اس میچ کی بعض دلچسپیوں کے متعلق اظہار خیال کیا جارہا ہے۔ مسولینی کے برابر شاہ امان اللہ خاں کی کرسی بھی بچھائی گئی اور وقت سے پہلے یہ دونوں اپنی اپنی کرسیوں پر جا بیٹھے۔ کھیل کے دوران میں ایک کھلاڑی نے گیند پر کک لگائی اور گیند بہت بلند ہوکر آؤٹ ہوگئی۔ اتنے میں لوگوں نے دیکھا کہ ایک شخص اپنی کرسی سے اٹھا جس کی نگاہ گیند پر جمی ہوئی تھی۔ اس نے گیند پر ایک کک لگائی اور اسکو میدان میں لڑھکادیا۔ یہ شخص سابق شاہ امان اللہ خاں تھے جنکی آنکھیں اس طفلانہ تفریح کے باعث چمک رہی تھیں۔ امان اللہ خاں ہنستے ہوئے پھر اپنی کرسی پر مسولینی کے پاس آبیٹھے۔

(اسٹیٹسمین)

ہنگری کے ایک شخص نے وزیر اعظم ہنگری کو سگریٹ کیلئے لکڑی کا ایک بکس پیش کیا ہے اس بکس میں ایک دیا سلائی بھی رکھدی ہے جس میں کمال یہ کیا ہے کہ دیا سلائی پر وزیر اعظم کی وہ پوری تقریر لکھدی ہے جو انہوں نے "فوجی ملازمت" کے عنوان پر کی تھی اور جس میں ملازمتوں کا پورا خاکہ کھینچا تھا۔ یہ تقریر ۱۱۷۶ الفاظ پر مشتمل ہے۔ لکھنے والے نے دیا سلائی پر اس پوری تقریر کو اس خوبی اور صفائی سے لکھا ہے کہ پڑھنے والا آسانی پڑھ سکتا ہے۔ لکھنے والے کا بیان ہے کہ یہ کام اس نے تین مہینوں کی محنت کے بعد پایۂ تکمیل کو پہونچایا ہے۔

(اسٹیٹسمین)

دنیا کو حیرت میں ڈالنے والا طبی تجربہ
ایک شخص کا دل نکالکر پھر اسکی جگہ رکھدیا گیا

آج کل طبی تجربات اپنی ندرتوں سے دنیا کو حیرت بنارہے ہیں۔ حال میں ایک شخص کا دل سینہ چیرکر باہر نکالا گیا، تھوڑی دیر کے بعد پھر اسکو اپنی جگہ پر رکھدیا گیا۔ یہ شخص ابھی تک زندہ ہے۔ یہ کامیاب آپریشن ...

دیا سلائی پر ۱۱۷۶ الفاظ کی تقریر

دہلی گورنمنٹ کی غیر ذمہ دارانہ اور بے دردانہ حرکت

مولانا سلطان احمد کا دہلی سے اخراج کس جرم پر مبنی ہے؟

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اعلان

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل بیان اخبارات کو بغرض اشاعت دیا ہے :-

"مولانا سلطان احمد صاحب جو جمعیۃ علمائے ہند کے نائب مفتی تھے اور جو محض دفتر میں مذہبی فتووں کا جواب لکھا کرتے تھے اور تقریباً ڈیڑھ ماہ سے انہوں نے کوئی پبلک تقریر بھی نہیں کی تھی ان کو بلا کسی قانونی وجہ کے گورنمنٹ دہلی نے چوبیس گھنٹے کا نوٹس دیکر دہلی سے خارج کر دیا ہے ایسی حالت میں جبکہ جمعیۃ علمائے ہند کو خلاف آئین جماعت نہیں قرار دیا گیا ہے۔ مجھے سخت تعجب ہے کہ دہلی گورنمنٹ دفتر جمعیۃ علمائے ہند کے ان لوگوں کے ساتھ جن کا کام صرف مذہبی فتویٰ نویسی ہے یا دفتر کا حساب رکھنا ہے ..."

عالمگیر اقتصادی کانفرنس میں ملک معظم کی تقریر

۶۷ سلطنتوں کے نمائندوں کا عدیم النظیر اجتماع

وزیر اعظم کی صدارت میں دو کمیشنوں کا تقرر

لندن ۱۳ جون بمحل لندن میں ملک معظم نے عالمگیر اقتصادی کانفرنس کا افتتاح کیا جس میں ۶۷ سلطنتوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اتنی اہم اور نمائندہ کانفرنس اب تک نہیں ہوئی ہے جس میں اس کثرت سے نمائندوں نے شرکت کی۔

جس وقت ملک معظم نے کانفرنس کا افتتاح کیا تو نمائندوں سے کسی نمائندہ نے بھی فوجی اور درباری لباس نہیں پہنا تھا۔ تمام لوگ صبح کے لباس میں ملبوس تھے۔ ایک ہندوستانی نمائندہ کے سر پر سفید پگڑی تھی اور سلطان ابن سعود کا نمائندہ عربی لباس میں ملبوس تھا۔ ملک معظم نے افتتاحی تقریر میں حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے اپیل کی۔ آپ کے بعد مسٹر ریمزے میکڈانلڈ وزیر اعظم برطانیہ نے تقریر کی اور فرمایا کہ شاید دنیا کی تاریخ میں آج تک ایک چھت کے نیچے ایسی نمائندہ اسمبلی کا اجلاس نہیں ہوا ہوگا۔

دار الحکومت

پریڈ کے میدان میں ایک پٹھان کا قتل

پانچ مسلم طلباء کے خلاف مقدمہ کی سماعت

بارہ ہندو راؤ دہلی میں مشاعرہ

تعلیمی نظام میں اصلاح کی ضرورت

کلکتہ کی بندرگاہ پر جہاز میں آتشزدگی

کوششوں کے باوجود آگ مغلوب نہ ہو سکی

دہلی میں گردن توڑ بخار کی شدت

اس خوفناک مرض سے بچنے کا علاج

کرنل میکڈانلڈ کی قبر کی بے حرمتی

پشاور کے ایک گاؤں پر سرکاری جرمانہ

پانچسو مکانات کی بیک وقت تلاشی

سازش کے سلسلہ میں چھ نوجوانوں کی گرفتاری

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

ریاست الور کے نظم و نسق میں تبدیلیاں

اخراجات میں تخفیف کی جائیگی

افغانی سفیر کے قتل پر حیرت کا اظہار

ہز ایکسلنسی علی محمد خاں وزیر تعلیمات کا بیان

مسلم لیگ کا کوئی جائنٹ سکرٹری نہیں ہے

آل انڈیا مسلم لیگ کے صدر کا اعلان

جموں میں پانچ مسلمانوں کی گرفتاری

تقریر کرنے کا الزام - دو کو سزا

ترکی میں بلغاریوں کے خلاف زبردست مظاہرے

مسلمانوں کی قبروں کو توڑنے کی مذموم حرکت

شہداء کے لئے ایصال ثواب کی مجلسیں

مسلم لیڈروں کی گرفتاری کے خلاف احتجاج

کشمیر کے مسلمانوں کا زبردست جلسہ

اسمبلی میں التواء اجلاس کی تحریک

اقلیتوں کیلئے اسامیوں کا مسئلہ

سیاسی مباحث میں گاندھی جی حصہ لیں گے؟

ڈاکٹروں کی رپورٹ کا انتظار

عالمگیر اقتصادی کانفرنس میں شرکت سے انکار

وزیر ہند کو سر پرشوتم داس کا کورا جواب

برطانیہ کے توہین آمیز رویہ پر احتجاج

لندن ۱۱ جون - سر پرشوتم داس ٹھاکر داس نے سر سیموئیل ہور کے پرائیویٹ سکرٹری کے نام ایک خط بھیجا ہے جو اس دعوت کے متعلق کیا تھا جس میں انہیں عالمگیر اقتصادی کانفرنس میں مشیر کی حیثیت سے بلوایا گیا تھا۔

کالے پانی میں سیاسی اسیروں کی موت

بھوک ہڑتال کے باوجود مطالبات منظور نہیں کئے جا سکتے

حکومت ہند کے ہوم ممبر کا بیان

برطانیہ اور ہندوستان میں سمجھوتہ ناممکن ہے

تحریک سول نافرمانی کا التواء ایک مصیبت ہے

لندن میں سوباش چندر بوس کی تقریر

قیامت کہاں آئی؟

ہندوستان کے توہم پرستوں کی طفلانہ حرکت

جاپانی اور ہندوستانی نمائندوں کی کانفرنس

حکومت ہند نے جاپان کو اطلاع دیدی

گاندھی جی کے فرزند کی شادی

شادی کیلئے دلہن، دولہا کے گھر پر

افغانستان میں نوجوانوں کی فوجی تربیت

مختلف اقوام و قبائل کے جوانوں کو دعوت عمل

اسپین میں راہبوں اور گرجاؤں پر آفت

گرجاؤں کی قیمتی اشیاء ضبط

جرمن میں نازیوں کا استبداد

وائس چانسلر بھی جان بچا کر بھاگے

ایران میں امریکن روئی کی کاشت

محکمہ زراعت کی جدت پسندی

اقتصادی کانفرنس کے اجلاس میں گڑبڑ

امریکن نمائندوں کا عدم تعاون

آفتاب اسلام کی ضیا پاشیاں

حسب ذیل حضرات نے انجمن امداد الاسلام دیو بند کی مساعی جمیلہ سے حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی وحضرت مولانا مفتی محمد شفیع کے دست حق پرست پر ذی الحجہ سے محرم تک اسلام قبول کیا اللہ تعالیٰ استقامت فی الدین عطا فرمائے آمین۔

سابق نام	اسلامی نام	عمر
سمی ضرواں	عبد السلام	۵۳ سال
بندو	عبد الکریم	۲۹ ″
مسماۃ تونگی	کنیز فاطمہ	۱۶ ″
اوڑھی	آمنہ	۲۰ ″
مسمی آنند سروپ	عبد اللہ	۴۰ ″
مسماۃ بھاگیرتی	محبوبہ خاتون	۱۶ یا ۱۷ ″

کانگریس اور حکومت میں صلح

لندن میں موافقوں اور مخالفوں کی کوششیں

آئرلینڈ میں فوجی نقل و حرکت

روس سے توپوں کی برآمد

کارخانہ کے مزدوروں پر حملہ

جرمنی میں بیکاروں کی تعداد میں کمی

جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کے چھٹے ڈکٹیٹر کی رہائی

باشندگان ہند کے مذہب میں مداخلت نہ کیجائے

پنڈتوں اور شاستریوں کی یادداشت

امریکہ نے برطانیہ کی قسط کو ٹھکرا دیا

جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں

درس بخاری شریف کا جدید انتظام

فخر المحدثین شیخ الحدیث حضرت مولانا انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا وصال اس دور آخر میں سارے عالم اسلامی کیلئے عموماً ایسا عظیم ترین حادثہ ہے کہ جس نے تمام مسلمانوں کے قلوب کو غمگین و افسردہ کر دیا ہے لیکن کارکنان جامعہ اسلامیہ ڈابھیل اس سانحہ روح فرسا سے خصوصیت کے ساتھ اس تعلق کی بنا پر جو حضرت شاہ صاحب علیہ الرحمۃ کو جامعہ کے ساتھ تقریباً پانچ سال سے تھا، بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ کارکنان مدرسہ و طلباء حدیث اس انتظار و اشتیاق میں چشم براہ تھے کہ عنقریب حضرت شاہ صاحب علیہ الرحمۃ ڈابھیل تشریف لا کر تشنگان علوم و معارف نبوی کو سیراب فرمائیں گے۔ لیکن قضاء و قدر کے فیصلوں کے سامنے تمام عالم سرنگوں و درماندہ ہے اللہ تعالیٰ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو فردوس اعلیٰ میں مقیم فرمائے اور جملہ پسماندگان ہجور کو صبر جمیل کی توفیق ارزانی فرمائے۔

اس حادثہ روح فرسا کے ہوشربا اثر سے تدریجاً سکون ہونے پر مدرسہ کے اہل حل و عقد کو یہی فکر دامنگیر ہوئی کہ ان طالبان علوم حدیث کے سکون و طمانیت خاطر کا سامان کیا جائے جو دور دراز سے اسی لئے یہاں آکر مقیم ہیں۔ یہ خیال آتے ہی فوراً حضرت شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی مدظلہ کی خدمت اقدس میں کارکنان مدرسہ اور طلبہ کی طرف سے بالحاح درخواست کی گئی کہ اس وقت حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اگر کوئی ہستی صحیح معنی میں جانشینی و قائم مقامی کر سکتی ہے تو وہ آپ ہی کی ذات گرامی ہے اور اب ہمارے مجروح دلوں کیلئے اگر کوئی مرہم اندمال مہیا کر سکتا ہے تو آپ ہی کی ذات ستودہ صفات ہے اب ہمارے مکروب و محزون قلوب کو آپ کے ہی فیوض علمی سے طمانیت و سکون حاصل ہو سکتا ہے۔

حضرت مولانا مدظلہ نے تصنیف شرح مسلم شریف کی مشغولیت کا عذر فرمایا۔ لیکن جب کارکنان مدرسہ و طلبہ نے انتہائی الحاح و اصرار سے بار بار درخواست کی تو حضرت مولانا مدظلہ نے باوجود قلت وقت اور اپنے کثیر مشاغل تصنیف کے ہمارے استدعا کو قبول فرما لیا۔

الحمد للہ کہ ہم آج یہ اعلان کرنے کے قابل ہوئے کہ حضرت مولانا نے ہماری مدرسہ کی وہ انتہائی تعلیمی سرپرستی قبول فرمائی ہے جو حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے وابستہ تھی۔ اور آج بروز چہار شنبہ حضرت مولانا مدظلہ نے بخاری شریف کا درس شروع کرا دیا۔ حق تعالیٰ حضرت مولانا مدظلہ کے فیوض و برکات کو مدت دراز تک ہمارے اور سب مسلمانوں کے اوپر قائم رکھے آمین۔

احمد غفر لہ مہتمم مدرسہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت

رہنمائے حجاج کے نام سے ایک نیا بل

حکومت ہند کی غلط اندیشی

ہندوستانی حجاج کو جن تکالیف سے سامنا کرنا پڑتا ہے وہ سالہا سال سے حکومت سن رہی ہے مگر ٹس سے مس نہیں ہوتی جو تجویز بھی حجاج کے آرام اور راحت کیلئے پیش ہوتی ہے حکومت اس کو کسی عذر سے ٹال دیتی ہے۔ اپریل کے سیشن میں باوجودیکہ اسلامی پریس نے اس پر احتجاج کیا ایک غیر مفید تکلیف دہ قانون منظور کر لیا گیا اب غیر ان لوگوں پر پابندیاں بڑھانے کیلئے جو حج کیلئے لوگوں کو دعوت دیتے ہیں ایک نیا بل اگست میں پیش ہوگا تاکہ دعوت حج کے واسطے میں مزید مشکلات پیدا ہو جائیں یہ بل اس وقت میرے سامنے ہے حکومت کوئی مثال ایسی پیش نہیں کر سکتی جس سے یہ ثابت ہو کہ ہند میں حجاج کو دعوت حج دینے والوں نے یہ دھوکہ دیا۔ پامال کیا۔ اگر ایسی کوئی مثال موجود ہے تو حکومت اس کو پیش کرے جمعیۃ علمائے ہند نے اور اسلامی پریس نے اس بل کی مخالفت کی تھی اور ہر وہ شخص جو حکومت ہند کی جابرانہ پالیسی سے واقف ہے یا جس کے دل میں اسلامی ارکان حج کی وقعت ہے وہ اس کی مخالفت کرے گا۔ میں تمام اسلامی انجمنوں اور اسلامی مجالس نیز جمعیۃ علمائے ہند سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ فوراً اس کے خلاف موثر آواز اٹھائیں تاکہ یہ حج رکنے والا بل اسمبلی میں پیش نہ ہو۔

آنریبل سر میاں فضل حسین صاحب نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ اپنے عہد وزارت کے دوران میں ایسے درخشاں کارہائے نمایاں حج کے مسئلہ میں کر دئے جائیں جس کو مسلمان کبھی برداشت نہ کریں مصائب و مشکلات کے بڑھانے میں کوئی کسر باقی نہ رہے۔ کاش آپ اس عہدے کی بجائے اپنی ضمیر اسلام اور قومی بھلائی کی آواز کو سنتے۔

نیاز کیش۔ اسماعیل غزنوی

حکومت پنجاب نوٹ کرلے

پراونشل حج کمیٹی کا قیام!!!

حکومت پنجاب کے ہوم سکرٹری نے اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی ہے اور انہوں نے بعض اپنے خواجہ تاشوں کو لکھا ہے کہ حکومت پنجاب سارے پنجاب سے دس مسلمان منتخب کرنا چاہتی ہے اور یا ان میں حکومت نامزد کرے گی ان پندرہ ممبروں کی پراونشل حج کمیٹی بنائی جائے گی اور دریافت کیا گیا ہے صرف خان صاحبوں اور خان بہادروں اور آنریری مجسٹریٹوں سے کیونکہ ایسے لوگ اپنے ہی قماش کی انجمنوں کا نام سفارش کریں گے اور ویسے ہی ممبران کو منتخب کر کے بھیجا دیں گے اور جو اس طرح رہ جائیں گے حکومت ان کو اپنی طرف سے نامزد کر دے گی۔ حکومت پنجاب مہربانی فرما کر نوٹ کرے کہ ایسی حج کمیٹی مسلمانوں کے کسی مرض کی دوا نہ ہوگی ان پر مسلمانوں کو بھروسہ نہ ہوگا۔ اگر حکومت واقعی دل سے چاہتی ہے کہ ایک قابل اعتماد اور کارکن حج کمیٹی بنائی جائے تو اس کو اسلامی پریس میں اور عام اعلان کے ذریعہ سے اس ضرورت کا اعلان کرنا چاہئے اور جن انجمنوں ...

مسلمانان پلکھوہ کا نمائندہ جلسہ

تعزیری پولیس کی میعاد میں توسیع کا مطالبہ

سکھوں کے واقعات سے اخبارئی دنیا واقف ہو چکی ہے یہاں ان کے اعادہ کی ضرورت نہیں۔ قربانی گاؤکشی بھینسے سے اجازت نہیں مگر وزارت ذبیحہ کیلئے مسلمانوں نے دیوانی مقدمہ دائر کر رکھا تھا جو مسلمانوں کے موافق ہوا اور ہندوؤں پر ۲۷ روپے خرچہ کی ڈگری ہوئی اب حکومت نے فتنہ پرداز ہندوؤں کی مسلسل شرارتوں کے سد باب کیلئے دو ماہ تک تعزیری پولیس مقرر کر دی ہے جو بالکل ناکافی ہے کیونکہ ہندو اپنی شرارتوں سے باز نہیں آتے اس لئے مسلمانان پلکھوہ نے ایک جلسہ کر کے مندرجہ ذیل تجاویز منظور کیں

(۱) مسلمانان پلکھوہ اور قرب و جوار کا یہ جلسہ فرقہ پرست ہندوؤں کی تہور انگیز حرکات کے خلاف احتجاج کرتا ہوا دو ماہ کیلئے تعزیری پولیس کے تقرر کو ناکافی خیال کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ مفسدہ پرداز ہندوؤں کی شرارتوں کے انسداد کے لئے کم از کم ایک سال تک تعزیری پولیس کے تقرر کا حکم دے اور غریب مسلمانوں کی حفاظت کے لئے اپنی قوت کا استعمال کرے۔

(۲) مسلمانان پلکھوہ کا یہ عظیم الشان جلسہ نہایت ہی افسوس کے ساتھ اس حقیقت کا اظہار کرتا ہے کہ جس فتنہ پرداز ہندوؤں نے سکیٹرہ پر حملہ کرنے کی جو راجپوتوں اور ہندوؤں کو شہ دی اور حکومت کی قائم کردہ دفعہ ۱۴۴ کو توڑا وہ بدستور اپنی شرارتوں میں منہمک ہیں اور حکومت نے اب تک کوئی باز پرس نہیں کی مسلمانوں کا یہ جلسہ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ان فسادی ہندوؤں کو گرفتار کر کے جلد از جلد امن و امان کو قائم کرے۔

رحیم الدین پلکھوہ ضلع میرٹھ

ابو الکلام لائبریری اترولی ضلع علی گڈھ

جناب حاجی محمد موسیٰ خاں صاحب رئیس دتاولی نے لائبریری کا معائنہ فرما کر اپنی مسرت کا اظہار فرمایا اور کارکنان کی ہمت افزائی کی۔ حاجی صاحب نے ازراہ عنایت اپنی تصانیف کا ایک مکمل سٹ بھی عطا فرمایا ہے جس کیلئے ہم حاجی صاحب کے بے حد شکر گذار ہیں۔

حال میں جناب خواجہ حسن نظامی صاحب نے بھی اپنی تصانیف کا ایک حصہ ارسال فرمایا ہے۔ ہم خواجہ صاحب سے درخواست کرتے ہیں کہ بقیہ تصانیف سے بھی جناب لائبریری کی اعانت فرمائیں گے۔

دیگر علم دوست اور مخیر حضرات سے بھی توقع ہے کہ وہ بھی جلد توجہ فرمائیں گے اگر تھوڑی تھوڑی امداد فرمائی گئی تو یقیناً قلیل عرصہ میں لائبریری ایک مستقل شکل اختیار کرے گی جو مسلمانوں کے خوشگوار مستقبل کی ضامن ہوگی۔

اسلامی جرائد سے امداد کی ہم اپیل کرتے ہوئے دکھ محسوس کرتے ہیں اس لئے کہ اسلامی جرائد کا جس اقتصادی مشکل سے مقابلہ ہو رہا ہے وہ عام اپیل کرنے سے مانع ہے تاہم وہ جس قدر زیادہ سے زیادہ جس اعانت کا مستحق سمجھیں اس سے مطلع فرمائیں ہم فی الحال عارضی امداد کے طالب ہیں۔ عنقریب ہی انشاء اللہ ہم اسلامی جرائد سے کوئی اعانت طلب نہیں کریں گے بلکہ ہر موثر اسلامی جریدہ کو اعانت پہنچانا ہمارا فرض ہوگا۔

سید رضا حسن علی۔ آنریری اسسٹنٹ لائبریرین

میرٹھ میں جھٹکا مارکیٹ کے خلاف احتجاج

۱۴ را پریل ۱۹۳۳ء یوم جمعہ کو جامع مسجد میرٹھ میں بعد نماز جمعہ ایک عظیم الشان جلسہ بصدارت حکیم حافظ سید محمد مشتاق علی صاحب کیشوری منعقد ہوا جس میں میونسپل بورڈ میرٹھ کی جھٹکا مارکیٹ اور سٹ مارکیٹ بنانے کی تجویز کے خلاف آواز بلند کی گئی جو ماہ حال میں ارکان میونسپل بورڈ نے مسلم رائے عامہ کے خلاف پاس کی تھی حالانکہ مسلمانان میرٹھ نے اپنی تجویز کو اب سے کئی سال پہلے ہی ٹھکرا دیا تھا اور اب بھی اس تجویز کے خلاف جوش پھیلا ہوا ہے اور مسلمان کسی طرح اپنی گوشت کی دوکانوں کو شہر سے باہر مارکیٹ کی صورت میں دیکھنا ایک لمحہ کے لئے گوارا نہیں کرتے۔ چنانچہ اس جلسہ میں ارکان میونسپل بورڈ کے اس طرز عمل سے اظہار ناراضگی کرتے ہوئے لوکل سلف گورنمنٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے اختیار خصوصی سے اس تجویز کو جلد سے جلد مسترد کر دے۔

بازار ریزیڈنسی کی واپسی پر اظہار مسرت

مرجون ۱۹۳۳ء دفتر انجمن مرکزی اصلاح اللبہشتیان بلیماران دہلی میں ایک جلسہ زیر صدارت حافظ شہاب الدین صاحب ۸ بجے شب منعقد ہوا حسب ذیل تجویز پاس ہوئی۔

مرکزی انجمن اصلاح اللبہشتیان کا یہ جلسہ اعلیٰ حضرت حضور نظام حیدرآباد دکن کے ریزیڈنسی بازار ملنے پر مبارکباد دیتا ہے اور اظہار مسرت کرتا ہے خداوند عالم حضور نظام کی عمر و دولت و جاہ و جلال میں دن دوگنی رات چوگنی ترقی عطا کرے تاکہ مسلمانان عالم کے لئے فیض کا چشمہ وسیع ہو جائے جیسا کہ اب بھی دنیا میں ہر شخص پر عیاں ہے۔

جنرل سکرٹری شیخ عظیم الدین

بزم ادب نگینہ کا نعتیہ مشاعرہ

نگینہ ضلع بجنور میں جلسہ ہائے سیرت نبوی صلعم بتاریخ ۲۵ و ۲۶ رجون ۱۹۳۳ء منعقد ہوں گے ۲۶ رجون کو شب میں ۸ بجے نعتیہ مشاعرہ دیوان خانہ مفتی ذوالحسن صاحب رئیس اعظم نگینہ محلہ قاضی سرائے زیر صدارت جناب ملک نصیر الدین خاں صاحب عزیز مدیر مدینہ بجنور منعقد ہوگا۔ شعراء کا کلام نیز داستان کار سے زائد نہ ہونا چاہئے باہر سے آنے والے شعرا اگر اپنی آمد سے قبل اطلاع دیں گے تو ان کی رہائش و آسائش کا انتظام منجانب بزم ادب کیا جائیگا۔ جملہ شعرائے کرام سے امید کی جاتی ہے کہ وہ اس موقع کے لئے بہترین نعتیہ کلام کہیں اور مشاعرہ میں شرکت فرما کر پابند کو ممنون فرمائیں جو شعراء صاحب خود تشریف نہ لاسکیں وہ اپنا کلام بذریعہ ڈاک روانہ فرمائیں۔ مصرع طرح یہ ہے۔

شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب کے وصال پر عالمگیر ماتم

بنارس

شیخ الاسلام علامہ انور شاہ قدس سرہ کے واصل بحق ہونے کی اطلاع جب اخبارات کی وساطت سے اطراف ہند و اکناف عالم میں پہنچی تو عالم اسلامی بالعموم علمی اور مذہبی جماعت پر بالخصوص ایک صف ماتم بچھ گئی اور ایک سناٹا چھا گیا۔ الجمعیۃ دہلی کے ذریعہ سے یہ اندوہناک خبر یکبارگی وقت موصول ہوئی۔ تو شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف صاحب عباسی پشاوری نے مدرسہ مطلع العلوم میں ۸ صفر شنبہ کو تعطیل عام کر دی۔ حضرت قدس سرہ کے ایصال ثواب کے لئے قرآن پاک کی تلاوت کا خاص انتظام فرمایا بعد تلاوت مدرسہ مطلع العلوم میں جلسہ کا انتظام کیا گیا جس میں بنارس کے مقامی و غیر مقامی علمائے کرام و تاجران بنارس اور جمیع مدرسین و طلبہ مطلع العلوم نے شرکت کی۔

جلسہ کی ابتدا قرآن پاک کی تلاوت سے ہوئی۔ بعدہ عالیجناب مولانا نعمت اللہ صاحب نے علم اور علماء کی فضیلت پر ایک مختصر تقریر فرمائی بعد ازاں مولانا عبد الرحیم صاحب نے ایک مختصر مگر پر مغز تقریر فرمائی بعدہ عالیجناب مولانا محمد یوسف صاحب شیخ الحدیث جو حضرت شیخ رح کے ارشد تلامذہ میں سے ہیں "نقریباً" ایک گھنٹہ سے زائد تقریر فرمائی اور آپ نے حضرت شیخ رح کی مختصر سوانح بیان کی اور حضرت شیخ کی تعلیمی حالت تدریسی کیفیت۔ قوت حافظہ، حدت طبع ورع و تقوی، حلم و بردباری فقاہت و حدیث دانی معقول و منقول کے تبحر علمی پر ایک بصیرت افروز اور موثر تقریر فرمائی ...

فرخ آباد

نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد فرخ آباد میں جمعیۃ علماء فرخ آباد کے زیر اہتمام مسلمانوں کا جلسہ ہوا۔ جلسہ کی صدارت حضرت مولانا عبد اللطیف صاحب خطیب جامع مسجد نے فرمائی۔

مندرجہ ذیل تجویز پیش کرتے ہوئے مولانا حکیم سید آل نبی صاحب نے حضرت شاہ صاحب کے علم و فضل اور زہد و اتقاء کے مختصر واقعات رقت انگیز پیرایہ میں بیان فرمائے سامعین میں سے ہر شخص چشم پرنم نظر آ رہا تھا۔ جلسہ میں مندرجہ ذیل تجویز پاس ہوئی

مسلمانان فرخ آباد کا یہ جلسہ شیخ الاسلام راس المحدثین حضرت مولانا الحاج سید محمد انور شاہ نور اللہ مرقدہ کے اس جہاں سے رحلت فرمانے کی امت محمدیہ کا ناقابل تلافی نقصان تصور کرتا ہے اللہ تعالیٰ حضرت ممدوح کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کے علاوہ حضرت شاہ صاحب کے ہونہار فرزند مولوی حافظ سید محمد ازہر سلمہ اللہ تعالیٰ کو نعم البدل اور صحیح جانشین بنا دے۔ آمین

جلسہ کے اختتام پر آئندہ جمعہ کے روز قرآن خوانی کا اعلان کیا گیا

محمد ایوب انصاری ناظم جمعیۃ علماء فرخ آباد

صفور دفیض آباد

...

خوردنی خضاب

اب خضاب لگانے کی تکلیف نہ اٹھائیے

... منیجر مفید عام دواخانہ نمبر ۳ دربھنگہ (بہار)

دونوں امٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

... مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

نیٹ بہراپن کا شرطیہ علاج

کان بہنا، زخم، کم سننا، کان بند یا بھاری رہنا، پھنسی، ناسور، کیڑے پڑ جانا، درد طرح طرح کی آوازیں ہونے پردوں کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بے خطا دوا

بلب اینڈ سنز بیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ ...

کان کی دوا۔ بلب اینڈ سنز بیلی بھیت (یو۔پی)

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی میں اخلہ یکم اگست سے شروع ہوگا۔ ماہر فن جرمن خاتون کے آجانے سے چھوٹے بچوں کی نگرانی اور تربیت کا بہترین انتظام ہوگیا ہے معلومات حاصل کرنے کے لئے۔ مہتمم جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کو لکھئے

سفید بال جڑسے کالا ... بالکالا اسٹورس پوسٹ ... دربھنگہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

بدُ اللہ علی الجماعۃ
روزانہ
الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندستان کیلئے
ممالک غیر کے لئے
نمونہ

معاون محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول بلال احمد زبیری

جلد ۱۷ | دہلی یوم سہ شنبہ ۲۶ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۰ جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۳

مرثیہ

شیخ الاسلام والمسلمین امام العلماء المتقنین خاتم الفقہاء والمحدثین بقیۃ السلف حجۃ الخلف آیۃ من آیات اللہ مولانا السید محمد انور شاہ
رضی اللہ عنہ وارضاہ واثابہ دار رضاہ المتوفی ۲ صفر ۱۳۵۲ھ بدیوبند

(از جناب مولانا قاری محمد یامین صاحب سہارنپوری مدرس تجوید جامعہ ڈابھیل)

خطبٌ المّ علی القلوب کبیرٌ ۔ منہ الکبود تصدّعت وصدورٌ
رنج وغم کی خبر دل کو بہت گراں گزری اس خبر سے دل اور سینے چاک چاک ہوگئے

تھمی الجفون بدمعھا ودمائھا ۔ فکانّھا وبلٌ یصوب درورٌ
پلکیں آنکھوں کے آنسوؤں اور خون سے تر ہوگئیں گویا زور کی بارش ہے جو زور سے برس رہی ہے۔

صرنا کمغشیٍّ علیہ تفجّعا ۔ حتّی استوت آصالنا وبکورٌ
رنج واندوہ سے ہم پر غشی اور بے ہوشی طاری ہوگئی یہاں تک کہ دن اور رات ہمارے لئے برابر ہوگئے

یا حسرتی مات الذی من موتہ ۔ متنا واظلمت البلاد ودورٌ
ہائے افسوس! وہ ذات وفات پاگئی جس کی وفات سے ہم پر موت وارد ہوگئی اور ملک تیرہ و تار ہوگیا

جلّت رزیّتنا بفقد امامنا ۔ الیوم یومٌ للاناس عسیرٌ
ہمارے امام کے فقدان سے ہماری مصیبتوں میں اور اضافہ ہوگیا۔ آج کا دن لوگوں کے لئے بہت ہی سخت ہے۔

نور التقی بجبینہ متلألأ ۔ ولنور وجہ الصالحین ظھورٌ
تقویٰ کا نور ان کی پیشانی پر جگمگاتا تھا اور صالحین کا نور ان کے چہرہ سے نمایاں تھا

حتّی تھلّل وجھہ فکانّہ ۔ بدرٌ توسّط فی السماء منیرٌ
آپ کا چہرہ ہلال کی طرح چمکا گویا آپ چودھویں رات کا چاند تھے جو آسمان میں چمکتا ہے

طود المکارم قد تھدّم والعلی ۔ من للعلوم ظھیرھا ونصیرٌ
مکارم اخلاق کی دیواریں منہدم ہوگئیں اب کون علم کا پشتبان اور مددگار رہ گیا ہے

بحر العلوم معارفا وحقائقا ۔ بوجودہ افتخر الوری ودھورٌ
حقائق و معارف کے بحر ناپیداکنار تھے آپ کے وجود سے زمانوں کو افتخار حاصل ہوا

کم معضلات غایۃ فیھا بدا ۔ حلّ شفاء منھا النفوس جدیرٌ
کون سے وہ مشکل مسائل تھے جن کو آپ نے حل نہیں فرمایا اور کون سے وہ نفوس تھے جنھوں نے آپ سے شفا حاصل نہیں کی

[illegible]

ثمّ الصلاۃ علی النبی وآلہ ۔ ما اھتزّ اغصان الریاض طیورٌ

وہ خاتون!

جس کی مامتا بھری گود پیاری اولاد اور خصوصاً نرینہ اولاد سے آباد نہ ہو وہ خواتین جن کے بچے قبل از وقت ساقط ہو جاتے یا پیدا ہونے کے بعد کسی نہ کسی مرض کے شکار ہو جاتے ہوں ایسی معزز خواتین اور ان کے خاندان کو مبارکباد ہو کہ بیس برس کا ملاحظہ اور اس رنگ کی دوا قرۃ العین دریافت کرلی گئی ہے اور سالہا سال کے تجربوں سے سنتی صدی کامیاب ہو چکی ہے قرۃ العین رحم اور مرد میں ایسی خاص کیفیت پیدا کر دیتی ہے جس کی وجہ سے انسانی نطفہ باذنہ تعالیٰ لڑکے ہی کی شکل میں صورت پذیر ہوتا ہے یہ معجون نہایت قیمتی اجزاء اور جواہرات سے ترکیب دیکر تیار کی گئی ہے اس لئے زچہ و بچہ دونوں کو بحالت حمل اور اس کے بعد بھی نہایت ہی تندرست و توانا رکھتی ہے نیز اس معجون میں ایسے اجزاء بھی شامل کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے بچہ نہایت حسین و جمیل اور توانا پیدا ہوتا ہے۔ شروع حمل سے چھٹے ماہ تک روزانہ صرف ماشہ صبح کو استعمال کی جاتی ہے۔ قیمت ہر خوراک یعنی ایک تولہ صرف عہ

حب مدنی طلائی — دائمی نزلہ، زکام، پرانی کھانسی، جریان، سرعت انزال، امساک، تقویت باہ کے لئے سالہا سال کے تجربوں کے بعد اکسیر ثابت ہو چکی ہے۔ فی گولی معہ فی درجن عہ

تریاق عجیب — آنتوں کے زخم، معدہ یا آنتوں کے دستوں، جرب، مثانہ، سوزاک، اختناق الرحم، باری سے آنے والے بخار، سانپ، بچھو وغیرہ کے تمام زہروں کے لئے درحقیقت یہ ایک تریاق عجیب ہے ہر تریاق مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے قیمت فی تولہ صرف عہ ان کے علاوہ تمام مفرد و مرکب دوائیں صرف صدیقی دواخانہ سے خریدیے جو سالہا سال سے عالیجناب حضرت مولانا الحاج حکیم جمیل الدین صاحب مدظلہ العالی استاد مسیح الملک مرحوم و معلم اعلیٰ جماعات طبیہ کالج دہلی کی سرپرستی میں نہایت دیانت داری کی عمدگی و نفاست کے ساتھ ملک کی بہترین خدمت انجام دیکر خراج تحسین وصول کر رہا ہے۔ فہرست مفت طلب فرمائیے۔

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ (یو۔پی)

نیا سیشن اوائل ماہ جولائی ۱۹۳۳ء سے شروع ہوگا۔ متوسط الحال طبقہ کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے بہترین درسگاہ ہے۔ دار الاقامہ میں یو۔پی کے علاوہ دوسرے صوبوں کے طلبہ کی بھی کافی تعداد ہوتی ہے۔
امتحان ہائی اسکول اینگلو ورنیکولر کے لئے بورڈ آف ایجوکیشن یو۔پی سے ملحق ہے انگریزی، ریاضی اور اردو کے علاوہ تاریخ، جغرافیہ، فارسی، عربی، سائنس، ڈرائنگ، کامرس کی تعلیم کا اچھے پیمانے پر انتظام ہے۔
امسال طلباء کو بمبئی کے مدرسہ جہاز رانی کے امتحان داخلہ کی شرکت کے لئے تیار کرانے کا انتظام کیا گیا ہے۔
تعلیم دینیات کا بھی باقاعدہ انتظام ہے۔
قواعد و ضوابط اور داخلہ کے لئے درخواستیں جلد بھیجیے۔

محمد الطاف حسین ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

ضرورت ہے

قابل اور بارسوخ ایجنٹوں کی لال بی۔بی سگریٹ کی فروختگی کے لئے ہر شہر میں ضرورت ہے تجربہ کار اشخاص کو صرف درخواستیں کرنی چاہئیں۔ کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ درخواستیں بنام
دی منیجر نیو انڈیا ٹوبیکو کارپوریشن ۹۳ برانڈرتھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

ضرورت! ضرورت! ضرورت!

مسلمانان ہند کی پبلک کمپنیوں میں اپنی نوعیت کی سب سے پہلی کمپنی
دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹیڈ لائل پور

عہ روپیہ ماہوار کے عوض پانچ صد روپیہ تک شادی، موت، ملازمت وغیرہ ضروریات پر امداد حاصل کرنے کی نہایت مفید سکیمیں۔ پنجاب و ہندوستان میں رائج کرنے کے لئے ہوشیار، تعلیم یافتہ و بارسوخ ڈونیژنل ایجنٹوں، آرگنائزروں اور ڈسٹرکٹ ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔
معقول تنخواہ۔ علاوہ سفر خرچ و کمیشن کی گارنٹی
فی الفور مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں۔

مینجنگ ایجنٹس دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹیڈ لائل پور

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوافروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین و بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت و تبلیغ اور خطرناک دہریت و الحاد کو مٹا کر صحیح علم و ادب، مذہب و روحانیت سے آشنا کرنا اور نیز ہا خلاق کی متانت و سنجیدگی سے رد کرنا ہے قیمت سالانہ للعہ نمونہ کا پرچہ ۲ ٹکٹ آنے پر روانہ کیا جاتا ہے

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

ہیضہ اچانک آتا ہے
اور طبی امداد حاصل کرنے کا موقع تک نہیں دیتا
لہٰذا
رجسٹرڈ
امرت دھارا

کی ایک شیشی ہمیشہ اپنے پاس جیب میں رکھئے۔ جو کہ مصیبت کے وقت آپکی یا آپکے عزیزوں کی بہترین فوری اور یقینی امداد ثابت ہوگی۔
امرت دھارا قریباً تمام وباؤں امراض کے لئے بہترین حفظ ماتقدم اور صحت بخش دوا ہے۔
[illegible] معدہ کی عام امراض اور خانگی تکالیف کی ایک ہی دوا ہے قیمت فی شیشی [illegible] نمونہ کی شیشی آٹھ آنہ
دوا ملنے کا پتہ: امرت دھارا لاہور
منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاکخانہ۔ لاہور

شربت روح افزا
(رجسٹرڈ)

موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت
اکسیر ہے۔ تمام ہندوستان میں
اپنے خواص کی وجہ سے مشہور و مقبول
ہو چکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ نواب
اس کو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں
فی بوتل ایک روپیہ چار آنے

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

چند کتب نادر الوجود برائے فروخت

[illegible]

محمد حمید شریف مہتمم امداد المعارف مدرسہ نظامیہ شبلی گنج حیدرآباد

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

رسالہ نظام المشائخ کو ۲۴ برس سے خواجہ حسن نظامی صاحب کی ایڈیٹری میں پابندی وقت کے ساتھ ماہوار نکل رہا ہے اس کا نمونہ آپ صرف ایک کارڈ لکھکر بالکل مفت منگا سکتے ہیں [illegible] نظام المشائخ کے ہر پرچہ میں ۴۸ صفحے [illegible] کتابی سائز کے ایک سو چوالیس صفحوں کے برابر سمجھنا چاہئے۔ نظام المشائخ کے ایک ایک مضمون کو پڑھکر آپ بے اختیار کہیں گے کہ دلچسپ بھی ہے اور مفید بھی۔ المشتہر
منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

روزانہ
مدینہ
بجنور
نمونہ مفت

سہ روزہ مدینہ کو جس نے ۲۲ سال سے اپنی بے نظیر خصوصیات کے باعث ہمہ گیر مقبولیت اور عالمگیر ہردلعزیزی حاصل کی ہے۔ اسی طرح روزانہ مدینہ بھی یکم جنوری ۱۹۳۳ء سے اپنی تمام خصوصیات کے باعث ملک کے ہر گوشہ سے ہمہ گیر مقبولیت اور محبوبیت حاصل کر رہا ہے۔ جو حضرات اس امر کے آرزو مند ہیں کہ تازہ ترین خبریں، بہترین مضامین اور شگفتہ تحریریں مطالعہ فرمائیں اُن کو روزانہ مدینہ جلد از جلد جاری کرانا چاہیئے۔
اخبارات کے ایجنٹوں کیلئے روزانہ مدینہ کی فروخت بہترین ذریعہ منفعت ہے۔ تاجروں کیلئے بہترین واسطہ اشتہار ہے۔ نرخنامہ اجرت اشتہارات و قواعد ایجنسی دفتر سے طلب فرمایئے۔
قیمت سالانہ [illegible] ششماہی [illegible] سہ ماہی [illegible] ماہوار [illegible]
قیمت سہ روزہ مدینہ سالانہ [illegible] ششماہی [illegible] سہ ماہی [illegible]
رسالہ غنچہ ہفتہ وار بچوں اور بچیوں کے لئے سالانہ [illegible] نمونہ مفت
بندہ محمد مجید حسن مالک اخبار مدینہ و رسالہ غنچہ بجنور (یو۔پی)

ماہوار رسالہ
ترجمان القرآن
زیر ادارت ابوالاعلیٰ مودودی

تعلیمات قرآن کی اشاعت، علوم قرآنی کو عام کرنا، مسلمانوں اور غیر مسلموں کو قرآن کے سمجھنے میں مدد دینا، ان کے شکوک و شبہات کو حل کرنا، اور حالات حاضرہ میں قرآن کی ہدایت کو پیش کرنا اس پرچہ کے خاص مقاصد ہیں۔ مذہبی نزاعات اور مناظرہ و مجادلہ سے اس کا مسلک بالاتر ہے۔ جو لوگ قرآن حکیم کو سمجھنا اور اس کے معنی میں بصیرت پیدا کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے اس کا مطالعہ ضروری ہے۔
قیمت سالانہ عہ
اس رسالہ میں صرف ان کتابوں کے اشتہارات شائع ہو سکتے ہیں جو خصوصیت کے ساتھ قرآن مجید اور عمومیت کے ساتھ اسلام کے متعلق ہوں۔
پتہ
دفتر ترجمان القرآن حمیت آباد حیدرآباد

دنیا کی سب سے آخری اور حیرت انگیز ایجاد

نلیگن کیپسولز برائے سوزاک نیا یا پرانا

نلیگن کیپسولز جس کی اعلیٰ خوبیوں کی بدولت مغربی ممالک کے لاکھوں نہیں کروڑوں مریض جو برسوں سے اس خطرناک بیماری میں مبتلا تھے اور طرح طرح کے مختلف علاجوں کے اس کی نجات سے بالکل ناامید ہو چکے تھے آج پھر خوش و خرم نظر آتے ہیں۔
نلیگن کیپسولز کا استعمال مغربی ممالک میں پچھلے دس سال سے جاری ہے اور آج بوجہ اس حیرت انگیز نتائج کے یہ تمام یورپ کیا امریکہ بھر میں ایک خاصی شہرت حاصل کر چکی ہے اور اب بطور ایک مفید دوائی کے استعمال ہوتی ہے نلیگن کیپسولز کے استعمال سے معدہ یا گردہ میں نہ کسی قسم کی کمزوری واقع ہوتی ہے اور نہ [illegible] یہ ایک خداداد ایجاد ہے جس کو استعمال کرتے ہوئے مریض اپنے روزمرہ کے کام کو بھی بخوبی کر سکتے ہیں ضرورتمند اصحاب جو مختلف قسم کے علاجوں میں اپنا روپیہ برباد کر کے بالکل مایوس ہو چکے ہوں ایک دفعہ پختہ اعتقاد کے ساتھ اسے ضرور استعمال کریں اور مایوسی سے ہمیشہ کے لئے نجات حاصل کریں زیادہ لکھنا فضول ہے۔ دوائی اپنا اثر آپ دکھاتی ہے ترکیب استعمال ہر ایک بکس میں موجود ہے۔ قیمت فی شیشی [illegible] محصول ڈاک و پیکنگ بذمہ خریدار
ملنے کا پتہ: اے۔ آر۔ کپور۔ اینڈ کمپنی پوسٹ بکس ۱۶۱ لاہور (دھنی رام روڈ) انارکلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۲۶ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۱۳)

تعیین عمر ازدواج وہم بستری کے متعلق تحقیقات کرنے کے لئے جو کمیٹی مقرر کی گئی تھی اس کی رپورٹ سے قبل مسلمانوں کو یہ توقع تھی کہ جو شہادتیں اس کمیٹی کے سامنے پیش کی جا رہی ہیں ان کو دیکھتے ہوئے کمیٹی خود بخود یہ سفارش کرے گی...

ہوتا اور ضروری معلومات بہم پہنچالی ہوتیں تو شاید وہ اس قدر جسارت سے کام نہ لیتے۔

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی شہادت

مولانا اسمٰعیل غزنوی کا نوٹس

مولانا اسمٰعیل غزنوی کو امسال جس طرح حج سے روکا گیا اور اس کے متعلق حکومت کے ذمہ دار نمائندے نے اسمبلی میں جو کچھ کہا اس سے قارئین الجمعیۃ کما حقہ واقف ہیں۔ فرائض مذہبی میں اس صریح مداخلت اور اس کی نامعقول توجیہہ پر اسلامی پریس نے جس سختی کے ساتھ احتجاج کیا اس سے توقع ہو سکتی تھی کہ حکومت اپنے دل میں پشیمان ہوگی اور مسلمانوں کو مطمئن کرنے کے لئے کوئی بیان شائع کیا جائے گا۔ مگر آج کل حکومت کا جو رویہ خصوصیت کے ساتھ فریضہ حج کے متعلق ظاہر ہو رہا ہے اس کے بعد اس قسم کی توقعات بالکل بے موقع تھیں چنانچہ یہی ہوا کہ حکومت نے اس اہم ترین معاملہ کے متعلق اب تک سکوت اختیار کیا اور ایک مسلمان کو حج سے جبراً روک دینے کی نظیر قائم ہو گئی۔

فریضہ حج ہی کے سلسلہ میں ایک دوسرا واقعہ عازمین حجاز پر لاٹھی چارج کا تھا۔ حکومت سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ وہ ان افسوسناک واقعات کی تحقیقات کرائے جو ساحل بمبئی پر حاجیوں کی ڈاک کے وقت پیش آئے۔ اور اس کے بعد غیر مشروط طور پر مسلمانوں سے معافی طلب کرے اور آئندہ کے لئے...

بھی ہو سکتا ہے کہ ان اشخاص کو جنہوں نے کوئی اخلاقی جرم نہیں کیا ہے ٹکٹکی سے باندھ کر کوڑے لگائے جائیں۔ سول نافرمانی بذات خود خواہ کتنا ہی سنگین جرم کیوں نہ ہو مگر اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ وہ ایک سیاسی جرم ہے اور اس کے مجرمین کے ساتھ حکومت کو شرافت اور شرافت کا سلوک کرنا چاہئے۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:-

۱۔ زید کھانا کھا رہا ہے بکر آیا زید نے بکر کو بلایا کہ آؤ کھانا کھاؤ بکر نے کہا کہ بسم اللہ۔ کیا اس موقعہ پر بسم اللہ کہنا شرعاً حکم ہے؟

۲۔ کیا کھانا کھانے کے بعد خیر کی کھانا سنت ہے؟

...

الجواب

...

استفتاء

...

الجواب

...

ہندوستان ٹائمس کی دل آزاری

...

سزائے تازیانہ

...

طبیہ کالج دہلی کا قضیہ

ٹرسٹیوں کا اخراج اور مخالف و موافق بیانات

مختلف حالات و واقعات کا ایک مختصر خلاصہ

آج کل اخبارات میں طبیہ کالج دہلی کے متعلق جو پریشان کن خبریں شائع ہو رہی ہیں ان کو پڑھ پڑھ کر تمام ہندوستان میں اضطراب و بے چینی کا اظہار کیا جا رہا ہوگا اور بالخصوص وہ حضرات جنہیں طب یونانی کے بقاء و استحکام کی فکر اور جو مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم و مغفور کی اس یادگار کو عروج و ترقی کی راہ پر دیکھنا چاہتے ہیں حقیقی واقعات معلوم کرنے کے لئے مختلف گوشہ ہائے ملک میں بہت زیادہ مضطرب ہوں گے اس لئے ہم ان حالات کا جواب تک پیش آ چکے ہیں ایک مختصر خلاصہ تیار کرتے ہیں...

حساب فہمی کا دعوے

یہ سب کچھ ہو رہا تھا کہ یکایک مسٹر عبدالعزیز وکیل کی طرف سے جو بورڈ کے ٹرسٹی بھی تھے، ایک دعوے حساب فہمی اور دیگر الزامات کے ماتحت حکیم محمد احمد خاں ... کے خلاف دائر کر دیا گیا۔ اور دو ٹرسٹیز کی طرف سے بھی مقدمہ با... کی خبر دی جانے لگیں سکریٹری بورڈ کے متعلق بھی بہت سی شکایات کی گئیں۔ اخبارات میں بھی یہ بات آنے لگی کہ حکیم محمد احمد خاں صاحب پورے استبداد سے کام لے رہے ہیں...

ٹرسٹیوں کا اخراج

حکیم محمد جمیل خاں کا عہد

دواخانہ اجمل خاں کا قیام

کالج کی دوسری ہڑتال

خارج شدگان کے بیانات

دواخانہ کی ہڑتال

ایک مقامی جلسہ

"ملامت کا ووٹ"

ہندوستانی دواخانہ کی حالت

حساب فہمی کا دعوے خارج

...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

یورپ کے بعض دیہات میں ستی اور اطفال کشی کی رسم

عورتیں ستی کیلئے مردوں کو کس طرح مجبور کرتی ہیں

قدیم زمانہ میں بیوائیں اپنے خاوندوں کی وفات کے بعد خودکشی کر لیا کرتی تھیں۔ ہندوستان میں ستی کی رسم ایک تاریخی چیز ہے اور آج بھی کہیں نہ کہیں پائی جاتی ہے لیکن معلوم ہوا ہے کہ یورپ کے بعض ممالک میں بھی یہ رسم جاری ہے چنانچہ حال میں یوگوسلاویا کی پولیس نے بعض ایسے دیہات کا پتہ لگایا ہے جہاں عورتیں اپنے خاوندوں کے مرنے کے بعد خودکشی کر لیا کرتی ہیں۔ آسٹریلیا کی فیڈرل گورنمنٹ کی رپورٹ ظاہر ہے کہ نیو برٹین میں ستی کی رسم جاری ہے جب ایک شخص مر جاتا ہے تو اس کی عورت کی مطالبہ ہوتا ہے کہ اس کو گلا گھونٹ کر مار ڈالا جائے تاکہ وہ آزاد ہو کر اپنے خاوند سے جا ملے...

اور وہ عورت کا گلا گھونٹ کر مار ڈالتے ہیں۔

ستی کی رسم کے علاوہ دیہات میں اطفال کشی کی رسم بھی جاری ہے۔ اس رسم کا محرک یہ خیال ہے کہ اس طرح آبادی کی ترقی رک جائے گی۔ یا والدین پر بچہ کی پرورش کا بار نہیں رہے گا۔ اور وہ کھلانے پلانے کی مصیبت سے بچ جائیں گے۔

نیو برٹین میں یہ رسم بہت پھیلی ہوئی ہے کہ پیدائش کے آٹھ روز بعد بچہ کا سر کسی چیز سے باندھ دیتے ہیں۔ چنانچہ یہاں کے باشندوں کے سر اسی وجہ سے مخروطی شکل کے نظر آتے ہیں۔

(اسلام نے اطفال کشی کی بدرسم کا انسداد ایک ایسے زمانہ میں فرمایا جبکہ تمام ملک اس جرم عظیم کا مرتکب ہو رہا تھا اور طفل کشی کے امتناع کے ساتھ اس کے محرکات پر بھی بحث کی اور فرمایا لا تقتلوا اولادکم خشیۃ املاق نحن نرزقہم وایاکم۔ تم اپنی اولاد کو کھانے پینے کے خوف سے قتل مت کرو۔ ان کو اور تم کو تو ہم ہی کھلاتے پلاتے ہیں! الجمعیۃ)

جاپانی اور امریکن پارچہ کی درآمد

۱۹۲۶ء سے ۱۹۳۲ء تک کے اعداد و شمار

تحریک بائیکاٹ سے پہلے امریکہ نے ہندوستان کو جس قدر کپڑا بھیجا وہ مندرجہ ذیل جدول سے معلوم ہوگا:-

۲۷-۱۹۲۶ء میں	۱۴۷۰۰۰۰۰ گز
۲۸-۱۹۲۷ء میں	۱۵۴۳۰۰۰۰۰
۲۹-۱۹۲۸ء میں	۱۴۵۴۰۰۰۰۰
۳۰-۱۹۲۹ء میں	۱۲۴۸۰۰۰۰۰

بائیکاٹ کے دوران میں امریکن پارچہ کی درآمد ذیل کے نقشہ سے معلوم ہوگی:-

۳۱-۱۹۳۰ء میں	۵۲۲۰۰۰۰۰ گز
۳۲-۱۹۳۱ء میں	۳۸۲۰۰۰۰۰

۱۹۲۶ء سے ۱۹۳۲ء تک جاپانی کپڑے کی درآمد کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:-

۲۷-۱۹۲۶ء میں	۲۴۴۰۰۰۰۰۰ گز
۲۸-۱۹۲۷ء میں	۳۲۳۰۰۰۰۰۰
۲۹-۱۹۲۸ء میں	۳۵۷۰۰۰۰۰۰
۳۰-۱۹۲۹ء میں	۳۶۲۰۰۰۰۰۰
۳۱-۱۹۳۰ء میں	۳۲۱۰۰۰۰۰۰
۳۲-۱۹۳۱ء میں	۳۲۹۰۰۰۰۰۰

جاپانی ریلوے میں تین قسم کی گاڑیاں

سگریٹ نوشی کی ممانعت

جاپان کی امپیریل گورنمنٹ ریلوے تین قسم کی گاڑیاں چلانے والی ہے۔ پہلی قسم کی گاڑی میں سگریٹ نوشی کو مطلقاً ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ اس گاڑی کے ساتھ سونے اور کھانے کی گاڑیاں بھی لگائی جائیں گی۔ دوسری قسم کی گاڑی میں سگریٹ نوشی کی اجازت دی گئی ہے۔ تیسری قسم کی گاڑی مندرجہ بالا گاڑیوں میں درمیانی حیثیت رکھتی ہے اس میں ایک بورڈ لگایا جائے گا جس پر لکھا ہوگا "مہربانی فرما کر سگریٹ نوشی سے اجتناب کیجئے" یہ خیال نہ کرنا چاہئے کہ اگر کوئی شخص ان گاڑیوں میں سگریٹ نوشی کرے تو وہ ریلوے قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوگا، کیونکہ اس کے لئے کوئی قانون نہیں بنایا گیا جس کی تعمیل واجب ہو بلکہ ریلوے حکام کی مسافروں سے یہ ایک درخواست ہے کہ وہ دوران سفر میں سگریٹ نوشی سے پرہیز کریں۔

جاپانی خواتین میں مغربی جراثیم

ٹوکیو (جاپان) کی عدالت ضلع کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ سال رواں کے ابتدائی چار ماہ میں طلاق کے پچاس مقدمات عدالت میں دائر کئے گئے۔ اس سلسلہ میں دلچسپی کی بات یہ ہے کہ پچاس مقدمات میں ۴۲ مقدمات عورتوں کی طرف سے دائر کئے گئے ہیں جنہوں نے عدالت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان کے خاوندوں سے علیحدگی دلائے۔

جاپان کے خانگی رسم و رواج میں یہ امر سخت معیوب ہے کہ کوئی عورت خود طلاق کا مطالبہ کرے۔ چنانچہ سابقہ زمانوں میں اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ لیکن موجودہ زمانہ...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

چینی ترکستان میں انقلاب کیوں برپا ہوا

۱۵ مسلمانوں کو پھانسی اور ان کی اراضی پر قبضہ

ایک ترکستانی مسلمان کا چشم دید بیان

چینی ترکستان کی بغاوت کے سلسلہ میں ہندوستان کے جرائد و رسائل نے متعدد مضامین شائع کئے ہیں جو یا تو انگریزوں کے افکار و خیالات کا مجموعہ ہوتے ہیں اور یا خبر رساں ایجنسیوں کی بہم کردہ معلومات۔ ذیل میں ہم ایک ایسے مضمون کا ترجمہ شائع کرتے ہیں جس کا لکھنے والا چینی ترکستان کا باشندہ ہے اور وہاں کے موجودہ انقلاب سے بخوبی واقف اور چشم دید گواہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ مضمون نگار "منصور چنگیز خاں" عربی اخبار "المدینہ" میں لکھتے ہیں...

چینی مہاجرین کی آمد

بغاوت کا بڑا سبب

تجار و زارعین کی مجبوری

۱۵ مسلمانوں کو پھانسی

کس طرح قبضہ کیا گیا؟

جمہوری حکومت کی تشکیل

...

منصور چنگیز خان

دارالحکومت

دہلی میں بچوں کا کون اغوا کرتا ہے؟
ڈاکوؤں کے بجائے ایک ہندو کی گرفتاری اور سزایابی

دہلی ۱۷ جون۔ شہر میں خواتینوں کے آنے اور بچوں کے گم ہونے اور بچوں کا کلیجہ نکال کر کھا جانے کی افواہ کس طرح شہر میں پھیلی۔ اس امر کا انکشاف آج سردار عبدالصمد خاں سٹی مجسٹریٹ کی عدالت میں اُس وقت ہوا جب کہ پولیس کی جانب سے ایک شخص پریم داس کا چالان زیر دفعہ ۳۲۴ تعزیرات ہند بچوں کو بہکا کر بھگا لے جانے کے الزام میں کیا گیا۔

استغاثہ کی جانب سے لالہ دیوراج اسسٹنٹ کورٹ انسپکٹر نے پیروی کی۔ ملزم کی جانب سے کوئی وکیل موجود نہ تھا۔

سکھ اور مسلمان موٹر ڈرائیوروں میں فساد
تین مسلمان اور تین سکھ مجروح

خاں صاحب کی جگہ مسٹر شوکت علی
دہلی کے ایک پولیس افسر کا تبادلہ

ریاست حیدرآباد کی عمرانی ترقی
پچاس لاکھ کی اسکیم منظور

لبنان میں یہودیوں کو آباد کرنے کی سعی
یہودی لیڈر کی دعوت عام

گاندھی جی کا برت اور تلاوت قرآن حکیم
ڈاکٹر انصاری پر شاہ حفیظ عالم جنیدی کا اعتراض
حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کا جواب باصواب

شاہ حفیظ عالم صاحب جنیدی نے حسب ذیل خط حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی خدمت میں ارسال کیا تھا:۔

"دائرہ حضرت شاہ محمد اجمل علیہ الرحمہ

الہ آباد ۲ جون ۳۳ء

جناب مولانا السلام و نیاز۔ مزاج شریف۔

گاندھی کے برت ختم ہونے کے موقع پر جب مراسم تہنیت وغیرہ ادا ہو رہے تھے ... ڈاکٹر مختار احمد انصاری نے قرآن پاک کی آیات کریمہ ... تلاوت کی ... اس بارہ میں میری رہنمائی فرمائیں۔ جواب خط کا بے چینی سے انتظار رہے گا۔ فقط

شاہ حفیظ عالم جنیدی"

مکہ مکرمہ اور ریاض کے درمیان سلسلہ ٹیلیفون
والی حجاز اور ولی عہد کی ... گفتگو

مولانا حسرت موہانی کا نیا عزم
کونسلوں پر قبضہ کرنے کا ارادہ

ایک زمیندار اور مختار کا قتل
ڈاکوؤں نے دو ہزار روپیہ چھین لیا

افغانستان کے فقیر کی گرفتاری کی افواہ

ہندوستان میں تقریر کا داخلہ بند

معافی نامہ نگو ... مقدمہ چلایا جائے گا
حاجیوں پر لاٹھی چارج کا معاملہ

آسام کے اخبارات اور رسائل
کتنے اخبارات سے ضمانت طلب کی گئی

گلگت پر برطانی ہند کا مکمل قبضہ
دربار کشمیر کا اعلان

درخت اور تار کے کھمبے اکھڑ گئے

فرقہ وارانہ اتحاد کی امیدوں پر پانی پھر گیا
مہاسبھائی لیڈروں کے افسوسناک بیانات
شیخ عبدالمجید صاحب سندھی کا انتباہ

کراچی ۱۶ جون۔ شیخ عبدالمجید صاحب سندھی صدر مرکزی خلافت کمیٹی نے (جو الہ آباد میں فرقہ وارانہ اتحاد کے سلسلے میں گفت و شنید میں کافی حصہ لیتے رہے ہیں) ایک بیان شائع کیا ہے جس کے دوران میں آپ فرماتے ہیں ڈاکٹر مونجے اور دیگر ہندو مہاسبھائی لیڈروں کے بیانات نے فرقہ وارانہ اتحاد کی امیدوں پر پانی پھیر دیا ہے۔ اگرچہ سر تیج بہادر سپرو اور لالہ ... نے "ناقابل اصلاح" ...

غیر ممالک میں ہندوستانیوں کیلئے جگہ
حکومت ہند کا اعلان

گاندھی جی پورے عیسائی ہیں
مجوزہ شادی کے خلاف سناتنیوں کا احتجاج

دیوداس گاندھی کی شادی

چالیس روز کا ایک اور برت!

ہری جنوں کو مسلمان بنانے کی کوشش

[illegible]

سول نافرمانی کے التوا کی میعاد میں مزید دو ہفتہ کی توسیع
کانگریس کے آئندہ پروگرام کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوا
قائم مقام صدر اور گاندھی جی کے درمیان گفتگو

پونہ ۱۸ جون۔ گاندھی جی اپنے لڑکے کی شادی کے بعد کچھ تھک گئے تھے۔ انہوں نے دوپہر کو آرام کیا۔ اور شام کو معلوم ہوا کہ آپ کے وزن میں معمولی سا اضافہ ہوا ہے۔ چونکہ تجربہ سے معلوم ہوا کہ دودھ آپکے لئے مناسب نہیں ہے اس لئے اس کے بجائے آپ کو پھل کھانے کیلئے دیئے جائیں گے۔

کل رات کی پرارتھنا کے بعد مسٹر اینے قائم مقام صدر کانگریس نے گاندھی جی سے مختصر گفتگو کی۔ معلوم ہوا ہے کہ کانگریس کے آئندہ پروگرام کے متعلق کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہوا ... مسٹر اینے نے مزید کہا کہ میں نے ابھی تک سیاسی معاملات پر گاندھی جی سے کوئی گفت و شنید نہیں کی ... کانگریسی لیڈروں کا کوئی اجلاس طلب کر سکوں گا یا نہیں۔

سول نافرمانی کے متعلق ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے لیکن یقین کیا جاتا ہے کہ سول نافرمانی کے التوا کی میعاد میں کم از کم دو ہفتہ کی مزید توسیع کی جائے گی تاکہ گاندھی جی بحث و مباحثہ میں پوری قوت سے حصہ لے سکیں ... بعد رجوع ہیں وہ حکومت سے اپیل یا درخواست کرنے کے سخت خلاف ہیں۔

مزید چھ ہفتہ کیلئے سول نافرمانی کا التوا
کانگریسی لیڈروں کے ساتھ گاندھی جی کا مشورہ
قائم مقام صدر مسٹر اینے کا بیان

پونہ ۱۸ جون۔ ایم۔ ایس۔ اینے قائم مقام صدر انڈین نیشنل کانگریس نے تحریک سول نافرمانی کے التوا کے میعاد میں چھ ہفتہ کی مزید توسیع کر دی ہے۔ گاندھی جی کے ساتھ مشورہ کرنے کے بعد ایم۔ ایس۔ اینے نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے۔

"گاندھی جی کی صحت کے متعلق سیٹھ میڈیکل بورڈ کے آج کے بیان کو مدنظر رکھتے ہوئے میں تحریک سول نافرمانی کے التوا کی میعاد میں چھ ہفتہ کی توسیع کرتا ہوں یہ میعاد ۳۱ جولائی کو ختم ہوگی"۔

مسٹر اینے نے پہلے گاندھی جی کے ساتھ مشورہ کیا۔ اس کے بعد آپ نے سی راجگوپال آچاریہ، سیٹھ جمنالال بجاج اور سیٹھ گھنشام داس برلا سے مشورہ کیا اور مندرجہ بالا بیان شائع کر دیا۔

ایم۔ ایس۔ اینے آئندہ پروگرام مرتب کرنے کے لئے یہاں چند دن اور قیام فرمائیں گے۔ ایم۔ ایس۔ اینے نے دوران گفتگو میں فرمایا کہ انہوں نے ابھی تک کانگریسی رہنماؤں کی میٹنگ منعقد کرنے کا فیصلہ نہیں کیا ہے۔

گاندھی جی کا طبی معائنہ
مشورہ کے بعد طبی بورڈ کا بیان

سرمائیکل اوڈوائر کی طوطا چشمی
برطانیہ نے وفاقی حکومت کے قیام کا عہد کیا ہے

کونسلوں کی میعاد میں توسیع کیا گیا
گورنروں کو بے پناہ اختیارات

کونسلوں میں ہندوستانی خواتین کا حق نیابت
برطانیہ ہماری کتنی ... واپس کرے

وزیر ہند کو ہندوستانی نمائندوں کا لیڈر کیوں مقرر کیا گیا؟

سونے کے بعد چاندی کی لوٹ
ایوان تجارت کا پرزور احتجاج

۴۰ گھنٹے کے ہفتہ کی تجویز خطرہ میں
بین الاقوامی مزدور کانفرنس کا اجلاس

حلوائی کی دوکان نانا جی کی فاتحہ
ہندوستان کی چاندی تاوان کی ادائیگی

روس میں بیکاری کا نام و نشان بھی نہیں ہے
اقتصادی کانفرنس میں روسی نمائندے کا بیان

ساڑھے پانچ ہزار اشخاص کو ... سزا
حکومت ہند کا کارنامہ

گندم اور روئی کی پیداوار کم کیجائے
صدر امریکہ کا فیصلہ

جرمنی کو آسٹریا کا کمر شکن جواب
وائنا میں چار سو نازیوں کی گرفتاری

انتقال پرملال

وزیر ہند اور برائی قسمت

پارلیمنٹری کمیٹی کے کام کو جلد ختم کرنے کی کوشش

ہندوستان کیلئے مرکزی ذمہ داری
اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں ایک تجویز

فرانس اور بلجیم قرضہ کی قسط ادا نہیں کرینگے

لکھنؤ میں کانگریسی لیڈر کی گرفتاری

[illegible]

قادیانیت سے برأۃ

رابطہ ثقافتہ اسلامیہ وائنا کا بیان

رابطہ ثقافتہ اسلامیہ وائنا کو یہ معلوم ہوا ہے کہ بعض اسلامی اخبارات نے یہ شائع کیا ہے کہ جمعیتہ کے صدر بیرن ڈی رٹ ایرنفلز کا تعلق جماعت احمدیہ قادیانیہ سے ہے، بلکہ بعضوں نے خود جمعیتہ پر بھی "احمدیت" کا الزام لگایا ہے، جمعیتہ اس کی تردید نہایت سختی سے کرتی ہے، اور عالم اسلامی کے علم کے لئے یہ اعلان کرنا چاہتی ہے، کہ جمعیتہ کی تاسیس مصری مجاہد ڈاکٹر ذکی علی کے ہاتھوں سے عمل میں آئی کہ یہ وسط یورپ میں ایک اسلامی مرکز کا کام دے اور اس کی صدارت کیلئے بیرن عمر کا انتخاب اس لئے کیا گیا کہ وہ ایک غیرت مند مخلص مسلمان ہونے کے علاوہ مشہور اہل قلم بھی ہیں، مگر اس شرط کے ساتھ کہ وہ کسی ایسی جماعت اسلامی کے ساتھ اپنا انتساب نہ کریں جو معتقدات میں عام عالم اسلامی سے الگ ہو، جمعیتہ اگرچہ مختلف اسلامی اداروں سے تعلق پیدا کرنا چاہتی ہے مگر اس کا اصل سختی کے ساتھ کتاب اللہ سنت رسول اور عام اجماع اسلامی پر ہے، جمعیتہ کے صدر جو آج کل ہندوستان کی سیاحت میں مصروف ہیں کو انجمن احمدیہ لاہور اور دیگر اسلامی جماعتوں نے بعض خطبات دینے کے لئے دعوت دی تھی جمعیتہ ثقافتہ اسلامیہ کے مجلس عاملہ نے انہیں سختی کے ساتھ متنبہ کر دی ہے کہ وہ جماعت احمدیہ کے ساتھ اپنا کوئی تعلق ظاہر نہ کریں ورنہ جمعیتہ دوسرے صدر کے انتخاب پر مجبور ہوگی، جمعیتہ نے یہی بیان ہندی اخباروں کو بھی بھیجا ہے، امید کہ آپ عام اسلامی رائے عامہ کے اطمینان کیلئے اپنے اخبار میں شائع فرما دیں گے۔

محمد سلیمن ہوسنوی رکن مجلس عاملہ رابطہ ثقافتہ اسلامیہ

"الفتح" کا تبصرہ

ہم جمعیتہ ثقافتہ اسلامیہ کے شکر گذار ہیں کہ اس نے اپنے اس اعلان سے اپنی پوزیشن صاف کر دی ... جمعیتہ احمدیہ کی طرف انتساب سے انتہائی ناپسندیدگی کا اظہار کیا ... جن لوگوں نے بیرن رلف کے قادیانی ہونے کے متعلق شبہات کا اظہار کیا ہے وہ صرف معذور ہی نہیں ہیں۔ بلکہ انہوں نے اسلام کی بہت بڑی خدمت انجام دی۔ اور اگر بیرا کوئی ذریعہ ... قادیانیوں کے ساتھ کوئی ادنیٰ تعلق ظاہر کرتا تو ہمیں اس کے خلاف اعلان جنگ کرتا اور مسلمانوں کو اس سے بچنے کی تاکید کرتا اس لئے کہ قادیانی ... اس کے قائل ہیں کہ مسیح علیہ السلام یوسف نجار کے بیٹے تھے یا اس سخیف کی نبوت کے قائل جو برطانوی استعمار کا آلہ کار تھا، ... ہمارے خیال میں بیرن رلف کے سیاحت ہند کے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے اس سے جمعیتہ ثقافتہ اسلامیہ کو خوش ہونا چاہئے ... اس کی زندگی اور ترقی کے لئے مدد اور معاون ہوگا۔

اگر بیرن رلف کا تعلق قادیانیوں کے ساتھ ان کی حالات سے ان کے عدم واقفیت کے باعث تھا تو امید ہے کہ وہ اس سے ٹوٹ جائیں گے اور رابطہ کی اسی برقت تنبیہ کے سپاس گذار ہوں گے ... اس نمایاں پوزیشن سے انتہائی فائدہ جس سے اس کے ارکان عنقریب کام کریں گے۔

الفتح ۱۸ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ

ترجمہ محمد یسین ندوۃ العلماء

امسال حجاج کو جہازوں میں تکالیف

حکومت کے جدید انتظامات کی خرابیاں

حجاج کی اکثر تعداد حجاز مقدس سے واپس پہنچ گئی۔ واپسی کے وقت حجاج کو جہازوں میں سخت تکلیف ہوئی بحیرہ احمر میں گرمی زیادہ تھی اور جہازوں میں شدت گرمی ... تنگی ... حجاج کو سخت ... حکومت کی آگاہی کے لئے شائع کرتا ہوں۔ ...

حکومت ہند کو ایسے ذرائع اختیار کرنے سے گریز چاہیئے جس سے حجاز مقدس میں مداخلت کا شبہ ہو آپ اپنے ملک میں ہندوستانی حاجیوں کے آرام کا بندوبست کریں۔ حجاز میں برطانوی مہربانیوں کی ضرورت نہیں۔ مگر میرا مشورہ قبول نہ کیا گیا۔ اب تجربے نے ثابت کر دیا کہ اس جدید مہربانی سے حجاج کو نقصان ہوا تکلیف ہوئی۔ پریشانیاں بڑھیں۔ مسلمانوں کو چاہیئے کہ حکومت ہند کو مجبور کرے کہ وہ اس قابل اعتراض انتظام کو ختم کر دے اور حجاج کے نام پر حجازی حکومت کے کاموں میں مداخلت کی پالیسی سے باز آئے۔

حجاج کی خدمت میں ایک عرض

میں جانتا ہوں مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اس سفر میں جو تکلیف ہو اس کو خوشی سے برداشت کیا جائے اس سے ثواب ملتا ہے۔ اور جو بھائی حج کے واسطے جاتے ہیں چونکہ اکثروں نے ایک ہی دفعہ جانا ہوتا ہے اس لئے وہ کہتے ہیں کہ ہم نے بار بار تو جانا نہیں۔ کہ اب یہ تکالیف شائع کر کے پریشان ہوں اس آپ کی خاموشی کی وجہ سے آیندہ تکالیف کی اصلاح رک جاتی ہے اس لئے میں ان تمام بھائیوں کی خدمت میں جو اس سال حج سے واپسی پر تشریف لائے ہیں باادب گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنی تکالیف مفصل خود تحریر فرما کر مجھے بھیج دیں تاکہ وہ تکالیف قوم کے سامنے آجائیں اور آیندہ ان کے انسداد کا انتظام ہو جائے جو بھائی اس کام میں مجھ کو واقعات مہیا کریں گے ان کو (انشاء اللہ) دوسرے حاجیوں کے آرام کا ثواب ملیگا۔

میر اسمٰعیل غزنوی۔ امرتسر۔

(آپکا اسمٰعیل غزنوی)

شہر دہلی کے مسلمانوں کو اطلاع

آگاہ کیا جاتا ہے۔ کہ ایک تختہ زمین جو کہ گورستان اتالیق والا مشہور و معروف تھا اور اب بارہ کھمبا سڑک کی جانب شمال ... نیو دہلی کے سامنے واقع ہے اور جو کہ خاندان بزرگان ... خواجہ احمد کاظمی سے تھا اس کو کچھ دن ہوئے گذشتہ شب میں لالہ ... سردار ... ٹھیکیداران نیو دہلی نے برباد و مسمار کر دیا ہے جس سے سخت صدمہ مسلمانان دہلی ... خواجہ صاحب کے خاندان کو ہے جس کے بابتہ ایک دعوی فوجداری بخلاف ٹھیکیداران موصوف کر دیا گیا ہے جو بعدالت جناب سردار صاحب عبدالصمد سٹی مجسٹریٹ دہلی زیر تجویز ہے جس میں ۲۷ جون ۱۹۳۳ء اول پیشی مقرر ہے۔ لہذا جن جن صاحبان کے بزرگان کی قبور اردگرد اس گورستان کے رہے ہوں۔ وہ بھی بطور گواہ ... ۱۹۳۳ء حاضر عدالت ہو کر سرکار سے فریاد کریں کہ دیدہ و دانستہ جس طرح قبور کی توہین نامبردگان نے کی ہے اس کا انصاف کیا جاوے۔

منشی محمد حسام الدین حیدر۔ محروم باغ شہر دہلی

غیر مشروع جلسہ کی اصلاح

ایک ہفتہ ہمارے محلہ میں بعض ناعاقبت اندیش مسلمانوں نے ایکسٹم کی کہانی شروع کرائی ... اور بدقسمتی سے مسلمان اس میں خوب شریک ہوتے ہیں اور کئی روپے یومیہ کا خرچ کرتے ہیں۔ چنانچہ اس خرافات کو دیکھ کر ۲۵ اپریل ۱۹۳۳ء کو ایک جلسہ منعقد کیا گیا جس میں مولانا قاری سید خلیل احمد صاحب ... مولوی برکت اللہ صاحب قاضی زین العابدین صاحب نے پُرزور تقریریں فرما کر مسلمانوں کو ان لغویات سے بچنے کی سخت تاکید فرمائی جس میں الحمدللہ مسلمانوں نے کثرت سے شرکت کی اور کہانی بھی نہیں ہوئی خدائے تعالیٰ آیندہ بھی بری باتوں سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔ یہ جلسہ حافظ عبدالغنی صاحب ... کے زیر اہتمام محلہ کے ایک میدان میں منعقد ہوا۔

(حکیم محمد شفیق)

فلسطینی وفد کی امداد کیلئے اپیل

سہارنپور ۱۲ صفر آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں باشندگان سہارنپور کا ایک جلسہ عام بصدارت جناب مولانا المکرم مولوی عبدالقیوم صاحب مہتمم مدرسہ عربیہ جدید مظاہر علوم سہارنپور منعقد ہوا ... جناب مولانا الحافظ ... انصاری مولوی عبدالغفار صاحب ... نے ایک مختصر مگر مؤثر تقریر فرمائی ... انگریزی تعلیم کے نقائص پر روشنی ڈالی ...

مفتی اعظم کی بحالی پر اظہار مسرت

سفارت مدرسہ الہیات جالندھر شہر

کارکنان انجمن اشاعت اسلام نے ایک وفد مشتمل بر صاحب افضل مرزا جاہ ... در رفقاء کی ملکیت برہما ... فراہمی چندہ کی غرض سے بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میں تمام عوام و خواص برہما سے مستدعی ہوں کہ وہ سفارت انجمن کا دلی خیر مقدم کریں اور مالی امداد سے برضا کاران متذکرہ کی حوصلہ افزائی پر کس حد تک فرمائیں کہ مستقبل کا پروگرام انہیں بغیر کسی فراہمی چندہ کے تجویز ہو جائے اور طول و عرض ہند کا ہر شہر قصبہ ہر قریہ ان کی تگ و دو کی آماجگاہ بن جائے۔

مدرسہ الہیات جالندھر شہر اپنے محاسن کے اعتبار سے تمام اکابر ملت اسلامیہ ہند و مسلم ارباب حکومت کے تائیدی ارشادات و مالی تعاون کا حامل اور مدروع چلا آرہا ہے ... منتج ہو سکتا ہے میں جب مذہب و تعلیم نسواں کے نام پر ملتجی ہوں کہ سفارت انجمن کو مقاصد علیہا میں حصول کامیابی کے لئے پوری مدد دیں۔

سکریٹری انجمن اشاعت اسلام جالندھر شہر۔ نور الدین

طبیہ کالج پٹیالہ کا ساتواں عظیم الشان اجلاس

بتاریخ ۳ جون ۱۹۳۳ء بروز شنبہ شام کے ۶ بجے بمقام طبیہ کالج کا سالانہ جلسہ زیر صدارت جناب دیوان بہادر سردار ... صاحب بیرسٹرایٹ لا منسٹر آف لا اینڈ جسٹس نمایندہ سری حضور مہاراجہ ... مہاراجہ صاحب بہادر پٹیالہ منعقد ہوا۔

جناب صدر والاشان نے سب سے پہلے طبی نمائش کا معائنہ فرمایا اور اسے آپ نے ملاحظہ فرما کر اپنی پسندیدگی و خوشنودی کا اظہار فرمایا۔ ازاں بعد جناب ڈاکٹر ... صاحب میڈیکل آفیسر صدر مجلس استقبالیہ نے اپنی مطبوعہ افتتاحی تقریر بزبان انگریزی پڑھی۔ ازاں بعد جناب شفاء الملک حکیم ... خاں صاحب مہتمم کالج نے جناب صدر کی خدمت میں ایڈریس پیش کئے جو سرخ مخملی ایڈریس کیس میں رکھا ہوا تھا۔ ازاں بعد پٹیالہ کے مشہور شعراء نے اپنی مخصوص زبانوں میں مختلف نظمیں پڑھیں۔ ازاں بعد جناب وائس پرنسپل صاحب نے مہتمم کالج کی جانب سے رپورٹ پڑھی اس کے بعد صدر والاشان نے طلبائے کالج کو سندات و تمغہ جات تقسیم فرمائے اور آپ نے تالیوں کی اشتیاق انہ گونجتی ہوئی آواز میں کھڑے ہو کر تقریر فرمائی جس میں کالج کی خدمات اور اس کی عدیم النظیر ترقی اور شاہانہ عنایات و اکرام کا تذکرہ فرماتے ہوئے کالج کی ہر قسم کی امداد فرمانے کا وعدہ فرمایا اور جلسہ ہز ہائنس مہاراجہ ادھیراج اور شاہی خاندان و صاحب صدر کے لئے تین چیرز دینے کے بعد برخاست ہوا۔

دار الاصلاح ایک روپیہ فنڈ

دار الاصلاح کے شعبہ صنعت و حرفت کو ترقی دینے اور اس کی آمدنی سے دار الاصلاح کو چلا کر آیندہ قوم کو تکلیف دینے سے سبکدوشی حاصل کرنے کے لئے عرصہ تین چار ماہ کا ہوا کہ ۸ کروڑ مسلمانان ہند کی خدمت میں صرف ۶ ہزار روپیہ کی اپیل کی گئی تھی کہ ... ایک روپیہ دیکر ۶ ہزار مسلمان اس رقم کو پورا کر دیں ... دار الاصلاح کی امداد فرمائی ان کے اسمائے گرامی مع عطیہ حسب ذیل ہیں۔ امید ہے کہ مسلم ہمدردان اسلام اسکو پورا کرنے کی طرف جلد توجہ فرمائیں گے۔

میاں نظام الدین صاحب لاہور عہ ... مولوی غلام محی الدین خان صاحب وکیل عہ ... شیخ عظمت اللہ صاحب گجرات عہ ... بہادر محمد اسمٰعیل صاحب راولپنڈی عہ ... حاجی مراد بخش صاحب پنڈی عہ ... حاجی عبدالرحمن صاحب پشاوری عہ ... سید احمد حسین صاحب رضوی لکھنوی عہ ... رضیہ خاتون صاحبہ لکھنؤ عہ ... طاہرہ خاتون صاحبہ لکھنؤ عہ ... حافظ عبدالقادر صاحب ... چودھری افضل صاحب گجرانوالہ ...

میزان کل مالیت ۲۹۹

وصول ہونے کو باقی صرف ... لیکن اگر مسلمانوں نے تاخیر فرمائی تو پھر تنانوے پیسے سے نکلنا مشکل ہوگا۔ ایک مرتبہ تو اس رقم کو فراہم کر کے دار الاصلاح کے کام کو بھی آزما لیجئے۔ صرف ایک روپیہ اور ... کوئی بڑی بات نہیں۔

محمد عبدالغفار الخیری۔ ناظم دار الاصلاح قرولباغ دہلی

ندوۃ العلماء کی مسجد کا سنگ بنیاد

معاونین حضرات کا ایفاء وعدہ

بتاریخ ۱۴ اپریل ۱۹۳۳ء مطابق ۱۸ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ کو عالیجناب ہز ایکسیلنسی کیپٹن نواب حافظ سر محمد احمد سعید خان بہادر ... گورنر صوبجات متحدہ نے دار العلوم ندوۃ العلماء میں مسجد کا سنگ بنیاد نصب فرمایا تھا، اس کی تعمیر شروع ہو گئی ہے، بنیادیں کھدری جا رہی ہیں اور کام شروع ہو گیا ہے اور حسب ذیل حضرات نے جس امداد کا وعدہ کیا تھا وہ مرحمت فرما دیا ہے۔

(۱) جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمن خان صاحب شروانی رئیس حبیب گنج ضلع علی گڑھ .... دو ہزار روپیہ

(۲) جناب شیخ احمد علی صاحب رئیس لکھنؤ .... ایک ہزار روپیہ

(۳) جناب شیخ داؤد حسین صاحب رئیس لکھنؤ .... دو صد روپیہ

(۴) جناب حاجی ... صاحب رئیس مالک کارخانہ ...

...

اکسیر بال سیاہ

طاقت بحال کرنے اور قبل از وقت سفید بالوں کو جڑ سے سیاہ کرنے والی شہرۂ آفاق دوا

...

منیجر اکسیر ہاؤس ... (بہار)

شیخ الحدیث کا عالمگیر ماتم

نگرام (لکھنؤ)

۲۳ جون ۱۹۳۳ء کو طلباء و مدرسین مدرسہ عربیہ بدریہ نگرام ضلع لکھنؤ کا ایک جلسہ زیر صدارت حضرت مولانا سید عبدالغفار صاحب ندوی ناظم مدرسہ ... مدرسہ کی عمارت میں حضرت مولانا مولوی سید انور شاہ صاحب شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت و سابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند کی وفات حسرت آیات پر اپنے دلی حزن و ملال کا اظہار کرنے کے لئے منعقد ہوا۔

حضرت مولانا سید عبدالغفار صاحب ندوی نے اپنی تقریر میں حضرت مرحوم کے علم و عمل، فضل و کمال، زہد و اتقاء پر روشنی ڈالتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ حضرت مرحوم کی وفات سے امت مسلمہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ...

...

وہ خاتون

...

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

بے روزگاروں کو خوشخبری

...

دی شیر امپیریل موٹر ٹریننگ کالج نزد امپیریل بنک دہلی

خوردنی خضاب

...

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

...

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

...

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

...

محمد الطاف حسین ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اردو زبان کا بہترین لغت

جامع اللغات

...

المشتہر خواجہ محمود اختر ... منیجر جامع اللغات کمپنی ... لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... شش ماہی ... سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... شش ماہی
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

ید اللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ
الجمعیۃ دہلی

معاون: محمد عثمان فارقلیط
غازی محمود دھرمپال بی اے نے ایک کتاب بنام اساس الاسلام تصنیف کی ہے جو رسالہ حنیفیت کی صورت میں "کفر و اسلام" کے عنوان سے ۲۵-۱۹۲۴ء میں ماہوار شائع ہوا ہے اس کے اندر کیا ہے۔ یہ دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے مختصر یہ ہے کہ راوی جو ایک غیر مسلم شخص ہے مسلم کے پاس آ کر بعد بحث و تمحیص صرف لا الہ الا اللہ اپنی زبان سے کہنا چاہتا ہے اور محمد رسول اللہ کا بھی قائل ہے لیکن دونوں جملوں کو بیک وقت ادا کرنا نہیں چاہتا نہ قرآن مجید کو کلام الٰہی تسلیم کرتا ہے۔ اس کے بعد دریافت کرتا ہے کہ میں اب مسلمان ہوں یا نہیں مسلم جواب دیتا ہے کہ جب آپ خدا کی واحدانیت کے قائل ہو گئے اور قرآن مجید کو کلام الٰہی مان لیا تو اصولاً آپ سالت کے بھی اقراری ہو گئے۔ لہذا آپ مسلمان ہیں اس کے بعد وہ مسلمانوں کے کئی فرقوں کی مسجدوں میں جا کر ...

پاک احمدی اور غیر احمدی دونوں ختم نبوت کے منکر ہیں۔ میں ان منکرین ختم نبوت کو اب دوبارہ چیلنج دیتا ہوں کہ اگر ان کے پاس اپنے اس عقیدہ کی تائید میں قرآن پاک کی کوئی آیت یا کوئی لفظ یا شوشہ تک بھی موجود ہو تو وہ اس کو پیش کریں ورنہ ایک ایسے مسئلہ کے متعلق جس کا قرآن پاک میں رب العزت نے کہیں اشارہ تک بھی نہیں کیا ان دونوں کا آپس میں سر پھٹول ہونا سخت افسوسناک ہے حنیفت کا پرچہ احمدی اور غیر احمدی گھر دونوں میں جاتا ہے کیا وجہ ہے کہ دونوں کے دونوں ہی میرے چیلنج پر خاموش ہیں۔ کیا ان کے ہاتھوں میں یا ان کے گھروں میں قرآن پاک کا اب کوئی نسخہ نہیں رہا جس کو وہ پڑھیں اور میرے مطالبہ کا جواب دیں۔

اہل حدیث اور اہل قرآن کا جھگڑا

کے تحت عنوان تحریر ہے کہ ان دونوں فرقوں نے عرصہ سے دنگل مچا رکھا ہے اہل قرآن کہلانے والے تو حدیثوں کی مٹی پلید کر رہے ہیں اور اہل حدیث نے قرآن مجید کو نامکمل ثابت کرنے کا ٹھیکہ لے رکھا ہے اہل حدیث نے اہل قرآن کو چیلنج دیا ہے کہ اگر تم قرآن مجید کو کامل مانتے ہو تو اس میں نماز کی تشریح دکھاؤ اور ادھر اہل قرآن حضرات جاعل الملائکۃ رسلا اولی اجنحۃ مثنی و ثلث و ربٰع کی آیت سے نماز کی رکعتیں ثابت کر کے قرآن پاک کا مضحکہ اڑا رہے ہیں۔ حالانکہ قرآن مجید نے جس قسم کی نماز یا عبادت کا ذکر کیا ہے وہ نہ اہل حدیث کی نماز ہے نہ اہل قرآن کی بلکہ رب العزت نے اپنے کلام پاک میں جس نماز یا عبادت کا ذکر کیا ہے اس پر یہ دونوں گروہ عمل سے محروم ہیں انہوں نے قرآن مجید سے باہر اپنے لئے نماز کی جو ترتیب و شکل یا آمین رفع یدین اور تعداد رکعت گھڑ لی ...

احمدی اور حنفی کا جھگڑا

تمام جھگڑوں کا دو ٹوک فیصلہ

اسلامی انجمنوں کو اطلاع

ضرورت ہے

مسلم یا اہل اسلام

علماء دیوبند کو چیلنج

[illegible]

ہے کل کو احمدی جماعت یہ بھی اعلان نہ کر دے کہ مرزا صاحب کے مکذبوں یا مکفروں کو اپنے پیچھے بھی نماز مت پڑھنے دو۔ احمدیوں کا عقیدہ غالباً یہی ہے کہ رب العزت تک نماز پہنچانے والا امام ہی ہوتا ہے اگر وہ احمدی ہوگا تو نماز اللہ میاں تک پہونچ جاویگی ورنہ بصورت دیگر اندیشہ ہے کہ امام صاحب کہیں احمدیوں کی نماز کو امرتسری مولانا ثناء اللہ کے دفتر میں نہ گھسیٹ لیجائیں۔ احمدی دوستو! تم نے تو لندن اور نیویارک میں اسلام کا جھنڈا بلند کیا ہے کیا وہاں ایسے ہی فاسد خیالات کی اشاعت تو نہیں کر رہے ہو؟

یہ لیجئے ایک اور لطیفہ

کے تحت عنوان تحریر ہے کہ اخبار اہل حدیث نے یہ بدعت تراشی ہے کہ میں نے نئی نماز کا اعلان نہیں کیا۔ بلکہ اسی نماز پر روشنی ڈالی ہے جس کا رب العزت نے اپنے کلام پاک میں جابجا ذکر کیا ہے۔ ذرا سوچ سمجھ کر لکھو اس لئے کہ تمہارا مخاطب اہل حدیث یا اہل فقہ یا اہل قرآن نہیں ہے بلکہ اہل اسلام ہے جس کی گرفت سے تم کسی طرح بچ نہیں سکتے ہو اگر بچنا چاہتے ہو تو صرف ایک ہی طریقہ ہے اور وہ یہ کہ تم اپنے آپ کو اہل حدیث کہنا چھوڑ دو اور مسلم بن جاؤ۔ اس لئے کہ اہل حدیث تمہارا خود تراشیدہ نام ہے۔

سوال یہ ہے کہ یہ کتاب قابل اعتراض اور قابل اصلاح یا اس کے اندر کوئی خرابی ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو اس کتاب کو شائع ہوئے ۸ برس ہوئے اس عرصہ میں اس کے خلاف کوئی مضمون یا کوئی کتاب لکھی گئی ہو تو مضمون ہونے کی صورت میں ہو تو اس یا ان کتابوں کے کیا نام ...

[illegible]

کمترین عثمان غنی۔ آر جکر دھر لبور۔ بی۔ این ریلوے

دہلی میں انجمن ضیاء الاسلام کا قیام

انگریزی خواں طلبار کا شاندار کارنامہ

دہلی ۹ اگست۔ دہلی کے باہمت اور دردمند انگریزی خواں طلبار نے اسلامی حقائق پر عبور حاصل کرنے کے لئے ایک انجمن "ضیاء الاسلام" قائم کی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ انگریزی داں طبقہ میں اسلام کی صحیح اور بے لوث تعلیم کی نشر و اشاعت کی جائے اور بجائے یورپین مصنفین کی خوشہ چینی اور زلہ خواری کے براہ راست قرآن و حدیث اور تاریخ سے علم و بصیرت پیدا کی جائے۔ نیز جو انگریزی داں طلبار انجمن میں شریک ہوں ان کو تقریر و خطابت کی مشق کرائی جائے تاکہ وہ اچھے اسلوب سے اپنا مافی الضمیر ادا کر سکیں اور اپنے خیالات کی ترجمانی پر ان کو قدرت حاصل ہو جائے۔

دہلی کے انگریزی داں طلبار کا یہ وہ مبارک اقدام ہے جو صد ہزار تحسین و آفرین کا مستحق ہے اور جو امید ہے کہ ہندوستان کے دیگر شہروں کے انگریزی خواں طلبار کیلئے نمونہ عمل کا کام دے گا۔ اس انجمن کے مقاصد میں سب سے اہم مقصد یہ ہے کہ انگریزی داں طلبا خود اسلامی تعلیمات کو حاصل کر کے مغربی اخلاق اور یورپ کی نقالی اور اندھی تقلید کے تباہ کن اثرات سے ان کو بچانے کی کوشش کریں۔ انجمن نے اپنا کام بجوز کرنے سے پہلے ہی کئی ہفتہ سے کام شروع کر دیا تھا مگر کل ہفتہ کی شب میں اس انجمن کا باقاعدہ اجلاس زیر صدارت جناب سید حمید احمد صاحب امام جامع مسجد دہلی منعقد ہوا جس میں صدر موصوف ...

[illegible]

غازی مصطفیٰ کمال پاشا اور عربی زبان

سمرنا کے کرنل غازی محمد ذکریا کی تصریحات

[illegible]

ساحل مالا بار پر آئے گا انشاء اللہ غازی صاحب کی تقریر آپ کی خدمت میں روانہ کروں گا۔

(ایم اے صدیقی ٹیلی چری مدراس)

عراق ریلوے

نجف۔ کربلا معلے۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام۔ تیز رفتاری اور بہت ہی سستا کرایہ سے سفر کریں

مختلف درجوں کی زیارتی کوپن کی کتابیں جو ۱۵۰ دن تک کارآمد ہونگے نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لے جا سکتے ہیں

	درجہ دوئم	درجہ سوئم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا کاظمین سامرا اور واپسی بصرہ	۴۲-۰-۰	۱۴-۰-۰
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلا کاظمین اور واپسی بصرہ	۴۰-۰-۰	۱۲-۸-۰

تین سال سے کم عمر کے بچہ کا کرایہ معاف اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا نصف کرایہ لیا جاتا ہے

بمبئی اور کراچی سے ہر ہفتہ جہازات بصرہ کے بندرگاہ معقل کو جاتے ہیں جہاں ریلوے کے افسران زائرین کو ان کے آرام اور زیارت گاہوں کو جانیوالی گاڑیوں میں جگہ کا انتظام کرنے کے لئے استقبال کرتے ہیں

زائرین جو مکہ معظمہ کی زیارت کرنا چاہتے ہوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عراق کے راستہ سے سفر کریں اور اس طرح سے ایک ہی وقت میں اس ملک کی زیارت گاہوں کی بھی زیارت کے مواقع بھی مل جائیں

بغداد سے دمشق کو بذریعہ موٹر ۲۴ گھنٹہ میں سفر کیا جا سکتا ہے دمشق سے جدہ۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا کرایہ حسب ذیل ہے

درجہ دوئم ۱۹۰-۰-۰ درجہ سوئم بلا خوراک ۹۵-۰-۰ روپیہ

ہندوستان میں عراق ریلوے کے ٹکٹ اور کوپن کی کتابیں بمبئی اور کراچی میں مختلف ایجنٹوں سے خریدے جا سکتے ہیں

(۱) مولوی محمد باقر صاحب مسافر خانہ حاجی دیوجی جمال جنبل روڈ عمر کھاڑی بمبئی
(۲) آنریری جائنٹ سکرٹری فیض پنجتنی پالا گلی بمبئی
(۳) مسٹر ای۔ ای۔ لوٹیا۔ مانڈوی کولی واڑا بمبئی نمبر ۳
(۴) جیب حاجی رحمت اللہ صاحب کھارادر کراچی
(۵) مسٹر عبدالعلی شیخ عیلیجی معرفت میسرز یوسف علی علی بھائی کریم جی اینڈ کمپنی نیپیر روڈ کراچی
(۶) آنریری سکرٹری فیض پنجتنی معرفت حاجی جیٹھا بھائی گوکل کوٹھی باغ کراچی

نوٹ) ایک ہی جہاز پر ایک سو یا ایک سو سے زائد تعداد میں بصرہ کو سفر کرنے والے زائرین کو جہاز کے کرایہ میں رعایت مل سکتی ہے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

الجمعیۃ
روزنامہ — دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
ممالک غیر کے لئے
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
نرخنامہ اشتہارات

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی یوم چہارشنبہ ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۶ اگست ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۱

معاصرین کے افکار و آراء

حکومت ہند کی مہم طلبی (زمیندار)

اس واقعہ پر برطانیہ سے بیحد برافروختہ ہیں۔ بہر حال ان ممالک پر جب ...

تجربہ پر تجربہ

رنجکیٹی کی خفیہ رپورٹ

اسلامی سرحدوں پر قبائلی جھگڑے

گورنر بمبئی کی تقریر

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے
(از معاون)

لاٹ پادری کی ترکی تمام

محبت اور توحید پر ایک معرکۃ الآراء مکالمہ

۱۶ اگست ۱۹۳۳ء

SHARBAT ROOHAFZA

شربت روح افزا



دواخانہ یونانی دہلی

تیل قسم کا چھتہ

مجلس انسداد تعلیم جنسی کانفرنس کی روداد

عورتوں کے حالات مغربی تہذیب کا عبرتناک فوٹو تمام کتاب رنگین واقعات سے لبریز قیمت ۔ علاوہ محصول ڈاک۔
ملنے کا پتہ: منیجر اتحاد بک ڈپو امروہہ (یو۔پی)

دونوں سطحی باہر کو زور سے دوڑتے
لیکن کہاں؟
ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے
وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

بال جیون گھی
مفت لو

اخبار الجمعیۃ
میں
اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

خوبصورت حمائل
دفتر اشاعت القرآن بیت القرآن امرتسر

منیجر رسالہ نظام المشائخ کوچہ چیلان دہلی

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

خطبہ صدارت

ردّ مرزائیت کی معاون

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہونچانے کی درپردہ کوشش کی جا رہی ہے بہت سے بھولے بھالے اور سادہ لوح ناواقف مسلمان بسا اوقات ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں لہذا اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں پڑھ کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

ختم نبوت فی القرآن - اس کے پڑھنے سے آپ کو آیات قرآنی کے ذریعہ صاف صاف معلوم ہو جائے گا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا ہی نہیں ہوا۔ قیمت ۱۴؍

عقائد قادیانی منظوم - اس مختصر رسالہ میں مرزا کے عقائد باطلہ اور کفریہ کو مسدس کی شکل میں پیش کیا گیا ہے جس کو دیکھ کر آسانی سے مرزائیت کی حقیقت کا انکشاف ہو جاتا ہے۔ قیمت ۱؍

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

تاریخ صقلیہ جلد اوّل
از
مولوی سید ریاست علی ندوی رفیق دار المصنفین و سب ایڈیٹر معارف

منیجر دار المصنفین اعظم گڑھ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

جب حیدرآباد سے محبت ہر مسلمان کو ہے
الاعظم
منیجر الاعظم چھتہ بازار حیدرآباد دکن

جنت اور دوزخ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا
منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید
منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

یہ قانون نہ صرف ناقص رہ جائےگا بلکہ متعدد جہتوں سے مضرت رساں اور نقصان دہ ثابت ہوگا اس لئے ہم مسلم اراکین مجلس مقننہ بہار و اڑیسہ سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس مسودۂ قانون کو ان ترمیمات کے بغیر ہرگز منظور نہ کریں اور مسلمانان بہار سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ امارت شرعیہ کے اعلان کے مطابق ہر جگہ بیک وقت متفقہ آواز بلند کریں گے اور ضروری تجاویز منظور کرکے ان سے حکومت کو قبل از وقت آگاہ کر دیں گے۔

دنائت کی انتہا

اخبار مدینہ کے معزز و محترم مالک مولوی مجید حسن صاحب نے ایک مدت تک اپنے اخبار میں مولوی مظہر الدین شیرکوٹی کو ملازم رکھ کر جس طرح ابھرنے اور نمایاں ہونے کا موقع دیا شاید اسی کا یہ نتیجہ ہے کہ آج "الامان" و "وحدت" کی کوئی اشاعت خالی نہیں جاتی جس میں مالک و ایڈیٹر مدینہ کے خلاف بدترین الزامات نہ تراشے جاتے ہوں اور ان مخلص حضرات کو جو اپنے حلقۂ اثر میں قوم اور مذہب کی بہترین خدمات انجام دے رہے ہیں انتہائی سوقیانہ انداز میں کذب و افترا کے ساتھ سب و شتم نہ کیا جاتا ہو۔ ہر اس شخص کے لئے جو حنظل کا درخت لگا کر کسی شیریں و لطیف پھل کی توقع رکھتا ہے۔ یا کسی کمینہ انسان کی پرورش کرکے اس سے مروت و وفاداری کا امیدوار ہوتا ہے یہ مثال عبرت انگیز و سبق آموز ہے۔ ہندوستان کے اکابر علماء نے اس شخص کے ساتھ جو کچھ کیا وہ ظاہر ہے اور اس کے بعد جو تجربہ حاصل کیا وہ بھی دنیا کو معلوم ہے اس کے بعد یہ دنی الطبع انسان اگر اپنے ایک دیرینہ محسن کو گالیاں دے رہا ہو تو اس پر کون تعجب کرے گا۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ آج کل ایک جماعت بدعتی عالم و جاہل بنام مولوی مولانا مقرر و واعظ و حجیا و قوال و پیر و فقیر مرشد کا عرفا دعوی کرنے والے عام محفل میں الگ خاص و مرد نوجوان و امردوں کے اجتماع کرتے ہیں۔ ایسی محفلوں میں شعر و اشعار غزل و مثنوی قوالی و بغیر حسن صوت یا حسن صوت راگ کے ساتھ پڑھتے پڑھاتے ہیں اور سنتے سناتے ہیں شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا بالدلیل عمل ما شاء اللہ فتوجروا عند اللہ۔

الجواب

ایسی مجلس کی شرکت جس میں رقص و سرود لہو و لعب کی باتیں ہوں حرام ہے۔ غیر محرم عورتوں اور بے ریش لڑکوں کی طرف دیکھنا اور ان کی مجلسوں میں جانا یا اپنی مجلسوں کو ان سے زینت دینا حرام ہے۔ ...

[بقیہ متن کالم ناخواندہ]

استفتاء

[متن ناخواندہ]

الجواب

[متن ناخواندہ]

بر موقع احتجاج نہیں کیا تھا۔ حکومت خود اپنے بیان کے مطابق اس وقت مسلمانوں کی رائے عامہ معلوم کرنا چاہتی ہے۔ پھر کوئی وجہ نہیں ہے کہ مسلمان خاموش بیٹھے رہیں اور حکومت کو یہ نہ بتائیں کہ ان کے جذبات کیا ہیں اور وہ کیا چاہتے ہیں۔

بمباری

گزشتہ ہفتہ کی اطلاعات ہمیں بتاتی ہیں کہ گلگے کا پورا گاؤں تباہ و برباد کر دیا گیا۔ اب وہاں کا کام مکمل ہو گیا۔ اس کے بعد یہ دیکھا جائے گا کہ کسی اور مقام سے شورش اپھیلانے والوں کے پوشیدہ ہونے کی خبر آتی ہے یا نہیں۔ جہاں کہیں معلوم ہوگا کہ یہ لوگ پوشیدہ ہیں وہیں پھر بمباری شروع کر دی جائے گی۔ گویا گلگے کے گاؤں کو پوری طرح تہس نہس کر دینے کے بعد بھی بمباری کی وہ پالیسی ختم نہیں ہوئی جس کے خلاف ہندوستان اور انگلستان میں احتجاج برابر ہو رہے ہیں اور جس کی مذمت میں تمام اخبارات کے کالم کے کالم سیاہ نظر آتے ہیں۔ اگر ایک لمحہ کے لئے ایسوسی ایٹڈ پریس اور اینگلو انڈین اخبارات کے نامہ نگاران خصوصی کا یہ بیان جو ہمارے نزدیک ناقابل یقین ہے تسلیم بھی کر لیا جائے کہ اگرچہ ہوائی جہازوں نے کئی دن مسلسل بم برسائے، ایک گاؤں بالکل تباہ ہو گیا مگر کسی مرد یا عورت بچے یا بوڑھے کی نکسیر نہیں پھوٹی تو بھی خود اس بیان کے مطابق کیا یہ منظر کچھ کم تکلیف دہ ہے کہ ایک گاؤں کی پوری آبادی بے خانماں ہو گئی۔ ان کے مکانات اور ان کی کھیتیاں تباہ کر دی گئیں اور انہیں اس پر مجبور کر دیا ...

[بقیہ متن ناخواندہ]

... سے یہ درخواست کی گئی ہے کہ وہ مسلم اراکین اسمبلی کے ایک وفد کو اس سلسلہ میں ملاقات کا موقع دیں۔ جذبات کی نمائش خواہ کتنے ہی الفاظ میں کیوں نہ کیا جائے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ وہ جذبات شدید ہیں اور حکومت ان کو نظرانداز نہیں کر سکتی۔

مسلمانان اجین

ریاست گوالیار کی حکومت سے وہاں کے مسلمانوں کو جو شکایات ہیں ان کے متعلق سب سے پہلے الجمعیۃ نے گزشتہ سال اپنے کالموں میں ایک مفصل بیان شائع کیا تھا اور ان شکایات کی طرف عام توجہ منعطف کرائی تھی۔ اور وہاں سے جو حضرات دہلی آئے تھے ان سے حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب اور راقم الحروف نے دفتر الجمعیۃ میں ملاقات بھی کی تھی اور گوالیار کے حالات پر گفتگو بھی ہوئی تھی اور بعض مفید تجاویز زیر بحث آئی تھیں۔ اس کے بعد یہ معلوم ہوا کہ بعض خود غرض حضرات نے وہاں مسلمانوں کے درمیان افتراق پیدا کر دیا اور اصل شکایات جن کی تلافی مقصود تھی آپس کی مخالفت میں گم ہو گئیں یہ صورت حال ہمارے لئے جس درجہ تکلیف دہ ہو سکتی تھی وہ ...

[متن ناخواندہ]

... کی حرکات ظاہر کرتے تھے۔ ... سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں پوری طرح مسلمانوں کے درمیان محاذ جنگ قائم ہو گیا ہے۔ ہم مسلمانان اجین سے مذہب اسلام اور ملت بیضا کے نام پر اپیل کرتے ہیں کہ خدا کے واسطے اس فتنۂ افتراق کو ختم کر دیں اور گمراہ جماعت کو متنبہ کرتے ہیں کہ وہ ایک مفسد و شریر النفس انسان کے دھوکوں میں نہ آئے جس کو روٹیاں اسی طرح ملتی ہیں کہ وہ مسلمانوں کی دو جماعتوں میں جنگ کرا کے ایک جماعت سے فائدہ حاصل کرے۔

مسلمان وقف بل

صوبہ بہار کی مجلس مقننہ میں مسلمانوں کے اوقاف کے متعلق جو مسودۂ قانون پیش کیا جا رہا ہے اس پر امارت شرعیہ صوبہ بہار و اڑیسہ کی مقرر کردہ کمیٹی نے ایک رپورٹ پیش کی ہے جسے ہم آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ درج کر رہے ہیں۔ اس رپورٹ میں صوبہ بہار کے علماء کی جانب سے جن ترمیمات پر زور دیا گیا ہے اگر ان کو مسودۂ قانون کے اندر شامل نہ کیا گیا تو یقینا ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۲ ہجری

مسلمانان دہلی کا احتجاج

فریضۂ حج کے معاملہ میں ایک عرصہ سے حکومت نے جو رویہ اختیار کر رکھا ہے اسکے متعلق اب ہندوستان کے مسلمانوں میں بے چینی و اضطراب روز بروز بڑھتا جاتا ہے، اور وہ یہ محسوس کر رہے ہیں کہ مذہبی اعمال و دینی عبادات کی آزادی ایک حرف غلط کی طرح مٹائی جا رہی ہے اور رفتہ رفتہ حکومت کا جبر و استبداد اور حکم و اقتدار ان حدود کے اندر بھی مداخلت کر رہا ہے جو خود آج تک اسی کے قائم کردہ اصولوں کے مطابق مقرر کئے گئے تھے۔ اس پر مستزاد حجاز مقدس کا معاملہ ہے کہ خود اس مرکز اسلام کے متعلق بھی حکومت کی روش برابر شک و شبہ کی نظر سے دیکھی جاتی ہے، اور وہاں کے ملکی و سیاسی و مذہبی معاملات میں مداخلت کا خطرہ ہر وقت ...

[متن ناخواندہ]

... بنا پر مذہبی اعمال کی ادائیگی سے نہیں روکا جا سکتا۔ اس موضوع پر حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے کمپنی باغ میں ۱۰ راگست کی شام کو جو تقریر ارشاد فرمائی ہے اس کے بعد کسی شخص کو ذرہ برابر بھی یہ شبہ باقی نہیں رہ سکتا کہ حکومت کے لئے مولانا اسمٰعیل غزنوی کو حج سے روکنے کی کوئی گنجائش بھی ہے اور جب تک حکومت اپنے ایسے ناروا، استعمال اور نامعقول حکم پر اصرار کرتی رہے گی اس وقت تک مسلمانوں میں یہ احساس برابر ترقی کرتا رہے گا کہ انہیں ہندوستان میں اپنی مذہبی عبادات کو ادا کرنے کی بھی آزادی حاصل نہیں ہے۔

خفیہ رپورٹ

[متن ناخواندہ]

ادائیگی حج کی مخالفت

[متن ناخواندہ]

... اس قسم کی خفیہ رپورٹ کو بنیاد نہ بنائے اور حجاز مقدس کے معاملات میں کسی قسم کی مداخلت نہ کرے، اور حج تحقیقاتی کمیٹی کے اراکین سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ یہ بتائیں کہ اب تک انہوں نے اس رپورٹ کو پردۂ خفا میں کیوں رکھا اور آج تک اس کا ذکر مسلمانوں سے کیوں نہیں کیا۔ ابھی وقت ہے کہ اس رپورٹ کو خود مسلم اراکین اسمبلی جو تحقیقاتی کمیٹی میں شامل تھے مسلمانوں کی اطلاع کے لئے شائع کر دیں اور حکومت اپنی اس تمام کارروائی کو فوراً روک دے جو اس رپورٹ کی بنا پر کی جا رہی ہے۔ جب تک ہندوستان کے مسلمان اس رپورٹ کو پڑھ نہ لیں حکومت ہند کو اس کا حق حاصل نہیں ہے کہ وہ ایک قدم بھی اس کی بنا پر اٹھائے۔ حجاز جیسی مقدس سرزمین میں مسلم اراکین اسمبلی کی یہ ریشہ دوانیاں غداری ملت کا ایک فیصلہ کن اور آخری ثبوت ہیں۔

مسلمانان ہند کا فرض

جمعیۃ علمائے ہند کے زیر سرپرستی اور صدر جمعیۃ کے زیر صدارت جو جلسۂ عام ۱۰ راگست کو دہلی میں منعقد ہوا اس کی کارروائی یہ بتا رہی ہے کہ مسلمانان دہلی ...

حکومت ہند حجاز مقدس میں مداخلت کا راستہ نکال رہی ہے

معلمین کا مسودۂ قانون مسلمانوں کی مرضی کے بغیر پیش کیا گیا ہے

مولانا اسمٰعیل غزنوی کو حج سے روکنے پر زبردست احتجاج

حج تحقیقاتی کمیٹی کی خفیہ رپورٹ کو شائع کرنے کا مطالبہ

مسلمانان دہلی کے جلسہ عام کی کارروائی

[متن ناخواندہ]

اعلان مذہبی آزادی کی خلاف ورزی

[متن ناخواندہ]

مسودہ قانون، رہنمایان حجاج

[متن ناخواندہ]

حج کے متعلق مسودہ قانون

[متن ناخواندہ]

خفیہ رپورٹ اور خفیہ کتابت

[متن ناخواندہ]

انگریزی اخبارات کے تراشے

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

امریکہ میں زارو آغا کی ایک رقیبہ کا ظہور

۲۰۰ سال عمر پوری ہونے کے بعد مقابلہ کا ارادہ

[متن ناخواندہ]

... ذیل کے الفاظ میں پیش کیا ہے:-

سنٹورا مارٹینا کا سر بالکل سفید اور کمر خمیدہ ہے۔ مصنوعی دانتوں سے کام لیتی ہے اور انگریزی اور لوبی زبانوں میں بخوبی گفتگو کرتی ہے۔ اس کا حافظہ بھی قوی ہے۔

نمائندہ مذکور سے سنٹورا مارٹینا نے کہا کہ میں زارو آغا کی عمر کا حال سن رہی ہوں لیکن میں چاہتی ہوں کہ اس کے مقابلہ کے لئے میں اس وقت اعلان کروں جب میری عمر پوری ۲۰۰ سال کی ہو جائے۔ حیات مستعار پر دو سو سال گزر جانے کی خوشی میں ایک جشن مناؤں گی اور پھر اپنی عمر کا اعلان کروں گی۔

(ہمارے خیال میں تو زارو آغا اور سنٹورا مارٹینا کی آپس میں شادی ہو جانی چاہئے۔ مگر سنا ہے کہ زارو آغا ۴۰ عورتوں سے شادی کر چکے ہیں اور خدا کے فضل سے بیٹے اور پوتوں کی تعداد ۲۰۰ سے بھی تجاوز ہو چکی ہے)۔

انگلستان کے اخبارات میں شاہ فیصل کی مدح سرائی

دجلہ و فرات کی گردن پر حکومت کرنے والا بادشاہ

لندن کے اخبار ڈیلی ٹیلیگراف نے شاہ فیصل والی عراق کی سیاحت پر متعدد مقالات سپرد قلم کئے ہیں جس میں وہ شاہ عراق کی مدح سرائی کرتا ہوا لکھتا ہے کہ شاہ فیصل کے نڑے بڑے انگریزوں کی توجہ عراق کی طرف منعطف ...

[متن ناخواندہ]

... مدفون ہے پس کیا عرب مدبر ... کی کوشش کرینگے؟"

شاہ فیصل کو عراق سے بڑی بڑی امیدیں وابستہ ہیں اور کیوں نہ ہوں جبکہ آپ دجلہ و فرات کی گردن پر حکومت کر رہے ہیں۔

عربی اخبارات کے تراشے

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

اجنبی اشخاص ایک سال میں اپنے پیشوں سے دستبردار ہو جائیں

بعض پیشے ترکی باشندوں کیلئے مخصوص کر دیئے گئے

[متن ناخواندہ]

... اس قانون کی رو سے جو پیشے ترکی اشخاص کے ساتھ مخصوص نہیں ہیں ممکن ہے کہ ہیئت وزراء کی طرف سے اجنبی اشخاص کیلئے ان کو ممنوع قرار دیدیا جائے۔ ممالک غیر کے باشندے جو مندرجہ ذیل کاموں میں مشغول ہیں وہ اس قانون سے مستثنیٰ کر دیئے گئے ہیں ممالک خارجہ کے سفارتخانوں کی دربانی۔ قونصلوں اور سفارتخانوں کی موٹریں اور گاڑیاں چلانے والے۔

غیر ممالک کے جو اشخاص ممنوع ملازمتوں میں کام کر رہے ہیں۔ ان کے لئے لازم ہو گیا ہے کہ وہ ایک سال کے اندر اندر اپنے کاموں سے دستبردار ہو جائیں ورنہ خلاف ورزی کی صورت میں ان پر پانچ سو لیرہ ترکی تک جرمانہ کیا جائیگا۔

ریفی مسلمان پھر جاگے

جامع اعظم کی واپسی کیلئے پرزور مطالبہ

بہت دنوں سے ریف کے مسلمانوں کے حالات سے عربی اخبارات خالی تھے اب خبر آئی ہے کہ وہاں کے مسلمانوں نے ایک جلسہ کرکے یہ بات طے کی ہے کہ قرطبہ واقعہ اسپین کی جامع اعظم کی واپسی کا مطالبہ پرزور طریق پر کیا جائے۔ اس سلسلہ میں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اسپین میں انقلاب اور جمہوریت کے قیام کے بعد جدید حکومت نے مسلمانوں سے وعدہ کیا تھا کہ ان کو جامع اعظم واپس کر دی جائے گی لیکن ذرا توقف اور صبر کی ضرورت ہے مسلمانوں نے ایک سال تک حکومت کی نظر کرم کا انتظار کیا اور جب وہ مایوس سے ہونے لگے تو انہوں نے پھر اپنے سابقہ ...

... وہ اپنی بے تعصبی اور رواداری کے دعا کے ساتھ اس کا عملی ثبوت بہم پہنچائے۔ یہ جامع شاہان اسپین کی ایک عظیم یادگار ہے اور اس کی تعمیر پر سات سو سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ اس مسجد کی وسعت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس کے ۲۲ ہزار تو صرف ستون ہیں اور بیک وقت ۸۰ ہزار مسلمان نماز پڑھ سکتے ہیں۔ زوال سلطنت اسلامیہ کے بعد یہ جامع اعظم گرجا بنالی گئی جو بدستور صلیب کی پرستش گاہ ہے۔

شرق اردن اور حجاز کے معاہدہ کی حقیقت

برطانیہ کی مداخلت سے تشویش

سلطان ابن سعود اور شرق اردن میں برطانیہ کی وساطت سے جو گفت و شنید ہوئی ہے اس کو عربی ممالک کے سیاسی مفکرین تردد اور تشویش کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ برطانیہ کی وساطت بغیر کسی سبب کے نہیں ہو سکتی اور یقیناً اس گفت و شنید میں برطانیہ کا فائدہ مضمر ہے۔

بیروت کا ایک اخبار لکھتا ہے کہ ان ساری کارروائیوں کا منشا یہ معلوم ہوتا ہے کہ سلطان ابن سعود کے قبضہ سے عقبہ اور معان حکومت برطانیہ کے قبضہ میں آجائیں تاکہ وہ دوامی استبداد کیلئے وہاں ہوائی مستقر تعمیر کرے اور قلب عرب میں ہر قسم کی ریشہ دوانیوں کا سامان بہم پہنچاتی رہے۔

کوئی عرب ناچ گھروں میں نہ جائے

امام یحییٰ والی یمن کا فرمان

امام یحییٰ والی یمن نے ایک حکم نافذ کیا ہے کہ ناچ گھروں میں کوئی مسلمان نہ جانے پائے ورنہ اس کو قید و جرمانہ کی سزا دی جائے گی۔ یمن میں اٹلی کے باشندوں کو کافی اقتدار حاصل ہو گیا ہے کیونکہ متعدد بنک انہی کے زیر اہتمام کاروبار کر رہے ہیں۔ ان کے علاوہ یہودیوں کی تعداد بھی کافی ہے جنہوں نے اپنی تفریح کے لئے ناچ گھر اور دیگر عیاشی کے اڈے کھول رکھے ہیں۔ سلطان یمن اس بات کو گوارا نہیں کرتے کہ ناچ گھروں میں جاکر عرب لوگ اپنی شرافت و سیادت پر بٹہ لگائیں اور مغرب کی بے حیائیوں میں شامل ہوکر شرف اسلامی کو تباہ کریں۔

دمشق میں چار روز تک جشن میلاد النبی

اس سال دمشق میں سیرۃ النبی کے اجلاس بڑی شان و شوکت سے منعقد ہوئے خصوصیت سے ذیل کی مساجد میں تذکار نبوی کیلئے عظیم الشان اجتماع ہوئے: ...

مردوں اور عورتوں کو عنین اور بانجھ بنانے کی اسکیم

جرمنی حکومت کا "مردمی آزار" قانون

نااہل اور کمزور لوگوں کو عنین بنانے کیلئے جرمنی میں جو ایک نیا قانون نافذ ہوا ہے اس کی رو سے جیسا کہ سرکاری تخمینہ سے ظاہر ہوتا ہے، چار لاکھ جرمنی شادی اور اولاد پیدا کرنے کے حق سے محروم ہو جائیں گے۔ اس مقصد کے لئے خصوصی عدالتیں قائم کی جائیں گی جن میں قانون داں جج۔ ڈاکٹر اور اطباء مقرر کئے جائیں گے۔

عنین (یا نامرد) اور بانجھ بنانے کی درخواست یا تو ایسے لوگ خود عدالت میں پیش کریں گے یا ڈاکٹروں کی طرف سے ایسے اشخاص کے متعلق درخواست پیش کی جائے گی۔ اگر عدالتوں نے اس قسم کی درخواستوں کو قبول کر لیا تو مرد اور عورت کی مرضی کے خلاف زبردستی ان کو نامرد اور بانجھ بنا دیا جائے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ مردوں اور عورتوں کو خصی اور بانجھ بنانے کا آپریشن ...

[متن ناخواندہ]

سرحد عراق پر شامی عیسائیوں سے جنگ

عراقیوں کے ۲۰ اور شامیوں کے ۹۵ سپاہی ہلاک

بغداد ۹ راگست۔ رائٹر کو ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ عراق کی شمالی سرحد پر حکومت عراق کی افواج اور شام کے عیسائیوں کے درمیان جو شمال ہی میں عراق سے نکل کر شام چلے گئے تھے، جنگ شروع ہو گئی ہے۔ اس وقت تک عراق کی فوج کے ۲۰ سپاہی اپنی اشخاص مارے گئے ہیں۔ اور بیشتر مجروح ہو گئے ہیں اور شامیوں کے بچانوے اشخاص ہلاک اور متعدد مجروح ہوئے ہیں۔ جنگ ابھی جاری ہے۔

بعد کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ لندن میں آج ایک برقی پیغام موصول ہوا ہے کہ شامیوں نے جو حال ہی میں سرحد عراق عبور کرکے شام میں داخل ہوئے تھے۔ حکام عراق کی غیر مشروط اطاعت قبول کر لی ہے ...

[متن ناخواندہ]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(بسلسلہ صفحہ اول)

[متن ناخواندہ]

سرحد کے آزاد قبائل پر بم باری کے خلاف شدید احتجاج

ہندوستان کے مختلف اخبارات کی رائیں

سرحد کے آزاد قبائل پر جو بم باری کی جا رہی ہے اور جو بقول مسٹر لانسبری ممبر پارلیمنٹ "خدا اور انسانیت کے خلاف جنگ" ہے اس کی ہندوستان کے جملہ اخبارات نے بلا اختلاف مسالک کے باوجود شدید اور پر زور مذمت کی ہے۔ اس سلسلہ میں اخبارات نے اب تک جو کچھ لکھا ہے اس کے اقتباسات درج ذیل ہیں:-

"ہلال"

"پرتاپ"

"ویر بھارت"

"سرفراز"

"دستور"

"مدینہ"

"ندیم"

"ملت"

"احرار"

"حقیقت"

"زمیندار"

"تیج"

آزاد قبائل پر بم باری کے متعلق اسمبلی میں سوالات

ایک مسلم وفد کی وائسرائے سے ملاقات کیلئے اجازت

امرتسر ۱۳ اگست۔ شیخ صادق حسن صاحب ممبر اسمبلی نے اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں مندرجہ ذیل سوالات پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے:-

(۱) کیا یہ حقیقت ہے کہ چند آزاد سرحدی دیہات پر برطانوی ہوائی جہازوں نے ہوائی تاخت کی ہے کیا حکومت بچوں اور عورتوں پر بم باری کو جائز قرار دیتی ہے، ان دیہات میں کون لوگ موجود تھے۔ کیا حکومت آئندہ اس غیر مہذب طریق جنگ سے اجتناب کرے گی؟

(۲) کیا حکومت اس امر سے واقف ہے کہ نام فلم کمپنیاں جو قائم ہوئی ہیں وہ غیر مسلم ہیں اور وہ مسلمانوں کے جذبات سے ناواقف ہیں ... کیا ایسی فلموں پر سنسر کو حکومت جائز قرار دینے کیلئے تیار ہے؟

امرتسر ۱۳ اگست۔ شیخ صادق حسن صاحب ایم۔ ایل۔ اے کے نام حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے مندرجہ ذیل تار موصول ہوا: "سرحد کے آزاد علاقہ پر بم باری کے باعث مسلمانوں میں بیحد اضطراب پھیل رہا ہے۔ براہ کرم آپ حکومت کو اس پالیسی سے دستبردار ہونے پر اپنے اثر و رسوخ کو استعمال کریں۔"

اس تار کے موصول ہونے پر شیخ صاحب نے وائسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری کو مندرجہ ذیل تار ارسال کیا ہے:-

لاہور میں اظہار تشویش

"تہذیب تمدن"

"انقلاب"

"اجمل"

بم باری پر احتجاجی جلسہ کے اعلان کی ضبطی

لاہور پولیس نے رضا کاروں کو گرفتار کر کے چھوڑ دیا

علامہ اقبال کا رویہ

سرحد کی بم باری پر ملک کے طول و عرض میں ہیجان

مختلف مقامات پر احتجاجی جلسے

انجمن امداد الاسلام دیوبند کا احتجاج

مسلمانان سہارنپور کا جلسہ

سجادہ نشین سیال شریف کا تار

گورنر صوبہ سرحد کے نام برقیہ

ہندوستان اور جاپان میں تجارتی گفتگو

جاپانی وفد لندن روانہ ہوگیا

خاپاک کے قریب مہمندوں اور حلیم زئیوں میں دست بدست جنگ

پانچ گھنٹہ تک معرکہ کارزار گرم رہا

باجوڑ پر بم باری بند کر دی گئی ہے

شملہ ۱۲ اگست۔ سرحد کی آخری اطلاعات مظہر ہیں کہ کل دوپہر بعد حلیم زئیوں پر بالائی مہمندوں نے زبردست حملہ کیا۔ فریقین میں دست بدست جنگ ۵ بجے سے ۱۰ بجے رات تک جاری رہی۔ یہ جنگ خاپاک کے قریب تورانگا گاؤں میں واقع ہوئی۔ معلوم ہوا ہے کہ بالائی مہمندوں نے حلیم زئیوں کو سخت نقصان پہنچایا اور ان کے متعدد گاؤں جلا دیئے۔ آج صبح گنڈاؤ پر متعین فوج کو غلانائی سے باہر نکالا گیا تاکہ دشمن کو اس سے خوفزدہ کر دیا جائے لیکن ابھی تک فوج اور ہوائی جہاز ان کو پسپا کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے۔

باجوڑ پر کئی روز سے ہوائی جہازوں سے بم باری نہیں کی گئی صرف برواز کا متعدد بار مظاہرہ کیا گیا۔ فوجی حکام مطلوبہ تین اشخاص کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ امید ہے کہ ہوائی مظاہروں سے مرعوب ہو کر اور بم باری کے خوف سے باجوڑ والے حکومت کا مطالبہ منظور کرنے پر آمادہ ہو جائیں گے۔ اب تک بم باری کے سلسلہ میں نقصان جان کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ قبائلی حلقوں میں اس کے متعلق افواہ پھیل رہی ہیں لیکن ان کے بیانات مبالغہ آمیز ہیں۔

بالائی مہمندوں اور حلیم زئیوں میں معرکہ آرائی

فوجی کمانڈر اور ڈپٹی کمشنر کا درہ نہقی میں دورہ

ایک گھوڑے سوار پر فائر

پیشتر کی اطلاعات

بم باری جاری رہے گی؟

حاجیوں کیلئے قواعد و ضوابط

جہاز میں کھانے کے ہمراہ چا کا انتظام

یو۔پی میں حج کمیٹی کا قیام

سرکاری اور غیر سرکاری ارکان کا انتخاب

مس خورشید نیروجی کا داخلہ سرحد

گرفتاری کے بعد فوراً ایک سال کی سزا

کیا گاندھی جی اپنی زندگی ختم کر دینگے؟

بمبئی کے کانگریسی حلقوں میں تشویش

ترکی سے برطانوی نمائندہ کا اخراج

اخراج کے متعلق ترکی حکومت نے رپورٹ پیش کر دی

ترکی حکومت ایکسٹن چاندی خریدیگی

ایک مکان میں بم پھٹ گیا

سیلاب اور طغیانی کے باعث ریلوں کی آمدورفت بند

پل۔ آراضی اور مکانات زیر آب۔ تاروں کے کھمبے اکھڑ گئے

بڑودہ۔ احمد آباد سورت اور رتلام میں قیامت خیز بارش

بڑودہ ۱۲ اگست۔ گذشتہ رات تمام بڑودہ میں بارش کی وجہ سے قیامت برپا ہوگئی ... دریائے وشوامتری میں سخت طغیانی آگئی ہے اور اس کے پل پر ۱۵ فٹ پانی چڑھ گیا ہے۔ آراضی پر دس دس فٹ پانی چڑھ گیا ہے اور لوگ دکانوں اور مکانوں کو چھوڑ چھوڑ کر محفوظ مقامات میں چلے گئے ہیں ... ریلوے ٹرین کی آمدورفت بند کر دی گئی ہے۔

احمد آباد ۱۲ اگست۔ کل تمام دن زبردست بارش ہوتی رہی اور طوفان باد نے تمام علاقہ کو پریشان کر دیا۔ دریائے سابرمتی میں طغیانی کے باعث کھیت تہ آب ہو گئے ہیں۔ ریلوے لائن اور ریلوں کے ٹوٹ جانے کے باعث ریلوے کی آمدورفت بند ہو گئی ہے۔ ٹیلیگراف کے تار اور کھمبے بھی اکھڑ گئے ہیں۔

سورت ۱۲ اگست۔ موثق اطلاعات کے مطابق بروچ اور احمد آباد کے درمیان سخت اور زور کی بارش ہوئی ہے دریائے نربدا میں گذشتہ رات تیس فٹ تک پانی چڑھ گیا۔ شہر بروچ کے تمام بازار زیر آب ہیں اور جملہ کاروبار بند ہے۔ ضلع کیرا میں دریائے مہی میں بھی زبردست طغیانی آگئی ہے۔

رتلام ۱۳ اگست۔ کل زبردست بارش کے باعث ریلوے لائن ٹوٹ گئی جس کے باعث فرنٹیئر میل ۵ گھنٹہ کے لئے لیٹ ہوگیا ... ریلوے حکام نے سید الیہ اور گودھرا کے درمیان ریلوے کی آمدورفت بند کر دی ہے۔

کانگریس کے صدر کا تازہ اعلان

مسٹر ستیہ مورتی کے زبردست اعتراضات

کانگریس کا اجلاس منعقد کرنے کا مطالبہ

مدراس ۱۱ اگست۔ مسٹر راجندر پرشاد صدر کانگریس نے مسٹر ستیہ مورتی کو ان کے ایک خط کے جواب میں لکھا ہے:-

لکھنؤ میں بے کاروں کا دلچسپ اجتماع

اتحاد کانفرنس منعقد کرنے کا ارادہ

یرواد اجیل میں گاندھی جی کی حالت

۵۵ دیہاتی سوتے سوتے بہہ گئے

بمبئی کے دو ہزار مزدوروں نے کام چھوڑ دیا

سزائے تازیانہ کا بل منظور ہوگیا

بمبئی کونسل میں غیر سرکاری ترمیمات گر گئیں

سکرٹری کانگریس کمیٹی کو سزا ہوگئی

حکومت بمبئی کے حکم کی خلاف ورزی

آئرلینڈ میں خانہ جنگی کے آثار

جنرل اوڈفی کیلئے فوجی پریڈ پر بحث

آدم خیل۔ آفریدیوں پر سی۔ آئی۔ ڈی پولیس کا چھاپہ

ڈائنامیٹ۔ بم۔ رائفلوں اور آتشیں اسلحہ کی برآمد

پشاور ۱۲ اگست۔ سال رواں میں سی۔ آئی۔ ڈی والا افسروں کی کوشش سے آتشیں اسلحہ کی بڑی مقدار کو ہاٹ سے آگے پکڑی گئی ہے دو آدم خیل آفریدی اپنے دو خچروں کو لئے ہوئے چلے جا رہے تھے کہ سی۔ آئی۔ ڈی نے ان کو گرفتار کر کے خچروں کی تلاشی لی جن پر متعدد تھیلے لدے ہوئے تھے ان تھیلوں سے مندرجہ ذیل اسلحہ برآمد ہوئے۔

رائفلیں چودہ عدد (جن میں نمبرہ رائفلیں سوس کی اور ایک کناڈا کی بنی ہوئی تھی) پستول ایک عدد (جرمن ساخت) گولیاں ۱۰ ہزار بم ایک عدد (انگریزی ساخت) ڈائنامیٹ کا مسالہ۔ کارتوس بنانے کی مشین ایک عدد۔ بارود کثیر مقدار میں معلوم ہوا ہے کہ ندکورہ آفریدی ان اسلحہ کو باتل ضلع ہزارہ لے جا رہے تھے۔ بٹگرام کے ایک سردار نے یہ آتشیں اسلحہ منگائے تھے۔ آتشیں اسلحہ اور دیگر سامان تھیلوں میں بھرا ہوا تھا اور ان پر خالی تھیلے بھی ڈال دئے گئے تھے تاکہ دیکھنے والوں کو معلوم ہو کہ خچروں سے بار برداری کا کام لیا جاتا ہے۔

صدر میکاڈو کے خلاف ہوانا میں زبردست مظاہرہ

وحشی ہجوم نے ۱۲ اشخاص ہلاک اور دو سو زخمی کر دئے

صدر کے مکانات اور سرکاری دفاتر کو تباہ کر دیا گیا

ہوانا ۱۳ اگست۔ ہوانا میں صدر میکاڈو کے خلاف زبردست مظاہرہ ہوا اور سخت ہنگامہ برپا ہو گیا جس میں ۱۲ آدمی ہلاک اور ۲۰۰ زخمی ہوئے پولیس اور فوج قیام امن کے لئے کوئی کوشش نہیں کر رہی ہے جنرل میکاڈو کے پرائیویٹ مکانات اور ان کے مال و اسباب کو ہجوم نے برباد کر دیا مکان کے رہنے والے سب بھاگ گئے میکاڈو کے مکانات کا فرنیچر گلیوں میں پھینک دیا گیا اور قیمتی کپڑے اور سامان کو لوٹ لیا گیا۔ حکومت کے دفاتر اور سرکاری اخبار "ہیرالڈ ڈی کیوبا" کے دفتر کو بھی تباہ کر دیا گیا۔ یہ بھی افواہ ہے کہ مسٹر ارکو رڈو میئر ہوانا کو قتل کر دیا گیا ہے۔ میکاڈو کی حکومت کے زوال کی خوشی میں وحشی ہجوم نے صدر کے محل کو تباہ کر دیا اور ساتھ ہی خفیہ پولیس کے ۵۰ آدمیوں کو قتل کر دیا۔ خود میکاڈو پایۂ تخت سے علیحدہ ایک دوسری جگہ مقیم ہو گیا ہے جہاں اس کی سخت حفاظت کی جا رہی ہے ... اصلاحات کے تمام سلسلوں کو تباہ کر دیا گیا ہے۔

بعد کی اطلاع مظہر ہے کہ جنرل میکاڈو ہوائی جہاز کے ذریعہ نسو کو فرار ہو گئے ہیں۔

دار الحکومت

دہلی سول لائن میں مسلح ڈاکہ

گھر والوں کو مارتے مارتے بے ہوش کر دیا

دہلی ۱۲ اگست۔ پرسوں رات کو بھوٹوالی کوٹھی کے قریب ایک مکان واقع ... مقدمہ سول لائنز میں تقریباً ۴ ہوکوٹ پتلون پہنے ہوئے ریوالور اور بندوق وغیرہ سے مسلح ڈاکوؤں نے ڈاکہ ڈالا۔ اور تقریباً ۴۰۰ روپے کے زیورات وغیرہ لے کر فرار ہو گئے یہ کوٹھی ایک گوبر گنگا رام کی ہے۔ ڈاکوؤں نے گنگا رام کی بیوی اور بچوں کو بھی زخمی کیا ہے۔ ڈاکو مکان میں ۲ بجکر ۳۰ منٹ پر آئے اور گنگا رام اور اس کے خاندان کو جگا دیا۔ مسلح ڈاکوؤں کو دیکھ کر گھر والے سکتہ میں آ گئے ایک ڈاکو نے گھر والوں سے کنجی مانگی جب انہوں نے دینے سے انکار کیا تو ان کو پیٹنا گیا یہاں تک کہ وہ بے ہوش ہو گئے۔ آخر انہیں کنجی مل گئی اور وہ چار سو روپے کا سامان لے کر چلتے بنے جب ڈاکو چلے گئے تو گھر والوں نے چلانا شروع کیا۔ پولیس کو خبر کی گئی اب پولیس تحقیقات میں مصروف ہے۔

فوجداری مقدمات کی تعداد میں اضافہ

دہلی کی عدالت ہائے فوجداری کی نظم و نسق کی رپورٹ بابت ۱۹۳۲ء مظہر ہے کہ اس سال فوجداری کے مقدموں میں بہت بڑا اضافہ ہو گیا اس سال ۲۰۷۸۲ مقدمہ دائر کئے گئے جب کہ گذشتہ سال صرف ۱۳۰۳۵ مقدمہ دائر کئے گئے تھے۔ ۵ فی صدی سے زائد کا اضافہ ہو گیا رپورٹ میں بیان کیا گیا ہے کہ اس سالی مقدمہ بازی میں جو اضافہ ہوا ہے اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ جرائم میں اضافہ ہو گیا ہے بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ پولیس زیادہ مستعدی سے کام کرنے لگی ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اعلان

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا ایک بہت ضروری جلسہ ۲۰ و ۲۱ اگست کو مراد آباد میں منعقد ہوگا۔ دفتر سے اراکین کے نام ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے۔ معاملات کی اہمیت اور موقع کی نزاکت کو مد نظر رکھتے ہوئے تمام اراکین سے درخواست ہے کہ وہ ضرور شرکت فرمائیں۔ اپنی تشریف آوری کی صحیح تاریخ اور وقت سے مولانا فخر الدین صاحب صدر مدرس مدرسہ شاہی مسجد مراد آباد کے پتہ پر اطلاع دی جائے۔ (مولانا) احمد سعید

نئی دہلی پر مزید ڈیڑھ کروڑ کا صرفہ

شملہ۔ دار السلطنت (نئی دہلی) کو وسعت دینے کی جو اسکیم ہے اس کے بارے میں مزید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ ڈیڑھ کروڑ روپیہ کا صرفہ ہوگا اس میں سے پچاس لاکھ روپیہ حال ہی میں کلرکوں کے کوارٹر اور افسروں کے بنگلوں کی تعمیر میں صرف ہوگا۔ بقیہ روپیہ کی منظوری جدید اصلاحات کے سلسلہ میں ہوگی ہے اس سے فیڈرل لیجسلیچر کے ممبروں کے کوارٹر بنیں گے اس کے علاوہ صفائی کی بہتری سرکاری دفاتر، بنس کا میدان اور ایک بڑے ہسپتال کی تعمیر بھی ہوگی۔

گاندھی جی کے صاحبزادے کو چھ ماہ قید کی سزا

دہلی ۱۲ اگست۔ مسٹر ایف۔ بی پول ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے پرسوں مسٹر دیوداس گاندھی کو زیر دفعہ قانون ترمیم ضابطہ فوجداری ۱۹۳۲ء ۶ ماہ قید محض کی سزا دے دی ہے ان کا جرم یہ تھا کہ چیف کمشنر کے حکم کی خلاف ورزی کر کے شہر دہلی کی حدود میں داخل ہوئے ان کو اے کلاس میں رکھا گیا ہے۔

بلا ٹکٹ سفر کرنے والوں کو سزا

دہلی ۱۳ اگست۔ کل صبح دہلی ریلوے جنکشن پر ۲۰ مسافروں کو بلا ٹکٹ سفر کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ سب متھرا سے آ رہے تھے۔ چودھری بلدیو سنگھ مجسٹریٹ نے ان تمام کے خلاف مقدمہ کی سماعت شروع کی ۱۱ اشخاص کو جرمانہ کی سزا دی گئی اور ۹ آدمیوں کو جو سادہ ... برخاست ہونے تک سزا دی۔

کیوبا میں زبردست بغاوت

فوج کی گولیوں سے پندرہ اشخاص ہلاک

ہوانا ۹ اگست۔ مارشل لا کے اعلان کے بعد آج مزدور شہر ہوانا میں داخل ہو گئی۔ اور شہر پر قبضہ کر لیا۔ حکومت کا بیان ہے کہ سارے ملک میں مزدوروں نے ہڑتال کر رکھی ہے اور وہ بغاوت کر کے پریزیڈنٹ میکاڈو کے استعفیٰ کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ لوگ اس افواہ پر خوشیاں منا رہے تھے کہ پریزیڈنٹ میکاڈو مستعفی ہو گیا کہ اسی دوران میں فوج نے پہنچ کر ان پر گولی چلا دی۔ لوگ گلیوں میں بھاگ گئے بیان کیا جاتا ہے کہ پندرہ اشخاص ہلاک ہو گئے ہیں اور متعدد اشخاص مجروح ہوئے ہیں۔ بعد کی اطلاع مظہر ہے کہ امریکن سفیر نے پریزیڈنٹ میکاڈو کو تیار کیا ہے کہ تمام قبائلی رہنما یہ چاہتے ہیں کہ وہ رخصت پر چلا جائے تاکہ کیوبا کی سیاسی مشکلات حل ہو جائیں۔ اس کے ساتھ امریکن سفیر نے یہ بھی اعلان کر دیا ہے کہ ان کا مقصد صلح کرانا ہے۔ اور ان کے مشورہ کو حکومت امریکہ کا الٹی میٹم نہیں سمجھنا چاہئیے۔ اسپر پریزیڈنٹ میکاڈو نے لبرل پارٹی کا جس کا وہ ممبر ہے جلسہ طلب کیا اور امریکن سفیر کی پیش کردہ تجاویز کو منظور کرنے سے انکار کر دیا۔ ... رخصت پر چلا جائے ... کرتی ہوں۔

سرحد عراق خطرہ میں

حکومت عراق کا جمعیۃ اقوام سے احتجاج

تمام رات لڑائی

لندن ۱۱ اگست۔ کل بہ نیروی ... جو بغاوت کی تھی اب دہ ختم ہو گئی ہے اس کے متعلق اب معلوم ہوا ہے کہ وہ ابھی جاری ہے لیکن عنقریب ملازمت عراق باغیوں کا سر کچل دے گی۔ ... حکومت عراق نے لیگ آف نیشنز کے سامنے سخت احتجاج کیا ہے کہ فرانسیسی حکام نے آخر ایک مسلح جماعت کو عراق میں کیوں داخل ہونے دیا۔

لندن ۱۲ اگست۔ کل جو خبر شائع ہوئی ہے کہ آشوریوں نے بغیر کسی شرط کے ہتھیار ڈال دئے وہ قبل از وقت ہے۔ حکومت عراق نے لیگ آف نیشنز سے امر کی سخت شکایت کی ہے کہ مسلح آشوریوں کا گروہ عراق کی حدود میں داخل ہو گیا جس سے تمام رات جنگ برپا رہی اور بہت سے لوگ ہلاک اور مجروح ہوئے۔

کیوبا میں زبردست بغاوت

جنرل میکاڈو کے محل پر بم گرانے کی دھمکی

ہوانا ۱۲ اگست۔ کیوبا کے صدر میکاڈو علیحدہ ہو گئے ہیں اور عنقریب عہدہ صدارت سے مستعفی ہو جائیں گے۔ ڈاکٹر کیپیڈس وزیر تعلیم نے اپنی صدارت کا اعلان کر دیا ہے اور آپ کے انتخاب پر سب لوگ متفق ہو گئے ہیں۔ جنرل میکاڈو کے خلاف فوجی اور بحری طاقت نے بغاوت کر دی ہے اور ان کے محل کو بموں سے اڑا دینے کی دھمکی دے رہے ہیں بیان کہ وہ مستعفی ہو جائیں۔ فوج نے میکاڈو کو تخت سے دستبردار ہونے کے لئے ۴۸ گھنٹہ کا نوٹس دیدیا ہے ورنہ اس کے بعد محل خاص پر بم باری کی جائیگی۔

جرمنی میں اشتراکیوں پر تباہی

سینکڑوں اشتراکی گرفتار کر لئے گئے

برلن ۱۳ اگست۔ تمام جرمنی میں اشتراکیت کو تباہ کرنے کی جد و جہد برابر جاری ہے۔ چار سو پولیس مین اور ۵۰۰ اسٹارم ٹروپ کے سپاہیوں نے جاسوسوں کی ایک جمعیۃ کے ساتھ ہمبرگ پر چھاپہ مارا جہاں سے ۴۳ اشتراکی گرفتار کر لئے گئے جن میں ایک عورت بھی ہے جو ہمبرگ پارلیمنٹ کی ممبر تھی۔ برلن کے مضافات سے بھی ۵۰ اشتراکی گرفتار کئے گئے ہیں۔ ورتم برگ میں پولیس نے اسی قدر اشخاص کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس کا دعویٰ ہے کہ اب اشتراکیوں کی جد و جہد کا جرمنی سے خاتمہ ہو گیا ہے۔

جاپان میں افغانی سفیر کا تقرر

کابل سے ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ سردار حبیب اللہ خان طرزی وزیر خارجہ کابل کو حکومت افغانستان نے جاپان میں سفیر مقرر کیا ہے وہ عنقریب اپنے عہدہ کا چارج لینے کی غرض سے ٹوکیو کو روانہ ہو جائیں گے۔ (اصلاح کابل)

امریکہ میں سینما کی لعنت

صرف امریکہ میں ۱۲۰۰۰ سینما ہیں جن میں ہفتہ وار حاضرین کی اوسط ۰۰۰۰۰۰ (چھ کروڑ) ہے اس حساب سے ہر سال ۲۷ فی صدی آبادی سینما دیکھتی ہے۔

یوروپین افسروں کو قتل کرنے کی سازش

شیشی میں زہریلی گیس

مدراس ۱۲ اگست۔ یوروپین افسروں کو قتل کرنے کی ایک سازش کا آج ایک مقدمہ کے دوران میں انکشاف ہوا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ سازش اس طرح تیار کی گئی تھی کہ کرسمس کے زمانہ میں یوروپین افسروں کے پاس بطور تحائف چند خوشنما شیشیاں بھیجی جائیں لیکن ان کے اندر زہریلی گیس ہو۔ یہ انکشاف ایچ۔ ڈی۔ راجہ کے مقدمہ میں ایک گواہ نے ایک بیان میں کیا۔ راجہ صاحب پر ضمانت نہ داخل کرنے کے سلسلے میں مقدمہ چل رہا ہے۔ ... اسکول آف میڈیسن کا طالب علم ہے ... راجہ سے ۲ اپریل کو اس کے مکان پر ملا۔ راجہ نے اس سے بیان کیا کہ اس نے مدراس میں کانگریس انڈیپنڈنٹ پارٹی کے نام سے ایک جماعت بنائی ہے اس نے یہ بھی بیان کیا کہ وہ کوشش کر رہا ہے کہ بڑے دن کے زمانہ میں مدراس میں بہت سے یوروپینوں کو ہلاک کیا جائے۔ گواہ نے کہا کہ راجہ کے بیان کے مطابق ایک شیشی کا ایک پارسل جس میں زہریلی گیس ہوگی طے پایا تھا کہ ہر یوروپین کے پاس بھیجا جائے گا۔ خیال تھا کہ جو لوگ اس شیشی کو کھولیں گے وہ زہریلی گیس سے ہلاک ہو جائیں گے۔

فرانس کی احتیاطی تدابیر

پیرس کو مسلح کرنے کی تجویز

"ڈیلی ہیرالڈ" لکھتا ہے کہ پیرس دنیا کا سب سے زیادہ گنجان شہر ہے اتنی آبادی اتنے کم رقبہ میں کسی شہر میں نہیں ہے۔ اسی قدر نہیں بلکہ بہت سے خفیہ اور علانیہ کارخانے بھی شہر میں موجود ہیں اور شب و روز ہتھیار بنانے اور توپیں ڈھالنے میں مصروف ہیں لہذا جنگ شروع ہونے کی حالت میں دشمن مجبور ہوگا کہ شہری آبادی کو نہ سہی کم سے کم ان جنگی کارخانوں کو برباد کرنے کے لئے ہوائی جہازوں سے بمباری کرے۔

اس "حقیقی بھیانک خطرے" سے بچنے کے لئے بہت وسیع پیمانہ پر تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں یہ کئی قسم کی ہیں۔

۱۔ تمام شہریوں کو جنگی نظام کے ماتحت لا کر مدافعانہ فوج بنا یا جائے حتیٰ کہ عورتوں کو بھی مدافعت کی "قواعد" سکھائی جائے تاکہ پیرس کی آبادی بیک وقت جنگی ہیڈ کوارٹر کے اشارے پر حرکت میں آ جائے۔

۲۔ تمام شہریوں کو زہریلی گیس سے بچنے کے لئے ایک خاص قسم کے نو ایجاد ٹوپ خریدنے چاہئیں اور ان کے استعمال کی عادت ڈالنی چاہئے۔

۳۔ شہر کے ہر حصہ کو ہوائی جہاز گرانے والی توپوں سے مسلح کر دینا چاہئے

۴۔ شہر کے ہر حصہ میں زمین دوز قلعوں کا جال بچھا دینا چاہئے جہاں ہوائی حملوں سے پناہ لینے کے لئے شہری رہ سکیں صرف ان قلعوں کی تعمیر پر پندرہ کروڑ پونڈ صرف ہوں گے۔

۵۔ ہوائی حملوں سے بچنے کے لئے سب سے موثر تدبیر یہ سوچی گئی ہے کہ ایک عظیم الشان ہوائی بیڑہ تیار کر کے ہیڈ کوارٹر کے سپرد کر دیا جائے ... دی جائے کہ وہ دشمن سے زیادہ سے زیادہ خوفناک انتقام لے سکے۔

جعلی سکہ بنانے والوں کی منظم سازش

چار ہزار جعلی سکے ضبط کر لئے گئے

دہلی ۱۳ اگست۔ کل ایک جعلی سکہ بنانے والوں کی منظم سازش کا انکشاف ہوا اطلاع ملنے پر کہ دہلی کے چند صراف جعلی سکے خرید کر بمبئی اور کلکتہ کی ٹکسال میں بھیجتے ہیں تاکہ اس طرح وہ سرکاری سکے کو بیکار کریں۔ مقامی پولیس نے آج تیسرے پہر تین صرافوں کے مکان پر چھاپے مارے اور کہا جاتا ہے کہ تقریباً ۴ ہزار جعلی روپے برآمد ہوئے۔ ۵ اشخاص گرفتار کر لئے گئے دو ابھی مفرور ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ ان ہی صرافوں نے تھوڑا عرصہ ہوا ۱۷ ہزار کی رقم بمبئی کی ٹکسال میں روانہ کی تھی۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے مزید انکشافات کی توقع ہے۔

معلمین حجاج کے مسودہ قانون کے خلاف

ہندوستان کے مسلمان متفقہ احتجاج کریں

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اعلان

۱۰ اگست کو دہلی میں مسلمانوں کا جو عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا اس کی کارروائی اخبارات میں شائع ہو چکی ہے۔ اور فریضہ حج کے سلسلہ میں حکومت جو رکاوٹیں پیدا کر رہی ہے ان کی تفصیل اس جلسہ کی منظور کردہ قرار دادوں سے پوری طرح واضح ہو جاتی ہے۔

معلمین حجاج پر پابندیاں عائد کرنے کی غرض سے جو مسودہ قانون اسمبلی میں پیش ہونے والا ہے اس کے خلاف سخت احتجاج کی ضرورت ہے اگر معلمین کے لئے لائسنس ضروری کر دیا گیا اور بدون لائسنس کے کسی شخص کو حجاج کی رہنمائی اور اعانت و امداد سے روکا گیا تو اس پابندی سے فریضہ حج کی ادائیگی میں سخت مشکلات پیدا ہو جائیں گی۔ اسی طرح اگر مولانا اسمعیل غزنوی کو حج سے حکام ... کے خلاف آواز نہ اٹھائی گئی ... قائم ہوگی تو اس سے زیادہ سخت خطرات کا اندیشہ ہے ... مفید رپورٹ کا معاملہ بھی کچھ اہم نہیں ہے اس لئے ضرورت ہے کہ ہر جگہ ان تجاویز کی تائید اور موافقت میں تجاویز پاس کی جائیں مجھے امید ہے کہ مسلمان اس سلسلے میں پوری جد و جہد کے ساتھ اپنی آواز کو موثر بنانے کی کوشش کریں گے۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہ

ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی

آزاد قبائل پر بمباری کے خلاف

مسلمانان دہلی کا احتجاج

مسلمانان دہلی کا ایک عام جلسہ زیر سرپرستی جمعیۃ علماء ہند ۱۶ اگست چہار شنبہ کے روز شام کو آٹھ بجے آزاد قبائل پر بمباری کے خلاف احتجاج کرنے کی غرض سے کمپنی باغ (آزاد پارک) میں منعقد ہوگا عوام کی اطلاع کے لئے یہ پوسٹر شائع کیا جا رہا ہے۔ امید ہے کہ اس جلسے میں مسلمان کثرت شریک ہوں گے۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہ

شاہ مسعود احمد صاحب رکن اسمبلی

جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں

شاہ مسعود احمد صاحب رکن مرکزی جمعیۃ مقننہ نے کل پٹنہ سے شملہ جاتے ہوئے دہلی میں قیام کیا آپ کو جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں تمام کارکنوں نے چائے کی دعوت دی گئی۔ دعوت میں شہر کے دیگر معززین بھی شریک تھے۔ بعض اہم مسائل کے متعلق شاہ صاحب موصوف سے مشورہ ہوتا رہا اور تقریباً سات بجے یہ پر لطف مجلس ختم ہوئی۔ امید کی جاتی ہے کہ شاہ صاحب آج شملہ تشریف لے جائیں گے۔ (نامہ نگار)

حکیم جمیل صاحب کو دوسرا صدمہ

ہمشیرہ صاحبہ کا انتقال پر ملال

گذشتہ الجمعیۃ میں خبر دی جا چکی ہے کہ حکیم محمد جمیل خاں کی ہمشیرہ کے ہاں ۱۲ سال کے بعد لڑکا ہوا تھا جس کی خوشی میں حکیم صاحب موصوف نے معززین شہر کو چار کی دعوت دی تھی لیکن افسوس کہ وہ بچہ انتقال کر گیا اور حکیم صاحب کی خوشی حزن و ملال میں مبدل ہو گئی لیکن حکیم صاحب کو اس سے زیادہ ایک اور غم برداشت کرنا تھا یعنی بچہ کی والدہ اور حکیم صاحب کی ہمشیرہ محترمہ بچہ کے انتقال کے چند روز بعد ہی انتقال فرما گئیں انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ ... علاج میں مصروف تھے آخر قضا کے ہاتھ نے مرحومہ کو بھی نہ چھوڑا۔

ہم اس جانکاہ حادثہ میں حکیم صاحب اور ان کے خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ وہ مرحومہ کو بخشے اور حکیم صاحب اور ان کے لواحقین کو صبر کی توفیق دے آمین۔

گاندھی جی کی رہائی کا مطالبہ

اسمبلی کے اجلاس میں بیلا دھر کا نوٹس

شملہ ۱۳ اگست سیٹھ بیلا دھر جودھری نے اسمبلی کے آئندہ اجلاس کے لئے ایک نوٹس دیا ہے جس میں آپ نے حکومت سے استدعا کی ہے کہ وہ گاندھی جی اور ان کے رفقا کو رہا کر دے۔ انہوں نے اپنے نوٹس میں اس امر کی وضاحت کی ہے کہ گاندھی جی نے وائسرائے سے ملاقات کی درخواست کر کے موجودہ سیاسی جمود کو ختم کرنے کا پورا ارادہ کر لیا تھا اور وہ صلح پر بالکل آمادہ تھے اس لئے اسمبلی کا یہ اجلاس حکومت سے درخواست کرتا ہے کہ گاندھی جی اور ان کے ساتھیوں کو فوراً رہا کر دے تاکہ ہندوستان کی موجودہ سیاسی فضا خوشگواری میں تبدیل ہو جائے۔

مراکش میں فرانسیسی افواج اور مسلم قبائل میں معرکہ آرائی

ایک پیشوائے دین میدان میں لڑتے لڑتے شہید ہو گئے

مراکشی مسلمانوں کی زمین پر فرانسیسی افواج کا قبضہ

پیرس (بذریعہ ڈاک) مراکش میں ابھی تک جہاد آزادی جاری ہے اور حکومت فرانس کے خلاف مراکشی مسلمانوں میں زبردست ہیجان پھیلا ہوا ہے فرانسیسی جرائد نے کوہ اطلس کے جنوبی قبیلہ ایت ابیدا کے خلاف جنرل ہوری (فرانسیسی کمانڈر) کی سرکردگی میں مزید اقدام کی تفصیلات شائع کی ہیں جنرل ہوری نے تنغاس کی طرف اپنی فوجی توت منتقل کر دی ہے اور وہ خود فوجی اقدامات کی نگرانی کر رہے ہیں۔ فرانسیسی فوج کی پیشقدمی کے بعد جبل تماجن کے نشیبی مقام پر مسلم قبائل سے مقابلہ ہوا۔ قبائل ایک مختصر سی لڑائی کے بعد پسپا کر دئے گئے۔ اور فرانسیسی افواج نے قبائل کی کل زمین پر قبضہ کر لیا۔ ملا سعدی ابن احمد جو قبائل میں بزرگ و پیشوا مانے جاتے تھے وادی تلمی میں لڑتے لڑتے شہید ہو گئے ان کی شہادت کے بعد قبائل میں ابتری پھیل گئی۔ اس کے بعد الجیریا کی سرحد سے آئے ہوئے ایک دستہ نے دو جنرل گراوڈ کی کمان میں تھا) الملگو کی جانب ۱۲ میل تک پیشقدمی کی اس دستہ نے تنگٹ کی خلیجوں اور بلندیوں سے لیکر جنوبی ... قبائل نے بالآخر اطاعت قبول کر لی۔ ... حکومت فرانس نے جنرل ہوری کو اختیار دیا ہے کہ وہ اس علاقہ کو اپنی مرضی کے مطابق ... فرانسیسی افواج ... مزید کارروائی کریں۔

فرانسیسی لفٹنٹ کی ہلاکت

پیرس ۱۲ اگست۔ مراکو میں فرانس کی بحری طاقت کے امیر البحر اور کمانڈر انچیف ڈوین فن ٹیو کے صاحبزادے لفٹنٹ لوئیس اطلس مراکو میں مسلم قبائل کا مقابلہ کرتے ہوئے ہلاک ہو گئے آپ اپنے والد کے قائم مقام ہو کر مراکو میں مسلم قبائل کا زبردست مقابلہ کر رہے تھے اسی دوران میں مسلم قبیلہ کے کسی فرد نے گولی مار کر آپ کو ہلاک کر دیا۔

"زکوٰۃ کے چندے کی روٹیاں"

ایڈیٹر الامان کو دندان شکن جواب

شریف آدمیوں کا قاعدہ یہ ہوتا ہے کہ وہ کسی مسئلے پر بحث کرتے ہوئے جھوٹ بہتان اور لغو گوئی سے احتراز کرتے ہیں اس لئے کہ یہ امور نفاق کی علامت ہیں لیکن جس اخبار کی ملکیت مولوی مظہر الدین شیرکوٹی جیسے مجہول الاخلاق آدمی کو حاصل ہو اس سے کذب آفرینی، بہتان طرازی اور لغو گوئی کے سوا اور کس شے کی توقع ہو سکتی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے (اور یہ جملہ مالک وحدت جیسے بداخلاق لوگوں کے الفاظ کے لئے نہایت ناموزوں ہے) کہ

"ابتک تو ہم سمجھتے تھے کہ مدینہ و الجمعیۃ کا اتحاد صرف اسی قدر ہے کہ ایڈیٹر و مالک مدینہ دفتر جمعیۃ میں آ کر بیٹھ جایا کریں اور زکوٰۃ کے چندے کی روٹیاں کھا کر چلے جایا کریں۔"

مدینہ و الجمعیۃ کے اتحاد کے متعلق تو ہم کچھ کہنا نہیں چاہتے اس لئے کہ ہمارا اتحاد ہر اس شخص سے ہے جو نیکی اور حق کی دعوت دیتا ہو۔ اگر الجمعیۃ میں یہ وصف موجود ہے تو ہمارا اس سے بھی اتحاد ہے۔ اور اگر وحدت و الامان جیسے رذیل اخبار بھی کوئی حق کی دعوت پیش کریں گے تو ہم ان کی ہمنوائی کو بھی اپنی زندگی کا فخر تراردیں گے، ہم نے الجمعیۃ سے بیسیوں مسائل میں اتفاق بھی کیا ہے اور اختلاف بھی کیا ہے لیکن جہاں تک زکوٰۃ کے چندے کی روٹیوں کا تعلق ہے ہم علی الاعلان کہدینا چاہتے ہیں کہ ہمارا اتحاد ان روٹیوں کے لئے نہیں ہے بلکہ یہ الامان و وحدت اور مولوی مظہر الدین ...... ہی کا شیوہ خاص ہے کہ جب تک ان کو زکوٰۃ کے چندے کی روٹیاں توڑنے کا موقعہ ملتا رہا وہ جمعیۃ علمائے ہند کی غاشیہ برداری کرتے رہے لیکن جونہی "راتب" کا یہ سلسلہ منقطع ہوا انہوں نے نوک پنجے نکال کر غرانا شروع کر دیا چنانچہ الامان کے اجراء کے لئے انہوں نے اسی زکوٰۃ کے چندے سے چار ہزار روپے قرض لئے اور شیر مادر سمجھ کر ہضم کر گئے۔

خدا کا شکر ہے کہ مدینہ کے مالک اور ایڈیٹر نے آج تک زکوٰۃ کے چندے کی روٹیاں نہیں کھائیں یہ خصوصیت الامان و وحدت اور اس کے "زکوٰۃ خور" مالک ہی کو حاصل ہے جس نے دار العلوم دیوبند میں "زکوٰۃ کے چندے" ہی کی روٹیاں توڑ کر دستار فضیلت حاصل کی اور اس قابل ہوا کہ اپنے اساتذہ کی پگڑیاں اچھالے اور علماء کو بدنام کرے اور "زکوٰۃ خوری" کی یہ عادت اس قدر راسخ ہو چکی ہے کہ اب تک زکوٰۃ وصول کرتا اور اس کی روٹیاں توڑتا ہے۔ (مدینہ)

معاملات اجین

پانچ سو روپیہ لیکر غائب ہو جانے کی مزید تصدیق

اجین۔ ریاست گوالیار میں صورت معاملات کی نزاکت بدستور ہے مسلمانوں کو ریاست کے حکام کی چیرہ دستیوں سے جس قدر شکایات ہیں ان کی روداد ہم متعدد مرتبہ شائع ہو چکی ہے لیکن افسوس کہ کونسل عالیہ گوالیار اصلاح حال کی طرف متوجہ نہیں ہوتی۔ بعض احباب نے ہمیں اجین حاضر ہو کر معاملات کی تفتیش و تحقیق کی دعوت دی لیکن ہم اپنی مجبوریوں اور ... کے باعث اس دعوت کو قبول نہ کر سکے اور نہ کوئی مشورہ دے سکے لیکن ہمیں بیحد افسوس ہوا کہ تیر کوٹ کا "چیتو پنڈارہ" مظلوم اور بیجان مسلمانوں کی لاش کو نوچنے کے لئے گدھ کی طرح اجین بھی پہنچ گیا۔ اور ایک روایت ہے کہ بطابق فرسٹ کلاس کا کرایہ آمد و رفت اور پانچسو روپے وصول کر کے دہلی واپس چلا گیا۔ اگر یہ روایت صحیح ہے تو ہمیں مولوی مظہر الدین کی حالت پر افسوس آتا ہے جو محض اپنے حلوے مانڈے سے غرض رکھتے ہیں۔ مسلمانوں کا مردہ خواہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں انہیں اس سے کچھ غرض نہیں۔

ہماری سوچی سمجھی رائے یہ ہے کہ گوالیار کے مسلمانوں کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ مسلمان خود منقسم و منتشر ہیں۔ ایک جماعت حکومت کے ساتھ ہے اور دوسری اس کے خلاف۔ اگر سوال ہوتا صرف حکومت کی حمایت و مخالفت کا تو کچھ حرج نہیں تھا۔ ہر شخص کو اپنی رائے پر عمل کرنے کا حق ہے مصیبت تو یہ ہے کہ مسلمان آپس میں بھی لڑ رہے ہیں، ہم رہنمایان قوم سے عرض کرتے ہیں کہ وہ اجین جا کر مسلمانوں کو متحد کرنے کی کوشش ...

صوبہ بہار کا مسلمان وقف بل

وقف کمیٹی امارت شرعیہ کی رپورٹ

بغیر ضروری ترمیمات کے مسودہ قانون ناقابل قبول ہے

صوبہ بہار کی کونسل میں مسلم اوقاف کے نظم و نسق اور نگرانی کے لئے ایک مسودہ قانون بغرض منظوری پیش کیا گیا ہے جس کو مولوی حسن جان صاحب وکیل ایم۔ ایل۔ سی نے مرتب کیا ہے۔ آج کل صوبہ بہار میں اس مسودہ قانون پر نہایت سختی کے ساتھ نکتہ چینی کی جا رہی ہے اور امارت شرعیہ صوبہ بہار کی طرف سے چند اراکین کی ایک سب کمیٹی بھی منتخب کر دی گئی ہے جس کے سپرد یہ کام کیا گیا ہے کہ اس قانون کے متعلق صحیح معلومات حاصل کر کے اور مسلمانان بہار کو اس کے نقائص و خطرات سے آگاہ کر کے مسلم رائے عامہ بیدار کرے۔ اس کمیٹی نے اپنی جو رپورٹ پیش کی ہے ہم اسے قارئین الجمعیۃ کی آگاہی کے لئے درج ذیل کرتے ہیں۔

۱۔ ۵ ربیع الاول ۱۳۵۲ھ کو زیر صدارت عالی جناب حضرت مولانا سید شاہ محی الدین صاحب امیر شریعت ثانی مدظلہ العالی امارت شرعیہ بہار و اڑیسہ کی مجلس شوریٰ کا جلسہ منعقد ہوا جس میں خصوصیت کے ساتھ اس مسلمان وقف بل پر غور کیا گیا جو بہار کونسل میں پیش ہے غور و بحث کے بعد اس بل کے متعلق حسب ذیل تجویز بالاتفاق منظور ہوئی:۔

"چونکہ مولوی حسن جان صاحب ایڈوکیٹ پٹنہ ایم۔ ایل۔ سی کے مرتبہ وقف بل میں چند بنیادی اور اصولی نقائص ہیں جن کا ازالہ نہایت ضروری ہے، اگر ان کو زائل کئے بغیر یہ بل قانون بن گیا تو اس سے بہت سے مفاسد پیدا ہوں گے اس لئے یہ مجلس حسب ذیل اصحاب کی ایک وقف کمیٹی بناتی ہے تاکہ ان اصولوں کی روشنی میں جو اس وقت زیر بحث آئے ہیں وہ اس بل کی ترمیمات مرتب کرے، اور اس بل کی اصلاح کے لئے ہر مناسب کارروائی "امارت شرعیہ" کی طرف سے انجام دے۔"

الٰہی کے ماتحت باحسن وجوہ انجام پا سکتے ہیں ان کے لئے بھی لبا امانت انسانی حکومتوں کا سہارا ضروری ہوتا ہے تاکہ مخلوقات الٰہی کے وہ فوائد جو مذہبی احکام کی پابندی میں ضمر ہیں فوت نہ ہونے پائیں اور انسانی حکومتیں بھی مخلوقات الٰہی کے مفاد کی رعایت و حفاظت کے لئے سہارا دینے میں پس و پیش نہیں کرتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ جب ہندوستان میں برٹش حکومت قائم ہوگئی جس کا اثر یہ ہوا کہ ایک طرف عموماً اللہ تعالیٰ کے خوف و رجا کے عوض حکومت کے خوف و رجا کے اثرات کام کرنے لگے اور دوسری طرف اسلامی اوقاف کے کشکش ... افراد کی ملکیت سے خارج ہو کر عموماً جماعت اور گروہ کے دائمی فوائد کے لئے ہوتے ہیں ۱۸۶۳ء سے کوئی محکمہ اور صیغہ عامہ ایسا باقی نہ رہا جس سے اوقاف کی حفاظت ہوتی جس کا لازمی نتیجہ ہوا کہ اوقاف کی بربادی شروع ہو گئی تو تمام سیاسی معاملات سے پہلے جس چیز کا مطالبہ مسلمانوں نے حکومت سے کیا وہ اوقاف کی حفاظت کا مطالبہ ہے اور جس چیز کی طرف حکومت کو سب سے زیادہ اور ہمیشہ بالاتفاق توجہ دلائی گئی ہے وہ حفاظت اوقاف ہی کا مسئلہ ہے چنانچہ ۱۸۶۳ء سے اس وقت تک جو تقریباً نصف صدی کا زمانہ ہوتا ہے مسلمانوں کی کل انڈیا اور صوبہ جاتی انجمنوں نے بار بار حکومت کو اس مسئلہ کی طرف توجہ دلائی۔

آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس، آل انڈیا مسلم لیگ، آل انڈیا ندوۃ العلماء وغیرہ کا نام اس باب میں خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہے، مگر حکومت نے اس طرف کوئی خاص توجہ نہیں کی جس کا نتیجہ یہ ہوا ایک طرف مسلمانوں کے اکثر اوقاف ضائع اور برباد ہو گئے اور جو بچ گئے ہیں ان کی بقا کی بھی بظاہر کوئی امید نہیں ہے اور دوسری طرف حکومت کی اس روش سے مسلمانوں کی بدگمانی بڑھتی گئی اور دن بدن یہ خیال پختہ ہو گیا کہ اوقاف کی بابت ۱۸۶۳ء سے حکومت نے جو رویہ اختیار کیا ہے وہ یقیناً محض پادریوں ہی کے شور و شغب اور اپنی خود غرضی پر مبنی ہے۔ یہ وہ حقیقت ہے جو ہندوستانی اوقاف کی تاریخ جاننے والے سے پوشیدہ نہیں ہے۔ پس ان اسباب و حالات کی بنا پر بلاشبہ یہ امر مسلم ہے کہ مجالس قانون ساز سے اسلامی اوقاف کی حفاظت کے لئے ایک بہتر مسودہ قانون پاس ہونے کی سخت ضرورت ہے اور حکومت و مجالس قانون ساز کا فرض ہے کہ جس قدر جلد ممکن ہو اس ضرورت کو پورا کر کے تلافی مافات کریں۔

۴۔ لیکن حکومت یا بعض دیگر حضرات شاید اس حقیقت سے ناواقف ہیں کہ تقریباً نصف صدی سے حفاظت اوقاف کے لئے مسلمان جو چیخ و پکار کر رہے ہیں اور حکومت سے "وقف ایکٹ" منظور کرنے کا جو مطالبہ کر رہے ہیں تو اس سے مسلمانوں کی کیا مراد ہے اور وہ کن نقاط کے ماتحت کوئی "وقف ایکٹ" چاہتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ خود حکومت اور اکثر مصنفین وقف بل آج تک کوئی ایسا بل مرتب نہ کر سکے جو مسلمانوں کے زخم کا مرہم اور درد و دل کی دوا بن سکے اس لئے نہایت سادہ لفظوں میں ہم ان نقاط کو درج کرتے ہیں جن کے ماتحت کوئی "مسلمان وقف ایکٹ" بننا چاہئے اور جو مسلمانوں کا حقیقی مطالبہ ہے۔

(الف) حکومت قانون کی رو سے تمام اسلامی اوقاف کی نگرانی پورے اختیارات کے ساتھ مسلمانوں کی ایک ایسی نمائندہ مجلس کو سپرد کرے جس پر مسلمانوں کو کامل اعتماد ہو اور جس کے عزل و نصب کا اختیار مسلمانوں کے ہاتھ میں ہو اور حکومت اس مجلس کی کارروائیوں کی صرف نگراں رہے۔

برٹش حکومت کے اندر یہی ایک طریقہ ہے جس سے اوقاف کی حفاظت و نگرانی اس طرح پر ہو سکتی ہے جو اسلام کے اصولوں کے قریب تر ہے اور جس سے حکومت بھی مطمئن ہونے کے علاوہ ہر قسم کے الزامات سے بری ہو سکتی ہے۔ فلسطین اور دیگر غیر اسلامی حکومتوں نے ہندوستان کے ماسوا اسلامی اوقاف کی بابت یہی طریقہ اختیار کیا ہے۔

(ب) تمام اوقاف خیراتی ہوں یا ذاتی و خاندانی آمدنی والی ہوں یا بغیر آمدنی والی، اشیاء منقولہ ہوں یا غیر منقولہ سب کی حفاظت وقف کی نمائندہ مجلس کے ذمہ ہونی چاہئے کیونکہ بغیر اس وسعت کے نہ اسلامی قوانین کا منشا پورا ہو سکتا ہے اور نہ مسلمانوں کی شکایات رفع ہو سکتی ہیں۔

(ج) اوقاف کی اس نمائندہ مجلس کے اخراجات کے لئے حکومت کے خزانہ عامرہ سے اگر کل خرچ نہیں تو ایک مناسب رقم کا دیا جانا لازم ہے کیونکہ اسلامی اوقاف حقیقتہً رفاہ عام کی چیزیں ہیں جن کی حفاظت کا بار حکومت کے ذمہ ہے اس کے علاوہ جب حکومت مسلمانوں کے اوقاف اور ذاتی جائدادوں اور آمدنیوں سے لاکھوں لاکھ روپیہ (مال) روڈسس اور دیگر ناموں سے وصول کرتی ہے جس سے پبلک مفاد کی حفاظت مقصود ہے تو کیا وجہ ہے کہ حکومت ان آمدنیوں کا ایک حصہ اوقاف کی حفاظت کے لئے نہیں دے سکتی ہے۔ چنانچہ ۱۸۱۰ء کے بنگال ریگولیشن کے ماتحت ۱۸۶۳ء تک اسی بنیاد پر حکومت حفاظت اوقاف اپنے خزانہ سے خرچ کرتی رہی ہے۔

(د) مجلس اوقاف یا اس کے کسی ذمہ دار افسر کو مختار رہنے کے لئے ایک ایسے اصولوں کا رکھنا لازم ہے جو ان کو احتیاط برتنے پر مجبور کرے تاکہ کسی حال میں غیر مجرم متولیوں کی زندگی دو بھر نہ ہو اور نہ اوقاف کا روپیہ زیادہ تر نگرانی اور مقدمات میں صرف ہو جائے۔

۵۔ انہیں چند حقائق اور نقاط کو پیش نظر رکھ کر ہم لوگوں نے مولوی حسن جان صاحب کے مجوزہ بل میں ضروری ترمیمیں کر دی ہیں اور ان نقاط کے ماتحت بحالت موجودہ کم سے کم جو چیزیں ہو سکتی ہیں وہی رکھی گئی ہیں۔

یوم وقف

ناظم امارت شرعیہ صوبہ بہار و اڑیسہ نے اعلان کیا ہے کہ:۔

کونسل بہار میں حفاظت اوقاف کے لئے ایک مسودہ قانون پیش ہے لیکن مسودہ قانون میں چند اہم بنیادی غلطیاں ایسی ہیں جن سے مسلمانوں کو نقصان عظیم پہونچنے کا اندیشہ ہے۔ امارت شرعیہ کی وقف کمیٹی نے ان کی اصلاح کے لئے ترمیمیں پیش کی ہیں جو پمفلٹ کی شکل میں شائع ہو گئی ہیں۔ ان کو بغور پڑھنے سے سارے احوال معلوم ہو جائیں گے۔ اگر بغیر ان ترمیموں کے شامل کئے ہوئے مسودہ قانون پاس ہو گیا تو ایک سخت فتنہ ہوگا اور مسلمان مصائب میں گھر جائیں گے۔ اس لئے تمام مسلمانوں کا فرض ہے کہ ۲۵ اگست یوم جمعہ کو ہر جگہ باضابطہ جلسہ کریں جس میں مسلمانوں کو اس بل کے نقائص سے مطلع کیا جائے اور آئندہ خطرات سے متنبہ کیا جائے۔ اور اس جلسہ میں حسب ذیل تجویز پاس کر کے اخبارات کے علاوہ اس کی ایک نقل بذریعہ تار گورنر صاحب بہار و اڑیسہ کے نام بھیجی جائے۔ اگر مسلمانوں نے اس سے غفلت کی اور ان کے احتجاج کے بغیر خدا نخواستہ بل پاس ہو گیا تو آئندہ اس کی تلافی ناممکن ہو جائے گی۔ اور حکومت اور ممبران کونسل کو یہ عذر ہاتھ آ جائے گا کہ ہمیں مسلمانوں کے خیالات سے اطلاع نہیں تھی۔

تجویز

۱۔ مسلمانان ...... کا یہ جلسہ اعلان عام کرتا ہے کہ "مسلمان وقف بل ۱۹۳۳ء" جب تک حسب ذیل اصولوں کے ماتحت نہ ہو مسلمان ہرگز اس کو قبول نہیں کریں گے:۔

(الف) مسلمانوں کے اوقاف کا نظم صرف مسلمانوں کے منتخب نمائندوں کے ذریعہ ہو۔

(ب) مساجد، قبرستان اور ہر قسم کے اوقاف جو مسلمانوں کے فائدہ کے لئے ہوں سب کی حفاظت قانون میں شامل ہو۔

(ج) حفاظت اوقاف کے اخراجات حکومت کے ذمہ ہوں جس طرح ۱۸۱۰ء کے ریگولیشن بنگال کے ماتحت ۱۸۶۳ء تک حکومت کے ذمہ تھے۔

۲۔ مسلمانان ...... کا یہ جلسہ عام حکومت اور ممبران کونسل سے استدعا کرتا ہے کہ جب تک مولوی حسن جان صاحب کے مسودہ قانون اوقاف میں امارت شرعیہ کی تجویز کے مطابق ترمیم نہ ہو جائے ہرگز ہرگز اس کو قبول نہ کریں۔

نوٹ:۔ (۱) اگر مسودہ بل اور امارت شرعیہ کی رپورٹ وغیرہ نہ پہونچی ہو تو دفتر سے طلب کریں اور اس کے مضامین مسلمانوں کو سنائے جائیں۔

(۲) تجویز، اخبارات و بنام سکرٹری ٹو۔ دی گورنمنٹ آف بہار اینڈ اڑیسہ ایجوکیشن اینڈ ڈیولپمنٹ۔ ڈیپارٹمنٹ۔ صدر جلسہ کی طرف سے جانی چاہئے۔

(۳) اصل مسودہ بل کا اردو ترجمہ بعض جگہ غلط چھپ گیا ہے لیکن تنقید بعد صحت کی گئی ہے اور سلیکٹ کمیٹی نے بل میں جو ترمیمیں کی ہیں ان سے بل اور بدتر ہو گیا ہے۔

ارکان وقف کمیٹی

حضرت ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت۔ جناب مولانا سید شاہ قمر الدین ناظم بیت المال مرکزی و قاضی امارت شرعیہ۔ جناب مولانا سید شاہ نور الحسن صاحب قاضی امارت شرعیہ۔ جناب مولانا عبد الصمد صاحب رحمانی مونگیری۔ جناب مولانا عثمان غنی صاحب ناظم امارت شرعیہ

۲۔ اس کمیٹی نے مذکور الصدر تجویز کے ماتحت متعدد جلسے کئے جن میں کافی غور و بحث کے بعد مجوزہ بل کی ترمیمیں مرتب کی گئیں اور اسی اثنا میں مسلم ممبران کونسل سے ارکان کمیٹی نے تبادلہ خیالات کیا انہوں نے کمیٹی کی اکثر رائیوں سے اتفاق کیا اور یہ وعدہ کیا کہ ان ترمیمات کے ساتھ بل کی تائید کی کوشش کی جائے گی اور اگر یہ ترمیمیں منظور نہیں کی گئیں تو پھر اصل بل کی مخالفت کی جائے گی۔

اس کمیٹی نے یہ تجویز بھی منظور کی کہ اس کمیٹی کی رپورٹ معہ مسودہ و ترمیمات اردو میں واقفیت عامہ کے لئے شائع کر دی جائے اور اس کا انگریزی ترجمہ حکومت بہار اور مسلم ممبران کونسل کے پاس بھیجا جائے۔

کمیٹی نے ایک قرار داد یہ بھی منظور کی کہ ۲۵ اگست ۱۹۳۳ء کو اس صوبہ میں یوم وقف کا اعلان کیا جائے جس دن جلسہ عام کے اندر اس کمیٹی کی ترمیموں کا اعلان کیا جائے اور ان جلسوں کی کارروائی حکومت بہار اور اخبارات میں بھیجی جائے۔

۳۔ ہم لوگ ان حقائق کی طرف اشارہ کر دینا مناسب سمجھتے ہیں جن کی وجہ سے مجالس قانون ساز سے ایک بہتر وقف بل پاس کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے اور جس مطالبہ میں ہر خیال اور ہر طبقہ کے مسلمان متفق ہیں اسی کے ساتھ ان نقاط کا اظہار بھی ضروری سمجھتے ہیں جن کے ماتحت مجوزہ بل میں اہم ترمیمیں کی گئی ہیں تاکہ حکومت اور تمام دیگر حضرات ان ترمیموں کی ضرورت اور اہمیت کو محسوس کریں اور ان کے قبول کرنے میں کوئی تردد نہ کریں۔

یہ امر مسلم ہے اور جس پر تجربات شاہد ہیں کہ جب انسان کے دلوں پر حکومت الٰہیہ کی بجائے انسانی حکومتوں کی جلوہ نمائی ہوتی ہے تو جو امور محض احکام

نجی افواج کو ممنوع قرار دینے کا ارادہ

مسٹر ڈی ویلرا کا پیغام

ڈبلن ...... ڈبلن میں مسٹر ڈی ویلرا نے گورنمنٹ کے آتشیں اسلحہ کے لائیسنسوں کو منسوخ کرنے اور نیشنل گارڈ سے ہتھیار واپس کرنے کا مطالبہ کرنے کے متعلق ایک پر جوش بحث کرتے ہوئے تمام پرائیویٹ افواج کو ممنوع قرار دینے کا ارادہ ظاہر کیا۔

مخالفوں نے گورنمنٹ پر آئی۔ آر۔ اے کے حکم ماننے کا الزام لگایا۔ اس کے جواب میں مسٹر ڈی ویلرا نے کہا کہ جب حلف وفاداری ہٹالی جائے گی آئی۔ آر۔ اے کی ہستی بھی قائم نہ رہے گی۔

جاپان اور ہندوستان کی گفت و شنید

شملہ ۔۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ہندوستان و جاپان کے درمیان جو تجارتی گفت و شنید ہونے والی ہے اس میں حصہ لینے کے لئے جاپانی ڈیلی گیشن ستمبر کے تیسرے ہفتہ میں شملہ پہنچ جائے گی اس طرح اسمبلی کا اجلاس ختم ہوتے ہی کانفرنس شروع ہو سکے گی۔

گمان کیا جاتا ہے کہ جاپانی ڈیلی گیشن کی رہنمائی جمعیۃ اقوام کے جاپانی دفتر کے سابق صدر ہوں گے غالباً مسٹر ایس سیزاوا ڈائرکٹر غیر ملکی تجارت بھی وفد میں شامل ہوں گے۔

یو۔ پی میں سول نافرمانی کی رفتار

لکھنؤ۔ نینی تال کی اطلاع ہے کہ گزشتہ ہفتہ میں کوئی پولیٹیکل سزا یابی نہیں ہوئی۔ ابھی تک کل ۱۲۶۷ سزایابیاں ہوئی ہیں اور ۷۷۵ معافیاں اور رہائیاں دی جا چکی ہیں۔

اس بل میں جو سب سے اہم تبدیلی ہم لوگوں نے کی ہیں، وہ صرف تین ہیں:۔

اوّل یہ کہ وقف بورڈ کو منتخب شدہ مسلم ممبران کونسل منتخب کریں اور حکومت کی نامزدگی نہ ہو۔ یہ وہ طریقہ ہے جو سب سے کم تر ہے اور امید قوی ہے کہ بہار کونسل اور حکومت بہار کو اس کے قبول کرنے میں کوئی تامل نہ ہوگا۔ اوّلاً اس لئے کہ بورڈ کے انتخاب اور بورڈوں کے انتظام میں حکومت کا ایک پیسہ خرچ نہ ہوگا۔ ثانیاً یہ کہ مسلمانوں کے خالص مذہبی انتظام کے لئے اس قسم کے بورڈ کے انتخاب کو اسی طریق سے اسمبلی اور حکومت ہند عملاً تسلیم کر چکی ہیں یعنی یہ کہ پورٹ حج کمیٹیوں کے منتخب ممبروں کے انتخاب کا حق اسمبلی اور حکومت ہند نے صرف ان مسلمان ممبروں کو دیا ہے جو اسی علاقہ کی طرف سے اسمبلی کونسل ڈسٹرکٹ بورڈ، کارپوریشن میں منتخب شدہ ممبر ہوں، بلاشبہ پورٹ حج کمیٹیوں میں چند سرکاری ممبر بھی نامزدگی سے رکھے گئے ہیں اور وہ محض اس وجہ سے کہ جہازراں کمپنیوں اور پورٹ انمبسروں کی نمائندگی ہو سکے کیونکہ پورٹ حج کمیٹی کے معاملات کو اُن سے نہایت گہرا تعلق ہے، لیکن اسلامی اوقاف کی نگرانی میں مسلمانوں کے سوا کسی دوسرے کو عموماً تعلق نہیں ہے اس لئے وقف بورڈ میں نامزدگی کی قطعاً ضرورت نہیں ہے۔

دوئم یہ کہ "وقف بورڈ" کو ان تمام اوقاف پر نگرانی کا حق دیا گیا ہے جو اسلامی قانون کے ماتحت اوقاف ہیں یا ہو سکتے ہیں۔ اوّلاً اس لئے کہ پرائیوٹ وقف کو وقف بورڈ کی نگرانی سے خارج کر دینا ان اشخاص پر ظلم ہوگا جن کے لئے وقف ہے کیونکہ پرائیوٹ اوقاف کے متولی بھی خائن ہو سکتے ہیں۔ ثانیاً اس لئے کہ ہر پرائیوٹ وقف کا کسی وقت پبلک وقف ہونا بہت ممکن ہے اس لئے تمام پبلک پر اس کی حفاظت لازم ہے۔ ثالثاً یہ کہ اسلامی قانون سے ہر قسم کے اوقاف کی حفاظت یکساں واجب ہے۔ رابعاً یہ کہ کوئی پرائیوٹ وقف ایسا ... میں اوقاف کو خارج کرتے ہیں جو نامعلوم واقفوں نے اسلامی مقاصد کے لئے وقف کئے ہیں۔

سوئم یہ کہ وقف بورڈ کے اخراجات سے ہم لوگوں نے حکومت کو کلیۃً سبکدوش نہیں کیا ہے اور یہی حق اور انصاف کا مقتضی ہے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ ترمیمیں حکومت اور ممبران کونسل وجمہور مسلمین کے لئے قابل قبول ہوں گی۔ اگر ان اہم ترمیموں کو قبول نہیں کیا گیا تو ہمیں یقین ہے کہ مسلمان اصل بل کو قبول و منظور کرنے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہیں۔ فقط

ترمیمات وقف کمیٹی امارت شرعیہ کا خلاصہ

امارت شرعیہ نے حکومت اور ممبران کونسل کی سہولت کے لئے مسلمان بنگال وقف بل کے جن جن دفعات میں ترمیمیں کی ہیں اُن کو مفصل لکھا ہے جو ۸ صفحوں میں ہے اور وہ ان کے پاس انگریزی میں بھیجی گئی ہیں لیکن ان سب کو اردو میں چھاپنے کی چنداں ضرورت بھی نہیں ہے اس کے علاوہ اخراجات بھی بڑھ جاتے ہیں کا پورا کرنا اس وقت مشکل ہے اس لئے اس کا خلاصہ دیا جاتا ہے۔

(۱) بل کے دفعہ ۲ ضمن (ک) میں وقف کی تعریف سے بہت سے قبرستان اور مساجد وغیرہ لاکھوں روپیہ کی جائداد میں وقف سے خارج ہو جاتی ہیں اس لئے اس دفعہ میں وقف کی ایسی تعریف کی گئی ہے جو ان سب کو شامل ہو جائے۔

(۲) بل کے جن دفعات سے وقف علی الاولاد وغیرہ کو وقف بورڈ کی نگرانی سے خارج کیا گیا ہے ان سب دفعات میں ترمیم کر کے نگرانی میں سب کو شامل کر لیا گیا ہے۔

(۳) بل کے باب دوم کو جس میں بورڈ کی تشکیل کا اصول حکومت کی نامزدگی سے بیان کیا گیا ہے اس کو ترمیم میں بدل دیا گیا ہے۔ اور ممبران کونسل کے انتخاب سے بورڈ کی تشکیل رکھی گئی ہے اور ایسے اصول وضع کئے گئے ہیں کہ جب بورڈ بھی بے راہ روی اختیار کرے تو ممبران کونسل اس کی اصلاح کر سکیں اور ملت مسلمہ کی جو تفریق قانونی طور پر اس باب میں موجود تھی اس کو دور کر دیا گیا ہے اور بغیر اس تفریق کے اس مقصد کو دوسرے طریق سے پورا کیا گیا ہے۔

(۴) جن دفعات میں حکومت کے اختیارات وسیع اور بلا ضرورت تھے ان سب میں ترمیم کر کے اس نقص کو دور کر دیا گیا۔

(۵) اصل بل میں وقف بورڈ کے اخراجات سے حکومت بالکل سبکدوش قرار دی گئی ہے اور یہ کہ جو روپیہ بطور قرض حکومت دے گی اس کا سود دینا بھی بل میں رکھا گیا ہے۔ اس کے بجائے دفعہ ۵۹ میں ایسی ترمیم کر دی گئی ہے جس کا منشاء یہ ہے کہ حکومت کے ذمہ ہی بورڈ کا خرچ عائد ہو اور اگر کبھی اس سے قرض لیا جائے تو سود دینا نہ پڑے۔

(۶) دفعہ ۷۰ جو تو ہین اہل علم اور مذہب پر مشتمل تھی اس میں ترمیم کر کے یہ الزام دور کر دیا گیا ہے اور اس کے بعد ایک دفعہ اس مضمون کی رکھی گئی ہے کہ اس قانون کے ماتحت بورڈ، صدر اور تمام سب کمیٹیاں اور بورڈ کے ملازمین حاصل شدہ اختیارات کا استعمال اس حد تک کر سکتے ہیں جو شرائط وقف نامہ اور قانون اسلام کے منافی نہ ہو اور اگر کسی عدالت نے وقف کے متعلق کوئی اسکیم یا فیصلہ ایسا نافذ کیا ہو یا آئندہ کرے جو شرائط وقف نامہ یا اسلامی قانون کے منافی ہو تو وہ اس قانون کی رو سے قابل نفاذ نہ ہوگا اور بورڈ اس اسکیم یا فیصلہ کی اطلاع مقامی حکومت کو دیگا تاکہ وہ عدم نفاذ کا اعلان کرے۔

(۷) بل کے جن جن دفعات میں اشاعت کارروائی کو سرکاری گزٹ تک محدود رکھا گیا ہے اس میں ترمیم کر دی گئی ہے کہ اردو و ہندی اخبارات میں بھی شائع ہوا کرے۔

(۸) بل میں اس کی صراحت نہیں ہے کہ بورڈ کا دفتر اور اس کی کارروائی کس زبان میں ہوگی۔ اس لئے ترمیم میں ایک دفعہ ۳۰ بڑھائی گئی ہے کہ سوائے سرکاری مراسلات کے بورڈ کی تمام کارروائی اردو زبان اردو رسم الخط میں ہوگی۔

دستخط

ابو المحاسن محمد سجاد کان اللہ لہٗ، صدر۔ قمر الدین۔ پھلواری۔ نور الحسن پھلواری۔ عبد الصمد رحمانی۔ عثمان غنی سکریٹری

مجلس احرار کا جلسۂ عام

۲۴ اگست ۳۳ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر اہتمام مجلس احرار اسلام سہارنپور زیر صدارت خاں محمد محمود علی خاں صاحب منعقد ہوا۔ مولانا مشتاق احمد صاحب جنرل سکرٹری نے راولپنڈی کے حادثہ پر ایک معرکۃ الآرا تقریر فرماتے ہوئے حسب ذیل تجویز پیش کی:

"مسلمانان سہارنپور کا یہ عام جلسہ اُن لوگوں پر جنہوں نے راولپنڈی کے اراکین مجلس احرار اسلام پر ناجائز حملہ کر کے اُن کو زخمی کیا اظہار نفرت کرتا ہے اور مجروحین سے اظہار ہمدردی کرتا ہے۔ اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کرتا ہے کہ مجرموں کا پتہ لگا کر ان کو فوراً واقعی سزا دے۔"

اس تجویز کو جوش و خروش کے ساتھ منظور کیا گیا۔

مولانا محمود الحسن صاحب نے حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام ہند کا بیان پڑھ کر سنایا اور دعا کے بعد جلسہ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا۔

دار العلوم ندوۃ العلماء میں تعمیر مسجد
مسلم خواتین کا فیاضانہ اقدام

دار العلوم ندوہ میں سرمایہ کی کمی کے سبب سے مسجد کی تعمیر کا کام مدتوں سے پڑا تھا خدا کا شکر ہے کہ اس نے محض ارکان ندوہ کو ہمت عطا کی، اور انہوں نے پوری محنت اور جانفشانی سے اس کام کو شروع کر دیا۔ مخصوص عطیوں کے حصول کے علاوہ اس کی تکمیل کے لئے دو تجویزوں پر عمل کیا گیا ہے۔ ... اطراف سے ایک ہفتہ اشاعت ہو رہا ہے جس سے ہفتہ کی ضروری مزدوری کی تعلیم ہو جاتی ہے، بڑے مذہبی حضرات نے بھی توجہ کی، اور پٹنہ، حیدر آباد، بڑودہ، انگلستان، دگجرات، بھوپال، بہار اور دوسرے حصص ملک سے چندے وصول ہوئے اور ہنوز کوشش کا سلسلہ جاری ہے۔

(۲) دوسری تجویز یہ تھی کہ خاص فرش مسجد کے لئے خواتین اسلام سے اپیل کی جائے الحمد للہ کہ ہماری یہ آواز پردہ کے پیچھے تک پہونچی اور مسلمان خواتین نے ادھر توجہ فرما کر اپنی مذہبی جوش کا ثبوت دیا۔ اب تک اس سلسلہ میں حسب ذیل چندے وصول ہو چکے ہیں، مگر ابھی فرش کے ڈھائی ہزار کے تخمینہ کو پورا ہونے میں بہت کچھ باقی ہے، جس کے لئے ہم اپنی دردمند مسلمان بہنوں کو دوبارہ متوجہ کرتے ہیں۔

فہرست وصول شدہ سابق چار سو روپیہ للعام

(۱) اہلیہ مولانا سید سلیمان صاحب ندوی اعظم گڈھ	عـــہ
(۲) والدہ وہمشیرہ سعد الدین صاحب ندوی لکھنؤ	عـــہ
(۳) خاندان مولوی عبد الماجد صاحب دریا بادی	عـــہ
(۴) اہلیہ مولوی عبد السلام صاحب ندوی اعظم گڈھ	عـــہ
(۵) اہلیہ جناب شیخ احمد علی عرف ڈلن صاحب لکھنؤ	[illegible]
(۶) اہلیہ مولوی اقبال احمد صاحب وکیل اعظم گڈھ	عـــہ
(۷) اہلیہ مرزا مرتضیٰ بیگ صاحب وکیل اعظم گڈھ	عـــہ
(۸) اہلیہ مولوی عبد الغنی صاحب وکیل اعظم گڈھ	عـــہ
(۹) اہلیہ شاہ محمد اسحٰق صاحب وکیل اعظم گڈھ	عـــہ
(۱۰) اہلیہ محمد صدیق صاحب	عـــہ
(۱۱) والدہ شیخ تجمل حسین صاحب لکھنؤ	عـــہ
(۱۲) سردار جہاں بیگم صاحبہ لکھنؤ	[illegible]
(۱۳) اہلیہ مرحومہ الحجاز محمد خاں صاحب	[illegible]
(۱۴) اہلیہ عبد الرؤف صاحب تاجر اعظم گڈھ	[illegible]
(۱۵) اہلیہ ڈاکٹر عنایت اللہ صاحب بہار	[illegible]
(۱۶) اہلیہ شیخ تجمل حسین صاحب	[illegible]
(۱۷) اہلیہ ڈاکٹر زین العابدین صاحب ندوی بہار ماہوار	[illegible]
(۱۸) متفرق چندہ خواتین اعظم گڈھ	[illegible]
(۱۹) بیگمات حاجی غفور صاحب	[illegible]
(۲۰) اہلیہ جواد علی خانصاحب ندوی	[illegible]
(۲۱) اہلیہ محمد علی خاں صاحب رئیس بارہ بنکی	[illegible]
(۲۲) اہلیہ عبد السلام خاں صاحب رئیس بارہ بنکی	[illegible]
(۲۳) ہمشیرہ چودھری ضیاء الدین صاحب بارہ بنکی	[illegible]
(۲۴) اہلیہ محمد حسین خانصاحب سیتاپور	[illegible]
(۲۵) اہلیہ ملک محمد رفیع صاحب وکیل بارہ بنکی	[illegible]
(۲۶) اہلیہ شاہ محمد یٰسین صاحب اعظم گڈھ	[illegible]

(ڈاکٹر) سید عبد العلی ناظم ندوۃ العلماء لکھنؤ

بیگوسرائے میں فتنہ ارتداد
ایک بے کس مسلم خاتون کی دردناک داستان

کمزوری اور بے کسی دنیا کی سب سے بڑی مصیبت ہے خدا ترس ہی لوگ کمزوروں پر رحم کر سکتے ہیں بیگوسرائے میں فتنہ ارتداد کے سلسلہ میں پرستاران اسلام پر وقتاً فوقتاً جو مصائب مقامی آریہ سماج کی طرف سے ہوتے رہے ہیں اس کی روک تھام میں ہمارے محترم دوست مولوی سید منظور احسن صاحب وکیل جس توجہ اسلامی جوش کے ساتھ سرگرم عمل رہا کرتے ہیں وہ ہر پہلو سے قابل ستائش ہے ... سال سے فتنہ ارتداد بیگوسرائے میں رونما ہو چکا ہے اس کی آگ اندر ہی اندر سلگ رہی ہے اور مقامی آریہ سماج اور اس کے منتری اپنی ان تھک کوشش اس بات پر صرف کر رہے ہیں کہ اپنی ہر جائز و ناجائز جدوجہد کو کام میں لا کر فرزندان اسلام کو دین حنیف کی روشنی سے محروم کر کے ارتداد کی تاریکیوں میں ڈھکیل دیں وہ ان نامعقول کوششوں میں مذموم سے مذموم حرکات کرنے سے دریغ نہیں کرتے ...

اسی حال کا واقعہ ہے کہ ایک عورت مسماۃ الٰہ جلائی کو ان لوگوں نے زبردستی آریہ بننے کے لئے مجبور کیا۔ غریب الٰہ جلائی کی روداد ستم حد درجہ افسوسناک ہے وہ ایک مارواڑی کے مکان میں قید کی جاتی ہے اور اس طرح قید کی جاتی ہے کہ اپنی روداد قفس جو نہ صرف خلاف قانون ہے بلکہ حد درجہ خطرناک بھی ہے کسی کو سنا سکے اس زندان بلا کے اندر وہ بدنصیب عورت اپنے محبوب دین حنیف کی گود میں وہ یلی منحرف ہو کر زبردستی آریہ دھرم قبول کرنے کے لئے مجبور کی جاتی ہے۔ ... اسی درد ناک واقعہ کی اطلاع پاتے ہی فوراً پولیس کی اعانت سے الٰہ جلائی کو زندان ستم سے رستگاری دلائی بلاشبہ یہ وکیل صاحب کی کمال ہوشمندی اور قومی محبت کا نتیجہ تھا کہ تمام واقعات نہایت خوبصورتی سے انجام پا گئے بوجہ اس کے کہ وکیل صاحب موصوف میں ایک فطری طاقت ہے جس کی وجہ سے اُن کو مسلمانان بیگوسرائے پر ایک خاص دوستانہ اقتدار حاصل ہے ... میں وکیل صاحب موصوف کی خدمت میں مسلمانان بیگوسرائے کی طرف سے اُن کی اس قومی اور مذہبی خدمت کی انجام دہی کے لئے ہدیہ مبارکباد پیش کرتا ہوں اور خداوند عالم سے دعا کرتا ہوں کہ خدا ہمیشہ اُن کو مذہب و ملت کی خدمت اور مظلوموں و بے نواؤں کی دستگیری کے لئے قائم رکھے اور آخرت میں جزائے خیر دے۔ آمین۔

سید حسن وکیل بیگوسرائے۔

اوجین میں جشن میلاد النبیؐ

مورخہ ۲۱ ربیع الاول مطابق ۷ جولائی حسب اعلان بروز جمعرات جامع مسجد میں جشن ولادت منایا گیا بعد نماز فجر تلاوت قرآن شریف شروع ہوئی ... بجے تک نعت خوانی ہوتی رہی ... مقامی علماء اوجین نے تقریر فرمائی۔ حکیم محمد عبد الغنی صاحب ٹونکی مقیمی اوجین نے سیرۃ رسول پر روشنی ڈالکر مسلمانان اوجین کو خاص طور پر متفق رہنے کی تلقین فرمائی ... مولوی محمد نذیر صاحب ٹانڈوی نے ... مولانا مولوی محمد عبد الاکرم صاحب جبیری حال مدرس مدرسہ اسلامیہ قصبہ بھرونگڈھ ضلع اوجین نے مختصر روشنی ڈالکر صلوٰۃ و سلام پر جلسہ صد مبارکہ کو ختم کیا۔

۹ جولائی بروز اتوار ایک جلسہ عظیم الشان جامع مسجد اوجین میں بہ یادگار ولادت رسول مقبول صلعم دوبارہ منایا گیا اس جلسہ کے لئے مسلمانان اوجین کو اور خصوصاً غیر مسلم حضرات کو شرکت کے لئے دعوت دی گئی۔ مسلمانان اوجین کے تمام طبقوں نے نہایت ذوق و شوق کے ساتھ شرکت کی برادران ہنود میں سے اکثر معزز افراد و عمال حکومت نے شرکت فرما کر اپنی وسیع الخیالی کا ثبوت دیا جن میں قابل ذکر حضرات یہ ہیں۔ ڈاکٹر کبلوکر صاحب رسول سرجن مالوہ۔ گورٹو صاحب ڈسٹرکٹ انجنیر ... صاحب وغیرہ وغیرہ

جلسہ کا افتتاح ۸ بجے صبح سے ہوا اور مسلسل ۱۱ بجے تک رہا جلسہ کی ابتداء تلاوت کلام پاک سے ہوئی حافظ محمد یٰسین صاحب نشکری نے ایک رکوع تلاوت فرمایا۔ اس کے بعد مولوی محمد نعیم الدین صاحب نے تقریر شروع کی۔ فاضل مقرر نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی پاک زندگی کو نہایت فاضلانہ طریقہ سے واضح کیا مولانا موصوف کی فاضلانہ تقریر مسلسل دو گھنٹہ تک ہوتی رہی۔

اسی سلسلہ میں شب کو جامع مسجد میں دوبارہ جلسہ ہوا ... قصبہ بھرونگڈھ اوجین میں تیسرا جلسہ منعقد ہوا ... معراج شریف کے متعلق نہایت زبردست مدلل عقلی و کتابی دلائل سے بیان فرمایا۔

غرض یہ چاروں جلسے نہایت زبردست ہوئے اور بے حد کامیاب رہے شائقین کا ہجوم ہزار ہا افراد سے متجاوز ہو جاتا تھا۔ (نامہ نگار)

انجمن اسلامیہ سنتاہار کی مختصر رپورٹ

آج مورخہ پہلی اگست کو بعد انجمن اسلامیہ سنتاہار کی جنرل میٹنگ منعقد ہوئی جس میں تقریباً ... ممبر حاضر تھے۔ پہلے جو چندہ کے مقام سنتاہار و اطراف ... سے ہمارے محترم مسٹر ڈی بی موڈی صاحب بہادر و سکرٹری منشی پیر محمد صاحب برادر اکاؤنٹنٹ ماسٹر عبد الرزاق صاحب ناظم و محرر کی بابو عبد الاحد صاحب و عبد اللطیف صاحب سوداگر ... ایک سو ساٹھ روپیہ تھی اس رقم کو جناب پریسیڈنٹ صاحب بہادر نے چار جگہ تقسیم کیا ... جامع مسجد میں ... اس میں جناب صدر ... انجمن سے مدرسہ تنظیم خانہ قائم کیا جس میں یتیم و لاوارث طلبہ تعلیم پا رہے ہیں ان کے کل ضروریات کا سامان منجانب انجمن نہیا ہے اس وقت طلبہ کی تعداد ... ہے جو مسلم بچے لاوارث ...

ثمیم ہوں وہ شوق سے اگر تعلیم حاصل کر سکتے ہیں پہلے بذریعہ خط و کتابت حالات سے واقف کر دینا ہوگا اور اس پتہ پر خط و کتابت ارسال کر سکتے ہیں۔ مسٹر ڈی بی موڈی صاحب بہادر پریسیڈنٹ انجمن اسلامیہ سنتاہار ضلع بوگرہ۔ اس وقت انجمن ہذا کی ماہوار آمدنی مبلغ ... روپیہ کی ہے یہ رقم ماہانہ وصول کی جاتی ہے۔

سنگرور میں علم و عرفان کی بارش
حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ورود مسعود

سنگرور ریاست جیند میں اس سال پہلا موقعہ ہے کہ تقریب عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم علم و عرفان کی بارش اس درجہ نزہت آفرین ہوئی۔ رئیس المتکلمین زعیم الملت حضرت مولانا الحاج الحافظ احمد سعید صاحب مدظلہ الکافی ناظم جمعیۃ العلماء ہند ۱۷ ربیع الاول کو ورود فرمائے سنگرور ہوئے۔ شہر بھر کے مسلمان جوق در جوق اسٹیشن کی طرف دوڑے چلے جا رہے تھے جو لوگ گاڑی آنے سے قبل نہ پہنچ سکے وہ راستے میں شامل جلوس ہو گئے۔ باوجودیکہ جلوس کا کوئی اہتمام نہ کیا گیا تھا پھر بھی شائقین زیارت کے ہجوم نے ایک باضابطہ مگر شاندار جلوس کی شکل پکڑ لی۔ رات کو مولانا نے مجمع عام میں ایک بصیرت افروز اور حیات بخش وعظ فرمایا جس سے سامعین کے قلوب پر عمل تسخیر کا سا اثر ہوا۔ آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے ہر پہلو کو اس عمدگی اور جامعیت کے ساتھ بیان فرمایا کہ سننے والے حد درجہ محظوظ ہوئے ازبسکہ تقریر کا وہ حصہ جو صرف مسلمانوں اور دین فطرت سے متعلق تھا باقی رہ گیا تھا اور تین گھنٹہ کی مسلسل تقریر کے باوجود تشنگان ذکر حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاس نہ بجھی تھی اس لئے اگلے روز بعد از نماز جمعہ مسجد جامع میں آپ نے وعظ کا باقی حصہ بیان فرمایا اور اس کے بعد رات کو ایک اور موثر تقریر مختصر اصلاح معاد کے موضوع پر فرمانے کے بعد مراجعت فرمائے دہلی ہو گئے۔ جزاہم اللہ عنا و عن سائر المسلمین

عبد اللطیف

دہرہ دون میں جلسہ میلاد النبی

مسلمانان دہرہ دون کی خواہش اور متواتر مراسلات روانہ کرنے پر آج یوم جمعہ صبح ... بجے ابو الفاخر میر ... منصب دار وعظ خاص سلطنت آصفیہ حیدر آباد دکن تشریف لائے ... بعد نماز جمعہ ... تقریر ... قرآن کریم کی ایک سورۃ کی تفسیر ... اسی مسجد میں ایک عالمانہ ... وعظ فرمایا پھر ۵ اگست ۳۳ء کو شب کو دو بجے تک جناب مرزا امین بیگ صاحب کے مکان پر جو انہوں نے نیا تعمیر کرایا ہے نہایت موثر انداز میں وعظ فرمایا آج ۶ اگست ۳۳ء کو آپ مراجعت فرمائے وطن ہوئے آپ کی ان تقاریر سے یہاں کے مسلمانوں کے سینہ نور ایمان و ایقان سے روشن اور منور ہو گئے۔

مہربان علی شفیق دہرہ دون

یورپ کے متعلق ہر قسم کی معلومات پوچھیں

پروفیسر حقی نے اہل ہند کو یورپ کے تجارتی، تمدنی، علمی، مذہبی، اخلاقی حالات اور دیگر امور سے واقف کرانے کے لئے ایک دفتر قائم کیا ہے، ضرورتمند اصحاب یورپ جانے سے پہلے، اخراجات، قیام، کرایہ مکان وغیرہ کی تفصیلات دریافت فرما سکتے ہیں۔ تاجروں اور طالب علموں کو بھی ایسی ہی معلومات بہم پہنچائی جاتی ہیں، تمام سوالات کا جواب مفت بھیجا جائے گا۔ خط و کتابت کا پتہ یہ ہے:۔

Prof. K. I. S. Haqqi
15, Rue Bonolly
Paris X

مدرسہ نسواں کیلئے معلمات کی ضرورت

ایک مڈل پاس دوسرے درجہ جار پاس ہو مدرسہ نسواں سوانل ضلع میرٹھ کے لئے ضرورت ہے درخواست کے ساتھ سارٹیفکٹ ضرور آنا چاہیے خط و کتابت کا پتہ یہ ہے:۔

(مولانا) بشیر احمد مدرس مدرسہ دار العلوم میرٹھ

مدرسہ حیات الاسلام اسمٰعیل نگر کا امتحان

مورخہ ۹ جولائی ۱۹۳۳ء مطابق ۱۵ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ جامع المعقول والمنقول جناب قاضی صاحب سلطان محمود برائے امتحان مدرسہ ہذا صبح ۸ بجے کو جلوہ افروز ہوئے تمام اراکین جمعیت خدام الشریعت بوقت امتحان تشریف آور ہوئے۔

امتحان ۸ بجے سے شروع ہو کر ۱۲ بجے سرانجام ہوا مہتمم صاحب کے انتہائی کوشش کی بدولت تمام طلباء کامیاب رہے۔ بلکہ اکثر طلباء کو انعامات ملے جناب قاضی صاحب مذکور اور جناب مولانا صاحب عزیز اللہ ...

یوپی میں مسلم لڑکیوں کیلئے جبریہ تعلیم
مسلمانوں میں شدید اضطراب و ہیجان
دار العلوم دیوبند میں احتجاجی جلسہ

روزانہ اخبار تیج دہلی مورخہ ۲۶ جولائی ۳۳ء کی اس شائع شدہ اطلاع پر کہ ممالک متحدہ کی کونسل کے اجلاس منعقدہ ۲۴ فروری ۳۳ء میں صوبہ متحدہ کیلئے مسٹر کیلاش سرکار استو نے لڑکیوں کی جبریہ تعلیم کے متعلق تجویز پیش کی اور حکومت کی طرف سے ان کی ... فقت میں ایک کمیونک شائع کیا گیا جس میں ممالک متحدہ کے ان رقبوں میں، جہاں لڑکوں کی جبریہ تعلیم کا سلسلہ جاری کیا گیا ہے لڑکیوں کیلئے بھی جبریہ تعلیم رائج کرنے کی تائید کی گئی ہے اور جس کی منظوری کا اعلان ۱۵ اگست ۳۳ء تک کیلئے ہے۔

تمام جماعت علماء و طلباء دار العلوم کا جلسہ صدر دار الحدیث میں زیر صدارت ...

... ہیں اس کی ضرورت ہے کہ اس قانون کو اس وقت تک نافذ ہونے سے روکنے میں سعی کی جب تک کہ دونوں قوانین میں مناسب ترمیم کے جدوجہد کامیاب ثابت ہو ہندایاں احتجاج کے لئے زبردست جدوجہد شروع ہوئی ہے۔

بتاریخ ۱۰ اگست ۳۳ء بسلسلہ لازمی تعلیم زنانہ جامع مسجد گجراتوں میں ...

... کی خبر پائی جاتی ہے۔ بذریعہ اخبار طبع فرمائے۔

(۴) اس جلسہ کی رائے میں ریزولیشن نمبر ۲ کی نقول لوکل گورنمنٹ اور چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ مراد آباد اور چیرمین ٹاؤن ایریا اور مشہور اخبارات کو بھیجی جاویں۔

(محمد عبد اللہ)

... کرتا ہے کہ ہمارے اس متفقہ مذہبی جلسہ کی کارروائی کو ۲۱ اگست ۳۳ء تک حکمہ انسٹرکشن ممالک متحدہ تک پہونچا دیں تاکہ گورنمنٹ اس پر اچھی طرح سے غور کر کے دفعہ ۵ کے بموجب مسلمانوں کے نسوانی طبقہ کو ہمیشہ کیلئے اس جبریہ تعلیم سے مستثنیٰ قرار دلانے اور ساتھ ہی اس کے جو مسلم بچے اپنی مذہبی تعلیم حاصل کر رہے ہیں یا کرنا چاہتے ہیں خواہ حفظ یا ناظرہ اُن سے بھی کسی قسم کا کوئی تعرض نہ کیا جاوے۔

اختر شاہ مدرس مدرسہ امداد الاسلام میرٹھ

یو۔ پی کے پانچ مقام

۱۳ اگست ۳۳ء یوم جمعہ بعد نماز مغرب بصدارت منشی برکت اللہ خاں صاحب ایک جلسہ بمقام قصبہ دریاپور منعقد ہوا۔ پوسٹر انجمن ہذا پہلے پڑھ کر سنایا گیا اس کے بعد چند تقریریں ہوئیں اور بتلایا گیا کہ فی نفسہ ہم کو جبریہ تعلیم سے اختلاف نہیں ہے مگر حکومت اور میونسپلٹی کے عمال نے جو رویہ مسلمانوں کے ساتھ اختیار کیا ہے اس سے مسلمان سخت بیزار ہیں اس جبریہ تعلیم سے قرآن مجید جیسی ضروری اور اہم تعلیم سے مسلمان بچوں کو روکا جا رہا ہے جس کی پرفیشن میں مسلمان ایک عرصہ سے بے چین ہیں اب جب کہ یوپی میں تعلیم نسواں کا ...

... اس لئے کہ موجودہ نصاب اور طریقہ تعلیم دونوں اسلامی شعائر کے خلاف ہیں لہٰذا ان سے بے پردگی اور ایسی آزادی کی ترویج کا اندیشہ ہے جس کی اسلام ہرگز اجازت نہیں دیتا یہ جلسہ حکومت سے استدعا کرتا ہے کہ اگر وہ ہندوؤں کی خواہش پر تعلیم نسواں کو جبری کرنا ضروری خیال کرے تو کم از کم مسلمان لڑکیوں ...

ہم باواز بلند کہتے ہیں کہ آج جو صاحب ہماری بہراپن کی دوا (روغن کرامات) کی برابر کوئی دیگر ایسی مجرب اور مشہور دوا بتلا دیں کہ جس نے ہماری دوا کے برابر شہرت اور سارٹیفکٹ حاصل کئے ہوں اور ہماری دوا کے برابر کان کی تمام بیماریوں اور نیٹ بہراپن پر ایسی مفید ثابت ہوئی ہو تو ہم مبلغ پچاس روپے نقد انعام دیں گے جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ یہاں بھی جب چاہیں تشریف لا کر ملاحظہ کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والے ٹھگ اور مکاروں سے بچنا آپ کا فرض ہے آرڈر کے وقت اپنا پورا پتہ مع نام صاف لکھیے۔

نیٹ بہراپن کا مفید علاج

کان بہنے، زخم، کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے، ٹھینسی، ناسور، کیڑے پڑ جانے، درد طرح بطرح کی آوازیں ہونے پردوں کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بےخطا دوا۔

بابب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ) تین شیشی ایک ساتھ طلب کرنے پر محصولڈاک و پیکنگ معاف

ہماری سرمہ — ضعف بینائی، سرخی دیرینہ، ککرے، نزول اور ڈھلکہ کی خاص دوا ہے۔ ہر عمر اور ہر موسم میں قابل استعمال ہے فی شیشی چار آنے (۴ر)

کان کی دوا بابب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔ پی)

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

تعطیل کلاں کے بعد ... ستمبر ۱۹۳۳ء کو کھلے گا۔ داخلہ ... ستمبر ۱۹۳۳ء ... تک ہوگا۔ سال اول میں داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے نام ۱۵ ستمبر ۱۹۳۳ء تک پہونچنا چاہئیں اس کے بعد کوئی درخواست نہ لی جائے گی۔ داخلہ کے متعلق قواعد و ضوابط کی کتاب پرنسپل طبیہ کالج سے مفت مل سکتی ہے۔

پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

عراق ریلوے

نجف۔ کربلا معلیٰ۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام، تیز رفتاری اور بہت ہی سستا کرایہ سے سفر کریں

مختلف درجوں کی زیادتی کوپن کی کتابیں جو ۱۵۰ دن تک کارآمد ہونگے نیچے درج ہیں اور ۱۰۰ کیلوز سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لے جا سکتے ہیں

	درجہ دوئم	درجہ سوئم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا، کاظمین سامرہ اور واپسی بصرہ	۲۴—۰—۰	۱۴—۰—۰
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلا، کاظمین اور واپسی بصرہ	۲۰—۰—۰	۱۲—۸—۰

تین سال سے کم عمر کے بچہ کا کرایہ معاف اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا نصف کرایہ لیا جاتا ہے

بمبئی اور کراچی سے ہر ہفتہ جہازات بصرہ کے بندرگاہ مقل کو جاتے ہیں۔ جہاں ریلوے کے افسران زائرین کے آرام اور زیارت گاہوں کو جانیوالی گاڑیوں میں جگہ کا انتظام کرنے کے لئے استقبال کرتے ہیں

زائرین جو مکہ معظمہ کی زیارت کرنا چاہتے ہیں ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عراق کے راستہ سے سفر کریں اور اس طرح سے ایک ہی وقت میں اس ملک کی زیارتگاہوں کی بھی زیارت کے مواقع بھی مل جائیں

بغداد سے دمشق کو بذریعہ موٹر ۲۴ گھنٹہ میں سفر کیا جا سکتا ہے دمشق سے جدہ۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا کرایہ حسب ذیل ہے

درجہ دوئم ۱۹۰—۰—۰ روپیہ، درجہ سوئم بلا خوراک ۹۵—۰—۰

ہندوستان میں عراق ریلوے کے ٹکٹ اور کوپن کی کتابیں بمبئی اور کراچی میں مختلف ایجنٹوں سے خریدے جا سکتے ہیں

(۱) مولوی محمد باقر صاحب سافر خانہ حاجی دیوجی جمال جیل روڈ عمرکھاڑی بمبئی
(۲) اسم آنریری جائنٹ سیکرٹری فیض پنجتنی پایا کنگی بمبئی
(۳) مسٹر ای۔ اے۔ لوٹیا۔ مانڈوی کولی واڑا بمبئی نمبر ۳
(۴) جیبب حاجی رحمت اللہ صاحب کھارادر کراچی
(۵) مسٹر عبد العلی شیخ ... معرفت ملیسرز یوسف علی علی بھائی کریم جی اینڈ کمپنی نیپیر روڈ کراچی
(۶) آنریری سکرٹری فیض پنجتنی معرفت حاجی حبیب بھائی گوکل۔ کوڑی باغ کراچی

(نوٹ) ایک ہی جہاز پر ایک سو یا ایکسو سے زائد تعداد میں بصرہ کو سفر کرنیوالے زائرین کو جہاز کے کرایہ میں رعایت مل سکتی ہے

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے؟

وہاں سے ایک کارڈ بیکر تحریر فرماویں اور صحت و تندرستی کی گائیڈ ... قواعد قدرت کی حافظ نہایت عمدہ مضامین سے مزین ... صفحات کی کتاب "کام شاستر" مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مصیبت کے وقت

جبکہ ویدابین پھیلی ہوں جبکہ کسی بیماری کا اچانک حملہ ہو اور جب کوئی حادثہ پیش آئے۔ اُس وقت

امرت دھارا

ایک صادق دوست اور مکمل معالج کی طرح آپ کی مدد کرے گی!

سدا پاس رکھو

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنہ (عہ) نصف ایک روپیہ چار آنہ (عہ) نمونہ آٹھ آنے (۸ر)

ملنے کا پتہ:۔ مینیجر امرت دھارا آشرم لاہور

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا
حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹرڈ

بال جیون گھٹی (رجسٹرڈ)

بچوں کی بخار، کھانسی، اسہال، بادی، دودھ ڈالنا، پیٹ پھولنا، پسلی چلنا، دست ہونا، دست میں کیڑے نکلنا، مرگی، ہچکی، قبض

مزید ذخیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر و کمزور بچوں کو موٹا تازہ تندرست و طاقتور بنانے کے لئے مشہور و معروف شرطیہ گھٹی دوا ہے۔ میٹھا ہونے سے بچے اسکو خوش ہو کر پی لیتے ہیں۔ سب جگہ عطاروں، پنساریوں، دیسی انگریزی دوا فروشوں، جنرل مرچنٹوں کمیشن ایجنٹوں کے یہاں فروخت ہوتی ہے لیکن نقلی سے بچو حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھکر لو۔ قیمت فی شیشی ... سوداگروں کو نہایت ہی معقول کمیشن،

سوداگر و ایجنٹ نمونہ مفت طلب کریں

ہر بیماری کا مجرب علاج بتانے والا رسالہ چراغ صحت مفت منگا کر پڑھو

المشتہر:۔ مینیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر یو۔ پی

نمک جالینوس
رجسٹرڈ

معدے اور آنتوں کو قوت دینا اور ان کو ردی مواد سے پاک و صاف رکھتا ہے۔ بدہضمی اور دائمی قبض کو دفع کر کے غذا کو صحیح طور پر ہضم کرنیکی صلاحیت بخشتا ہے۔ خون صالح پیدا کر کے چہرہ کو خوش رنگ بنا دیتا ہے۔ قیمت فی شیشی صرف آٹھ آنے

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ایم۔ اے۔ رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص و اعلیٰ قسم کی پسی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیں۔

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (")
ایک کالم (")
½ کالم (")
¼ کالم

یداللّٰہ علی الجماعۃ

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی یوم یکشنبہ ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۰ اگست ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۲

معاصرین کے افکار و آراء

مسلم کانفرنس کا التواء

لندن کی مرکزی ہند سوسائٹی

نزاع بے سبب

سرحدی پالیسی

سرحد پر بمباری

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

مکالمات و مخاطبات کے لعل ازبلا کی حالت

خوبصورت حمائل

صوبہ جاتی حسن و آداب کو مقبول بنانے کے لیے اس کے مختلف ایڈیشن دلفریب صورتوں میں شائع کر رہا ہے۔ مسلمانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لیے یہ ہم

دفتر اشاعت القرآن بیت الشفا رسک امروہہ یو۔پی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے (منیجر)

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہوگیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کرکے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آجتک ایشیا پیش کرسکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلہ مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہوجاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱۲؎ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال:۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملاکر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

سفید بال جڑسے کالا

ایک آنہ کا ٹکٹ بھیج کر ... بال کالا اسٹورس پوسٹ ... سمری (دربھنگہ)

فتنۂ مرزائیت کا صحیح علاج

اگر آپ کو اسلام اور داعیِ اسلام سے سچی محبت ہے اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ ... تو مکتبہ علمیہ سے مندرجہ ذیل کتابیں منگاکر پڑھئے ...

آئینہ کمالات مرزا ...
دین مرزا کفر خالص ...
نامہ حقانی در رد مسیح قادیانی ...
صحائف رحمانیہ ...
اطلاع حقانی ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کا خطبۂ صدارت

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بےنظیر خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

حیات محمود

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

جنت اور دوزخ

منیجر مکتبہ علمیہ بلیماران دہلی

جب حیدرآباد سے محبت مسلمان کو ہے

الاعظم ہفتہ وار

منیجر الاعظم چھتہ بازار حیدرآباد دکن

ردِ مرزائیت کی معاون

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ

سرحدی قبائل پر بمباری

تین مطالبات

سرحد کے آزاد علاقہ میں جو کارروائی کی جا رہی ہے اس کے متعلق مسلمانان دہلی نے اپنی قرارداد میں صرف تین مطالبات پیش کئے ہیں اور ان مطالبات کے تحت میں جو معقول دلائل ہو سکتے ہیں ان کی طرف اشارہ بھی اسی قرارداد میں کر دیا ہے۔ یہ تینوں مطالبات حسب ذیل ہیں:

"ہم آج یہاں صرف اس لئے جمع ہوئے ہیں کہ پوری ایمانداری کے ساتھ لارڈ ولنگڈن کو ان کی ایگزیکٹیو کونسل کے ممبروں کو چیف کمشنر دہلی کو اور سپرنٹنڈنٹ پولیس کو یہ بتا دیں کہ ہر اس خبر سے جو سرحد کے آزاد مسلمان قبائل پر بمباری کے متعلق آتی ہے مسلمانوں کے دلوں میں ناسور پڑ رہے ہیں۔ اگر ہمارے خدشات کو ظاہر نہ کریں تو ہم حکومت کو دھوکے

گاندھی جی کا برت اور حکومت کی ذمہ داری

حوادث و احکام

سرحدی قبائل پر بمباری کے خلاف مسلمانان دہلی کا احتجاج

آزاد پارک میں عظیم الشان جلسہ

حکومت سے سرکاری بیان کا مطالبہ اور مسلمانان ہند سے اپیل

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

۱۶ راگست کی شام کو تقریباً ۸ بجے کمپنی باغ (آزاد پارک) میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ انعقاد جلسہ کا اعلان حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب (صدر جمعیۃ علمائے ہند) اور حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب (ناظم جمعیۃ علمائے ہند) کی جانب سے ایک روز قبل ہی بذریعہ پوسٹر کر دیا گیا تھا جیسا کہ اس پوسٹر میں بھی ظاہر کیا گیا تھا یہ جلسہ جمعیۃ علمائے ہند کے زیر سرپرستی تھا اور اس کی غرض یہ تھی کہ حکومت کی اس پالیسی کے خلاف احتجاج کیا جائے جو

سوائے اس کے اور کوئی تدبیر نہیں ہے کہ امن و سکون کے ساتھ ایک جگہ جمع ہو کر اپنے دلی جذبات سے حکومت کو آگاہ کر دیں اور اس زمانہ میں آئینی احتجاج اور اظہار رائے عامہ کے جو طریقے مقرر ہیں ان کے مطابق اپنی آواز کو بلند کریں تاکہ آئندہ کبھی حکومت یہ نہ کہہ سکے کہ جب سرحد پر بمباری ہو رہی تھی اور اس بمباری سے سلمانوں کے جذبات مجروح ہو رہے تھے تو ہم تک یہ آواز کیوں نہ پہنچائی گئی۔ ہم آج یہاں صرف اس لئے جمع ہوئے ہیں کہ پوری ایمانداری کے

تقریر صدارت

قبائل پر بمباری کے خلاف احتجاج

نوشہرہ میں جلسہ

مراکو میں کوہ اطلس پر فرانسیسی افواج اور مسلم قبائل کا مقابلہ

مشین گنوں۔ توپوں اور رائفلوں سے زبردست آتشباری

پہاڑ کی ۱۲۰ سو فٹ گہرائی میں فرانسیسی تہذیب کا خونی مظاہرہ

(ترجمہ خصوصی)

مراکو میں فرانسیسی افواج سے مسلم قبائل کا جو تصادم ہوا ہے اس کی غیر مصدقہ اطلاعات اخبارات میں شائع ہوتی رہی ہیں ان اطلاعات سے مراکو کی اس جنگ کی حقیقی نوعیت کا پتہ نہیں لگایا جا سکتا اور نہ جنگ کے نتائج پر ان اطلاعات سے کوئی روشنی پڑتی ہے۔ حال میں ایک انگریزی اخبار میں جنگ مراکو کے متعلق ایک عینی شاہد کا بیان شائع ہوا ہے جس سے مراکو میں فرانسیسی اقدام اور قبائل کی مدافعانہ سرگرمیوں کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ذیل میں اس چشم دید بیان کا ترجمہ قارئین کرام کی اطلاع کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔

گھاٹی پر پہونچ گئی۔ اس کے بعد ۱۲۰ سو فٹ کی گہرائی میں مشین گنوں نے زور شور سے فائر کئے جس کے بعد دیہاتی لوگ بہت کمزور اور مقابلہ کے ناقابل ہو گئے۔ یہاں سے قبائل بھاگ کر گھاٹی کے اس حصہ کی طرف چلے گئے جس پر فرانسیسی فوج کے ایک حصہ نے پہلے ہی سے قبضہ کر رکھا تھا۔ اس مقام پر بھی قبائل سے زبردست جنگ ہوئی اور فرانسیسی فوج تمام دن آگے بڑھتی رہی۔ آخر کار فرانسیسی فوج پا پیادہ لڑتی ہوئی کھاٹی میں گھس گئی۔ کرنل ٹربکیوٹ کی فوج بلندی سے رائفل کے فائر کر رہی تھی اور اس کے ساتھ ہی قبائل پر توپوں سے گولہ باری شروع

تین ہزار فٹ بلندی پر جنگ

مشین گنوں سے قبائل کا صفایا

آخری نتیجہ

فہرست سے معلوم ہوا کہ فرانسیسی فوج کے بہت سے سپاہی کام آئے۔

(مراکو میں قبائل اور فرانسیسی فوج کی جنگ برابر جاری ہے جس کی ایک اطلاع گزشتہ الجمعیۃ میں بسلسلہ مخابرات دی جا چکی ہے)۔

توپوں کی گولہ باری اور مشین گنوں کے فائر

ایک مختصر لڑائی کے بعد قبائل نے فوائشہ دے دیا اور فرانسیسی فوج بیلن

عربی جہاں کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

فلسطین میں نوجوان عیسائی عربوں کی نئی اسکیم

ارض مقدس سے یہودیوں کو نکالدیا جائے

مسلمان نازی حکومت کی پالیسی سے خوفزدہ ہیں

جرمنی حکومت کی نازی پالیسی (کہ تمام یہودیوں کو جرمنی سے نکالدیا جائے) کو بیت المقدس کے نوجوان عیسائی عرب بھی قبول کرتے جا رہے ہیں اور انہوں نے بھی اس کیمیانہ پر یہودیوں کو فلسطین سے نکالدینے کی تدابیر پر عمل شروع کر دیا ہے۔ یہ نوجوان فلسطین میں یہ قبیلہ پارٹی قائم کرنا چاہتے ہیں۔ فلسطین کے عیسائی عربوں نے ہر ہٹلر کی پالیسی کو صرف اس حد تک تسلیم کیا ہے کہ یہودیوں کو بھی جرمنی کی طرح فلسطین سے نکالدیا جائے۔ حال میں اس جماعت کے ایک نوجوان لیڈر نے اعلان کیا ہے کہ "ہم کو اپنے فلسطین کی ضرورت ہے جو یہودیوں کے وجود سے پاک ہو" اس نے یہ بھی اعلان کیا ہم نازی حکومت کی مخالف یہودیت پالیسی کو تسلیم کرتے ہیں کیونکہ تمام خرابیوں کی جڑ یہی لوگ ہیں۔ فلسطین میں یہودیوں کے خلاف بہت زیادہ کام کی ضرورت ہے کیونکہ جرمنی سے زیادہ ان کا انتشار فلسطین میں ہے۔

فلسطین کا ایک عربی اخبار یہودیوں کے معاملہ میں نازی حکومت کی حکمت عملی کی پرزور تردید کرتا ہے کیونکہ جرمنی سے یہودیوں کے اخراج کے یہ معنے ہیں کہ ان کو جرمنی سے نکالکر فلسطین میں آباد کیا جائے اور وہ مجبور ہو کر ارض مقدس کا رخ کریں اور اس طرح قومی وطن کے خواب کی تعبیر ان کو حاصل ہو جائے۔ اس اخبار نے کھلے الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ "یہودیوں کے خلاف ہٹلر کی سرگرمیاں ہم عربوں کیلئے قطعاً مفید نہیں ہیں" کیونکہ جرمنی سے یہودیوں کو نکالدینے کے معنے یہ ہیں کہ وہ آکر فلسطین میں آباد ہو جائیں۔

ترکی حکومت کو مطلوبہ قرضہ سے زائد وصول ہو گیا

ارغانہ اور اناطول میں ریل کی تعمیر

ترکوں کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ حکومت نے جو قرض طلب کیا تھا وہ مدت معینہ میں بچاس فیصدی اضافہ کے ساتھ وصول ہو گیا۔ یہ قرض اس لئے وصول کیا گیا ہے کہ اس کے ذریعہ جدید ریلوے تعمیر کی جائے تاکہ ارغانہ کی کانوں کے تانبے کے استخراج اور حمل و نقل میں سہولت ہو۔ حکومت ترکیہ اناطول کی کانوں سے بھی تانبہ کا استخراج کرنا چاہتی ہے۔ اور اس مقصد کیلئے اس نے جرمنی کے متعدد ماہرین بھی طلب کئے ہیں جو معادن اور ریلوے کی تعمیر میں حکومت کو مفید مشورے دینگے۔

مصری بنک کی طرف سے بحری جہازوں کی خریداری

حال ہی میں مصر کے ایک بنک نے دو بحری جہاز خریدے ہیں جن میں سے ایک جہاز موسم حج میں مصری حاجیوں کو جدہ پہونچائے گا اور دوسرا جہاز مصر اور یورپ کے درمیان باربرداری کا کام کرے گا۔ اسی طرح وزارت حربیہ نے دس ہوائی جہازوں کی خریداری کا آرڈر دیا ہے جو چار ماہ کے اندر تکمیل کے بعد مصر پہونچ جائیں گے۔

مصری حکومت کی نصاریٰ پرستی

مجلس دفاع اسلامی کو جلسے کرنیکی ممانعت

مصر میں عیسائی مشنریوں نے جو اودھم مچا رکھا ہے اور جن خفیہ طریقوں سے وہ مسلمان لڑکوں اور لڑکیوں کو مرتد کر رہے ہیں اس نے مصر کے تمام حلقوں میں ہلچل مچا دی ہے اور ہر جگہ مشنریوں کی ان فریب کاریوں کے خلاف مظاہرے اور جلسے شروع کر دئے گئے ہیں۔ عیسائیوں کی جارحانہ کارروائیوں کے خلاف مسلمانوں نے مجلس دفاع اسلامی بھی قائم کر دی ہے جو تمام عیسائیوں کے خفیہ طریقوں سے اہل مصر کو آگاہ کر رہی ہے لیکن مصری حکومت کی عیسائیت پروری کا یہ عالم ہے کہ وہ عیسائیوں کی خفیہ اور علانیہ کارروائیوں کو تو نہیں روک سکی لیکن مجلس دفاع اسلامی کو مدافعت اسلام کے فریضہ سے باز رکھنے کے لئے آمادہ ہو گئی ہے۔

کفر الذیاب میں فرانسکن مشن پر کسی نے حملہ کر دیا تھا اس کی بنا پر حکومت مصریہ نے مشنریوں کے خلاف مظاہروں کو روکنے کے لئے سخت تدابیر اختیار کرنی شروع کر دی ہیں۔ حکومت نے دفاع اسلامی مجلس کو عام جلسے منعقد کرنے کی ممانعت کر دی ہے کیونکہ اس کے بعض ارکین کی تقریروں سے یہ ثابت ہوتا تھا کہ مشنری ایک خطرناک جراثیم رکھتے ہیں جن کو ملک سے نکالدینا چاہئے۔

مکہ مکرمہ میں کارخانہ پارچہ بافی

غلاف کعبہ حجازی نوجوان تیار کریں گے

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ حکومت حجاز نے ۱۳۴۶ھ میں مکہ مکرمہ کے اندر پارچہ بافی اور نساجی کا ایک کارخانہ کھولا تھا جو حجاز میں اپنی قسم کا پہلا کارخانہ تھا۔ اس کارخانہ کو چلانے کے لئے حکومت کو باہر سے آدمی بلانے پڑتے تھے کیونکہ حجاز میں اس فن کے ماہرین مفقود تھے۔ مستقبل میں اس کمی کو پورا کرنے کے لئے حکومت نے اس کارخانہ میں حجازی نوجوانوں کو کام سکھلانے کے لئے داخل کر دیا تھا تاکہ وہ ملک کی اس صنعت کو خود ہی چلانے کے قابل ہو جائیں اور حکومت کو باہر سے آدمیوں کو بلانے کی ضرورت لاحق نہ ہو۔ اب معاصر ام القریٰ نے یہ خوشخبری سنائی ہے کہ حجازی نوجوانوں نے اس فن میں مہارت حاصل کر لی ہے۔ چنانچہ سال رواں میں غلاف کعبہ کی تیاری اور تکمیل کا کام انہی کے سپرد کر دیا گیا ہے اور وہ ماہ صفر سے اس کام میں مشغول ہو گئے ہیں۔

چین میں حزب اسلامی کا قیام

جاوا کا اخبار "الہدیٰ" رقمطراز ہے کہ شہر کا مبر کے چینی مسلمانوں نے "حزب اسلامی" کی بنیاد ڈالدی ہے جو اپنی نوع کی پہلی انجمن ہے۔ اس کے صدر سید "روی ربانغ جن" منتخب کئے گئے ہیں جو عربی زبان کے ماہر اور اسلامی علوم میں کافی درک رکھتے ہیں۔ "حزب اسلامی چینی" کا ایک اجلاس بھی منعقد ہو چکا ہے۔ ۶۰۰ سے زائد چینی مسلمانوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ان تدابیر پر غور کیا گیا جن کو اختیار کرکے ممالک چین میں اشاعت اسلام کے کام کو احسن طریق پر انجام دیا جا سکتا ہے۔

فلسطین میں دو ہزار یہودیوں کا داخلہ

گزشتہ ماہ فلسطین میں جن اجنبی اشخاص کا داخلہ ہوا ان کی تعداد ۲۱۵۸ ہے جنمیں سے ۱۸۵۴ یہودی، ۷۷ عیسائی اور ۵ مسلمان ہیں۔

مراکو میں کوہ اطلس پر فرانسیسی افواج اور مسلم قبائل کا مقابلہ

مشین گنوں، توپوں اور رائفلوں سے زبردست آتشباری

پہاڑ کی ۱۲ سو فٹ گہرائی میں فرانسیسی تہذیب کا خونی مظاہرہ

(ترجمہ خصوصی)

مراکو میں فرانسیسی افواج سے مسلم قبائل کا جو تصادم ہوا ہے اس کی غیر مصدقہ اطلاعات اخبارات میں شائع ہوتی رہی ہیں ان اطلاعات سے مراکو کی اس جنگ کی حقیقی نوعیت کا پتہ نہیں لگایا جا سکتا اور نہ جنگ کے نتائج دریافت ہو سکتے ہیں ...

گھاٹی پر پہونچ گئی۔ اس کے بعد ۱۲ سو فٹ کی گہرائی میں مشین گنوں نے زور شور سے فائر کئے جس کے بعد پہاڑی لوگ بہت کمزور اور مقابلہ کے ناقابل ہوگئے ...

توپوں کی گولہ باری اور مشین گنوں کے فائر

(مراکو میں قبائل اور فرانسیسی فوج کی جنگ برابر جاری ہے جس کی ایک اطلاع گزشتہ الجمعیۃ میں بسلسلہ تخابرات دی جا چکی ہے)

سرحدی قبائل پر بمباری کے خلاف مسلمانان دہلی کا احتجاج

آزاد پارک میں عظیم الشان جلسہ

حکومت سے سرکاری بیان کا مطالبہ اور مسلمانان ہند سے اپیل

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

۱۹ اگست کی شام کو تقریباً ۸ بجے کمپنی باغ (آزاد پارک) میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ انعقاد جلسہ کا اعلان حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب (صدر جمعیۃ علمائے ہند) اور حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب (ناظم جمعیۃ علمائے ہند) کی جانب سے ایک روز قبل ہی بذریعہ پوسٹر کر دیا گیا تھا ...

سوائے اس کے اور کوئی تدبیر نہیں ہے کہ امن و سکون کے ساتھ ایک جگہ جمع ہو کر اپنے دلی جذبات سے حکومت کو آگاہ کر دیں اور اس زمانہ میں آئینی احتجاج اور اظہار رائے عامہ کے جو طریقے مقرر ہیں ان کے مطابق اپنی آواز کو بلند کریں ...

قبائل پر بمباری کے خلاف احتجاج

نوشہرہ میں جلسہ

گیارہ اگست کو نماز جمعہ کے بعد مسلمانان نوشہرہ کلاں کا ایک جلسہ زیر اہتمام جمعیت العلماء نوشہرہ جامع مسجد میں منعقد ہوا۔ راقم الحروف نے خطبہ سے پہلے مسلمانوں کی موجودہ تکالیف اور مصائب کے اصل اسباب پر روشنی ڈالتے ہوئے مسلمانوں کو باہمی اخوت اور رواداری کی طرف توجہ دلائی تھی کہ بعد مولانا عبدالرؤف صاحب قائمقام خطیب اور ناظم مقامی جمعیت نے ایک پرجوش تقریر فرمائی جس میں سرحدی بمباری کو خلاف آئین اور بعید از انسانیت ثابت کرنے کے علاوہ حضرت مسیح علیہ السلام کی تعلیم کے سراسر منافی بتایا۔

... آزاد علاقہ پر گولے برسا کر کس طرح تہذیب و انسانیت کا خون کیا جا رہا ہے کیا اسی کا نام بیسویں صدی کی تہذیب ہے اور یہی تہذیب اسلام سے مقابلہ کرنے کے لئے نکلی ہے جس نے آج سے تیرہ سو برس قبل اس قانون کا اعلان کر دیا تھا کہ خدا کی مخلوق کو آگ کا عذاب دینا بندوں کے لئے کسی طرح جائز نہیں ہے۔ ایک طرف یہ اسلامی حکم ہے اور دوسری طرف یہ بیسویں صدی کی تہذیب جس کا انسانوں کی آبادیوں پر آگ برسائی جا رہی ہے۔ اور اس کے جواز کے لئے یہ دلیل پیش کی جا رہی ہے کہ ہم نے چوبیس گھنٹے قبل نوٹس دیدیا تھا گویا چوبیس گھنٹے کا نوٹس دینے کے بعد کسی آبادی کو بم برسا کر تباہ کر دینا جائز ہو جاتا ہے۔ آخر یہ کونسی تہذیب ہے۔ اگر دنیا انصاف کی نگاہ سے دیکھے تو آج اسلام ہی کا اصول تہذیب و انسانیت کے صحیح معیار پر پورے اتر سکتے ہیں۔ ان مسلم نوجوانوں کے لئے جن کی آنکھیں مغربی تہذیب کی ظاہری جگمگاہٹ سے خیرہ ہو جاتی ہیں یہ واقعات حقیقتہً ایک تازیانہ عبرت ہیں۔

مصری حکومت کی نصاریٰ پرستی

مجلس دفاع اسلامی کو جلسے کرنے کی ممانعت

مصر میں عیسائی مشنریوں نے جو ادھم مچا رکھا ہے اور جن خفیہ طریقوں سے وہ مسلمان لڑکوں اور لڑکیوں کو مرتد کر رہے ہیں اس نے مصر کے تمام حلقوں میں ہلچل مچا دی ہے اور ہر جگہ مشنریوں کی ان فریب کاریوں کے خلاف مظاہرے اور مجالس شروع کر دیئے گئے ہیں۔ عیسائیوں کی جارحانہ کارروائیوں کے خلاف مسلمانوں نے مجلس دفاع اسلامی بھی قائم کر دی ہے جو تمام عیسائیوں کے خفیہ طریقوں سے اہل مصر کو آگاہ کر رہی ہے۔ لیکن مصری حکومت کی مسیحیت پروری کا یہ عالم ہے کہ وہ عیسائیوں کی خفیہ اور علانیہ کارروائیوں کو تو نہیں روکتی لیکن مجلس دفاع اسلامی کو مدافعت اسلام کے طریقہ سے باز رکھنے کے لئے آمادہ ہو گئی ہے۔

کفر الذیاب میں فرانسسکن مشن پر کسی نے حملہ کر دیا تھا اس کی بنا پر حکومت مصر نے مشنریوں کے خلاف مظاہروں کو روکنے کے لئے سخت تدابیر اختیار کرنی شروع کر دی ہیں۔ حکومت نے دفاع اسلامی مجلس کو عام جلسے منعقد کرنے کی ممانعت کر دی ہے کیونکہ اس کے بعض اراکین کی تقریروں سے یہ ثابت ہوتا تھا کہ مشنری ایک خطرناک جماعت رکھتے ہیں جن کو ملک سے نکال دینا چاہیئے۔

مکہ مکرمہ میں کارخانہ پارچہ بافی

غلاف کعبہ حجازی نوجوان تیار کریں گے

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ حکومت حجاز نے ۱۳۴۶ھ میں مکہ مکرمہ کے اندر پارچہ بافی اور نساجی کا ایک کارخانہ کھولا تھا جو حجاز میں اپنی قسم کا پہلا کارخانہ تھا۔ اس کارخانہ کو چلانے کے لئے حکومت کو باہر سے آدمی بلانے پڑے تھے کیونکہ حجاز میں اس فن کے ماہرین مفقود تھے۔ مستقبل میں اس کمی کو پورا کرنے کے لئے حکومت نے اس کارخانہ میں حجازی نوجوانوں کو کام سکھلانے کے لئے داخل کر دیا تھا تاکہ وہ ملک کی اس صنعت کو خود ہی چلانے کے قابل ہو جائیں اور حکومت کو باہر سے آدمیوں کو بلانے کی ضرورت لاحق نہ ہو۔ اب معاصر ام القریٰ نے یہ خوشخبری سنائی ہے کہ حجازی نوجوانوں نے اس فن میں مہارت حاصل کر لی ہے۔ چنانچہ امسال غلاف کعبہ کی تیاری اور تکمیل کا کام انہی کے سپرد کر دیا گیا ہے اور وہ بھی سے اس کام میں مشغول ہوگئے ہیں۔

چین میں حزب اسلامی کا قیام

جاوا کا اخبار "الہدیٰ" رقمطراز ہے کہ شہر کاشمر کے چینی مسلمانوں نے "حزب اسلامی" کی بنیاد ڈالی ہے جو اپنی نوع کی پہلی انجمن ہے۔ اس کے صدر سید "روی ربیع جن" منتخب کئے گئے ہیں جو عربی زبان کے ماہر اور اسلامی علوم میں کافی درک رکھتے ہیں۔ "حزب اسلامی چینی" کا ایک اجلاس بھی منعقد ہو چکا ہے۔ ۷۰۰ سے زائد چینی مسلمانوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ان تدابیر پر غور کیا گیا جن کو اختیار کر کے ممالک چین میں اشاعت اسلام کے کام کو احسن طریق پر انجام دیا جا سکتا ہے۔

فلسطین میں دو ہزار یہودیوں کا داخلہ

گزشتہ ماہ فلسطین میں جن اجنبی اشخاص کا داخلہ ہوا ان کی تعداد ۲۵۸۶ تھی جن میں سے ۱۸۵۴ یہودی ۲۷۰ عیسائی اور ۶۰ مسلمان ہیں ...

عربی جہان کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

فلسطین میں نوجوان عیسائی عربوں کی نئی اسکیم

ارض مقدس سے یہودیوں کو نکال دیا جائے

مسلمان نازی حکومت کی پالیسی سے خوفزدہ ہیں

جرمنی حکومت کی نازی پالیسی (کہ تمام یہودیوں کو جرمنی سے نکال دینا چاہیئے) کو بیت اللحم کے نوجوان عیسائی عرب بھی قبول کرتے جا رہے ہیں اور انہوں نے بھی اس کے پیمانہ پر یہودیوں کو فلسطین سے نکال دینے کی تدابیر پر عمل شروع کر دیا ہے۔ یہ نوجوان فلسطین میں فیسسٹ پارٹی قائم کرنا چاہتے ہیں۔ فلسطین کے عیسائی عربوں نے ہر ہٹلر کی پالیسی کو صرف اس حد تک تسلیم کیا ہے کہ یہودیوں کو بھی جرمنی کی طرح فلسطین سے نکال دینا چاہیئے۔ حال میں اس جماعت کے ایک نوجوان لیڈر نے اعلان کیا ہے کہ "ہم کو ایسے فلسطین کی ضرورت ہے جو یہودیوں کے وجود سے پاک ہو" اس نے یہ بھی اعلان کیا ہم نازی حکومت کی مخالف یہودیت پالیسی کو تسلیم کرتے ہیں کیونکہ تمام خرابیوں کی جڑ یہی لوگ ہیں۔ فلسطین میں یہودیوں کے خلاف بہت زیادہ کام کی ضرورت ہے کیونکہ جرمنی سے زیادہ ان کا اقتدار فلسطین پر ہے۔

فلسطین کا ایک عربی اخبار یہودیوں کے معاملہ میں نازی حکومت کی حکمت عملی کی پرزور تردید کرتا ہے کیونکہ جرمنی سے یہودیوں کے اخراج کے یہ معنی ہیں کہ ان کو جرمنی سے نکال کر فلسطین میں آباد کیا جائے اور وہ مجبور ہو کر ارض مقدس کا رخ کریں اور اس طرح قومی وطن کے خواب کی تعبیر ان کو حاصل ہو جائے۔ اس اخبار نے ان الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ "یہودیوں کے خلاف ہٹلر کی سرگرمیاں ہم عربوں کیلئے قطعاً مفید نہیں ہیں" کیونکہ جرمنی سے یہودیوں کو نکال دینے کے معنی یہ ہیں کہ وہ آ کر فلسطین میں آباد ہو جائیں۔

ترکی حکومت کو مطلوبہ قرضہ سے زائد وصول ہو گیا

ارغانہ اور اناطول میں ریل کی تعمیر

ترکوں کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ حکومت نے جو قرض طلب کیا تھا وہ مدت معینہ میں پچاس فیصدی اضافہ کے ساتھ وصول ہو گیا۔ یہ قرض اس لئے وصول کیا گیا ہے کہ اس کے ذریعہ جدید ریلوے تعمیر کی جائے تاکہ ارغانہ کی کانوں کے تانبے کے اخراج اور حمل و نقل میں سہولت ہو۔ حکومت ترکیہ اناطول کی کانوں سے بھی تانبہ کا اخراج کرنا چاہتی ہے اور اس مقصد کیلئے اس نے جرمنی کے متعدد ماہرین بھی طلب کئے ہیں جو معادن اور ریلوے کی تعمیر میں حکومت کو مفید مشورے دینگے۔

مصری بنک کی طرف سے بحری جہازوں کی خریداری

حال ہی میں مصر کے ایک بنک نے دو بحری جہاز خریدے ہیں جن میں سے ایک جہاز زمزم کہ حج میں مصری حاجیوں کو جدہ پہونچائے گا اور دوسرا جہاز مصر اور یورپ کے درمیان باربرداری کا کام کرے گا۔ اسی طرح وزارت حربیہ نے دس ہوائی جہازوں کی خریداری کا آرڈر دیا ہے جو چار ماہ کے اندر تکمیل کے بعد مصر پہنچ جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ

سرحدی قبائل پر بمباری

"ہم آج یہاں صرف اس لئے جمع ہوئے ہیں کہ پوری ایمانداری کے ساتھ لارڈ ولنگڈن کو ان کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبروں کو چیف کمشنر دہلی کو اور سپرنٹنڈنٹ پولیس کو یہ بتا دیں کہ ہر اس خبر سے جو سرحد کے آزاد مسلمان قبائل پر بمباری کے متعلق آتی ہے مسلمانوں کے دلوں میں ناسور پڑ رہے ہیں۔ اگر ہم ان خدشات کو ظاہر نہ کریں تو ہم حکومت کو دھوکے میں رکھیں گے ...

تین مطالبات

سرحد کے آزاد علاقہ میں جو کارروائی کی جا رہی ہے اس کے متعلق مسلمانان دہلی نے اپنی قرارداد میں صرف تین مطالبات پیش کئے ہیں اور ان مطالبات کے تحت میں جو معقول دلائل ہو سکتے ہیں ان کی طرف اشارہ بھی اسی قرارداد میں کر دیا ہے۔ یہ تین مطالبات حسب ذیل ہیں:-

... اور اگر وہ ان عہد نامہ کا احترام کرنا چاہتی ہے تو اسے یہ مطالبات منظور کر کے اپنی سرحدی پالیسی پر دوبارہ غور کرنا چاہیئے۔

... قبیلہ پر فوج کشی کر دینا ہوائی جہازوں سے بم برسانا باہمی نزاعات کا تصفیہ نہیں کر سکتا بلکہ اس کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ خود قبائل کے جرگے طلب کر کے ان ہی کے ارباب حل و عقد سے تصفیہ کرایا جائے۔

گاندھی جی کا برت اور حکومت کی ذمہ داری

گزشتہ بدھ کے روز سے گاندھی جی نے جو برت شروع کیا ہے اس کی خبر بالکل اچانک موصول ہوئی۔ کیونکہ اس سے قبل اخبارات میں کوئی اطلاع گاندھی جی کے اس ارادہ کے متعلق نہیں آئی تھی۔ سب سے پہلی مرتبہ ۱۷ اگست کی صبح کو یہ معلوم ہوا کہ گاندھی جی نے ان مراعات کے دوبارہ نہ ملنے پر جو انہیں رہائی سے قبل ہریجن تحریک کے سلسلہ میں حاصل تھیں برت رکھا ہے۔ مگر حکومت کی طرف سے ان کا مطالبہ منظور ہو جانے کے بعد انہوں نے اس برت کو ختم کر دیا۔ صبح کے تمام اخبارات میں یہی اطلاع شائع ہوئی تھی مگر ۱۸ اگست کو دوپہر تک جو اطلاعات ایسوسی ایٹڈ پریس اور فری پریس کے ذریعہ موصول ہوئیں ان سے معلوم ہوا کہ ...

یہ کیا کہ انہیں رہا کر کے ایک ایسا نوٹس دیدیا جس کی پابندی وہ نہیں کر سکتے تھے اور جس کے متعلق حکومت بھی یہ جانتی ہوگی کہ وہ اسے توڑ دیں گے۔ اس نوٹس کو توڑنے پر انہیں دوبارہ گرفتار کیا گیا اور ان پر اس نوٹس کی خلاف ورزی کا مقدمہ چلایا گیا اور انہیں ایک سال کی سزا دیدی گئی۔

اب حکومت انہیں ہریجن تحریک کے سلسلہ میں وہ مراعات دینے کو آمادہ نہیں ہے جو پہلے ملی ہوئی تھیں اور وجہ یہ بتائی ہے کہ گاندھی جی اب شاہی قیدی نہیں ہیں بلکہ "معمولی قیدی" ہیں کیونکہ انہوں نے خود قانون کی خلاف ورزی کر کے اپنے آپ کو گرفتار کرایا ہے ...

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

گاندھی جی نے اپنی جان کی بازی پھر لگادی

حکومت اور گاندھی جی میں خط و کتابت اور برت کا فیصلہ

گاندھی جی کو حکومت ہند کا آخری جواب

امیر المومنین سلطان مراقش کا دم واپسین

مجاہدین پر توپ کے گولوں اور مشین گنوں کی بارش

فرانس کا دعویٰ ہے کہ مجاہدین کو دس ہزار فٹ کی بلندی پر بھگا دیا

دار الحکومت

پولیس اور ڈاکوؤں میں جنگ

تین ڈاکوؤں کی گرفتاری

جان پر کھیل کر مطالبہ منظور کرالیا

گاندھی جی جان دینے پر آمادہ ہو گئے تھے

جیل کے اندر اچھوتوں کے لئے کام

مسٹر دیوداس گاندھی کی گرفتاری کا راز

اسمبلی میں حکومت سے سوالات

ہندوستان میں سول نافرمانی کا احیاء

کانگریسیوں کی گرفتاری اور سزا

دہشت انگیز سرگرمیوں کے خلاف کارروائی

دہلی کی خفیہ پولیس مقدمہ چلائیگی

سابرمتی آشرم کے دوسرے جتھہ کو سزا

دریاپور میں ہندو مسلم فساد

دو ہلاک ۸ مجروح آٹھ گرفتار

بمبئی کے بیس ہزار مزدوروں پر نزلہ

دس کارخانوں کے کاریگروں کو نوٹس

نئی دہلی میں ٹاؤن ہال کا افتتاح

وائسرائے کی طرف سے سپاسنامہ کا جواب

مسٹر اینے صدر کانگریس کو سزا ہوگئی

گیارہ ساتھیوں کو چھ چھ ماہ قید سخت

بجلی گرنے سے بیس بھینسیں ہلاک ہوگئیں

ساردا ایکٹ کے مقدمہ کا فیصلہ

دو سو روپے جرمانہ کی سزا

ریلوں کی آمدنی میں خسارہ

برطانیہ کا جدید سفیر انگورہ میں

قانون نمک کی خلاف ورزی

ہجوم پر پولیس کا لاٹھی چارج

پارچہ کی برآمد میں کمی

کراچی اور انگلستان کا اتصال

لڑکیوں کیلئے جبریہ تعلیم منظور ہوگئی

لکھنؤ میونسپلٹی کا فیصلہ

لکھنؤ میں غیر ملکی مال کے بائیکاٹ کا جلوس

سرحدی قبائل پر گولہ باری برابر جاری ہے

مخالف قبائل کی طرف سے ہوائی جہازوں پر فائر

سرکاری فوج اور قبائل میں جنگ - ایک سپاہی ہلاک

جج بل کے خلاف مسلمانان بہار کا زبردست احتجاج

حکومت سے حج تحقیقاتی کمیٹی کی خفیہ رپورٹ کو شائع کرنے کا مطالبہ

مولوی شفیع داؤدی پر عدم اعتماد کا اظہار

مولوی شفیع داؤدی پر عدم اعتماد

مسلمان وقف ایکٹ

بالائی مہمندوں کا قتل

پیشتر کی اطلاعات

برطانوی سپاہی کا قتل

برطانوی فوج اور قبائل میں جنگ

علاقہ سرحد میں سرخ پوشوں کی سرگرمیاں

مردان سے فوجوں کی روانگی

لندن کی عیش پرستیوں کا اثر

جس کا کھائے اسی کا گائے

سر یعقوب کا بیان

اشوری قبائل پر لندن کے ایک اخبار کا تبصرہ

حکومت عراق کو کسی نئی مصیبت میں مبتلا کرنے کا منصوبہ

باغیوں کی حمایت اور عراق گورنمنٹ پر الزام

سرحدی بمباری کے خلاف کلکتہ میں احتجاج

مولانا ابو الکلام کی زیر صدارت جلسہ

سرحد اور کانپور میں ہوائی جہازوں کو حادثہ

ایک ہوا باز ہلاک دوسرا مجروح

سرحد عراق پر اشوریوں کی فتنہ پردازیاں

حکومت عراق پر برطانیہ کا غیظ و غضب

سفیر عراق کی واپسی - وزیر اعظم برطانیہ کی فوری طلبی

امرتسر

سرحد کے دو گاؤں پر جرمانہ

گورنر باجلاس کو نقض امن کا اندیشہ

قابل اعتراض فلموں کو بند کردیا جائے

اسمبلی میں حکومت سے سوالات

بادل پھٹنے سے ۵۰ اشخاص کی ہلاکت

آئرلینڈ میں خانہ جنگی کا زور شور

ڈی ولیرا مختار مطلق بنادئے گئے

ڈبلن ۱۵ ر اگست۔ آئرلینڈ کی فری اسٹیٹ اب عملاً مارشل لا کی حالت میں ہے۔ مسٹر ڈی ولیرا کو ڈکٹیٹر کے کامل اختیارات حاصل ہیں، اور بلا شبہ وہ انہیں استعمال کریں گے۔ اسی اثنا میں نیلی قمیص والوں (آئرش فرنٹ) اور کاسگریو کی پارٹی میں ایک متحدہ محاذ بنانے کی تجویز پر جو اس وجہ سے غور ہو رہا تھا کہ جلد ہی عام انتخاب ہونے والا ہے، اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا کیونکہ مسٹر کاسگریو اپنے سابقہ وزیروں میں سے اکثر اس مطالبہ پر متفق نہیں ہیں کہ جنرل اڈوفی نے نیشنل گارڈ کی پریڈ کو آئندہ اتوار کے لئے ملتوی کر دیا ہے، وجہ یہ ہے کہ گرجا گھر کے قانون کی رو سے ایسی پریڈ گرجا گھر کے حدود میں نہیں کی جا سکتی، لیکن مقامی کمانڈر کے انتظام کے بموجب نیشنل گارڈ کی پریڈ وقت مقررہ پر آس پاس ہوگی۔

فری اسٹیٹ کے کانسٹی ٹیوشن میں ایک اضافہ کا نفاذ کیا گیا ہے کہ آئرش گزٹ میں اعلان کر کے عارضی عدالتیں قائم ہوں گی۔ پولیس کو یہ اختیار دیدیا گیا ہے کہ وہ شبہ میں گرفتار کر لے، اس شبہ میں ان لوگوں کی گرفتاری بھی ہو سکتی ہے جو کسی خلاف قانون انجمن کے ممبر ہوں، پبلک جلسے بھی اسی ضمن میں لئے جا سکتے ہیں۔

سوئٹزرلینڈ کے علاقہ پر جرمنی کی یورش

بین الاقوامی مسائل میں پیچیدگی

جنیوا ۱۴ ر اگست۔ گزشتہ ہفتہ سوئٹزرلینڈ کے علاقہ باسل میں نازیوں نے جو دھاوا کیا تھا اس کے بعد ایک اور واقعہ گزرا ہے جس پر سوئٹزرلینڈ کے اخبارات اظہار تشویش کر رہے ہیں۔ کل رات کو جرمنی کے چنگی وصول کرنے والے افسروں نے سوئٹزرلینڈ کے دو مزدوروں کو گرفتار کر لیا جو دریائے رائن کے کنارے باسل کے قریب خورد و نوش کر رہے تھے، اس جزیرہ میں داخلہ کے خلاف کوئی نوٹس نہیں ہے یہ بھی مشکوک ہے کہ یہ جزیرہ واقعی کس قوم کا ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے دو مزدوروں کے پاس کمیونسٹوں کا لٹریچر تھا جو جرمنوں کے زیر نگرانی پہنچا دئے گئے سب جب سابقہ واقعہ کے متعلق جرمنی لوگ معافی مانگ چکے تھے۔ اس کے بعد ایسے واقعات ہونے سے سوئٹزرلینڈ میں قدرتی طور پر اس واقعہ پر تشویش ظاہر کی جا رہی ہے۔

باسل ۱۴ ر اگست۔ جرمنوں کا دعویٰ ہے کہ جس جزیرہ پر سوئٹزرلینڈ کے دو باشندے گرفتار کئے گئے ہیں وہ رقبہ بلا شبہ جرمنی کا ہے اور کہتے ہیں کہ سوئٹزرلینڈ والے سیاحوں کو اس جزیرہ پر کوئی حق نہیں ہے، وہ کہتے ہیں کہ یہ لوگ کمیونسٹ ہیں اور اس جزیرہ کو باغیانہ لٹریچر تقسیم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

ہر ہٹلر مرتے مرتے بچ گئے

موٹر کو شدید حادثہ

میونخ ۱۶ ر اگست۔ ہر ہٹلر جب آسٹریا اور بویریا کی سرحد پر بذریعہ موٹر گزر رہے تھے تو وہ ایک حادثہ سے بال بال بچ گئے ابھی تک تفصیلات معلوم نہیں ہوئی ہیں لیکن ہر ہٹلر کی موٹر کار کے پیچھے جو کار آ رہی تھی اس کو سخت حادثہ پیش آیا۔ ایجر جوٹنٹ بریکنر کار سے باہر جا پڑے اور ان کا ایک ہاتھ ٹوٹ گیا۔ ان کے اندرونی چوٹ بہت آئی ہے اور صحت یابی مشکوک معلوم ہوتی ہے، ہر ہٹلر کی بہن اور بھانجی کو بھی چوٹ آئی ہے، لیکن ایسا خیال نہیں ہے کہ جان بوجھ کر کسی نے شرارت کی ہو کیونکہ ہر ہٹلر نے چلنے سے فوراً ہی پیشتر راستہ طے کیا تھا اور ان کے سیاسی دشمنوں کے لئے ان کا پتہ لگانا مشکل تھا۔

ہندوستان کی موسمی حالت

مختلف مقامات سے بارش کی اطلاعات

پونہ ۱۴ ر اگست۔ پنجاب کی پہاڑیوں کے قریب بارش کم ہو جائے گی کشمیر اور سرحد میں بارش بڑھ جائے گی۔ صوبجات متحدہ میں بارش کا امکان مغربی صوبجات متحدہ میں عام بارش ہوئی اور مشرقی صوبجات متحدہ اور وسط ہند میں مقامی طور پر بارش ہوئی۔ اور مشرقی صوبجات متوسط میں صرف ترشح ہوئی۔

ڈیرہ دون میں ۴ ر ۸ انچ، مسوری ۵ء۱ انچ، گورکھپور ۷ ر ۱ انچ اور بھوپال میں ۳ ر ۱ انچ بارش ہوئی۔ صوبجات متحدہ میں آسمان ابر آلود ہے۔ مغربی صوبجات متحدہ میں رطوبت زیادہ ہے۔ وسط ہند اور صوبجات متوسط میں رطوبت کم ہے۔ مشرقی و شمالی پنجاب میں بارش عام ہوئی۔ گجرات اور راجپوتانہ میں صرف ترشح ہوئی۔ انبالہ ۲ ر ۷ انچ، سیالکوٹ ۳ ر ۱ انچ، شملہ ۱ ر ۱ انچ، احمد آباد میں ۵ ر ۰ انچ بارش ہوئی۔ پنجاب، کشمیر، مشرقی راجپوتانہ میں آسمان ابر آلود ہے، سرحد اور زیریں سندھ میں آسمان پر بادل نظر آئے۔ سرحد اور راجپوتانہ میں رطوبت زیادہ ہے۔ گرمی اور سردی دونوں کے لحاظ سے درجہ حرارت غیر معمولی رہا۔ اس علاقہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۱۱ ڈگری پر رہا۔

مراکو میں فرانسیسیوں سے جنگ

فرانسیسی فوجوں پر گولیوں کی بارش

طنجہ ۱۳ ر اگست۔ کل کوہستان اطلس میں فرانسیسی فوجوں نے پرسوں کی شکست کا بدلہ لینے کے لئے قبائل پر حملہ کیا جس میں ایبل لیجر کے صاحبزادے لفٹنٹ نوئل قتل ہوئے تھے۔ مراکش قبائل اس وقت تک خاموش رہے جس وقت تک فرانسیسی توپیں تیرہ برسا چکیں اس کے بعد انہوں نے گولیوں کی بوچھاڑ شروع کر دی۔

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

جرمنی میں عمومی تعلیم اور اخبارات کی کثرت

بیس بیس لاکھ کی تعداد میں شائع ہونے والے اخبارات

جرمنی میں سوباش بابو کی تشریف آوری

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

سو فی صدی تعلیم

جرمنی ایک ایسا ملک ہے کہ جہاں پر اخبار بینی کا شوق بہت زیادہ لوگوں میں بڑھا ہوا ہے اول تو اس کی وجہ یہ ہے کہ جرمنی میں ایسا کوئی فرد و بشر نہیں جو خواندہ نہ ہو چاہے لڑکا ہو یا لڑکی، چھ سال کی عمر سے مدرسے جانا لازمی ہوتا ہے اور چودہ سال تک ضروری تعلیم ہر ایک کو دی جاتی ہے۔ ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ کسی وجہ سے لڑکا یا لڑکی بیٹھ جائے اور تعلیم حاصل نہ کرے بلکہ اکثر اوقات تو اتنی سختی کی جاتی

حالت ہی بالکل ویسی ہی ہے جیسی کہ زمین دوز گاڑیوں کی۔ ان گاڑیوں میں تمام حضرات اخبار بینی میں مشغول ہوتے ہیں۔ آخری سواری بس ہے۔ بس صرف شہر ہی شہر میں گشت کرتی رہتی ہے۔ زیادہ تر دو منزلہ بس ہیں ان میں بھی یہی عالم ہوتا ہے کہ اگر اندر داخل ہو جائیے تو کوئی نہ کوئی ضرور اخبار بینی میں مشغول ہوگا یہ تو سواری کا عالم ہے جہاں پر اخبار بینی کا اتنا زور ہے اس کے علاوہ قہوہ خانہ

بوس صاحب کا لیکچر

بوس صاحب کا ۲۸ ر جولائی کو ہندوستان کی موجودہ حالت پر لیکچر ہوگا جس میں صرف ہندوستانیوں کو اجازت ہوگی۔ اس کے بعد وہ برلن سے روانہ ہو جائیں گے اب تک یہ فیصلہ نہیں ہوا کہ وہ کہاں جائیں گے۔

مسلمانان ہندوستان کے نام وفد فلسطین کا پیغام

ہر قسم کی ستائش خدائے برتر کے لئے ہے جس نے تمام دنیا کے مسلمانوں کے درمیان عالمگیر برادری کا رشتہ قائم فرما کر انہیں باہمی تعاون اور تناصر کی تعلیم دی۔

انما المؤمنون اخوۃ، وتعاونوا علی البر والتقوی۔ (القرآن الحکیم)

اور صلوٰۃ وسلام ہو اس سرور کائنات رسول اللہ صلعم پر جس نے مسلمانوں کے رابطہ اخوۃ

قدیم اور بے مثال کتب خانہ

سرزمین دکن کی ایک بے نظیر یادگار

تیرہ سو برس کا علمی ذخیرہ

ناظرین کرام! میں آپ کا تعارف ایک ایسے کتب خانہ سے کرانا چاہتا ہوں جس سے آپ کو تعجب ہوگا کہ سرزمین ہند میں ایک ایسا کتب خانہ بھی ہے جو بیش بہا قلمی کتابوں کا خزانہ اور علمی سربستہ اسرار کا معدن اور اپنی قدامت کے لحاظ سے دنیا کا پہلا اسلامی کتب خانہ ہے جس کی نظیر اس وقت دنیا میں ملنی مشکل ہے سب سے اول آپ کا تعارف مالک کتب خانہ سے کرانا چاہتا ہوں۔ کتب خانہ کے مالک و مورث جناب مولوی سید محمد قاسم صاحب ماہر سمیات و ملازم علاقہ نظام سرکار دکن ہیں۔ آپ کے آبا و اجداد خاص سادات ملک عرب سے اس زمانہ میں تشریف لائے تھے جب سلطنت عادل شاہی بیجاپور میں قائم ہوئی تھی۔ عادل شاہیوں کے سلطان اول سلطان یوسف عادل شاہ سے تا ختم حکومت عادل شاہی کے آخری سلطان سکندر عادل شاہ تک

کیمیا وسمیا وغیرہ کے ہاتھوں کی تحریرات بھی موجود ہیں جن کو ۱۱ ہ میں بیجاپور پہنچا دیا گیا۔

تار برقی اور وائرلیس کی کتابیں

بعض قلمی کتب اور کتبوں میں نوبل کی ایجادات بنانے کے لئے ہدایات اور ضروری طریقے لکھے ہیں۔ مثلاً تار برقی کیسے بنائی جاوے وائرلیس جو ہزاروں میلوں کی خبریں بلا سلسلہ ہم پہنچائے کس طرح بنائی جائے پتھر کے چھوٹے چھوٹے ذرات یا ٹکڑوں سے یا توت زمرد وغیرہ کس طرح طیار کئے جاویں، ایسا مصالحہ یا چراغ کس طرح طیار کیا جاوے جو ایک تالاب یا حوض کے پانی کو گرمیوں میں سرد اور سردیوں میں گرما دے۔ دہلی کا مشہور حمام اس کی تصدیق کرتا ہے) تحت الارض مخفی اسرار کو بتانے والا آلہ کس طرح ایجاد کیا جائے مردہ کی لاش اور غلہ وانا ج کو ہزاروں برس کس طرح محفوظ رکھا جاوے۔ ایسی بجلی جو کم صرف اور جس کا ایک ہنڈا کئی میل تک رات کو دن بنادے۔ دریا کو آگ کس طرح لگائی جائے۔ (راجہ رامچندر اور راون کے جنگ میں ایسا سنا جاتا تھا کہ لنکا کو آگ لگادی گئی تھی) یہ واقعہ اس ایجاد کی تصدیق کرتا ہے۔ ایسا طلسم جس کے ذریعہ انسان ہوا پر اڑے اور پانی پر چل سکے وغیرہ وغیرہ غرضیکہ

یہ حالات نہایت مختصر عرض کئے ہیں تاکہ ہمارے ہندوستانی بھائیوں کو تنبیہ ہو جاوے کہ ایک بے نظیر عدیم المثال سرزمین ہند کے خطہ دکن میں سب سے بڑا قدیم اور قلمی کتب کا عظیم الشان علمی خزانہ ہے جس پر ہندوستانی جس قدر بھی فخر کریں بہت کم ہے۔ بیجاپور کے لحاظ سے بھی کسی سے کم نہیں ہے اس کتب خانہ کی نسبت عرصہ ہوا، آنریبل ہند اور اس ٹائمز آف انڈیا اور اہلسنت والجماعت امرتسر وغیرہ میں سرسری طور پر مضامین نکل چکے ہیں مگر افسوس کہ اب تک کسی دلچسپی سے اس کے حالات پبلک کے سامنے پیش نہیں کئے

بمبئی میں کتب خانہ کی نمائش

اگر ایسا کتب خانہ کسی مغربی ملک میں ہوتا تو اس کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دئے جاتے اس کی صرف ایک کتاب یا ایک معمولی چیز کی صفت میں تعریفوں کے پل باندھ دئے جاتے اور ایسے کتب خانہ کو ایک عظیم الشان نمائش گاہ قرار دیا جاتا، مگر افسوس کہ یہ کتب خانہ بدبخت ہندوستان میں ہے اور ایک غریب ہندوستانی کی ملک ہے جس کی وجہ

موجود ہے۔ مگر وہ اس وقت بیجاپور بھیجا گیا ہے نیز ایک قرآن مجید سونے کی تختیوں پر لکھا ہوا ہے جس کا طول قریباً چھ گز عرض قریباً تین گز حروف ڈیڑھ ڈیڑھ انچ موٹے بین السطور دو فارسی ترجمے حاشیہ پر دو عربی تفاسیر قرآن کا مجموعی وزن قریباً ۳۰ پونڈ۔ حروف ایسے صاف گویا کہ ابھی کاتب نے لکھا ہے۔ فن تفسیر میں قریباً پانچ صد فارسی عربی اردو قلمی و مطبوعہ تفاسیر موجود ہیں فن حدیث وفقہ کی کتابیں بہت کم تھیں جس کی وجہ یہ ہے کہ کتب خانہ کا اکثر حصہ بیجاپور پہنچ چکا ہے اس کے علاوہ فن طب۔ ڈاکٹری صرف و نحو منطق فلسفہ ادب دواوین مثنویات، جغرافیہ، تاریخ حساب اقلیدس علم طبقات الارض عملیات نیرنجات رمل و نجوم جفر وسامدرک وغیرہ کا بیشمار قلمی اور مطبوعہ ذخیرہ ہے۔

کتب خانہ میں ایک جھری ہوئی الماری جس کا طول قریباً سات گز اونچائی اڑھائی گز جس میں تمام کتب تاڑ کے پتوں پر مختلف زبانوں میں لکھی ہوئی ہیں

مجلس دعوت وارشاد ڈابھیل کی اہم تجویزیں

حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کی دائمی یادگار

ڈابھیل ۷ ر اگست۔ حسب معمول مجلس دعوت وارشاد جامعہ اسلامیہ ڈابھیل وسملک کا ہفتہ واری اجلاس منعقد ہوا جس میں طلبائے جامعہ کی کامیاب تقریروں کے بعد حسب ذیل تین تجویزیں پیش ہو کر متفقہ طور پر پاس ہوئیں۔

(۱) مجلس دعوت وارشاد کا یہ جلسہ مولانا حکیم محفوظ علی صاحب کی خدمت میں گذارش کرتا ہے کہ شیخ الاسلام مولانا سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ کی یادگار کی تجویز کو جلد سے جلد جامہ عمل پہنائیں نیز یہ جلسہ اس معاملہ میں تاخیر کو غیر مناسب سمجھتے ہوئے مشاہیر علماء اور حضرت مرحوم کے جملہ منتسبین سے بہ ادب درخواست کرتا ہے کہ وہ مولانائے موصوف کی تجویز کے مطابق کسی ایک مقام پر جمع ہو کر حضرت مرحوم کی دائمی یادگار کی تجویز کو ترت سے عمل میں لائیں۔

(۲) مجلس دعوت وارشاد ڈابھیل وسملک کا یہ جلسہ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے تمام تلامذہ، بہ اعتبار عقیدتمند اور جملہ

دیا۔ نیز یہ جلسہ مولانا سید محمد احمد رضا صاحب بجنوری ناظم مجلس علمی ڈابھیل وسملک کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے کہ انہوں نے اپنی مجلس کی تمام مطبوعات کا ایک ایک نسخہ مجلس دعوت وارشاد کے دارالمطالعہ کے لئے عنایت فرما کر طلباء کی ہمت افزائی فرمائی۔

(ناظم مجلس دعوت وارشاد جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت)

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس علی گڑھ میں

انجمن اسلامیہ علی گڑھ کی انتظامیہ کمیٹی کا جلسہ ۱۱ ر اگست ۳۳ء کی صبح کو مولوی عبدالخالق صاحب چیرمین میونسپل بورڈ کے مکان پر موصوف کی صدارت میں منعقد ہوا۔ قرار پایا کہ پراونشل مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کو علی گڑھ میں جلسہ کرنے کے لئے مدعو کیا جائے اور کانفرنس کا اجلاس دیوالی کی تعطیلات میں بتاریخ ۱۸-۱۹-۲۰ اکتوبر ۳۳ء مسلم یونیورسٹی ہائی اسکول کی عمارت میں منعقد کیا جائے۔ اور دعوت نامہ خان بہادر مولوی محمد بشیر الدین صاحب نیجبر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ سکریٹری کانفرنس کی خدمت میں بھیجا جائے

شعبہ اول (۶۰) جی عبدالغفار صاحب (۵۰)، محمد لقمان صاحب (۵۰)، حاکم علی صاحب (۵۰) محمد ہارون الرشید صاحب (۵۰)، عبدالجلیل صاحب (۴۰) شعبہ دوم دارد (۷۰) لطیف الدین صاحب (۵۰) عبدالخالق صاحب (۵۰) محمد ابوالخیر صاحب (۵۵) برکت اللہ صاحب (۶۰) محمد اکبر صاحب (۵۰)

عبداللہ ٹونکی (مولوی عالم) جنرل سکریٹری

مسلمانوں کو تنظیم کیلئے دعوت عمل

ایک دردمند مسلمان کا مفید مشورہ

اسلام نام ہے اس نظام کا جو قدرت ربانی نے نسل انسانی کو عطا کیا ہے تاکہ تمام نسل انسانی بھائی بھائی بن کر امن وامان سے زندگی بسر کرے اور سب مل کر خدا کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لیں۔

مسلمان اس کے عامل قرار دئے گئے تھے اور اس کے باعث مسلمانوں کو خلافت عظمیٰ جیسی طاقت عطا کی گئی تھی۔ مسلمان اس سبق کو بھول گئے اور انہوں نے خدا کی اس رسی کو چھوڑ دیا ہے جس سے یہ منتشر ہو گئے ہیں۔

اور جن میں یہ تڑپ پیدا ہوئی تھی وہ بھی مسلمانوں کی اس بے حسی کو دیکھ کر کچھ خاموش سے ہو گئے۔

یا تو قوم بے حس تھی۔ یا تڑپ مکمل نہ تھی یا وقت مناسب نہ تھا مگر جب مسلمانوں کو تحریک سیرت کے جزو اول کی دعوت دی گئی تو تمام دنیائے اسلام نے بغیر کسی تاخیر کے لبیک لبیک کی صدا بلند کی جس سے معلوم ہوا کہ مسلمان بے حس نہیں ہیں کام کرنے والوں میں بھی سچی تڑپ تھی مگر تنظیم المساجد کے لئے وقت نامناسب تھا۔

اب میں ان سب کو جن کے دلوں کے اندر اسلام کی اصلی اور صادقانہ تڑپ ہے کہتا ہوں کہ وہ اٹھیں اور تمام مسلمانوں کو تنظیم المساجد کے پروگرام کے لئے تیار کریں۔

تنظیم المساجد کا پروگرام جلد شائع کیا جائے گا مگر شائع ہونے کے قبل زمین کا تیار ہونا ضروری ہے۔ اس لئے مسلمانوں کے دلوں کی حالت کو پروگرام شائع ہونے کے قبل دیکھنا چاہتا ہوں تاکہ معلوم ہو کہ کون لبیک کہتا ہے اور کس کے دل میں ملت کی تنظیم کرنے کے لئے اصلی اور صادقانہ تڑپ ہے۔

خادم: کشفی نظامی

مولانا بہلول خاں کے مقدمہ کی اپیل خارج

روئداد جرم پر ایک غیر جانبدارانہ تبصرہ

جیکب آباد ۱۴ ر اگست۔ سفارتی تھا بہلول خاں صاحب کی اپیل چیف کورٹ جیکب آباد نے نامنظور کر دی آج جناب بہادر خاں مختار اعلام حضرت مولانا محمد بہلول خان صاحب دانا کی اپیل کو نامنظور کئے جانے کی اطلاع کورٹ میں شادی گئی ہے آپ نے عدالت سے فیصلہ سننے کی استدعا کی تو فرما دیا گیا بس اطلاع دیدی گئی کافی سمجھو آپ نے نقل حکم فیصلہ کی درخواست دی

یاد رکھیں گے کیونکہ یہی وہ مدارس ہیں جنہوں نے روایات اسلامی اور دینی تعلیم کو خوشنمائی کے ساتھ دنیا کے سامنے پیش کیا ہے لہذا ہر فرزند اسلام کا یہ اہم فرض ہے کہ مدارس اسلامی کے مفاد و استحکام کی پوری سعی کریں۔

حکیم سید مشتاق علی نصیب اچرانہ ضلع میرٹھ

ہے اس بیسویں صدی میں جب دنیا جدید حقوق کے ذریعہ سے امن و آزادی ڈھونڈ رہی ہے ان کو حقوق سے وہ محروم نہ ہونے دیں جو ان کے اجداد کے زمانہ سے چلے آ رہے ہیں۔

(نامہ نگار)

ہندوستان کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ عملی تجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلی ماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خان صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم خدمت خلق کر رہا ہے۔ ضرورت اور تکلیف میں یاد رکھو۔ منیجر دواخانہ حکیم جمیل خان دہلی۔

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
فی پرچہ ایک آنہ

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
۱/۲ کالم
۱/۴ کالم

جلد ۱۸ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۲ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۴ اگست ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۳

معاصرین کے افکار و آراء

ریاست جاوره میں محکمہ شرعیہ کا قیام (زمیندار)

شریعت حقہ اسلامیہ نے انسان کے شخصی اور مدنی حقوق کے تحفظ کے لئے جو قوانین مرتب کر رکھے ہیں ان کی نظیر دنیا کے کسی ضابطہ قانون میں نہیں ملتی اس شریعت کے رو سے اگر مرد کو بعض حالات میں بیوی کو طلاق دینے کی اجازت حاصل ہے تو عورت کو بھی بعض حالات کے اندر شوہر سے خلع حاصل کرنے کا حق عطا کیا گیا ہے لیکن مسلمانان ہند کے بعض طبقوں کے عمل نے اپنی عورتوں سے خلع کا حق چھین رکھا تھا بحمداللہ کہ اسلامی ریاست جاوره کا یہ اقدام مستحق تحسین ہے کہ اس نے عورت کے استحقاق حق کے لئے محکمہ شرعیہ قائم کر کے وقت کی ایک بہت بڑی ضرورت پوری کر دی ہے۔

(۱) خاوند کا عدم پتہ ہو جانا خواہ وہ اپنی بیوی کے اخراجات کا انتظام کر گیا ہو یا نہ۔

(۲) عورت سے خاوند کی مسلسل بے پروائی۔

(۳) خاوند کا عرصہ دراز کے لئے قید ہو جانا۔

(۴) عورت سے بدسلوکی (مثلاً اسے بھیک مانگنے یا کسی ناجائز ذریعہ معاش کے لئے مجبور کرنا)

(۵) کئی عورتیں رکھنا جبکہ وہ سب کے ساتھ مساوی سلوک نہ کر سکتا ہو۔

اس سے زیادہ بڑی عبادت کا تصور ہی نہیں ہو سکتا۔

حجاز ریلوے (شہباز)

سلطان ابن سعود اور برطانیہ کے درمیان جو مسائل مابہ النزاع ہیں۔ ان میں ایک مسئلہ حجاز ریلوے کے قبضہ و ملکیت کا بھی ہے۔

ملت کے نام سے سرکاری حلقوں میں شوخ

خطرناک غلط فہمی

دوہری محکومی

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(انصاف)

ایک نورانی مجلس میں ازبلا کی شرکت

پادری کے روبرو ازبلا کا اعتراف گناہ

مسیحی مجلسوں کی خفیہ کارروائیوں کا انکشاف

اسلام خلوص اور سچائی کا طلبگار ہے

یا دیدوں کو گناہ بخشنے کا اختیار

گناہوں کا اعتراف

دھرمپال تحریک سے ہلچل

بھاگلپور میں جدید مذہب کی ترویج

جناب ایڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ بعد سلام مسنون گذارش ہے کہ سطور ذیل اپنے اخبار گوہر بار میں طبع فرما دیں۔

ارشد علی خاں دھام نگری مقیم بھاگلپور سٹی

آئمہ مساجد اور نادار طلبا سے گذارش

عزیز حسن بقائی ایڈیٹر پیشوا دہلی

نظر نواز! خوبصورت حمائل "دلکش"

دفتر اشاعت القرآن بیت المشفاعہ مرادآباد (یوپی)

سفید بال جڑ سے کالا

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے لیکن کدھر؟ ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

ویدشاستری جہانگیر کا ٹھیاواڑ

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا
بال جیون گھٹی

المشتہر منیجر بال جیون کارپالیہ علی گڑھ شہر (یوپی)

فرح مشکین
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کا

خطبہ صدارت

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادت مند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب آہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

تحفۃ المحبین

تعلیم الاسلام

ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

ردِ مرزائیت کی معاون

عقائد قادیانی منظوم

معیار المسیح

دوسری شہادت آسمانی

محکمات ربانی

ہدیہ عثمانیہ

انوار ایمانی

حقیقۃ المسیح

آئینہ کمالات مرزا

دین مرزا کفر خالص

نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی

مسیح قادیان کی حالت کا بیان

صحائف رحمانیہ

اطلاع رحمانی

ختم نبوت فی القرآن

ختم نبوت فی الحدیث

حقیقت رسائل اعجازیہ

ابطال اعجاز مرزا

معیار صداقت

ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

حیات محمود

اسلامی دنیا کا کون سا ایسا انسان ہے جو حضرت شیخ الہند کے نام نامی سے واقف نہیں۔

ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

ایم اے رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی بسی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائیدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲ جمادی الاول ۱۳۵۲ ہجری

جمعیۃ علمائے ہند کا آئندہ پروگرام

۱۹۱۹ء سے لے کر آج تک جمعیۃ علمائے ہند نے ملک اور قوم کی جو عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں ان سے ہندوستان کا بچہ بچہ واقف ہے اور تمام سیاسی طبقات میں عام طور پر اس کا اعتراف کیا جاتا ہے کہ مسلمانان ہند کی یہی ایک جماعت ہے جس نے ہمیشہ ایثار و قربانی کی بہترین مثالیں پیش کی ہیں اور دینی نگاہ سے مسلمانوں کی عزت اور ان کے وقار قومی کو برقرار رکھا ہے۔ گزشتہ تیرہ سال کے عرصہ میں بارہا ایسے مواقع آئے ہیں کہ مسلمانوں کے وہ سیاستین جو اپنے آپ کو سیاسیات کا ماہر خصوصی سمجھتے ہیں اور مسلمانوں کی ضروریات اور ان کے حقوق و مطالبات کی ترجمانی کو بلا شرکت غیرے اپنا مخصوص اور امتیازی حق جانتے ہیں ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں:

(۱) زید، عمر، بکر تین حقیقی بھائی ہیں۔ زید لاولد ہے عمر و بکر صاحب اولاد ہیں۔ عمر صاحب اولاد نے زید لاولد کے حین حیات ہی میں انتقال کیا۔ اور اس کے چند روز بعد زید لاولد نے بھی انتقال کیا ... زید لاولد کے جائداد متروکہ سے حصہ پا سکتے ہیں یا نہیں۔

(۲) ایک شخص تنخواہ لیکر ہمیشہ وقت مقررہ (عیدات جمعہ) پر بعد عصر قرآن پڑھ کر ... اس فعل سے کوئی عذاب ثابت ہو سکتا ہے یا نہیں۔

(۳) جس شخص کا منہ بدبو کرتا ہو اور اس کے ساتھ نماز پڑھنے میں کراہیت معلوم ہوتی ہو اس شخص کے ساتھ نماز پڑھنا کیا حکم رکھتا ہے۔ اور وہی شخص کسی مسجد امامت کا امام ہے اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیا حکم رکھتا ہے۔ بینوا توجروا

الجواب

استفتاء

الجواب

... کو سوائے اس کے اور کوئی توقع نہیں رکھنی چاہئے کہ وہ ان کے مذہب میں مداخلت کرنے والے قوانین منظور کرتی رہے گی اور ان کے کسی احتجاج و مخالفت کی پروا نہ کرے گی۔ ہم نے ان کالموں میں آج تک معلمین حجاج کے مسودہ قانون کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اور مسلمانوں کی عام مخالفت کا جو اظہار مختلف طریقوں سے ہو چکا ہے اس کے بعد کسی مسلمان رکن اسمبلی کے لئے ہرگز یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنا ووٹ اس مسودہ قانون کی حمایت میں دے نیز غیر مسلم ارکان اسمبلی کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ مسلمانوں کی رائے عامہ کا احترام کرتے ہوئے حکومت کو اس قسم کا مسودہ قانون منظور کرانے میں کامیاب نہ ہونے دیں۔

سرحدی جنگ

سرحد کے متعلق تازہ اطلاع یہ ہے کہ وہاں اب کامل امن و سکون قائم ہو گیا ہے اور سڑک اور پل کی تعمیر نہایت اطمینان کے ساتھ جاری ہے۔ آج کے ہندوستانی انگریزی اخبارات نے اس خبر کو بنیاد بنا کر یہ سمجھا ہے کہ گویا سرحد پر پورے امن قائم ہو گیا مگر آج کا اسٹیٹسمین اپنے ایک شذرہ میں اس غلط فہمی کو دور کرتے ہوئے لکھتا ہے ...

مراعات یار بانی

حادثہ ارتحال

وائسرائے کا جواب

معلمین کا مسودہ قانون

مسلح فوج کے قیام کی ممانعت

حجاز، شرق اردن اور برطانیہ کے باہمی تعلقات

عقبہ و معان اور حجاز ریلوے کیلئے والی حجاز کی تگ و دو

جزیرۃ العرب میں برطانوی اقتدار کے افسوسناک نتائج

(ترجمہ خصوصی)

حکومت حجاز کے وکیل وزارت خارجہ فواد حمزہ بک گفت و شنید کی غرض سے بیت المقدس جاتے ہوئے مصر پہنچے تو متعدد نمائندوں نے آپ سے ملاقات کی اور الاہرام کے نمائندہ خصوصی نے آپ سے متعدد سوالات کئے۔ پہلا سوال عقبہ اور معان کے متعلق تھا۔ آپ نے اس معاملہ میں حجازی حکومت کے صحیح موقف کے متعلق ارشاد فرمایا کہ سابق شاہ حسین مرحوم کے عہد حکومت میں عقبہ اور معان شرق اردن میں مدغم کر دئے گئے تھے اور حکومت شرق اردن کی جانب سے غالب بک وہاں کے حاکم عام مقرر کئے گئے تھے جب جنگ عمومی کے دوران میں یہاں بھی جنگ چھڑی ...

وحدۃ عربیہ

جزیرۃ العرب کی سیاسیات احساس کے اندرونی حالات پر اظہار خیال کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ جزیرۃ العرب میں زوال حکومت عثمانیہ کے بعد کئی حکومتیں قائم ہوئیں ...

جاپان ہندوستان کے بجائے ایران سے روئی خریدیگا

نو سو روئی کے بنڈل طہران سے خرید لئے گئے

لنکاشائر ہندوستان سے روئی خرید کر پھر ہندوستان روانہ کریگا

بمبئی ۲۰ اگست۔ ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ کرنے کے بعد جاپان نے خام روئی کی خریداری کے لئے ایران کو منتخب کیا ہے اور اس نے تجربۃً طہران کے مارکیٹ سے ۹۰۰ روئی کے گٹھے خرید لئے ہیں جو بذریعہ جہاز روانہ کر دئے گئے ہیں۔ اگرچہ ہندوستانی روئی کے ٹھیکہ کی میعاد ابھی باقی ہے مگر جاپان نے بمبئی کے مارکیٹ کو روئی کے ایک گٹھہ کے لئے بھی آرڈر نہیں دیا۔ دوسری طرف جاپان کو ایرانی مارکیٹ سے روئی کے خریدنے میں سخت دشواریاں بھی ہیں۔

جدید ہند و ستانی اور برطانوی تعاون کی اسکیم کے ماتحت اس امر کا انتظام کیا جا رہا ہے کہ ہندوستانی روئی کے ... گٹھے برطانیہ کو برآمد کئے جائیں۔ تاکہ لنکاشائر ان کا کپڑا تیار کر کے پھر ہندوستان کو روانہ کر دے۔

جاپان ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ برابر جاری رکھے گا اور جب تک شملہ میں جاپانی اور برطانوی نمائندوں میں کوئی تسلی بخش تصفیہ نہ ہو جائے اس وقت تک جاپان کے رویہ میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی۔

ہندوستان اور جاپان میں تجارتی گفت و شنید

جاپانی نمائندوں کے نام شائع ہوگئے

جنگ کرنے والی حکومتوں کا بائیکاٹ

کلیسا کے نزدیک جنگ کو روکنے کی تدابیر

صادقانہ جذبہ میں باطل کی ملاوٹ

انگلستان کی معاشرتی زندگی کا ایک نمونہ

چار سو پونڈ ٹیلیگرام سے شادی نہ کرو

انگلستان میں جرمنی مال کا بائیکاٹ

برطانی مزدوروں سے انجمن تجارت کا مطالبہ

عدن کے انتظامات کو منتقل نہ کیا جائے

حکومت کے پیش کردہ دلائل کا جواب

حکومت آسٹریا کا نیا حکم

دشمنوں کی امداد کرنے والوں کی جائداد ضبط

جرمنی میں اسٹام ٹروپ کا ایک سپاہی گرفتار

مستقبل کے مختار کل!

ڈکٹیٹری کے لئے کون کون لوگ تیار ہیں؟

جاپانی صنعت نے تمام حکومتوں کو شکست دیدی

جدید ہسپانیہ کا قابل تعریف کارنامہ

ایک ماہ میں دس لاکھ پونڈ کا تمباکو پیا گیا

حکومت ترکیہ کی دسویں سالگرہ

محصول ڈاک اور تار کے کرایہ میں تخفیف

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کے اہم فیصلے

ڈکٹیٹر دوازدہم کے بیان کی تصدیق اور سول نافرمانی کے پروگرام کا التوا

آئندہ لائحہ عمل کی ترتیب کیلئے سب کمیٹی بنا دی گئی

قرطاس ابیض کی مذمت، بمباری کے خلاف احتجاج، قوانین حج کی مخالفت

گاندھی جی کو وائسرائے کے جواب پر اظہار رائے

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کا ایک نہایت اہم وضروری اجلاس ۱۹، ۲۰، ۲۱ اگست کو مراد آباد میں منعقد ہوا جس میں حسب ذیل حضرات نے شرکت فرمائی:-

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند۔ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی۔ حضرت مولانا حفظ الرحمان صاحب سیوہاروی۔ حضرت مولانا بشیر احمد صاحب۔ حضرت مولانا محمد نعیم صاحب لدھیانوی۔ حضرت مولانا شاہ عبدالصمد صاحب مونگیری۔ حضرت مولانا شاہ لطف اللہ صاحب۔ حضرت مولانا فخر الدین صاحب مراد آبادی۔ اراکین مجلس عاملہ کے علاوہ مجلس منتظمہ کے اراکین میں سے بھی حضرت مولانا محمد میاں صاحب۔ حضرت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب۔ حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ صاحب اور دیگر حضرات نے مجلس کے مباحث میں حصہ لیا۔

مجلس عاملہ کی آئینی حیثیت

آئندہ پروگرام پر طویل بحث و غور

مسائل حاضرہ پر اظہار رائے

آئندہ پروگرام کی تشکیل

قوانین حج پر احتجاج

... کے خلاف ہیں یا اس نے کسی پمفلٹ میں حکومت کے خلاف نکتہ چینی کی ہے مذہبی اعمال کی ادائیگی سے باز رکھنے کے لئے وجہ جواز نہیں ہوسکتا اس بنا پر جلسہ کی رائے میں حکومت کا یہ فعل صریح طور پر مذہبی امور میں مداخلت ہے اور جلسہ اس کے خلاف پرزور صدائے احتجاج بلند کرتا ہے۔

دہلی میں پیدائش و اموات

محکمہ حفظان صحت کی رپورٹ

دہلی کے محکمہ حفظان صحت کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ جون ۱۹۳۳ء میں ... اسی مہینہ میں ۱۳۸۱ اموات ہوئیں۔

سال رواں کے ماہ جون میں ایک سال کے مرنے والے بچوں کی تعداد ۸۲ تھی اور گزشتہ سال اسی مہینہ میں ۱۲۴ بچے ضائع ہوئے۔

۱۲ اگست ۱۹۳۳ء کے ہفتہ ختم شدہ تک ایک ہفتہ کے اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس دوران میں ۶۹ اموات ہوئیں اور اس سے پہلے ہفتہ میں اموات کی تعداد ۷۵ تھی۔ اس حساب سے روزانہ اموات کا اوسط ... ہوتا ہے۔ اس ہفتہ رقبہ مشتہرہ میں نہ تو کوئی پیدائش ہوئی اور نہ موت۔ نئی چھاؤنی میں ۴ بچے پیدا ہوئے اور ایک موت واقع ہوئی۔ رقبہ مشتہرہ سول لائن دہلی میں ۲۸ پیدائش اور ۱۷ اموات واقع ہوئیں۔ نئی دہلی میں ۱۲ بچے پیدا ہوئے اور ۹ مرے۔

مقدمہ سازش دہلی کا اختتام

تین ملزموں کو قید سخت کی سزا

دہلی ۲۲ اگست۔ سابق مقدمہ سازش دہلی کے ملزمان میں سے صرف تین ملزمان کا مقدمہ عدالت سشن میں اور باقی تھا۔ اس مقدمہ میں مسٹر بمل پرشاد جین، مسٹر دانسائن اور مسٹر پایو رام گپتا ملزمان تھے۔ ان کے خلاف مادہ دھماکہ تیار کرنے اور ... بم فیکٹری میں کام کرنے کا الزام تھا۔ آج عدالت سشن نے اس مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ ہر سہ ملزمان کو پانچ پانچ سال قید ...

دریائے راوی کی طغیانی میں اضافہ

آفریدیوں کے ہاتھوں دو سپاہیوں کا قتل

گاندھی جی کو رہا کیا جائے

گاندھی جی کے برت کا چھٹا دن

وزن میں کمی آواز کمزور پڑ گئی

جیل میں کستوری بائی کی آمد

پونہ ۲۱ اگست۔ آج گاندھی جی کے برت کا چھٹا دن ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ آج اُن کی صحت بہت گری ہوئی نظر آتی ہے اور وہ بہت دھیمی آواز میں بات چیت کرتے ہیں۔ ان کو بات چیت کرنے میں کسی قدر زور لگانا پڑتا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ ان کے وزن میں ایک پونڈ کی مزید کمی ہوگئی ہے اب اُن کا وزن صرف ۹۴ پونڈ رہ گیا ہے۔ ان کی عام حالت اطمینان بخش بتلائی جاتی ہے آج دوپہر کو بارہ بجے انہوں نے اپنا مون برت توڑ دیا۔

ریورنڈ اینڈریوز نے آج دوپہر ۱½ بجے سے ۲ بجے تک گاندھی جی سے گفت و شنید کی وہ گفت و شنید کو قطعی صیغہ راز میں رکھے ہوئے ہیں اور یہ بتلانے سے انکار کرتے ہیں کہ اُن کے اور گاندھی جی کے درمیان کس مسئلہ پر بات چیت ہوئی ہے گزشتہ دنوں کی مانند آج انہوں نے حسب معمول گاندھی جی سے ملاقات کے بعد یا اس سے قبل مسٹر میکسویل ہوم سکرٹری حکومت بمبئی سے گفت و شنید نہیں کی۔ وہ جب گاندھی جی سے ملنے ...

اسمبلی کے اجلاس کا افتتاح

گاندھی جی کے متعلق سوالات کی بھرمار

سوالات کی بھرمار

گاندھی جی ہسپتال میں داخل کردیے گئے

جبریہ خوراک دینے کی سرکاری تردید

گاندھی جی کی اہلیہ رہا کردی گئیں

اسمبلی کے مسلم ممبران کی وائسرائے سے ملاقات

سرحد کی بمباری پر گفت و شنید

حلیم زئی اور بالائی مہمندوں کے نمائندوں کا اجتماع

فوجوں کی واپسی کیلئے حکومت کی طرف سے ایک شرط

علاقہ گنداؤ سے مہمندی قبائل منتشر ہوگئے؟

شملہ ۲۱ اگست۔ سرحد کی تازہ ترین اطلاعات مظہر ہیں کہ ۱۵ اگست کو بالائی مہمندوں کے سرکردہ ملکوں نے حکومت سے درخواست کی کہ اگر وہ خونریزی سے بچنا چاہتی ہے تو غنڈاؤ سے اپنی فوجیں واپس بلالیں۔ سرکاری حکام کی طرف سے ان کو یہ جواب دیا گیا کہ جب تک مخالف لشکر دلیعنی مہمندی منتشر ہوجائیگا اور حکومت کو یہ اطمینان نہ ہوجائے گا کہ اب قبیلہ حلیم زئی پر حملہ کا کوئی اندیشہ اور امکان نہیں ہے اس وقت تک فوجیں واپس نہیں بلائی جائیں گی۔ اس کے بعد ۱۸ اگست کو بالائی مہمندوں اور قبیلہ حلیم زئی کا ایک مشترکہ جرگہ منعقد ہوا جس میں کئی قبیلوں کے تین سو افراد شریک ہوئے حلیم زئی کے نمائندوں نے کہا کہ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ اگر بالائی مہمند غنڈاؤ سے منتشر ہوجائیں گے۔ تو ہم وہاں سے سرکاری فوجوں کی واپسی کیلئے حکومت سے اصرار کرینگے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ بالائی مہمندوں نے غنڈاؤ سے منتشر ہونا منظور کرلیا اور اپنے وعدہ کے مطابق منتشر ہوگئے۔

باشندگان کلکتہ کا جلسہ

سرحد کے متعلق تجاویز کی منظوری

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے صدر گرفتار کرلئے گئے

آئندہ کانگریس کا کوئی صدر نہ ہوگا

کلکتہ میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

مدراس بم کیس کا فیصلہ

صدر کانگریس کو ۶ ماہ قید کی سزا

مقدمہ سازش گیا کا ڈراپ

گورنمنٹ ہاؤس میں داخل ہونے کی سعی

شیخ عبداللہ کی گرفتاری کا امکان

سینما پر مجلس احرار کا دوبارہ پکٹنگ

دیہاتیوں اور پولیس کے درمیان لڑائی

سرحد پر ایک مہتمم کی ہلاکت

کارخانوں میں صرف آٹھ گھنٹے کام

تین ہندو سمندر کی نذر

گاندھی جی کے وزن میں کمی اور تسلی کی شکایت

مسٹر اینڈریوز سے ملاقات

پونہ ۱۹ اگست۔ اگرچہ گاندھی جی کی صحت کے متعلق ابھی تک کوئی خاص تشویش کی بات ظاہر نہیں ہوئی ہے۔ لیکن کل کے مقابلہ میں وہ آج بہت زیادہ کمزور نظر آتے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ کل کے مقابلہ میں ان کا وزن آج نصف پونڈ کم ہوگیا ہے۔ ان کا موجودہ وزن ۹۶ پونڈ ہے یاد رہے الفاظ میں اس مرتبہ جیل آنے کے بعد ان کے وزن میں ۵ پونڈ کی کمی ہوچکی ہے۔

ایکسپریس ٹرین دریا میں غرق

کمشنر کی عدالت پر خدائی خدمتگاروں کی پکٹنگ

دار العلوم میرٹھ میں خصوصی اجتماع

سرکاری فوج کا دستہ قبائلی علاقہ میں

میگزین سے ڈائنامیٹ کے کارتوس چوری ہوگئے

غیر ملکی پارچہ کی دکانوں پر پکٹنگ

مسلمانانِ کلکتہ کی طرف سے بم باری اور سرکاری پالیسی پر احتجاج
ایشیا کا مفاد آزاد علاقہ کی آزادی سے وابستہ ہے
مسئلہ سرحد پر حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد کی تقریر

کلکتہ ۱۹ اگست۔ کل رات کو ساڑھے ۸ بجے مسلمانانِ کلکتہ کا عام جلسہ البرٹ ہال میں منعقد ہوا۔ سرحد کے معاملہ نے اس وقت جو نہایت نازک و خطرناک صورت حال اختیار کر لی ہے، اس کے دیکھتے ہوئے یہ بالکل قدرتی تھا کہ مسلمانان کلکتہ بھی دوسرے مقامات کے باشندوں کی طرح پُرجوش مسلمان، جن کے دلوں میں اپنے سرحدی بھائیوں کی مصائب کی وجہ سے زخم پڑ گئے ہیں، جوق جوق جمع ہو گئے۔

... کی آزادی و تباہی کا سبب بن جائیں۔ آپ نے نہایت مدلل طور پر اس معاملہ کو واضح کرتے ہوئے فرمایا کہ آزاد علاقہ کے باشندوں کا کوئی قصور بھی نہیں ہے جس کی وجہ سے ان پر گورنمنٹ آف انڈیا کو فوج کشی کی ضرورت پیش آئی۔ ان کا قصور اگر کچھ ہے تو صرف اس قدر ہے کہ وہ آزاد ہیں۔

پھر آپ نے فرمایا کہ ۱۹۲۰ء کے آخر میں گاندھی جی نے اور میں نے راولپنڈی میں آزاد علاقہ کے بعض سرداروں سے کہا تھا کہ تم اپنی روش ...

[illegible]

آل انڈیا کانگریس کی تجویز

قوموں کی بدنصیبی

طرابلس الغرب پر اٹلی کے دردناک مظالم
عربوں کی تذلیل و توہین اور انکی زمینوں پر قبضہ

عربوں کی تذلیل

مسجد ندوہ کیلئے دورہ
راجہ صاحب جہانگیر آباد کی فیاضی

(عبدالعلی ناظم ندوۃ العلماء)

... گھوڑنے کی طرابلس عربوں کو اجازت دیدی تھی لیکن ایک ہی ماہ بعد یہ اجازت منسوخ کر دی گئی۔ عربوں سے قصور یہ اس قدر ہو گیا تھا کہ انہوں نے یوم النبی صلعم کے دن فٹ بال کا میچ کیا تھا اور سیرت کی آمدنی طرابلسی یتیموں کے لئے خاص کر دی تھی۔ پس اس قصور پر وہ کلب بند کر دیا گیا۔

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

یہودی راج

زمینوں پر قبضہ

مفتی طرابلس

سرحد کا اہم مسئلہ

عراق ریلوے

نجف، کربلا معلےٰ، کاظمین، اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام، تیز رفتاری اور بہت سستا کرایہ سے سفر کریں۔

مختلف درجوں کی زیادتی کوپن کی کتابیں جو ۱۵۰ دن تک کارآمد ہونگے۔ نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لے جا سکتے ہیں

	درجہ دوئم	درجہ سوئم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا، کاظمین، سامرہ اور واپسی بصرہ	۲۔۰۔۰	۱۔۴۔۰
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلا، کاظمین اور واپسی بصرہ	۰۔۰۔۴	۲۔۸۔۰

[illegible]

ہندوستان سے عراق ریلوے کے ٹکٹ ... ۹۵ روپیہ ...

ہندوستان کے سرپرنالی دواخانہ سے زیادہ اصلی مجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم اجمل خاں بلیماران دہلی ہے ... حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم ... منیجر دواخانہ حکیم جمیل خاں دہلی

بغداد میں سیرۃ النبی کا شاندار اجلاس
وزیر اعظم عراق اور سفرائے دول کی شرکت

ملک عراق کے دارالخلافہ شہر بغداد میں ہندوستانی مسلم اصحاب نے مذہب اسلامیہ کے دینی اور خیراتی امورات اجتماعی صورت میں ادا کرنے کے لئے ایک انجمن بنام "الجمعیۃ الاسلامیہ بغداد" قائم کر رکھی ہے جو امورات مذکورہ بالا کی تکمیل کے علاوہ اپنے نو وارد ہموطن برادران کی ہر ممکن خدمت بلا معاوضہ کرتی رہتی ہے اور جس کے ممبران کی یہ خاص تمنا ہے کہ ان کے ہموطن برادران ایمانی اس غیر ملک میں آکر اپنے ہموطن بھائیوں کو نہ صرف اپنی زیارات و ملاقات سے مشرف فرمائیں بلکہ خدمت کرنے کا موقع عطا فرما کر عند اللہ ماجور ہوتے ہوئے پردیس کی تکالیف سے حتی المقدور امان حاصل کر سکیں۔

جمعیۃ موصوفہ نے سالہائے گذشتہ کی طرح اس سال بھی بتاریخ ۹ جولائی ۱۹۳۵ء اپنے نبی برحق کا یوم ولادت بڑی شان و شوکت کے سالانہ جلسہ کی صورت میں بوقت چھ بجے شام زیر صدارت نشست اول ہز ایکسلنسی حضرت رشید عالی بے الگیلانی وزیر اعظم حکومت عراق و مولانا سید لطافت حسین صاحب دہلوی صدر نشست دوم تقریباً ایک ہزار نمائندہ حاضرین کی معیت میں منایا ...

[illegible]

... الیکڑاملک سید پردانسٹر ہندی اور ناصر فضل الدین صاحب کو محب جمعیۃ الاسلامیہ بغداد کا تمغہ امتیازی پیش کیا گیا۔ دوران جلسہ میں حاضرین کی شربت سنگترہ سے تواضع کی گئی۔ اور جلسہ کے اختتام پر شیرینی تقسیم کی گئی۔

(از دفتر جمعیۃ اسلامیہ بغداد ملک عراق)

مدرسہ امدادیہ دربھنگہ کے کوائف
نظام تعلیم طلباء کی خدمات اور جدید اصلاحات

مدرسہ امدادیہ کو ۱۳۱۰ھ میں بحکم حضرت شیخ العرب والعجم مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس اللہ سرہ جناب مولوی حاجی منور علی صاحب مرحوم نے جاری کیا۔ مخدوم العلماء حضرت مولانا الحاج سید مرتضیٰ حسن صاحب مدفیوضہ کی زیر نگرانی عرصہ دراز تک چلتا رہا۔ اور اب جناب عبدالوہاب صاحب مدظلہ العالی مہتمم مدرسہ کے زیر اہتمام چل رہا ہے اضلاع صوبہ بہار کے علاوہ صوبہ بنگال کے سینکڑوں علماء و حفاظ مستفیض ہو کر دینی و قومی خدمات انجام دے رہے ہیں چنانچہ مدرسہ امدادیہ کے جلیل کارکنان جو تقریباً بارہ ہیں سب کے سب اسی مدرسہ کے فیض یافتہ ہیں۔ حضرت مولانا الحاج سید محمد علی صاحب ...

[illegible]

سرحد میں علماء کرام کا دورہ
فتنہ مرزائیہ کے خلاف لسانی جہاد

[illegible]

ہر ہائینس بیگم صاحبہ ریاست جوناگڑھ کی فیاضی

[illegible]

نمک جالینوس

رجسٹرڈ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا
بال جیون گھٹی

نئے سوداگر و ایجنٹ نمونہ مفت طلب کریں۔

المشتہر: منیجر بال جیون کارپالیہ علی گڑھ شہر (یو۔پی)

دونوں مٹھی باندھکر زور سے دوڑیئے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ پر تحریر فرمائیں اور صحت و تندرستی کی گائڈ و راہ راست کی تجربہ قدرت کی واعظ ...

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال جڑ سے کالا

... بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سری (دربھنگہ)

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

تعطیل کلاس کے بعد ۱۲ ستمبر ۳۳ء کو کھلے گا۔ داخلہ ۲۸ ستمبر ۳۳ء سے یکم اکتوبر ۳۳ء تک ہوگا۔ سال اول میں داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے نام ۱۵ ستمبر ۳۳ء تک پہونچ جانا چاہئے اس کے بعد کوئی درخواست نہ لی جائے گی۔ داخلہ کے متعلق قواعد و ضوابط کی کتاب پرنسپل طبیہ کالج سے مفت مل سکتی ہے۔

پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

اکسیر بدن
ہر قسم کی کھانسی کا جادو اثر علاج

تپ دق کے مریضوں کو اور ان بیماروں کو جو دمہ۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ اور خشک کھانسی میں مبتلا ہوں۔ ان کو فوراً آرام پہنچاتی ہے۔ یہ
پھیپھڑوں کی ٹانک بھی ہے
قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ/ ۱)
ملنے کا پتہ: منیجر امرت دھارا منڈی لاہور

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

عیسائی مشن، بائیبل کو مقبول بنانے کے لئے اس کے نئے نئے ایڈیشن دلفریب صورتوں میں شائع کر رہا ہے مسلمانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لئے ہم

خوبصورت حمائل

[illegible]

دفتر اشاعت القرآن بیت الاشغال امروہہ یوپی

تار کا پتہ "الجمیعۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے: سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...

ممالک غیر کے لئے: سالانہ ... ششماہی ...

نمونہ مفت فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی یکم ۵ ۹ ۱۳ ۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ ( ) ...
ایک کالم ( ) ...
½ کالم ( ) ...
¼ کالم ( ) ...

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول: بلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۶ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ اگست ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۴

معاصرین کے افکار و آراء

مسلم کانفرنس کی حقیقت (مدینہ)

مسودہ رہنمایان زائرین حجاز

بنگال کونسل میں ایک عجیب مسودۂ قانون

آل پارٹیز کانفرنس

اسلام کی بنیاد

تورپ ... تہذیب کی اشاعت

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معارف)

رہبان اور راہبات کی کہانی ان کی اپنی زبانی

معصیت اور بوسناکی کے شرمناک مناظر

رہبان اور راہبات

تحریک تاریخ اور اسلام

انسانی شرناک

رازدرون پردہ

[illegible]

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق حضرت امین نیز کہنا کافی ہے کہ آج تک اس قدر معلومات سیاسیہ اور مذہبیہ سے لبریز کوئی خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا۔ مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بے حد ضروری ہے یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے۔

[illegible]

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی نائب امیر شریعت صوبہ بہار جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۱۵-۱۶-۱۷ جمادی الاخر ۱۳۵۲ھ مراد آباد میں پڑھا گیا قیمت ۸ر

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ جو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۹ر اکتوبر ۱۹۲۰ء کو پڑھا گیا۔ قیمت ۲ر

خطبہ صدارت حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جو ۳۰ر اگست کو باڈوی ہاؤس دہلی میں پڑھا گیا۔ قیمت ۱ر

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۹ ۱۰ر دسمبر ۱۹۲۳ء بمقام کوکناڈا میں پڑھا گیا۔ قیمت ۵ر

خطبہ صدارت بطل حریت حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد جو اجلاس خصوصی انڈین نیشنل کانگریس منعقدہ ۱۵ر ستمبر ۱۹۲۳ء کو دہلی میں پڑھا گیا قیمت ۳ر

مضامین ابو الکلام آزاد حصہ اول

مولانا ابو الکلام آزاد کی معرکۃ الآرا بیان جو آپ نے مجسٹریٹ کلکتہ کی گواہی میں دیا۔ ۱ر

تازہ مضامین ابو الکلام آزاد ۱۲ر ۸ر

مولانا ابو الکلام کا آخری پیغام

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا

حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب عثمانی ... قیمت صرف ۲ر

فتنۂ مرزائیت کا صحیح علاج

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہنچانے کے لئے در پردہ کوشش کی جا رہی ہے بہت سے بھولے بھالے اور سادہ لوح ناواقف مسلمان بسا اوقات ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں لہٰذا اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں پڑھ کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

ختم نبوت فی القرآن۔ اس کے پڑھنے سے آپ کو آیات قرآنی کے ذریعہ صاف صاف معلوم ہو جائے گا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا ہی نہیں ہوا۔ قیمت ۱۲ر

ختم نبوت فی الحدیث۔ ... قیمت ۱۲ر

حقیقت رسائل اعجازیہ ...

ابطال اعجاز مرزا ... قیمت ۸ر

عقائد قادیانی منظوم ... قیمت ۱ر

معیار صداقت ...

معیار المسیح ...

صحائف رحمانیہ ...

اطلاع رحمانی ...

دوسری شہادت آسمانی ... قیمت ۶ر

محکمات ربانی ...

ہدیہ عثمانیہ ... قیمت صرف ۴ر

انوار ایمانی ...

مسیح قادیان کی حالت کا بیان ... قیمت ۳ر

سیرۃ الحبیب ... تحسین فرمائی ہے۔ قیمت صرف ۱۲ر

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائیگا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور جنت کی کنجی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپیہ لی جائے گی۔ دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۷ احادیث درج ہیں۔ بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں۔ کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

اعجاز القرآن

حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآرا تقریر ہے جس میں آپ نے وحی الٰہی کی ضرورت، اس کے بیان، معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی الٰہی ہے اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے نقائص و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائے۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے قیمت صرف ۶ر

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری کے پہلے دو پارہ الم ... کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے۔ طلبا و علما کو خصوصیت سے فوری اس طرف توجہ کرنے کی ضرورت ہے اگر غفلت کی گئی تو کف افسوس ملنا پڑے گا قیمت ہر دو پارہ ۱۶ر

تفسیر جلالین شریف اردو پہلا پارہ

جلالین شریف کی عبارت اور متن کو ممتاز طریقہ پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ آسان اور سلیس بامحاورہ اردو میں کیا گیا ہے نیز مذاہب کے اعتراضات کے جواب نہایت متانت اور سنجیدگی سے دیئے گئے ہیں ... نکات و قواعد کو عربی کی مشہور تفسیر سے اخذ کر کے اردو میں لکھا گیا ہے مصنف کی محنت قابل قدر ہے گویا مظاہر حق شرح مشکوٰۃ کا ایک اور نمونہ مترجم اردو تفسیر جلالین شریف تیار کر رہا ہے۔ طلبا اور عوام سب کے لئے معتبر ہے فرمائش بھیجکر اپنا نام فہرست خریداران پر درج کرا لیجئے تاکہ طبع ہوتے ہی آپ کو کتاب مل سکے۔

مصور فطرت خواجہ حسن نظامی کی تصنیف

عام فہم تفسیر

پارہ الم ۸ر والمحصنت ۸ر یعتذرون ۸ر

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کو مذہبی معلومات کے لئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف ہے جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی درس میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے اس کتاب کے چار حصے ہیں اور ایک قاعدہ ہے مکمل سٹ کی قیمت صرف ۱۲ر

فتاوی رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایت ایران کے تفقہ سے کچھ وہی شخص واقف ہو سکتا ہے جس کو آپ کی شرف صحبت حاصل ہوئی ہو ... مولانا ممدوح کے فتاوی کا مجموعہ فتوی رشیدیہ تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے جس میں قریب قریب ہر مسئلہ کو مدلل طریقہ پر بیان کیا گیا ہے ہر مسلمان کو اس کے مطالعہ کی ضرورت ہے تاکہ مذہبی ضرورت سے پوری واقفیت حاصل ہو جائے تینوں حصوں کی قیمت ...

تحفۃ المحبین

شائقین زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اس سے بہتر اور کیا موقع ہوگا کہ خود آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ پر عمل کر کے آپ کی زیارت سے مشرف ہوں ... اس میں صلوٰۃ التسبیح کا طریقہ بھی بتایا گیا ہے ... قیمت صرف ۴ر

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

اس کے پڑھنے سے سوانح عالمگیر اور اس کے تدبر علمی قابلیت اور ملکی نظام کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آ جائے گا۔ قیمت ۶ر

صراط مستقیم

یہ اسم بامسمیٰ کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کافی ذریعہ ہے قیمت صرف ۸ر

ابدی نجات

میں آریہ سماج کے بانی دیانندجی کی دس دلیلوں کے نہایت مدلل اور تحقیقی جواب جو ستیارتھ پرکاش میں نجات کے محدود اور عارضی ہونے پر اتری جوتی کا زور لگا کر تحریر کئے گئے ہیں۔ قیمت ۲ر

اطلاع: ایک روپیہ سے کم قیمت کی کتاب کے لئے اس کی قیمت کے ٹکٹ بھیجنا ضروری ہے۔

پاک زندگی

یہ بھی حضرت العلامہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے ان تین عالمانہ مضامین کا مجموعہ ہے جس میں آپ نے حضرت سلیمہ حیات طیبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پر نہایت آسان اور دلچسپ پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے قیمت ۳ر

دلائل الخیرات

اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ۱ر مجلد ۱۲ر

خاموش تبلیغ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء کا دلچسپ تبلیغی مضمون جس کو آپ نے ناولانہ انداز کے ساتھ نہایت دلچسپ پیرایہ میں بیان فرمایا ہے دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ قیمت ۸ر

المشتہر

مینجر مکتبہ علمیہ بلیماران دہلی

انگریزی اخبارات کے تراجم

مولوی محمد شفیع داؤدی صاحب کی قومی و ملی خدمات

چند ناقابل انکار حقائق کا اظہار

(از جناب مولانا سید محمد عثمان غنی صاحب مدیر امارت)

مولوی محمد شفیع صاحب داؤدی کے اخبار میں تعزیہ پرستی کی حمایت میں ایک مضمون شائع ہوا تھا۔ اس کے جواب میں ابو صالح صاحب نامہ نگار امارت نے ایک مضمون لکھا تھا جس کا عنوان "تعزیہ پرستی کا جاہلانہ ثبوت" ہے۔ اس مضمون نے مولوی محمد شفیع صاحب داؤدی کو برہم کر دیا ہے اور انہوں نے اپنے قلم سے اپنے اخبار کے ۲ راگست ۱۹۳۳ء کے پرچہ میں "جریدۂ امارت کی دریدہ دہنی" کے عنوان سے ایک شائستہ مضمون مدیر امارت کے خلاف انعام فرمایا ہے۔ نامہ نگار امارت کے مضمون کا ایک ٹکڑا یہ تھا:—

۲۔ آپ نے صوبہ سرحد جاتے ہوئے اعلان فرمایا تھا کہ آزاد تحقیقات کے لئے جاتے ہیں۔ اور وہاں پہنچ کر بھی آزاد تحقیقات کا اعلان فرمایا۔ مگر واقعہ اس کے برعکس تھا۔ آپ چیف کمشنر کی ماتحتی میں کام کر رہے تھے، اور آپ بالکل اسی کی ہدایت کے پابند تھے۔ سرکاری خطوط سے اس کی تصدیق ہو گئی۔

۳۔ صوبہ سرحد میں آپ کی موجودگی ہی میں دو مرتبہ مسلمانوں پر گولی چلائی گئی۔ کتنے مسلمان شہید ہوئے اور آپ صوبہ سرحد سے فقیر یار روزانہ اسی آزاد تحقیقات کا پروپگنڈا کر رہے تھے، مگر آپ نے اس گولی چلنے کے واقعہ ...

جنیوا کی کانفرنسیں کامیاب کیوں نہیں ہوتیں

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

دنیا کا ایمان بین الاقوامی کانفرنسوں سے متزلزل ہو چکا ہے

ہر ملک کو اپنے فائدہ کا خیال

یورپ میں آئے دن مختلف قسم کی کانفرنسیں ہوتی رہتی ہیں جو بڑی دھوم دھام سے منائی جاتی ہیں ان کے متعلق بڑے بڑے دعوے کئے جاتے ہیں مگر آخر میں ...

... (استیٹسمین)

بالشویک روس میں فن صحافت کا عروج

بیس بیس لاکھ کی اشاعت والے اخبار

۹۰ فیصدی باشندے تعلیم یافتہ ہو چکے ہیں

سوویٹ روس میں اخبار بینی کا شوق روز بروز بڑھتا جا رہا ہے اور اخبار نویسی حیرت انگیز طریق پر ترقی کر رہی ہے۔ جنگ عظیم سے پہلے روس میں ۸۵۹ اخبار ...

اس وقت ۹۰ فی صدی روسی باشندے تعلیم یافتہ ہو چکے ہیں اور بیس فیصدی کے لئے کوشش برابر جاری ہے۔ (مانچسٹر گارڈین)

مجلس اقوام کا چندہ ہضم کرنے والی حکومتیں

تقاضوں کے باوجود چندے ادا نہیں کئے جاتے

گزشتہ سال دسمبر تک مجلس اقوام کی ...... ۱۰ پونڈ رقم مختلف حکومتوں کے ذمہ باقی رہی اور مجلس کے بار بار کے تقاضوں کے باوجود حکومتوں کی طرف سے یہ رقم ادا نہیں کی گئی ...

زندگی کے چھ اصول

سرکاری افسروں کو مسولینی کی ہدایات

روس میں ۲۸ ہزار منظم اور خاموش سینما

کل دنیا میں سینماؤں کی تعداد

انگورہ کی شاندار اکاڈیمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۶ رجمادی الاول ۱۳۵۲ ہجری

گاندھی جی کی رہائی کے بعد

تلافی مافات کا ایک اور موقع

زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ ایک مستقل کانفرنس اسی غرض کے لئے پنجاب میں منعقد کی گئی تھی اور اس میں باشندگان بلوچستان کے مطالبات پیش کئے گئے تھے جس کی تائید تمام ہندوستان میں ہوئی تھی۔ اس کے علاوہ خود اس اتحاد کانفرنس میں جو بمقام الہ آباد منعقد ہوئی تھی اور جس کی کارروائی مکمل نہ ہو سکی بلوچستان کے متعلق دیگر اقوام ہند کے باہمی سمجھوتہ سے یہ قرار پایا گیا تھا کہ اس کے موجودہ طرز حکومت کو بدلا جائے اور جس قسم کی اصلاحی حکومت ہندوستان کے دیگر صوبوں میں نافذ ہے اس سے بلوچستان کو بھی متمتع ہونے کا موقع بہم پہنچایا جائے مگر حکومت ابھی تک مسلمانوں کی اس خواہش ہی سے بے خبر ہے۔ کیا اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ آخر زمانہ میں مسلم کانفرنس والوں کا سکوت اس اہم مسئلہ کے متعلق اسی لئے تھا کہ حکومت اس کا قطعی فیصلہ پہلے سے کر چکی تھی؟ بہرحال مسلم کانفرنس والوں کا مکتوب خواہ کسی وجہ سے ہو فارن سکریٹری کا یہ جواب ہر طرح نامعقول اور خلاف واقعہ ہے۔ مسلمان اخبارات اور جماعتیں اپنے اس مطالبہ کا پوری قوت کے ساتھ اعلان کر چکے ہیں اور آج تک اس پر مصر ہیں۔ حکومت نے اگر یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ بلوچستان کو نئی اصلاحات میں علیحدہ درجہ نہ دے گی تو یہ فیصلہ مسلمانوں کے ایک اہم بالشان مطالبہ پر کاری ضرب ہے۔

مسودۂ قانون رہنمایان حجاج

گزشتہ سال جب تین مسودات حج پر غور کرنے کے لئے ایک کمیٹی شملہ میں بیٹھی ہے اور اراکین جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس مشاورت منعقدہ مراد آباد کی مفصل قرار دادیں ہر سہ مسودات کے متعلق شملہ بھیجی گئی ہیں تو کچھ عرصہ کے بعد اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ ان مسودات کو کسی قدر ترمیم کے بعد منظور کر لئے گئے ...

حجاج کے مصائب کی ذمہ داری

لندن سے واپس آنے والے

بدنصیب بلوچستان

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مقدرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:—

(۱) جبکہ برضا مندی عام مسلمانان ایک حافظ مسجد کا امام مقرر ہے جو ضروری مسائل سے واقف ہے اور اس میں بظاہر کوئی سقم شرعی بھی نہیں ہے تو کیا اس کی بلا اجازت کے اس کے بجائے کسی دوسرے شخص کو جیسے کہ اکثر شراب خواری کا مرتکب پایا گیا ہے اور جو ہمیشہ فتنہ و فساد کا بانی ہے اس کے شر کار کا اسے امامت کے لئے کھڑا کر کے اس کے پیچھے نماز پڑھنا فعل جائز ہے یا نہیں۔ اور عام مسلمانوں کی نماز ایسے شخص کے پیچھے جو صفت مذکرہ بالا مذموم خصائل سے متصف بھی نہیں بلکہ نماز کے مسائل سے بخوبی واقف نہیں اور قرأت مسنون بقدر ضرورت سے بھی نابلد ہے جائز ہے یا نہیں۔

(۲) یعنی امام تنخواہ سے ملازم رکھنا جائز ہے یا نہیں۔ بہ نصوص قرآن کریم احادیث مصطفوی و فقہ ائمہ مجتہدین اہل سنت والجماعت اس کا جواب عنایت فرمایا جائے نیز اجتہاد ذاتی بھی ہو۔ بینوا و توجروا۔

الجواب

(۱) امام مقرر و معین کی موجودگی میں یا غیر موجودگی میں بھی اس دوسرے شخص کو امام بنانا اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا ناجائز ہو گا کیونکہ یہ شخص قابل امامت ...

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

جمعیۃ العلماء کی مجلس عاملہ کے فیصلے

دہلی کے قوم پرور اخبارات کا خیر مقدم

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کے فیصلے دہلی کے اردو انگریزی اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں اور ان کے متعلق اظہار رائے بھی کیا جا رہا ہے۔ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ جمعیۃ العلماء نے مراد آباد میں جو قدم اٹھایا ہے وہ ملکی و قومی مصالح اور سیاسی و مذہبی ضروریات کے اعتبار سے موجودہ حالات کے عین مطابق ہے اور اس کے فیصلوں میں مسلمانان ہند کی صحیح رہنمائی کی گئی ہے۔ دہلی کے نیشنلسٹ پریس نے مجلس عاملہ کے فیصلوں کا خیر مقدم نہایت جوش کے ساتھ کیا ہے۔ چنانچہ مسلم نیشنلسٹ اخبار روزنامہ ملت رقمطراز ہے:-

"آج ہی کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ ہم جمعیۃ علماء ہند کی ان تجاویز کو شائع کر رہے ہیں جو اس کی مجلس عاملہ کے تازہ اجلاس منعقدہ ۱۹، ۲۰ اور ۲۱ اگست میں منظور ہوئی ہیں۔ ملک کے عام سیاسی حالات نیز مسلمانوں کی قومی زندگی میں عالمگیر افسردگی اس امر کی متقاضی تھی کہ جمعیۃ ایک ایسا قدم اٹھائے جس سے نہ صرف مسلمانوں کی رہنمائی ہو بلکہ عام سیاسی حالات میں جو پیچیدگی پیدا ہو گئی ہے اس کے کھلنے کی کوئی صورت نکلے۔ ہم جمعیۃ العلماء اور اس کے ان اراکین کو جو مراد آباد میں جمع ہوئے ... ان کے ان فیصلوں پر مبارکباد دیتے ہیں ..."

وائسرائے سے ملاقات کے لئے گاندھی جی پھر کوشش کرینگے؟

"میں اس غیر متوقع آزادی کو صلح کے کام میں لگاؤنگا"

رہائی کے بعد گاندھی جی کا بیان

پونہ ۲۵ اگست۔ نمائندہ پریس سے دوران ملاقات میں گاندھی جی نے کہا کہ اس مرتبہ میری رہائی غیر متوقع طور پر ہوئی ہے۔ مجھے اس بات کا علم نہیں کہ ... اب میں زیادہ کوشش کرونگا ... صلح کی خواہش ... اس کے متعلق میں ابھی کچھ نہیں کہہ سکتا۔

گاندھی جی رہا کر دئے گئے

برت کھول کر پرن کٹی پہونچ گئے

کمزوری کی وجہ سے حکومت گھبرا گئی

پونہ ۲۴ اگست۔ (وقت چار بجے شام) گاندھی جی کل اچانک بعد سہ پہر بوقت چار بجے غیر مشروط طور پر رہا کر دئے گئے۔ مسٹر اینڈریوز آپ کو بذریعہ ایمبولینس کار پرن کٹی لیجانے کے انتظامات کر رہے ہیں۔

غیر مشروط طور پر رہائی کی خبر پاتے ہی گاندھی جی نے ہسپتال ہی میں سنگترے کے رس سے اپنا برت کھول لیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ آج صبح گاندھی جی کی کمزوری بہت زیادہ بڑھ گئی تھی ... جس وقت حکومت کو اس کا علم ہوا ... کی رہائی کے احکامات جاری کر دئے ... اب وہ قیدی نہیں ہیں۔

پونہ ۲۳ اگست۔ گاندھی جی کی صحت کے متعلق عام حالات میں نمایاں تبدیلی ہوئی ہے ... سرجن سیسون ہسپتال نے گاندھی جی کا طبی معائنہ کیا۔

چالیس ہزار مکانات منہدم ہو گئے

کٹک میں خوفناک بارش کے نتائج

نقب زنی کی ۶۵ وارداتیں

بم اور پستولوں کی برآمد

جزیرہ انڈمان کے نظر بندوں کا حال

بنگال کی جیلوں میں مسجد بنانے کا مسئلہ

ریاست اندور کا ایک مفید قانون

برات میں پچاس آدمی شریک ہو سکتے ہیں

ایک پٹھان کو سزائے موت

ایک طالب علم کو قتل کرنے کی سزا

ریاستوں کے تحفظ کیلئے ایک مسودہ قانون

اخبارات کیلئے ایک اور شکنجہ

عراق میں نازی پارٹی قائم کرنے کا ارادہ

حکومت عراق نے اجازت دیدی

گاندھی جی اب بخیریت ہیں

ناظم جمعیۃ علماء ہند کے نام پرن کٹی کا تار

انجمن ترغیب الصلوٰۃ شملہ کا سالانہ جلسہ

"بنگال کی کونسل عوام کی ترجمان نہیں ہے"

ساہو کارہ بل پر بحث

دیوداس گاندھی کی رہائی کا امکان

حیدرآباد میں ۱۴۴ کا نفاذ

ایک ہندو لڑکی کے مسلمان ہونے سے خطرہ

۵۸ ہزار روپیہ وصول ہو گیا

مدناپور کے باشندوں پر ٹیکس

مزدوروں کے معاوضہ کا مسودہ قانون

جاپانی فوج نے ڈیڑھ سو باغی ہلاک کر دئے

غیر ملکی کپڑوں پر پکٹنگ

دیسی مال فروخت کرنے کا عہد

چینی ترکستان کی سیاسیات نے پھر پلٹا کھایا

ترکی فوج کے کمانڈر تیمور کو مخالف فوج نے ہلاک کر دیا

کاشغر پر مخالفوں کا قبضہ۔ یارقند میں اضطراب

شملہ ۲۴ اگست۔ ایک سرکاری کمیونک ... کاشغر سے حال میں جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ماچان یانگ کا شغر کے تنگن لیڈر ... ترکستان کے کمانڈر تیمور ... کاشغر میں آگئے ہیں ... یارقند میں پھر بدامنی شروع ہو گئی ہے۔ لیکن ابھی تک تفصیلات موصول نہیں ہوئی ہیں۔

مجلس اقوام کے نام حکومت عراق کا برقیہ

اشوریوں کے قتل کے اسباب و علل کی وضاحت

عراقی فوج نے عورتوں اور بچوں کو قتل نہیں کیا

جنیوا ۲۳ اگست۔ حکومت عراق کی جانب سے لیگ اقوام کو ایک تار بھیجا گیا ہے جس میں اس مسلح بغاوت کے فرو کرنے کی وضاحت کی گئی ہے ... اب امن و امان قائم ہے اور فوجیں اپنے مستقل مقامات پر واپس بھیجدی گئیں۔

فوجی سپاہیوں کی پنشن کا مسئلہ

حکومت ہند کا اعلان

سرحد پر سکون ہو گیا

پشاور کا دستہ دیکھ بھال میں مشغول ہے

مسٹر ہنری فورڈ اور موٹر کی تجارت

کھلے بازار میں مقابلہ کرنے کا ارادہ

ایک بیوہ اپنی تین لڑکیوں کیساتھ غرقاب

دہرہ دون سے پنڈت جواہر لال نہرو کا تبادلہ

فوجی دستہ واپس آ گیا

ہوڑہ میں کانگریس توڑ دی جائیگی

گندم کے متعلق سمجھوتہ

نیلی قمیص خلاف قانون قرار دیدی گئی

آئرلینڈ میں فوجی عدالت کا قیام

اشوری قبائل کے قتل عام کی تردید

سفیر عراق مقیم لندن کا بیان

جزائر مالدیپ میں مارشل لاء

بوہروں کو جلاوطن کر دیا گیا

نوجوان لڑکی کی موت سے ونق میں اضافہ

مولوی شفیع داؤدی صاحب کی قومی و ملی خدمات

(سلسلہ صفحہ ۳)

پولینڈ کی سرحد پر جرمنی جہازوں کی پرواز

ترکی میں جرمن کے خلاف ہیجان

ریلوے کمپنی کا ٹھیکہ منسوخ

امریکہ سے گاندھی آشرم کے تبرکات کی طلبی

تاریخی ہستیوں کی یادگار

تحفظات کم کر کے حامی ہیں

سر ہری سنگھ گوڑ کا اظہار خیال

پارلیمنٹری کمیٹی کے نمائندوں کی واپسی

ہری پور میں فرنٹیئر پولیس ایکٹ کی توسیع

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس کو جاری رکھا جائے

مدراس میں سیاسی اسیروں کی رہائی

سرحد کے آزاد قبائل پر بمباری
حکومت افغانستان کا اسلامی فرض
قونصل جنرل افغانستان کے نام مکتوب

(از جناب مولانا مفتی محمد نعیم صاحب رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند)

۷ اگست کو میں نے سفیر ... قونصل افغانستان کی خدمت میں ... جواب کا مطالبہ کیا تھا جس کا جواب ۱۸ اگست ۱۹۳۳ء کو دفتر قونصل جنرل کی طرف سے موصول ہوا۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ جنرل موصوف جشن استقلال کے لئے افغانستان تشریف لے گئے ہیں ...

ملت ابراہیمی اور دین قیم کے زریں اصول "انما المومنون اخوۃ" کے مطابق تمام دنیا کے مسلمان انسان واحد کی طرح ہیں ...

بالشویک روس میں مساجد کا انہدام
سینکڑوں مدارس اور مساجد کو بند کردیا گیا
ایک روسی مسلمان کی پردرد داستان

(۵) مسجد محلہ شہر ... اس مسجد میں ہمیشہ ... اس خانہ خدا کو بھی بالشویکوں نے قہوہ خانہ اور عورتوں کے لئے ... کا مجلس خانہ بنا دیا ہے۔

(۶) مسجد گاڑی بازار ... اس مسجد کو منہدم کرکے اس کی تمام لکڑیوں کو ... استعمال کیا جارہا ہے۔

مسجدوں کے بجائے سڑکیں

مولانا اختر کا دورہ ضلع ہزارہ میں
فتنۂ مرزائیت کے خلاف عظیم الشان جہاد

(نامہ نگار از سہارنپور)

آخر انتظار شدید کے بعد وہ وفد ضلع ہزارہ میں پہنچ گیا جس کا اخباروں میں اعلان ہوچکا تھا ...

ایک ہندو لڑکی کے قبول اسلام پر آریوں کا شور

امرتسر سے ایک نئے روزنامہ کا اجراء

فضل رحیم ساکن مانسہرہ ضلع ہزارہ

نجف گڈھ کے ہیلتھ اور میڈیکل ڈیپارٹمنٹ میں
برہمن گردی
چیف میڈیکل آفیسر صاحب اور دیگر حکام توجہ فرمائیں

نجف گڈھ (دہلی) کے ہیلتھ اور میڈیکل ڈیپارٹمنٹ میں کچھ عرصہ سے برہمن نوازی اور مسلم کشی کا جو افسوسناک مظاہرہ جاری ہے اس نے اب اتنی تاریک اور ناقابل برداشت صورت اختیار کرلی ہے کہ مزید خاموشی ناممکن ہوگئی ہے ...

مندرجہ ذیل نقشہ سے معلوم ہوگا کہ اس وقت ہر دو محکمہ جات میں ملازمین کا تناسب کیا رہ گیا ہے۔

عہدہ	کل تعداد	برہمن	مسلمان
ڈاکٹر	۱	۱	×
...			

بھوپال کے اسکولوں میں طلباء پر فیس کا بار

(نامہ نگار)

مسودہ قانون معلمین کے خلاف جلسہ

(ایک طالب علم)

ہندوستان کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اصلی مجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلی ماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم خدمت خلق کر رہا ہے ضرورت اور تکلیف میں پتہ یاد رکھو۔ منیجر دواخانہ حکیم جمیل خان دہلی

دار العلوم روح الاسلام سید پور کیلئے
کلکتہ میں معاون مجلس

دار العلوم روح الاسلام سید پور ضلع رنگپور کی بنیاد بنگال کے دینی اور معزز زین قوم نے اس خیال سے ۱۹۲۶ء میں رکھی تھی کہ بنگال کی سب سے بڑی اسلامی آبادی کے لئے بڑا مذہبی مرکز ہو ...

ایک گستاخ پادری کی دریدہ دہنی
مسلمانوں کا احتجاجی جلسہ

ریاست ٹراونکور کے ایک نصرانی پادری ... نے اپنی ایک تصنیف ...

محمد ابوالخیر فصیحی حنفی قادری چشتی غازی پوری عفی عنہ
سجادہ نشین خانقاہ فصیحی غازی پور

ندوہ کی مسجد کیلئے مسلمانوں سے اپیل

انجمن قریشان ہند کا خصوصی اجلاس
متعدد قراردادوں کی منظوری

۱۳ اگست ۱۹۳۳ء بروز یکشنبہ ڈاکٹر نور محمد صاحب قریشی پروفیسر میڈیکل کالج امرتسر کے زیر صدارت ... انجمن قریشان ہند امرتسر کا اسپیشل اجلاس منعقد ہوا ...

یوپی حکومت اور جبریہ تعلیم نسوان
مسلمانان امروہہ کا احتجاج

ابوالطیب حکیم علم الدین قریشی سکریٹری انجمن قریشان ہند امرتسر

آج ۱۸ اگست ۱۹۳۳ء یوم جمعہ امروہہ میں متعدد مقامات پر قانون جبریہ تعلیم نسواں اور تعلیم قرآن کے روکنے کے سلسلہ میں جلسہ کئے گئے ...

زاہد حسین نائب مہتمم مدرسہ عالیہ اسلامیہ امروہہ

نظر نواز خوبصورت حمائل دلکش
دفتر اشاعت القرآن بیت الشفاء امروہہ (یو پی)

دونوں سمتی باندھ کر زور سے دوڑیئے لیکن کدھر؟ ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

مشک عنبر اور جواہرات کا ایک بیش بہا مرکب
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا
بال جیون گھٹی
منیجر بال جیون کارخانہ علی گڑھ شہر (یو۔ پی)

سفید بال جڑ سے کالا

اقدام کا دور جدید
منیجر اقدام پشاور
اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ
منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

بداللہ علی الجماعۃ
سہ روزہ
الجمعیۃ
دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم

جلد ۱۸ | دہلی - یوم جمعہ ۱۰ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۵

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

عیسائی گناہ کے ارتکاب پر کیوں دلیر ہوتے ہیں؟

اسلام اور عیسائیت حق و انصاف کی میزان میں

ازبیلا کے قلب صافی پر اسلام کا ایک اور رنگ

پطرس رسول کی اخلاقی حالت

انبیاء پر بہتان

عیسائیوں پر قرآن کریم کا احسان

گندہ عقیدہ

معاصرین کے افکار و آراء

جمعیۃ علمائے ہند کا مستحسن فیصلہ (زمیندار)

ایک تازہ اطلاع مظہر ہے کہ جمعیۃ علمائے ہند نے جو مسلمانوں کی ایک خیال اور حریت پرور جماعت ہے، سول نافرمانی کے پروگرام پر خط تنسیخ کھینچنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

انگلستان میں جائز اور ہندوستان میں جرم (پیشوا)

ملازمت کا سوال (ملت)

ایک ہندو کی فیاضی (حقیقت)

مشکل راہ (ہند جدید)

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

دنیائے ادب کے ماہر سید سلیمان صاحب ندوی

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ

خطبہ صدارت حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی

مولانا ابوالکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

ختم نبوت فی القرآن
ختم نبوت فی الحدیث
ابطال اعجاز مرزا
دین مرزا کفر خالص
عامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی
صحائف رحمانیہ
حقیقت رسائل اعجازیہ
آئینہ کمالات مرزا
انوار ربانی
حقیقۃ المسیح
مسیح قادیان کی حالت کا بیان

حیات محمود سفرنامہ اسیر مالٹا

جنت اور دوزخ

پر ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمادیا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کردیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور "جنت کی کنجی" کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپیہ لی جائے گی۔ دونوں حصوں میں کل ۷۰۲۱ احادیث درج ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

سیرۃ الحبیب

تعلیم الاسلام

اعجاز القرآن

تفسیر مظہری

اورنگزیب عالمگیر پر ایک نظر

صراط مستقیم

سرتوڑ

ردکفر

علم الکلام

پاک زندگی

ابدی نجات

خاموش تبلیغ

فتاویٰ رشیدیہ

تحفۃ المحبین

دلائل الخیرات

ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

اقطار عالم میں آزادی نسواں کی رفتار

مردوں پر سبقت لیجانے کی عالمگیر تحریک

مختلف ممالک کی خواتین کا موازنہ

اسکندریہ کے ایک مسلمان عرب حال ہی میں اپنی طویل سیاحت کو ختم کر کے اپنے وطن واپس ہوئے ہیں آپ نے حجاز مقدس، ٹرکی، ایران، فرانس، جرمنی، انگلستان، چین جاپان اور امریکہ کی سیاحت میں کامل سات سال خرچ کئے ہیں۔ اب آپنے اپنی سیاحت کے مشاہدات قسط وار ایک ترکی اخبار میں شائع کرنے شروع کر دیے ہیں۔ پہلی قسط میں آپنے تحریک نسواں پر ایک لبیط مضمون سپرد قلم کیا ہے جس میں تحریک نسواں کی تاریخ اور مختلف ممالک میں اس کی اشاعت و مقبولیت کا ...

امریکہ اور فرانس

دس لاکھ چینی عورتوں اور بچوں پر تباہی

ایک سال میں ایک کروڑ بائبل کی اشاعت

وائسرائے ہند کی صدارت میں بائبل سوسائٹی کا جلسہ

یورپ کو دہریہ بتانے والے ملحدین غور سے پڑھیں

برٹش اینڈ فارن بائبل سوسائٹی کے سالانہ اجلاس کی صدارت ۲۵ راگست کو بعد دوپہر ہز ایکسلنسی وائسرائے بہادر نے فرمائی۔ برٹش اینڈ فارن بائبل سوسائٹی عیسائیوں کا وہ زبردست ادارہ ہے جس نے تمام ہندوستان میں تبلیغ مسیحیت کا زبردست جال پھیلا رکھا ہے۔ یہی ادارہ ہندوستان کے مختلف گوشوں میں ہر زبان کی بائبل (توریت، زبور اور انجیل) پہنچاتا ہے اور ہندوستانی باشندوں کو مختلف طریقوں سے عیسائی بناتا ہے ...

ہندوستان میں بیکاروں کی تعداد تین کروڑ

سوویٹ روس کا مزدور کس طرح چین کرتا ہے

طرابلس کی ایک خبر

برطانوی اور افغانی معاہدات کی مفصل تاریخ

۱۵۶۱ء سے لیکر ۱۹۱۸ء تک کے واقعات پر تبصرہ

برطانوی اور افغانی معاہدات و تعلقات کی ابتدا ... میں ہوئی جو تا حال قائم ہے۔ حکومت افغانستان کے مختلف ادوار میں برطانیہ سے جو معاہدات ہوئے وہ مستقل تاریخی حقیقت رکھتے ہیں۔ ایسے وقت میں جبکہ ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد پر آزاد قبائل پر حکومت برطانیہ بمباری کر رہی ہو ناظرین کیلئے افغانی و برطانی معاہدات کا مطالعہ خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ ذیل کے لبیط مضمون میں ان تمام معاہدات کی تاریخ درج کی جاتی ہے۔ امید ہے کہ قارئین کرام بغور ملاحظہ فرمائیں گے۔

ایرانی اور برطانوی تعلقات کی ابتداء

معاہدہ اول

معاہدۂ دوم

معاہدۂ سوم

(باقی آئندہ)

غازی امان اللہ خاں ترکی میں

سیاسیات سے علیحدگی

غازی امان اللہ خاں سابق شاہ افغانستان، ثریا بیگم کے ہمراہ روم سے ... تشریف لے آئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ غازی موصوف یہ اعلان کر چکے ہیں کہ اب انہیں سیاسیات سے پہلی سی دلچسپی نہیں ہے ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۱۰ ر جمادی الاول ۱۳۵۲ ہجری

حکومت کی سرحدی پالیسی

مسلم ارکین اسمبلی کے وفد کو وائسرائے کا جواب

سرحد کے آزاد علاقہ پر بمباری کے سلسلہ میں مسلم ارکین اسمبلی کا جو وفد وائسرائے سے ملاقات کرنے کے لئے جانے والا تھا اس کی درخواست کے جواب میں وائسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری نے جو کچھ لکھا ہے وہ مسلمانوں کے لئے اپنے اندر ہزاروں عبرت آموز سبق پوشیدہ رکھتا ہے اور اگر اس کے بعد بھی گم کردہ راہ مسلمان اپنی آنکھیں نہ کھولیں اور حقائق سے واقفیت حاصل نہ کریں تو ان سے زیادہ غفلت شعار اور نافہم قوم دنیا کے پردہ پر اور کوئی نہیں ہو سکتی۔

ہندوستان کے ایک سرے سے لیکر دوسرے سرے تک حکومت کی سرحدی پالیسی کے خلاف جن جذبات کا اظہار مسلمانوں کی طرف سے کیا جا رہا ہے وہ ہز ایکسلنسی وائسرائے کے نزدیک آنی بھی اہمیت نہیں رکھتے جتنی کہ ... حکومت کے کسی دوسرے معمولی سے معمولی مشغلہ کو حاصل ہے ...

زہر ہلاہل

معلمین کا مسودۂ قانون ملتوی

خفیہ رپورٹ

مسلمانان ہند کی بہترین "ترجمانی" و "رہنمائی"

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کے فیصلوں سے کامل اتفاق

مجاہد ملت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا بصیرت افروز بیان

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے:

"مجھے افسوس ہے کہ میں اپنی بعض ناگزیر مجبوریوں کے باعث جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ منعقدہ مراد آباد میں شریک نہ ہو سکا لیکن مجلس مذکور نے مسلمانوں کی سیاسی و مذہبی ضروریات کو ملحوظ رکھتے ہوئے جو فیصلے کئے ہیں میں اپنے آپ کو ان کے ساتھ وابستہ کرنا اپنا ایک اہم فرض سمجھتا ہوں ... مجلس عاملہ نے مسلمانان ہند کی جو صحیح ترجمانی کی ہے وہ ان توقعات کے عین مطابق ہے جو ہندوستان کے علماء و صلحاء کی ایک آزاد جماعت سے وابستہ کی جا سکتی ہیں ... پنجاب بلکہ تمام مسلمانان ہند کی نمائندگی کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ جس وقت اس کمیٹی کا پروگرام شائع ہوگا تو تمام ملک اس کا خیر مقدم کرے گا۔"

جمعیۃ علمائے ہند کے گرانقدر و اہم فیصلے

(از نامہ نگار خصوصی)

۱۹، ۲۰، ۲۱ راگست ۱۹۳۳ء کو جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کا ایک نہایت اہم اور تاریخی جلسہ مراد آباد میں منعقد ہوا جس میں جمعیۃ علماء کے ارکان محترم نے جمعیۃ کی زندگی کے چند نہایت گرانقدر و اہم فیصلے مرتب کئے ...

جمعیۃ کا آئندہ پروگرام

معلمین کا مسودۂ قانون ملتوی کر دیا گیا

(از نامہ نگار خصوصی)

شملہ ۲۷ راگست معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ معلمین کا مسودۂ قانون جو شملہ کے اجلاس اسمبلی میں پیش ہونے والا تھا اس مرتبہ بھی پیش نہ کیا جائے گا کیونکہ حج اسٹینڈنگ کمیٹی نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ اس مسودۂ قانون کو شملہ کے اجلاس میں ایجنڈا پر نہ لایا جائے اور دوبارہ سلیکٹ کمیٹی میں واپس کیا جائے ...

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

ضروری گزارش

برطانی فوج کا دستہ علاقہ غلانائی میں اب تک گشت کر رہا ہے

ڈانڈا اور غلانائی کی سڑک کا کام بدستور جاری ہے

صوبہ سرحد پر امن وامان کی اطلاع

شملہ ۲۸ اگست۔ سرحد کے حالات میں کوئی نئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے اور وہاں مکمل امن وامان ہے۔ آج پشاور بریگیڈ کے ایک پیدل دستہ نے علاقہ غلانائی کے شمال مغرب میں تلدرہ نالہ کے گرد گشت کی اس دستہ کا مقابلہ نہیں کیا گیا۔ ڈانڈا سے غلانائی تک ایم۔ ٹی روڈ پر کام تسلی بخش طریقہ پر جاری ہے۔ البتہ موسم کے خراب ہونے کے باعث کام کی تکمیل میں تاخیر ہو رہی ہے۔ کل زبردست بارش کے باعث سڑک کا کچھ نقصان ہو گیا اور گنداب میں آمدورفت دو گھنٹہ تک ملتوی رہی۔

سرحد پر بمباری کے سلسلہ میں جو مسلم وفد وائسرائے سے ملاقات کرنی چاہتا تھا وائسرائے نے ملاقات سے انکار کر دیا ہے سکرٹری آل انڈیا مسلم کانفرنس نے شملہ سے اعلان کیا ہے کہ مجالس قانون ساز مسلم ارکان کا ایک جلسہ ۳۰ اگست کو گرانڈ ہوٹل شملہ میں منعقد ہوگا جہاں خان بہادر حفیظ خاں بلکو دعوت جائے دی جائے گی۔ اس جلسہ میں دیگر امور کے علاوہ سرحدی قبائل پر گولہ باری کے معاملہ پر بھی غور کیا جائے گا۔

ملیالم کے ایک خبیث پادری کی گندہ ذہنی

روحانی دنیا کے پیشوائے اعظم کے خلاف شرمناک بدزبانی

ٹراونکور کی اسمبلی میں سوالات

پالگہاٹ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ جدید ترتیب یافتہ اسمبلی (ٹراونکور) کے اجلاس میں جو حال ہی میں منعقد ہوا ہے مسٹر ایس عبدالرحمٰن مسلم نمائندہ نے چیف سکرٹری سے استفسار کیا کہ آیا طاس کا تفصیلی کتاب "ستیان دلیشام" جس میں مقدس پیغمبر اسلام (صلے اللہ علیہ وسلم) کی شان میں بدزبانی سے کام لیا گیا ہے کے خلاف حکومت کو مسلمانوں کی طرف سے عام احتجاجی پیغامات اور تحریریں موصول ہوئی ہیں اور آیا اس شدید اضطراب کے پیش نظر جو اس کتاب کی اشاعت سے مسلمانوں کو پہنچی ہے حکومت ٹراونکور نے اس مذموم اقدام کے تدارک کے لئے کوئی کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا ہے؟

چیف سکرٹری نے جواب میں رکن موصوف کو مطلع کیا کہ "ستیان دلیشام" کے خلاف حکومت کو کثیر التعداد پیغامات احتجاج موصول ہوئے ہیں لیکن چونکہ حکومت نے اس کتاب کو ہنوز نہیں پڑھا ہے اس لئے وہ کسی فیصلہ پر نہیں پہنچ سکی چیف سکرٹری نے یہ بھی کہا کہ آج ہی حکومت کو کتاب کا ایک نسخہ موصول ہوا ہے۔

دار الحکومت

دہلی میں چھ روز سے مسلسل بارش

۴۵ انچ پانی برس چکا

دہلی ۲۸ اگست۔ پرسوں سے آج صبح تک تقریباً مسلسل بارش ہوتی رہی۔ کبھی کبھی وقفہ ہو جاتا تھا لیکن پھر وقفہ پر اس قدر ناقابل اعتبار ہوتا تھا کہ کوئی شخص یہ کہہ کر کہ اب پانی نہ برسے گا باہر نکلا اور بھیگ گیا۔ اوائل جون سے اس وقت تک دہلی میں کل ۴۵ انچ پانی برس چکا ہے۔ دہلی میں سالانہ بارش ۲۶ انچ ہوتی ہے لیکن اس سال اپریل سے ۲۸ اگست تک ۴۵ انچ بارش ہوئی۔ آسمان بالکل ابر آلود ہے اور کل رات کو موسلادھار بارش ہوتی رہی اور ہوا کی طغیانی بھی آیا۔ اور اسی بارش کی وجہ سے نئی اور پرانی دہلی کے درمیان بارہ کھمبہ کے نیچے راستہ پانی کی وجہ سے بالکل مسدود ہو گیا اور آمدورفت بند ہو گئی۔ اسی طرح پہاڑ گنج میں چھ نامنڈی تک آب ہو گئی دریائے جمنا میں بھی پانی بڑھ رہا ہے۔ لیکن ابھی تک خطرہ کا کوئی امکان نہیں ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اسی بارش کی وجہ سے ٹیلیفون وغیرہ کا سلسلہ منقطع ہو گیا تھا۔

دہلی ۲۸ اگست۔ آج سہ پہر کو بھی دہلی میں یکایک شدت کی بارش ہوئی بازار چاندنی چوک اور تمام بڑے بڑے بازار رواں ہو گئے۔

غازی محمد عثمان صاحب آزاد پر نوٹس

انقلابی پوسٹروں کی اشاعت کے متعلق شبہ!

معلوم ہوا ہے کہ مقامی سی۔ آئی۔ ڈی پولیس نے غازی محمد عثمان آزاد (شبان المسلمین کے صدر) کو حلقہ کے تھانہ میں طلب کیا تھا اور ان کی تحریر کی شناخت کے لئے ان سے ایک تحریر نمونتاً لکھوائی ہے۔ ان پر دفعہ ۱۰۲، ۱۱۵، ۱۱۷ کے ماتحت نوٹس کی تعمیل کی گئی تھی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ان کے ساتھ ڈاکٹر نور احمد صاحب سکرٹری شبان المسلمین کے پاس بھی اسی قسم کا ایک نوٹس آیا ہے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ پولیس بعض انقلابی پوسٹروں کی اشاعت اور طباعت کے متعلق تحقیقات کے سلسلہ میں ہوئی تھی۔

جامعہ ملیہ میں ایک دلچسپ مباحثہ

اردو اکاڈمی جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اہتمام میں ایک عام مباحثہ ۳۱ اگست کو بوقت ۸ بجے شب تعلیمی مرکز قرول باغ میں منعقد ہوگا۔ مباحثے کا موضوع حسب ذیل ہوگا۔

"موجودہ حالات میں قوم پرور جماعت کا مجالس واضع قوانین کو نظر انداز کرنا قوم اور ملک کے مفاد کے منافی ہے۔"

جناب آصف علی صاحب بیرسٹر، جناب نور الدین صاحب بیرسٹر، جناب خواجہ سعید حسن صاحب، استاد قانون دہلی یونیورسٹی، ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ، مولوی شفیق الرحمٰن صاحب قدوائی، ڈاکٹر عبد العلیم صاحب اور دیگر معززین مباحثے میں حصہ لیں گے۔ امید ہے کہ آپ وقت پر تشریف لا کر شکریہ کا موقع دیں گے۔ (سید عابد حسین ناظم اکاڈمی)

کنیز فاطمہ کے مقدمہ کی سماعت

عدالت میں ملا مظہر الدین کا چال چلن

دہلی ۲۸ اگست۔ کنیز فاطمہ والے مقدمہ میں آج چودھری بلدیو سنگھ مجسٹریٹ درجہ اول کے اجلاس میں مسٹر پوتھن جوزف چیف ایڈیٹر ہندوستان ٹائمز کا بیان بطور گواہ صفائی ہوا۔

ایڈیٹر صاحب نے اپنے بیان میں کہا کہ جون ۱۹۳۲ء میں ایڈیٹر تھا مسٹر الیس۔ این بھارتی کا نام کر رہے تھے اگر کوئی خبر غلط شائع ہو جائے تو اخبار کا ایڈیٹر ذمہ دار ہے۔ خواجہ حسن نظامی سے واقف ہوں۔ مجھے علم نہیں کہ مولانا مظہر الدین ایڈیٹر الامان کو ایک نو مسلمہ سے خلافت کمیٹی کے دفتر میں زنا بالجبر کرنے پر زدوکوب کیا گیا تھا۔ حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم سے میں واقف نہیں مولانا محمد علی مرحوم سے میں واقف ہوں۔ عدالت نے بحث کے لئے ۵ ستمبر مقرر کی ہے۔ (وطن)

انجمن تہذیب الکلام کا اجلاس

حکومت بمباری کی پالیسی کو ترک کرے

انجمن تہذیب الکلام کے ایک جلسہ میں صوبہ سرحد کے آزاد قبائل پر بمباری کے خلاف مندرجہ ذیل تجاویز منظور کی گئیں۔

تجویز اول: انجمن تہذیب الکلام دہلی کا یہ جلسہ حکومت ہند کی اس بے انسانیت سوز پالیسی کے خلاف جو اس نے صوبہ سرحد کے آزاد قبائل پر بمباری کر کے ان کی آزادی کو تباہ و برباد کیا ہے اظہار نفرت کرتے ہوئے حکومت ہند سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بہت جلد اپنی پالیسی کو بدل کر مسلمانان ہند کے جذبات کا احترام کرے اور ان مظلوم آزاد قبائل کے ساتھ بہت جلد مصالحانہ کارروائی اختیار کرے۔

تجویز دوم: انجمن تہذیب الکلام دہلی کا یہ جلسہ مسلم ممبران اسمبلی سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ حکومت سے سوال کریں کہ اس نے صوبہ سرحد کے ان آزاد قبائل کے بارے میں اس قدر سخت پالیسی کیوں اختیار کی اور باوجود مسلمانان ہند کے صدائے احتجاج بلند کرنے کے اب تک اس درد ناک پالیسی کو کیوں نہیں بدلا اور ساتھ ہی حکومت سے مطالبہ کریں کہ بمباری سے جو جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں اس کی صحیح رپورٹ شائع کرے۔

محمد شفیع ناظم انجمن تہذیب الکلام دہلی

بزم نشاط دہلی کا جلسہ

بزم نشاط دہلی کے ماتحت افرو فرینڈز اسکول واقع گلی قاسم جان میں مورخہ ۳۱ اگست ۱۹۳۳ء بروز جمعرات ۹ بجے شب زیر صدارت جناب عبد الغنی صاحب بی۔ اے (آنرز) مباحثہ ہونا قرار پایا ہے اس جلسہ میں موضوع بحث مندرجہ ذیل ہوگا

"موجودہ زمانہ ترقی پر ہے"

سکرٹری بزم نشاط

جدہ سے مکہ تک ریلوے لائن

تعمیر کا کام تین سال میں مکمل ہو جائے گا

ڈاکٹر ایس۔ اے۔ کے جیلانی ساکن مدراس نے جو ابھی حجاز سے بمبئی واپس آئے ہیں، گورنمنٹ ابن سعود سے ۶۰ میل لمبی ریلوے لائن جدہ سے مکہ تک تعمیر کرنے کی اجازت حاصل کی ہے۔ ریلوے لائن کے تعمیر ہو جانے پر امید کی جاتی ہے کہ مدینہ شریف اور دیگر مقامات تک اس کی توسیع کی جائے گی۔

جدہ سے مکہ تک ریلوے لائن کے تعمیر ہونے میں تین سال صرف ہوں گے۔ اس ریلوے لائن کی تعمیر میں تقریباً ۴۰ لاکھ روپے صرف ہوگا جس کو فراہم کرنے کے لئے مدراس میں ایک رقم مذکور حصوں میں تقسیم کی گئی ہے ہر حصہ ساٹھ روپیہ کا ہوگا جس کے ادا کرنے کے لئے ہر دو ماہ کی ایک قسط ہوگی۔ اور ہر قسط پر مبلغ ۵ روپیہ ادا ہوگا۔ اور مبلغ ۵ درخواست کے ساتھ بھیجنا ہوگا۔

۵ لاکھ روپیہ سردست لگایا جائے گا۔ باقی دس لاکھ روپیہ حصص کے فروخت ہونے پر فراہم کیا جائے گا۔

شملہ میں انجمن ترغیب الصلوٰۃ کا جلسہ

مقتدر علماء کرام کی شرکت

جیسا کہ گذشتہ الجمعیۃ میں اعلان کیا گیا تھا شملہ کی جامع مسجد میں انجمن ترغیب الصلوٰۃ کا جلسہ تین روز تک ہوا جس میں حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، مولانا عبد الماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی، مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور مولانا اسد اللہ صاحب سہارنپوری نے شرکت فرمائی۔ اجلاس نہایت کامیابی کے ساتھ ختم ہوا۔

(مفصل کارروائی آئندہ)

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مراجعت

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند انجمن ترغیب الصلوٰۃ شملہ کے اجلاس میں شرکت کے بعد گذشتہ شب دہلی تشریف لے آئے۔ معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا کے دوران قیام شملہ میں مسلم ارکان اسمبلی نے صوبہ سرحد کی بمباری اور سرحدی تعلیمی قانون کے متعلق تبادلہ خیالات کیا۔ امید کی جاتی ہے کہ گفتگو نتیجہ خیز ثابت ہوگی۔ (نامہ نگار)

ایک مسلم طالب العلم کی حوصلہ افزائی

علیگڈھ۔ مسٹر ضیاء الدین جو علیگڈھ یونیورسٹی کے ہونہار ریسرچ سکالر ہیں ان کو جرمنی میں جا کر سائنس کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے وہاں کا ایک وظیفہ دیا گیا ہے۔ آپ بہت جلد یونیورسٹی آف بون میں فزکس کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے وہاں تشریف لے جائیں گے۔

مصالحت کی گفتگو کا امکان

مسٹر اینڈریوز کی مساعی

بمبئی ۲۸ اگست۔ گاندھی جی نے الیوشی ایٹڈ پریس کے نمائندے سے ملاقات کے دوران میں جن خیالات کا اظہار کیا تھا، ان کی روشنی میں توقع کی جاتی ہے کہ انفرادی سول نافرمانی کو بھی کلیتہً ملتوی کئے جانے کا اعلان کیا جا سکتا ہے لیکن اس بارے میں باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ حکومت کی روش کا انتظار ہے۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اگر حکومت کی طرف سے ذرا بھی خیر سگالی کا ثبوت ملا تو مصالحت اور مفاہمت کے راستے کھل جائیں گے۔

گو گاندھی جی ابھی کم سے کم دو ہفتہ اس قابل نہ ہو سکیں گے کہ "پرن کٹی" سے باہر نکل سکیں تاہم تعجب نہیں کہ انہیں اس سلسلہ میں بمبئی اور پھر وہاں سے شملہ بھی جانا پڑے۔ مگر قبل اس کے کہ کوئی اس قسم کی صورت پیدا ہو، امید کی جاتی ہے کہ تاروں اور خطوں کے ذریعہ بہت سے امور طے ہو جائیں گے۔

مسٹر سی۔ الیف۔ اینڈریوز ابھی پونا میں ہیں اور تقریباً روزانہ مسٹر گاندھی سے ملاقات کرتے رہتے ہیں۔ ان کوششوں کے متعلق وہ بالکل خاموش ہیں۔ تاہم ان کی موجودگی سے توقع کی جاتی ہے کہ اچھے نتائج ظہور پذیر ہوں گے۔

مسافر گاڑی کو تباہ کرنے کی کوشش

مدراس کے قریب ٹرین بال بال بچ گئی

مدراس ۲۸ اگست۔ جنوبی مدراس ریلوے لائن پر بکالا اسٹیشن کے قریب ٹرین کو الٹنے کی ایک گہری سازش کی اطلاع آئی ہے وہ تو کہئے کہ ڈرائیور نے ہوشیاری سے کام لیا اور حادثہ کے قریب پہنچنے سے پہلے بریک لگا کر انجن کو روک لیا ورنہ خدا جانے کیا ہوتا۔ پھر بھی انجن کو تھوڑا سا صدمہ پہنچ ہی گیا۔

جس وقت ۲۸ ڈاؤن پسنجر ٹرین بکالا کے قریب پہنچ چکی تھی تو انجن لکڑی کے دو بڑے کندوں سے ٹکرا گیا اگر ڈرائیور نے انجن کو فوراً روک نہ لیا انجن کے رکنے کے بعد پتہ چلا کہ پٹری پر بہت سے پتھر اور بہت سی لکڑیاں جمع ہیں جس سے راستہ بند ہے۔ انجن کو کسی قدر نقصان پہنچ گیا۔

انیگلو انڈین اخبارات کا رویہ

گاندھی جی کے برت پر شدید حملہ

آج کل بعض اینگلو انڈین اخبارات کی صحافت کا سب سے بڑا معیار یہ ہو گیا ہے کہ وہ ہندوستان کے قومی جذبات کی توہین کریں۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں گاندھی جی سب سے زیادہ مورد طعن و تشنیع رہتے ہیں۔ حال میں کراچی کے اخبار "ڈیلی گزٹ" نے اس قسم کا ایک مضمون لکھا تھا، دہلی کے اخبار "نیشنل کال" نے اس پر شور مچایا تھا اب شملہ کی اطلاع مظہر ہے کہ دیوان لال چند نول رائے نے جیفیہ مقننہ میں اس پر سوالات بھی کئے ہیں۔

"ڈیلی گزٹ" نے مضمون کا عنوان "مسٹر گاندھی کا آخری کارنامہ" تھا جو اس کی اشاعت مورخہ ۲۴ اگست میں شائع ہوا ہے۔ اور اس میں اس نے گاندھی جی کے گزشتہ برت پر نکتہ چینی کی ہے۔ مسٹر لال چند نے حکومت کو توجہ دلائی ہے کہ وہ اخبار مذکور کے خلاف مناسب کارروائی اختیار کرے۔ اگر وہ کوئی کارروائی کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی تو کیوں؟

سفید کاغذ کے سوا اور کچھ نہ ملیگا

سر این۔ این سرکار کی تقریر

کلکتہ ۲۶ اگست۔ آج تیسرے پہر انڈین نیشنل چیمبر آف کامرس کے صدر نے ایک پارٹی دی جس میں سر این۔ این سرکار نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میرے خیال میں تو کسی ہندوستانی کو یہ امید نہیں ہوگی کہ شہنشاہ انگلستان کی حکومت قرطاس ابیض کی سفارشات سے ایک قدم بھی آگے بڑھنے والی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ کہیں کہیں کچھ تغیر و تبدیل ہو جائے لیکن اہم سفارشات بالکل تبدیل نہیں ہوں گی۔ اور جہاں تک بنگال کی مالی حالت کو سہارا دینے اور امداد پہنچانے کا تعلق ہے میرے خیال میں یہ آپ خوب جانتے ہیں کہ آپ کہاں ہیں۔ بنگال کی مالی حالت کو امداد پہنچانے کی مخالفت کی جا رہی ہے اور بعض ہوچکا ہے کہ بنگال بغیر امداد کے اپنے آپ کو سنبھال سکتا ہے۔ مجھے کسی سے بھی ہمدردی کی توقع نہیں ہے اب جو کچھ کرنا ہے اپنے لئے کرو۔

ڈیڑھ ارب کا سونا باہر جا چکا

بمبئی ۲۶ اگست۔ ہفتہ مختتمہ ۲۶ اگست تک ۱۹۸،۱۱،۷۳ روپیہ کا سونا بمبئی سے غیر ممالک کو بھیجا گیا جب انگلستان نے طلائی معیار ترک کیا ہے ہندوستان سے ۱،۴۷،۰۳،۹۳،۲۱،۲۹ روپیہ کا سونا ہندوستان سے باہر جا چکا ہے۔

ہندوستانی صنعت پارچہ بافی کا تحفظ

موجودہ قانون کی میعاد میں توسیع

اسمبلی میں سر جوزف بھور کا بیان

شملہ ۲۸ اگست۔ سر جوزف بھور نے آج اسمبلی میں تانون تحفظ صنعت سوتی پارچہ بانی بابت ۱۹۳۰ء میں مزید ترمیم کا بل پیش کیا جس کے مندرجہ ذیل اغراض و مقاصد بیان کئے گئے۔

قانون تحفظ صنعت سوتی پارچہ بافی بابت ۱۹۳۰ء کے ذریعہ غیر ملکی مقابلہ سے ہندوستان کی صنعت سوتی پارچہ بافی کی حفاظت کرنے کے لئے سوتی پارچہ پر تین سال کے لئے حفاظتی محصول لگائے گئے تھے۔ اس قانون کے ذریعہ جن مزدوروں کی خراب حالت سے پیدا شدہ غیر مناسب مقابلہ کے باعث انڈین ٹیرف ایکٹ بابت ۱۹۲۶ء کی میعاد میں تین سال کی توسیع کر دی گئی تھی اس محصول کی میعاد ۳۱ مارچ ۱۹۳۳ء کو ختم ہوتی تھی لیکن قانون تحفظ صنعت سوتی پارچہ بافی بابت ۱۹۳۳ء میں ترمیم کر کے اس کی میعاد میں ۳۱ اکتوبر تک کا اضافہ کر دیا گیا تاکہ اس دوران میں صنعت سوتی پارچہ بافی کے تحفظ کے متعلق ٹیرف بورڈ کی رپورٹ کے بارے میں حکومت ہند کوئی فیصلہ کر سکے چونکہ ہندوستان اور جاپان کے درمیان معاہدہ بابت ۱۹۰۴ء کو منسوخ کر دیا گیا تھا اس لئے یہ خیال ہے کہ جاپان اور ہندوستان کے درمیان جدید تجارتی معاہدہ کیا جائے۔ اس سلسلہ میں حکومت ہند کے ساتھ تبادلہ خیالات کرنے کے لئے جاپانی نمائندے حال ہی میں آنے والے ہیں۔ جاپانی نمائندوں کے ساتھ گفت و شنید کو مد نظر رکھتے ہوئے حکومت ہند کی رائے ہے کہ اس کو حکومت ہند کی صنعت پارچہ بافی کے تحفظ کے متعلق ٹیرف بورڈ کی رپورٹ کے بارے میں اپنے فیصلہ کو موجودہ اجلاس اسمبلی میں قانونی شکل دینی نہ چاہئے کیونکہ غالباً یہ ہے کہ جاپانی نمائندوں کے ساتھ گفت و شنید کے نتائج کی روشنی میں حکومت ہند کو اپنے فیصلہ میں اہم تبدیلی کرنی پڑے۔ لہٰذا بل کے ذریعہ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ ہندوستانی صنعت تحفظ پارچہ بافی کو قانون تحفظ صنعت سوتی پارچہ بافی بابت ۱۹۳۰ء (در اس میں مزید ترمیم) کے ذریعہ جو موجودہ تحفظ حاصل ہے وہ ۳۱ مارچ ۱۹۳۴ء تک مزید جاری رہے۔

پریوی کونسل میں اپیل

مقدمہ سازش میرٹھ کی مدافعت

لکھنؤ ۲۷ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ مقدمہ سازش میرٹھ کے ملزموں کی اپیل کی درخواست پریوی کونسل میں دئے جانے کے سوال پر غور کیا جا رہا ہے۔ ملزموں کے وکیل ڈاکٹر کاٹجو اور مسٹر پنڈت بیرسٹر ہائیکورٹ اس مقصد کے پیش نظر اس مقدمہ کے فیصلہ کا مطالعہ کر رہے ہیں۔

بیان کیا جاتا ہے کہ الہ آباد ہائیکورٹ کی گیارہ کا بیان ... [illegible] مقدمہ کا فیصلہ ہے تعامل ... مقدمہ سازش میرٹھ کے ملزموں کو دی گئی ہیں۔ جو ابھی تک جیل میں مقید ہیں۔ اور وکلاء صفائی نے انہیں مشورہ دیا ہے کہ آپ پریوی کونسل میں اپیل کرنے کے متعلق غور کریں اس سلسلہ میں مسٹر پنڈت کو بھی معلوم ہوا ہے کہ مقدمہ سازش میرٹھ کے انگریز ملزموں کے ڈیفنس کمیٹی پریوی کونسل میں اپیل کی درخواست کے بارے میں الہ آباد کے وکلاء صفائی کے مشورہ کا انتظار کر رہی ہے۔ رخصتوں کی وجہ سے پریوی کونسل میں درخواست دینے کے خاص اجازت اکتوبر سے پہلے نہیں دی جا سکتی۔

حیدرآباد میں میلاد النبی کی تقریبات

فرمانروائے دکن کا فرمان

حیدرآباد (دکن) ۷ اگست۔ الیوسی ایٹڈ پریس کا ایک پیغام مظہر ہے کہ اعلیٰ حضرت حضور نظام نے ایک فرمان واجب الاذعان جاری کیا ہے جس میں میلاد النبی کے سلسلہ میں تقریبات ادا کرنے کے متعلق اہم ہدایات فرمائی گئی ہیں۔ آپ نے بیان فرمایا ہے کہ اس وقت تک ریاست میں مختلف تاریخوں پر اور مختلف مقامات پر میلاد النبی کی تقریب منائی گئی ہے آئندہ جہاں یہ تقریب مقرر و مہینہ میں منائی جائے گی وہاں رجب کے مہینہ میں منائی جائے۔ جو معراج شریف کی وجہ سے مقدس مہینہ ہے نیز حضور نظام نے ہدایت فرمائی ہے کہ اس سلسلہ میں تقریبات مختصر ہوں تاکہ سامعین کی توجہ پورے طور پر مرکوز رہ سکے۔

فرانس اور روس میں معاہدہ

پیرس ۲۷ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ کمیٹی کی مراسلت کے بعد ایک مسودہ تحریر ہوا جس میں فرانسیسی اور سرمایہ کے بشوں کے درمیان اقتصادی معاہدہ کا خاکہ تیار کیا گیا۔

اشوری بغاوت عالمگیر جنگ میں تبدیل ہو جائیگی

ایک ہمسایہ حکومت باغیوں کی مدد کر رہی ہے

حکومت عراق نے اسلحہ کی تیاری کیلئے جاپان کو آرڈر دیدیا

حکومت عراق نے اشوری قبائل کی بغاوت فرو کر دی ہے۔ اشوری بغاوت کو کچل کر واپس آنے والی فوجوں کا بغداد میں شاندار استقبال کیا گیا۔ ہزار ہا عرب اچھلتے کودتے اور گاتے ہوئے فوج کے آگے آگے چل رہے تھے اور پردہ نشین عورتیں مکانوں کی چھتوں اور برآمدوں سے پھول برسا رہی تھیں۔ جب شاہ فیصل نے اپنے محل کے برآمدہ سے فوجوں کا استقبال کیا تو لوگوں نے پرجوش تالیوں سے ان کا خیر مقدم کیا۔

لندن کے اخبارات ابھی تک حکومت عراق پر اشوریوں کے بچوں اور عورتوں کے قتل کا الزام لگا رہے ہیں۔ لندن کی ایک خبر مظہر ہے کہ اشوریوں کی ایک تعداد نے حکومت عراق کے سامنے ہتھیار ڈال دئے ہیں لیکن ان میں سے اکثر ابھی تک باغیانہ طور پر قائم ہیں وہ حکومت عراق کے خلاف زبردست قدم اٹھانے کا ارادہ رکھتے ہیں وہ فوج اکٹھی کر رہے ہیں اور ایک ہمسایہ سلطنت سے امداد کے طلب گار ہیں۔ اگر کسی ہمسایہ حکومت نے ان کی مدد کی تو یہ لڑائی عالمگیر جنگ میں تبدیل ہو جائے گی۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت عراق نے اسلحہ کی تیاری کے لئے جاپان کو آرڈر دیدیا ہے۔ اس خبر سے برطانیہ میں بے چینی پھیلی ہوئی ہے کیونکہ یہ معاہدہ کی خلاف ورزی ہے۔

مالگزاری میں تخفیف

حکومت یوپی کی جدید تجویز

لکھنؤ ۲۷ اگست۔ مقامی حکومت نے جو نئی اسکیم تجویز کی ہے کہ آراضی کی حیثیت اور لگان کی کمی بیشی کے مطابق سرکاری مطالبہ میں خود بخود کمی بیشی ہو جایا کرے وہ اب تقریباً مکمل ہو گئی ہے۔ پٹواریوں نے موضع وار نقشہ تیار کر دئے ہیں جن میں نہری زمین اور معمولی زمین کی حیثیت جدا گانہ درج ہے اور اجناس کے نرخ میں جو کمی بیشی ہوگی اس کا اندازہ بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ سرکاری مالگزاری حقیقت آراضی اور پیداوار کے مطابق خود بخود گھٹ بڑھ جایا کرے گی۔ یعنی جو کاشتکار کے مطابق جانچ کی جائے گی اور جو لگان وصول ہوگا اس کے مطابق مالگزاری عائد ہوگی۔ یہ سب نقشے اب تحصیلات سے ضلع میں پہنچ گئے ہیں۔ ادھر وہاں جانچ ہو رہی ہے۔ مسٹر ٹرنر سابق ریونیو سکرٹری اس اسکیم کو عمل میں لانے کے لئے اسپیشل افسر مقرر ہو گئے۔ عنقریب کاشتکاروں کو اطلاع نامے جاری ہونے والے ہیں کہ ان کے بٹواریوں کی یک نا شنی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ پیش کریں۔

برطانی مال کی درآمد میں اضافہ

ریاستوں کو حملوں سے روکنے کیلئے جدید بل

اخبارات اور اشخاص کیلئے شکنجہ

شملہ ۲۸ اگست۔ تین روز کی تعطیلات کے بعد اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا مسٹر گیا پرشاد سنگھ کے سوال کے جواب میں سر جوزف بھور نے فرمایا کہ معاہدہ اٹاوہ کے نتیجہ کے طور پر ہندوستان سے چاول اور چاول کی برآمد کو بڑا زبردست فائدہ پہنچا ہے اور برطانیہ سے سوتی پارچہ اونی پارچہ موٹر کاروں اور ظروف کی برآمد میں نمایاں اضافہ ہو گیا ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں سر جوزف بھور نے کہا کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ جاپان میں ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ موثر ثابت نہیں ہوا ہے اور سیلوں کے ساتھ ٹیرف کے متعلق باہمی ترجیحی سلوک کے بارے میں گفت و شنید ابھی تک ختم نہیں ہوئی ہے۔ سر ہیری ہیگ نے مسٹر گیا پرشاد سنگھ کے سوال کے جواب میں کہا کہ برطانی ہند میں ایسا کوئی قانون نہیں ہوا کہ شاردا ایکٹ سے بچنے کے لئے کوئی شخص شادی کرنے کے لئے کسی ریاست یا چندر نگر گیا ہو۔

سر ہیری ہیگ نے آج اسمبلی میں ہندوستانی ریاستوں کے تحفظ کا بل پیش کیا اس بل کے اغراض و مقاصد کا بیان درج ذیل ہے۔

موجودہ چند سال کے تجربہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ معمولی قانون ہندوستان کی دیسی ریاستوں کو ان کارروائیوں سے محفوظ رکھنے میں تاصر ہے جو برطانی ہند میں ایسی ریاستوں کے انتظامات میں مداخلت کرنے یا بدامنی پیدا کرنے یا انہیں الٹ پلٹ کرنے کی غرض سے کی جائیں۔ مزید برآں جو دستوری تبدیلیاں ہونے والی ہیں ان کا یہ تقاضا ہے کہ برطانی حکام میں فیڈریشن کے تمام اجزاء کو اس شورش سے محفوظ رکھ سکیں جو برطانی ہند میں ان کے خلاف شروع کی جائے سیاسی شورش جس طرح کی ہو سکتی ہے۔

(۱) اخبارات میں حملے کرنا۔

(۲) ایسی کارروائیوں کو ترتیب دینا جو ریاستی حکومتوں کے خلاف مرکوز ہوں۔

(۳) ایسی تحریکوں کی تنظیم جس سے برطانی ہند سے لوگ جوق در جوق ریاستوں میں داخل ہوں۔

یہ مناسب خیال کیا جاتا ہے کہ جو ریاستیں تاج برطانیہ کے ماتحت ہیں ان کو ایسی کارروائیوں کے خلاف تحفظ حاصل ہو اور اسی غرض سے یہ بل تیار کیا گیا ہے۔ اس بل کی رو سے تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۲۱ میں ترمیم کر کے ریاستیں بھی اس میں شامل کی جا رہی ہیں اور پریس کا ایمرجنسی قانون ریاستوں پر بھی اطلاق پاسکے اس میں ان طاقتوں کا بھی ذکر ہے جو ہماعتوں کو اس بلوے میں جاری کی جا سکتی ہیں کہ ان کو کسی خاص کام کی ممانعت کر دی جائے اور اس کی خلاف ورزی کرنے کی سزائیں بھی اس بل میں درج ہیں۔

دو طوائفوں کی سنگدلی

اندور ۲۸ اگست۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ دو زنان بازاری ... چندہ اور بادی بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے ایک شخص کو ... اور تیل ڈال کر جلا دیا جس کی وجہ سے اس کا تمام جسم جھلس گیا۔ اس شخص کو ہسپتال میں پہنچایا گیا جہاں وہ دوسرے دن مرگیا۔ ہر دو زنان بازاری کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

اسمبلی میں ڈاکٹروں کے متعلق قانون

شملہ ۲۸ اگست۔ اسمبلی میں ڈاکٹروں کے متعلق ایک قانون سرب ہو کر پیش ہوا ہے اس میں مجلس منتخبہ نے اپنی رپورٹ پیش کر دی مجلس کی رائے ہے کہ ہر صوبہ میں ڈاکٹروں کی رجسٹری ہو اور تعلیم کا معیار یکساں مقرر ہو میڈیکل کونسل کا صدر چار برس تک گورنمنٹ کی نامزدگی سے مقرر ہو۔ اس کے بعد کمیٹی جس کو چاہے منتخب کرے۔ اگر ولایتی یونیورسٹیاں ہماری ڈگریوں کو نہ منظور کریں تو ہم کو بھی حق ہوگا کہ ان کی طبی ڈگریوں کو نہ منظور کر سکیں۔

سمندر میں کئی اشخاص غرقاب

احمد آباد ۲۸ اگست۔ بلسار سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ساحل کے نزدیک سمندر میں زبردست طوفان آیا جس میں بہت سے اشخاص ڈوب گئے اس وقت تک چار لاشیں کنارے پر آئی ہیں۔ اور بہت سے اشخاص لاپتہ ہیں۔ کنارے کے نزدیک ایک کشتی سمندر میں غرق ہو گئی تھی۔ یہ طوفان میں گھر کر ڈوب گئی۔

مدراس میں پکٹنگ اور جلوس

مدراس ۲۸ اگست۔ مسٹر مدد آچاریہ اور ... نے آج جامع ... گرفتار ... ایک جلوس کی شکل میں چلا ... گشت لگایا اور نعرے لگائے جس میں وہ لوگوں کو سودیشی استعمال کرنے کی تلقین کر رہے تھے۔

سمندر کو عبور کرنے سے ناپاک ہو گئے

مسٹر اچاریہ کفارہ ادا کریں گے

لندن ۲۸ اگست۔ انگلینڈ سے روانہ ہوتے وقت قدامت پسند ہندوؤں کے نمائندے مسٹر ایم کے آچاریہ نے جو لندن آخرم سوراجیہ سنگھ کی طرف سے پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے شہادت دینے کے لئے گئے تھے سنڈے ٹائمز کے نمائندے کے ساتھ ملاقات کے دوران میں کہا کہ میں نے سمندر کو عبور کر کے لندن آنے میں جو گناہ عظیم کیا ہے ہندوستان پہنچ کر میں اس کا کفارہ ادا کروں گا میں دریائے گنگا کے کنارے ڈیرہ ڈالوں گا اور پندرہ روز تک ہر روز دریائے گنگا میں اشنان کر کے پوتر ہو جاؤں گا۔ ہندوستان پہنچنے پر یہ میرا سب سے پہلا کام ہوگا۔

نازی پروپیگنڈہ سے فرانس کی پریشانی

پیرس ۲۸ اگست۔ علاقہ سار کے پچاس ہزار سے زیادہ باشندے جنوبی ... بنڈرالا وس ٹے گئے ہیں ... جرمنی سے اپنی ... عقیدت ظاہر کریں۔ نازی پروپیگنڈا اس علاقے میں زوروں سے ہو رہا ہے ... میں یہ طے ہوگا کہ آیا یہ علاقہ لیگ کے ماتحت رہے گا یا جرمنی یا فرانس میں شامل کیا جائے گا۔ اطلاع ملی ہے کہ انتظامیہ کمیشن کا چیرمین لیگ اقوام سے نازیوں کے پروپیگنڈے کے خلاف پروٹسٹ کرے گا۔ پیرس میں اس وجہ سے اضطراب ہے۔

روس اور جاپان کی جنگ

ہاربن ۲۸ اگست۔ مانچوکو گورنمنٹ نے سوویٹ قونصل جنرل کو منچوریا سرحد پر روسی خفیہ پولیس کے چھاپوں کے خلاف زبردست احتجاجی مراسلہ ارسال کیا ہے۔ جس میں ایسے واقعات کی وضاحت کی گئی ہے جن میں اس قسم کے چھاپوں کے دوران میں متعدد اشخاص کا قتل ہو چکا ہے۔ متعدد مکانات جلائے جا چکے ہیں۔ اس مراسلہ کے الفاظ بڑے سخت ہیں اور خاتمہ پر دھمکی دی گئی ہے کہ اگر یہ چھاپے فوراً بند کر دئے گئے تو نتائج نہایت خطرناک ہوں گے۔

جنگ کے خطرہ سے فرانسیسی چھاؤنیوں کا معائنہ

پیرس ۲۷ اگست۔ موسیو ڈلاڈیا وزیر اعظم فرانس نے پیٹنٹ کے پیرس میں کوئی طلب کرتے ہوئے کہا کہ فرانس آسٹریا کو آزادی دلانے کا عزم بالجزم ...

شیاک کا برفانی پشتہ پھر ٹوٹ گیا

۵۰ فٹ تک پانی کا چڑھاؤ

کراچی ۲۸ اگست۔ شیاک کے پشتہ کے متعلق حسب ذیل اطلاع وصول ہوئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ پانی اسکارڈو تک پہنچ گیا ہے۔ اور دریائے سندھ کے جنوب میں سیلاب آ رہا ہے۔ ۲۷ اور ۲۸ اگست کی شب کو اسکارڈو میں ۳ فٹ پانی چڑھ گیا تھا اور اب تک ۲۹ فٹ چڑھ چکا ہے۔

حکومت ہند کو اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل تار موصول ہوا ہے۔ خانسر میں آج گیارہ بجے دوپہر تک ۵۰ فٹ پانی چڑھ گیا ہے۔ شیاک کا پشتہ ٹوٹ گیا ہے۔ سیلاب آ رہا ہے۔

دوسرا تار اسکارڈو کا ۲۷ اگست کو آیا ہے۔ سلیمہ سے وزیر نے بذریعہ تار اطلاع دی تھی کہ آج دوپہر کو ۱۱ بجے شیاک کا پشتہ ٹوٹ گیا ہے۔ خانسر میں پانی کی گہرائی ۵۰ فٹ ہے۔ اسکارڈو میں ابھی سیلاب نہیں آیا ہے۔

اسکارڈو سے مورخہ ۲۷ اگست کا مندرجہ ذیل تار وصول ہوا ہے: ۱۲ بجے رات کو یہاں بھی سیلاب آ گیا ہے ۲۷ فیٹ پانی چڑھ گیا ہے۔ اور ابھی تک برابر چڑھ رہا ہے۔ آج صبح کے تار مظہر ہے کہ طغیانی میں کمی ہو رہی ہے ۱۹۲۹ء اور ۱۹۳۲ء کے سیلاب کے مقابلہ میں اس سال کا سیلاب بہت کم ہے۔ خوف اور اندیشہ کی کوئی وجہ نہیں ہے اسکارڈو میں چار یا پانچ گھنٹہ تک سیلاب رہا۔ اور اس کے بعد پانی کم ہونا شروع ہو گیا۔ اٹک میں بھی ایک یا دو دن میں سیلاب آنے کی توقع کی جاتی ہے۔ ایک ہفتہ کے اندر سکھر تک سیلاب پہنچ جائے گا اور اس کے بعد پانی پھیل جائے گا اور طغیانی کم ہو جائے گی۔

اسکارڈو میں طغیانی ۲۹ فٹ تک پہنچی اور اس کے بعد پانی کم ہونا شروع ہو گیا۔ اٹک میں پانی کا چڑھاؤ ۲۴ فٹ تک ہوگا۔ سکھر میں ساڑھے پندرہ فیٹ اور کوٹری میں ۲۲ فٹ تک امید کی جاتی ہے کہ موجودہ سیلاب سے زیادہ نقصان نہیں ہوگا۔

قائم مقام صدر پر اعتراض

ڈکٹیٹر شپ توڑنا خلاف آئین ہے

برار کے کانگریسی لیڈر کا اعلان

امراوتی ۲۸ اگست۔ مسٹر لکشمن راؤ لیلے جو برار کے "لیڈر" ہیں تحریر فرماتے ہیں کہ "میں سردار سردول سنگھ صاحب کو لیشر کے اس بیان کو پڑھ کر متحیر رہ گیا جس میں انہوں نے اس بات کا اعلان کیا ہے کہ گاندھی جی کی خواہش کے مطابق وہ ڈکٹیٹروں کے عہدے کو توڑتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ ڈاکٹر صاحب کا یہ فیصلہ خلاف آئین ہے۔

مسٹر ایم۔ ایس۔ آنے قائم مقام صدر کانگریس نے اپنے بیان مجریہ ۱۴ جولائی ۱۹۳۳ء میں جہاں انہوں نے کانگریس کی مجلس عاملہ کے ان اراکین سے پوری طرح مشورہ کرنے کے بعد مرتب کیا تھا جو پونا میں موجود تھے پونا کانفرنس کی اکثریت کی رائے کے مطابق تھا۔ یہ اچھی طرح واضح کر دیا تھا کہ جہاں تک ممکن ہو سکے ڈکٹیٹروں کے سلسلہ کو قائم رکھنا چاہئے۔

اپنی گزشتہ تقریر میں برار کانگریس کمیٹی کا مجھے ڈکٹیٹر بنائے ہوئے جو انہوں نے اکولہ میں اپنی گرفتاری سے چند منٹ قبل کی تھی، مندرجہ بالا حقیقت پر کافی زور دیا تھا اور پبلک سے اپیل کی تھی کہ وہ کانگریس کو ڈکٹیٹروں کی صورت میں قائم رکھیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ڈکٹیٹر ہی اب کانگریس کی نشانی رہ گئے ہیں۔ اس لئے سردار سردول سنگھ صاحب کا اعلان صدر آنے کے حکم کے بالکل خلاف ہے جو کانگریس کی مجلس عاملہ کی مرضی کے مطابق اور جس کی اسی سے بنیاد تھی ان کا حکم آئینی اختیارات سے بالکل متجاوز کر جاتا ہے۔

معلوم نہیں کوئی شخص ہے کہ اس اعلان نے ایک نئی پیچیدگی پیدا کر دی ہے۔ میری رائے میں یہی وقت ہے کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی ایک جگہ جمع ہو اور اس اہم آئینی سوال کو طے کرنا چاہئے۔

مندرجہ بالا بیان کے ساتھ یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ مسٹر لیلے برار کے کانگریسیوں کی ایک کانفرنس منعقد کر رہے ہیں جس میں اس مسئلہ پر اجتماعی رائے حاصل کریں گے۔

سیاسی مجرمین کو ترکی میں آنے کی اجازت

سابق وزیر اعظم بھی واپس جائینگے؟

استانبول۔ انگورہ کا نیم سرکاری اخبار "سلیت" حسب ذیل اہم خبر شائع کرتا ہے:

ترک حکومت نے وہ مسودہ قانون مکمل کر لیا ہے جس کی رو سے وہ مجرموں کو عام معافی دی جانی چاہتی ہے۔ اس معافی میں وہ لوگ بھی داخل ہوں گے جو سیاسی اسباب کی بنا پر ملک سے خارج کر دئے گئے ہیں۔ مگر تمام سیاسی مجرم نہیں بلکہ صرف وہی جنہیں حکومت اب معافی دینا چاہتی ہے۔

"سلیت" نے یہ بھی لکھا ہے کہ حکومت نے جن سیاسی مخالفوں کو معافی دینا چاہی ہے ان میں بعض بہت مشہور ترک شامل ہیں۔ مثلاً حسین رؤف بک سابق وزیر اعظم، ڈاکٹر عدنان بک، صادق بک سابق صدر، حیات اور ڈائلاف پارٹی، رفیق بک خالدہ رضا، توفیق بک فلسفی، عادل بے ان لوگوں نے حکومت کو بار بار لکھا ہے کہ وہ اپنے گزشتہ طرز عمل پر نادم ہیں اور باقی عمر وطن مقدس کی سرزمین میں گزارنا چاہتے ہیں۔

ابھی تک یہ نہیں کہا جا سکتا کہ حسین رؤف بک اس اجازت سے کوئی فائدہ اٹھائیں گے اور ترکی واپس جائیں گے یا نہیں۔ قرین قیاس یہ ہے کہ شاید وہ ابھی اسے خلاف مصلحت سمجھیں۔

دہلی ۲۹ اگست۔ آج علی الصبح تین گھنٹہ تک زبردست بارش ہوئی۔ متعدد مکانات گر پڑے اور متعدد لوگ زخمی ہوئے۔

دہلی ۳۰ اگست۔ آج صبح سے بارش کا سلسلہ بڑے زور سے جاری ہے اور تادم تحریر اس کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا۔

ملازموں کو کھدر استعمال کرنیکا حکم

امرتسر ۲۸ اگست۔ جس وقت سے سردار امر سنگھ جھبال ایم۔ ایل۔ سی نے گوردوارہ کا انتظام اپنے ہاتھ میں لیا ہے اس وقت سے کئی ایک اصلاحات کر دی گئی ہیں۔

سردار صاحب نے حکم دیا ہے کہ گوردوارہ کے تمام کاموں کے لئے صرف کھدر کا استعمال کیا جائے۔ رومال، پھریرے اور جھنڈوں کے لئے بھی کھدر استعمال کیا جائے۔ گوردوارہ کے تمام ملازم کھدر پہنیں اور ... ان کو بھی حکم دیا گیا ہے کہ ... کا کام کریں۔

ایک جریدہ نگار مسلم خاتون شملہ میں

ہندوستان کی معاشرتی زندگی کا مطالعہ

شملہ ۲۸ اگست۔ مس حنیفہ بی فوزی جو ایک مشرقی سیاح اور جریدہ نگار ہیں آج کل شملہ آئی ہوئی ہیں۔ آپ سندھ اور پنجاب کا دورہ کر چکی ہیں اور کچھ عرصہ بعد دیسی ریاستوں کا دورہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں کیونکہ وہاں سے آپ کو اس لئے مدعو کیا گیا ہے کہ آپ اپنی کتاب کے لئے وہاں کی معاشرتی زندگی کا مطالعہ کریں۔ آپ نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام "مشرقی سیاحت" ہے اور امید کی جاتی ہے کہ یہ کتاب ایک سال کے اندر شائع ہو جائے گی۔ آپ کو یہ بھی موقع حاصل کریں گی کہ تجربوں کے ذریعہ سے سفر کے حالات بیان کریں بالخصوص ان ملکوں کی عورتوں کی حالت بیان کریں گی جہاں آپ نے دورہ کیا ہے۔ آپ ترکی ہیں...

کالے پانی میں کتنے دہشت انگیز ہیں

کونسل آف اسٹیٹ میں دیو داس گاندھی کے متعلق سوالات

شملہ ۲۹ اگست۔ کونسل آف اسٹیٹ کا موسم خزاں کا اجلاس شروع ہو گیا گیلریاں تقریباً خالی تھیں۔ بہار میں بھی آج کم تعداد میں موجود تھے لیڈی ولنگڈن ایوان کونسل میں ایک کرسی پر تشریف فرما تھیں مسٹر کالیکر اور مسٹر مہرو نے دیو داس گاندھی کی گرفتاری کے متعلق متعدد سوالات کئے۔

مسٹر ہیلٹ ہوم سکرٹری نے بیان کیا کہ دیو داس گاندھی نے چیف کمشنر صوبہ دہلی کو جو چٹھی تحریر کی تھی اور جس میں انہوں نے یہ یقین دلایا تھا کہ وہ چند ہفتے تک تحریک سول نافرمانی یا سیاسیات میں حصہ نہیں لیں گے اس سے چیف کمشنر موصوف مطمئن نہیں ہو سکے ان کے لئے ان کی گذشتہ تین چار ماہ کی سرگرمیوں پر غور کرنا بھی لازمی تھا جو کہ دہلی میں جاری تھیں۔ اگر دیو داس گاندھی چیف کمشنر کے حکم کی خلاف ورزی نہ کرتے تو ان کی گرفتاری کی نوبت ہرگز پیش نہ آتی۔

مسٹر جگدیش پرشاد کے ایک سوال کے جواب میں مسٹر ہیلٹ نے بیان کیا کہ ۱۱۲ دہشت انگیز کالے پانی کی جیلوں میں محبوس ہیں حکومت ان کو تمام نتائج کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔ زیادہ تر اسیر احاطہ بنگال سے تعلق رکھتے ہیں۔ حکومت کو ان کی بھوک ہڑتال کی بھی اطلاع ملی ہے لیکن ان کے پاس سے کوئی شکایت وصول نہیں ہوئی۔

ایک عورت کی ہوشیاری

ٹرین کو تباہ ہونے سے بچا لیا

جام نگر ۲۸ اگست۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک عورت کی جوانمردی اور دلیری کی وجہ سے جام نگر اور دوارکا ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان ایک زبردست حادثہ ہوتے ہوتے رک گیا اور سینکڑوں جانوں کا نقصان ہو جاتا۔

کثرت باراں کی وجہ سے کھمبا گرا اور دوارکا اسٹیشنوں کے درمیان ایک چھوٹا سا ریلوے پل ٹوٹ گیا تھا۔ ایک پسنجر ٹرین پوری رفتار سے آ رہی تھی۔ بھاڑ لاگنگ کی ایک عورت نے اس خطرہ کو محسوس کیا اور ایک سرخ ساڑی پہن کر لائن پر کھڑی ہو گئی اور ساڑی کے پلے سے گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا۔ شروع میں تو ڈرائیور نے اس کو معمولی بات سمجھ کر اس کی پرواہ نہ کی اور نہ صرف گاڑی کی رفتار کم کر دی لیکن عورت کے قریب پہنچ کر اس نے گاڑی کو بالکل ٹھہرا لیا اور اس طرح سینکڑوں لوگوں کی جان بچ گئی۔

اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ریلوے حکام اس عورت کو ایک نہایت خطرناک موقعہ پر نہایت مفید خدمات انجام دینے کے صلہ میں انعام دینے کی تجویز پر غور کر رہے ہیں۔

قبائل پر بمباری اور وائسرائے سے گفتگو

نائب الحکومت نے ملاقات سے انکار کر دیا

شملہ ۲۸ اگست۔ ناظرین کو معلوم ہوگا کہ حال میں اسمبلی کے مسلم ممبران نے سرحد کے مواضعات پر بمباری کے خلاف پروٹسٹ کرنے کے لئے وائسرائے کے پاس ایک وفد بھیجنے کا فیصلہ کیا تھا اس سلسلہ میں شیخ صادق حسین صاحب ایم۔ ایل۔ اے کو وائسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری مسٹر میول کے پاس سے ایک چٹھی موصول ہوئی ہے جس میں انہوں نے تحریر کیا ہے کہ چونکہ آئندہ دو دن تک وائسرائے بہت زیادہ مصروف رہیں گے اس لئے وہ وفد سے مل نہ سکیں گے۔

سکرٹری نے یہ بھی لکھا کہ وائسرائے تجویز کرتے ہیں کہ ۳۰ اگست کو جب وہ مجالس قانون ساز کے جملہ ممبروں کے روبرو تقریر کریں تو اس کی روشنی ڈالیں اس لئے بہتر ہوگا کہ وفد اس تقریر کا انتظار کرے اور اگر پھر بھی اسے کچھ کہنا ہو تو وہ اس کے بعد میں ملاقات کر سکتا ہے۔

شکاگو میں مذاہب عالم کی کانفرنس

مہاراجہ بڑودہ کو صدارت کا پیشکش

کیوبک ۲۹ اگست۔ مہاراجہ صاحب بڑودہ انگلستان سے ہوتے ہوئے یہاں آئے۔ یہاں سے وہ شکاگو جائیں گے تاکہ دنیا کے جملہ مذاہب کی کانفرنس کی صدارت کر سکیں۔ شکاگو کانفرنس کے متعلق نمائندہ پریس کو بیان دیتے ہوئے مہاراجہ صاحب نے کہا کہ تقریباً تمام مذہبوں کے اصول اور مقاصد ایک ہی ہیں۔ مجھے امید ہے کہ یہ کانفرنس ان میں اتحاد کی روح پیدا کرے گی۔

مسلمین کا مسودہ قانون اور حج تحقیقاتی کمیٹی کی خفیہ رپورٹ

ہندوستان بھر میں عظیم الشان احتجاجی مظاہرے

وقف کمیٹی امارت شرعیہ صوبہ بہار کی تجاویز کی پرزور حمایت

سہارنپور ۲۰ جمادی الاول آج بعد نماز جمعہ مسلمانان سہارنپور کا ایک جلسہ بسر پرستی جمعیۃ علمائے سہارنپور زیر صدارت مولانا الحاج محمد اسمٰعیل صاحب مدرس مدرسہ شاہی منعقد ہوا حضرت مولانا کی پراثر تقریر کے بعد حسب ذیل تجویزیں بالاتفاق رائے پاس ہوئیں۔

(۱) مسلمانان سہارنپور کا یہ جلسہ سرحد کے آزاد قبائل پر حکومت کی بمباری کے خلاف پرزور احتجاج کرتا ہے اور اس کو بین الاقوامی مسلم شدہ اصول اور اخلاق وانسانیت کے معمولی اصول کے ماتحت قابل مذمت سمجھتا ہے ...

... کو سفر حج سے روک دینے کے خلاف پرزور احتجاج کرتا ہے حکومت کا یہ فعل ملکہ وکٹوریہ اور ان کے جانشینوں کی طرف سے بہیم مذہبی آزادی کے اعلان کے سراسر منافی ہے حج خواہ فرض ہو یا نفل بہرحال ایک اسلامی عبادت ہے اور اس کے لئے سفر عبادت کا سفر ہے ایسے سفر سے حکماً باز رکھنے کا اس کے سوا کوئی مطلب نہیں کہ مذہبی عبادت سے حکماً روکا جائے۔

اسی طرح کسی شخص پر یہ الزام کہ اس کی سیاسی سرگرمیاں حکومت برطانیہ کے خلاف ہیں یا اس نے کسی پمفلٹ میں حکومت کے خلاف نکتہ چینی کی ہے ...

(۵) مسلمانان سہارنپور کا یہ جلسہ حکومت کی جانب سے مولانا اسمٰعیل ...

(۱) مسلمان وقف بل ۱۹۳۳ء میں حسب ذیل اصول کے ماتحت ترمیم ضروری ہے
(۱) مسلمانوں کے اوقات کا نظم صرف مسلمانوں کے منتخب نمائندوں کے ...

در بھنگہ

چھپرہ

سیتامڑھی

بختیارپور

بیتیا

سفید بال جڑ سے کالا

... پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ آفس سمری (دربھنگہ)

دونوں مٹھی بادام کے روپے

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وید شاستری جام نگر کاٹھیا واڑ

طفیل احمد از کاندھلہ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

تعطیل کلاں کے بعد ۸ ستمبر ۳۳ء کو کھلے گا۔ داخلہ ۸ ستمبر ۳۳ء سے یکم اکتوبر ۳۳ء تک ہوگا۔ سال اول میں داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے نام ۵ ستمبر ۳۳ء تک پہونچنا چاہیئے اس کے بعد کوئی درخواست نہ لی جائے گی۔ داخلہ کے متعلق قواعد وضوابط کی کتاب پرنسپل طبیہ کالج سے مفت مل سکتی ہے۔

پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے



بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا

بال جیون گھٹی

المشتہر منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر یو۔ پی

نمک جالینوس

دواخانہ ہندرد یونانی دہلی

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہراپن کی (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہونچتی ہے ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کا قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان بہنے اور سرسراہٹ کی آواز پیدا ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے

نپٹ بہراپن چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

جن صاحبان کو اختیار ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں یا دھوکہ دینے والوں مکاروں ٹھگوں اور جعلسازوں کے نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔ پی)

ہندوستان کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اصلی مجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلی ماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم خدمت خلق کر رہا ہے۔ ضرورت اور تکلیف میں پتہ یاد رکھو۔ منیجر دواخانہ حکیم جمیل خاں دہلی۔

انجمن اسلامیہ قصبہ کھاتولی کا اجلاس

امسال حسب اعلان مورخہ ۱۱، ۱۲، ۱۳ اگست ۱۹۳۳ء کو اسلامی جلسہ نہایت شاندار اور غیر معمولی طور پر کامیاب رہا جلسہ کے لئے قصبہ کا ایک وسیع اور موزوں میدان تھا جس میں عالیشان اور نفیس خیمے نصب کئے گئے تھے برقی روشنی اور برقی پنکھوں سے پنڈال آراستہ تھا۔ اس جلسہ میں ہر طبقہ کے لوگ ہر مذہب وملت کے معزز افراد شامل تھے ہمارے علاقہ کے مسلم مشاہیر روساء اور شرفاء نے بھی اپنی تشریف آوری سے جلسہ کو زینت بخشی اور اجلاس میں مسلسل اپنی شرکت اور دلچسپی قائم رکھی اس خوشنما منظر نے یہ دکھا دیا کہ اسلام نہ صرف غرباء کی نظروں میں عزیز ترین ہے بلکہ امراء کا طبقہ بھی اپنے مذہب کا شیدا ہے اس جلسہ کی تیسری نشست میں رضاکاران کو ان کی حسن کارگذاری پر سرٹیفکیٹ تقسیم کئے گئے اور نمبر اول کارکنندہ کو علاوہ سرٹیفکیٹ کے تمغہ نقرئی بھی دیا گیا۔ ... جلسہ کی صدارتیں حسب ذیل طریقہ سے انجام پذیر ہوئیں مورخہ ۱۱ اگست ۳۳ء جناب شیخ الاسلام مولوی وحافظ قاری محمد طیب صاحب زید مجدہٗ مہتمم دارالعلوم دیوبند مورخہ ۱۲ اگست ۳۳ء جناب شیخ ارشاد الحق صاحب زید کرمہٗ رئیس پھلت۔

اس جلسہ کی مجلس عاملہ (ورکنگ کمیٹی) کے پریسیڈنٹ جناب حکیم وحافظ محمد نسیم الدین صاحب صدیقی فاضل الطب والجراحت رئیس پھلت تھے یہ آپ ہی کے مساعی جمیلہ اور ہمدردی کا شاندار مظاہرہ تھا آپ کا خطبہ صدارت جامع اور صحیح معنی میں موجودہ ضروریات کا حامل تھا علمائے کرام ...

جبریہ تعلیم سے مسلم لڑکیوں کو مستثنیٰ کرانے کی ضرورت

عبدالغفار (سکریٹری) جنرل مرچنٹ وممبر ٹاؤن ایریا قصبہ کھاتولی

دنیا کا قاعدہ ہے کہ ہر مقصد کے حصول کے واسطے ذریعہ ووسیلہ کی ضرورت ہوتی ہے بغیر ذریعہ کے ایک ادنیٰ کام کا حاصل ہونا غیر ممکن ہے اسی واسطے اطاعت الٰہی کا ذریعہ ووسیلہ علم قرار دیا گیا شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کا قول ہے کہ بے علم نتواں خدا را شناخت۔

کوئی مذہب ہو اگر اپنے مذہب کی کتاب نہ پڑھیگا مذہب کی باریکیاں تو درکنار نفس مذہب کا جاننا مشکل ہے اسی واسطے مذہب اسلام نے علم عربی خاص کر قرآن شریف کا پڑھنا ہر مسلمان کے لئے فرض اولین قرار دیا ہے خواہ مرد ہو یا عورت حکم نبوی صلعم ہے تعلموا القرآن فاقرأوہ یعنی قرآن کو سیکھو اور پھر اسکو پڑھو خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ یعنی بہتر تم لوگوں میں وہ ہے جس نے قرآن کو سیکھا اور دوسروں کو سکھایا۔ کتب احادیث میں قرآن کی تعلیم کے متعلق حدیثیں بھری پڑی ہیں ... ہر مسلمان بالغ ہو یا نابالغ مرد ہو یا عورت پہلے قرآن کا سیکھنا فرض اور ضروری ہے جب کہ قرآن کا پڑھنا ضروری ہوا تو اس وقت جو ایک نیا قانون جبریہ تعلیم کا بنایا گیا ہے اگر مسلمان لڑکوں اور لڑکیوں کو جبریہ اسکول میں بھرتی کیا گیا اور مکاتیب ومدارس اسلامیہ بند کرلئے گئے تو یہ مداخلت فی الدین ہوگا اور ملکہ وکٹوریہ کے اس اعلان کے کہ رعایا مذہب کے بارے میں آزاد رہے گی صریح مخالفت ہوگی کہاں ہیں وہ ارکان واعیان حکومت جو قوم اور پبلک کی رہبری وراہ نمائی کے لئے ...

اور پبلک نے اسکو بہت ہی پسند فرمایا۔

ڈیوٹی ڈپوٹیشن علی گڈھ

بھوپال کے بعد ہم لوگ اجین آئے۔ وہاں چار یوم تک قیام میں ہم نے چھ سو روپے سے کچھ زیادہ وصول کئے۔ اجین میں ہم لوگ منشی نظام الدین ...

... انشاءاللہ ان کی یاد ہمیشہ ہمارے قلوب میں باقی رہے گی ان حضرات کو علیگڈھ سے ایک خاص محبت ہے اور خدا سے دعا ہے کہ ہمیشہ محبت وہمدردان کے دلوں میں قائم رہے۔ (محمد سعد زبیری ممبر مسلم یونیورسٹی ڈیوٹی ڈپوٹیشن)

امرت دھارا صابن

جراثیم اور گندگی سے آپکی حفاظت کرنے کے لئے اور تمام جلدی تکالیف کو دور کرنے اور جلدی امراض کی صحت یابی میں مدد پہنچانے کے لئے یہ صابن امرت دھارا کی طرح مفید ہے۔

سنگار اور دوا دونو کے کام آتا ہے

روزانہ استعمال کے لیے بھی بہت اعلیٰ چیز ہے۔ گرمیاں شروع ہیں۔ پت۔ پتی۔ خارش۔ سب کا قلع قمع کرے گا۔ قیمت فی بکس چودہ آنے (۱۴؍) فی ٹکیہ

ملنے کا پتہ:۔ منیجر امرت دھارا ۴۵ لاہور

عراق ریلوے

نجف۔ کربلا۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام وتیز رفتاری ...

منیجر عراق ریلوے ...

عیسائی مشن بائیبل کو مقبول بنانے کے لئے اسکے نئے نئے ایڈیشن دلفریب صورتوں میں شائع کر رہا ہے مسلمانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لئے ہم

خوبصورت حمائل

کی اشاعت کی طرف متوجہ ہوئے ہیں جلد سنہری فیشن ایبل خوشنما پاکٹ سائز اغلاط سے پاک اعلیٰ خوشخط تحریر کے عکسی بلاک بناکر طبع کی گئی ہے ہر صفحہ کا حاشیہ ایک نازک بیل سے مرصع ہے خصوصیت سے عصر جدید کے نفاست پسند طبقہ کے لئے تیار کی گئی ہے۔ نئی روشنی کے فیشن ایبل نوجوانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لئے خوبصورت حمائل ایک کامیاب ذریعہ ہے ... مسلمان انگریزی خواں طلبا کی جیب میں انگلش پاکٹ ڈکشنری کے بجائے یہ حمائل شریف ہونا چاہیئے ...

دفتر اشاعت القرآن بیت الشفاء امروہہ (یو۔پی)

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہوگیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کرکے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کے لئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایجاد ہوئی ہے نہ پیش کی جاسکتی ہے۔ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہو جاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱۲؍ علاوہ محصول ڈاک

ترکیب استعمال:۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے۔

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

ایم۔ اے رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی بسی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیں!

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ...
ششماہی ... ...
سہ ماہی ... ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ...
ششماہی ... ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

ید اللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ... صہ
نصف صفحہ (") ... ...
ایک کالم (") ... عنہ
½ کالم (") ...
¼ کالم (") ... عہ

جلد ۱۸ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ ۱۴ جمادی الاول سنہ ۱۳۵۲ھ مطابق ۵ ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۶

معاصرین کے افکار و آراء

حکومت کی پہلوتہی (زمیندار)

اسمبلی کے مسلمان ارکان نے وائسرائے سے ملاقات کر کے اس مسئلہ پر تبادلۂ خیالات کرنے کی درخواست کی تاکہ مسلمانان ہند کا نادیدہ نگاہ اور ان کی فرزانہ روش نائب الحکومت ہند کے سامنے رکھ کر انہیں قائل کرنے کی کوشش کریں کہ سرحدی قبائل سے تعرض کرنے کی حکمت عملی یکقلم چھوڑ دی جائے لیکن لارڈ ولنگڈن کی بارگاہ سے اسمبلی کے مسلمان کی اس درخواست پر جو لیت و لعل کی جا رہی ہے اس سے مسلمانان ہند کی رائے عامہ کا زیادہ مشوش اور زیادہ مضطرب ہو جانا ایک یقینی امر ہے۔ اس سے مسلمانوں کے ان حلقوں میں بھی جو حکومت کے دوائر سے لو لگائے رکھنے کے عادی ہیں یہ خیال پیدا ہو جائے گا کہ حکومت اپنے مقاصد مزعومہ کے پیش نظر ان کی مخلصانہ گزارشات کو سننا بھی گوارا نہیں کرتی اور ان کی نیازمندیوں سے بے نیازی کا برتاؤ کر رہی ہے۔ شیخ صادق حسن کے مکتوب کے جواب میں وائسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری نے پہلے تو یہ لکھ کر وفد سے ملاقات کرنے سے پہلو تہی کرنے کا اظہار کیا کہ حکومت کی سرحدی پالیسی کے متعلق جرائد میں جو بیانات شائع ہو رہے ہیں ان میں مبالغہ آمائی سے کام لیا جا رہا ہے حالانکہ جس قدر خبریں ہندوستان یا ہندوستان کے باہر کے اخبارات میں شائع ہوئیں وہ سب کی سب حکومت کی رسمی اور غیر رسمی دوائر ہی سے نشر ہوتی رہیں۔ اب شیخ صاحب موصوف کو یہ جواب دیا جا رہا ہے کہ وائسرائے ۳۰ اگست کی تقریر میں اس مسئلہ کے السواطلبہ پر پوری طرح روشنی ڈالیں گے اور اگر ان کے اظہارات و ارشادات سے اسمبلی کے ارکان کی تسلی نہ ہوئی تو وفد کو ملاقات کا موقع دے دیا جائے گا۔ اس لیت و لعل سے یہی نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ حکومت کے دوائر اعلیٰ اس معاملہ میں اسمبلی کے مسلمان ارکان کی معروضات پر کان دھرنے کے لئے تیار نہیں اور اپنے اقدامات کے متعلق وائسرائے کی زبان سے چند الفاظ کہلوا کر قصہ ختم کرنا چاہتے ہیں۔

سب سے بڑی وجہ مسلمانوں میں سود دینے کی عادت ہے جس کی وجہ سے مسلمانوں کی دین اور دنیا دونوں تباہ اور برباد ہو گئیں۔ مسلمانوں میں بڑی خرابی عام جہالت کی ہے۔ جب کہ علم کا طلب کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت کے واسطے فرض ہے تو کیسے رونے کا مقام ہے کہ کروڑوں مسلمان حروف شناس تک نہیں ہیں اور نہ ان تک اسلامی علماء اور مبلغ پہونچتے ہیں جو زبانی ہی ان کو اسلامی تعلیم دیں اور جہلا اور عوام الناس میں رہ کر ان کو زبانی ہی مذہب اسلام کی تعلیم دیتے جس کی وجہ سے کروڑوں مسلمان صرف نام کے مسلمان ہیں جنکو نماز تک یاد نہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ مساجد میں ابتدائی تعلیم کا جو انتظام تھا وہ درہم برہم ہو گیا۔ اس انتظام کے درہم برہم ہونے کے ساتھ ابتدائی تعلیم کو بھی بہت نقصان پہونچا اور مسجدیں بھی برباد ہو گئیں جس زمانہ میں مساجد کے مکاتب جاری تھے۔ ان مکاتب میں نہ گورنمنٹ کی امداد کی ضرورت تھی اور نہ عام چندے کی حاجت کہ شہر میں بھی چندہ نہ کیا جاتا تھا۔ بلکہ خود محلہ والے اور مسجد میں نماز پڑھنے والے خود انتظام کرتے تھے۔ اور تعلیم مفت ہوتی تھی۔ اور اس طرح تعلیم کا بار قوم پر نہ پڑتا تھا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پرانے نظام تعلیم کو پھر از سر نو زندہ کیا جائے۔ ہم نے جن امور کی طرف اشارہ کیا ہے۔ وہ سب تعمیری کام ہیں۔ اور سب کی بنیاد مذہب پر مبنی ہے۔ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ مسلمانوں کی سیاسی اور اقتصادی ترقی اسی وقت ہو سکتی ہے جب مسلمان اصلی اور صحیح مذہب کے پابند ہو جائیں گے۔

فرانس اور مغربی اسلامی افریقہ (مدینہ)

یہ ظاہر ہے کہ عیسویت کی تبلیغ میں دول یورپ کی سیاسی اور عسکری پالیسی نے بہت بڑا کام کیا ہے اور عیسوی مذہب کی تبلیغ تو پوں کے سایہ اور طیاروں کی پناہ میں کی جاتی ہے اس لئے یہ خبر میں اور بھی زیادہ دلگداز اور بھیانک بن جاتی ہیں۔ اب یہ خبریں آ رہی ہیں کہ مراقش کے آزاد قبائل کو ختم کر دینے کی حکومت فرانس نے ٹھان لی ہے۔ اور جنوبی ملک میں کوہ اطلس کی نرم گھاٹیوں سے غریب عربوں کو مار مار کر نکال دیا ہے رہی یہ کہ فرانس اب سلطان مراقش کی موجودگی کی بھی مزید خیال نہیں کرتا۔ اب تک تو محض شہر مصنوعی سا ایک بادشاہ کی ضرورت کو محسوس کیا تھا اب وہ ...

... کے قبائل پر روحانی حکومت کرتا ہے اور وہ ایک مرکز پر مجتمع ہو جاتے ہیں فرانس اس اجتماعیت روحانی کو بھی سنگ راہ خیال کر رہا ہے اور اسی فکر میں ہے کہ جلد از جلد ان آزاد قبائل کا خاتمہ کر دیا جائے اور اس طرح سلطان مراقش کی روحانی مرکزیت کا خاتمہ کر کے مسیحیت کی تبلیغ کے لئے ...

مزدوروں کیلئے نیا مسودہ قانون (ریاست)

ہمیں یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی کہ اسمبلی کے اجلاس شملہ میں مزدوروں کے ...

... کو سرمایہ داروں کے پنجۂ عذاب سے کسی نہ کسی حد تک نجات حاصل ہو اور خدا کے ان غریب بندوں کو بھی سکون و عافیت کی فضا میں کچھ دم لینے کا موقع مل جائے۔

جدید مسودۂ قانون کی رو سے مالکان کارخانجات کے لئے لازم ہوگا کہ ...

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

لاٹ پادری کے مکان پر پھر ایک اجتماع

ازبلا کے مائل باسلام ہونے کا راز فاش ہوگیا

زیاد بن عمر کی مجلس کے بعد ایک نیا انقلاب

گزشتہ الجمعیۃ کو سامنے رکھ کر سلسلہ ملا لیجئے۔

ازبلا:۔ سبحان اللہ! آج معلوم ہوا کہ آدم علیہ السلام کا کوئی گناہ نہ تھا اور نہ پادری صاحبان تو اکثر مسلمانوں پر یہی سوال کیا کرتے ہیں کہ قرآن میں حضرت آدم کو گنہگار کہا ہے!

(یکایک) اوہو! وقت بہت گزر گیا اب مجھے گھر چلا جانا چاہئے والد صاحب (لاٹ پادری) اور والدہ میرا شدید انتظار کر رہی ہونگی۔ ابھی میں نے کھانا بھی نہیں کھایا ہے۔

عمر کلبی:۔ تو اگر آپ پسند فرمائیں تو کھانا یہیں حاضر کیا جائے حضرت مخدوم (زیاد بن عمر) کا دسترخوان عام ہے سب لوگوں کے کئے بچھے گا آپ بھی اس میں شریک ہو جائیے۔ کیا میری یہ درخواست قبول کی جائے گی؟

ازبلا:۔ آپ کا بہت بہت شکریہ مجھ کو گھر جا کر کھانا ہے کیونکہ والدہ صاحبہ کا دستور ہے کہ جب تک میں سیر و تفریح سے فارغ ہو کر گھر نہیں پہونچ جاتی اس وقت تک وہ کھانا نہیں کھاتیں وہ ہمیشہ میرے ہی ساتھ کھانا کھاتی ہیں۔

عمر کلبی:۔ آخر وہ کب تک آپ کو اپنے ساتھ کھلائیں گی؟ ایک نہ ایک روز تو یہ مانہ کھلے ہی گا۔

ازبلا:۔ خیر اس وقت کی بات اسی وقت کے لئے چھوڑیئے اور اس وقت جانے کی اجازت دیجئے۔

عمر کلبی:۔ بہت اچھا! مگر ہاں بالاخانہ میں حضرت مخدوم (زیاد بن عمر) کو تو آپکے جانے کی اطلاع کر دی جائے شاید وہ آپکو رخصت کرنے کے لئے یہاں تک تشریف لائیں۔

ازبلا:۔ نہیں حضرت مخدوم کو تکلیف نہ دیجئے۔

عمر کلبی:۔ اچھا تو آپ اپنی سہیلیوں کو کب اپنے ہمراہ لائیں گی؟

ازبلا:۔ اگر موقعہ ملا تو کل ورنہ پرسوں تو ضرور حاضر ہونگی اور سہیلیوں کو بھی ہمراہ لاؤنگی آپ دعا کیجئے اللہ تعالیٰ انکو بھی میری طرح صراط مستقیم کی ہدایت کرے۔ (تمام حاضرین۔ آمین)

روحانی تحفل کا اثر

اس کے بعد زیاد بن عمر کی اس مبارک اور نورانی مجلس سے اٹھ کر ازبلا گھر آئی اور ...

چڑیلوں کا پھیلانا کسی قدر بند ہوا۔

ایک نئی حیثیت کا پیش خیمہ

ازبلا بستر سے اٹھ کر دارالمطالعہ میں چلی گئی (یعنی گھر کے کتب خانہ میں) اور ایک میز پر بیٹھ کر کچھ کتابوں کا مطالعہ کرنے لگی اتنے میں مقدس پطرس اور میکائیل بھی تشریف لے آئے (یہ دونوں وہی بزرگ ہیں جنھوں نے عمر کلبی سے کیتھیڈرل میں دو روز تک مناظرہ کیا تھا) ازبلا ان کو دیکھ کر سر و قد کھڑی ہو گئی اور اس بڑے کمرہ میں ان کے ساتھ چلی آئی جو ملاقات کرنے والوں کے لئے مخصوص تھا۔ تھوڑی دیر میں ازبلا کے والد صاحب بھی اسی کمرہ میں آ کر بیٹھ گئے اور ازبلا کی والدہ کو بھی بلا لیا۔ ازبلا اس غیر متوقع اور عجیب اجتماع کو دیکھ کر سمجھ گئی اور اس کا شبہ ہو گیا کہ شاید ان حضرات کو میرے لئے مدعو کیا گیا ہے اور اسلام سے میرے تعلق کا حال ان پر منکشف ہو گیا ہے۔ اس وقت ازبلا کے چہرہ پر ایک رنگ آتا تھا اور ایک جاتا تھا قلب کی کیفیت دگرگوں ہو گئی اور دماغ مختل ہو گیا مگر اس نے ہوشیاری یہ کی کہ بہت ضبط سے کام لیا اور وہ فوراً پانی پینے کے بہانہ سے وہاں سے اٹھ کر دوسرے کمرہ میں چلی گئی۔

"ازبلا مرتد ہو گئی ہے"

لاٹ پادری نے ازبلا کی ماں پطرس اور میکائیل کو مخاطب کر کے کہا۔ آپ کو معلوم ہے کہ لڑکی ازبلا کس حال میں ہے؟ اور وہ کس طرح میری ذلت اور رسوائی کے سامان کر رہی ہے؟ اسی چیز پر غور کرنے کے لئے میں نے آپ کو تکلیف دی ہے۔

پطرس:۔ ہیں! خیر تو ہے کیا بات ہے؟

لاٹ پادری:۔ بس خیر ہی خیر ہے کئی دنوں سے ازبلا کی نسبت سن رہا ہوں کہ وہ مسیحی مذہب کو چھوڑ کر خفیہ طریقہ سے مسلمان ہو گئی ہے!

ہیلینا (ازبلا کی والدہ) توبہ کرو توبہ! آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں؟ خداوند یسوع مسیح ایسا نہ کرے۔ کہو تو اصل بات کیا ہے اور آج تمکو یہ غصہ کیوں ہے خواہ مخواہ میری بچی کو مسلمان بنا دیا!

لاٹ پادری:۔ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں بالکل سچ ہے اگر اب نہیں تو چند روز میں معلوم ہو جائے گا۔

پطرس:۔ مقدس باپ! آپ نے تو حیرت کی بات سنائی ازبلا بڑی نیک لڑکی ہے اس نے الہیات کے مسائل پڑھے ہیں وہ کوئی جاہل لڑکی ہے جو اسلام جیسے جاہل مذہب کو قبول کرے گی۔

ہیلینا:۔ اچھا میں لڑکی کو بلاتی ہوں خبر نہیں آپکو کس بات سے شبہ ہو گیا ہے۔

یہ کہہ کر ہیلینا اس کمرہ کی طرف گئی جہاں ازبلا بیٹھی ہوئی ایک کرسی پر بیٹھی ...

مذہبی، علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رح
حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب رح کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق صرف اس قدر کہنا کافی ہے کہ آج تک اس قدر معلومات سیاسیہ اور مذہبیہ سے لبریز کوئی خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا۔ مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بے حد ضروری ہے یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے:۔
(۱) ضرورت نظام ملی و تنظیم عمل (۲) اولی الامر کی تشریح (۳) مسئلہ ختم نبوت (۴) اہل اسلام کا رابطہ دینی (۵) معاہدہ مسلمین با غیر مسلمین (۶) دار الاسلام دار الحرب دار الامان کی بحث (۷) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہود مدینہ کے ساتھ معاہدہ (۸) صوبہ سرحد کی سیاسی حالت (۹) دہلی کی تجویز مفاہمت (۱۰) ادارۃ القضاء کی ضرورت (۱۱) مسلمان عورتوں کی بے کسی اور فتنہ ارتداد (۱۲) منتخب امیر اور قاضی کے ...

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی
سے تقریباً تمام علمی دنیا اچھی طرح واقف ہے یوں تو آپ کی ہزاروں تصنیفات زبان و معلومات کا اعلیٰ معیار ہے مگر خصوصیت سے مولانا کا خطبہ صدارت قابل دید ہے جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۱۱-۱۲-۱۳-۱۴ مارچ ۱۹۲۶ء کلکتہ میں پڑھا گیا قیمت صرف ۸

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری
کا خطبہ صدارت جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۳ و ۴ و ۵ مئی ۱۹۲۷ء کو امروہہ میں پڑھا گیا قیمت ۸

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی
نائب امیر شریعت صوبہ بہار جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس خصوصی منعقدہ ۵-۶-۷ جمادی الاخری ۱۳۴۳ھ مراد آباد میں پڑھا گیا قیمت ۸

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ
جو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں ۹ اکتوبر ۱۹۲۰ء کو پڑھا گیا
قیمت ...

خطبہ صدارت حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی
جو ... کو ٹاؤن ہال دہلی میں پڑھا گیا، قیمت ۱ر

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہونچانے کی در پردہ کوشش کی جا رہی ہے جس سے بہت سے بھولے اور سادہ لوح ناواقف مسلمان بسا اوقات ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں لہٰذا اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں منگا کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکیں۔

ختم نبوت فی القرآن۔ اس کے پڑھنے سے آپ کو آیات قرآنی کے ذریعہ صاف صاف معلوم ہو جائے گا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہو سکتا۔ قیمت ۱۲

ختم نبوت فی الحدیث۔ اس رسالہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ کو پیش کر کے بتلایا گیا ہے کہ کوئی نبی آپ کے بعد نہیں آئے گا قیمت ۱۲

الطال اعجاز مرزا۔ یہ رسالہ طلبا کے لئے زیادہ مفید ہے اس میں صرفی و نحوی طریقوں سے مرزا کے قصیدہ اعجازیہ کی بے شمار غلطیاں دکھائی گئی ہیں قیمت

حقیقت رسائل اعجازیہ۔ یہی وہ رسالہ ہے جس میں ایک دو نہیں بلکہ پندرہ دلیلوں سے مرزا قادیانی کے دعویٰ اعجازیہ کو باطل کر کے دکھلایا ہے اور ان کے رسالوں کی حقیقت کی قلعی کھول دی گئی ہے قیمت ...

دین مرزا کفر خالص۔ یہ رسالہ دیکھنے کے بعد آپ کو مرزائیوں کے کفر و ارتداد کا پورا پتہ چل جائے گا اور پھر آپ ہرگز ان کے پھندے میں نہ آ سکیں گے قیمت صرف ۱ر

نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی۔ اس رسالہ کو پڑھ کر آپ مرزائیوں کے فریب سے اچھی طرح واقف ہو سکیں گے اور پھر ان کی چال اور دھوکہ بازی سے محفوظ رہ سکیں گے۔ قیمت ۵ر

صحائف ربانیہ۔ ابتک اس کے ۱۳ نمبر شائع ہو چکے ہیں ہر مسلمان کو اس کتاب کا رکھنا نہایت ضروری ہے جس میں قرآن و حدیث و واقعات اور خود مرزا قادیانی کے جھوٹے الہامات سے مرزا کا جھوٹا ہونا ثابت کیا گیا ہے ہر نمبر قابل دید ہے سب نمبروں کی قیمت تین روپے دس آنے

حقیقۃ المسیح۔ اس رسالہ میں سچے مسیح کی علامات اور مسیح کاذب کی حالت کو نہایت روشن طریقہ سے واضح کیا گیا ہے جس کا دیکھنا مسلمانوں کو نہایت ضروری ہے۔ قیمت ...

مسیح قادیان کی حالت کا بیان۔ اس کتاب کے دیکھنے سے قادیانیوں کی حقیقت کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آ جائے گا قیمت ...

تازہ مضامین مولانا ابو الکلام آزاد ۱۲

مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام جو آپ نے جیل جانے سے ایک روز قبل تحریر فرمایا تھا قیمت ۱ر

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بناء پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کرایا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے، اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ (عہ) اور "جنت کی کنجی" کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپیہ (عہ) لی جائے گی دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۷ احادیث درج ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

سیرۃ الحبیب

اگر آپ دنیا کے مصلح اعظم کے صحیح اور سچے حالات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگی کو صحیح طریقہ پر اسلام کی روشنی میں بسر کرنا چاہتے ہیں تو سیرۃ الحبیب کا مطالعہ کیجئے جس کی اردو نہایت سلیس اور شستہ ہے اور مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے بھی اس کی تعریف فرمائی ہے۔ قیمت صرف ۱۲

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کے لئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی درس میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے۔ اس کتاب کے چار حصہ اور ایک قاعدہ ہے مکمل سٹ کی قیمت صرف ۱۲

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا

اسلامی دنیا کا کونسا ایسا انسان ہے جو حضرت شیخ الہند رح کے نام نامی سے واقف نہیں جن حضرات کو آپ کی زیارت اور فیض صحبت کا موقع ملا ہے ان ہی کے قلوب اس کی کچھ قدر کر سکتے ہیں اسیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند رح صدر المدرسین دار العلوم دیوبند نے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کے کچھ حالات صحیح واقعات مرتب کئے ہیں جس میں آپ کے حالات سفر و اسارت مالٹا اور مظالم فرنگ کا مکمل نقشہ کھینچ کر دکھایا ہے اس کتاب کے پڑھنے سے آپ کو حضرت شیخ الہند رح کے حالات زندگی کے علاوہ اور بہت سے علمی گوشوں پر عبور حاصل ہوگا مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ از حد ضروری ہے صرف چند نسخے باقی رہ گئے ہیں اس کی قیمت ... علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ میں ملیگا۔

فتاویٰ رشیدیہ

... اس کی حقیقت سے کچھ وہی شخص واقف ہو سکتا ہے جس کو آپ کی خدمت حاصل ہوئی ہو یا حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے زانوے تلمذ طے کر کے آپ کے فیض تصوف اور تفقہ سے بہرہ ور ہوا ہو گو اب حضرت کے وصال کے بعد ان کی تصنیفات ہی تشنگان علم کی پیاس کو بجھا سکتی ہیں مولانا کے فتاوے کا مجموعہ فتاویٰ رشیدیہ تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے جس میں قریب قریب ہر مسئلہ کو مدلل طریقہ پر بیان کیا گیا ہے ہر مسلمان کو اس کے مطالعہ کی ضرورت ہے تاکہ مذہبی ضروریات سے پوری پوری واقفیت حاصل ہو جائے تینوں حصوں کی قیمت ...

اعجاز القرآن

حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآرا تقریر ہے جس میں آپ نے وحی آسمانی کی ضرورت اس کے امکان معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی آسمانی ہے اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے حقائق و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائے گا کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ قیمت ۴ر

علم الکلام

مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی کی تصانیف کا وہ بہترین ذخیرہ ہے جس میں موصوف نے اسلام کی صداقت وجود باری توحید، حدوث، ملائکہ و فرشتہ وغیرہ وغیرہ مسائل پر مفصل و مدلل بحث کی ہے شائقین علم حضرات طلبا کو اس کا پڑھنا نہایت ضروری ہے۔

پاک زندگی

یعنی حضرت العلامہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے ان تین عالمانہ مضامین کا مجموعہ ہے جس میں آپ نے فطرت سلیمہ، حیات طیبہ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پر نہایت آسان اور دلچسپ پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے۔ قیمت ...

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری کے پہلے دو پارہ۔ الم و سیقول کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے طلبا عربی کو خصوصیت سے فوری توجہ کرنے کی ضرورت ہے اگر غفلت کی گئی تو کف افسوس ملنا پڑے گا۔ قیمت ہر دو جلد ... دو روپیے

ردِّ کفر

کے مولف نے آریوں کے اعتراضات کو نقل کر کے ان کے مفصل و مدلل تحقیقی جواب دئے ہیں آریوں کے مکر و فریب کے جال سے محفوظ رہنے کے لئے اس کتاب کا دیکھنا ضروری ہے قیمت ۴ر

ابدی نجات

میں آریہ سماج کے بانی دیانند جی کی دس دلیلوں کے نہایت مدلل اور تحقیقی جواب ... مکتی میں نجات کے محدود اور عارضی ہونے پر ... قیمت ...

سر توڑ

تردید مذہب آریہ سماج پر غازی محمود دھرمپال کی مشہور تصنیف ہے۔ قیمت صرف ۶ر

خاموش تبلیغ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا دلچسپ تبلیغی مضمون جس کو آپ نے ناول کے انداز کے ساتھ نہایت دلچسپ پیرایہ میں بیان فرمایا ہے دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ قیمت ...

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

اس کے پڑھنے سے سوانح عالمگیر اور اس کے تدبر علمی قابلیت اور ... کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آ جائے گا۔ قیمت ۶ر

تحفۃ المحبین

شائقین زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بہتر اور کیا موقع ہوگا کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ پر عمل کیا جائے ... تحفۃ المحبین ... قیمت ...

صراط مستقیم

یہ اسم بامسمیٰ کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کامل ذریعہ ہے۔ قیمت صرف ...

دلائل الخیرات

اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ...

اطلاع: ایک روپیہ سے کم قیمت کی کتاب کے لئے اس کی قیمت کے ٹکٹ پیشگی آنے چاہئیں

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

برطانوی اور افغانی معاہدات کی مفصل تاریخ

۱۵۶۱ء سے لیکر ۱۹۱۸ء تک کے واقعات پر تبصرہ

(گزشتہ سے پیوستہ)

معاہدہ چہارم

۱۸۵۶ء میں ایران اور برطانیہ میں ہرات پر جنگ ہوئی اور انگریزوں نے خلیج فارس پر قبضہ کر لیا۔ اس وقت برطانیہ نے امیر دوست محمد خاں کو اپنا دوست بنانا اور مالی مدد دینی ضروری خیال کیا اور امیر موصوف نے بذات خود سر جان لارنس چیف کمشنر پنجاب سے پشاور میں ملاقات کی اور اس ملاقات کے بعد ۲۶ جنوری ۱۸۵۷ء میں دونوں حکومتوں کے درمیان ایک نیا معاہدہ ہوا۔ اس معاہدے کی ترتیب میں امیر دوست محمد خاں نے بذات خود نمایندگی کے فرائض انجام دئے۔ اور انگریزوں کی طرف سے سر جان لارنس چیف کمشنر پنجاب اور کرنل ایچ۔ بی۔ ایڈورڈ …

یعقوب خاں قید ہو کر ہندوستان روانہ ہوئے اور ان کے بعد امیر عبد الرحمٰن خاں مسند آرائے افغانستان ہوئے۔

معاہدہ ششم

افغانی تاریخ گواہ ہے کہ شیر شاہ اور احمد شاہ ابدالی کے بعد جو شخص فوجی اور انتظامی قابلیت افغانستان میں بدرجہ اتم رکھتا تھا وہ عبد الرحمٰن خاں تھا۔ امیر عبد الرحمٰن خاں ہی کی ذات تھی جس نے انگریزوں اور روسی سیاست کا بہ نظر عمیق مطالعہ کیا تھا جن لوگوں نے تزک عبد الرحمٰن پڑھی ہے وہ اس بات کو اچھی طرح جانتے ہونگے کہ عبد الرحمٰن خاں افغانستان کو کیا بنانا چاہتا تھا …

(باقی آئندہ)

مرکزی جمعیۃ مقننہ کے سامنے وائسرائے کی تقریر

موجودہ سیاسی حالات پر تبصرہ

سرحد کی بمباری کو حق بجانب ثابت کرنے کی کوشش

شملہ ۳۱ اگست ہز ایکسیلنسی وائسرائے نے کل ہر دو ایوان کے مجمع میں تقریر فرمائی۔ اور موجودہ حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ امید ظاہر کی کہ اصلاحات کے نفاذ کے ساتھ ریزرو بنک کا قیام بھی عمل میں آجائے گا۔ آپ نے پہلے سر ہارک جی دادا بھائی اور سر شنمکھم چیٹی دونوں پرانے دوستوں کو ہر دو ایوانوں کی صدارت کے حصول پر مبارکباد دی اور ان کے کام میں حصول کامیابی کی تمنا کا اظہار کیا۔ آپ نے فرمایا کہ ملک کی حالت آج پہلے سے بہت زیادہ تسلی بخش ہے اس لئے میں آج بہت کم قابل بحث معاملات آپ کے سامنے پیش کروں گا …

ملکی مصنوعات و زراعت

ہز ایکسیلنسی نے زرعی تحقیقاتی کونسل کے مفید اور اہم کام کا ذکر کرتے ہوئے وھٹلے رپورٹ کا بھی ذکر کیا۔ وھٹلے رپورٹ میں جن خوانین کی سفارش کی گئی تھی ان میں سے نیکٹری بل نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

قانون تحفظ والیان ریاست

اس کے بعد آپ نے ریاستوں کے تحفظ کا مسودہ قانون کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا …

ممالک خارجہ

سرحد پر ہوائی حملہ

جاپان سے تجارتی معاہدہ

مالی حالات

برطانیہ کے خلاف بائیکاٹ

ریزرو بنک

سیاسی حالات

تحریک بغاوت انگیزی

متشدد تحریک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۴ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ

وائسرائے کی تقریر

(۱)

سرحد کی بمباری اور تہذیب و انسانیت کے بنیادی اصول

ہمیں نہایت افسوس کے ساتھ اس امر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ ۳۰ اگست کو ہز ایکسیلنسی گورنر جنرل نے کونسل آف اسٹیٹ اور اسمبلی کے مشترکہ اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے جو تقریر ارشاد فرمائی وہ نہ صرف ہمارے لئے بلکہ تمام ہندوستان کے لئے من حیث المجموع نہایت مایوس کن اور تکلیف دہ تھی …

… کی صورت میں بر آمد ہوتا ہے۔

یہ ہے ان دلائل کا خلاصہ جو ہز ایکسیلنسی نے اپنی تقریر میں سرحد کی بمباری کو جائز ثابت کرنے کے لئے دئے ہیں اور جن کی نامعقولیت بالکل ظاہر و باہر ہے۔

وحشت و بربریت

مقتضائے انسانیت

حکومت کی ذمہ داریاں

دلائل کا جائزہ

مہمان نوازی کا جرم

اسی طرح ہز ایکسیلنسی کا یہ فرمانا کہ باوجود تنبیہ کے قبائل نے مذکورہ بالا اشخاص کو ہمارے حوالے نہیں کیا اس لئے ہمیں یہ طریق کار اختیار کرنا پڑا صحیح نہیں ہے۔ دنیا کے تمام مہذب ممالک میں یہ دستور ہے کہ پناہ گزینوں کو دشمن کے حوالے نہیں کیا جاتا اسے اخلاق اور تہذیب کا ایک لازمہ سمجھا جاتا ہے۔ اگر قبائل میں ابھی یہ رسم موجود ہے اور وہ اپنی مشہور روایتی مہمان نوازی کے ماتحت اس پر اصرار کرتے ہیں تو یہ ان کا کوئی جرم نہیں ہے …

آخری نتیجہ

اقتصادی اور مالی نقصان

نائب مفتی جمعیۃ کا اخراج

مولوی سلطان احمد صاحب نائب مفتی جمعیۃ علمائے ہند کو چیف کمشنر صوبہ دہلی کی جانب سے اخراج کا جو نوٹس دیا گیا تھا اس کے متعلق گزشتہ ہفتہ اسمبلی میں سوالات کئے گئے۔ اور کافی دیر تک اراکین اسمبلی نے حکومت کے نمائندہ پر جرح کی۔ حکومت کی طرف سے ہوم ممبر نے اس کا اعتراف کیا کہ جمعیۃ علمائے ہند کوئی خلاف قانون جماعت نہیں ہے لیکن مولوی سلطان احمد صاحب کے اخراج کی وجہ جس کے سپرد صرف ایک دفتری خدمت تھی یہ بیان کی کہ انہوں نے حکومت کے خلاف ایک نہایت اشتعال انگیز تقریر کی تھی۔ ہمیں اس جواب کو پڑھ کر سخت حیرت ہوئی کہ ہوم ممبر کا مقصد مولوی صاحب کی کونسی تقریر سے ہے جبکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ نوٹس کی تعمیل سے تقریباً ایک ماہ قبل تک ان کی کسی تقریر کا کوئی ریکارڈ پیش نہیں کیا جا سکتا۔ ہمیں وثوق کے ساتھ معلوم ہے کہ مولوی صاحب موصوف …

بات کو ٹال دیا کہ حکومت کے پاس اور بھی بہت سے وجوہ ایسے تھے جن پر ان کا اخراج ضروری تھا۔ وہ وجوہ کیا تھے یہ کسی کو معلوم نہیں ہے اور نہ شاید کبھی معلوم ہو سکتا ہے …

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل سوالات کے بارے میں:

(۱) یہاں کراچی میں گزشتہ تین سال سے یوم میلاد النبی ایک جلوس کی شکل میں منایا جاتا ہے۔

(۲) کیا میلاد النبی کی یہ تحریک جو پٹی ضلع لاہور کے ایک شخص نے شروع کی ہے یا قدیم زمانہ یعنی رسول اللہ اور صحابہ کرام کے زمانہ مبارک میں بھی ایسے ہی جلوسوں کا رواج تھا اور بعد بند ہو گیا تھا جواب دوبارہ شروع کیا گیا ہے۔

(۳) جلوس مرتب کرنے والے لوگ یہ کوشش کرتے ہیں کہ ہمارا جلوس ہر طرح ہر حالت میں آریہ سماجی ہندوؤں کا نگریسی ہندوؤں کے کانگریس کے جلوسوں سے کم نہ ہو۔

(۴) کیا ایک اسلامی تہوار اس طرح ہندوؤں کے طریقہ پر منانا جائز ہے یا بدعت ہے۔

(۵) اگر بدعت ہے تو کیا بدعت گناہ نہیں ہے اور کفر کے قریب نہیں لے جاتا۔

الجواب

استفتاء

الجواب

مدناپور کا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ریوالور سے ہلاک کردیا گیا

حملہ آوروں میں سے ایک ہلاک۔ ایک مجروح اور ایک گرفتار

ریوالور۔ بم۔ کارتوس اور بم بنانے کا سامان برآمد ہوا

مدناپور ۳ ستمبر۔ کل شام کو ۵ بجے مسٹر بی ای جی برج ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مدناپور کو قتل کردیا گیا۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پولیس کلب کے فٹ بال کا میچ کھیلنے گئے تھے حملہ آور مدناپور کے ہی باشندے بتلائے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک اسی جگہ ہلاک ہوگیا اور دوسرا شدید زخمی ہوا تیسرا گرفتار کرلیا گیا۔

مسٹر برج شام کو پانچ بجے ٹاؤن کلب کی جانب سے میچ کھیلنے گئے تھے وہ ابھی اپنی موٹر سے اتر کر چند قدم ہی چلے تھے کہ ریوالوروں سے ان پر کئی فائر کئے گئے ان کے جسم کے مختلف حصوں میں گولیاں لگیں اور وہ اسی جگہ جاں بحق ہوگئے۔ لاش کا پوسٹ مارٹم کل ہوگا۔ مدناپور میں ریوالور سے ہلاک ہونے والا یہ تیسرا مجسٹریٹ ہے۔

زخمی حملہ آور پولیس کی حراست میں زیر علاج ہے۔ آخری بیان قلمبند کیا گیا ہے۔ مسٹر برج اور بہت سے دوسرے اعلیٰ افسران بھی پولیس لائن کے میدان میں کھیل دیکھنے کے لئے موجود تھے۔ حملہ آوروں پر پولیس کے سپاہی نے جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے ہمراہ تھا گولیاں چلائیں۔ جب زخمی حملہ آور کو پولیس نے قابو میں کرلیا تو اس نے شور مچایا کہ مجھے بھی مار ڈالو۔

کلکتہ ۳ ستمبر۔ کلکتہ پولیس نے بڑا باگان میں چار مکانوں پر چھاپہ مارا اور ان میں سے ایک مکان میں "ایک اسلحہ خانہ" کا پتہ لگایا۔ پولیس کو وہاں سے تین ریوالور چھ بم۔ ایک ہزار سے زائد کارتوس اور کارتوس بنانے اور بھرنے کے اوزار۔ بارود۔ روئی۔ فلیتے۔ آتش گیر مسالہ۔ جعلی نوٹ بنانے کی مشین۔ بم بنانے کا پلانٹ اور بہت سی ضبط شدہ کتب برآمد ہوئیں۔ پولیس نے اس سلسلہ میں تین بنگالی نوجوانوں کو جو مشرقی بنگال کے باشندے ہیں گرفتار کرلیا ہے یہ مکانات اس مکان سے دو سو گز کے فاصلہ کے اندر واقع ہیں جہاں سے حال ہی میں ڈائنامیٹ کی ٹکیاں اور بم وغیرہ برآمد ہوئے تھے۔

حکومت اور کانگریس میں صلح کرانیکی کوشش

پرن کٹی میں معتدل اور لبرل لیڈروں کا اجتماع

مصالحت کیلئے گاندھی جی کی دلی خواہش

بمبئی یکم ستمبر۔ بمبئی کے تجارتی حلقوں میں کوشش ہورہی ہے کہ گاندھی جی اور حکومت کے درمیان جمود کو ختم کیا جائے تاکہ ہندوستان میں امن و امان کے ساتھ تجارت کو فروغ حاصل ہو۔ معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں ایوان تاجران ہند کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں قرار پایا کہ ایک کمیٹی بنائی جائے جو حکومت اور کانگریس کے درمیان صلح کرانے کی غرض سے گاندھی جی اور وائسرائے سے ملاقات کرے۔ اکثر ممبران نے یہ رائے ظاہر کی کہ گاندھی جی کو سول نافرمانی بالکل بند کردینی چاہئے۔ معاصر "ایونگ نیوز" کو معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی پر بائیں بازو کا دباؤ بڑھ رہا ہے کہ وہ بہ حیثیت سیاسیات سے علیحدہ ہوجائیں اور ہریجن تحریک میں لگ جائیں۔

پونہ ۲ ستمبر۔ سر کاؤس جی جہانگیر جو حال ہی میں انگلستان سے واپس آئے ہیں گزشتہ شب پرن کٹی تشریف لائے اور آدھ گھنٹہ تک گاندھی جی سے تبادلہ خیال کیا۔ معلوم ہوا ہے کہ دیگر لیڈران بھی اس ہفتہ گاندھی جی کی دعوت پر پرن کٹی تشریف لائیں گے۔ گاندھی جی مزید قدم اٹھانے سے پیشتر تمام لیڈروں سے تبادلہ خیال کرنا چاہتے ہیں۔ اس خیال کے پیش نظر آپ معتدل اور لبرل لیڈروں سے خط و کتابت کررہے ہیں۔ پنڈت جواہر لال نہرو بھی آپ سے ملاقات کریں گے۔

بمبئی ۲ ستمبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندوں سے گاندھی جی نے کہا کہ میری غیر متوقع رہائی نے ایسی صورت پیدا کردی ہے جو خاص غور و توجہ کی متقاضی ہے میں صلح کے لئے اپنی دلی خواہش کا اعادہ کرتا ہوں جہاں تک میرے امکان میں ہوگا میں صلح کے لئے کوئی کوشش باقی نہیں چھوڑوں گا۔ میں ہر معاملہ پر سچائی سے غور کرکر رہا ہوں۔ میرے روبرو پیشتر کی تیار کردہ کوئی اسکیم نہیں ہے۔

دارالحکومت

ہندوستانی دواخانہ کے جھگڑے کا فیصلہ

حکیم محمد احمد خاں بدستور ریسیور قرار پائے

جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب نے طبی کالج کے بورڈ کی رکنیت سے گزشتہ جون میں بعد ۵ اراکین کے اخراج کا حکم دیا تھا۔ چنانچہ ان میں سے خان صاحب ماسٹر فضل الدین اور سید ندیم صاحب نے سینیر سب جج کی عدالت میں درخواست دی تھی کہ حکیم صاحب موصوف کے اس حکم کو منسوخ قرار دیا جائے انہوں نے یہ بھی گزارش کی تھی کہ عدالت دواخانہ کے معاملہ میں کوئی فیصلہ ریسیور بنادے۔

آج چہار شنبہ کو جب اس کی سماعت سینیر سب جج کی عدالت میں ہوئی تو جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب سیکرٹری طبی کالج بورڈ کا بیان ہوا۔ حکیم صاحب کے بیان کے قلمبند ہوجانے کے بعد عدالت نے تجویز کیا کہ حکیم صاحب ہی کو بورڈ کا ریسیور بنادیا جائے اور جب تک درخواست کا فیصلہ نہ ہو وہی اس فرض کو انجام دیں۔

جمنا میں ۹ من گھی پھینک دیا گیا

محکمہ حفظان صحت دہلی کا پہلا کارنامہ

اس قانون کی خلاف ورزی کی سزا ایک ہزار روپے جرمانہ اور چھ ماہ قید سخت ہے۔

پنجابی پبلک لائبریری کی مینجنگ کمیٹی کا اجلاس

حاجی رشید احمد صاحب کو ایڈریس نہیں دیا جائیگا

دہلی ۱۳ اگست۔ آج صبح ۱۰ بجے پنجابی پبلک لائبریری کی مینجنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ منجملہ دیگر تجاویز کے ایک تجویز یہ بھی پیش کی گئی کہ کمیٹی مذکور کی جانب سے حاجی رشید احمد صاحب صدر لائبریری کو ان کی واپسی لندن پر ایڈریس پیش کیا جائے۔ لیکن اراکین کمیٹی نے اس تجویز کو کثرت آراء سے مسترد کردیا۔ (نامہ نگار)

حکومت نے مقدمہ واپس لے لیا

مولانا ظفر علی خاں اور دیگر علماء کی براءت

لاہور ۱۳ اگست۔ حکومت نے مولانا ظفر علی خاں، مولانا احمد علی، مولانا عبدالحنان، مولانا حبیب اللہ، مولانا لال حسین اختر، مولانا محمد بخش مسلم اور خان احمد یار خاں وغیرہ کے خلاف ... جو مقدمہ دائر کیا تھا ... حکومت مقدمہ واپس لیتی ہے۔

انتقال پرملال

... ۵ بجے دن کے مولانا محمد عبدالاول صاحب کے فرزند میاں سلیم کا انتقال ہوگیا ... خدا تعالیٰ لواحقین کو صبر جمیل اور ان کو نعم البدل عطا فرمائے۔ آمین۔

چینی ترکستان میں خونریز جنگ

تنگانی اور چینی شہر چھوڑ کر بھاگ گئے

شملہ ۱۴ اگست۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ کاشغر کی مزید اطلاعات سے پایا جاتا ہے کہ تیمور کے مارے جانے کے بعد تنگانیوں نے قرغیزیوں کو کانفرنس کی دعوت دی اور انہیں شرائط بیان کے ساتھ صلح کرنے کی پیشکش کی جن کو قرغیزیوں نے منظور کرنے سے انکار کردیا۔ چنانچہ جب تنگانی قرغیزیوں سے صلح کرنے میں کامیاب نہ ہوسکے تو تنگانی اس اسلحہ اور بارود کو جو پرانے کاشغر میں ان کے قبضہ میں آیا تھا ساتھ لے کر نئے شہر میں چلے گئے اور پرانے شہر میں صرف تھوڑی سی فوج پیچھے چھوڑ گئے۔ اس فوج پر ... قرغیزیوں نے متفرق ترکی افواج اور ہزاروں نہتے دیہاتیوں کی امداد سے حملہ کیا۔ تنگانی افواج کے بہت سے اشخاص اور اکثر چینی باشندے نئے شہر میں بھاگ جانے میں کامیاب ہوگئے لیکن غالباً چو بانی رہ گئے وہ مارے گئے ہیں۔

لائن پر بڑا پتھر رکھ دیا

ایک شخص کی موقعہ پر گرفتاری

وزیر ہند سے ہرجانہ کا مطالبہ

اسیران مقدمہ سازش میرٹھ کی حمایت

لندن۔ قومی مشترکہ کونسل نے جس میں ٹریڈ یونین کانگریس لیبر پارٹی اور پارلیمنٹری پارٹی کی نمائندگی ہے یہ طے کیا ہے کہ سر سیموئیل ہور سے یہ درخواست کی جائے کہ وہ ایک مشترکہ ڈیپوٹیشن سے ملاقات کرکے اس پوزیشن پر غور کریں جو میرٹھ کے قیدیوں کے فیصلہ اپیل سے پیدا ہوئی ہے ...

فرانس کے بعد روس کا اٹلی سے معاہدہ

روم ۳ ستمبر۔ اٹلی اور سوویٹ روس کے درمیان جو معاہدہ ہوا تھا اس پر ہر دو حکومتوں کے نمائندوں نے دستخط ہوگئے ہیں۔ اس معاہدہ میں فریقین نے غیر جانبدار رہنے اور ایک دوسرے کے خلاف جارحانہ کارروائی اختیار نہ کرنے کا عہد کیا ہے۔ یہ معاہدہ روس اور فرانس کے معاہدہ سے ملتا جلتا ہے حضرت جارحانہ کارروائی کی وضاحت نہیں کی گئی ہے۔

ہندوستان بھر میں کثرت باراں سے تباہی

گاؤں بہہ گئے۔ مکانات منہدم۔ جانوں کا اتلاف

دہلی کے قریب چار اشخاص ہلاک

دہلی ۳ ستمبر۔ جمنا کی طغیانی میں اب کمی ہوگئی ہے۔ جمنا کے کنارے کے مواضعات کی حالت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ مقامی حکام سیلاب زدہ مقامات کا دورہ کررہے ہیں۔ ...

دہلی کے قریب پالا گاؤں میں ایک مکان گر گیا جس میں بہت سے سوتے ہوئے آدمی دب گئے جن میں سے چار فوراً ہلاک ہوگئے اور ایک شدید زخمی ہوا۔

لاہور ۳ ستمبر۔ پنجاب میں کثرت باراں کی وجہ سے جان و مال اور فصلوں کو زبردست نقصان پہنچا ہے ...

امریکہ میں سونے کی برآمد کی اجازت

صدر امریکہ کا نیا قانون

نیویارک ۲۹ اگست۔ مسٹر روزویلٹ نے سونے پر سے پابندی ہٹالی ... فیڈرل ریزرو بنک کے ذریعہ سے امریکی کانوں سے نکلا ہوا اپنا سونا فروخت کے لئے ...

پنڈت جواہرلال نہرو رہا کردیئے گئے

الہ آباد ۳۱ اگست۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو اپنی سزائے قید کی میعاد ختم کرنے سے پیشتر آج شام کو دہرہ دون سنٹرل جیل سے رہا کردیئے گئے اور وہاں سے ... کو روانہ ہوگئے ... پنڈت جی ... سے ملاقات کی۔

اسمبلی میں ہوائی تاخت کے متعلق سوال و جواب

قبائل پر بم باری مقتضیات کے عین مطابق ہے

فوجی سکریٹری مسٹر ٹوٹنہم کے جوابات

شملہ ۲ ستمبر۔ کل شاہ مسعود احمد صاحب نے صوبہ سرحد پر ہوائی تاخت کے متعلق چند سوالات کئے جس پر مسٹر ٹوٹنہم فوجی سکریٹری نے بمباری کی ایک مختصر تاریخ بیان کی اور وائسرائے کی تقریر کا اعادہ کیا ...

دہلی سے نائب مفتی جمعیۃ علماء ہند کا اخراج

اسمبلی میں ہوم ممبر کا بیان

شملہ ۱۳ اگست۔ اسمبلی میں سوالات کے دوران میں مولانا سلطان احمد صاحب نائب مفتی جمعیۃ علماء ہند کے اخراج کے متعلق بھی سوال کیا گیا اور ہوم ممبر سے دریافت کیا گیا کہ چیف کمشنر دہلی نے مولانا کو دہلی سے خارج کرنے کا حکم کس بنا پر جاری کیا۔ ہوم ممبر نے اس امر کا اقرار کیا کہ جمعیۃ علماء ہند کو خلاف قانون قرار نہیں دیا گیا ...

بیرونی سازشوں کی وجہ سے جزیرۃ العرب میں خانہ جنگی

سلطان حجاز اور امام یمن میں جنگ کا اندیشہ

سلطنت نجد و حجاز کے ایجنٹ مقیم مصر کی طرف سے مندرجہ ذیل اعلان شائع ہوا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سلطان ابن سعود اور امام یحییٰ میں جنگ کا خطرہ ہے بہرحال اعلان مذکورہ درج ذیل ہے:-

معلوم ہوتا ہے کہ نجد اور یمن میں عنقریب جنگ چھڑ جانے کی خبریں صحیح ہیں۔ یمن نے اپنی حکومت سے صحیح حالات طلب کئے ہیں مگر اب تک موصول نہیں ہوئے ہیں تاہم سے یہی اندیشہ ہے کہ دونوں حکومتوں کے تعلقات بے حد کشیدہ ہوگئے ہیں۔

تمام مسلمانوں کے لئے عام طور پر اور جزیرۃ العرب کے باشندوں کے لئے خاص طور پر ہونے والی جنگ سخت افسوسناک ہوگی کیونکہ مسلمانوں کو باہم متحد و متفق ہونا چاہئے۔ نہ کہ آپس میں خونریزی کرکے دشمنان عرب و اسلام کے لئے باعث تقویت بننا چاہئے۔

تفصیلات کا مجھے اب تک علم نہیں مگر میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ خطرناک صورت حال کی ذمہ داری بیرونی سازشوں پر ہے جو نجد و یمن کو لڑا دینے کے لئے مدت سے جاری ہیں۔ نجد و یمن میں یہ بات طے ہوگئی تھی کہ معاہدہ کرکے حلیف بن جائیں گے۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے اعلیٰ حضرت ابن سعود نے اپنا وفد بھی یمن روانہ کردیا تھا۔ مگر دفعتہً حالات نے پلٹا کھایا اور جنگ کا خطرہ پیدا ہوگیا۔

عسیر میں سید حسن ادریسی کی ناکام بغاوت کا حال سب کو معلوم ہوا ہے جب باغیوں کو قطعی شکست ہوگئی تو سید حسن نے اپنے بعض ساتھیوں کے ساتھ یمن میں پناہ لی۔ ... اگر یہ جنگ شروع ہوگئی تو خواہ غالب ہوں یا مغلوب نتیجہ ایک ہی ہے یعنی مسلمان باہم ایک دوسرے کا خون بہائیں گے لیکن اللہ کی مصلحت کو کوئی انسان جان نہیں سکتا۔

حاجیوں کیلئے نئے قواعد و ضوابط

جبریہ خوراک اور پانی کی بہم رسانی کے انتظامات

ہندوستانی جہازرانی کے قانون میں حاجیوں کے جہاز پر جانے کے لئے حال میں ایک قانون کے ذریعہ جو ترمیم ہوئی تھی اس کی رو سے سفر حج کے متعلق بعض قواعد کا بنایا جانا طے پایا تھا اور اس کی دفعہ ۲۱۲ (۱) میں اس کا اختیار گورنر جنرل باجلاس کونسل کو دیا گیا تھا۔ چنانچہ یہ قواعد اب مرتب ہوگئے ہیں اور انہیں پبلک کے سامنے غور و خوض کے لئے پیش کردیا گیا ہے۔ اگر کسی کو ان قواعد پر اعتراض ہو تو ۱۵ ستمبر تک غور کیا جاسکتا ہے۔ آج کی اشاعت میں وہ حصہ درج کیا جاتا ہے جو جہاز کے سفر پر جبریہ کھانے کے انتظام سے متعلق ہے اور جواب جہازراں کمپنی کی طرف سے ہوگا۔

خوراک اور پانی کی بہم رسانی

دفعہ (۱) (الف) دوران سفر میں کھانے کے انتظام کی غرض سے مسافروں کو دو قسموں میں منقسم کردیا جائے گا۔ اور انہیں قسم الف اور قسم ب سمجھا جائیگا۔

(ب) "قسم الف" وہ لوگ ہوں گے جو مندرجہ ذیل کا کھانا قبول کرنا پسند کریں گے۔

(۱) صبح کو چائے (۲) دن کا کھانا (۳) سہ پہر کی چائے اور (۴) رات کا کھانا۔

(ج) "قسم ب" وہ مسافر سمجھے جائیں گے جو مندرجہ ذیل کھانا قبول کرنا پسند کریں گے۔

(۱) ایک وقت چائے خواہ صبح یا شام، اور (۲) ایک وقت کا کھانا خواہ دن میں یا رات میں۔

(۲) "قسم الف" کے ہر مسافر کو روزانہ جہاز کے ناخدا کے بیان کے حسب ذیل مقدار میں کھانا اور چائے ملے گی۔

(الف) صبح کی چائے

(ب) دن کا کھانا

(د) رات کا کھانا

دفعہ ۸۲۔ حاجیوں کو کھانا کھلانے اور کھانا پکانے کے لئے جہاز پر جتنے ملازم ہوں گے سب مسلمان ہوں گے اس قسم کے باورچیوں اور نوکروں کی تعداد انسپکٹر کی خواہش کے مطابق معین ہوگی۔

دفعہ ۸۴۔ کھانے کے لئے جتنی چیزیں فراہم کی جائیں گی سب عمدہ قسم کی ہوں گی۔

(۲) حاجیوں کو جو کھانا دیا جائے گا اس کی تیاری میں کوئی ایسی چیز استعمال نہ کی جائے گی جو شرعاً ناجائز ہو۔

دفعہ ۸۵۔ ہر مسافر کو کھانے کے لئے ایک پتا لیا برتن ساتھ رکھنا ہوگا جس میں وہ کھائے گا۔

عدن کے متعلق خط و کتابت شائع کرنیکا انکار

ہندوستان میں غدر پارٹی کا قیام

اسمبلی کے اجلاس کی کارروائی

شملہ ۱۳ اگست۔ وائسرائے کی تقریر کے بعد اسمبلی کی باقاعدہ کارروائی شروع ہوئی۔ متعدد ممبران نے مختلف سوالات دریافت کئے۔

سرحد پر گیارہ ہزار پونڈ کے ۹۰ بم برسائے گئے

کونسل آف اسٹیٹ میں کمانڈر انچیف کا بیان

شملہ ۱۳ اگست۔ کونسل آف اسٹیٹ کے اجلاس میں کمانڈر انچیف نے بیان کیا کہ ... سرحد میں بالائی مہمندوں کی بغاوت کو فرو کرنے کے لئے ... جہازوں نے بم باری کی کل ۹۰ بم برسائے گئے جن کا مجموعی وزن ۸۸۰۰ پونڈ تھا ... اس ہوائی تاخت پر حکومت کا ۱۵ ہزار روپیہ صرف ہوا ہے۔

آتشزدگی سے اسی ہزار کا نقصان

لاہور ۱۳ اگست۔ کل صبح بمبئی ... کی دوکان واقع گنگا رام بلڈنگ مال روڈ میں زبردست آگ لگی ... فائر بریگیڈ کی طاقت سے باہر تھا۔

مسلمانان مدراس میں زبردست ہیجان

داعی اسلام کی مقدس ذات پر ایک پادری کے حملے

۲۵ اگست۔ بعد نماز جمعہ جامع مسجد محلہ رائے پیٹ میں مسلمانان مدراس کا ایک عام احتجاجی جلسہ زیر صدارت عالیجناب مولوی ذکا حاجی قاضی محمد سبغۃ اللہ صاحب قبلہ منعقد ہوا۔ جو ریاست ٹراونکور کے ایک عیسائی پادری ریورنڈ تھامس نے اپنی ایک تصنیف "سیتا نو نشتم" میں مذہب اسلام اور نبی کریم رحمۃ للعالمین محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اخلاق مقدس پر نہایت بیباکی سے گستاخی کی ہے۔ ...

(سید شاہ محمد رائے پیٹ مدراس)

جامع مسجد فرید آباد کی املاک توڑنے کا فیصلہ

میونسپلٹی کے خلاف مسلمانوں کا زبردست احتجاج

آج بتاریخ ۵ اگست مسلمانان فرید آباد و نواحی دیہات کا ایک جلسہ عام زیر صدارت سید شریف احمد صاحب متولی عیدگاہ و مسجد سیدان فرید آباد بعد نماز جمعہ جامع مسجد فرید آباد میں منعقد ہوا جس میں حسب ذیل ریزولیوشن پاس ہوئے۔ ...

محرک: سید مختار احمد زیدی رئیس فرید آباد

مؤید: غلام احمد متولی جامع مسجد فرید آباد

ایک عیسائی مبلغ کی ژاژخائی

دربار ٹراونکور نے کتاب ضبط کرلی

دربار ٹراونکور نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں درج ہے کہ کتاب "سیتا نو نشتم" کے بارے میں ریاست کے مسلمانوں نے زبردست مظاہرہ جاری رکھا تھا ... جناب حکومت نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کے نام ہدایات جاری کردی ہیں کہ وہ اپنے علاقوں میں جہاں کہیں یہ کتاب پائی جائے فوراً ضبط کرلیں۔ (رہبر دکن)

نازی قیدی کو چھڑا کرلے گئے

ریوالوروں کے فائر

میونخ ۱۳ اگست۔ کل علی الصبح نازیوں کی ایک پارٹی اسٹین اسٹون کے بھیس میں موٹر میں سوار ہوکر جیل خانہ پہنچی اور ایک بہانہ سے اس کے اندر داخل ہوگئی اور نازی لیڈر ... کو چھڑا کر لے گئی ... اس سلسلہ میں نازی گرفتار کئے گئے ہیں ...

وزیر اعظم اور وائسرائے کی مطلق العنانی

لارڈ سالسبری کا غصہ

لندن ۴ ستمبر۔ لارڈ سالسبری نے معاصر "ٹائمز" میں ایک چٹھی شائع کرائی ہے جس میں وہ وائٹ پیپر کے متعلق وائسرائے کے متعصبانہ حوالہ پر نکتہ چینی کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ وائٹ پیپر کی اسکیم کو تاج برطانیہ کے نمائندے نہیں بلکہ جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی اور پارلیمنٹ کے ممبران ... آپ مزید رقمطراز ہیں تجربہ بتلاتا ہے کہ وزیر اعظم یا وائسرائے جب کبھی ہندوستان کے متعلق کوئی اعلان کرتے ہیں اور ... اس کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش نہیں کرتے تو ہم عدم اعتماد کے مجرم ٹھیرائے جاتے ہیں۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کی یادگار کا اہتمام بالشان جلسہ

دیوبند ۵ اگست ۱۹۳۳ء آج شیخ الاسلام حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کی علمی یادگار کے مسئلہ پر غور وخوض کرنے کے لئے ہندوستان کے جلیل القدر علماء کا ایک عظیم الشان اجتماع منعقد ہوا جس میں دارالعلوم دیوبند کے حضرات اساتذہ اور عمائدین شہر کے علاوہ مختلف صوبہ جات کے اکثر علماء نے بھی شرکت کی جلسہ کا آغاز تلاوت کلام مجید سے ہوا۔ اس کے بعد مولانا محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی نے جلسہ کی صدارت کے لئے ...

...

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی، حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحب، حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی، مولانا الحاج محمد بن موسیٰ میاں صاحب، مولانا احمد علی صاحب امیر انجمن خدام الدین لاہور، مولانا بشیر احمد صاحب ... مولانا فخر الدین صاحب ... حکیم سید محفوظ علی صاحب ...

حق کی آواز اور کانفرنس و احرار یعنی بدخواہی

من ازیں پیش ندانم کہ کفن دزدان چند ❊ بہر تقسیم قبور انجمنے ساختہ اند

(از عدالت حسین ۔ بگہی چمپارن)

میں عرصہ سے سنتا آیا ہوں کہ حق کی آواز باطل پرستوں کے کمپ میں کھلبلی ڈال دیتی ہے چنانچہ اکثر میں نے اس اصول حق کا مشاہدہ بھی کیا ہے۔

جب امارت شرعیہ قائم ہوئی جو ایک حق کی آواز تھی تو اس وقت بھی ایک کمپ میں ہل چل مچ گئی خوب خوب رسالہ بازی مضمون نگاری شروع ...

...

نام ہے جس نے تمام کانفرنسی بھائیوں کو سانپ سونگھا دیا کرتا ہے ... ان بھائیوں کی جھولی میں ایک ہی عمل ہے یعنی الکشن بازی چنانچہ وہی الکشن کی بازی حقوق مسلمین اور حفاظت اسلام کے نام سے شروع کی جارہی ہے۔

محترم مولوی شفیع داؤدی صاحب سال بھر سے چوبیس گھنٹہ شب وروز اسی ادھیڑ بن میں لگے رہتے ہیں آخر اس طرح پر کب تک غریب مسلمانوں کو احمق بنانے کی سعی جاری رہے گی اگر آپ کو میرے اس بیان کی صداقت میں کچھ شبہ ہو تو احرار پارٹی اور مسلم کانفرنس کے جلسہ میں اس مضمون کی تجویز منظور کرا کر دیکھ لیجئے کہ ان دونوں انجمنوں کے اگزیکیٹو بورڈ کا محرک ممبر اور عہدیدار کونسل اسمبلی میں نہیں جاسکتا۔ ہر ایک کے چہرہ سے نقاب الٹ جائے گا۔ کیا میں آپ سے امید رکھوں کہ یہ تجویز منظور کرا کر شائع کردیں گے۔ لیکن میرا فیصلہ آج ہی سے سن لیجئے کہ یہ تجویز پاس ہوسکے گی کیونکہ

من ازیں پیش ندانم کہ کفن دزدان چند ❊ بہر تقسیم قبور انجمنے ساختہ اند

سردست اسی مضمون پر اکتفا کرتا ہوں اگر ضرورت ہوئی تو پھر آئندہ لکھوں گا

خادم القوم عدالت حسین موضع بگہی ڈاکخانہ نوریا ضلع چمپارن

آئرلینڈ میں خانہ جنگی

...

ہندوستان کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اصلی مجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلی ماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم خدمت خلق کررہا ہے ضرورت اور تکلیف میں پتہ یاد رکھو۔ منیجر دواخانہ حکیم جمیل خاں دہلی

مسلمان وقف بل میں اصلاحات کا مطالبہ
ہندوستان کے گوشے گوشے میں احتجاجی جلسے

(باڑھ و پٹنہ)

باڑھ ۵ اگست آج بعد نماز جمعہ مسلمانان باڑھ کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حاجی غلام معین الدین محمد صاحب رئیس باڑھ منعقد ہوا جس میں مولانا ابوالناظر محمد امیر حسن صاحب نے ایک مختصر سی تقریر کے دوران میں مسلمان وقف بل ۱۹۳۳ء کے نقائص کو کافی طور پر واضح فرمایا اور محکمہ امارت شرعیہ کی ترمیمات کو ہر طرح قابل قبول اور بہتر و مناسب بتلاتے ہوئے مندرجہ ذیل تجویزات پیش کیں جو بالاتفاق منظور ہوئیں آپ نے اپنی تقریر میں سب سے ...

...

صاحب پیش امام قبل نماز جمعہ جنگلی مسجد میں منعقد ہوا اور تجاویز وقف کمیٹی امارت شرعیہ صوبہ بہار و اڑیسہ بالاتفاق آرار پاس ہوئے اور اس کی ایک کاپی جناب سکریٹری صاحب حکومت بہار و اڑیسہ (صیغہ تعلیمات) رانچی کی خدمت میں بھیجی گئی۔

محمد سعد اللہ بتیا گنج نمبر ۲ چمپارن

جزیرہ فاؤنڈلینڈ میں ہنگامہ
گورنر کے بنگلہ پر ہجوم کا حملہ

نیو فاؤنڈلینڈ، اگست تمام ہفتہ یہاں سینٹ جانز میں بدامنی رہی۔ چار اشخاص کی سرکردگی میں بلوائیوں نے گورنر کے بنگلہ پر حملہ کردیا اور کھڑکیوں کو توڑ ڈالا۔ کل پولیس والوں کی تعداد سات سو ہے اور انہیں بھی بوجہ ناداری کے حکومت تنخواہ نہیں دیتی یہ بیچارے بلوائیوں کے آگے ٹھیر نہ سکے تجارتی کساد بازاری کی وجہ سے ...

...

دنیا کا قارون وقت
جرمنی کا سب سے بڑا کروڑپتی!!

ٹیکس کے متعلق تازہ ترین اعداد و شمار منکشف ہوتا ہے کہ جرمن لکھ پتیوں کی فہرست میں سابق قیصر جرمنی کا نام چوٹی پر ہے آپ کی جس جائداد پر ٹیکس عائد کیا گیا ہے اس کی مالیت سو کروڑ ۵۰ لاکھ پونڈ ہے جنگ اور کساد بازاری نے جرمن دولتمندوں کو تباہ و برباد کردیا ہے ۱۹ ہزار لکھ پتیوں میں سے اب صرف دو ہزار سو سو رہ گئے ہیں اور ان میں بھی زیادہ تر قدیم خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

گمشدہ کی تلاش

...

گلدستہ صد احادیث مفت

...

غریبوں کا خدا

...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بال جیون گھٹی

...

الجامعہ

...



ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۷۹۳

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ... ...

ششماہی ... ...

سہ ماہی ... ...

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ... ...

ششماہی ... ...

نمونہ

فی پرچہ ایک آنہ

يد الله على الجماعة

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر: بلال احمد زبیری (بی۔ اے)

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳

۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۹

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ... ...

نصف صفحہ (") ... ...

ایک کالم (") ... ...

½ کالم (") ... ...

¼ کالم ... ...

جلد ۱۸ | دہلی - یوم شنبہ ۱۸ / جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۹ / ستمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۷

معاصرین کے افکار و آراء

معاملات اجین کے سلسلے میں قوم پرور اخبارات کے طرز عمل کے متعلق الامان کے ایڈیٹر "مظہر الدین شیرکوٹی" نے جو غلط فہمیاں پھیلائی ہیں اور دہاں کے ... بیدھے سادے مسلمانوں کو لوٹ کر اپنی جیبیں بھرنے کے لئے جو دام تزویر دہلی سے اجین تک پھیلایا ہے اس کا تار و پود بجنور کے اخبار "مدینہ" نے حسب ذیل ...

اجین کے معاملات

[illegible]

کانگریس کی آزمائش کے لئے ایک مجلس

[illegible]

حکومت گوالیار کا فرض

[illegible]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

ازبلا پادریوں کے نرغہ میں

ایمان کی آزمائش کیلئے ایک مجلس

[illegible]

ایمان کی آزمائش

[illegible]

سیلیوں کا قتل عام

[illegible]

گفتگو کا ایک نیا نمونہ

[illegible]

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی سے تقریباً تمام علمی طبقہ اچھی طرح واقف ہے یوں تو آپ کی ہر اردو تصنیف زبان و معلومات کا اعلیٰ معیار ہے مگر خصوصیت سے مولانا کا خطبہ صدارت جو آپ نے جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴ / مارچ ۲۶ء کلکتہ میں پڑھا گیا قیمت صرف ۸ /

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری کا خطبہ صدارت جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۳۔ ۴۔ ۵ / مئی ۲۸ء کو امروہہ میں پڑھا گیا قیمت ۴ /

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی نائب امیر شریعت صوبہ بہار جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس خصوصی منعقدہ ۱۵، ۱۶، ۱۷ / جمادی الآخر ۱۳۴۳ھ مراد آباد میں پڑھا گیا قیمت ۸ /

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ جو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۹ / اکتوبر ۱۹۲۱ء کو پڑھا گیا قیمت ۲ /

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۵ / ستمبر ۱۹۲۳ء بمقام کوکناڈا میں پڑھا گیا قیمت ۳ /

خطبہ صدارت بطل حریت حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد جو اجلاس خصوصی انڈین نیشنل کانگریس منعقدہ ۱۵ / دسمبر ۲۳ء کو دہلی میں پڑھا گیا۔ قیمت ۳ /

مضامین مولانا ابو الکلام صاحب آزاد حصہ اول

مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا معرکۃ الآرا بیان جو آپ نے مجسٹریٹ کلکتہ کی کچہری میں دیا ۳ /

تازہ مضامین مولانا ابو الکلام آزاد ۱۲ / ۸ /

مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام جو آپ نے جیل جانے سے ایک روز قبل تحریر فرمایا تھا قیمت ۱ /

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو ... کی در پردہ کوشش کی جا رہی ہے جس سے بہت سے ... مسلمان بسا اوقات ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں ... فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل ... کتابیں پڑھ کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

ختم نبوت فی القرآن۔ اس کے پڑھنے سے آپ کو آیات قرآنی کے ذریعہ صاف صاف معلوم ہو جائے گا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا ہی نہیں ہوا۔ قیمت ۱۲ /

ختم نبوت فی الحدیث۔ اس رسالہ میں خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ کو پیش کر کے بتلایا گیا ہے کہ کوئی نبی آپ کے بعد نہیں آئیگا قیمت ۱۰ /

ابطال اعجاز مرزا۔ یہ رسالہ طلبا کے لئے زیادہ مفید ہے اس میں صرفی و نحوی طریقوں سے مرزا کے قصیدہ اعجازیہ کی بیشمار غلطیاں دکھائی گئی ہیں قیمت ۸ /

حقیقت رسائل اعجازیہ۔ یہی وہ رسالہ ہے جس میں ایک دو نہیں بلکہ ... سے مرزا قادیانی کے دعوئ اعجازیہ کو باطل کر کے دکھلایا ہے اور ان کے رسائل کی حقیقت کی پول کھول دی گئی ہے قیمت ۴ /

عقائد قادیانی منظوم۔ اس مختصر رسالہ میں مرزا کے عقائد باطلہ اور کفریہ کو مسدس کی شکل میں پیش کیا گیا ہے جس کو دیکھ کر آسانی سے مرزائیت کی حقیقت کا انکشاف ہو جاتا ہے۔ قیمت ۱ /

معیار صداقت۔ میں ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا صاحب خود اپنے بیان کردہ معیار کے بموجب کاذب ہیں قیمت ۱ /

معیار المسیح۔ اس میں ان آیتوں سے جن سے کہ مرزا کی صداقت ثابت کی جاتی ہے ان کا کاذب ہونا ثابت کیا ہے۔ قیمت ۳ /

آئینہ کمالات مرزا۔ اس رسالہ میں مرزا غلام احمد کی پیشینگوئیاں اور الہامات کا صریح جھوٹ ثابت کیا گیا ہے جس کے پڑھنے سے ہر شخص مرزا کی غلط بیانی سے بخوبی واقف ہو سکتا ہے۔ قیمت ۳ /

مسیح قادیان کی حالت کا بیان۔ اس کتاب کے دیکھنے سے قادیانیوں کی حقیقت کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آجائے گا قیمت ۳ /

دین مرزا الکفر خالص۔ یہ رسالہ دیکھنے کے بعد آپ کو مرزائیوں کے کفر و ارتداد کا پورا پتہ چل جائیگا اور پھر آپ ہرگز ان کے پھندے میں نہ آسکینگے قیمت صرف ۱ /

نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی۔ اس رسالہ کو پڑھ کر آپ مرزائیوں کے فریب سے اچھی طرح واقف ہو سکیں گے اور پھر ان کی چال اور دھوکہ بازی سے محفوظ رہ سکیں گے۔ قیمت ۵ /

صحائف رحمانیہ۔ ابتک اس کے ... نمبر شائع ہو چکے ہیں ہر مسلمان کو اس کتاب کا رکھنا نہایت ضروری ہے جس میں قرآن و حدیث و واقعات اور خود مرزا قادیانی کے جھوٹے الہامات سے مرزا کا جھوٹا ہونا ثابت کیا گیا ہے ہر نمبر قابل دید ہے سب نمبروں کی قیمت تین روپے دیئے /

اطلاع رحمانی۔ یہ کتاب ان سو سوالوں کے جواب کا مجموعہ ہے جو شمالی امریکہ جزیرہ ٹرنیڈاڈ والوں نے ایک احمدی مبلغ کی تبلیغ سے متاثر ہو کر سوالات کئے تھے جو پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں قیمت ۴ /

دوسری شہادت آسمانی۔ میں نہایت فصاحت کے ساتھ مرزا کے جھوٹ وغیرہ کی پول کھولی گئی ہے ... قیمت ۳ /

ہدیہ عثمانیہ۔ ... قیمت صرف ۳ /

انوار ایمانی۔ میں عبد الماجد قادیانی کی کذب بیانی کا صحیح نقشہ کھینچ کر دکھلایا گیا ہے جو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے قیمت ۱ /

حقیقۃ المسیح۔ اس رسالہ میں سچے مسیح کی علامات اور مسیح کاذب کی حالت کو نہایت روشن طریقہ سے واضح کیا گیا ہے جس کا دیکھنا مسلمانوں کو نہایت ضروری ہے۔ قیمت ۳ /

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن بُرے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

دہلی کے نامور فن پہلوانی کے یگانہ و بے مثل استاد استاد ماہر خ بیگ ۹ ماہ رواں کو شب کے آٹھ بجے تقریباً ایک سو سال کی عمر میں دنیائے فانی کو خیرباد کہہ کر ملک جاودانی کو تشریف لے گئے۔ جنازہ کے ساتھ عزاداروں کا اس قدر ہجوم تھا کہ رود تک جانے پر بھی کاندھا ملنا مشکل سے ملتا تھا کٹرہ غلام محمد خاں سے جب تک جنازہ محلہ رودگراں میں نہیں پہونچا ٹریفن تانگہ وغیرہ کی آمد و رفت بند ہوگئی تھی آپ کے تلامذہ کا حلقہ بہت وسیع ہے آپ کے حلقہ بگوشوں میں آغا پہلوان نہرہ پہلوان، جن پہلوان مرحوم وغیرہم فن کشتی گری کے اعتبار سے تمام ہندوستان میں مشہور تھے بازار لعل چاہ میں کوئی ایک فرد بھی ایسا نہ ہوگا جسکو آپ سے شرف نیاز حاصل نہ ہوا ہو۔ مرحوم صوم و صلوٰۃ کے سختی کے ساتھ پابند تھے آپ کی عزیزوں کو ہمیشہ پہلوانوں کی طرح بازاری نہ تھی نہایت نیک دل متقی پرہیزگار رہنیہ علمائے کرام کی صحبت سے شغف رہا۔ اللہ تعالی مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے آمین۔

دہلی میں پیدائش و اموات

دہلی ۱۱ ستمبر ہفتہ مختتمہ کی رپورٹ مظہر ہے کہ اس ہفتہ میں کل اموات کی تعداد ۸۰ تھی اس سے پہلے ہفتہ میں اموات کی تعداد ۹۲ تھی۔ روزانہ اموات کی اوسط ... ہے۔

نئی دہلی میں ۳۱ بچے پیدا ہوئے اور چار اموات واقع ہوئیں۔ رقبہ متبرہ سول لائنز میں ۲۸ پیدائش اور ۵ موتیں ہوئیں۔ نئی چھاؤنی دہلی میں چار بچے پیدا ہوئے اور تین موتیں واقع ہوئیں۔

ریلوے کی ملازمتوں میں فرقہ وارانہ نمائندگی
کونسل آف اسٹیٹ میں ریلوے کمشنر کا بیان

شملہ ۹ ستمبر چیف کمشنر محکمہ ریلوے نے کونسل آف اسٹیٹ میں پرسوں یہ بیان کیا کہ ریلوے بورڈ نے مختلف ریلوے کمپنیوں کے ایجنٹوں کو مسٹر حسن کی سفارشات کے مطابق ریلوے کے ماتحت افسران کی آسامیوں اور مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کی نمائندگی کے بارے میں احکام جاری کر دئے ہیں مسٹر حسن نے پندرہ سفارشات کی تھیں جن میں سے سات ہنوز زیر غور ہیں۔

(۱) جہاں کہیں ملازمتوں کے لئے امیدواروں کا انتخاب بورڈ کے ذریعہ سے ہوتا ہے وہاں امیدواروں میں اقلیت کی جماعت کے امیدوار اتنے منتخب کر دیا جائے لہذا اس قاعدہ سے مسلم مفاد کو کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہیں ہے کہ جگہوں کے لئے انتخاب کرنے کے وقت ریلوے ملازموں کے رشتہ داروں کا خاص لحاظ رکھا جائے۔

(۳) امیدوار رسٹریوں کے مدیں مسلم مفاد کے تحفظ کا کافی انتظام کر دیا گیا ہے۔

(۴) اس کے لئے احکام جاری کر دئے گئے ہیں کہ ماتحتوں کو اپنے موجودہ گریڈ سے اوپر کے گریڈ میں جانے کا موقعہ رہے۔

(۵) اقلیتوں کو ٹیکنیکل ٹریننگ کے لئے مراعات دینے میں چونکہ فرقہ وارانہ جانبداری آجاتی ہے لہذا ایسا نہیں کیا گیا۔

(۶) اسی طرح جو ریلوے ملازمین ٹیکنیکل ٹریننگ حاصل کرتے ہیں ان کے لئے کوئی خصوصی سلوک فرقہ وارانہ اعتبار سے نہیں رکھا گیا ہے۔

(۷) ریلوے کلرکوں کے تقرر کے بارے میں ریلوے بورڈ کا منشا یہ ہے کہ کسی ایک فرقہ کو غلبہ حاصل نہ ہو اس غرض سے ایوان جو تدابیر مناسب سمجھے اختیار کرے۔

(۸) ریلوے بورڈ اس کی کوئی ضرورت نہیں سمجھتا کہ مذکورہ بالا سفارشات پر عملدرآمد کی تصدیق کرنے کے لئے کوئی خاص جماعت قائم کرے۔

کانگریس کا مستقل پروگرام
ملکی صنعت کی ہمہ گیر تحریک شروع کی جائیگی

بمبئی ... برن کٹی میں گاندھی جی اور دوسرے کانگریسی اور راڈریٹ لیڈروں میں جو تبادلہ خیالات آئندہ پروگرام کے لئے ہو رہا ہے۔ اس کے متعلق بمبئی کے کانگریسی حلقوں میں خاص دلچسپی پائی جاتی ہے۔ جو اصحاب پرن کٹی سے واپس آئے ہیں ان کا بیان ہے کہ گاندھی جی کے سامنے اس وقت کانگریس کے آئندہ پروگرام کے متعلق بمبئی کے کانگریسی لیڈروں کی پیش کردہ اسکیم ہے جس میں انہوں نے زور دیا ہے کہ انفرادی سول نافرمانی کو اس کی موجودہ جگہ پر ہی چھوڑ دیا جائے اور ملک میں اجتماعی جوش پیدا کرنے کے لئے سودیشی تحریک ایسی کر دی جائے جس میں گورنمنٹ سے بھی ٹکر نہیں ہوگی۔ اور کانگریس کا تعمیری پروگرام بھی مکمل ہوتا جائے گا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ سودیشی تحریک کے متعلق لبرل لیڈروں نے بھی یقین دلایا ہے کہ وہ اس میں شامل ہوں گے۔ سر تیج بہادر سپرو نے تو خاص طور پر اپنی آمادگی کا اظہار کیا ہے۔

احمد آباد سے اخراج کا حکم

احمد آباد ۹ ستمبر بلونت رائے مہتہ سکرٹری اکھل بھارتیہ پرجا منڈل کو جو کہ حال ہی میں گرفتار کئے گئے تھے اور سابرمتی جیل میں نظر بند تھے آج رہا کر دیا گیا، ان پر فی ایک نوٹس تعمیل کیا گیا۔ جس میں انہیں حکم دیا گیا کہ وہ بارہ گھنٹے کے اندر احمد آباد ضلع کی حدود سے باہر نکل جائیں۔

سرخ پوشوں کے سردار کی گرفتاری

پشاور ... ستمبر سرحد کے سرخ پوشوں کے بیان کردہ "کمانڈر انچیف" بادشاہ گل کو تعزیرات (دفعہ ۴۰ ب) ریگولیشن کے ماتحت انکے گاؤں چارسدہ میں سوتے ہوئے گرفتار کر لیا گیا۔ بادشاہ گل دو سال سے مفرور تھے۔

افغانستان میں تین قتل
ایک انگریز ایک ہندوستانی اور ایک افغانی
قاتل گرفتار

شملہ ۸ ستمبر شملہ کی ایک سرکاری اطلاع مظہر ہے کہ کابل کے برطانوی سفارتخانہ میں تین قتل ہو گئے جن مقتولین کو پستول سے قتل کیا گیا ہے ان میں ایک افسر اسٹر ... جو گراج سے سپرنٹنڈنٹ تھے۔ دوسرے ہندوستانی میر منشی اور تیسرا مقتول بجلی کے کارخانہ کا ایک افغانی مستری تھا کہا جاتا ہے کہ ان تینوں کا قاتل ایک افغانی طالب علم تھا جو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

تھیا گلی کا ایک پیغام مظہر ہے کہ یہ تینوں قتل سفارتخانہ کے ہسپتال میں ہوئے میر منشی کا نام ارشاد حسین تھا جو جالندھر کے رہنے والے تھے ...

معلوم ہوا ہے کہ قاتل کا نام عزیز محمد ہے۔ سیاسی مقصد سے یہ قتل برلن میں افغان وزیر کے قتل سے دی جا رہی ہے وہاں بھی ایک افغانی طالب علم نے قتل کا ارتکاب کیا تھا۔

بہار کے نوجوانوں میں تحریک دہشت انگیزی
جرائم اور مقدمات میں اضافہ

پٹنہ۔ صوبہ بہار اڑیسہ کے محکمہ پولیس کے نظم و نسق کی رپورٹ بابت ۱۹۳۲ء شائع ہوگئی ہے جس میں مذکور ہے۔

جرائم میں برابر اضافہ ہو رہا ہے۔ اس سال مقدموں کی تعداد ۲۰۲۴۲ تک پہونچ گئی۔ جبکہ گزشتہ سال صرف ۲۶۲۱۵ مقدمے دائر کئے گئے تھے۔ تحریک سول نافرمانی کے خاتمہ جلد ختم ہو جانے کی وجہ سے پولیس کو جرائم کے انسداد کے لئے کافی وقت مل گیا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ اقتصادی کساد بازاری اور بدامنی کے باوجود جو تحریک سول نافرمانی کی وجہ سے پیدا ہوگئی تھی ڈاکہ زنی کے واقعات میں کمی ہوگئی۔

رپورٹ میں بیان کیا گیا ہے کہ حالانکہ گزشتہ سال کے مقابلہ میں اس سال دہشت انگیزی کے واقعات میں کمی ہوگئی ہے۔ تاہم اس امر کی شہادت ملتی ہے کہ نوجوانوں میں دہشت انگیزی کے لئے دلچسپی پیدا ہوگئی ہے۔ اور وہ بنگال کی رہنمائی کے بغیر اپنی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لئے تیار ہیں۔

گاندھی جی اور پنڈت جواہر لال کی ملاقات
پرن کٹی میں پرکیف اجتماع

پونہ ۱۱ ستمبر دو سال کی طویل جدائی کے بعد پنڈت جواہر لال نہرو اور گاندھی جی کی ملاقات کل شام کو پرن کٹی میں ہوئی۔ پنڈت جی شام کو ساڑھے پانچ بجے بذریعہ مدراس میل پونہ پہنچے ریلوے اسٹیشن پر سروجنی نائیڈو مسٹر ایڈریوز نے اور کئی دیگر مقامی لیڈروں نے ان کا خیر مقدم کیا حاضرین نے ریلوے اسٹیشن پر ان کو ہار پہنائے اور نعرے لگائے پنڈت جی بھی پرن کٹی ہی میں قیام کرینگے۔ جس وقت پنڈت جی پرن کٹی میں پہنچے اس وقت گاندھی جی کھانا کھا رہے تھے۔ انہوں نے اپنی کھانے کی تشتری پیچھے رکھدی اور نہایت شفقت سے پنڈت جی کی پیٹھ ٹھونکی اس کے بعد انہوں نے سروپ رانی نہرو جی اور کملا نہرو کی صحت کے متعلق بہت سے سوالات کئے۔ گاندھی جی نے شام کو چہل قدمی کرتے ہوئے بھی پنڈت جی سے کافی دیر تک گفتگو کی۔

سروجنی نائیڈو پرارتھنا کے وقت سے قبل پرن کٹی سے چلی گئی تھیں غالباً آج شب کو گاندھی جی اور پنڈت جی کے درمیان کسی اہم معاملہ پر گفتگو نہیں ہوگی۔

توپ کا گولہ پھٹ گیا
سرحد پر پانچ افسر زخمی ہوگئے

شملہ ۹ ستمبر۔ کاکول (صوبہ سرحد) میں توپوں کی مشق کرانے کا جو اسکول ہے اس کے اندر بدھ کے روز ایک ۵۔۳ انچ کا گولہ دفعتہً توپ کے دہانے سے پاس ہی ہیں گز کے فاصلہ پر پھٹ گیا جس کی کوئی وجہ معلوم نہ ہو سکی۔ تین توپچی ایک میجر اور ایک سارجنٹ زخمی ہوئے۔

کرے کوئی بھرے کوئی
حکومت مدراس کا ایک عجیب قانون

کالی کٹ۔ حکومت مدراس نے لوکل بورڈوں کے ملازمین اور افسروں کے ذاتی چال چلن کے بارے میں نمونہ کے طور پر چند ریگولیشن (قواعد) مرتب کئے ہیں۔ اور ان کو جامہ پہنانے کے لئے ڈسٹرکٹ بورڈوں کے پاس بھیجدیا ہے۔ ان قواعد میں سے ایک یہ ہے کہ ہر ایک شخص اپنی بیوی کی سیاسی سرگرمیوں کا ذمہ دار ہوگا۔

اس بارے میں مالابار ڈسٹرکٹ بورڈ نے مالابار کے تعلقہ بورڈوں اور یونین پنچایتوں کی رائے طلب کی تھی، تمام تعلقہ بورڈوں اور پنچایتوں نے اس ریگولیشن پر سخت اعتراض کیا ہے۔ ڈسٹرکٹ بورڈ کے ممبروں کے درمیان بھی اس ریگولیشن کے متعلق زبردست اختلاف تھا۔ اکثریت کی یہ رائے تھی کہ شوہر اور بیوی کے سیاسی نقطہ نگاہ میں اختلاف ہو سکتا ہے۔ اور ان حالات میں شوہر بیوی کی سیاسی سرگرمیوں کے لئے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔

بل مشتہر کیا جائیگا

شملہ ۹ ستمبر معلوم ہوا ہے کہ ریاستوں کے تحفظ کے متعلق بل کو مشتہر کرنے کی تحریک کو حکومت نے منظور کر لیا ہے اور سر ہیری ہیگ ہوم ممبر اسمبلی میں اس کا اعلان کریں گے۔

جلالۃ الملک شاہ فیصل والئی عراق کا اچانک انتقال
نئے جانشین کے نام شاہ انگلستان کا پیغام تعزیت
لندن کے اخبارات کا رویہ عراق کی آئندہ پالیسی

لندن ۸ ستمبر سوئزرلینڈ کے دار الحکومت برن کے ایک ہوٹل میں شب کے وقت جلالۃ الملک شاہ فیصل والئی عراق کے قلب پر مرض کا حملہ ہوا جس سے وہ جانبر نہ ہو سکے اور ان کی اچانک موت واقع ہوگئی۔ زیادہ عرصہ نہیں گزرا کہ شاہ فیصل یورپ کی سیر و سیاحت کے لئے انگلستان گئے تھے اور ملک معظم کے مہمان ہوئے تھے آپکا ارادہ انگلستان کے دیگر مقامات کی سیاحت کا بھی تھا لیکن اسی دوران میں آپ کو اشوری قبائل کی بغاوت کی خبر پہونچی اور آپکو اپنا یہ سفر ملتوی کرنا پڑا اور وہ انگلستان سے سیدھے عراق پہونچے، عراق کی بغاوت فرو ہوگئی مگر شاہ فیصل جن کی صحت پہلے ہی سے خراب تھی اور زیادہ خراب ہوگئی اور ڈاکٹروں نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ عراق کی گرمی سے بچنے کے لئے فوراً یورپ چلے جائیں چنانچہ آپ اوائل اگست ہی میں یورپ روانہ ہوگئے۔ برن میں بعد چکر شاہ فیصل ایک ہوٹل میں قیام پذیر ہوئے ... ستمبر کو دوپہر کا کھانا انہوں نے اسی ہوٹل میں کھایا مگر شام کو انہیں کچھ تکان محسوس ہوئی اور ڈاکٹر کو بلایا گیا نصف شب کے بعد ان کی طبیعت یکایک خراب ہوگئی اور برابر بگڑتی ہی چلی گئی اور تقریباً تین بجے قلب کی حرکت بند ہو جانے سے آپکا انتقال ہوگیا۔

شاہ انگلستان کا پیغام تعزیت

ملک معظم جارج پنجم نے انگلستان سے ذیل کا پیغام شاہ فیصل کے صاحبزادے کے نام ارسال فرمایا ہے:۔

"میں نے اور میری ملکہ نے آپکے والد جلالۃ الملک شاہ فیصل کے یکایک اور غیر متوقع انتقال کی خبر کو رنج اور افسوس کے ساتھ سنا۔ حال ہی میں مجھے موصوف کی میزبانی کا شرف حاصل ہوا تھا آپ ہماری جانب سے گہری ہمدردی اور تعزیت قبول فرمائیے درحقیقت میں اس حادثہ سے آپ کو آپ کے خاندان کو اور عام باشندوں کو اس نازک وقت میں نقصان عظیم برداشت کرنا پڑا ہے۔ ایک ہی وقت میں ... آپ کو اپنے باپ کی جانشینی کے لئے مبارکباد دیتا ہوں اور میری دلی خواہش ہے کہ آپ کی عزت و اقبال میں ترقی ہو۔"

لندن کے اخبارات کا خراج عقیدت

لندن کے اخبارات نے شاہ فیصل مرحوم کی خدمت میں خراج عقیدت پیش کیا اور ایک سپاہی اور سیاست داں ہونے کی وجہ سے آپ کی مدح سرائی کی لارڈ النبی جو دوران جنگ میں فلسطین کے فیلڈ مارشل تھے انہوں نے شاہ فیصل کی وفات پر حسرت و افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ ایک سپاہی ایک سیاسی مفکر، شاہی دوست اور عظیم شخصیت کے مالک تھے۔

برٹش کروزر کو حکم دیدیا گیا ہے کہ وہ شاہ فیصل کی نعش کو حیفا پہونچا دے۔ انگلستان کے اخبارات نے شاہ فیصل کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے عراق کے مستقبل کے متعلق بہت کچھ خامہ فرسائی کی ہے خصوصیت سے اشوری قبائل کے متعلق جن کا معاملہ ابھی تک تو تمام ہی میں پیش ہونے والا ہے۔ "ٹائمز" لکھتا ہے کہ شاہ فیصل کی زندگی تمام ملک کے اتحاد کی ضامن تھی آپ کی بے وقت وفات سے عراق کی ترقی معرض التواء میں پڑ جائے گی۔

انگریزوں کی دوستی کا اعلان

شاہ فیصل کی نعش

شاہ فیصل کی نعش کو جستے دواؤں کے ذریعہ محفوظ کر دیا گیا ہے۔ ۱۰ ستمبر کو بحیرہ ٹیر برطانوی ہوائی جہاز پر حیفا لیجائی جائے گی اس کے بعد شاہی فوج کے جہاز نعش کو بیت المقدس لیجائیں گے جہاں نماز جنازہ ادا کی جائے گی اور وہاں سے بغداد روانہ ہوگی اور بغداد ہی میں آپ کی تدفین عمل میں آئے گی۔

عراق کے نئے جانشین

شاہ فیصل کے جانشین ان کے صاحبزادے ہونگے جن کی عمر اس وقت ۲۱ سال ہے آپ کا نام امیر غازی ہے۔ ان کے خیالات، افکار، تمدن اور معاشرت اپنے والد سے زیادہ یورپین سانچے میں ڈھلے ہوئے ہیں۔

... گئے تھے اور امیر عبداللہ کو علی الترتیب بغداد اور عراق کا بادشاہ بنا دیا گیا تھا۔ شریف حسین کو سلطان ابن سعود نے حجاز سے نکال باہر کیا اور ان کی موت بحالت جلاوطنی ماتتا میں واقع ہوئی۔ شاہ فیصل جن کی وفات کی خبر آئی ہے آخر تک انگریزوں کے وفادار رہے۔ امیر عبداللہ والئی شرق اردن ابھی تک زندہ ہیں۔

عراقی یہودیوں کا پیغام

بمبئی ۹ ستمبر بمبئی میں جو عراقی یہودی آباد ہیں انہوں نے وزیر اعظم عراق کے نام حسب ذیل تار ارسال کیا ہے:۔

"بمبئی میں رہنے والے عراقی یہودیوں کو شاہ فیصل کی بے وقت وفات پر انتہائی رنج و ملال ہے اس شدید حادثہ میں ہماری دلی ہمدردی قبول فرمائیے۔"

بغداد شرق اردن اور شام میں شاہ فیصل کا ماتم
صدر امریکہ کا تعزیتی پیغام شاہ غازی کے نام

بغداد ۱۰ ستمبر شاہ فیصل کے انتقال پر تمام بغداد میں ہمہ گیر ماتم کیا گیا ہے۔ سات روز تک تمام کاروبار بند رہیں گے۔ انتقال کی خبر پہونچتے ہی عربوں نے ماتمی جلوس کے ساتھ بازاروں اور محلوں کا گشت کیا اور سینہ کوبی کی تمام شہر کی روشنی کو گل کر دیا گیا، عربوں کے بعض جتھوں نے بعض ان دوکانوں کی کھڑکیاں توڑ ڈالیں جو بدستور کھلی ہوئی تھیں۔

بیوہ اور لڑکے کے علاوہ شاہ فیصل نے تین لڑکیاں چھوڑی ہیں جن میں سب سے بڑی لڑکی کی عمر ۲۵ سال کی ہے۔

مسٹر روزولٹ صدر امریکہ نے شاہ غازی کے نام تعزیتی نامہ ارسال کیا ہے۔

لندن ۱۰ ستمبر ملک معظم جارج پنجم نے شاہ غازی کو جو تعزیتی پیغام دیا تھا اس کا جواب شاہ غازی نے بغداد سے روانہ کر دیا ہے جس میں شاہ مذکور نے امید ظاہر کی ہے کہ مستقبل میں حکومت عراق اور برطانیہ کے تعلقات اور زیادہ استوار ہو جائیں گے۔

شاہ غازی نے وزیر اعظم اور کابینہ کے تمام ارکان کا دوبارہ تقرر منظور کر لیا ہے۔ شاہ فیصل مرحوم کا ماتم سات روز تک ہر قصبہ اور گاؤں میں کیا جائیگا۔ شرق اردن میں بھی ماتم کیا جا رہا ہے ملک شام میں ایک ماتمی جلوس نکالا گیا جس میں برطانیہ کے خلاف بھی مظاہرہ کیا گیا۔ فرانسیسی حکام مزید ہیجان کو روکنے کے لئے تدابیر اختیار کر رہے ہیں۔ شاہ فیصل کی نعش اس وقت برنڈنسی میں رکھی ہوئی ہے جو برطانوی کروزر "ڈسپیچ" کے ذریعہ حیفا روانہ کی جائے گی۔

عراقی شہزادہ کی تاجپوشی
بندوقوں کی سلامی دی گئی

لندن ۹ ستمبر کل بغداد میں مرحوم شاہ فیصل کے صاحبزادے امیر غازی کے شاہ عراق ہونے کا اعلان کر دیا گیا۔ ان کی عمر ۲۱ سال کی ہے ابھی بالکل ... سادگی سے ... اور مراسم بھی نہایت سادہ طریقے سے ادا کئے گئے اور وزارت اور الشوری کے اراکین نے حلف وفاداری اٹھایا عوام کو بندوقوں کی سلامی سے مطلع کیا گیا۔

شاہ فیصل اور ہوٹل کا منیجر
ایک ساتھ دونوں کے قلب کی حرکت بند

لندن ۹ ستمبر کہا جاتا ہے کہ شاہ فیصل کسی دیرینہ بیماری کی وجہ سے مرے ہیں انکو اختلاج قلب کی بیماری تھی لیکن جب وہ موٹر میں بیٹھ کر پہاڑ پر گئے تو اس کا اثر اور بھی خراب پڑا۔ رات کو کھانا کھانے کے بعد ان کی حرکت قلب ذرا تیز ہوگئی تھی تو انجکشن کی گئی۔ تب شاہ نے کہا کہ اب ان کی حالت بہتر ہے لیکن آخر شاہ فیصل کا انتقال ہوگیا کہا جاتا ہے کہ شاہ فیصل کے انتقال کے چند گھنٹے بعد آج صبح کو ہوٹل کا منیجر جہاں شاہ ٹھیرے ہوئے تھے حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے مرگیا۔

مولانا حکیم عبد السمیع صاحب رہا کر دئے گئے

ایبٹ آباد ۹ ستمبر جناب مولانا حکیم محمد عبد السمیع صاحب پریزیڈنٹ ڈسٹرکٹ کانگریس ہزارہ و ممبر پراونشل ورکنگ کمیٹی و جنرل ممبر جمعیۃ العلماء ہند دہلی و ممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی کل شام کے نو بجے ایبٹ آباد جیل سے رہا کر دئے گئے ہیں۔ بغہ کے سابق صدر صاحب دو خان سلیمان خاں فارسی ساد ر دیر رسالہ منصور و دیگر مقامی علماء اور کانگریسی حضرات نے آپ کا شاندار استقبال کیا اور آپکی چائے وغیرہ سے تواضع کی گئی۔ (نامہ نگار)

مولانا محمد علی صاحب کی رہائی

سیالکوٹ ۴ ستمبر مولانا محمد علی صاحب کاندھلوی جن کو تحریک کشمیر کے سلسلے میں دو سال کی سخت قید ہوئی تھی اور جو دہلی کی مجلس احرار کے پہلے قافلہ کے رئیس قافلہ تھے آج سیالکوٹ جیل سے رہا ہوگئے ہیں جیل کے دروازے پر سیالکوٹ کے معززین نے آپ کا استقبال کیا۔ آپ نہایت خوش و خرم ہنستے ہوئے جیل سے نکلے اور استقبال کرنے والوں سے بغلگیر ہوئے۔ آپ کی صحت اچھی ہے۔ آپ کی والدہ نے کاندھلہ سے بذریعہ تار آپ کو طلب کیا ہے اس لئے آپ بہت جلد دہلی ہوتے ہوئے کاندھلہ تشریف لیجائیں گے۔ (نامہ نگار)

مولوی حشمت علی بریلوی کی اپیل خارج

جون ۱۹۳۳ء میں بریلوی پارٹی کے خلاف جو فیصلہ عدالت سے صادر ہوا تھا اور جس میں حشمت علی بریلوی سے دو ضمانتیں لی گئی تھیں اس فیصلہ کا خلاصہ اخبار رشید رنگون میں شائع ہوا تھا اور اخبار الجمعیۃ میں بھی اس مقدمہ کا حال اور فیصلہ مذکورہ شائع کیا گیا تھا۔ اس مذکورہ فیصلہ کے خلاف حشمت علی مذکور نے ہائیکورٹ میں اپیل دائر کی تھی، الحمد للہ کل بروز یکشنبہ ۲۴ اگست ۱۹۳۳ء کو یہ اپیل خارج ہوگئی۔ (نامہ نگار)

پیغام سرحد سے ضمانت طلب کر لی گئی

نتھیا گلی ۹ ستمبر صوبہ سرحد میں ہری پور ضلع ہزارہ سے جو ہفتہ وار اخبار "پیغام سرحد" شائع ہوتا ہے، معلوم ہوا ہے کہ اس سے بعض قابل اعتراض مضامین کی بنا پر پانچ سو روپے کی ضمانت طلب کر لی گئی ہے۔

ڈیڑھ لاکھ کے سونے پر نظر
ساہوکار کے مکان پر مسلح ڈاکوؤں کا حملہ

امرتسر ۹ ستمبر پولیس نے گزشتہ شب کو بودھ راج نامی ایک نوجوان کو گرفتار کیا ہے جو ہاپوڑ ضلع میرٹھ کا باشندہ بتلایا جاتا ہے۔

پولیس کا بیان ہے کہ اس نے ایک صراف کے مکان پر دھاوا کیا، اور اس کی بالائی منزل کے ایک کمرہ میں پہنچا، جہاں کہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ روپیہ کا سونا تولا جا رہا تھا۔ وہاں پہنچکر اس نے موجودہ اشخاص کو دھمکی دی کہ وہ تمام سامان اس کے حوالے کر دیں، ورنہ وہ ان کو ہلاک کر دیگا۔ ان لوگوں کے انکار پر بودھ راج نے مالک مکان کے ایک ملازم اور دور رشتہ دار دل کو ایک لمبے چاقو سے زخمی کر دیا۔ بالآخر بڑی جد و جہد کے بعد مالک مکان کے لڑکے نے بودھ راج کو قابو میں کر لیا، اور اس کے دو ساتھی وہاں سے بھاگ گئے۔ پولیس معاملہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ڈاکوؤں کا ایک گروہ یہاں پر لوٹ مار کرنے کے لئے آیا ہوا ہے۔ اس کے چند آدمی گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

ڈاکخانہ کے روپیہ پر ڈاکہ
ڈاکوؤں کی دیدہ دلیری

لکھنؤ ۸ ستمبر بارہ بنکی سے ایک آمدہ اطلاع مظہر ہے کہ کل دوپہر ایک سنسنی خیز ڈاکہ پڑ گیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ گزشتہ شام ڈاکخانہ کا کام ختم ہو جانے کے بعد جبکہ ڈاکخانہ کی آمدنی خزانہ لیجائی جا رہی تھی۔ متعدد مسلح ڈاکوؤں نے اچانک ڈاکخانہ کے ہرکارہ پر حملہ کر دیا اور اس سے روپیوں کا تھیلا چھین کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کا انتظار ہے۔

جاپان اور برطانیہ کے نمائندوں کی کانفرنس

بمبئی ۹ ستمبر ہندوستان میں جاپان برطانیہ اور ہندوستان کے کپڑے کے کارخانہ والوں کی جو کانفرنس ہونے والی ہے اس سلسلہ میں برطانی وفد ۱۵ ستمبر بمبئی پہنچ جائے گا ہندوستانی برطانی نمائندوں کے درمیان کانفرنس ۱۸ ستمبر کو ہوگی۔ جاپانی کارخانوں کے نمائندے جو کلکتہ آنے والے ہیں وہ بعد میں شریک ہو جائیں گے۔

جرمنی میں بیکاروں کی تعداد میں کمی

برلن ۹ ستمبر۔ اگست کے اختتام تک جرمنی میں بیکاروں کی تعداد ... ۴۱۲۸۰۰۰ تھی۔ گویا ۱۵ اگست کے بعد ... ۲۰۷ بیکاروں کی کمی ہوئی ہے۔

صدر اسمبلی کا رولنگ
فری پریس کی ضبطی ضمانت کا معاملہ

شملہ ۸ ستمبر کل اسمبلی کے اجلاس میں صدر اسمبلی نے یہ رولنگ دیا کہ آئندہ جب کوئی ایسا سوال پوچھا جائے جو کسی اخباری رپورٹ پر مبنی ہو تو اس کا اخبار کا اقتباس ہوم ممبر کے پاس بھیجا جانا چاہئے۔

رائے بہادر پٹیل اجلاس کے التوا کی تحریک اس بنیاد پر پیش کرنا چاہتے تھے کہ بمبئی کی حکومت نے فری پریس جرنل کی ضمانت ضبط کر لی ہے صدر اسمبلی نے اس تجویز کو پیش ہونے کی اجازت نہیں دی کیونکہ معاملہ زیر سماعت عدالت ہے اور علاوہ ازیں حکومت کی انتظامیہ کارروائی اشد ضروری معاملات میں شمار نہیں ہو سکتی۔

آسام کے ایک کانگریسی کو سزا

گوہاٹی (آسام) ۹ ستمبر کل ڈپٹی کمشنر کامروپ نے راجچندر بروچی لیڈر سابق سکرٹری آسام صوبہ کانگریس کمیٹی کو اس جرم میں ایک سال کی قید محض کی سزا دی کہ انہوں نے کانگریسی کارکنوں کے نام یہ اپیل شائع کی تھی کہ انفرادی سول نافرمانی شروع کی جائے۔

دو سو مسلمان ملزم قرار دئے گئے

برہم پور ... بیلانگا کے فرقہ وارانہ فساد کے مقدمات کی سماعت ... ستمبر سے ہوگی۔

ملزمین میں ہندو مسلمان دونوں قوم کے افراد ہیں، مگر مسلمانوں کی تعداد دو سو ہے بابو موہن سین بابو ظفر داس کی امداد سے عدالت میں سرکاری وکالت فرمائیں گے۔

مسلم کانفرنس کے انعقاد کی ممانعت

پونچھ ۱۲ ستمبر معاودوں کو ٹنگ میں مسلم الیسوسی ایشن کی طرف سے کانفرنس منعقد کی جانے والی تھی۔ لیکن ریاست کشمیر نے کانفرنس کے انعقاد کی اجازت نہ دی کیونکہ اس قسم کی کانفرنسیں فساد کا موجب بن سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ یہ حکم صادر کیا کہ دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی جائے۔

ایک کروڑ کا اور سونا چلا گیا

بمبئی ۱۰ ستمبر کل قیصر ہند جہاز ساحل بمبئی سے ۹۱,۶۷,۷۶۴ روپیہ کا سونا لیکر روانہ ہوا، جب سے برطانیہ نے طلائی معیار ترک کر دیا ہے تب سے اب تک ہندوستان سے بیرونی ممالک کو ۱۳۲۳۱,۳۵۵,۹ کا سونا جا چکا ہے۔

برطانیہ اور ہندوستان میں صلح نہیں ہو سکتی
برطانوی پالیسی پر لیبر پارٹی کے ممبروں کا حملہ

لندن ۸ ستمبر انڈیپنڈنٹ لیبر پارٹی، ہندوستانی مقصد کے حامیان گاندھی سوسائٹی اور انڈین نیشنل کانگریس لیگ نے مسٹر ڈیمبر میکسٹن ممبر پارلیمنٹ مسٹر اسٹرابی گورن ممبر پارلیمنٹ، مسٹر کیمبل ممبر پارلیمنٹ اور مسٹر فنز براکوے کے دستخطوں سے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں حکومت برطانیہ کی پالیسی پر نکتہ چینی کی گئی ہے اور یہ واضح کیا گیا ہے کہ وائٹ پیپر کی تجاویز سے کسی قسم کی امید پیدا نہیں ہوتی۔

بیان مذکور میں جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کے قدامت پسند انتہا پسند اور لیبر نمائندوں کو متنبہ کیا گیا ہے کہ تا وقتیکہ آزادی کے ضروری اصول کو تسلیم نہیں کیا جائے گا برطانیہ اور ہندوستان کے درمیان صلح نہیں ہو سکتی۔

امریکہ سے کیوبا کی بغاوت
فوجوں کو گولی مار دینے کی دھمکی

لندن ۸ ستمبر ہوانا کی سرکاری کونسل نے یہ اعلان کیا ہے کہ اگر عوام یہ چاہتے ہیں کہ ہم استعفے دیدیں تو ہم رضامند ہیں کیونسلسٹوں کی مرکزی کمیٹی کے متعلق یہ اطلاع ملی ہے کہ انہوں نے طے کیا ہے کہ اگر امریکہ کی فوجوں نے کیوبا میں قدم رکھا تو وہ گولی چلا دیں گے تاکہ دنیا پر یہ ظاہر کر دیا جائے کہ کیوبا امریکہ کی نو آبادی نہیں ہے نیو یورپ سے دو تباہ کن جنگی جہاز کیوبا کے لئے روانہ ہوگئے ہیں، اور ٹن نامی تباہ کن جنگی جہاز امریکہ کی نو آبادی جزیرہ پانامیس کو روانہ کیا گیا ہے، کیونکہ وہاں بلوائیوں نے جیل خانوں میں جو دو ہزار قیدی رکھے گئے ہیں ان کے بلوہ کر دینے کا اندیشہ ہے۔

امریکن فوجوں پر گولی چلانے کی دھمکی
اشتراکیوں کا سابقہ حکومت کا انتباہ

حکومت ہسپانیہ مستعفی ہو جائیگی
اشتمالی جماعت کے اقتدار کا امکان

میڈرڈ ۸ ستمبر یہ افواہ بڑے زوروں کے ساتھ گشت لگا رہی ہے کہ حکومت ہسپانیہ جلد ہی مستعفی ہونے والی ہے۔ ایک عرصہ سے یہ خیال پھیلا ہوا ہے کہ وزیر اعظم مسٹر ازانا سیاسی بے چینی کی ہر سے جس کی طاقت روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے، قابو پانے میں کامیاب نہ ہو سکیں گے۔

سوشلسٹوں نے خاص طور پر دھمکی آمیز رویہ اختیار کر لیا ہے۔ حالات حاضرہ کے پیش نظر یہ یقینی معلوم ہوتا ہے کہ اگر موجودہ حکومت مستعفی ہوگئی تو سوشلسٹ ہی برسر اقتدار ہوں گے۔

منچوکو اور سویٹ حکومت میں ان بن

ہاربن ۸ ستمبر حکومت منچوکو نے سویٹ روس سے جن معاملہ میں جواب طلب کیا تھا اس، پر خاموشی اختیار کرنے کی بنا پر روس اور منچوکو کے سیاسی تعلقات منقطع ہوگئے ہیں۔ سرحد پر جو حادثہ رونما ہوا تھا اس کے خلاف منچوکو کی طرف سے آخری احتجاج کیا گیا ہے۔ منچوکو نے سوویٹ گورنمنٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مجرم افسروں کو قرار واقعی سزا دے اور حکومت منچوکو سے معافی مانگے۔

آرچ بشپ کو ڈاکوؤں کی دھمکی

فلاڈلفیا ۸ ستمبر کارڈنل ڈوگرٹی آرچ بشپ آف فلاڈلفیا کو ایک دھمکی آمیز چٹھی موصول ہوئی ہے جس میں ان کو مطلع کیا گیا ہے کہ وہ پچاس ہزار ڈالر دیں ورنہ ان کے مکان کو بمباری سے اڑا دیا جائے گا۔ آرچ بشپ موصوف نے احتیاطاً اپنے مکان کے گرد پہرہ دار متعین کر دئے ہیں۔

برمیوں کیلئے اصلاحات کا کھلونہ

کل برما کونسل میں مبرایات نے ہندوستان سے علیحدگی کی صورت میں برما کو جو آئین حاصل ہوگا جس کو وزیر ہند نے ایک یادداشت کی شکل میں پیش کیا ہے اس پر غور کرنے کے لئے تحریک پیش کی جس پر تمام دن بحث جاری رہی جس کے بعد کونسل کا اجلاس غیر معینہ عرصہ کے لئے ملتوی کر دیا گیا مقررین میں دو وزراء اور ممبران چیلیز اور انڈیپنڈنٹ پارٹی شامل تھے۔ یورپینوں ہندوستانی اینگلو انڈینوں کے نمائندوں نے میمورنڈم میں مندرجہ تجاویز پر سخت تنقید کی اور حامیان علیحدگی نے بے اطمینانی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان تجاویز سے قومی جذبات کی قطعی تسکین نہیں ہوتی اور اس امر کا مطالبہ کیا کہ فرقہ وارانہ نیابت کو منسوخ کیا جائے اور آئین میں ایسی دفعہ ہونی چاہئے جس سے ذمہ دار حکومت خود بخود حاصل ہو جائے اصلاحات پر نکتہ چینی کرتے ہوئے حامیان علیحدگی نے اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ گورنر کے اختیارات بہت زیادہ وسیع ہیں۔

مسلمان وقف بل اور اس کے نتائج
نئے انتخاب کے لئے مولوی شفیع داؤدی کی جدوجہد

شفیع صاحب داؤدی نئے الیکشن کیلئے ابھی سے زمین ہموار اور پوری تیاری کر رہے ہیں اور اپنی ساری طاقت اس وقت صرف اس کام پر صرف فرما رہے ہیں۔ صوبہ بہار میں پھر مسلم کانفرنس کی رٹ اور فرقائی وہوم صرف اس ایک مقصد کیلئے ہے مگر بدقسمتی سے ملک میں اور خصوصاً صوبہ بہار میں جناب کے سیاہ کارناموں اور حکومت پرستی اور مسلم کشی کی کافی سے زیادہ شہرت ہو چکی ہے آپکا خیال یہ ہے کہ صوبہ میں ہماری سیاہ کارناموں کی تشہیر امارت ہی نے کی ہے۔ اس لئے جناب نے اپنے چند خواجہ سراؤں کو اس کام پر متعین فرما دیا ہے کہ روز ایک نہ ایک تلبیسانہ مضمون اور دیگر امارت کے خلاف شائع کیا کریں مسلسل اس کے خلاف کچھ نہ لکھتے رہنے سے ممکن ہے قوم مغالطے میں آجائے اور ہمارے سیاہ کارناموں کی سیاہی کچھ ہلکی ہو جائے اور اس طرح وقت پر شاید کامیابی حاصل ہو۔ ان خواجہ سراؤں نے بھی شفیع صاحب کی ڈفلی بجانا اس امید پر شروع کر دیا کہ شاید مولانا کے طفیل میں ہمیں بھی کونسل ہی جانا نصیب ہو جائے۔ امارت کو کرتا اور گالیاں دینا شروع کر دیا۔ خوبصورت اور عیارانہ طریقہ پر قوم کی توجہ شفیع داؤدی صاحب کے سیاہ کارناموں سے ہٹانے کے لئے اب وقف بل اور مولوی حسن جان صاحب کو استعمال کیا جا رہا ہے بعض سنجیدہ حضرات بھی اس عام میں ان نادانوں کی طرح عریاں ہی نظر آتے ہیں جو خلاف توقع ہے ان نادانوں کو یہ معلوم ہی نہیں کہ امارت خود ایک وقف بل کے لئے ہمیشہ سے کوشاں رہی ہے مگر وہ ایسی وقف بل چاہتی ہے جس سے واقعی وقف کی حفاظت ہو اور...

تلبیس سے بالواسطہ شفیع داؤدی صاحب کے مقصد کو فائدہ اور مدد پہنچانا مقصود ہے۔ ناظم صاحب امارت کا بیان اسی بارے میں شائع ہوتا تو حقیقت بے نقاب ہو جاتی کہ کون ہمارا دوست ہے اور کون کاذب کون سچ ہے بوجھکر قدم اٹھاتا ہے کون خود غرضی اور حماقت سے۔ میں حضرت ناظم صاحب امارت سے باادب التماس کرونگا کہ جلسہ جلد اس پر روشنی ڈالیں اور جو کچھ گفتگو حسن جان صاحب سے اول سے آخر تک ہوئی ہے ایک مفصل بیان میں شائع فرمادیں تاکہ غلط فہمی دور ہو اور صاف و کھلی حقیقت سامنے آجائے۔

محمد منعم الظہر بینوی ڈاکخانہ بین ضلع پٹنہ

جزیرہ موریشس میں سیرت کا تبلیغی نظام
۴۵ ہزار مسلم آبادی کی مذہبی حالت

جزیرے کی کل آبادی چار لاکھ سے زیادہ ہے جن میں مسلمان تقریباً پینتالیس ہزار ہیں یہ امر باعث مسرت ہے کہ یہاں چند سال سے تبلیغی جدوجہد جاری ہے۔ اشاعت اسلام کے جملہ طریقوں میں زیادہ موثر اور آسان طریقہ یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ مختلف زبانوں میں تمام قوموں کے سامنے پیش کی جائے تقریر ہو یا تحریر ہر طریقہ سے مسلم اور غیر مسلم اصحاب تک اپنی آواز کو پہنچایا جائے مسلمانان موریشس نے بھی اس ضرورت کو محسوس کیا۔ چنانچہ تین سال سے متعدد طور پر وہاں یوم النبی منایا جا رہا ہے۔ سال گذشتہ اس کے جلسہ کی صدارت ایک سربرآوردہ مسلمان مجسٹریٹ مسٹر عثمان صاحب نے کی تھی۔ اردو انگریزی اور فرانسیسی میں حضور کی سیرت پر متعدد حضرات نے تقریریں کیں جو لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ سے تمام اطراف جزیرہ میں پہنچائی گئیں...

(۲) جمعیت کا یہ اجلاس سٹرکٹ پرکاش مصرا کی اس تجویز کو جو لکھنؤ میونسپلٹی میں لڑکیوں کی جبری ابتدائی تعلیم کے متعلق منظور ہوئی ہے انتہائی غیظ و غضب اور نفرت و لعنت کا اظہار کرتے ہوئے لکھنؤ میونسپل کمشنران پر یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس نامبارک تجویز پر آئندہ اجلاس میں دوبارہ غور کر کے مسترد کر دیں۔

شاکر اللہ نوشہروی ناظم جمعیت علماء صوبہ سرحد

حق کی عظیم الشان فتح
شملہ میں قادیانیوں کی ہزیمت

۱۸ اگست ۳۳ء بروز یکشنبہ مابین اہل اسلام اور جماعت قادیانیہ جامع مسجد بال شملہ میں حیات و وفات مسیح علیہ السلام ختم نبوت۔ صدق و کذب مرزا صاحب پر ایک معرکۃ الآرا اور فیصلہ کن مناظرہ ہوا۔ مسلمانوں کی طرف سے مولانا احمد دین، مولانا محمد اسعد اللہ صاحب۔ مولانا لال حسین صاحب اختر اور قادیانیوں کی طرف سے جلال الدین شمس احمد محمد سلیم علی اکبر مناظر تھے مناظرہ صبح ۹ بجے سے ۶ بجے شام تک متواتر ہوتا رہا صرف نماز کے لئے وقفہ کیا جاتا تھا۔

مسلمان مناظرین نے مرزائیوں کے دلائل کی دھجیاں فضائے آسمانی میں اڑا دیں اور اپنی طرف سے وہ محکم دلائل پیش کئے جن سے تمام مرزائی اور ان کے مناظرین کے چھکے چھوٹ گئے بہت سے دلائل کا جواب دینا تو درکنار چھوا تک نہیں بار بار مناظرین کی بار بار یاددہانی اور اصرار کے باوجود قادیانی مناظرین کی طرف سے صاف برخاست جب مرزائیوں کی طرف سے حوالہ کا مطالبہ ہوتا تھا تو فوراً پیش کر دیا جاتا تھا۔ ایک حوالہ کے متعلق محمد سلیم نے کہا کہ اگر یہ حوالہ دکھلا دو...

مناظر اور اراکین انجمن اصلاح المسلمین (جن کے زیر اہتمام یہ مناظرہ منعقد ہوا تھا) کی سعی بلیغ اور حسن انتظام سے کسی قسم کا نقص امن نہیں ہوا۔ اس مناظرہ سے بہت سے مردودین راہ ہدایت پر آگئے الحمد للہ علی ذلک۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ تک اس مناظرہ کی روئداد شائع ہوجائیگی والسلام

(سید سردار حسین سکرٹری انجمن اصلاح المسلمین شملہ)

دارالعلوم دیوبند کی اپیل کا جواب
ایک مبلغ اسلام کی ایثار پیشگی

دارالعلوم دیوبند کی اپنے فرزندوں سے پرزور اپیل۔ اول الجمعیۃ کے کالموں میں اس کے بعد کتابی صورت میں پڑھی۔

آپ حضرات نے فرزندان دارالعلوم کو جس ادائے فرائض کی طرف توجہ دلائی ہے اور حضرات اسلاف کے مبارک تحریروں کو نقل فرما کر فرزندان دارالعلوم کی غفلت پر کاری ضرب لگائی ہے۔ نیز اپنا عملی پروگرام دربارہ امداد دارالعلوم دستخطوں سے مزین فرما کر فرزندان دارالعلوم کو سوال اطرادی سے سبکدوش فرمایا ہے (بشرطیکہ عمل ہوں) اس کے ہم سب خدام مشکور ہیں۔

اس مبارک اپیل سے ہمارے ان بھائیوں کے شکوک کا ازالہ ہو گیا جو فرمایا کرتے تھے کہ ہماری قلیل و حقیر رقم سے دارالعلوم کو کیا ہوگا اب جب کہ اپیل شائع ہو چکی تو ہم خدام کو پروگرام کے مطابق اپیل کو کامیاب بنانا چاہئے۔ اس کے علاوہ فائدہ ہو یا نہ ہو ہم خدام کو پروگرام پر عمل کر کے مرکز دارالعلوم کے معاونین میں نام لکھانا چاہئے کیونکہ بڑی بڑی رقموں کے دینے والے اہل اسلام میں روز افزوں رہے ہیں۔

بنا بریں عرض ہے کہ خادم کا تعلق امارت شرعیہ صوبہ بہار سے ہے۔ اس پروگرام کے مطابق ماہوار رقم مرکزی بیت المال صوبہ بہار میں وضع کرتا جاؤنگا اور ۵۲ھ کے آخر ماہ ذی الحجہ میں سالانہ رقم دارالعلوم میں ہر سال پہونچا کرونگی نیز یہ بھی عرض ہے کہ میں ایک معمولی کاشتکار بھی ہوں انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب ایک روپیہ سالانہ کی کاشت بنام دارالعلوم وقف کر دونگا کہ میرے مرنے کے بعد میرے ورثاء دارالعلوم میں بھیجا کریں۔ آپ حضرات دعا فرمائیں کہ خدا...

مسلم رضاکاروں پر وہابیر دل کا حملہ

(۲) قرار پایا کہ مہاراجہ صاحب بہادر چیف منسٹر صاحب بہادر و سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر و اخبارات کو ایک ایک کاپی پہنچائی جائے۔

(خلیفہ امام الدین سکرٹری)

سرحد میں عیسائی مشنریوں کا جال
جمعیۃ علماء سرحد کی قراردادیں

عراق ریلوے

نجف۔ کربلا معلےٰ۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام۔ تیز رفتاری اور بہت ہی سستا کرایہ سے سفر کریں

مختلف درجوں کی زیارتی کوپن کی کتابیں جو ۱۵۰ دن تک کارآمد ہونگے نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر کتابچہ کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لے جا سکتے ہیں

	درجہ دوئم	درجہ سوئم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا کاظمین سامرہ اور واپسی بصرہ	۴۲-۰-۰	۱۴-۰-۰
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلا کاظمین اور واپسی بصرہ	۴۰-۰-۰	۱۲-۸-۰

تین سال سے کم عمر کے بچہ کا کرایہ معاف اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا نصف کرایہ لیا جاتا ہے

بمبئی اور کراچی سے ہر ہفتہ جہازات بصرہ کے بندرگاہ معقل کو جاتے ہیں جہاں ریلوے کے افسران زائرین کو ان کے آرام اور زیارت گاہوں کو جانیوالی گاڑیوں میں جگہ کا انتظام کرنے کے لئے استقبال کرتے ہیں

زائرین جو مکہ معظمہ کی زیارت کرنا چاہتے ہوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عراق کے راستہ سے سفر کریں اور اس طرح سے ایک ہی وقت میں اس ملک کی زیارتگاہوں کی بھی زیارت کے مواقع بھی مل جائیں

بغداد سے دمشق کو بذریعہ موٹر ۲۴ گھنٹہ میں سفر کیا جا سکتا ہے دمشق سے جدہ۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا کرایہ حسب ذیل ہے

درجہ دوئم ۱۹۰-۰-۰ روپیہ درجہ سوئم بلا خوراک ۹۵-۰-۰ روپیہ

ہندوستان میں عراق ریلوے کے ٹکٹ اور کوپن کی کتابیں بمبئی اور کراچی میں مختلف ایجنٹوں سے خریدے جا سکتے ہیں

(۱) مولوی محمد باقر صاحب مسافرخانہ حاجی دیلوجی جمال جیل روڈ عمر کھاڑی بمبئی
(۲) آنریری جائنٹ سکرٹری فیض پنجتنی بالا گلی بمبئی
(۳) مسٹر ای۔ ای۔ لوبیا۔ مانڈوی کولی واڑہ بمبئی نمبر ۳
(۴) جیب حاجی رحمت اللہ صاحب خارادر کراچی
(۵) مسٹر عبد العلی شیخ عیلے جی معرفت میسرز یوسف علی علی بھائی کریم جی اینڈ کمپنی نیپیر روڈ کراچی
(۶) آنریری سکرٹری فیض پنجتنی معرفت حاجی حبیب بھائی گوکل۔ کوٹھی باغ کراچی

نوٹ: ایک ہی جہاز پر ایک سو یا اس سے زائد تعداد میں بصرہ کو سفر کرنے والے زائرین کو جہاز کے کرایہ میں رعایت مل سکتی ہے

ہندوستان ... دواخانہ حکیم جمیل خاں بلی ماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں ... پتہ یاد رکھو: منیجر دواخانہ حکیم جمیل خاں دہلی

مسلمان وقف بل میں اصلاح کی ضرورت
حج تحقیقاتی کمیٹی کی خفیہ رپورٹ شائع کرنے کا مطالبہ
مختلف مقامات میں زبردست مظاہرے

ہنسور

آج مورخہ ۲۰ جمادی الاول ۵۲ھ کو جامع مسجد ہنسور میں ایک جلسہ بصدارت مولانا عبد الباقی صاحب منعقد ہوا جس میں مولانا محمد نعیم صاحب نے ایک مفصل تقریر کے بعد گورنمنٹ کے مکتہ تعاون اس کی چالوں سے عامہ مسلمین کو آگاہ کرتے ہوئے حج کمیٹی اور مسودہ قانون معلمین اور مولانا محمد اسمٰعیل غزنوی اور خفیہ رپورٹ پر روشنی ڈالی بعدہ حسب ذیل تجاویز بالاتفاق آرا منظور ہوئیں:۔

مسلمانان ہنسور ضلع فیض آباد کا یہ جلسہ معلمین حجاج کے مسودہ قانون کو مذہبی مداخلت تصور کرتا ہے اور یقین کرتا ہے کہ اس کی وجہ سے سخت نقصان اٹھانا پڑے گا نیز اس کے علاوہ بہت سی خرابیاں اس قانون کے ذریعہ پیدا ہونگی اس لئے یہ جلسہ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ مسودہ قانون کو واپس لے لیا جاوے۔

(۱) یہ جلسہ مولانا محمد اسمٰعیل صاحب غزنوی کو حج سے روکے جانے پر سخت افسوس کرتا ہے اور گمان کرتا ہے کہ حکومت کا یہ اقدام صریح مذہبی غلطی ہے اور ملکہ وکٹوریہ کے اعلان مذہبی آزادی کی کھلی ہوئی خلاف ورزی ہے۔

(ب) یہ جلسہ مولانا موصوف کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔

(۲) مسلمانان ہنسور کا یہ جلسہ تحقیقاتی حج کمیٹی کی خفیہ رپورٹ کو جلد...

(ب) مساجد، قبرستان، درگاہیں کے اوقاف جو مسلمانوں کے فائدے کے لئے ہوں سب کی حفاظت قانون میں شامل ہو۔

(ج) حفاظت اوقاف کے اخراجات حکومت کے ذمہ ہوں جس طرح ۱۸۱۰ء کے ریگولیشن بنگال کے ماتحت ۱۸۶۳ء تک حکومت کے ذمہ تھے

(۳) مسلمانوں کا یہ جلسہ تمام حکومت اور ممبران کونسل سے استدعا کرتا ہے کہ وہ مولوی حسن جان صاحب کے مسودہ قانون اوقاف میں امارت شرعیہ کی تجویز کے مطابق ترمیم پیش کر کے منظور کرائیں۔

(عبد الکریم حسینی امام جامع مسجد ڈالٹن گنج)

جینوار پور

بتاریخ ۵ اگست یوم جمعہ کو موضع جینوار پور میں زیر صدارت جناب حکیم مولوی محمد کاظم صاحب رحمانی کے مسلمانان موضع جینوار، کشن پور، حکیم آباد وغیرہ کا زبردست اجتماع ہوا۔ صدر صاحب نے قانون اوقاف کے ہر پہلو پر زبردست طریقہ سے روشنی ڈالی۔ اس کی غلطیوں سے آگاہ کیا اس کے بعد حسب ذیل تجاویز امارت شرعیہ بہار کی پاس کی گئیں اور ان کی اطلاع وزیر تعلیمات صوبہ بہار کو دیدی گئی۔

(الوحید الحق جینواری بستی پور)

اوگانواں

۲۵ اگست بعد نماز جمعہ مسجد میں مسلمانان اوگانواں (پٹنہ) کا جلسہ منعقد ہوا جس میں گورنمنٹ کے ... صوبہ سرحد کے آزاد قبائل سے متعلق ہے سخت احتجاج کیا گیا نیز معلمین کے مسودہ قانون کے نقائص سے لوگوں کو آگاہ کیا گیا اور امارت شرعیہ (بہار) کے وقف کمیٹی کی تجاویز کی پرزور حمایت کی گئی۔

(نامہ نگار)

سرحد کی بمباری کے خلاف احتجاج

مسلمانانِ عالم کی دلآزاری
سکھر کے مسلمانوں کا احتجاج

مولانا عبد الماجد صاحب قادری بدایونی کی ایک مفید خدمت

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے ڈاکخانہ کی طرف ... کیوں کس لئے!

بال جیون گھی

سفید بال جڑ سے کالا

جامعہ رحمانیہ مونگیر کا ماہوار رسالہ الجامعہ

خوبصورت حمائل

اکسیر بال سیاہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رح

حضرت مولانا کا خطبہ صدارت جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ پشاور میں پڑھا گیا۔

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب

خطبہ صدارت امام الہند حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد

مضامین مولانا ابو الکلام صاحب آزاد حصہ اول

مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب عثمانی دیوبندی رح

خطبہ صدارت حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی

فتنۂ مرزائیت کا صحیح علاج

ختم نبوت فی القرآن

ختم نبوت فی الحدیث

دین مرزا الکفر خالص

نامۂ حقانی در کذب مسیح قادیانی

ابطال اعجاز مرزا

صحیفۂ رحمانیہ

تنقید رسائل اعجاز

عقائد قادیانی منظوم

دوسری شہادت آسمانی

معیار صداقت

معیار المسیح

ہدیۂ عثمانیہ

آئینہ کمالات مرزا

انوار ایمانی

حقیقۃ المسیح

مسیح قادیان کی حالت کا بیان

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمادیا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بناء پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کردیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ (عہ) اور جنت کی کنجی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف ۶/۔ لی جائے گی۔ دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۰ احادیث درج ہیں بہت سے خیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلےٰ ہے۔

سیرۃ الحبیب

تعلیم الاسلام

اعجاز القرآن

تفسیر مظہری

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

صراط مستقیم

علم الکلام

ردِ کفر

سر تو ڑ

پاک زندگی

ابدی نجات

خاموش تبلیغ

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا

فتاویٰ رشیدیہ

تحفۃ المحبین

دلائل الخیرات

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

سہ روزہ
الجمعیۃ دہلی
یداللہ علی الجماعۃ

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر: ہلال احمد زبیری (بی اے)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۸ | دہلی۔ یوم شنبہ ۲۵ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۶ ستمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۹

معاصرین کے افکار و آراء

ہندوستان کی چاندی (زمیندار)

گزشتہ ماہ جون میں جب انگلستان نے امریکہ کے قرضہ جنگ کی قسط ادا کی تو ... ہندوستان کی چاندی کے وہ ذخائر خرید کر امریکہ کو ... اس وقت یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ اس کے سودے میں ہندوستان کو بہت نفع ہوا ہے ...

سدیشی (آج)

مفید پروگرام (ہند جدید)

خان عبد الغفار خاں کی رہائی کا مسئلہ (آزاد)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

مسیحیت کے ابطال پر ازبلا کی بقیہ گفتگو

وہ پتھر جو صلیب پرستوں سے ہٹایا نہیں جاسکتا
آفتاب کے سامنے موم کے پگھلنے کا نظارہ

گزشتہ الجمعیۃ میں ازبلا کی وہ گفتگو درج کی جاچکی ہے جو پادری میکائیل کے ... سے ہوئی تھی ...

مجبوری اور خدائی

ایجاد بندہ

(باقی صفحہ ... پر ملاحظہ فرمائیے)

بہترین اور کم قیمت عطریات و خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار پرفیومری سہسوان یوپی کا نام یاد رکھئے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے۔ فہرست کلاں مفت طلب فرمائیے

پارلیمنٹری کمیٹی کا خط شائع ہونیکے بعد

تمام الزامات کی مکمل تصدیق

ملزم کی بدحواسیاں

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

الجمعیۃ میں مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کے اس خط کی اشاعت کے بعد جس کے متعلق بار بار انکار کیا جا رہا تھا اور جس کی اشاعت کے لئے چیلنج بھی دئے گئے تھے سرکی والاں کے مفروضہ دھ مسلی دفتر میں ایک ہلچل سی مچ گئی ہے۔ اور اس جمعیۃ کا روائی کے منظر عام پر آجانے سے جو بدحواسی پیدا ہوئی ہے اس کا ایک ہلکا سا منظر سو اخبار الاان کے صفحات پر بھی پایا جاتا ہے۔ اب جب کہ اس خط کا مضمون پبلک کے علم میں آگیا ہے اور سب کو یہ معلوم ہوگیا ہے کہ اس کے وجود سے انکار انتہا درجہ کی ڈھٹائی اور بے شرمی تھی تو سرکی والاں کی ہوائی جمعیۃ کا ہیرو جس نے حقائق کی دنیا سے بے نیاز ہو کر محض فضائے آسمانی پر ترقی و خیالی قلعے تعمیر کئے ہیں اور ان کے نام "جمعیۃ علمائے ہند کانپور" اور "جمعیۃ علمائے ہند (جدید)" اور "جمعیۃ علمائے سرکی والاں" اور "مرکزی جمعیۃ علمائے" وغیرہ وغیرہ اپنا دل بہلانے اور مخلوق خدا کو دھوکا دینے کے لئے رکھ لئے ہیں بہت سراسیمہ و پریشان نظر آ رہا ہے اور اپنی ژولیدہ بیانی و شام طرازی کے شاہکار اپنے بے حقیقت "وبے وحدت" اخبار میں شائع کر رہا ہے لیکن جن الزامات کا ثبوت ...

ابھی حال ہی میں خلیہ میں مسلم کانفرنس سے خود ملزم نے منظور کرائی ہے اس قرارداد کے حسب ذیل الفاظ قابل ملاحظہ ہیں:-

"یہ جلسہ پارلیمنٹری کمیٹی کی اس کارروائی کے خلاف کہ اس نے جمعیۃ علمائے ہند کانپور کے نمائندگان کو بہ ردبد شہادت دینے کی اجازت نہیں دی احتجاج کرتا ہے۔"

یہ قرارداد ملزم کے اخبار میں بھی شائع ہوچکی ہے جس میں "علمائے ہند کانپور" کے الفاظ موجود ہیں جس سے صاف ثابت ہو جاتا ہے کہ یہ کوشش علمائے کانپور کو نمائندگی کی گئی اور ایسی حالت میں کی گئی کہ حضرت مولانا کفایت اللہ صاحب فریق کو جو اس جمعیۃ کے ناظم عمومی ہیں اور مولانا عبدالحلیم صاحب کو جو اس کے پروپگنڈا سکرٹری ہیں خبر بھی نہ ہوئی۔

مرکزی جمعیۃ علمائے ہند کے نام سے

اب دوسری شق کو لیجئے یعنی "مرکزی جمعیۃ علمائے ہند کے نام سے" اس کا ثبوت بھی پارلیمنٹری کمیٹی کے خط و دالامان کے فائل میں موجود ہے جس سے ملزم ہرگز انکار نہیں کر سکتا۔ جہاں یہ ایک حقیقت ہے کہ اس نے اپنا تعلق علمائے کانپور سے ظاہر کرنے کی کوشش کی وہاں یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اس نے خود درخواست بھیجی وہ "مرکزی جمعیۃ علمائے ہند دہلی" کے نام سے بھیجی اور اس طرح حکومت کو دھوکا دینے کی کوشش کی کہ اس کی فرضی جمعیۃ اور حقیقی مرکزی جمعیۃ علمائے ہند میں جو گذشتہ تیرہ سال سے قائم ہے اور جس نے ملک و ملت کی گراں قدر خدمات انجام دی ہیں ...

[illegible]

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا وعظ

زیر اجتماع مسجد عظیم الشان اجتماع

[illegible]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الجمعیۃ دہلی

بروز شنبہ ۲۵ جمادی الاول ۱۳۵۲ ہجری

مسلمانان بہار اور امارت شرعیہ

وقف بل کے خلاف مؤثر احتجاج

تمام ہندوستان میں لے دینے کے صرف صوبہ بہار ہی ایک ایسا صوبہ ہے جہاں مسلمانوں کا صحیح اسلامی نظام قائم ہے اور جہاں کی امارت شرعیہ کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مسلمانوں کی دینی و مذہبی زندگی کی صحیح معنی میں کفیل ہے اور اسے فرزندان توحید کا اقتدار و اختیار بھی حاصل ہے کہ وہ ان کو خالص مذہبی معاملات میں تعلیمات اسلامی و روایات دینی کے مطابق عمل پیرا ہونے کا مطالبہ کر سکے۔ صوبہ بہار کی لیکن ایک خصوصیت ایسی ہے جو نام کے "مولوی" "نگر حقیقت میں" ایڈیٹر مولوی محمد شفیع داؤدی صاحب اور ان کے اخبار اتحاد کو ایک آنکھ نہیں بھاتی اور وہ ہمیشہ اس خالص مذہبی نظام کے خلاف اپنی خفیہ صحبتوں، علانیہ تقریروں اور اخباری تحریرات میں زہر اگلتے رہتے ہیں۔

ابھی حال میں بہار کونسل کے غلط سلط وقف بل کے متعلق تمام صوبہ میں امارت شرعیہ کی تحریک پر جو ہمہ گیر مظاہرے ہوئے ہیں ان سے امارت شرعیہ کے اس اثر و اقتدار کا پتہ چلتا ہے جو جماعۃ المسلمین پر اس مذہبی ادارے کو حاصل ہے۔ داؤدی صاحب کے اخبار اتحاد نے اس کامیابی کو دیکھ کر اپنی تازہ اشاعت کے دو کالموں میں مسلمانان بہار کی مذہبیت کا جو ماتم کیا ہے وہ اسی ذہنیت کا آئینہ دار ہے جس کی طرف ہم اوپر اشارہ کر چکے ہیں اور اس سے صاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ اخبار مذکور اور اس کے آقایان ولی نعمت بہار کے مسلمانوں کو صحیح اسلامی تعلیمات کے مطابق زندگی بسر کرتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے اور یہ چاہتے ہیں کہ ان کا شرعی نظام درہم و برہم ہو جائے اور جس طرح تمام ہندوستان کے مسلمانوں کا مذہبی شیرازہ منتشر ہے اسی طرح ان کا شیرازہ بھی منتشر رہ جائے۔ ہمیں معلوم ہے کہ یہ جذبہ محض اس لئے پیدا ہوتا ہے کہ شفیع داؤدی صاحب جیسے حضرات سے تعرض کرنے والی کوئی جماعت باقی نہ رہے اور وہ جس طرح چاہیں خلاف شریعت قوانین منظور کراتے رہیں۔

[illegible]

ناپاک حملے

[illegible]

موجودہ اسمبلی توڑ دی جائے

[illegible]

تین سال کے بعد اصلاحات

[illegible]

گاندھی جی کا بیان

[illegible]

انتقادات

نظریہ مہدی

مصنفہ ایم حسن لطیفی صاحب جن کی تقطیع خورد صفحات ۱۰۰ قیمت ۴ ملنے کا پتہ: دفتر مطالعہ شاطو، ویکفیلڈ گنج، لدھیانہ

یہ رسالہ لطیفی صاحب کے چند "بصیرت افروز" مقالات کا مجموعہ ہے جس میں امام موعود اور حالات حاضرہ پر بحث کی گئی ہے اور آئندہ پندرہ سال کے متعلق پیشگوئی بھی کی گئی ہے۔ لطیفی صاحب امام مہدی کے وجود کے قائل معلوم ہوتے ہیں مگر شاید وہ ان کا ظہور مزاجی اور مثالی رنگ میں تسلیم کرتے ہیں۔ آپ نے امام موعود کی جائے ظہور پر خامہ فرسائی کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ حدیث شریف کے مطابق مقام "لُدّ" میں ظہور کریگا اور لد سے مراد لدھیانہ (پنجاب) ہے۔ لطیفی صاحب کی یہ کوئی جدت نہیں ہے بلکہ مرزا قادیانی نے بھی لد کو لدھیانہ ...

[illegible]

کفریات مرزا

[illegible]

اسلامی پردہ

[illegible]

حکومت گوالیار کو انتباہ

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) منٹگمری شہر میں ایک طوائف فاحشہ عورت کے دو ملکیتی مکان تھے۔ فوتیدگی سے کچھ عرصہ پہلے اس نے ایک مکان کا اپنے مرشد پیر اصغر علی کے نام وصیت کی چنانچہ پیر صاحب نے قبضہ کر لیا ہے۔

(۲) دوسرے کی نسبت وصیت لکھائی کہ انجمن اسلامیہ منٹگمری فروخت کر کے اس کی قیمت سے قبرستان میں جنازہ گاہ بنا دے جہاں کہ متوفی مسلمانوں کی نماز جنازہ ادا کی جاتی ہے۔

غرض یہ کہ اس جنازہ گاہ میں نماز ہو سکتی ہے یعنی احکام شریعت میں نماز روا ہو سکتی ہے یا نہیں۔ ...

[illegible]

الجواب

[illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

روسی گورنمنٹ کے تمام اداروں پر عورتوں کا قبضہ

ترقی کے ہر شعبہ میں خواتین کا حصہ

ایک سال کے اندر اسی لاکھ عورتوں نے تعلیم حاصل کی

پروفیسر سے سے بیرمن نے اپنے ایک مضمون میں روس کی خواتین اور ان کی ترقی پر ایک مختصر تبصرہ کیا ہے اور بتایا ہے کہ قیصر کے دور سلطنت میں خواتین کا جو درجہ تھا اور اب بالشویک حکومت نے ان کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ اگر مبالغہ آمیز خبروں سے قطع نظر کر لی جائے تو اتنی بات ضرور تسلیم کرنی پڑیگی کہ موجودہ روسی خواتین نے عملی سرگرمیوں میں ایک خاص امتیاز حاصل کر لیا ہے اور زراعت، صنعت و حرفت اور عام زندگی میں انہوں نے پورا پورا حصہ لینا شروع کر دیا ہے۔ بالشویک انقلاب نے عورتوں کے حقوق میں بنیادی تبدیلیاں پیدا کر دی ہیں۔ ...

[illegible]

یہودیوں کی ایک سلطنت کا قیام

مشرقی روس میں یہودی مہاجرین کی آمد

یہودی جمہوریت کی نئی تشکیل

سوویٹ روس کے مشرق بعید میں یہودیوں نے اپنی ایک نو آبادی قائم کی ہے جس کا نام "بیروبی جان" رکھا گیا ہے۔ آبادی کا یہ حصہ منچوریا کی سرحد سے ملا ہوا ہے جو جنگلات، چراگاہوں اور پہاڑوں کی وجہ سے زرخیز خطہ ہے۔ علاوہ ازیں اس سرزمین میں سونے اور لوہے کی کانیں بھی بکثرت ہیں۔ وسعت کے اعتبار سے یہ مقام بلجیم اور فلسطین سے زیادہ بڑا ہے۔ شروع شروع میں آباد ہونے والے یہودیوں کو سخت مشکلات کا مقابلہ کرنا پڑا۔ مثلاً ۱۹۲۸ء میں زبردست طوفان آیا۔ تاہم ۱۹۳۲ء میں "بیروبی جان" میں ۲۰۰ یہودی مختلف اطراف سے آکر آباد ہوئے ...

[illegible]

جرمنی عورتوں کیلئے جدید احکام

سگریٹ نوشی اور ہونٹوں کو سرخ کرنیکی ممانعت

[illegible]

ایک گھنٹہ کیلئے مردہ زندہ ہوگیا

بوڈاپسٹ کا ایک حیرت انگیز واقعہ

[illegible]

ہوائی جہازوں کا ۱۳ سالہ ریکارڈ

[illegible]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(سلسلہ اول)

[illegible]

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

روسی گورنمنٹ کے تمام اداروں پر عورتوں کا قبضہ

ترقی کے ہر شعبہ میں خواتین کا حصہ

ایک سال کے اندر اسی لاکھ عورتوں نے تعلیم حاصل کی

یہودیوں کی ایک سلطنت کا قیام

مشرقی روس میں یہودی مہاجرین کی آمد

یہودی جمہوریت کی نئی تشکیل

سویٹ روس کے مشرقی بعید میں یہودیوں نے اپنی ایک نوآبادی قائم کی ہے جس کا نام "بیروبی جن" رکھا گیا ہے۔

بیروبی جن مقام ایک سال کے بعد اس قابل ہو جائے گا کہ وہاں آسانی کے ساتھ کاشت کی جا سکے۔ روسی گورنمنٹ نے وعدہ کیا ہے کہ بیروبی جن کے یہودیوں سے آٹھ سال تک کسی قسم کا ٹیکس نہیں لیا جائے گا اور نوجوان یہودیوں سے پانچ سال تک کوئی فوجی خدمت نہیں لی جائے گی۔

جرمنی عورتوں کیلئے جدید احکام

سگریٹ نوشی، اور ہونٹوں کو سرخ کرنیکی ممانعت

ایک گھنٹہ کیلئے مردہ زندہ ہوگیا

بوڈاپسٹ کا ایک حیرت انگیز واقعہ

بوڈاپسٹ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ایک شخص مرنے کے بعد صرف ایک روز کیلئے زندہ ہوگیا۔

ہوائی جہازوں کا ۱۴ ساله ریکارڈ

ہوائی جہازوں کے ذریعہ بہت کم مسافر سفر کرتے تھے مگر اب ایسے مسافروں کی تعداد فی ہفتہ ہزاروں سے متجاوز ہو چکی ہے۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(بسلسلہ صفحہ اول)

ذرا پتھر کو ہٹا کر دکھاؤ

احوال و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) منٹگمری شہر میں ایک طوائف فاحشہ عورت کے دو ملکیتی مکان ہیں۔ فوت ہو گئی ہے کچھ عرصہ پہلے اُس نے ایک مکان کا اپنے مرشد پیر اصغر علی کے نام وصیت کی چنانچہ پیر صاحب نے قبضہ کر لیا ہے۔

(۲) دوسرے کی نسبت وصیت لکھائی کہ انجمن اسلامیہ منٹگمری فروخت کر کے اُس کی قیمت سے قبرستان میں جنازہ گاہ تیار ہووے جہاں کہ متوفی مسلمانوں کی نماز جنازہ ادا کی جاتی ہے۔

الجواب

اگر فاحشہ مذکورہ کا یہ مکان اس کا موروثی ہو (بشرطیکہ مورث کی کمائی خالص حرام نہ ہو) یا خود فاحشہ نے کسی جائز ذریعہ اور حلال کمائی سے حاصل کیا ہو تو اس مکان کی قیمت سے جنازہ گاہ بنانا اور اس میں نماز پڑھنا جائز ہے۔ لیکن اگر یہ مکان حرام کمائی سے حاصل کیا گیا ہے تو اس میں خبث قائم ہے اور اس کو کسی نیک کام میں بامید ثواب لگانا ناجائز ہے۔

(۲) زکوٰۃ کی رقم میں حنفیہ کے نزدیک یہ ضروری ہے کہ رقم مستحق زکوٰۃ کو تملیکاً دی جائے تو جن صورتوں میں تملیک نہیں ہوتی ان میں زکوٰۃ کا روپیہ خرچ نہیں کیا جا سکتا ... واللہ اعلم

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

۱۔ اہل ہنود کے یہاں کا طعام اور گھی دودھ وغیرہ کا کیا حکم ہے۔ کھانا چاہئے یا نہیں؟

۲۔ چماروں اور بھنگیوں کے یہاں کا طعام اور گھی دودھ وغیرہ کا کیا حکم ہے، پاک ہے یا ناپاک؟

۳۔ جو مسلمان چماروں کے یہاں کا گھی دودھ کھاتے ہیں اور فروخت کرتے ہیں اُن کے ایمان میں نقصان آتا ہے یا نہیں؟

۴۔ انما المشرکون نجس اس آیۃ شریفہ کا کیا حکم ہے؟

۵۔ نماز ظہر آج کل موسم کے لحاظ سے کس وقت پڑھنی چاہئے۔ اول وقت کو فضیلت ہے یا آخر وقت کو۔

انتقادات

نظریہ مہدی

مصنفہ ایم حسن لطیفی صاحب

کفریات مرزا

مصنفہ اسرار احمد صاحب آزاد سابق مدیر العزم

کتاب کا موضوع نام سے ظاہر ہے مصنف نے زیر تنقید رسالہ میں مرزا غلام احمد قادیانی کے عقائد و دعاوی پر شستہ اور سنجیدہ الفاظ میں بحث کی ہے ...

اسلامی پردہ

مصنفہ مولانا عبد السلام صاحب بستوی

پردہ کے مضمون کو قابل مصنف نے عقلی اور نقلی دلائل سے ثابت کیا ہے ...

حکومت گوالیار کو انتباہ

الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بروز شنبہ ۲۵ جمادی الاول ۱۳۵۲ ہجری

مسلمانان بہار اور امارت شرعیہ

وقف بل کے خلاف مؤثر احتجاج

تمام ہندوستان میں لے دے کے صرف صوبہ بہار ہی ایک ایسا صوبہ ہے جہاں مسلمانوں کا صحیح اسلامی نظام قائم ہے اور جہاں کی امارت شرعیہ کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مسلمانوں کی دینی و مذہبی زندگی کی صحیح معنی میں کفیل ہے اور اسے فرزندان توحید کا اقتدار و اختیار بھی حاصل ہے کہ وہ ان کو خالص مذہبی معاملات میں تعلیمات اسلامی و روایات دینی کے مطابق عمل پیرا ہونے کا مطالبہ کر سکے۔ صوبہ بہار کی سب ہی ایک خصوصیت ایسی ہے جو نام کے "مولوی" مگر حقیقت میں "ایڈیٹر مولوی" محمد شفیع داؤدی صاحب اور ان کے اخبار اتحاد کو ایک آنکھ نہیں بھاتی اور وہ ہمیشہ اس خالص مذہبی نظام کے خلاف اپنی خفیہ صحبتوں، علانیہ تقریروں اور اخباری تحریرات میں زہر اگلتے رہتے ہیں۔

ناپاک حملے

موجودہ اسمبلی توڑ دی جائے

تین سال کے بعد اصلاحات

گاندھی جی کا بیان

پارلیمنٹری کمیٹی کا خط شائع ہونیکے بعد

تمام الزامات کی مکمل تصدیق

ملزم کی بدحواسیاں

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

مرکزی جمعیۃ علمائے ہند کے نام سے

(باقی آئندہ)

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا وعظ

زیر جامع مسجد عظیم الشان اجتماع

اہالیان دہلی کا فرض ہے کہ وہ وقت مقررہ پر جلسہ میں شرکت فرمائیں اور مولانا موصوف کے مواعظ حسنہ سے استفادہ کریں۔

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت بہم پہنچائیے۔

(مینیجر الجمعیۃ دہلی)

بالائی مہمندوں اور برطانی فوج میں جنگ

فریقین کے بہت سے آدمی ہلاک اور مقتول ہوئے

مقابلہ کیلئے مزید فوج اور توپخانہ کی روانگی

شملہ ۱۳ ستمبر۔ بالائی مہمندوں کا ایک لشکر دوبارہ کمالی تھاکی کے قریب میں جمع ہوا اور ۱۱ ستمبر کو تین سو کے قریب مہمندوں نے شتی خیل اور یوسف خیل کے درمیان اس فوج پر فائر کئے جو سڑک کی تعمیر کے لئے کوچ کر رہی تھی۔ اس سلسلہ میں مہمندوں کے پندرہ آدمی مقتول اور مجروح ہوئے جن میں سے سات کی تصدیق ہوگئی ہے۔ برطانی فوج میں سے ایک سپاہی اور ایک خاصہ دار ہلاک ہوا۔ سڑک پر کام کرنے والوں کی مزید حفاظت کے لئے فوج کا ایک اور دستہ اور ایک پہاڑی توپخانہ شتی خیل کے قریب روانہ کر دیا گیا ہے۔

نتھیا گلی ۱۳ ستمبر۔ گورنر صوبہ سرحد اور لیڈی گرفتھ اپنے اسٹاف کے ساتھ ۲۴ ستمبر کو سرحدی علاقوں کا معائنہ کرنے کیلئے روانہ ہو جائیں گے۔ ہز ایکسلنسی پانچ روز ہزارہ میں قیام فرمائیں گے اور ۲۹ ستمبر تک پشاور واپس ہو جائیں گے۔ اس کے بعد آپ پاراچنار جائیں گے جہاں ایک ہفتہ تک قیام رہے گا۔

یمن اور حجاز کی خانہ جنگی پر عالم اسلامی میں اضطراب

شام کے عربوں کی طرف سے امام یمن کو زبردست دھمکی

حجازی افواج یمن کی سرحدات پر متعین کر دی گئیں

امام یمن اور سلطان ابن سعود کے درمیان جس جنگ کے چھڑ جانے کا خیال تھا اس کا امکان ابھی تک باقی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ امام یحییٰ کے صاحبزادہ اجنبی قوتوں کی شہ سے اس خطرناک قسم کا اقدام کر رہے ہیں۔ خود یمن اور صنعاء میں مدبرین سیاست کا خیال ہے کہ اس وقت والیٔ حجاز سے جنگ کرنا خود اپنے آپ کو تباہ کرنا ہے۔ اگر خدانخواستہ یہ جنگ چھڑ گئی تو اس میں یمن کا بہت زیادہ نقصان ہوگا۔ سلطان ابن سعود نے اپنے قابل فوجی افسروں کو افواج قاہرہ کے ہمراہ سرحدات پر متعین کر دیا ہے اور وہ حملہ کرنے کے لئے حکم سلطانی کے منتظر ہیں لیکن سلطان نے سختی سے منع کر دیا ہے کہ بغیر سرکاری حکم کے کوئی ادنیٰ سپاہی حملہ نہ کیا جائے۔

معلوم ہوا ہے کہ شام اور دیگر ممالک کے عربوں نے امام یمن کو خانہ جنگی کی آگ میں کودنے سے منع کیا ہے اور یہ دھمکی دی ہے کہ اگر انہوں نے اپنے صاحبزادہ کو اس خطرناک اقدام سے نہ روکا تو وہ سلطان ابن سعود کا ساتھ دیں گے۔

دار الحکومت کے

ایک غلط خبر کی تردید

غریب ہندوستان میں مریضوں کا اضافہ

افسوسناک اعداد و شمار

صدر اسمبلی کا ایک اور غلط فیصلہ

ہندوستانی سول افسروں کی تعداد میں تخفیف

کونسل آف اسٹیٹ میں بھی تحریک نامنظور

بی۔ اے کی ایک طالبہ قانونی شکنجہ میں

ریوالور اور پستول برآمد ہوئے

گاندھی جی سیاسی قانون کے ہدف رہیں گے

ہوم ممبر کا عجیب و غریب انکشاف

مسلمانوں کو شاہی عمارتیں مل گئیں

حکومت کشمیر کا اعلان

دہلی کے ایک وکیل کا وزیر ہند پر دعویٰ

ڈاکٹر ٹیگور کی دہلی میں آمد

سودیشی نمائش کا افتتاح

تعزیری پولیس کے جرمانہ کی وصولی

جمعیۃ علماء ہند کے اسیروں کی رہائی کا مطالبہ

ہوم ممبر کا جواب

موجودہ اسمبلی توڑ دی جائیگی

پنجابی پبلک لائبریری میں مباحثہ

منیجر ساربتی آشرم کی دوبارہ گرفتاری

ایرانی کابینہ مستعفی ہو گیا

عالی قوم کی لڑکیوں کے ساتھ ہمدردی

بالا حصار میں مسجد کی تعمیر

مقدمہ سازش گیا کا فیصلہ

کپتان ایوانز کے قتل کی تفصیلات

قبائلیوں کے حملہ کی داستان

افیون خوری کا نعم البدل

شرق اردن میں شاہ فیصل کا ماتم

پرن کٹی میں کانگریسی لیڈروں میں زبردست مشاورت

گاندھی جی اور پنڈت جواہر لال نہرو کا بیان کل شائع ہو جائیگا

انفرادی سول نافرمانی کو بھی واپس لے لیا جائیگا؟

پونا ۱۵ ستمبر۔ کانگریسی لیڈروں کی پرن کٹی میں ابھی تک گفتگو ہو رہی ہے اور آج دوپہر تک گفت و شنید کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ اخبارات کو اطلاع دی گئی ہے کہ آج کوئی بیان شائع نہیں کیا جائیگا۔ معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی نے اپنے بیان کا مسودہ تیار کر لیا ہے اور آج اس پر بحث ہوگی لیکن فیصلہ آج نہیں کیا جائیگا۔ گاندھی جی نے بیان کا جو مسودہ تیار کیا ہے وہ آخری اور قطعی نہیں ہے۔ اخباری نمائندوں کو اطلاع دیدی گئی ہے کہ آج کی گفت و شنید کی روشنی میں گاندھی جی کا بیان کل شائع کر دیا جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو بھی کل صبح پونا سے روانگی سے قبل ایک بیان شائع کریں گے۔ بکام کی زیادتی کی وجہ سے گاندھی جی کی صحت تسلی بخش نہیں ہے۔

الہ آباد ۱۵ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ صوبہ جات متحدہ کے کانگریسی لیڈر اس مہینہ کے تیسرے ہفتہ میں لکھنؤ میں جمع ہوں گے اور پنڈت جواہر لال نہرو اور گاندھی جی کی گفتگو پر سب مل کر غور و خوض کریں گے۔ اس کے بعد یہ سب حضرات گاندھی جی سے ملاقات کریں گے۔ کہا جاتا ہے کہ کانگریس کے اکثر لیڈر انفرادی سول نافرمانی کے مخالف ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ جن لوگوں کا یہ خیال ہے کہ عام سول نافرمانی فیل ہو چکی ہے وہ ہر قسم کی سول نافرمانی کو واپس کرنے کی تحریک کریں گے۔ کیونکہ ان کے نزدیک انفرادی سول نافرمانی میں وقت اور قوت کے ضائع ہونے کے سوا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

گفت و شنید کی مصالحت

ترکی اور یونان کے معاہدہ پر دستخط ہو گئے

یونان کی ترکی اقلیت کی حفاظت کا سوال

ترکی میں برقی گاڑیاں چلائی جائیں گی

استنبول ۱۵ ستمبر۔ ترکی اور یونان کے درمیان باہمی مفاد کے متعلق جو معاہدہ ہونا تھا اس پر کل صبح دستخط ہو گئے۔ معاہدہ میں مجلس بین الاقوامی مساوات کی حکمت عملی پر بحث کی گئی ہے۔ اس معاہدہ کی رو سے ترکی یونان کی طرف سے بین الاقوامی کانفرنسوں میں نمائندگی کریگا۔

معلوم ہوا ہے کہ معاہدہ میں ان اقلیتوں کے متعلق بھی بعض دفعات ہیں جو ترکی اور یونان میں مقیم ہیں۔ ترکی میں یونانی عیسائیوں کی اقلیت کی حفاظت ترکوں کے ذمہ ہوگی اور ان کو بعض خاص صورتوں کے سوا نقل وطن کی اجازت نہ ہوگی اسی طرح یونان میں ترک آبادی کی حفاظت اور ترک وطن وغیرہ امور کی ذمہ دار حکومت یونان ہوگی۔ اس ترکی اور یونانی معاہدہ پر ترکی اخبارات نے سخت تنقید کی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ یونان اس معاہدہ کی رو سے ترکی کے مساوی حیثیت حاصل کرنا چاہتا ہے حالانکہ معاہدہ کی رو سے ترکی کو کوئی فائدہ نہیں ہے۔

ترکی گورنمنٹ بعض مقامات میں برقی گاڑیاں چلانا چاہتی ہے اور اس کا خیال ہے کہ جلد از جلد اس اسکیم کو عملی جامہ پہنایا جائے چنانچہ انجمن [illegible] برقی گاڑیوں کے متعلق اپنا نظریہ حکومت کے سامنے پیش کر دیا ہے اور تعمیر کے لئے اجازت بھی طلب کی ہے۔

آسٹریا اور نازیوں میں صلح کی شرائط

نازیوں کے حقوق کی نگہداشت

کیوبا میں سیاسی انقلاب

۹ تباہ کن جہازوں کی روانگی

اٹرش پارلیمنٹ میں نیا بل

ملک معظم کے اختیارات کو منسوخ قرار دیا جائے

سیمسائیت کے اصول پر نئی حکومت کا قیام

جرمنی کو آسٹریا کا چیلنج

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کی اشاعت میں تاخیر

جیلیوں اور انگریزوں میں جھگڑا

پادری سیاسیات میں دخل نہ دیں

برطانیہ کے ساتھ اقتصادی جنگ

آئرلینڈ میں برطانیہ کے خلاف جذبات

کابل میں برطانوی سفارتخانہ کا قتل

سید ارشاد حسین کی نعش ہندوستان میں

جہاز میں آگ لگ گئی

فیاضانہ برتاؤ میں یہودیوں کو بھی شریک کرو

روس کی کمیٹی کا فیصلہ

جاپانی فوج اور ڈاکوؤں کا مقابلہ

کانپور کے فرقہ وارانہ بلوہ کا مقدمہ

تین ہندوؤں کو کالے پانی کی سزا

جمعہ کی نماز سے روک دیا گیا

لاٹھیوں سے ایک مسلم رضاکار زخمی

کپور تھلہ پولیس کا وحشیانہ سلوک

ایران میں مذہبی رواداری

سنی مسلمانوں کے قانون کا تحفظ

فساد ہوتے ہوتے رہ گیا

کلکتہ میں مسجد کی تعمیر پر چپقلش

ریلوے لائن بہہ گئی

افریقہ میں ایک مسلمان کا قتل

سین گپتا کا فلم دکھلانے کی ممانعت

خان قلات رحلت کر گئے

سرحد کی بمباری اور مسلمانان سرحد

انفرادی رائے مسلمانوں کی رائے عامہ قرار نہیں دیجا سکتی

اخبار "ملاپ" کا ایک گمراہ کن افتتاحیہ

(از جناب پیر بخش صاحب ایم۔ ایل سی صوبہ سرحد)

جریدہ "ملاپ" نے اپنی اشاعت، ماہ حال میں "عجیب تماشہ" کے عنوان سے ایک مقالہ افتتاحیہ سپرد قلم کرتے ہوئے یہ ثابت کرنے کی سعی کی ہے کہ مسلمانان سرحد مجموعی طور پر سرحدی علاقوں کی ہوائی تاخت اور بمباری کے حق میں ہیں اپنی اس دلیل کے ثبوت میں انہوں نے دو سرحدی مسلمانوں کے بیانات کا حوالہ دیا ہے جن میں سے ایک صاحب تو اسمبلی اور دوسرے مقامی کونسل کے رکن بتلائے گئے ہیں اور ان آئینی مجالس کی رکنیت کے باعث ان کے بیانات کو اس قدر وقعت دی گئی ہے کہ ان دو حضرات کی انفرادی رائے کو تمام صوبہ سرحد کے مسلمانوں کی رائے کے برابر سمجھ لیا گیا ہے پہلے تو ان حضرات کے بیانات کی اہمیت کا راز اسی بات سے کھل جاتا ہے کہ یہ دو حضرات مجالس واضع قوانین کے نامزد رکن ہیں ایسے حالات میں ان دو حضرات ...

... کے خلاف ریشہ دوانیاں کرتے ہوئے اس ملک کے اندر انقلاب پیدا کرنا چاہتے ہیں اس لئے ایک ہمسایہ اور حلیف طاقت ہونے کی وجہ سے برطانوی حکومت کا فرض ہے کہ افغانی حکومت کی امداد و اعانت کرے بعد ساخت اور کئی ایک نا قابل عبور مشکلات کے باعث ہم اس قابل نہیں کہ ان باتوں کے متعلق کوئی آخری اور یقینی رائے قائم کر سکیں کہ ان بیان کردہ باغیوں کا وجود بھی ہے یا نہیں وہ کون ہیں اور کس فرقہ یا جماعت کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں آیا انہوں نے حکومت افغانستان کے خلاف ریشہ دوانیاں کی ہیں یا نہیں اور اگر کی ہیں تو کب اور ان کے کیا نتائج مرتب ہوئے لیکن ہم اپنے آپ کو ایکٹ کے متعلق خاص طور پر مجاز سمجھتے ہیں اور وہ بین الاقوامی قانون اور اس کی ...

باغیوں کی سرکوبی یا سڑکوں کی تعمیر

اس سلسلہ میں ایک اور چیز نہایت قابل غور ہے اور وہ یہ کہ اگر اس مہم کا مقصد صرف یہ تھا کہ ان بیان کردہ باغیوں کا قلع قمع کیا جائے تو اس مقصد کا حصول ایک طرف سے ہو سکتا تھا۔ ہم حیران ہیں کہ ایسی تمام تر توجہ سڑکوں کی تعمیر کی طرف مبذول کرنے سے بیان کردہ جنگی خطرات کس طرح دور ہو سکتے ہیں اس نظریہ پر غور کرنے سے انسان ہرگز اس نتیجہ پر نہیں پہونچ سکتا کہ اس مہم سے ہندوستان کو کچھ ممکن فائدہ پہونچ سکتا ہے یا کوئی خارجی طاقت سرحدات ہند پر حملہ آور ہو۔ اسباب ظاہری شکل میں نظر نہیں آتے۔ ایک طرف لودول عالم اور برطانوی سیاست دان رات دن تخفیف اسلحہ کی گتھی کو سلجھانے میں لگے ہوئے ہیں اور دنیا سے جنگ کے امکانات کم کرنے کی پرزور مساعی کی جا رہی ہیں اور تمام دنیا میں امن کے قیام کے لئے جدوجہد جاری ہے لیکن دوسری طرف خارجی حکومتوں کے موہوم خطرات کو رفع کرنے کی خاطر سرحدات کے امن کو خطرہ میں ڈالا جا رہا ہے ہمارے موجودہ وائسرائے لارڈ ولنگڈن کی ایک تقریر کے جملے ہماری آنکھوں کے سامنے موجود ہیں جو آپ نے سرحدی مجلس وضع قوانین کے افتتاحی اجلاس میں بمقام پشاور ۱۸ اپریل ۱۹۳۳ء کو فرمائی تھی آپ نے اپنی تقریر کے سلسلہ میں صوبہ سرحد کی اہمیت کا تذکرہ فرماتے ہوئے بیان کیا کہ ہندوستان کا امن اسکے امن پر ہے اس اہم ترین بیان کے ہوتے ہوئے کوئی صحیح الدماغ انسان کہہ سکتا ہے۔ دوسروں کی خاطر اپنے امن میں خلل اندازی کس حد تک حق بجانب ہے۔

سیرت کمیٹی پٹی احمدی نہیں ہے

تحریک سیرت کے بعض مبلغین نے لکھا ہے کہ جب مسلمانوں کے سامنے تحریک سیرت کی کارگذاری پیش کی جاتی ہے کہ ۲۰ زبانوں میں سیرت نبوی کا ترجمہ شائع ہوا ہے غیر ممالک میں مبلغ بھیجے گئے ہیں اور وہاں اشاعت سیرت کے مرکز بنائے جا رہے ہیں تو بعض مسلمان فی الفور یہ کہہ دیتے ہیں کہ عبدالمجید قریشی مرزائی ہے یا مرزائیوں کا ایجنٹ ہے۔ سیرت کمیٹی پٹی مرزائیوں کی جماعت ہے" مبلغین سیرت کا بیان ہے کہ بعض اصحاب تردید کے باوجود بھی نہیں مانتے اور اپنی غلط بیانی پر اصرار کرتے ہیں جس سے بعض اوقات اشاعت سیرت کے کام کو نقصان پہنچ جاتا ہے۔

یہ اعلان کر دینا ضروری ہے کہ سیرت کمیٹی پٹی کے ممبروں، کارکنوں اور مبلغوں میں ایک شخص بھی احمدی نہیں ہے، میں خود احمدی نہیں ہوں، کسی احمدیہ جماعت کا ایجنٹ نہیں ہوں، اور نہ کبھی کسی احمدی نے میری ذات یا تحریک سیرت کے متعلق اپنی وابستگی کا دعویٰ کیا ہے، ہر ایک مسلمان کو جو ذرا بھی وسعت سے تبلیغی کام کرے، احمدی قرار دینا نہایت ہی جہالت کی بات ہے اگر اب تک کوئی صاحب غلط فہمی میں مبتلا رہے ہوں تو مجھے امید ہے کہ اس واضح اعلان کے بعد وہ مطمئن ہو جائیں گے۔

دعا گو عبدالمجید قریشی، سکریٹری سیرت کمیٹی، پٹی ضلع لاہور

مولوی شفیع داؤدی صاحب جواب دیں

جریدہ نقیب نمبر ۳ ۵ رجادی الاول ۵۲ھ میں مولانا سید محمد عثمان غنی صاحب نے آپ سے دس سوالات کئے ہیں ان کا جواب تحریر فرمائیں تو اس کے ساتھ یہ بھی تکلیف فرما کر تحریر فرمائیں کہ آپ دوبار منجانب اضلاع ترہت منتخب ہو کر اسمبلی میں تشریف لیگئے مجھے یہ نہ معلوم ہوا کہ آج تک آپ نے صوبہ بہار کے لئے عموماً اور اضلاع ترہت کے لئے خصوصاً کونسا مفید قانون منظور کرایا حالانکہ جب ووٹ کا زمانہ آتا ہے تو آپ رو رو کر ووٹروں کو بہت کچھ سبز باغ دکھلاتے ہیں مجھے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ بہت سی جگہ پھر آپ نے تیسرے انتخاب کے لئے دورہ کرنا شروع کیا ہے۔ جب تک آپ اپنا مفید کارنامہ قوم کے سامنے پیش نہ کریں اس وقت تک صرف اپنا جیب بھرنے کے لئے قوم کو توقع دلانا عیب ہے دیانت کے خلاف ہے بلکہ قومی غداری اس کو کہا جائے تو بے موقع نہ ہوگا۔ میں امید کرتا ہوں کہ اس کا جواب بذریعہ اخبار ضرور تحریر فرما کر قوم کو مطمئن فرمائیں۔ الحق ...

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

تعطیل کلاں کے بعد ۸ ستمبر ۳۳ء کو کھلے گا۔ داخلہ ۸ ستمبر ۳۳ء سے یکم اکتوبر ۳۳ء تک ہوگا۔ سال اول میں داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے نام ۵ ستمبر ۳۳ء تک پہونچنا چاہئے اس کے بعد کوئی درخواست قبول نہ کی جائے گی ...

پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

نقل خریدنا دوراندیشی نہیں

دام زیادہ دیکر بھی اصل خریدنا عقلمندی ہے

... سب کو خطرہ میں ڈالنا کونسی عقلمندی ہے۔ کیوں نہ وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید ادیہ دیش اپکارک لاہور کی بنائی ہوئی

"امرت دھارا"

... کچھ لوگ اسکی بڑھتی ہوئی بکری دیکھ کر اس کی نقلوں سے پبلک کو دھوکہ دینے کی کوشش کرتے ہیں پبلک کی صحت و دولت کا نقصان ہو ... پنڈت جی کا نام دیکھ کر اصل امرت دھارا ہی خرید کریں! قیمت فی شیشی ... نمونہ صرف ...

... ہوتی ہے اور ہندوستان کی تمام زبانوں میں چاہیں خط لکھیں۔ مفصل حالات کے واسطے "امرت" منگوا دیں۔ کارخانہ کی دیگر چارسو ادویات کی فہرست ویدکی کتب مصنفہ پنڈت صاحب کی فہرست اور رسالہ امراض مخصوصہ مردان بھی جن کو ضرورت ہو مانگنے پر مفت بھیجے جاتے ہیں۔

المشتہر: مینیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا ڈاکخانہ۔ امرت دھارا روڈ۔ لاہور۔ خط و کتابت و تار کا پتہ: "امرت دھارا" لاہور

رحمۃ للعالمین جلد سوم

مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصورپوری جج پٹیالہ

شائع ہوگئی

یہی وہ کتاب ہے جس کی مدت سے انتظار ہو رہی تھی اور یہی وہ کتاب ہے جس میں نبی کریم کی تمام پیشگوئیاں آپ کے تمام معجزات اور آپ کی جملہ خصوصیات جمع کر دی گئی ہیں یہ کتاب گویا حضور پر نور کی سیرت میں ایک بے مثل اور بے نظیر کتاب ہے۔ جس پر علامہ سید سلیمان ندوی نے مقدمہ لکھا ہے اور ایک مورخ و مصنف ہونے کی حیثیت سے اس کی خوبیوں کا اعتراف کیا ہے۔ لکھائی چھپائی اعلیٰ صفحات ۵۰۰ قیمت بلا جلد ... مجلد ...

قاضی صاحب مرحوم کی دیگر تصانیف یہ ہیں

تاریخ المشاہیر مجلد ... اصحاب بدر ... الجمال والکمال ... شرح اسماء اللہ الحسنیٰ ... آئینہ تصوف ... عشرہ مبشرہ ...

ملنے کا پتہ

مینیجر اخبار سلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

اب اتنا مشہور اور مقبول ہو چکا ہے کہ اس کے تعارف کے لئے لمبی چوڑی عبارت کی حاجت باقی نہیں رہی مختصر یہ ہے کہ اتنی خوبیوں کا قرآن مجید ہندوستان کیا ہندوستان سے باہر بھی کہیں شائع نہیں ہوا خوشخطی طباعت اور صحت کا غیر معمولی اہتمام کیا گیا ہے حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر اردو چھپی ہوئی ہے انہیں خوبیوں کی وجہ سے حضور نظام نے اس قرآن مجید کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا ہے حضرت شیخ سعدیؒ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحبؒ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ جیسے بزرگوں کے ترجمے بین السطور درج ہیں۔

ہدیہ مصری کاغذ ... علاوہ محصول ڈاک مجلد چرمی نقرئی ... ہدیہ ولایتی کاغذ سفید چکنا غیر مجلد ... علاوہ محصولڈاک مجلد چرمی نقرئی۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپیہ پیشگی ضرور ارسال فرمائیں۔

پتہ

مینیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

ہندوستان

کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اصلی مجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلیماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم خدمت خلق کر رہا ہے۔ ضرورت اور تکلیف میں پتہ یاد رکھو۔ مینیجر دواخانہ حکیم جمیل خان دہلی

ملا شیر کوٹی کی فرعون مزاجی اور اس کے نتائج

اجین کے پیچیدہ معاملات کا ذمہ دار کون ہے؟

عبید اللہ فاروقی کے نام کھلا مکتوب

جناب مرتضیٰ صادق مرزا صاحب نے الامان اور وحدت کے ... حسب ذیل مکتوب اجین سے ارسال فرمایا ہے جس کو ہم ذیل میں شائع کرتے ہیں (الجمعیۃ)

بنام عبید اللہ صاحب فاروقی السلام علیکم!

جواباً عرض ہے کہ واقعی اجین میں مرتضیٰ صادق مرزا کا وجود ہے اور وہ کوئی فرضی نام نہیں ہے۔ اگر آپ وہی ہیں جو مظہر الدین کے ہمسفر تھے اور جنہوں نے میرے سوال کے جواب میں کہا تھا کہ "مولانا" ... تو میں آپ پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ میں ایک غریب الوطن ہوں اور تقریباً تین سال سے اجین میں بود و باش رکھتا ہوں ...

مظہر الدین کی فرعونیت

تاروں کی حقیقت

... مظہر الدین نے اشتعال انگیز تقریریں کر کے جو مسلم مفاد کے لئے سخت مضر ہیں زبردست شرارت کی ہے ...

آخری گذارش

اجین کے معاملات میں ...

محمڈن لاء اور قانون اسلام

علماء اسلام غور فرمائیں

کرنال میں چودھری غلام رشید خاں صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل بی نے مولوی رضوان اللہ صاحب پانی پتی سے اس امر پر تبادلہ خیالات کیا کہ موجودہ محمڈن لاء (مسلمانوں کا قانون) شریعت کے مطابق ہے نیز محمڈن لاء کے حسب ذیل مسائل میں کیا کوئی شرعی نقطہ نظر سے فروگذاشت ہے مثلاً

(۱) محمڈن لاء کہتا ہے کہ دو بہنیں ایک شخص کے نکاح میں جمع ہو سکتی ہیں نیز ان دونوں سے جو اولاد ہوگی وہ صحیح النسب اور ترکہ کی وارث ہوگی۔

(۲) ایک شخص بیک وقت پانچ نکاح کر سکتا ہے اور اس کا پانچویں عورت سے نکاح فاسد ہوگا۔ باطل نہیں ہوگا۔

(۳) محمڈن لاء کہتا ہے کہ امام ابو حنیفہ کا خیال اور یہ رائے ہے کہ ہر ایک عورت ہر مرد کے لئے بلا تخصیص حلال و جائز ہے۔

جس کا جواب مولوی صاحب موصوف نے یہ دیا کہ امام اعظم پر بہتان عظیم ہے اور موجودہ محمڈن لاء شریعت کے مطابق نہیں ہے بلکہ قابل ترمیم ہے ان مسائل میں جو علمائے کرام کا فتوے ہو اس کو شائع فرما کر عامۃ الناس کو استفادہ کا موقعہ دیں۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ان مسائل میں۔

(۱) کیا کوئی شخص پانچ نکاح بیک وقت کر سکتا ہے نیز اس کا حکم کیا ہے اور اس کی اولاد کا نسب ثابت ہوگا اور ورثہ ملیگا یا نہیں۔

(۲) کیا کوئی شخص دو بہنوں سے (حقیقی) ایک وقت میں نکاح کر سکتا ہے۔

(۳) کیا کسی امام کی یہ رائے ہے کہ ہر عورت بلا تخصیص ہر مرد کے لئے جائز ہے۔

(نامہ نگار)

زنانہ جبری تعلیم کے خلاف احتجاج

واقعہ ۱۱ اگست ۱۹۳۳ء بسلسلہ زنانہ لازمی تعلیم تین بعد نماز جمعہ جامع مسجد قصبہ چنور ضلع مراد آباد میں بصدارت مولوی احمد شاہ صاحب امام جامع مسجد احتجاجی جلسہ ہوا۔ قرار داد ہائے ذیل باتفاق آراء منظور ہوئیں۔

(۱) اس جلسہ کی رائے میں لازمی زنانہ تعلیم کے ایکٹ کا نفاذ ایسے مقامات میں جہاں کے مسلمان اپنی لڑکیوں کو پبلک اسکولوں میں بھیجنا گوارہ نہ کریں اس وقت تک ملتوی رکھا جاوے کہ جب تک کہ قانون میں صریح استثنا نہ کر دیا جاوے۔

(۲) جلسہ ہذا کی رائے میں مردانہ و زنانہ لازمی تعلیم کے قوانین اسلامی نقطہ نظر سے استثنار کے لئے جدوجہد کی جاوے۔

فلسفہ نماز

ایڈیٹر الجمعیۃ کی رائے

اس رسالہ میں طہارت و نماز کے دنیاوی فوائد سے بحث کی گئی ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ انسان کے لئے پاک رہنا دن میں پانچ دفعہ وضو کرنا اور خشوع و خضوع کے ساتھ درگاہ رب العزت میں حاضر ہونا دنیاوی نقطہ نگاہ سے کس قدر مفید ہے۔ نماز کی ترکیب اور دعائیں تفصیل و تشریح کے ساتھ درج کی گئی ہیں۔ ہر مسلمان کو یہ رسالہ منگا کر دیکھنا از بس ضروری ہے قیمت ...

پتہ چودھری علی نواز خاں۔ دفتر آئینہ دنیا نظام الدین اولیاء دہلی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لیکر تحریر فرما دیں اور صحت و تندرستی کی گائیڈ ... کتاب ... مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

عیسائی مشن بائبل کو مقبول بنانے کے لئے اسکے نئے نئے ایڈیشن دلفریب صورتوں میں شائع کر رہا ہے مسلمانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لئے ہم

خوبصورت حمائل

کی اشاعت کی طرف متوجہ ہوئے ہیں جلد سنہری فیشن ایبل خوشنما پاکٹ سائز ... ایک نازک بیل سے مرصع ہے خصوصیت سے عصر جدید کے نفاست پسند طبقہ کے لئے تیار کی گئی ہے۔ نئی روشنی کے فیشن ایبل نوجوانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لئے خوبصورت حمائل ایک کامیاب ذریعہ ہے ... مسلمان انگریزی خواں طلباء کی جیب میں انگلش پاکٹ ڈکشنری کے بجائے یہ حمائل شریف ہونا چاہئے ...

دفتر اشاعت القرآن بیت الشفا امروہہ (یو۔ پی)

تین پیسے میں ایک سو چوالیس ۱۴۴ صفحے

رسالہ نظام المشائخ جو چوبیس سال سے ملا واحدی صاحب کی ایڈیٹری میں بلندی وقت کے ساتھ ماہوار نکل رہا ہے ...

مینیجر رسالہ نظام المشائخ ... دہلی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

مینیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

سفید بال جڑ سے کالا

... مینیجر ... کالا اسٹور ... پوسٹ بکس ...



نمک جالینوس

بچوں کی ہریالی کی نمبر ایک دوا

بال جیون گھٹی

المشتہر مینیجر بال جیون ...

مصفّی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورے سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی داد پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے نابود ہو جاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۲ خوراک کی شیشی ۱۲ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال:۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

ایم۔ اے رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی بیسیوں کی ... کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیے

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
قیمت اخبار
ہندستان کیلئے
ممالک غیر کے لئے
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ
تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
نرخنامہ اشتہارات

الجمعیۃ
سہ روزہ — دہلی
ید اللہ علی الجماعۃ

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)
معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۸ | دہلی - یوم چہارشنبہ ۲۹ جمادی الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۰ ستمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۰

معاصرین کے افکار و آراء

انقلابی تشدد کا صحیح علاج (مدینہ)

ہندو ہرگز نہیں پہنچ سکتے۔ کیونکہ انہیں کانگریس سے جو شوریدہ سروں اور ...

تجارت اور مسلمان (زمزم لاہور)

غداران ملک (زمزم)

عدن کا مسئلہ (ہمدرد جدید)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معلمین)

آخر وقت آ پہنچا جو حق پرستوں کیلئے مقدر ہے

عیسائیت کی شہ رگ پر آخری ضرب

من یتق اللہ یجعل لہ مخرجا

آخری ضرب

گھر سے نکال دو!

سہیلیوں کی گفتگو

بہترین اور کم قیمت عطریات و خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار پرفیومری سہسوان۔ یوپی کا نام یاد رکھئے جو ہندستان بھر میں مشہور ہے فہرست کلاں طلب فرمائیے

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ
حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو تاریخی خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق صرف اس قدر کہنا کافی ہے کہ آج تک اس قدر معلومات سیاسیہ اور مذہبیہ سے لبریز کوئی خطبہ جمعیۃ علمائے ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا۔
مسلمانوں کے لئے اس خطبہ کا مطالعہ بے حد ضروری ہے یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے
(۱) ضرورت نظام ملی و تقسیم عمل (۲) اولی الامر کی تشریح (۳) مسئلہ ختم نبوت (۴) اہل اسلام کا رابطہ دینی (۵) معاہدہ مسلمین باغیر مسلمین (۶) دارالاسلام دارالحرب دارالامان کی بحث (۷) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہود مدینہ کے ساتھ معاہدہ (۸) صوبہ سرحد کی سیاسی حالت (۹) دہلی کی تجویز مفاہمت (۱۰) دارالقضاء کی ضرورت (۱۱) مسلمان عورتوں کی بے کسی اور فتنہ ارتداد (۱۲) منتخب امیر یا قاضی کے اختیارات (۱۳) فریضہ تبلیغ (۱۴) تربیت نو مسلمین (۱۵) عورتوں کی میراث سے محرومی (۱۶) لڑکیوں پر روپیہ لینا (۱۷) تحفظ اوقاف
اس خطبہ صدارت کی بہت کم جلدیں رہ گئی ہیں اگر فرمائش بھیجنے میں تاخیر کی تو پھر اس نایاب خطبہ کا حاصل کرنا بہت مشکل ہو جائے گا۔

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی
سے تقریباً تمام علمی دنیا اچھی طرح واقف ہے کون آپ کی ہزار ہا تصنیف زبان و معلومات کا اعلیٰ معیار ہے مگر خصوصیت سے مولانا کا خطبہ صدارت قابل دید ہے جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۱۱-۱۲-۱۳-۱۴ مارچ ۱۹۲۶ء کلکتہ میں پڑھا گیا قیمت صرف ۸/

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری
کا خطبہ صدارت جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس خصوصی منعقدہ ۳-۴-۵ مئی ۱۹۲۶ء کو امروہہ میں پڑھا گیا قیمت ۴/

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب
نائب امیر شریعت صوبہ بہار جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس خصوصی منعقدہ ۱۴-۱۵ جمادی الاخریٰ ۱۳۴۸ھ مراد آباد میں پڑھا گیا قیمت ۸/

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ
جو مسلم یونیورسٹی علیگڑھ میں ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۰ء کو پڑھا گیا۔ قیمت صرف ۲/

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب
جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۹ دسمبر ۱۹۲۳ء بمقام کوکناڈا پڑھا گیا قیمت ۳/

خطبہ صدارت بطل حریت حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس کو مجاہدانہ ... سے نقصان پہنچانے کی دریدہ کوشش کی جا رہی ہے جس سے بھولے بھالے اور سادہ لوح ناواقف مسلمان بسا اوقات ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں لہذا اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں پڑھئے تاکہ مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکیں۔

ختم نبوت فی القرآن - اس کے پڑھنے سے آپ کو آیات قرآنی کے ذریعہ صاف معلوم ہو جائے گا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوا۔ قیمت ۱۲/

ختم نبوت فی الحدیث - اس رسالہ میں خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ کو پیش کر کے بتلایا گیا ہے کہ کوئی نبی آپ کے بعد نہیں آسکتا قیمت ۱۲/

ابطال اعجاز مرزا - یہ رسالہ طلباء کیلئے زیادہ مفید ہے اس میں صرفی و نحوی طریقوں سے مرزا کے قصیدہ اعجازیہ کی بے شمار غلطیاں دکھائی گئی ہیں قیمت آٹھ آنہ ۸/

حقیقت رسائل اعجازیہ - یہ وہ رسالہ ہے جس میں ایک دو نہیں بلکہ بیسیوں دلیلوں سے مرزا قادیانی کے دعویٰ اعجازیہ کو باطل کر کے دکھلایا ہے اور ان کے رسالوں کی حقیقت کی پول کھول گئی ہے قیمت ۴/

عقائد قادیانی منظوم - اس مختصر رسالہ میں مرزا کے عقائد باطلہ اور کفریہ کو مسدس کی شکل میں پیش کیا گیا ہے جس کو دیکھ کر آسانی سے مرزائیت کی حقیقت کا انکشاف ہو جاتا ہے قیمت ۱/

معیار صداقت

دین مرزا کفر خالص - یہ رسالہ دیکھنے کے بعد آپ کو مرزائیوں کے کفر وارتداد کا پورا پتہ چل جائے گا اور پھر آپ ہرگز ان کے پھندے میں نہ آسکیں گے قیمت صرف ۱/

نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی - اس رسالہ کو پڑھ کر آپ مرزائیوں کے فریب سے اچھی طرح واقف ہو سکیں گے اور پھر ان کی چال اور دھوکہ سے محفوظ رہ سکیں گے۔ قیمت ۵/

صحائف رحمانیہ - ابتک اس کے ۲۴ نمبر شائع ہو چکے ہیں ہر مسلمان کو اس کتاب کا رکھنا نہایت ضروری ہے جس میں قرآن و حدیث و واقعات اور خود مرزا قادیانی کے جھوٹے الہامات سے مرزا کا جھوٹا ہونا ثابت کیا گیا ہے ہر نمبر قابل دید ہے سب نمبروں کی قیمت تین روپے ...

اطلاع رحمانی - یہ کتاب ان سو سوالوں کے جواب کا مجموعہ ہے جو جزیرہ ٹرینیڈاڈ (امریکہ) والوں نے ایک احمدی مبلغ کی تبلیغ سے متاثر ہو کر کئے تھے ... قیمت ۸/

دوسری شہادت آسمانی

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈالا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

سیرۃ الحبیب

تعلیم الاسلام

اعجاز القرآن

تفسیر مظہری

صراط مستقیم

حیات محمود و سفر نامہ اسیر مالٹا

فتاویٰ رشیدیہ

تحفۃ الحبین

دلائل الخیرات

پاک زندگی

ابدی نجات

خاموش تبلیغ

علم الکلام

ردّ کفر

سر توڑ

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

اطلاع

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۹ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ

معلمین کا مسودۂ قانون

اگست کی آخری تاریخوں میں ہمارے نامہ نگار نے شملہ سے معلمین کے مسودۂ قانون کے متعلق جو اطلاع دی تھی وہ آخر صحیح ثابت ہوئی یعنی حکومت نے امسال شملہ میں اس مسودۂ قانون کو اسمبلی کے سامنے بغرض منظوری پیش نہیں کیا بلکہ اس کو دوبارہ سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کئے جانے کی قرارداد پیش کی۔ اور یہ کہا کہ سلیکٹ کمیٹی میں بعض مزید ترمیمات کی جائیں گی۔ اس کے بعد اس مسودۂ قانون کو بغرض منظوری پیش کیا جائے گا۔

حقیقت یہ ہے کہ تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی طرف سے اس مسودۂ قانون کی جو ہمہ گیر مخالفت ہوئی ہے اور ملک کے گوشے گوشے میں اس کے خلاف جو مظاہرے کئے گئے ہیں اور جمعیۃ علمائے ہند کی قیادت میں مسلمانوں نے اس مذہبی مداخلت پر جو متفقہ صدائے احتجاج بلند کی ہے اس نے حکومت کو بھی متأثر کر دیا ہے اور وہ مسلمانوں کے اس ایجی ٹیشن کو دیکھتے ہوئے بار بار اصل مسودہ میں ترمیمات کر رہی ہے۔ اور اس کڑوے گھونٹ کو کسی نہ کسی طرح مسلمانوں کے حلق سے اتارنا چاہتی ہے اسی لئے یہ تحریک پیش کی گئی اور اس کا یہی منشا اور مقصد ہے کہ اس وقت اس معاملہ کو کچھ عرصہ کے لئے اور ملتوی کر دیا جائے اور اس کے بعد جب مسلمانوں کا جوش ذرا ٹھنڈا ہو جائے تو پھر چند بے حقیقت ترمیمات کے ساتھ اسے دوبارہ اسمبلی میں لا کر منظور کرا لیا جائے۔

ہم ان کالموں میں بیسیوں مرتبہ حکومت کو یہ بتا چکے ہیں کہ اس مسودۂ قانون کے متعلق مسلمانوں کا اعتراض کسی خاص دفعہ یا کسی خاص جزو پر اتنا نہیں ہے جتنا اس کے بنیادی اصول پر ہے۔ مسلمانان ہند معلمین حجاج کے لئے کوئی بھی قانون بنوانا نہیں چاہتے۔ وہ کسی قسم کی شرائط کے ماتحت انہیں لائسنس دئے جانے کے روادار نہیں ہیں وہ تو یہ چاہتے ہیں کہ معلمین حجاج پر کوئی پابندی عائد نہ کی جائے۔ کیونکہ ان کے نزدیک حکومت کا یہ اقدام ان کے ایک مذہبی فریضہ میں مداخلت اور حجاز مقدس پر سیاسی اقتدار کا ایک ذریعہ ہے۔ جب ان کا مطالبہ یہ ہے اور وہ اس مسودہ سے ان وجوہ کی بنا پر اظہار بیزاری کرتے ہیں تو آئندہ کسی قسم کی ترمیم بھی ان کے طرز عمل میں کسی طرح تبدیلی پیدا کر سکتی ہے۔

خود اسمبلی میں بھی شاہ مسعود احمد صاحب اور بعض دیگر حضرات نے اس مسودۂ قانون کے اصول ہی سے اختلاف کیا اور اسے سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کئے جانے کی مخالفت کی مگر سر فضل حسین نے جو شاید اس مسودہ کو کسی نہ کسی طرح منظور کرانے پر ادھار کھائے بیٹھے ہیں اپنی ایک تقریر میں مسلمانوں کی عام خواہش کے خلاف اس پر زور دیا کہ اسے مسترد نہ کیا جائے اور سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کر کے اس کے وجود کو باقی رکھا جائے۔ میاں صاحب نے حکومت کی طرف سے حسب معمول اس الزام کی بھی تردید کرنی چاہی کہ ...

جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کا خط شائع ہونے کے بعد

تمام الزامات کی تصدیق

ملزم کی بدحواسیاں

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

[گزشتہ اشاعت میں نامہ نگار الجمعیۃ نے وہ الزامات نقل کئے تھے جو ان کالموں میں ایڈیٹر الامان کی فرضی جمعیۃ العلماء کے شاہدوں کی شہادت لینے سے پارلیمنٹری کمیٹی کے انکار اور اس کے باعث علماء اور علماء کی توہین کے متعلق الجمعیۃ میں متعدد بار شائع ہو چکے تھے۔ اور یہ لکھا تھا کہ پارلیمنٹری کمیٹی کا خط شائع ہو جانے کے بعد ان تمام الزامات کی تصدیق ہو جاتی ہے۔ ...]

... سے اخبار میں جمعیۃ علماء کے خلاف پروپیگنڈا کیا، اس سے بڑھ کر دھوکا اور کیا ہو سکتا ہے۔

تین مہینے تک

ملزم کو یہ بھی انکار ہے کہ اس نے "تین مہینے تک یہ ناکام کوشش کی"۔ وہ کہتا ہے کہ میں نے تو صرف جون سے یہ کام شروع کیا تھا اور آپ نے جولائی ہی میں اس کو ختم کر دیا اس لئے زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ مہینہ ہوا ہوگا آپ تین مہینے تک کا یہ الزام مجھ پر کیوں لگاتے ہیں۔ ...

گاندھی جی اور پنڈت جواہر لال نہرو کے درمیان خط و کتابت

مکمل آزادی۔ انفرادی سول نافرمانی اور گول میز کانفرنس پر تبصرہ

پونہ ۱۵ ستمبر۔ جس خط و کتابت کا تذکرہ پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنے بیان میں کیا تھا وہ حسب ذیل ہے:۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے جو مکتوب گاندھی جی کے نام بھیجا اس میں آپ ابتداء میں اس بات پر زور دیتے ہیں کہ چونکہ ہم مکمل آزادی کے حصول کی جدوجہد میں ہیں اس لئے پہلے ان تمام غلط بروپیگنڈوں کا قلع قمع کر دینا چاہئے جن سے گڑبڑ پیدا ہونے کا احتمال ہو یعنی خود مختاری کے لفظ کی پوری وضاحت کر دینی چاہئے۔ ...

گول میز کانفرنس کا کھیل

یہ تمام لوگ کہہ چکے ہیں کہ گول میز کانفرنس ایک سعی لاحاصل ہے اور اس میں ہندوستان کا کوئی مسئلہ حل نہیں ہو سکتا ...

ہندوستان کی آزادی

انفرادی سول نافرمانی

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

برلن میں سوبھاش چندر بوس اور سر عبد القادر کے لیکچر

گاندھی جی سے بوس کا اختلاف۔ برلن میں لاہوری ٹولی کی شرارت

جرمنی کے سینماؤں میں مصری تہذیب کا مظاہرہ

(از نامہ نگار خصوصی مقیم برلن)

برلن میں سوبھاش چندر بوس کی خدمات

سوبھاش چندر بوس نے ہندوستانیوں کو ہر طرح کی امداد پہنچائی۔ ان کے پاس اکثر اصحاب کا ہجوم رہتا تھا ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ الموڑہ کے مسلمانوں میں شاید جہالت کی وجہ سے "سورج گہن" یا "چاند گہن" کے متعلق ہندوؤں کے عقائد نے بہت کچھ جگہ لے لی ہے چاہتا ہوں کہ ان کو اسلام کے سچے عقیدہ سے مطلع کر دوں۔ امید کہ جناب تکلیف فرما کر حقیقت سے آگاہ فرمائیں گے۔ مشکور ہونگا۔

(۱) اس وقت عموماً مسلمان نفل نماز پڑھتے ہیں کیوں؟

(۲) لوگ کھانا نہیں کھاتے۔ کیا اسلام کھانا کھانے سے روکتا ہے؟

(۳) کیا سورج یا چاند کو تکلیف ہوتی ہے؟

(۴) کیا سائنس کا یہ خیال صحیح نہیں ہے کہ یہ آفتاب، چاند اور زمین کی گردش کی وجہ سے ہوتا ہے؟

(۵) کسی جانور کا زندہ جلا دینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب

۱۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کسوف و خسوف اللہ تعالیٰ کی قدرت ...

... دنیا فسق ہے سباب المسلم فسوق (متفق علیہ) زید کا عمر کو سؤر کا بچہ اور سؤر اور بے ایمان کہنا صرف مذہبی گناہ ہی نہیں بلکہ بدترین اخلاقی گناہ بھی ہے جس کو کوئی شریف طبیعت بھی پسند نہیں کر سکتی اور عمر کا ان بیہودہ کلمات کو سن کر خاموش رہنا اور کچھ نہ کہنا اسلامی تعلیم اور اخلاق محمدی کے بالکل مطابق ہے۔ زید کو چاہئے کہ اس فعل سے توبہ کرے اور عمر سے اس غیر معمولی واقعہ کی معافی چاہے اس لئے کہ یہ معاملہ حقوق العباد سے متعلق ہے اور عمر کو بھی چاہئے کہ اگر ایسا موقعہ آئے تو زید کو معاف کر دے۔ واللہ اعلم

محمد عفت اللہ غفی عنہ

نائب مفتی جمعیۃ علماء ہند دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مجلس میلاد سرور عالم میں جناب قاضی صاحب ساکن ہندو پور نے مذکور لیتی میں چند معظم اشخاص کو بطور تبرک ایک کارڈ دیا گیا ہے۔ مذکور کارڈ میں نیز مہر نبوت دکھلائے جائیں گے کر کے تحریر ہے اسی مطابق بروز چہارشنبہ ماہ حال شب کے چار بجے سفید کاغذ پر لکھا ہوا مہر نبوت کا نقشہ مجلس میں دکھلائے ہیں اس بارے میں ہم کو فتویٰ کی ضرورت ہے ضرور اطلاع دیں۔

الجواب

مہر نبوت کا ایسا نقشہ جہاں تک ہمیں معلوم ہے کہیں موجود نہیں ہے جو حضور کے زمانہ میں مہر نبوت کو دیکھ کر تیار کیا گیا ہو اس لئے غالب یہی ہے کہ یہ ...

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

سیاسی نظریے

پھر بیماری

خفیہ رپورٹ

گاندھی جی اور پنڈت جواہر لال کے درمیان خط و کتابت

گاندھی جی کا جواب

طریق کار کی درستگی

انفرادی اور اجتماعی سول نافرمانی

خفیہ طریق کار

جمعیۃ علماء ہند نے سول نافرمانی کو ملتوی کیا ہے بند نہیں کیا

جمعیۃ علماء کے اسیروں کو رہا کرنے سے حکومت کا انکار

اسمبلی میں معلمین حج اور مولانا اسمٰعیل غزنوی کے معاملہ پر بحث

حکومت کا بیان مقصد

جمعیۃ علماء کے سیاسی قیدی

مولانا اسمٰعیل غزنوی کا معاملہ

پان اسلامزم

معلمین حج کا مسودہ قانون

مسودہ کی مخالفت

ہندوستانی تجارت کو برباد کرنا مقصود نہیں

جاپانی وفد کے صدر کا بیان

سر مالکم ہیلی ہندوستان کے آئندہ وائسرائے

پنجاب کی گورنری پر کسی مسلمان کا تقرر

کابل کے برطانوی سفارتخانہ میں قتل

قاتل کو پھانسی کی سزا

ہزاروں عیسائی مرتد ہو رہے ہیں

نظام عالم کی تباہی کی پیشگوئی

دریائے قندھار پر پلوں کی تعمیر

رجعت پسندوں کی کانفرنس میں چرچل کی شرکت

مجلس اقوام سے حکومت عراق کی درخواست

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس

انعقاد کی دشواریاں

سر کاؤس جی اور گاندھی جی کی ملاقات

حکومت پر صلح کیلئے زور ڈالا جا رہا ہے

مسلح حکومتیں تخفیف اسلحہ کا درس نہیں دے سکتیں

تمام حکومتوں سے مساوی سلوک ہونا چاہئے!!

احمد آباد میں ہندو مسلم تصادم

دو مسلمان زخمی تین ہندوؤں کی گرفتاری

آئرلینڈ میں برطانوی شراب کا بائیکاٹ

تیسرے درجہ کے کرایہ میں تخفیف

نارتھ ویسٹرن ریلوے کا اعلان

اسمبلی میں ایک عجیب گمشدگی

ہنچو کو فوج اور ڈاکوؤں میں مقابلہ

سرکاری افسروں کی حفاظت کیلئے حکومت بنگال کی تدابیر

پولیس اور سی آئی ڈی کی تعداد میں اضافہ

مجسٹریٹ مدناپور کے قتل کے سلسلہ میں ۸۰ گرفتاریاں

جمعیۃ مسلم نوجوانان پنجاب لاہور کا اہم اجلاس

جمعیۃ العلمائے ہند دہلی کی خدمات کا اعتراف

خانہ ساز کانپوری جمعیۃ کے حمایتی اخبارات کی پرزور مذمت

دارالحکومت

دہلی کی فضا کو خراب کرنے کی کوشش

بعض ہندوؤں کی اتحاد سوز روش

چاندنی چوک کی دو دکانوں میں آتشزدگی

ایک لاکھ روپے کا مال جل گیا

نئی اور پرانی دہلی کے درمیان سڑک

دہلی میونسپلٹی کی مشکلات

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

چوکی داروں اور گوجروں میں جنگ

دہلی میں شدید بارش

سڑکوں پر گھٹنوں گھٹنوں تک پانی

بغداد میں عراقی قبائل کا ورود

شاہ فیصل کے جنازہ میں شرکت کا ارادہ

شاہ عراق کی تدفین

جنازہ کے ہمراہ بیشمار انسانوں کا ہجوم

نواب محمد مزمل اللہ خاں کا شاندار عطیہ

تعمیر مسجد ندوۃ العلماء کیلئے پانچ ہزار روپے

گمشدہ کی تلاش

احمد آباد میں آتشزدگی

فوج اور سرحدی قبیلوں میں پھر لڑائی

بالائی مہمندوں کے جرگہ میں ڈپٹی کمشنر کی شرکت

جرمن سے انگلستان کے یہودیوں کا انتقام

کانپور کے فرقہ وارانہ مقدمات واپس لے لئے گئے

ہوانا میں باغیوں نے اطاعت قبول کرلی

ایک سال تک سول نافرمانی سے باز رہنے کا فیصلہ

ہریجن تحریک سے روک دینے پر زندگی کا خاتمہ کر دینے والا برت

پونہ کی مشاورت کے بعد گاندھی جی کا بیان

گاندھی جی کے بیان کا ملخص یہ ہے: "میں کافی عبادت اور غور و خوض کے بعد اس نتیجہ پر پہونچا ہوں کہ مجھے ۳ اگست ۱۹۳۳ء تک تحریک سول نافرمانی میں حصہ لے کر قید کی خواہش نہ کرنی چاہیے۔ میرے اس فیصلہ کا اس مشورہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا جو میں نے پونہ کانفرنس کے بعد ایک بیان میں اہل ملک کو دیا تھا۔ ... اگر حکومت نے مجھے اب گرفتار کر لیا اور ہریجنوں کی خدمت سے روک دیا تو میں اپنا خاتمہ کر دینے والا برت رکھوں گا، خواہ مجھے رہا ہی کیوں نہ کر دیا جائے۔"

پونہ ۱۳ ستمبر۔ گاندھی جی نے آج صبح حسب ذیل بیان پریس کو اشاعت کے لئے ارسال کیا ہے: ...

"میرا یہ معمول رہا ہے کہ پبلک کی خدمات سرانجام دیتے ہوئے میں ہمیشہ اپنے ہر آئندہ لائحہ عمل سے بخوبی واقف رہا ہوں۔ لیکن جب سے میں ۲۳ اگست کو اچانک رہا کر دیا گیا میں اپنے آپ کو کچھ عجیب تاریکی میں پاتا ہوں۔ ..."

پنڈت جواہر لال نہرو کا بیان

گاندھی جی کی قیادت کیوں تسلیم کی گئی

پونہ ۱۳ ستمبر۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے ذیل کا بیان پریس کو اشاعت کے لئے ارسال کیا ہے۔ ...

دار المبلغین لکھنؤ کیلئے مخلص علماء کی ضرورت

اس دور فتن میں جب کہ دین مقدس پر ہر چہار طرف سے باطل کی یورش ہے، طاغوتی طاقتیں اس کو مٹانے کی فکر میں ہیں، ملت اسلامیہ کی اشاعت اور امانت الٰہیہ کی حفاظت کے لئے قابل اور مستند مبلغین کی جس قدر ضرورت ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ ...

... کے لئے ہوں سب کی حفاظت قانون میں شامل ہو۔
(۶) حفاظت اوقاف کے اخراجات حکومت کے ذمہ ہوں جس طرح ۱۹۱۰ء کے ریگولیشن بنگال کے ماتحت ۱۸۶۳ء تک حکومت کے ذمہ تھے۔

مسلمانان بنیا محلہ کالی باغ کا یہ جلسہ عام حکومت اور ممبران کونسل سے استدعا کرتا ہے کہ جب تک مولوی حسن جان صاحب کے مسودہ قانون اوقاف میں بارت شریعہ کی تجویز کے مطابق ترمیم نہ ہو جائے ہرگز اس کو تبدیل نہ کریں۔ (نامہ نگار)

اظہار تاسف

انجمن نوجوانان اسلام و انبالوی کے اراکین کا جلسہ روز دوشنبہ ۸ ماہ حال ... حضرت علامہ فاضل اجل مولانا مولوی الحاج محمد عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ صدر مدرس مدرسہ معدن العلوم ... کے انتقال پر ملال پر اظہار تاسف کے لئے ... منعقد ہوا۔ ...

جماعت المسلمین لاہور

"اظہار الحق" انگریزی ہفت

وقف بل ورگولہ بازی کے خلاف احتجاج

جبری تعلیم نسواں کے خطرناک نتائج

جمعیت الانصار صوبہ یوپی کا چھٹا سالانہ اجلاس

بنیا

مولانا عبدالرزاق صاحب کی صحت

مخفی وائرلیس اسٹیشن کا پتہ لگ گیا

برطانوی تجارت کا دوبارہ عروج

ہندوستان کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اعلیٰ مجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلی ماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم خدمت خلق کر رہا ہے۔ ضرورت اور تکلیف مریض یاد رکھو۔ منیجر دواخانہ حکیم جمیل خاں دہلی

درد دل اور غیر جانبداری کا اظہار

قومی مجرموں کی پردہ داری کی ناکام سعی

(از نظام الدین احمد علیگ عظیم آبادی وکیل بنیا)

۱۸ اگست ۱۹۳۳ء کے اتحاد میں جو جناب مولوی محمد شفیع صاحب کا اخبار کہا جاتا ہے مولوی منظور حسن وکیل بیگو سرائے کے نام سے ایک مضمون ... سرخیوں سے اس پرچہ کے پورے دو کالم میں شائع ہوا ہے۔ معلوم نہیں کہ یہ مضمون خود ان کا لکھا ہوا ہے یا کسی اور صاحب نے ان کے نام سے لکھا ہے۔ ...

ایک پرانے قضیہ کا اعادہ

"کو جب تم نے گاندھی۔ مالوی ... سپرو۔ جیکر ایٹلے کو سے تقسیم ..."

راؤ دیگری صاحب کے زرین کارنامے

مسلم وقف بل

اس کے بعد محترم مولوی حسن جان صاحب کے وقف بل کا تذکرہ فرمایا ہے ...

اظہار حق کا فریضہ

تحریک کی تفسیر جدید

الحدیث کانفرنس کا سالانہ اجلاس

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا سالانہ اجلاس چھپرہ صوبہ بہار میں بتاریخ ۱۹-۲۰-۲۱ شعبان ۱۳۵۲ھ مطابق ۸-۹-۱۰ دسمبر ۱۹۳۳ء کو ہونا قرار پایا ہے۔ اہل اسلام کہا جاتا ہے کہ وہ ضرور ایسے جلسوں میں شریک ہوں۔ (نائب سکرٹری عبداللہ)

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

رسالہ نظام المشائخ جو چوبیس سال سے ملا واحدی صاحب کی ایڈیٹری میں ... منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

... منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

غریبوں کا خدا

... منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے!

وہاں سے ایک کارڈ لے کر تحریر فرمایئے اور صحت و تندرستی کی گائیڈ ... مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔
وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

نظر نواز خوبصورت حمائل دلکش!

... دفتر اشاعت القرآن بیت الشفاء امروہہ (یوپی)

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا
حکیم لچھمی پرشاد گوال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹرڈ
بال جیون گھٹی
... المشتہر منیجر بال جیون کارخانہ سیہ علی گڑھ شہر (یوپی)

مفرح ...
مشک عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس کمپوزیشن
... خواہش کو تیز کر دیتی ہے۔ ... تازہ و توانا ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی (۱۲ خوراک) ایک روپیہ آٹھ آنے
کارخانہ ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رحمۃ للعالمین جلد سوم
(مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصورپوری)
شائع ہو گئی
... منیجر اخبار مسلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید
... منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

یدُ اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
سہ روزہ
دہلی

مسئول مدیر
بلال احمد زبیری (بی اے)

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۷ ۔ ۲۱ ۔ ۲۵ ۔ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ... ... صہ
نصف صفحہ (") ... ... صہ
ایک کالم (") ... ... عہ
½ کالم (") ... ... صہ
¼ کالم (") ... ... عہ

جلد ۱۸ | دہلی ۔ یوم یکشنبہ ۳ جمادی الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۴ ستمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۲۱

معاصرین کے افکار و آراء

سیاسی جماعتوں کا کچا چٹھا (ہند جدید)

مسلم لیگ کی خرید و فروخت

پین اسلامزم

وقت کی پہلی ضرورت

مکانات کے کرایہ میں تخفیف

مسلمانوں کا سیاسی انتشار

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے
(از معاون)

بارگاہ کبریائی میں ایک معصومہ کی دعا

قرطبہ کی چار سہیلیاں علمی مجلس میں

چاروں سہیلیاں علمی مجلس میں

بہترین اور کم قیمت عطریات و خوشبو دار تیل خریدنے کیلئے مشکبار پرفیومری سہسوان ۔ یو پی کا نام یاد رکھیے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے فہرست کلاں مفت طلب فرمائیے

مذہبی، علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب ؒ
حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب ؒ کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق صرف اس قدر کہنا کافی ہے کہ آج تک اس قدر معلومات سیاسیہ اور مذہبیہ سے لبریز کوئی خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بے حد ضروری ہے یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے:۔

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی
سے تقریباً تمام علمی طبقہ اچھی طرح واقف ہے یوں تو آپ کی ہر ایک تصنیف زبان و معلومات کا اعلیٰ معیار ہے مگر خصوصیت سے مولانا کا خطبہ صدارت جو آپ نے جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴ مارچ ۱۹۲۶ء کلکتہ میں پڑھا گیا قیمت صرف ۸

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری
کا خطبہ صدارت جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۳، ۴، ۵ مئی ۱۹۲۸ء کو امروہہ میں پڑھا گیا قیمت ۸

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی
نائب امیر شریعت صوبہ بہار جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس خصوصی منعقدہ

تازہ مضامین مولانا ابو الکلام صاحب آزاد ۱۲، ۱۰
مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام
جو آپ نے جیل جانے سے ایک روز قبل تحریر فرمایا تھا قیمت ۱

خطبہ صدارت مولانا حسین احمد صاحب مدنی
جو ۳۰ اگست ۱۹۳۲ء کو پاٹودی ہاؤس میں پڑھا گیا قیمت ۱

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہونچانے کی بدترین کوشش کی جا رہی ہے جس سے بہت سے بھولے بھالے اور سادہ لوح نا واقف مسلمان لا علمی کی وجہ سے ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں لہذا اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں پڑھ کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

دین حق اور کفر خالص
ختم نبوت فی القرآن
نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی
ختم نبوت فی الحدیث
البطال اعجاز مرزا
صحائف رحمانیہ
حقیقۃ المسیح
مسیح قادیان کی حالت کا بیان

سیرۃ الحبیب

اگر آپ دنیا کے مصلح اعظم کے صحیح اور سچے حالات سے واقفیت حاصل کرکے اپنی زندگی کو صحیح طریقہ پر اسلام کی روشنی میں بسر کرنا چاہتے ہیں تو سیرۃ الحبیب کا مطالعہ کیجئے جس کی اردو نہایت سلیس اور شستہ ہے اور مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے بہ اس کی تعریف فرمائی ہے۔ قیمت صرف ۱۲

جنت اور دوزخ

پر ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمادیا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بناء پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کردیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور جنت کی کنجی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپیہ لی جائے گی دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۷ احادیث درج ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا

اسلامی دنیا کا کونسا ایسا انسان ہے جو حضرت شیخ الہند کے نام نامی سے واقف نہیں ۔۔۔ اس کتاب کو پڑھنے سے آپ کو حضرت شیخ الہند کے حالات زندگی کے علاوہ ۔۔۔ ملیگا۔

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کیلئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف جو کثرت سے اسلامی مدارس کی ابتدائی درس میں داخل ہو چکی ہے، سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے اس کتاب کے چار حصہ اور ایک قاعدہ ہے مکمل سٹ کی قیمت صرف ۱۴

اعجاز القرآن

حضرت شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآراء تقریر ہے جس میں آپ نے وحی الٰہی کی ضرورت اس کے مدارج معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی الٰہی ہے اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے حقائق و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائے گا۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے قیمت ۲

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی ؒ کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری کے پہلے دو پارہ ۔۔۔ قیمت ہر دو پارہ دو روپیہ (عہ)

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

اس کے پڑھنے سے سوانح عالمگیر اور اس کے تدبر ملکی قابلیت اور نظم و نظام کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آجائے گا۔ قیمت ۱۳

صراط مستقیم

یہ اہم باسمّی کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کافی ذریعہ ہے قیمت صرف عہ

علم الکلام

مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی کی تصانیف کا جو بہترین نمبر جس میں مؤلف نے اسلام کی صداقت وجود باری توحید حدوث مادہ ملائکہ و فرشتہ وغیرہ وغیرہ مسائل پر مفصل و مدلل بحث کی ہے شائقین علم خصوصاً طلباء کو اس کا پڑھنا نہایت ضروری ہے۔ قیمت عہ

رد کفر

۔۔۔ آریوں کے اعتراضات کو نقل کرکے اس کے مفصل و دلائل تحقیقی جواب دیے ہیں ۔۔۔ اس کتاب کا دیکھنا ضروری ہے۔ قیمت ۲

سر توڑ

تردید مذہب آریہ سماج ۔۔۔ کی مشہور تصنیف ہے قیمت صرف ۲

پاک زندگی

یہ بھی حضرت العلامہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے ان تین عالمانہ مضامین کا مجموعہ ہے جس میں آپ نے فطرت سلیمہ، حیات طیبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور مقصد اسلام نہایت آسان اور دلچسپ پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے۔ قیمت ۳

ابدی نجات

۔۔۔ قیمت ۲

خاموش تبلیغ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا دلچسپ تبلیغی مضمون ۔۔۔ قیمت ۸

فتاویٰ رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایات ۔۔۔ تینوں حصوں کی قیمت ۳

تحفۃ المحبین

شائقین زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ۔۔۔ قیمت ۱۳

دلائل الخیرات

اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ۔ ہر مجلد ۳ عہ

اطلاع ایک روپیہ سے کم قیمت کی کتاب کے لئے اسکی قیمت کے ٹکٹ پیشگی آنے چاہئیں

ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۳ / جمادی الثانی ۱۳۵۲ھ ہجری

پینتیس کروڑ باشندوں کا ملک
بدنصیب ہندوستان

۱۹۳۱ء میں ہندوستان کی جو مردم شماری ہوئی تھی اُس کی رپورٹ شائع کردی گئی ہے اور اس رپورٹ میں مردم شماری سے متعلق بہت سے اہم مسائل پر تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ یہ رپورٹ پانچ سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں متعدد نقشے بھی شامل ہیں جو مختلف حیثیتوں سے مفید معلومات بہم پہنچاتے ہیں

کہ بھی سامان خوراک بہم پہنچ سکے۔ اور اس کی زمین بندگان خدا پر تنگ نہ ہو۔ اب جو چیز سوال باقی رہتا ہے وہ یہاں کے مصنوعی حالات کا ہے جو انسانوں کے پیدا کئے ہوئے اور ان ہی کے قبضہ میں ہیں اور جنہوں نے بلاشبہ ہندوستان

دام تزویر

پٹنہ میں مسلمانوں کو گھسیٹنے کے لئے حسب عادت ان لوگوں نے بہت سے دام تزویر

پارلیمنٹری کمیٹی کا خط شائع ہونے کے بعد
تمام الزامات کی تصدیق
ملزم کی بدحواسیاں

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

[گزشتہ دو اشاعتوں میں نامہ نگار الجمعیۃ کے خطوط میں شائع ہوئے ہیں ... کی عبارتوں سے اسلامی پریس کے شائع کردہ بیانات اور پارلیمنٹری کمیٹی کے خطوط ثابت کئے جا چکے ہیں: —

(۱) مظہر الدین نے لندن جانے کے لئے جو کوشش کی وہ علمائے کا نپور

کی نام نہاد مجلس عاملہ میں شہادت کا مسئلہ پیش ہوا ... معلوم نہیں ہو سکتا تھا کہ وہ شہادت بمیدان کربلا میں حضرت امام حسین کی شہادت تھی جس کا مسئلہ پیش ہوا یا پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے علماء کے نمائندوں کی شہادت تھی۔ پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے شہادت دینے کی درخواست کرنے کے متعلق کوئی اطلاع یا کوئی اعلان ملزم نے اس سلسلہ مضامین میں ... شروع کیا ہے کسی اخبار میں شائع نہیں کرایا جس سے اس کی منافقانہ روش کا پتہ چلتا ہے۔

خفیہ ریشہ دوانیاں

اس کے ایڈیٹر نے یہ لکھا تھا کہ دہلی سے شملہ تک خفیہ ریشہ دوانیوں کے

سرحد پر قربانیاں

باسی کڑھی میں اُبال

"آپ کی جماعت مسلم کانفرنس نہیں بلکہ یوروپین کانفرنس ہے"
"جمعیۃ علمائے ہند آپ کی موجودہ پالیسی کے ساتھ اشتراک عمل نہیں کر سکتی"
مولانا شفیع داؤدی کے خط کے جواب میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا مکتوب

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ مرکزیہ علمائے ہند کے نام مولوی محمد شفیع داؤدی سکریٹری مسلم کانفرنس کا حسب ذیل خط موصول ہوا ہے:-

وڈزمیر
سمرہل، شملہ
۱۲ ستمبر ۱۹۳۳ء

مکرمی زاد اللہ الطافکم
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت ناظم الجمعیۃ کا مکتوب

پالیسی کا اختلاف

مطالبہ آزادی سے دستبرداری

عربی و انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

البانیا کے ایک محب وطن کا قتل
سلطان حسن بے دشمنوں کی سازش کا شکار ہوگئے
البانیا کو آزاد کرانے والا ہیرو

سلطان حسن بے جو کسی وقت البانیا کے وزیر اعظم تھے حال میں سلانیکا میں ایک البانی نوجوان کے ہاتھوں قتل کردئے گئے۔ حسن بے البانیا کے محبوب رہنما اور کنگ زوغو کے مشہور حریف تھے۔

... لیکن دسمبر ۱۹۲۴ء میں یوگوسلیویا کی امداد سے زوغو (حال شاہ زوغو) نمودار ہوا اور حسن بے کو مجبوراً بھاگنا پڑا ... بیان کیا جاتا ہے کہ شاہ زوغو پر جو متعدد بار قاتلانہ حملے ہوئے وہ حسن بے کی سازش کا نتیجہ تھے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ حسن بے خود دشمنوں کی سازش کا شکار ہوگئے۔

... میں جب شاہ زوغو پر وائنا میں فائر کیا گیا تو حسن بے کو وائنا سے نکال دیا گیا۔ سال رواں میں جب حسن بے بلقان سے سلونیکا آرہے تھے کہ ایک البانی نوجوان نے ایک گولی مار کر ہلاک کردیا۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

مجلس اقوام کا حکومت عراق پر مقدمہ
آشوری قبائل کی مفروضہ ہلاکت کا پروپیگنڈہ
عربی جرائد کی انگریزی اور فرانسیسی اخبارات سے شکایات

اخبارات نے مبالغہ، جھوٹ اور پروپیگنڈہ سے کام لیا ہے اور اس سے ان کا مقصد یہ ہے کہ عراق کے اعتماد کو زائل کیا جائے اور اس کے استقلال کو خطرہ میں ڈال دیا جائے۔ شاہ غازی کو ان تمام پروپیگنڈہ کا علم ہے اور وہ خوب جانتے ہیں کہ آشوریوں کے پس پردہ کیا گل کھلنے والا ہے۔

معاہدہ وارسیلز میں ایک عجیب و غریب دفعہ
افریقہ کے ایک مسلم حکمران کے سر کی بے عزتی

وارسیلز کے معاہدہ میں ایک حیرت انگیز دفعہ موجود ہے جس میں جرمنی سے برطانیہ نے مطالبہ کیا ہے کہ وہ افریقہ کے ایک سلطان کی کھوپڑی برطانیہ کے حوالہ کردے۔ چونکہ اس دفعہ کی تکمیل جرمنی کی طرف سے نہیں کی گئی اس لئے حال ہی میں ... نے ناظم خارجہ سر جان سائمن سے دارالعوام میں سوال کیا کہ معاہدہ کی دفعہ ۲۴۶ میں جس کھوپڑی کی سپردگی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ آیا اس کا ایفاء کیا گیا یا نہیں؟

جس کھوپڑی نے بین الاقوامی شہرت حاصل کرلی ہے وہ افریقہ کے ایک سلطان "مکاوا" کی تھی۔ یہ سلطان جنوبی افریقہ کے جرمنی حصہ کا سردار تھا۔ سات سال تک یہ سلطان اور اس کے پیرو کار جرمنی سے جنگ کرتے رہے۔ ۱۸۹۸ء میں سلطان نے خودکشی کرلی۔

ایک روایت یہ بھی ہے کہ اس کو قیصر کے ایک سپاہی نے قتل کردیا تھا۔ بہرحال واقعہ کچھ بھی ہو۔ سلطان کا سر کاٹ کر برلن کے عجائب گھر کے لئے روانہ کردیا گیا۔ سلطان مذکور کے وہابی پیروؤں نے اپنے سردار کے سر کی واپسی کا سوال برابر جاری رکھا اور جب جنوبی افریقہ برطانیہ کے ہاتھ آیا تو ان کا اصرار اور بھی بڑھ گیا۔ اس پر برطانیہ نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ وہ جرمنی سے ان کے سردار کا سر واپس دلا دیگا۔ چنانچہ اسی وعدہ کے ایفاء کیلئے معاہدہ وارسیلز میں دفعہ ۲۴۶ رکھی گئی۔ جرمنی نے ابھی تک سلطان کے سر کو واپس نہیں کیا جس پر مجلس اقوام میں بھی سوال اٹھایا گیا تھا۔ دارالعوام میں مسٹر بالڈون نے سوال کے جواب میں کہا کہ جرمنی سے بار بار کے تقاضا کے باوجود سلطان کے سر کا کوئی سراغ نہیں ملا اور اس طرح ۱۵ سال کا مطالبہ ختم کردیا گیا۔

زندہ قوموں کے زندہ کارنامے
سکھوں کی انسائیکلوپیڈیا شائع ہوگئی

سکھوں نے سالہا سال کی کوششوں کے بعد سکھوں کی ادبیات اور مذہبی روایات پر ایک انسائیکلوپیڈیا مدون کی ہے جس کا نام انہوں نے "مہان کوش" رکھا ہے۔ سکھوں کی مقدس کتابوں میں جس قدر علمی الفاظ آئے ہیں۔ ان سب پر ادب اور لغت کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔ اور ان کے عربی، فارسی اور سنسکرت ماخذ بتائے ہیں۔ علاوہ ازیں ان اشخاص کی سوانح حیات پوری بسط اور تفصیل سے درج کی ... جن کو مقدس مذہبی کتابوں سے ذرا سا بھی لگاؤ ہے۔ مقدس مقامات کے خوبصورت فوٹو بھی دئے گئے ہیں۔ "مہان کوش" چار جلدوں میں مکمل ... صفحات پر مشتمل ہے۔ الگ محنت اور علمی معلومات ... قیمت ایک سو روپے رکھی گئی ہے۔

امریکہ میں شراب کی بارش
چند دنوں میں ایک کروڑ گیلن شراب بہہ گئی

جاپان کے شہریوں کا ایک مفید دستور
گھر کے دروازہ پر گھر کے حالات معلوم کرلو

اگر تم جاپان کی سیاحت کرو اور جاپانیوں کے مکانات کی اندرونی حالت کا اندازہ لگانا چاہو تو بغیر کسی تفتیش کے صرف دروازوں سے بہت سی معلومات حاصل کرسکتے ہو۔ جاپان پولیس کے قانون کے مطابق ہر مکان پر لکڑی کا ایک تختہ لگایا جاتا ہے جس پر مکان کا نام اور نمبر لکھا جاتا ہے اسی کے ساتھ ایک اور تختہ آویزاں کیا جاتا ہے جس پر مکینوں کے نام اور مکینوں میں ذمہ دار شخص کے حالات لکھے ہوئے ہوتے ہیں اور دیکھنے والا فوراً معلوم کرلیتا ہے کہ اس مکان میں کتنے نفوس رہتے ہیں اور ان کی حیثیت کیا ہے۔

جاپانی شہروں میں یہ قاعدہ ہے کہ جو شخص اپنے مکان پر ٹیلیفون لگا لیتا ہے تو وہ فخر سے اس کا اظہار بھی کرتا ہے اور اس کے نمبر دروازہ پر لگا دیتا ہے۔ پھر جو شخص آگ کا بیمہ کرلیتا ہے تو اس مکان پر کمپنی کی طرف سے نشان لگا دیا جاتا ہے اور دیکھنے والا معلوم کرلیتا ہے کہ اس مکان کا بیمہ ہوچکا ہے۔

ان نشانات کے علاوہ پولیس کی طرف سے بھی ہر مکان پر دو تین قسم کی علامت لگائی جاتی ہے۔ ایک نشان اس بات کا سارٹیفکیٹ ہوتا ہے کہ گھر والوں نے سالانہ صفائی کو پورے طریقہ سے انجام دے لیا ہے۔ دوسرا نشان اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ گھر والوں کی صحت اچھی ہے اور ان میں کوئی بیمار نہیں ہے۔ پہلے یہ قاعدہ تھا کہ شہر کے ہر اس مکان پر ایک بورڈ لگا دیا جاتا تھا جس میں کنواں ہوتا تھا اور اس پر لفظ "ایڈو" لکھ دیا جاتا تھا جس کے معنے ہیں "کنواں" تاکہ آتشزدگی کے موقعہ پر پانی مہیا کرنے میں آسانی ہو لیکن اب شہروں میں آتشزدگی کیلئے مستقل انتظام ہوگیا ہے۔ اسلئے ایسے مکانوں سے بورڈ ہٹا لئے گئے ہیں۔ البتہ شہروں سے باہر کی آبادیوں میں اب تک یہی انتظام ہے۔

ترکی میں ملکی صنعت و حرفت کی حفاظت
غیر ملکی مال کی درآمد پر مزید محصول کا اضافہ

آج کل ترکی میں اقتصادی پروگرام کو بہت زیادہ اہمیت دی جارہی ہے۔ نیشنل اسمبلی کے سامنے دیگر ضروری امور کے علاوہ خارجی تجارت، داخلی بنک، سود اور سکہ سازی کے معاملات درپیش ہیں۔ ترکی حکومت ۱۲۰۰۰۰ چاندی کے سکے جاری کرنے والی ہے جس پر ترکی کی انقلابیات کا ۱۵ روز ہے۔ ترکی گورنمنٹ نے تجارتی حکومتوں سے گفت و شنید کے بجائے درآمدی مال پر محصول کا اضافہ کردیا ہے۔ ۱۹۲۹ء سے ترکی حکومت کا یہ دوسرا قدم ہے کہ اس نے غیر ملکی مال کی درآمد پر مزید محصول عائد کردیا ہے تاکہ مالی استحکام کے ساتھ ساتھ ملکی صنعت و حرفت کو فروغ حاصل ہو اور ترکی غیر ملکی مال کی محتاج نہ رہے۔

خوشدو الحکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

دہلی کے قرب وجوار میں سینکڑوں گاؤں تباہ ہوگئے

شاہدرہ اور غازی آباد کی سڑک پر کئی فٹ پانی

فصلوں کی تباہی ۔ دیہاتیوں کی پریشانی اور سیلاب کا دردناک منظر

دہلی ۲۰ ستمبر ۔ آج جمنا کے پل کے نیچے ۲۴ فٹ سے زیادہ پانی ہے صورت حال تشویشناک ہے ۔ شاہدرہ کے پاس گونڈہ لگھڑولی اور علی پور وغیرہ نصف درجن گاؤں زیر آب ہیں ...

رہتک اور شاملی زیر آب ہوگئے

ہزاروں مکانات منہدم ۔ لاکھوں روپئے کا نقصان

بارش سے سیلاب عظیم

رہتک ۱۹ ستمبر ۔ رہتک میں زبردست بارش ہوئی جس کا اندازہ بیس انچ کے قریب کیا جاتا ہے ۔ بارش کی زیادتی سے صاحبی ندی میں زبردست سیلاب آگیا ...

دارالحکومت

اناج منڈی میں بے گناہ مسلمانوں پر ظلم

بعض ہندوؤں کا خطرناک پروپگنڈا

جمعیۃ شبان المسلمین دہلی نے حسب ذیل قرارداد یں اپنے اجلاس منعقدہ ۲۰ ستمبر میں منظور کی ہیں:

چیف کمشنر کے نام تار

قرول باغ کے متعدد مکانات گر گئے

محکمہ نزول اور میونسپلٹی کی بے اعتنائی

ہندوستان میں کھدر کا عروج

ایک سال کے اعداد وشمار

آل انڈیا اسپنرز ایسوسی ایشن کے توسط سے گذشتہ گیارہ سال کے عرصہ میں جتنا کھدر تیار ہوا ہے اور جتنا فروخت ہوا اس کا اندازہ مندرجہ ذیل اعداد سے ہوگا۔

سنہ	تیار شدہ	فروخت شدہ
۱۹۲۰ء		
مورخہ ۱۹ ستمبر ۱۹۳۳ء کی بارش سے حضرت نوح علیہ السلام جیسا طوفان ثانی رہتک میں برپا ہونے کی خبریں ناظرین پڑھ چکے ہوں گے۔ تقریباً ایک ماہ سے موضع سنگھ پورا جو کہ رہتک سے چار میل پر واقع ہے اس کے گردونواح میں پانی کثرت سے جمع رہا بلکہ تمام گاؤں کا گاؤں برباد و تباہ ہو گیا اس گاؤں کے شمال کی طرف ایک برساتی نالہ گذرتا ہے اور جنوب کی جانب ایک راجباہہ بہتا ہے ان باشندگان موضع سنگھ پورا نے ان دونوں کو کاٹ کر سیلاب کا پانی گذارنے کی کوشش کی۔ مگر تمام پانی زیادتی کی وجہ سے تمام شہر رہتک کی طرف بہنا شروع ہو گیا جس سے شہر رہتک میں ایک قیامت کے آثار نمودار ہو گئے تھے اس موقعہ پر چیف انجینئر صاحب پی۔ ڈبلیو۔ ڈی و سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر نہر۔ پی ڈبلیو ڈی تشریف لائے اور اصلی حالات دریافت کرنے کے بعد پانی کو شہر سے خارج کرنے کی تجاویز پیش کیں اور ایس ڈی او صاحبان و منیجر صاحبان نہر۔ پی ڈبلیو ڈی نے جس جانفشانی سے کام کیا اس کا ذکر زبان قلم سے باہر ہے اور شہر کے پانی خارج ہو جانے کے بعد موضع سنگھ پورا کے پانی کے نکاس کی طرف تمام افسروں کی توجہ مبذول رہی ہم کو ان ایام میں صحیح طور پر معلوم ہوا کہ کام کی تکمیل کے لئے ہمارے محترم دوست مرزا محمد اسمٰعیل صاحب ڈبلی۔ ایس ہی گلاسگو ... اس ڈی او ... نے اپنی لیاقت اور قابلیت سے اس طرح سر انجام دیا کہ سب پانی جو کہ سنگھ پورا کے گردونواح میں ۳۰ فٹ کے قریب ... گاؤں کا رقبہ جو پانی کے نیچے ڈوبا ہوا تھا وہ خشک ہو گیا ہم اپنے محترم کی عقل و ہنر پر آفرین دیتے ہیں ... خدا مسلمانوں میں ایسے نوجوان ...

(ایک دہلوی، رہتک)

قرآن شریف کا ترجمہ مفت

... منیجر رسالہ پیشوا دہلی

سہارنپور کی سودیشی نمائش میں چہل پہل

آج کل سہارنپور میں سودیشی نمائش کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ میدان نذرگاہ میں جو ریلوے اسٹیشن اور شہر کے درمیان ایک وسیع قطعہ اراضی ہے خوب چہل پہل رہتی ہے دکانیں بن رہی ہیں۔ روشنیاں قائم کی جا رہی ہیں۔ بجلی کی روشنی کا انتظام ہو رہا ہے۔ نمائش بھی شہر سے اسی میدان میں آگیا ہے۔ نہایت بلند دروازے بنائے جا رہے ہیں نمائش تو ۵ نومبر سے ہوگی جس کا افتتاح جناب ڈاکٹر محمد عالم صاحب بیرسٹر ایٹ لا لاہور فرمائیں گے لیکن تیاریاں دیکھنے کے لئے خلقت کا ہجوم ابھی سے رہتا ہے دوکاندار دوکانیں لینے کے لئے آ رہے ہیں۔ ڈاک سے بھی روزانہ دوکانات لینے کی درخواستیں آ رہی ہیں۔

مقامی کلب اور ٹینس ٹورنامنٹ کی شرکت کیلئے شام کے وقت اسی میدان میں مشاقی کر رہی ہیں جس سے رونق اور بھی دوبالا ہو جاتی ہے سودیشی نمائش کمیٹی کے جلسے بھی روزانہ اسی میدان میں ہوتے رہتے ہیں اور پبلک کی دلچسپی بڑھانے کی نئی نئی تجاویز سوچی جاتی ہیں۔

آج شہر میں پروگرام بھی شائع کیا گیا ہے جو بہر شنبہ ہے۔ مگر معلوم ہوا ہے کہ نامکمل ہے اور کچھ حصہ بعد میں شائع کیا جاوے گا۔ اندازہ ہے اور سچ بھی ہوگی کہ میوزک کانفرنس بھی ہوگی۔

غرضیکہ ۵ نومبر سے ۱۲ نومبر تک ضلع سہارنپور کی پبلک کیلئے بڑی مصروفیت دلچسپی اور دلبستگی کے دن رہیں گے۔

عبدالغفار خاں۔ آزاد۔ سہارنپور

ایک ضروری اعلان

مولانا انشاء اللہ صاحب ارشاد لکھنوی میرٹھی سابق ناظم جمعیتہ علماء میرٹھ شوال ۱۳۵۲ھ سے علاقہ پنجاب میں تبلیغی دورہ پر تشریف لے گئے تھے لیکن سوء اتفاق سے آج ان کا کوئی پتہ نہیں جس کے سبب ان کے اعزا کو سخت پریشانی ہے لہٰذا ناظرین سے استدعا ہے کہ اگر مولانا مذکور کا کچھ پتہ معلوم ہو تو براہ کرم جلد سے جلد پتہ ذیل پر مطلع فرمائیں یا خود مولانا کی نظر سے یہ اعلان گذرے تو وہ بہت جلد اپنے وطن تشریف لے آئیں تاکہ ان کے متعلقین کو اطمینان ہو جائے۔ راقم۔ الجمعیۃ دہلی

گمشدہ کی تلاش

... فرید پور ... علی ...

... کا محمد اظہر حسین ... عمر ۱۴ سال رنگ متوسط ... چالاک قسم زبان بنگالہ اور اردو بول سکتا ہے آج پانچ ماہ سے غائب ہے اگر کوئی صاحب از راہ مہربانی اس کا پتہ دیں تو ان کو پانچ روپیہ انعام دیا جائے گا۔

مولوی فضل الرحمٰن سوہٹ لال موہن ضلع موسیال قریب پوسٹ آفس

ہری پور ہزارہ میں جمعیۃ العلماء کا قیام

مورخہ ۲۵ اکتوبر ہری پور و مضافات ہری پور کے متعدد علماء کا اجتماع ہوا جس میں جمعیۃ العلماء ہری پور ہزارہ قائم کی گئی انتخاب کے بعد یہ طے پایا کہ اس جمعیۃ کا عملی پروگرام وہی ہوگا جو جمعیۃ علماء ہند کا ہے۔ (ناظم جمعیۃ ...)

موسم سرما کی فائدہ مند تجارت

ایک محنتی آدمی موسم سرما میں سال بھر کی روزی قلیل سرمایہ سے پیدا کر سکتا ہے تازہ مال بکثرت آگیا ہے پیشگی روپیہ ہمراہ آرڈر بھیجنے والوں سے دس فی صدی نرخوں میں کمی کرایہ ہمارے ذمہ دوسری جگہ سے اس قدر ارزاں ... مال نہ ملیگا۔

مردانہ ہاف کوٹ اوورکوٹ سیکنڈ ہینڈ ۱۰۰ عدد			۱۹۰	...
مردانہ ہاف کوٹ	...	...	۱۴۰	...
مردانہ ہاف کوٹ	...	...	۹۰	...
لڑکوں کے کوٹ	...	...	۱۲۵	...
لڑکوں کے کوٹ	...	...	۱۰۰	...
لڑکوں کے کوٹ	...	...	۶۵	...

دیگر اقسام جیسٹر، لیڈی کوٹ، واسکٹ، کمبل ... کی مفصل لسٹ طلب کریں۔

انگلش کمرشیل ہاؤس جیکب سرکل بمبئی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

... منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

فلسفہ نماز

ایڈیٹر الجمعیۃ کی رائے

... چودھری عبدالرشید خاں ... نظام الدین اولیاء دہلی



رسالہ معراج النبی

کوی ونود ویدبھوشن پنڈت ٹھاکردت شرما وید مالک امرت دھارا کا تیار کردہ

گھریلو بکس

... امرت دھارا ... دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

کاتنے بننے کے دو بڑے مقابلے

ایک ہندوستانیوں کے لئے — دوسرے یورپینوں کے لئے

۴۵۰ روپیہ کے نقد انعامات

Viyella — Viyella Knitting Yarn

آپ سب سے بہترین کپڑا بن سکتے ہیں

وائیلا — ویلکا — رامادا — سنیاپالائی کیٹا

انصاف کنندگان اور ان کا طریقہ کیا ہوگا

کوپن

عراق ریلوے

نجف اشرف، کربلا ، کاظمین ... سامرہ ... زیارت کیلئے عراق ریلوے ... بمبئی ...

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔ ششماہی ۔ سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔ ششماہی
نمونہ

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

معاون محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر بلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۸ — (دہلی) یوم پنجشنبہ ۲۰ رجب المرجب ۱۳۵۲ھ مطابق ۹ نومبر ۱۹۳۳ء — نمبر ۲۲

معاصرین کے افکار و آراء

دین فطرت کو کوئی خطرہ نہیں

اسمبلی اور کونسلوں کیلئے ناقابل مسلمان (البشیر)

ہندوستان کے مسلمانوں میں تمام امیدواران ممبری اپنے انتخاب کے لئے خود کوشش کرتے ہیں اور اپنے انتخاب کے کل مصارف خود برداشت کرتے ہیں اس وجہ سے زیادہ تر ناقابل مسلمان اسمبلی اور کونسلوں میں جاتے ہیں۔

ترکی اور ریاستہائے بلقان

وسط ایشیا کی بے چینی

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

اناجیل اربعہ تاریخ کی میزان میں

خدا اور انجیل میں سے صرف ایک کو مان سکتے ہو

انجیل کتاب کی شرارتوں کے چند نمونے

اناجیل کی تاریخی حیثیت

انجیل کا ایک بیان شگوفہ

کلام الٰہی کی کسوٹی

اگر رسوا نہ کرتا میری آنکھوں کا لہو مجھکو

لئے پھرتا ہے شوق دید کس کا کو بکو مجھکو
خدا جانے کہاں پہنچائے گی یہ جستجو مجھکو

تکلم غیر سے کرتے ہیں تہذیب و متانت سے
جو مجھ سے بات کرتے ہیں تو فرماتے ہیں تو مجھکو

حرم کے دیر کے جھگڑوں پہ لاتر ہوں میں واعظ
نظر آتا ہے جلوہ اس کے رخ کا چار سو مجھکو

محبت کو چھپا لینا کسی کی کچھ نہ تھا مشکل
اگر رسوا نہ کرتا میری آنکھوں کا لہو مجھکو

کئے پر اپنے شاید اب وہ ظالم خود پشیماں ہے
جو موقع بات کا دیتا نہیں ہے روبرو مجھکو

اثر ان کی محبت کا اسیر اتنا تو پاتا ہوں
کہ کچھ جلنے کی سینے سے مرے آتی ہے بو مجھکو

(اسیر دہلوی)

بہترین اور کم قیمت عطریات و خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار پرفیومری سہسوان یوپی کا نام یاد رکھئے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے فہرست کلاں طلب فرمائیے

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رح

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد

مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام

خطبہ صدارت مولانا حسین احمد صاحب مدنی

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہنچایا جا رہا ہے ... اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں پڑھ کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

ختم نبوت فی القرآن ۔ ختم نبوت فی الحدیث ۔ معیار صداقت ۔ معیار المسیح ۔ مسیح قادیان کی حالت کا بیان ۔ نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی ۔ دوسری شہادت آسمانی ۔ اطلاع رحمانی ۔ انوار ایمانی

حیات حمیدیہ

یعنی

ترکی کے ماضی و حال کا بہترین مرقع

کتاب الاشارات

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا کرتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرما دیا ہے کہ کن برے عملوں کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور جنت کی کنجی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے۔ دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپیہ لی جائے گی دونوں حصوں میں کل ۱۰۷۲ احادیث ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

سیرۃ الحبیب

تعلیم الاسلام

اعجاز القرآن

تفسیر مظہری

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

صراط مستقیم

علم الکلام

ردکفر

الطلاع

پاک زندگی

ابدی نجات

خاموش تبلیغ

حیات محمود و سفر نامہ اسیر مالٹا

فتاویٰ رشیدیہ

تحفۃ المجبین

دلائل الخیرات

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

"میں غیر ضروری مباحث میں الجھنا نہیں چاہتا"

"مسلم کانفرنس اپنا طرز عمل بدلدے تو جمعیۃ اسکے ساتھ اتحاد کرسکتی ہے"

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی جانب سے مولانا شفیع داؤدی کو جواب الجواب

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے مکتوب گرامی کے جواب میں مولوی شفیع داؤدی سکرٹری مسلم کانفرنس کا خط ... اور بعض دیگر اخبارات میں شائع ہو چکا ہے۔ اس خط کا حضرت ناظم جمعیۃ نے جو جواب الجواب مولوی شفیع داؤدی صاحب کو دیا ہے، کسے ...

...

معذرت

...

فلسطین میں عربوں کی خونریزی پر مسلمانان دہلی کا شدید احتجاج

آزاد پارک کے میدان میں عظیم الشان جلسہ عام

علماء و زعماء ملت کی حقیقت افروز تقریریں

دہلی ۲ نومبر۔ فلسطین میں بے گناہ اور مظلوم عربوں کی خونریزی اور حکومت کے جابرانہ رویہ کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے کل شام کو ساڑھے چار بجے مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند منعقد ہوا ...

...

مولانا عبد الماجد صاحب کی تائید

مولانا مولوی عبد الماجد صاحب نے تجویز کی مزید تائید کرتے ہوئے فرمایا ...

مولانا حفظ الرحمن صاحب کی تقریر

...

فلسطین پر تسلط اور ہندوستان کی غلامی

فلسطین پر برطانیہ کے تسلط کا مقصد ایک اور صرف ایک ہے اور وہ یہ کہ ہندوستان کو کبھی آزاد ہونا نصیب نہ ہو ...

مسٹر آصف علی بیرسٹر کی تقریر

...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۰ رجب المرجب ۱۳۵۲ ہجری

مولانا شفیع داؤدی کی حرکات اور سعی مصالحت کی ناکامی

انقلاب کے پر فریب بیان کی حقیقت

(۲)

انقلاب نے مولانا شوکت علی اور نواب اسمٰعیل خاں کے ان بیانات کے چند اقتباسات بھی پیش کئے ہیں جو علی الترتیب ۱۹۳۲ء اور ۱۹۳۳ء میں دئے گئے تھے اور جن میں یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ مسلمانوں کی اکثریت جداگانہ انتخاب کے حق میں ہے۔ اور ان اقتباسات کو پیش کرکے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ دونوں ...

ہمیں تعجب ہے کہ ہم سے زیادہ تو خود انقلاب نے ہمارے دعوے کو ثابت کرنے کے لئے ضروری مواد بہم پہنچا دیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ شملہ کے جلسہ کے بعد مولانا شفیع داؤدی نے دہلی کی جامع مسجد کے ایک جلسہ میں تقریر کی اور اس میں کہا کہ ...

...

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا جواب الجواب

(بسلسلہ صفحہ ...)

...

فلسطین کی حکومت انتداب کے مظالم

فلسطین کی حکومت انتداب نے وہاں کی مسلمان آبادی کے ساتھ جو ظالمانہ سلوک روا رکھا ہے ...

...

ہندوستان اور جاپان کا تجارتی معاہدہ جلد پہنچ گیا

چار کروڑ گز جاپانی کپڑے کے بدلے میں ہندوستانی روئی کی دس لاکھ گانٹھیں

دہلی ۔ ہندوستان اور جاپان کے تجارتی معاہدہ کا خاکہ تیار ہو گیا ہے ۔ آخری تصفیہ عنقریب ہونے والا ہے ۔ جاپانی تجارتی معاہدہ کی دفعات قریب قریب طے ہو چکی ہیں ۔ روئی کے متعلق دفعات ۔ نومبر تک تیار ہو جائیں گی اور کل معاہدہ کی تکمیل ۵ نومبر تک ہو گی اس کے بعد عنقریب ہی اسمبلی میں یہ معاملہ پیش کر دیا جائے گا ۔ ٹوکیو کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ جاپان کے کارخانہ دار اس کے لئے تیار ہو گئے ہیں کہ وہ چار کروڑ گز جاپانی کپڑے کے بدلے میں ہندوستان سے دس لاکھ روئی کی گانٹھیں خریدیں ۔

جاپان کے ایک سرکاری افسر نے بیان کیا کہ جاپانی حکومت ہندوستان کی نیک نیتی پر کوئی شبہ نہیں رکھتی ۔ جاپان اور ہندوستان کے درمیان سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ہندوستان میں جاپانی کپڑے کی جس قدر درآمد ہے اس کے بدلے جاپان ہندوستان کی روئی خریدے ۔

دمشق میں بھی گولیاں چلادی گئیں

فلسطین میں حکومت کے ۲۵ ملازم ہلاک ہوئے

بیت المقدس ۴ نومبر ۔ عرب مجلس عاملہ نے ۳ ماہ کال کو ہڑتال واپس لینے کا اعلان کیا ہے ۔ یافا ، حیفا اور دیگر مقامات پر سال بھی فسادات کی وجہ سے جو اشخاص ہلاک اور مجروح ہوئے ہیں ان کی تعداد کے متعلق ایک خبر مظہر ہے کہ پولیس اور سول سروس کے ۲۳ ملازم ہلاک اور ۲۷ مجروح ہوئے ہیں مجروحین کو ہسپتال پہنچا دیا گیا ہے ۔

مسٹر محمد کرامت جو انڈین سول سروس حیدر آباد سے تعلق رکھتے تھے اور امریکہ کا ایک نیشنل دونوں بغرض سیر و سیاحت عرب گئے ہوئے تھے ان دونوں کو کسی نے قتل کر دیا ان کی لاشیں کوہ الزرک کی وادی میں بلوطکے درخت کے نیچے پڑی ہوئی ملیں ۔

دمشق ۵ نومبر ۔ پولیس نے عربوں کے ایک ہجوم پر گولیاں چلا دیں جس کے باعث ایک عرب شہید اور چار زخمی ہو گئے ۔ ۲۵ عرب گرفتار کر لئے گئے ہیں ۔ یہاں کے عربوں نے فلسطین کے عربوں کی ہمدردی میں مظاہرہ کیا تھا ۔

اعلان بالفور نے فسادات کے دروازے کھول دئیے

فلسطین کی خونریزی پر مشیر حسین قدوائی کا بیان

لکھنؤ ۴ نومبر ۔ مسٹر مشیر حسین قدوائی ممبر کونسل آف اسٹیٹ نے فلسطین کمیٹی نے ایک انٹرویو میں بتلایا کہ فلسطین سے آمدہ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں حالت بہت نازک ہو گئی ہے آپ نے فرمایا کہ بہت ممکن ہے کہ وہاں کی صورت حالات کو دیکھ کر تمام دنیا کے مسلمانوں کے خیالات بدل جائیں ۔ ... بیت المقدس فلسطین میں امن رہا ہے ... اعلان بالفور کا اعلان نافذ ہوا ...

حکومت اعلان بالفور کو واپس لے

فلسطین کے حادثہ پر سر اقبال کا بیان

لاہور ۴ نومبر ۔ فلسطین کی بے پناہ خونریزی پر سر محمد اقبال نے ذیل کا تار وائسرائے ہند کے نام ارسال کیا ہے ۔ فلسطین کے معاملہ نے تمام مسلمانوں کو سخت مضطرب بنا دیا ہے ... برطانیہ کی پالیسی عربوں کے خرچ سے فلسطین کو یہودیوں کا وطن بنانا ہے ... حکومت کا مفاد اسی میں ہے کہ وہ اس اعلان بالفور کو واپس لے لے ۔

بم باری سے کوٹکائی کو بہت کم نقصان ہوا

حکومت کی مدح میں صدر اسمبلی کی نغمہ سرائی

پشاور ۵ نومبر ۔ کل مسٹر خان محمد عبدالحئی صدر اسمبلی نے ہوائی جہاز کے ذریعہ ... کوٹکائی ... تمام علاقوں کا معائنہ کیا ... صدر اسمبلی نے کوٹکائی گاؤں کا معائنہ کر کے یہ رائے ظاہر کی کہ بم باری سے بہت کم نقصان ہوا ہے ...

مہاراجہ دیواس کو حکومت کا نوٹس

لندن ۲ نومبر ۔ رائٹر کو معلوم ہوا ہے کہ ایجنٹ گورنر جنرل نے سر کوجی راؤ پوار مہاراجہ صاحب دیواس کے نام ایک فوری حکم بھیجا ہے کہ یا تو وہ ۱۰ نومبر تک ریاست میں واپس آجائیں ورنہ حکومت ریاست کے انتظامات اپنے ہاتھ میں لے لے گی ...

ملازموں کو قرض لینے سے بچنا چاہئے

نئی دہلی ۴ نومبر ۔ مسٹر بی ۔ ڈی ۔ میکفرسن مالی شیر حکومت پنجاب نے ... کوآپریٹو سوسائٹیوں کے کارکنوں کو صرف سخت ضرورت کے وقت قرضہ لینا چاہئے ۔

یوروپین سول سرجن پر قاتلانہ حملہ

خنجر سے ہلاک کرنے کی کوشش

اجمیر ۵ نومبر ۔ کل لیفٹیننٹ کرنل ... سول سرجن اجمیر پر قاتلانہ حملہ کیا گیا ...

فقیر لیونائی کی کابل کو روانگی

تورنگ کو پھانسی دیدی گئی

پشاور ۔ فقیر لیونائی کے متعلق جس کو گزشتہ اکتوبر کے وسط میں ... افغانستان ... کابل جانے کی اجازت دیدی گئی ہے ...

ریزروبنک کمیٹی کی رپورٹ تیار ہو گئی

لاری اور درخت کی ٹکر سے چار افراد ہلاک

دہلی ۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کل شام کو تین بجے دہلی کے ... چار افراد ہلاک ہو گئے ...

فلسطین میں بے گناہ عربوں کی خونریزی

صدر جمعیۃ علماء ہند کا تار وزیر اعظم ، وزیر ہند اور وائسرائے کے نام

... فلسطین میں یہودیوں کو ... فلسطین ... مسلمانان ہند کے جذبات کو ملک معظم کی حکومت تک پہنچا دیجئے ۔ میں وزیر اعظم اور وزیر ہند کو بھی تار دے رہا ہوں ۔

ناظم جمعیۃ علماء ہند کی دہلی سے روانگی

ہندو یونیورسٹی میں ہریجنوں کا داخلہ

دہرہ دون ۴ نومبر ۔ ہریجنوں کے ایک کثیر اجتماع کے روبرو پنڈت مدن موہن مالویہ نے ... تقریر میں فرمایا کہ ہریجن ... بنارس ہندو یونیورسٹی میں بھیجدیں ...

ڈاکو نے پولیس مین کو گولی ماردی

تناولی ۴ نومبر ۔ ... ایک کانسٹیبل ... کو گولی سے اڑا دیا اور دوسرے کو مجروح کر دیا ...

حکومت مسٹر پٹیل کی مشروط رہائی پر تیار ہو گئی

بمبئی ۴ نومبر ۔ معلوم ہوا ہے کہ گورنمنٹ سردار وٹھل بھائی پٹیل ... رہا کرنے کے لئے تیار ہے ...

عورتوں کو مردوں کے مساوی درجہ دیا جائے

دو نوجوانوں کی دردناک خودکشی

مدراس ۴ نومبر ۔ مدراس سے دو نوجوانوں کی خودکشی کی ایک نہایت دردناک خبر موصول ہوئی ہے ...

اشوری باغی شام میں آباد کئے جائینگے

بغداد ۔ ... اشوریوں کو شام میں آباد کرنے کے لئے ...

تانگہ والوں کے چال چلن کی تحقیقات

دہلی میونسپلٹی کے نام سپرنٹنڈنٹ پولیس کا مکتوب

دہلی ۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس نے دہلی میونسپلٹی کے نام ایک مکتوب ارسال کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ دہلی میں تانگے والے مسافروں کو لوٹتے ہیں ... تانگہ والوں کا چال چلن ... دریافت نہ کر لیا جائے اس وقت تک تانگہ کا لائسنس نہ دیا جائے ۔ معلوم ہوا ہے کہ میونسپلٹی میں یہ مسئلہ زیر غور ہے ۔

دہلی میں گاندھی جی کی آمد

دہلی ۔ کھادی کارکنان کا ایک جلسہ کل منعقد ہوا ... گاندھی جی کی آمد کے موقعہ کے لئے کھادی کی اشاعت کا وسیع انتظام کیا جائے ۔

مختصرات

بمبئی ۔ ٹاٹا کمپنی نے بمبئی سے کلکتہ کے درمیان ہوائی ڈاک کے لئے حکومت کو اپنی خدمات پیش کر دی ہیں ریل کے ذریعہ راستہ ۴۰ گھنٹہ کا ہے مگر ٹاٹا کمپنی کی تجویز کے مطابق ڈاک دس گھنٹہ میں پہنچے گی ۔

دہلی ۔ ایڈیٹر اخبار ریاست ضمانت پر رہا کر دئیے گئے ۔ آپ نے ایک سال کی سزا کے خلاف جوڈیشل کمشنر ناگپور کی عدالت میں اپیل دائر کر دی ہے ۔

حیدر آباد سندھ ۔ دو ہندوؤں کو تاریخ اسلام اور علماء اسلام سے سوالات شائع کرنے کے جرم میں زیر دفعہ ۲۹۵ تازیرات اشتعال مذاہب گرفتار کر لیا گیا ہے کتابیں ضبط کر لی گئی ہیں ۔ ملزمین ضمانت پر رہا کر دئیے گئے ۔ ۹ نومبر کو مقدمہ کی سماعت ہو گی ۔

مردان ۔ سرحدی جرگے کے ... غلام ... رہا کر دئیے گئے ہیں ۔

دہلی ۔ بیگم ڈاکٹر انصاری صاحبہ نے جامعہ ملیہ کے یوم تاسیس کے سلسلہ میں خواتین کے ایک جلسہ کی صدارت کی ۔ ایک ہزار مسلم خواتین نے شرکت کی ۔ پردہ کا کافی انتظام تھا ۔ تعلیم نسواں پر تقریریں ہوئیں ۔

لندن ۔ ایک برطانوی موجد نے ایک ایسی عینک تیار کی ہے کہ جس سے آدمی اندھیرے اور کہر میں بھی صفائی سے دیکھنے لگیں گے ۔

یروشلم ۔ اعلان بالفور کے خلاف اعراب ہر سال ... جیفا اور فلسطین میں ہڑتال بزور جاری ہے ۔ چنانچہ عربوں نے احتجاج کیا ۔ ہوائی جہازوں کے ذریعہ جلوس منتشر کر دئیے گئے ۔

مالٹا ۔ یہاں ایک آرڈی نینس پاس کیا گیا ہے جس کی رو سے ... ایک ماہ کے لئے عام جلسوں کے انعقاد کی بھی ممانعت کر دی گئی ہے ۔

لندن ۔ انگلستان کی بلدیات پر لیبر پارٹی کا قبضہ ہو رہا ہے ...

بمبئی ۔ مسٹر نریمان نے اپنے اعلان میں ظاہر کیا ہے کہ پونہ کے پروگرام کو ... کانگریس ...

لندن ۔ ایکس انگم ایکڑا ور نظم سازنے پیرس میں اسلام قبول کر لیا ہے ۔ اسلامی نام ابن عالم نصیر الدین رکھا گیا ہے ...

کراچی ۔ ... کلکتہ ۔ ... رنگون ۔ ... ہوشنگ ۔ ... ٹوکیو ۔ ... سکندر آباد ۔ حکومت حیدر آباد نے فلائنگ کلب کی اسکیم منظور کر لی ہے ...

گونڈا ۔ ... لندن ۔ ... لائل پور ۔ ... رنگون ۔ ... فرانس ۔ ... پٹیالہ ۔ ... گوالیار ۔ ... ناگپور ۔ ... مظفر پور ۔ ...

تخفیف اسلحہ کانفرنس میں علم برداران اسلحہ کا پھر اجتماع

مسٹر آرتھر ہنڈرسن کی بیجا توقعات اور طفل تسلیاں

پیرس ۴ نومبر ۔ پیرس سے لندن روانہ ہوتے ہوئے مسٹر آرتھر ہنڈرسن صدر تخفیف اسلحہ کانفرنس نے ایک ملاقات کے دوران میں فرمایا کہ تخفیف اسلحہ کے لئے کسی معاہدہ کی ضرورت سے انکار نہیں کیا جاسکتا اس کی ضرورت بدستور موجود ہے ۔ آپ نے فرمایا کہ قدرتی طور پر کانفرنس کی تاخیر پر بے صبری کا اظہار کیا جا رہا ہے مگر یہ یاد رکھنا چاہئے کہ تاریخ کا یہ زبردست واقعہ ہے کہ اس مقصد کیلئے ۶۴ حکومتوں نے شرکت کی اور دنیا کی سب سے بڑی ضرورت کو محسوس کیا ۔ آپ نے مزید کہا کہ جب سے کانفرنس کا آغاز ہوا ہے اس وقت سے ۶ حکومتوں میں تبدیلی ہو چکی ہے اس لئے تاخیر بھی ہو رہی ہے ۔

لندن ۴ نومبر ۔ کل پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا اجتماع ہو گا اور سب سے پہلے تخفیف اسلحہ کے معاملہ پر اظہار خیال کیا جائیگا ۔ آغاز میں سر جان سائمن سکریٹری امور خارجہ ایک بیان پڑھیں گے جس میں بتایا جائیگا کہ تخفیف اسلحہ کانفرنس میں اب تک برطانیہ نے کیا کچھ کیا ہے ۔

ان کے مقابلہ میں مخالفت میں بولنے والے مسٹر لانسبری ، سر ہربرٹ سیموئل ، سر جیمبرلین اور مسٹر لائڈ جارج ہوں گے ۔ مخالف پارٹی پہلے مسٹر ہنڈرسن کا بیان سنے گی اس کے بعد ملامت کا ووٹ پیش کرنے کے مسئلہ پر غور کرے گی ۔

سندھ کا مشہور ڈاکو گولی سے اڑا دیا گیا

پولیس سے متعدد بار جنگ

حیدر آباد (سندھ) ۴ اکتوبر ۔ اطلاع ملی ہے کہ بلوچستان اور بالائی سندھ کا ایک مشہور ڈاکو عبدالرحمن ہلاک ہو گیا ۔ ... پولیس نے ... ایک گاؤں میں ... گولی ... ہلاک ہو گیا ...

کہ سرکان والا اپنے مہمان کی آمد کی اطلاع حکومت کو دے ۔

ایتھنز ۔ حکومت یونان نے رعایا کیلئے شراب پینا لازمی قرار دیدیا ہے کیونکہ اس سے صحت اچھی رہتی ہے ۔ شراب فروشوں کو تنبیہ کی گئی ہے کہ اگر انہوں نے ایک ہزار گیلن سے کم شراب روزانہ فروخت کی تو ان پر جرمانہ کیا جائیگا ۔

چاند پور ۔ انقلاب پسندوں کی تلاش میں پولیس نے بہت سے مکانوں کی تلاشی لی مگر کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی ۔

مین پوری ۔ میونسپلٹی کے انتخابات کے سلسلہ میں فسادات کا خطرہ ...

انگورہ ۔ ترکی میں گذشتہ ۵ سال میں ڈیڑھ لاکھ سے بھی زیادہ آوارہ کتے ہلاک کئے جا چکے ہیں ...

پٹنہ ۔ ہندو مہاسبھا کا پروپیگنڈا جاری کرنے کے لئے دو روزانہ اخبار جاری کئے جائیں گے ۔ ایک ہندی میں دوسرا انگریزی میں ۔

بمبئی ۔ حکومت نے سابق صدر اسمبلی کی لاش کو چوپاٹی پر جلانے کی اس لئے اجازت نہیں دی کہ آئندہ اس سے ایک مثال قائم ہو جائے گی ۔

دہلی ۔ آئندہ اسمبلی کا اجلاس ... نومبر کو منعقد ہو گا ...

لاہور ۔ ہائی کورٹ نے مولانا اختر علی خاں کی زمیندار کی اپیل مسترد کرتے ہوئے دو ہزار روپیہ کی ضمانت ضبط کرنے کے حکم کو بحال رکھا ۔

دہلی ۔ جاپانی نمائندے گاندھی آشرم کے کھادی بھنڈار میں پہنچے اور ہندوستانی صنعت کو بغور ملاحظہ کیا ۔ کھدر کے مونیر بھی خریدے ۔

ریزروبنک کمیٹی کے ممبران میں تشویش

نیو دہلی ۔ معلوم ہوا ہے کہ مرکزی مجالس آئین ساز کے ممبران جو کہ ریزرو بنک کمیٹی کے بھی ممبر ہیں ریزرو بنک کے قانون میں ترمیم کے متعلق حکومت سے ... کی کوشش کر رہے ہیں ۔

بنگالیوں کے قبضہ سے ڈائنامیٹ برآمد ہوا

کلکتہ ۴ نومبر ۔ آج چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ کلکتہ کے اجلاس میں دہشت انگیزی کے ایکٹ کے ماتحت جوگیندر ناتھ بنرجی اور دو دیگر بنگالیوں کے خلاف مادہ آتشگیر رکھنے کی سازش کے جرم میں فرد جرم لگا دی ۔ ان لوگوں کے پاس سے ڈائنامیٹ کی برآمدگی بیان کی جاتی ہے ۔

احمد آباد کے کارخانہ میں ہڑتال

احمد آباد ۴ نومبر ۔ لال مل کے پارچہ بافی کے صیغہ کے مزدوروں نے کئی دن سے اس بنا پر اپنی اجرت لینے سے انکار کر دیا ہے کہ ان کی تنخواہوں میں تخفیف کر دی گئی ہے ۔

ریاست شان اور چین کی سرحد پر خونریز جنگ

رنگون ۶ نومبر ۔ ریاست شان اور چین کی سرحد کے قصبہ مونگ ما پر ڈاکوؤں کے حملہ کے متعلق مزید اطلاعات مظہر ہیں کہ ڈاکوؤں نے اس پر قبضہ کر لیا ہے ۔ قتل و غارتگری کا بازار گرم ہے اور جانبین سے بہت سی جانوں کا اتلاف ہوا ہے ۔

حکومت مدراس کا ایک مفید اعلان

مدراس ۴ نومبر ۔ گورنمنٹ گزٹ کی تازہ اشاعت میں ذیل کا سرکاری اعلان کیا گیا ہے ۔ تمام کنویں ، تالاب ، ذخائر آب ، ندیاں وغیرہ ... ہر شخص کے لئے بلا امتیاز مذہب و فرقہ کھلے رہیں گے ...

سیام میں جنگ ہنوز جاری ہے

سنگاپور ۴ نومبر ۔ بنکاک سے ایک آمدہ اطلاع مظہر ہے کہ سیام کے شمال مشرقی صوبہ میں جنگ و جدال ہنوز جاری ہے ۔ باغیوں نے ... سخت مشکلات پیش آرہی ہیں ۔

سابق صدر اسمبلی کی لاش عدن میں

عدن ۔ ۷ نومبر کل صبح وٹھل بھائی پٹیل کی نعش جہاز نارکنڈا پر یہاں پہنچی ۔ نعش ایک صندوق میں مسالے کے ساتھ بند کی ہوئی تھی ...

روسی علاقہ پر جاپانی طیاروں کی پرواز

پنڈت جواہر لال نہرو کی نگرانی

الہ آباد ۴ نومبر ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت پنڈت جواہر لال نہرو کی نقل و حرکت پر پابندیاں عائد کرنے والی ہے ۔ توقع کی جاتی ہے کہ آپ پر عنقریب امتناعی حکم جاری کیا جائے گا ۔

شاہ دکن کی رعایا پروری

حیدر آباد (دکن) ۴ نومبر ۔ ہز اگزالٹیڈ ہائینس نظام کی سالگرہ کے سلسلہ میں مالیانہ میں معافی کا جو اعلان حال میں کیا گیا تھا اسی سلسلہ میں آج کچھ تک شائع ہوا ہے ... روپیہ کی مالیانہ میں معافی دی گئی ہے ۔

بیکاروں کی امداد کیلئے ملک معظم کا عطیہ

لندن ۴ نومبر ۔ ملک معظم نے سوشل سروس لیگ کو جو بیکاروں کی امداد کر رہی ہے ، مزید ایک ہزار پونڈ کا عطیہ دینا منظور کیا ہے ۔

ہندوستانی معاہدہ کی شرائط پر جاپان کے شکوک

ٹوکیو ۴ نومبر ۔ یہاں باخبر حلقوں سے ہندوستانی جاپانی معاہدہ کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ کے متعلق جو نوا بھی ان سے پتہ چلتا ہے کہ حکومت جاپان کو ہندوستان کی پیش کردہ شرطوں پر شک ہے ...

ستر ہزار کان کنوں کی ہڑتال

اٹلی میں عیسائی سازی کا زور

آزاد پارک کے میدان میں عظیم الشان جلسہ

(بسلسلہ صفحہ ۴)

... آزادی ... ہندوستانی حکومت کی پالیسی ... فلسطین ... عرب ...

مولانا احمد سعید صاحب کی تقریر

مولانا حفظ الرحمن صاحب کے بعد حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے مندرجہ ذیل دوسری تجویز پیش کی ۔

مسلمانان دہلی کا یہ جلسہ تمام ہندوستان کے مسلمانوں سے اپیل کرتا ہے کہ ۱۵ اس خونریزی کے خلاف جو فلسطین میں کی گئی ہے شدید ترین احتجاج کریں اور جلسے منعقد کر کے تجویز منظور کرا کے وائسرائے کے پاس بذریعہ رجسٹری ارسال کریں اور جب تک برطانی حکومت موجودہ طریق عمل یا پالیسی کو ترک نہ کرے چین سے نہ بیٹھیں ۔

تجویز پیش کرنے کے بعد آپ نے فرمایا کہ فلسطین کا معاملہ تمام عرب بلکہ تمام ایشیا کا معاملہ ہے ... فلسطین ... یہودیوں ... برطانیہ ...

اس کے بعد مولانا موصوف نے مسلم کانفرنس اور ہندو مہاسبھا پر تبصرہ فرمایا ... اسی دعا کے ساتھ ختم ہو گیا ۔

شذرات

(اڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مولانا مظہر الدین کا طرز صحافت

علماء کرام کی خدمت میں ضروری گذارش

ناظرین الجمعیۃ کو غالباً یاد ہوگا کہ چند روز ہوئے حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے خلاف الامان مدینہ اور انقلاب نے ایک بیان ... قدر ہے کہ ان دونوں بزرگوں نے معافی دیانند کے متعلق ... کی درخواست پر چند سطور لکھ کر دیدیں ... [illegible]

تھے تاہم کی نہیں ... جماعت حکومت برطانیہ کی وفاداری کی ... اور دستبرداری ... کیا کرتی اور اعتماد ... باہ حضرت مولانا ... سوالوں کا جواب مولانا مظہر الدین ... ان حضرات میں سے اگر کوئی جمعیۃ علماء ہند کا ناظم ہوتا اور مفتی صاحب خلیفہ صدر ہوتے تو مفتی صاحب کی عزت جناب مہر اور سالک کی قلم آتش بار سے محفوظ رہ سکتی تھی اور اگر یہ بات نہیں ہے تو پھر ہم ہر وقت جمعیۃ علماء ہند کے ارکان کو انگاروں پر لٹانے کی کوشش کرتے رہیں گے اور ہر قسم کے جھوٹے الزامات و اتہامات تراشنے میں کوتاہی نہ کریں گے ... [illegible]

استفاق الدین محمد استفاق

[illegible]

علماء کرام سے استفسار

[illegible]

ایک ضروری امر

[illegible]

دریافت طلب امور

[illegible]

مسلمان مرتد کیوں ہوتے ہیں

[illegible]

روزانہ تلاوت قرآن

آج سے چند ہی سال پیشتر مسلمانوں کی آبادیاں قرآن کریم کے دلنواز ذکر سے گونج رہی تھیں، لیکن اب یہ سماں باقی نہیں حسرت زدہ آنکھیں، اس تقدیس نظارے کو ترس رہی ہیں۔

اسلام کے فدائی، اللہ کی پاک صداسے تمام دن کی طمانیت میں بستر راحت سے اٹھ بیٹھتے تھے اور ان کی زندگی اور بیداری کا پہلا کام یہ ہوتا تھا کہ مسجد میں جائیں اور اللہ کی عبادت کریں۔ مسجد سے واپسی کے بعد ہر ایک گھر میں قرآن کھل جاتے تھے۔ بچے، جوان، بوڑھے مرد اور عورتیں سب کا لازمی شغل یہی ہوتا تھا کہ قرآن کھولیں اور تلاوت کریں۔ سعید فطرت اور صالح مسلمان جب تک صبح کے وقت گھنٹہ آدھ گھنٹہ اللہ کے کلام کا مطالعہ نہ کر لیتے، دنیا کا کوئی کام خواہ وہ کیسا ہی ضروری کیوں نہ ہوتا، شروع نہ کرتے۔

صبح کی تلاوت قرآن گنجینۂ سعادت ہے۔ اس سے انسان کی روح پاک ہوتی ہے دل کا میل دھل جاتا ہے بندے کا اپنے خدا کے ساتھ تعلق باقی رہتا ہے اس سے خدا اور رسول کی محبت جاگتی ہے۔ دنیا داری کے جذبات تازہ رہتے ہیں۔ انسان، خدا پرستی، خدا خوفی اور خدا خواہی کے خیال سے غافل نہیں ہونے پاتا۔

ان فوائد و ثمرات کے باوجود، مسلمان روز بروز تلاوت قرآن سے غافل ہوتے جاتے ہیں۔ اب غیروں کا حال ملاحظہ فرمائیے۔ ہندو یونیورسٹی کے ہر ایک ہندو نوجوان کے لئے گیتا کی تلاوت لازمی قرار دے رکھی ہے۔ اسٹیٹسمین اپنی ۲۰ جولائی ۱۹۳۳ء کی اشاعت میں بشپ آف نارویچ کے حوالہ سے روایت کرتا ہے کہ شاہ جارج پنجم روزانہ انجیل کی تلاوت کرتے ہیں اور ہر اتوار کے دن گرجا میں حاضر ہوتے ہیں۔

ہم تعلیم یافتہ مسلمانوں سے استدعا کرتے ہیں کہ وہ اپنے آپ کو شاہ جارج کے بالمقابل اور قرآن کو انجیل کے بالمقابل رکھ کر حالات پر غور فرمائیں اگر شاہ جارج پنجم انجیل کی روزمرہ تلاوت سے کچھ بھلائی اور سعادت حاصل کر سکتے ہیں تو ہم غلام مسلمان تلاوت قرآن سے کیونکر بے نیاز ہو سکتے ہیں۔

ضرورت ہے کہ تلاوت قرآن کی نیک اور پاک سنت کو ہر ایک گھر میں از سر نو زندہ کیا جائے تاکہ مسلمان جو قرآن کی برکات سے محروم ہو رہے ہیں ... [illegible]

(سیکرٹری ... [illegible])

جمعیۃ تبلیغ الصلٰوۃ کا قیام

[illegible]

میں باوقار خداشناس اور مشاہیر علماء تقاریر فرمائیں۔

۴۔ مہینے میں ایک مرتبہ منتظمہ کمیٹی کا جلسہ منعقد کرنا۔ اور آئندہ پروگرام کے لئے تجاویز ان کے سامنے رکھنا۔

۵۔ جو مسلمان نماز نہیں پڑھتے انہیں ہر ممکن طریقہ سے نماز پڑھنے کے لئے آمادہ کرنا۔

(۶) ایسا لٹریچر شائع کرنا جس میں نماز کے متعلق احکام تعداد اور رسول ... [illegible]

وضاحت و صراحت کے ساتھ موجود ہوں۔

۷۔ وقت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر مذہبی کام میں حصہ لینا۔

سکرٹریان جمعیۃ تبلیغ الصلٰوۃ دہلی

دہلی میونسپلٹی سے ایک درد مندانہ گذارش

حال ہی میں علاقہ ملک کی پولیس نے ممنوعہ مقام پر رہنے والی طوائفوں کا جو چالان کیا تھا اس کا فاضل جج نے جو آخری فیصلہ صادر فرمایا ہے وہ نہایت وقیع ہے اب کٹڑہ گڑیاں بازار لال جاہ گلی قاسم جان محلہ مردو گران وغیرہ میں پھر کچھ رنڈیاں آباد ہو گئی ہیں اور ان کے متعلق یہی خیال ہے کہ کئی بار پولیس اور میونسپلٹی معترض ہوئی تو ان طوائفوں نے ہر قسم کے حیلے تراش دئے اور کہا کہ ہم شادی شدہ ہیں پیشہ ور نہیں ہیں۔

میونسپل کمیٹی اور پولیس کو چاہئے کہ تندہی کے ساتھ تفتیش کرے اور جیسا کہ سنا گیا ہے کہ میونسپلٹی جاوڑی بازار اور شہر کے مختلف آباد مقامات سے ان کا اخراج کرنے والی ہے ہم میونسپلٹی کو مشورہ دیں گے کہ سب پہلے گورنمنٹ سے کیٹی ایسا قانون وضع کرائے جو چنیا وری طوائفوں کے لئے وضع ہو چکا ہے اس کے بعد تمام طوائفوں کو شہر کے باہر غیر آباد جگہ منتقل کر دیا جائے تاکہ ان کے زہریلے جراثیم صحرائی فضا میں پھیل کر فنا ہو جائیں۔

مسلمانوں کو آنکھیں کھولنی چاہئیں اور دیکھنا چاہئے کہ تمہارے سامنے آج ایک مسلمان ریاست کی بربادی اور رسوائی کا پیش خیمہ ایک طوائف کی ذات ہے۔ ہندو مسلمان دونوں کا فرض ہے کہ قوم کی ڈوبتی ہوئی کشتی کو گرداب سے نکالیں وہ اس طرح کہ میونسپل ممبران کا انتخاب آئندہ نہایت سوچ سمجھ کر کریں گذشتہ تجربات ہمارے واسطے کافی ہیں اب ہمیں ممبر سرگرم کار اور قوم کی فلاح و بہبود کے طالب چاہئیں۔

ہر علاقے والوں کا فرض ہے کہ خود اپنے تجربہ کی بنا پر ممبر انتخاب کریں اور ووٹ دیں کسی امیدوار ممبر کے حق میں ووٹ نہ دیں یہ ایک طریقہ گذشتہ ناکامی و تلخ انجامی کی تلافی کا ہو سکتا ہے۔ باتوں کا وقت نہیں اب عملی کام کا وقت ہے۔

(خادم قوم محمد اکرم وارثی دہلوی)

مسجد دار العلوم ندوۃ العلماء اور ۲۸ شعبان

[illegible]

آریہ سماجی لیکچراروں کی زہر افشانی

نصیبہ خطہ نتیجہ گڑھ میں گذشتہ ماہ میں آریہ سماج کا جلسہ ہوا اس میں اسلام اور قرآن پر افترا کر کے سادہ دل مسلمانوں کے بہکانے کے لئے آریہ سماج نے خوب زہر اگلا مسلمانوں میں جوش پیدا ہوا چنانچہ ایک انجمن اسلامیہ قائم ہوئی اور تین یوم مسلسل جلسہ ہوا۔ مبلغ اسلام حضرت مولانا محمد مبارک حسین صاحب ناظم مدرسہ دار العلوم میرٹھ۔ غازی محمود و میر سیال لدھیانہ مولانا محمد مسعود صاحب مولانا احمد دین صاحب ضلع سیالکوٹ مولوی لال حسین اختر لاہور وغیرہ وغیرہ فاضلان اسلام تشریف لائے مختلف مضامین پر تقریریں ہوئیں۔ آریہ سماج کو چیلنج دیا چنانچہ پنڈت رام چندر کا جواب یہ ہے ... مناظر سوامی ... مقابل ہو کر تشریف لائے اور مسلمانوں کی طرف سے حضرت مولانا محمد مبارک حسین صاحب میرٹھی مناظر منتخب ہوئے۔ قرآن الہامی کتاب ہے۔ اسلام عالمگیر مذہب ہے۔ دو گھنٹے بڑا براعتراض کئے مولانا صاحب نے قرآن مجید سے اور الزامی جواب آریہ کے مذہب سے دئے۔ آخر میں سوامی جی ایسے گھبرائے کہ اپنے دعوی کے خلاف آیت قرآن مجید پیش کرنے لگے ... سوامی جی جواب نہ دے سکے ... [illegible]

حکیم عبدالرحمٰن صدر انجمن ... فتح گڑھ

سرحدی علاقوں میں قادیانی فتنہ

میراں شاہ ڈچی ایجنسی کا صدر مقام ہے گورنمنٹ کا آخری اور بڑا پوسٹ ہے اس سے دور سرحد کا علاقہ یعنی افغانستان کی سرحد شروع ہو جاتی ہے اس علاقہ کے باشندے بعض جاہل اور لاعلم ولیری ... اور بعض غافل اور ناخواندہ واقع ہیں۔ یہاں کے اعلی افسر پولیٹیکل ایجنٹ صاحب بہادر ہیں ... [illegible]

اس لئے بسااوقات ... پیش آتی ہے۔ ... شکل سامنے آتی ہے۔

اس کے علاوہ دو سرست میں قادیانیوں کی ایک جماعت موجود ہے جو یا اکثر آتے رہتے ہیں ... ایک جماعت سرائے نورنگ میں موجود ہے ... یہ لوگ یہاں پر تقیم کرتے ہیں اور اپنی تبلیغ کرتے ہیں۔ اس تبلیغ کا یہ اثر ہوا کہ میراں شاہ اور ... بہت سے قبیلے قادیانی ہو گئے۔

ہم علاوہ سرحد کے گورنر صاحب بہادر اور ... صاحب سے التجا کرتے ہیں کہ ان سادہ لوح لوگوں پر رحم کریں اور اس فتنہ کو ... ان کو بچائیں۔

(نامہ نگار اصلاحی)

رسالہ الاسلام کا اجراء

رسالہ الاسلام کے اجرا کا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ قرآنی بصیرت کی روشنی میں مسلمانوں کے سامنے ... [illegible]

ترکوں نے آزادی تلوار سے حاصل کی

ترک محض اپنی اقوام سے توہین آمیز خوشامد نہیں کر سکتے

[illegible]

مہذب یورپ میں ... کی نادر مثال

[illegible]

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے!!

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے ملا واحدی صاحب اڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک تلمی نسخہ قوت کا عطا فرما رکھا ہے اس نسخے کے پیچھے یہ عبارت درج ہے:-

... [illegible] ...

معجون مددگار غدود ...

ایک ضروری گذارش: معجون مددگار غدود طلب کرنے والے حضرات فرمائش کے ساتھ براہ کرم اپنا حال تحریر فرما دیا کریں تاکہ ہمیں اندازہ ہو جائے کہ جس مرض کو معجون مددگار غدود دور کرتی ہے وہی انہیں ہے یا کوئی دوسرا مرض لاحق ہے اگر دوسرا مرض ہوگا تو ہم معجون مددگار غدود کی بجائے اس مرض کی دوا بھیجیں گے۔

ملنے کا پتہ:- منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

رسالہ معراج النبی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین و بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت ... صحیح علم و ادب اور مذہب روحانیت سے آشنا کرنا ... سالانہ قیمت ... نمونہ کا پرچہ ... ٹکٹ آنے پر ارسال ہوگا ...

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

موسم سرما کی فائدہ مند تجارت

ایک محنتی آدمی موسم سرما میں سال بھر کی روزی قلیل سرمایہ سے پیدا کر سکتا ہے تازہ مال بکثرت آگیا ہے پیشگی روپیہ ہمراہ آرڈر بھیجنے والوں سے دس فی صدی نرخوں میں کمی کر دی ہے ہمارے دوسری جگہ سے اس قدر ارزاں عمدہ مال نہ ملے گا۔

مردانہ ہاف کوٹ امریکن سیکنڈ ہینڈ ۱۰۰ عدد	-	-	۱۷۰	درجہ اول
مردانہ ہاف کوٹ " " "	-	-	۱۴۵	درجہ دوم
مردانہ ہاف کوٹ " " "	-	-	۹۵	درجہ سوم
لڑکوں کے کوٹ " " "	-	-	۱۲۵	درجہ اول
لڑکوں کے کوٹ " " "	-	-	۱۰۰	درجہ دوم
لڑکوں کے کوٹ " " "	-	-	۸۵	درجہ سوم

دیگر اقسام جیسٹر۔ لیڈی کوٹ واسکٹ کمبل۔ کٹ پیس کی مفصل لسٹ طلب کریں۔

انگلش کمرشیل ہاؤس جیکب سرکل بمبئی

معجون شباب آور

... دواخانہ یونانی دہلی

ایم اے رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلی قسم کی پسی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیے

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ششماہی ...
نمونہ
فی پرچہ ایک آنہ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
۱ ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ ( ) ...
ایک کالم ( ) ...

یداللہ علی الجماعۃ

روزنہ

الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
بلال احمد زبیری (بی-اے)

جلد ۱۸ | دہلی یوم دوشنبہ ۲۴ رجب المرجب ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۳ نومبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۴

معاصرین کے افکار و آراء

شہادت دے — آ نا کوئی کام نہیں ہے۔ اور اگر یہ کوئی کام ہے تو مفید ہونے کی جگہ سخت ...

مسلمانوں پر مظالم (ملت)

[illegible]

مصری غازی سے دشمنی (آناد)

[illegible]

مولانا داؤدی کی رپورٹ (زمیندار)

[illegible]

مخلوط تعلیم (...)

[illegible]

مسلمان کیا کریں؟ (ہمدرد)

[illegible]

صدائے حضوری کی ضرورت (زمیندار)

[illegible]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از ...)

کفر و شرک سے نکل کر ازبلا کے باخدا بننے کا نظارہ
آخری مجلس کی گفتگو اور قصہ کا اختتام
قرطبہ کی ایک محترمہ کے جنازہ پر عقیدت کے پھول

گزشتہ اشاعت سے سلسلہ ملا لیجئے۔

ازبلا — عیسائی ان تمام اختلافات کا کیا جواب دیتے ہیں؟

عمر — جواب کیا دیتے ... صرف ادھر ادھر کی باتیں بنا کر ٹھیک چھڑا نا چاہتے ہیں ... اصل مقصد ... کتابت کی غلطیاں ہیں ...

اگر اس جواب کو تسلیم بھی کر لیا جائے تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر اصل عبارت کیا تھی اور کتابت کی غلطیاں کون کون سی ہیں ... مثلاً جہاں لکھا ہے کہ فلاں شخص کی عمر ایک ہی وقت میں ۲۲ سال اور ۴۲ سال تھی تو ان دونوں عددوں میں کتابت کی غلطی کونسی ہے اور اصل عدد کیا ہے؟ ... اصل عبارت نہ ہو تو کتابت کی غلطی سے ... عبارت آگئی ... کتابت کی غلطی بھی ظاہر نہیں ہو سکتی تو یہ عذر ... ثابت ہوا کہ خود علمائے یہود کے نزدیک بھی یہ تمام کتابیں مشکوک ہیں ...

ازبلا — کیا ... کی غلطیاں اصل کو سامنے رکھ کر درست نہیں کی جا سکتیں؟

عمر — اگر اصل کتابیں موجود ہوتیں تو یہ مشکلات ہی کیوں پیش آتیں۔ اصل کتابیں تو ہیں نہیں۔ صرف ... ترجمہ در ترجمہ اور نقل در نقل پر اعتماد کیا جاتا ہے ...

[illegible]

تعلیم کا انتظام ... بیا ... سال کے بعد یہ تمام خواتین عربی زبان بھی بولنے لگیں اور اسلام کی حقیقت سے بھی ... قرطبہ کا مرجع بن گئی ... تمام قرطبہ میں ... اس کے متعلقات میں اس نے بہارت نامہ حاصل کر لی تھی ... عبادت اور تعلق باللہ میں ... فیوض و برکات سے اپنے دامن ... بھرتی رہیں۔

حضرت زیاد بن عمرو فرماتے ہیں کہ سلوک اور معرفت شریعت کے جن راستوں کو لوگ ... سال میں طے کیا ان کو ازبلا نے صرف ... سال میں طے کر لیا ازبلا نے ... سال کی عمر پائی اور ... کا انتقال ہوا تو قرطبہ کا وہ کون مسلمان تھا جو اس کے جنازہ میں شریک نہ ہوا ہو ... تمام قرطبہ ماتم کدہ بن گیا ... انتقال پر حزن و ملال کا اظہار کیا ... لاکھوں عیسائیوں نے اسلام قبول کر لیا تھا۔

آخر میں ہم مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں اور اس کی ناسوت قبر پر عقیدت اور فاتحہ کے پھول چڑھاتے ہیں۔ (ختم)

اظہار حقیقت

ناظرین کرام کو معلوم ہے کہ ... تاریخ اسلام کا سلسلہ صرف اس لئے شروع کیا ... ناواقف مسلمان اپنے اسلاف ... حقیقی کارناموں سے واقف ہو جائیں ... کہاں پہنچ گئے تھے ... اسلام کا نظام حکومت ... ایران و روم کی تاریخ کے دلچسپ ... آموز واقعات ... صلیبیوں کی یورش اور سلطان صلاح الدین ایوبی رحمۃ اللہ علیہ کی مدافعانہ ...

[illegible]

بہترین اور کم قیمت عطریات و خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار پرفیومری سہسوان یوپی کا نام یاد رکھیئے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے۔ فہرست کلاں مفت طلب فرمائیے

فتاویٰ رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایات اور ان کے تفقہ سے کچھ وہی شخص واقف ہو سکتا ہے جس کو آپ کی شرف صحبت حاصل ہوئی ہو یا حضرتؒ کے سامنے زانوئے تلمذ کر کے آپ کے فیض تصوف اور تفقہ سے بہرہ ور ہوا ہو مگر اب حضرتؒ کے وصال کے بعد ان کی تصنیفات ہی تشنگان علم کی پیاس کو بجھا سکتی ہے مولانا ممدوح کے فتاویٰ کا مجموعہ فتوی رشیدیہ تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے جس میں قریب قریب ہر مسئلہ کو مدلل طریقہ پر بیان کیا گیا ہے ہر مسلمان کو اس کے مطالعہ کی ضرورت ہے تاکہ مذہبی ضرورت سے پوری پوری واقفیت حاصل ہو جائے تینوں حصوں کی قیمت عہ/

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کے لئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی درس میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے اس کتاب کے چار حصہ اور ایک قاعدہ ہے مکمل سٹ کی قیمت صرف ...

سیرۃ الحبیب

اگر آپ دنیا کے مصلح اعظم کے صحیح اور سچے حالات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگی کو صحیح طریقہ پر اسلام کی روشنی میں بسر کرنا چاہتے ہیں تو سیرۃ الحبیب کا مطالعہ کیجئے جس کی اردو نہایت سلیس ... ہے اور مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے بھی اس کی تعریف فرمائی ہے قیمت صرف ۱۲/

علم الکلام

مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی کی تصانیف کا بہترین نمونہ جس میں موضوعات اسلام کی صداقت وجود باری توحید حدوث مادہ ملائکہ ... وغیرہ مسائل پر مفصل اور مدلل بحث کی ہے شائقین علم ... طلباء کو اس کا پڑھنا نہایت ضروری ہے قیمت ...

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

اس کے پڑھنے سے سوانح عالمگیر اور اس کی تدبیر قابلیت اور ملکی نظام کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آ جائے گا۔ قیمت ...

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

حیات محمود سفرنامہ اسیر مالٹا

اسلامی دنیا کا کونسا ایسا انسان ہے جو حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی سے واقف نہیں جن حضرات کو آپ کی زیارت اور فیض صحبت کا موقع ملا ہے ان ہی کے قلوب ... کچھ قدر کر سکتے ہیں امیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند ... دار العلوم دیوبند ... رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کے کچھ صحیح واقعات ...

[illegible]

تحفۃ المحبین

شائقین زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بہتر اور کیا موقع ہوگا کہ خود آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ پر عمل کر کے آپ کی زیارت سے مشرف ہوں لہٰذا اگر آپ کو رسول اکرم علیہ تحیۃ الاسلام سے سچی محبت ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی تعلیم سے مستفیض ہوں تو تحفۃ المحبین منگا کر پڑھیئے جس میں چالیس حدیثیں ... دین کے واقعات اور درود شریف کے فضائل تفصیل کے ساتھ ذکر کئے گئے ہیں اور خصوصیت سے وہ درود شریف بتایا گیا ہے جس کے پڑھنے سے آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت خواب میں نصیب ہوتی ہے۔ آخر میں صلوٰۃ التسبیح کا طریقہ بھی بتایا گیا ہے جس کی احادیث میں بے حد تعریف مذکور ہے باوجود ان اوصاف کے قیمت صرف ۴/

جنت اور دوزخ

پر ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرما دیا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائیگا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔ حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمون کی حدیثوں کو جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید سے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور جنت کی کنجی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریداروں سے صرف دو روپیہ لیا جائیگی دونوں حصوں میں کل ۲۰۱ احادیث میں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ

اعجاز القرآن

حضرت شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآراء تقریر ہے جس میں آپ نے وحی الٰہی کی ضرورت اس کے مدارج معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی الٰہی ہے اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے حقائق و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائے گا کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے قیمت ۶/

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحؒ کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری کے پہلے دو پارہ الم سیقول کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے طلباء عربی کو خصوصیت سے فوری توجہ کرنے کی ضرورت ہے اگر نفقات کی گنجائش ... افسوس ... قیمت ہر دو پارہ ...

پاک زندگی

حضرت العلامہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے ان تین عالمانہ مضامین کا مجموعہ ہے جس میں آپ نے فطرت سلیمہ حیات طیبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام نہایت آسان اور دلچسپ پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے۔ قیمت ۲/

خاموش تبلیغ

یہ بھی حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا دلچسپ تبلیغی مضمون ہے جس کو آپ نے ناولانہ انداز کے ساتھ نہایت عجیب پیرایہ میں بیان فرمایا ہے دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے قیمت ۴/

صراط مستقیم

یہ اسم بامسمیٰ کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کافی ذریعہ ہے قیمت صرف ایک روپیہ (عہ)

دلائل الخیرات

اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ۱۰/

مجلد چرمی ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا ہے بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحبؒ حضرت مولانا شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے بمصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ/ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ/

فرمائش کے ہمراہ کم از دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

ملنے کا پتہ

غریبوں کا قرآن مجید معریٰ

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے کرائی معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت الٰہی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں۔ اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

هدیہ: قسم اعلےٰ سفید کاغذ حنا شدہ ...، قسم دوم حنا شدہ ۶/ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۲۴ رجب المرجب ۱۳۵۲ ہجری

ملت افغانیہ کیلئے ایک حادثۂ فاجعہ

شاہ غازی محمد نادر خاں کی شہادت

بادشاہ افغانستان اعلیٰحضرت شاہ غازی نادر خاں کی شہادت ملت افاغنہ کے لئے ایک ایسا حادثہ فاجعہ ہے جس نے تمام ہی خواہان دولت افغانستان کو حزن و ملال اور فکر و اضطراب کے سمندر میں غرق کر دیا ہے۔ اس جانگداز و روح فرسا سانحہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تک افغانستان کا دور نکبت و ذلالت ختم نہیں ہوا ہے اور اس بدقسمت ملک کا ستارہ ہنوز گردش میں ہے۔

اپنے وطن عزیز کے لئے شاہ غازی کی گذشتہ شاندار خدمات ہمیشہ صفحۂ تاریخ پر روشن و درخشاں رہیں گی اور ان کے وہ کارنامے جو انہوں نے استقلال افغانستان کی جنگ کے سلسلے میں انجام دئے تھے افغانستان کی آیندہ نسلوں کے لئے ہمیشہ باعث فخر و مباہات ہوں گے۔ اور اپنے ملک اور اپنی قوم کو ترقی کی شاہراہ پر چلانے اور اقوام عالم کی صف میں اسے ممتاز و نمایاں جگہ دلانے کے لئے موجودہ دور میں بھی انہوں نے جو سیاسی و تعلیمی و انتظامی اصلاحات جاری کی تھیں ...

حکومت افغانستان کو عسکری تنظیم و ترتیب اور ملکی نظم و نسق کے اعتبار سے مستحکم بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے جس جد و جہد کا آغاز کیا تھا وہ ہمیشہ قابل یادگار و لائق ستائش سمجھی جائے گی۔ ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید اور اس کی زوجہ ہندہ میں کسی امر پر جھگڑا ہو گیا اس پر ہندہ نے کہا کہ مجھے چھوڑ دو اس پر زید نے کہا کہ میری طرف سے تو چھوڑا ہوا ہی سمجھ (اس وقت زید کی نیت چھوڑنے یا طلاق دینے کی نہ تھی بلکہ تادیباً ہندہ کو ڈرانے کی تھی) اور زید یہ کہکر خاموش ہو گیا۔ کچھ دیر بعد ہندہ نے زید سے کہا کہ کیا چھوڑ دیا؟ زید نے جواب دیا کہ ہم جو کچھ کہہ چکا سو کہہ چکا اس وقت بھی زید کی نیت چھوڑنے کی نہ تھی بلکہ ظاہری طور پر غصہ ظاہر کرنا مقصود تھا ...

پھر کچھ عرصہ بعد یعنی دو ڈھائی برس کے بعد زید و ہندہ میں خفیف سا جھگڑا ہوا اور اس وقت ہندہ نے زید سے کہا کہ مجھے چھوڑ دو یا طلاق دیدو۔ اس پر زید نے جواب دیا کہ میری طرف سے تو چھوڑا ہوا ہی ہے۔ ابھی چلی جاؤ اور خاموش ہو گیا۔ اس پر ہندہ نے دریافت کیا کیا چھوڑ دیا؟ اس پر زید نے جواب دیا کہ جو کہہ دیا سو کہہ دیا۔ اس پر ہندہ نے کہا کہ کیا طلاق دیدی؟ اس پر زید گردن ہلا کر خاموش ہو گیا۔ گردن ہلانے کے وقت بھی زید کی نیت طلاق کی نہ تھی پھر دونوں میں صلاحیت ہو گئی۔ مہربانی فرما کر صحیح جواب سے مطلع کیجئے کہ ان ہر دو صورتوں میں طلاق ہوئی یا نہیں اور اگر طلاق ہو گئی تو دوبارہ نکاح کی کیا صورت ہو گی؟

الجواب

جب ہندہ نے زید سے کہا کہ مجھے چھوڑ دے اور اس پر زید نے کہا کہ میری طرف سے چھوڑا ہوا ہی سمجھ اور تھوڑی دیر کے بعد ہندہ نے زید سے کہا کہ کیا چھوڑ دیا؟ زید نے جواب دیا کہ میں جو کچھ کہہ چکا سو کہہ چکا اس صورت میں اگر زید نیت طلاق کا منکر ہے تو اس سے حلف لیکر اس کی تصدیق کی جائے گی۔ ...

استفتاء

...

الجواب

...

بمباری کو ترک کر دیا جائے۔ ہوائی بمباری کے متعلق برطانیہ کا جو رویہ تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں رہا ہے اور اس کے بعد برطانوی ہوائی جہازوں نے قبائل سرحد پر ظالمانہ بمباری کر کے جس انسانیت سوز روش کا اظہار کیا ہے اس نے نہ صرف بین الاقوامی رائے عامہ کو بہت بڑی حد تک برطانیہ کے خلاف کر دیا ہے بلکہ خود ہندوستان کے برطانوی مدبرین بھی اس پالیسی کو امن عالم کے لئے مضرت رساں خیال کرتے ہیں اور اس کی تبدیلی کے خواہشمند ہیں ... برطانیہ کی طرف سے اس پالیسی میں تبدیلی ناممکن ہے۔

شاہ نادر خاں مرحوم کی سوانح حیات

(بسلسلہ صفحہ ۲)

قبضہ کر لیا اور تھل کے قلعہ اور چھاؤنی کا محاصرہ کر لیا۔

انگریزوں کے مقبوضات کی تسخیر

تھل کے بعد علاقہ میں ... جو وزیرستان اور تھل کے درمیان واقع ہے ...

غازی امان اللہ خاں سے اختلاف

...

شاہ نادر خاں مرحوم کا استعفاء

...

نادر خاں کا جلوس

...

قضاۃ کانفرنس رنگون والوں کا اعلان

...

دوسرا اجتماعی اجلاس

...

ہوائی بمباری

...

علماء فرنگ قرآن حکیم کی حقیقت تک کیوں نہ پہونچ سکے؟

کتاب اللہ کے مغربی تراجم ادائے مطالب اور حقیقی جوہر سے معرا ہیں

قرآن کریم سے مسلمانوں کا افسوسناک بعد و ہجر

(از علامہ سید رشید رضا مصری)

(گزشتہ سے پیوستہ)

ان تمام امور کے بعد فہم قرآن اور معرفت شریعت کا درجہ ہے تو قرآن حکیم کے لئے جس فہم و بصیرت کی ضرورت ہے وہ غیر مسلموں میں ہرگز نہیں پائی جاتی۔ ...

قرآن حکیم اور موجودہ ضروریات

...

علماء استقلال کو دعوت حق

...

لکھنؤ کانفرنس کی شرکت کیلئے مولانا شوکت علی کی روانگی

...

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

ترکی اور ریاستہائے بلقان میں معاہدہ کی تکمیل

اٹلی اور ... کا مستقبل بلقان کے محاصل میں تخفیف

(از نامہ نگار خصوصی مقیم برلن)

گزشتہ ماہ ترکی نے دنیا کے اخبارات کے لئے ایک دلچسپ مواد بہم پہنچایا ہے کیونکہ ترکی کے منشور بلقان گئے، اٹلی گئے اور اس کے علاوہ ترکی میں خود بہت بڑے مدبر پہنچے اور ایک عرصہ تک صلح و امن کی گفتگو ہوتی رہی۔ ...

ہے کہ بلقان اس کا بہت سا حصہ خرید لیا کرے گا۔ اس کے برعکس ترکی ان اشیاء کی بلقان سے خریداری کرے گا جو ان کے ہاں پیدا نہیں ہوتیں۔ ...

معاہدہ میں اٹلی کی عدم شرکت

...

بلقانی اخبارات کا بیان

...

فاتح تھل شاہ نادر خاں مرحوم کی سوانح حیات

تھل کے معرکہ کا ہیرو اور استقلال افغانستان کا بانی

سردار کا لقب

ان تمام کارگزاریوں کے لئے امیر حبیب اللہ خاں شہید نے شاہ نادر خاں مرحوم کو نائب سالار کا عہدہ عطا کیا اور سردار کے لقب سے سرفراز فرمایا۔ ... میں شاہ نادر خاں مرحوم کی کوششوں سے مکتب حربیہ (فوجی کالج) قائم ہوا جس میں آپکے متعدد سے فوجی نظام کو منظم شہود پر لایا گیا۔ ...

انگریزوں سے جنگ

...

جرنیل کا خطاب

...

تھل کا تاریخی محاصرہ

...

۸ نومبر ۱۹۳۳ء کو تین بجے سہ پہر شاہ نادر خاں اپنے محل سے نکلتے ہوئے ایک طالب علم کے ہاتھ سے شہید کر دیئے گئے انا للہ۔ ذیل میں مرحوم کی مختصر سوانح حیات درج کی جاتی ہے۔

پیدائش

شاہ نادر خاں مرحوم بتاریخ ۱۲ اپریل ۱۸۸۳ء ... کو دیرہ دون (ہندوستان) ...

...

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ کیجئے)

دار الحکومت کے

دہلی میونسپلٹی میں بیس ہزار روپے کا غبن

تانگے والوں کے لائسنس پر غور

دہلی ۹ نومبر۔ کل دہلی میونسپلٹی کے ہفتہ واری اجلاس میں اس چٹھی پر غور کیا گیا جو سپرنٹنڈنٹ پولیس نے پریزیڈنٹ دہلی میونسپل کمیٹی کو تحریر کی ہے کہ ان تانگہ ڈرائیوروں کو جو چوری وغیرہ کے جرائم میں سزایاب ہو چکے ہیں۔ لائسنس نہ دئے جائیں کیونکہ یہ خبریں موصول ہو رہی ہیں کہ تانگوں میں لوگوں کی نقدی وغیرہ غائب ہو جاتی ہے۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس نے یہ بھی تجویز کیا ہے کہ جب تک تانگے والے کے چال چلن کے متعلق تحقیقات نہ کی جائے اس وقت تک اس کو لائسنس نہ دیا جائے۔

امریکہ کی نیشنل کونسل نے ... کے فوجی اخراجات کے اعداد و شمار شائع کر دئیے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ کی فوجی قوت اور اس کے اخراجات میں ان دو سالوں کے اندر بہت اضافہ ہو گیا ہے ...

اے مغربی تہذیب تجھ پر لعنت اور پھٹکار ہو!

امریکہ میں ایک حبشی کے قتل کا لرزا دینے والا واقعہ

مہذب اور دانش فروشوں کے منصوبوں کا کارنامہ

جنگ کا خاتمہ کس طرح کیا جا سکتا ہے؟

طیاروں، ٹینکوں، آبدوز کشتیوں کو توڑ دیا جائے

جنیوا کی تخفیف اسلحہ کانفرنس میں اے۔ بی۔ ایچ نے ایک مراسلہ ارسال کیا ہے جس میں جنگ کے دنیاوی اختتام کا نسخہ بیان کیا گیا ہے ...

فرانس کی جنگی تیاریاں!

برطانی اخبارات کی دس لاکھ اشاعت

دس دس لاکھ پونڈ پروپیگنڈہ کی نذر

برطانیہ میں ۶ ہزار افراد کی خود کشی

جان بل کا بیان ہے کہ برطانیہ کلاں میں خود کشی کی وارداتوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ ایک سال کے اندر ۶ ہزار سے زیادہ خود کشی کی وارداتیں ہوتی ہیں۔

ضروری گزارش

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا (جو کہ ان کے نام سے پہلے پتہ کے شروع میں لکھا ہوا ہوتا ہے) حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد سے معاف۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

فلم ایکٹر صدر امریکہ سے بھی بڑھ گئے

صدر امریکہ اور فلم ایکٹروں کی تنخواہ کا مقابلہ

دار القضاء اور مسلم رہنما

مسلمانان ہند کی بیماریوں کا مؤثر علاج

معاصر "نقیب" کا بصیرت افروز مقالہ

غربا کی امداد کا ذریعہ کھدر کا استعمال ہے

مولانا شوکت علی صاحب کا بیان

لکھنؤ ۱۴ نومبر۔ مولانا شوکت علی نے لکھنؤ سے جاتے وقت پریس کو ایک بیان دیا ہے جس میں آپ نے بتایا ہے کہ مسٹر یوسف علی ... سوراج آشرم کھدر بھنڈار لکھنؤ سے ... معلوم کر کے بیحد افسوس ہوا کہ کھدر کی فروخت گزشتہ ... سال کی نسبت ... کم ہو گئی ہے ...

علاوہ اس کے کہ کھدر ایک قسم کا خاص کپڑا ہے، غربا کی امداد کا بہترین ذریعہ ہے جن کی امداد کرنا بالکل ضروری ہے۔ کھدر خریدتے وقت یہ سوچنا کہ یہ مہنگا ہے غلطی ہے جہاں تک ہو سکا اس کو سستا بنانے کی انتہائی کوشش کی گئی اور اس سے زیادہ اسی وقت ممکن ہے جب لوگ زیادہ مقدار میں کھدر استعمال کرنے لگیں ... کھدر کا روپیہ گھر میں رکھنا عین عقلمندی ہے۔

تشدد پسندوں کیلئے ایک مستقل قانون کا مطالبہ

پارلیمنٹری کمیٹی میں پولیس افسروں کی شہادت

لندن ... پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے جو میمورنڈم مسٹر ... بنگال پولیس افسر نے پیش کیا اس میں یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ دہشت انگیزی کی تحریک کا مقابلہ کرنے کیلئے مستقل قانون بنا دیا جائے ... اس میمورنڈم میں انقلاب انگیزوں کی تحریک کی تاریخ بیان کی گئی ہے اور یہ دکھلایا گیا ہے کہ جب جب اختیارات خصوصی ختم کر دئے گئے دہشت انگیزی کی تحریک زور پکڑ گئی اور اس کی رفتار اور قوت پہلے سے زیادہ ہو گئی۔

اس میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ سابق معافیوں کا کیا اثر ہوا اور یہ کہا کہ تحریک مردہ نہیں ہوئی ... صورت حالات پر قابو پا سکے گا اسی لئے مستقل قانون بنانے کی ضرورت ہے ...

سندھ میں ہندو مسلمانوں کی مشترکہ کانفرنس

ہندو مسلم کشیدگی کو دور کرنے کا مبارک اور عملی اقدام

”کیلئے ہندو سوراج حاصل نہیں کر سکتے“

حیدر آباد سندھ ۸ ارنومبر۔ سندھ کے ہندوؤں اور مسلمانوں کی ایک مشترکہ کانفرنس ۱۲ ارنومبر کو ہندو مسلم کشیدگی کو دور کرنے کے لئے منعقد ہوئی کانفرنس کے صدر ڈاکٹر چوتھ رام تھے۔ صدر نے کہا کہ ہندو مسلم کشیدگیوں کا دور کرنا صرف سندھ کیلئے ہی ضروری نہیں ہے بلکہ تمام ہندوستان کیلئے ضروری ہے ایک وقت میرا خیال تھا کہ ہندو اپنا سنگٹھن کر کے اور مسلمانوں سے بے نیاز ہو کر اکیلے ہی سوراج حاصل کر سکتے ہیں لیکن طویل تجربہ کے بعد مجھے یقین ہو گیا ہے کہ جب تک ہندو مسلمانوں کے درمیان مصالحت و مفاہمت نہ ہو گی اس وقت تک ہندوستان میں سیاسی ترقی ناممکن ہے اگر موجودہ کشیدگی جاری رہی تو دیہات میں سخت بلوے ہو نگے آپ نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ ہندوؤں کو یقین دلا دیں کہ ان کے مفاد کی حفاظت کی جائے گی۔

کانفرنس میں چند تجاویز منظور کی گئیں ... ایک بورڈ قائم کیا گیا ...

جو اہر لال اور شوکت علی سے بچو

کانگریسی کارکن کو اخراج کا نوٹس

قبل از وقت مہاراجہ الور کی واپسی

موجودہ شرح تبادلہ میں تبدیلی کرنے سے انکار

وکلاء کے جیب میں سگریٹ کی تلاشی

ریوالور اور کارتوس برآمد ہوئے

امریکہ جانے سے گاندھی جی کا انکار

جرمنی میں ڈیڑھ سو سیاسی قیدیوں کی رہائی

جرمنی اور پولینڈ کا معاہدہ

ہٹلر کی کامیابی پر سیاسی قیدیوں کی رہائی

برطانیہ کے خلاف ملامت کی تحریک گر گئی

پارلیمنٹری کمیٹی میں آخری شہادتیں

فلسطین کے مظالم اور مسلمانوں کا وفد

چاٹگاؤں اور گردو نواح میں تشدد پسند حملہ کرنیوالے ہیں!

سڑکوں اور چوراہوں پر پولیس کا زبردست پہرہ

چاٹگاؤں ۸ ارنومبر۔ کل چاٹگاؤں کی بڑی بڑی سڑکوں اور چوراہوں پر پولیس اور فوجی سپاہیوں کا پہرہ رہا۔ پولیس اور فوجی سپاہی راہگیروں کی تلاشیاں لے رہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اعلان کیا ہے کہ ان کو معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ شہر اور نواحی علاقوں میں تشدد پسند عنصر حملہ کرنے والا ہے اسی بنا پر احتیاطی تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں پبلک کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جو شخص رات کو دس بجے اور صبح کو چھ بجے کے درمیان گھر سے نکلے اس کو پولیس اور فوجی افسروں کے آواز دینے پر فوراً کھڑا ہو جانا چاہیے۔

یہ احتیاطی تدابیر اس لئے اختیار کی جا رہی ہیں کہ غالباً چاٹگاؤں کے پولیس افسران کو تشدد پسندوں کی طرف سے تہدید آمیز اور حملہ کرنے کے نوٹس بھیجے گئے ہیں۔ حکومت کو پورا یقین ہے کہ ان علاقوں میں تشدد پسندوں کا کافی عنصر موجود ہے جن کا اگر انسداد نہ کیا گیا تو سرکاری افسران کی جانوں کا زبردست نقصان ہو گا۔

مفرور قاتل اور پولیس میں جنگ

دونوں طرف گولیوں کے فائر

کونسلوں کے بائیکاٹ سے ہندوؤں کو نقصان ہوا

ڈاکٹر مونجے کی نئی تحقیقات

مسلم یونیورسٹی کو ۱۵ ہزار روپیہ کا عطیہ

کانپور میں مسلح ڈاکہ

مسجد میں بم پھٹ گیا

سرحد پار کے پٹھانوں کا چوکی پر حملہ

ریزرو بنک کمیٹی کی رپورٹ پر دستخط ہو گئے

جمہوری فوج کے ممبر گرفتار کرنے گئے

چار ہزار مزدور بیکار ہو گئے

افغانستان میں کامل امن و امان کا دور دورہ

جمعیۃ علماء افغانستان کی وفاداری

ایران، مصر، جاپان اور پولینڈ کے بادشاہوں کا اظہار تعزیت

دہلی کے ایک پریس کی تلاشی

ڈاکٹر انصاری صاحب کی تشریف آوری

افغانستان کی پالیسی بحال رہے گی

بابو امام بخش صاحب جنرل جناب ایس۔اے جبار محمودی سکرٹری وجناب محمد بخش صاحب نائب سکرٹری جناب عبدالحفیظ صاحب کپتان وجناب سید عزیز حسن عوت جی نائب کپتان جناب منو صاحب رضاکار جناب بابو محمد یوسف صاحب قریشی صدر انجمن آزاد محمد علی رجمنٹ نے بھی مندرجہ بالا حضرات کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ایک پرزور تقریر فرمائی۔

عبدالعزیز مظہر دہلوی

درسگاہ طبیہ گیا کا سالانہ امتحان

ہندوستان کا یہ واحد طبی تعلیم گاہ ہے جس میں کسی طرح کی تعلیم کی اجرت نہیں لی جاتی۔ اسی وجہ سے اس کو خاص امتیاز ہے۔ سند برابر منشوران گورنمنٹ بہار نے تقسیم کی ہیں۔ عام طلباء کو اطلاع دی جاتی ہے کہ سالانہ امتحان حسب دستور سابق بابت ۱۹۳۲ء اوائل ستمبر ۱۹۳۳ء کو ہونا قرار پایا ہے لہذا جو طالب علم شریک امتحان ہونا چاہیں ان کو آخر تاریخ تک اپنی درخواست بنام حکیم سید محمد ابراہیم صاحب آنریری سکرٹری درسگاہ طبیہ گیا کے پاس جلد ارسال کر دینا چاہیے۔

اطباء بہار و بنگال کا جلسہ

گورنمنٹ ہند نے اپنے قانونی کونسل میں اطباء کے حقوق کو محفوظ رکھنے والا قانون پاس کر دیا۔ ان حقوق پر غور کرنے کے لئے ۵ دسمبر ۱۹۳۲ء کو بہار و بنگال کے اطباء کا ایک جلسہ منعقد کیا جائیگا۔

بہار و بنگال کے اطباء کرام کو چاہیئے کہ اپنے قیمتی مشوروں سے سکرٹری صاحب کو مطلع فرمائیں۔

مارہرہ شریف میں جلسہ
مولانا عبدالحامد صاحب قادری کی اصلاحی تقریر

حضرت مولانا عبدالحامد صاحب قادری بدایونی مارہرہ شریف کے سالانہ عرس شریف میں وارد ہوئے آپ نے فلسفہ تصوف کے عنوان پر بصیرت افروز تقریر فرمائی اولیاء اللہ کے کارناموں کا ذکر کرتے ہوئے زائرین کو عمل کی دعوت دی اور فرمایا ان حضرات کے آستانوں پر محض حاضری کے خیال سے شریک ہونا ہی غرض نہ ہونا چاہیئے بلکہ اہل اللہ نے ہمارے سامنے جو سیرت چھوڑی ہے اس پر ہم سب عامل ہوں زہد و اتقاء ریاضت و عبادت کے ساتھ اپنے اسلاف کی پوری پوری تقلید کرنا چاہیئے۔ ہماری خانقاہیں کسی زمانہ میں تبلیغ دین کا مرکز تھیں۔ مشائخین کرام اسلام کے مبلغ و مجاہد اعظم تھے ان سب زیوروں سے مسلمانوں کو آراستہ ہونے کی ضرورت ہے آخر میں اسلامی دستور العمل پر مفصلاً بحث فرمائی۔

نوجوان طلباء کو خدمت اسلامیہ کی طرف متوجہ کیا۔ جلسہ کے اختتام پر مولانا حضرت سید سالار مسعود غازی علیہ الرحمۃ کے عرس کی شرکت کے لئے بہرائچ روانہ ہوئے وہاں سے رنجی شریف کے جلسوں میں شریک ہو کر بدایوں مستقل قیام فرمائیں گے احباب حیدرآباد کی بجائے مولوی محلہ بدایوں کے پتہ پر مراسلت کریں۔

شریف حسین قادری

اجمیر میں دارالعلوم حنفیہ کا جلسہ

تاریخ ۲۰ نومبر ۱۹۳۲ء اجمیر شریف میں انجمن آزاد محمد علی رجمنٹ کی جانب سے

ایک جلسہ زیر صدارت قبلہ مولانا معین الدین صاحب ناظم دارالعلوم حنفیہ صوفیہ واقع زبان منڈی میں منعقد ہوا جس میں معززین شہر و عمائد دارالان مسلم والنٹیر سوسائٹی و رضاکاران نے کثیر تعداد میں شرکت فرمائی صدر صاحب ...

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

"قاسم العلوم" رسالہ کا اجراء

یہ رسالہ مسلمانوں میں علمی و مذہبی بیداری پیدا کرنے کے علاوہ اکابر علماء امت کے ان نادر الوجود و نایاب مضامین عالیہ کو بھی منظر اشاعت پر لاویگا جو اب تک یا تو طبع ہی نہیں ہوئے یا طبع ہو کر نادر و نایاب ہو چکے اس سلسلے میں اکابرین امت کے ایسے ایسے عجیب و غریب مضامین عالیہ اشاعت پذیر ہوں گے کہ جن کو آج تک نہ کانوں نے سنا نہ آنکھوں نے دیکھا خصوصیات بالا کے لحاظ سے یہ رسالہ ہندوستان بھر میں اپنی شان کا واحد رسالہ ہوگا جس کے مضمون نگار حضرات علاوہ علماء دارالعلوم دیوبند کے بزرگان ملت کی وہ نامور ہستیاں ہوں گی جن پر ہندوستان کا علم و فضل ناز کرتا ہے اور قیامت تک ناز کرتا رہیگا۔

حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی دامت برکاتہم کے جدید و قدیم مضامین عالیہ و ملفوظات طیبہ کا ایک مستقل سلسلہ تا حیات رہیگا ...

حضرت عیسیٰ ہندوستان تشریف لائے تھے
ایک انگریز کے خبطیانہ خیالات

مسٹر جیمزی کارل ارنگ پوسٹ (لندن) میں ایک مضمون کے دوران میں لکھتے ہیں ... میں فرانس میں ایک کتاب شائع ہوئی تھی جس میں لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ بارہ اور تیس سال کی عمر کے درمیان ہندوستان میں ...

اس دوران میں آپ نیپال بھی گئے جہاں آپ نے ۔۔ سال تک قیام کر کے سوتروں کی تعلیم حاصل کی ہندوستان سے آپ ایران پہنچے جہاں اس وقت پارسی مذہب کا گروہ تھا لیکن وہاں ان کے پرچار کا کوئی اثر نہ ہوا اور پجاریوں نے انہیں ملک سے باہر نکلنے پر مجبور کر دیا اس کے بعد آپ فلسطین میں آئے۔

مسلمان مرتد کیوں ہوتے ہیں

اس لئے کہ ان تک صحیح اسلام کی تعلیم نہیں پہونچی۔ لہذا عیسائی اور آریہ آسانی سے ان کو مرتد کر لیتے ہیں اسلام کی اس سے بڑی ضرورت کو ماہوار مذہبی رسالہ پیشوا پورا کر رہا ہے۔ آپ بھی آج ہی سے خریدار ہو جائیے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ ... نمونہ مفت۔ منیجر رسالہ پیشوا دہلی

فلسفہ نماز
ایڈیٹر الجمعیۃ کی رائے

اس رسالہ میں طہارت و نماز کے دنیاوی فوائد سے بحث کی گئی ہے ...

فرمائش: ... خواجہ حسن نظامی ... بستی نظام الدین اولیاء دہلی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت ... منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

خیالے طلب میں عظیم انقلاب

... منیجر فردوس میڈیسن سپلائی ایجنسی
ارجن پور اسٹریٹ راولپنڈی

موسم سرما کی فائدہ مند تجارت

... انگلش کمرشیل ہاؤس جیکب سرکل بمبئی

ایک پڑھنے قابل خط

... ہر قسم کی ... لاہور

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے!

... معجون مددگار ...

ایک ضروری گذارش ...

منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۱۳ کوچہ چیلان دہلی

دار الاسلام

اسلامی صحافت اور رواداری کا دستور العمل
مالک و ایڈیٹر کی خدمت میں ایک گذارش

مسلمانان احمد نگر کا نمائندہ جلسہ

بمبئی میں تیل کے چشمہ کا انکشاف
ایک عرب کا کارنامہ

رفتار ترقی جمعیۃ

آگ لگنے سے ۵۰ ہزار کا نقصان

کمانڈر انچیف حیدرآباد کا انتقال

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

ممالک غیر کے لئے

معاون
محمد عثمان فارقلیط

ید اللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ
دہلی

مسئول
منتظم
ہلال احمد زبیری (بی اے)

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

نرخنامہ اشاعت

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)

نصف صفحہ ( )

ایک کالم ( )

½ کالم ( )

¼ کالم

جلد ۱۸ | دہلی یوم جمعہ ۵ شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۴ نومبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۲۷

معاصرین کے افکار و آراء

مہاسبھا کے سر پر ضرب (ہندجدید)

مخلوط تعلیم (معارف)

مسلمانوں کے تفریحی مشاغل

فرقہ بندی کا تریاق (اہل)

اخلاقی عوارض کا تحقیقی علاج

وقت کی ضرورت

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

فرانس پر عربوں کا دوبارہ حملہ

مسلمانوں کے اختلافات نے یورپ کو بچالیا

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی و قدردانی کا ثبوت ہم پہونچایئے۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

بہترین اور کم قیمت عطریات یا خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار فیکٹری سہسوان یوپی کا نام یاد رکھیے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے۔ فہرست کلاں مفت طلب فرمایئے

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

تحفۃ الجمعیۃ

حیات محمد

اعجاز القرآن

پاک زندگی

صراط مستقیم

تعلیم الاسلام

سیرۃ الحبیب

فتاویٰ رشیدیہ

منیجر کتب خانہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

اعلیٰ حضرت حضور نظام

غریبوں کا قرآن مجید مترجم

جلد چرمی نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک

نورانی قرآن مجید مترجم

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۵ شعبان المعظم ۱۳۵۲ ہجری

سب چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کے وہ عناصر جو حکومت تسلط کی بالادستی سے آزاد ہو کر ملک و ملت کی خدمت انجام دے سکتے ہیں، ایک مرکز پر متحد ہو کر قدم اٹھائیں۔

"اسٹیٹسمین" اور مسلمان

کلکتہ اور دہلی کا اینگلو انڈین اخبار اسٹیٹسمین جس کے متعلق اکثر جعلی پسند مسلمان یہ کہا کرتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کا بہت بڑا حامی ہے اور اسے اینگلو مسلم اتحاد کی صحیح علامت تصور کرنا چاہئے اس اخبار کی حالت ملاحظہ فرمائیے کہ ہندوستان کے ہر بڑے شہر اور قصبہ میں مظالم فلسطین کے خلاف جلسے ہوتے ہیں حکومت برطانیہ کی جدید غدارانہ پالیسی کی مذمت کی جاتی ہے اور اعلان بالفور کی واپسی کا مطالبہ کیا جاتا ہے مگر اسٹیٹسمین میں ایک حرف بھی ان جلسوں کے متعلق شائع نہیں ہوتا۔ حالانکہ ان میں سے بہت سے جلسے ایسے ہیں کہ ان کی اطلاعات ایسوسی ایٹڈ پریس کی ایجنسی سے دہلی میں آئیں اور وہ تمام ملکی اخبارات میں شائع ہوئی ہیں اور اسٹیٹسمین کے دفتر میں بھی یقیناً موصول ہوئی ہوں گی لیکن اسٹیٹسمین نے ان تمام اطلاعات کو جو مسلمانوں کے نہایت اہم قومی و مذہبی جذبات سے تعلق رکھتی تھیں بالکل نظر انداز کر دیا اور اصول صحافت کے قطعاً خلاف یوم فلسطین کے مظاہروں کی کوئی خبر شائع نہیں کی۔ اس ایک واقعہ سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اسٹیٹسمین مسلمانوں اور اسلام کا کہاں تک دوست ہے اور مسلمانوں کے صحیح جذبات کو برطانیہ تک پہنچانے میں کہاں تک امداد کرتا ہے۔

لڑاؤ اور حکومت کرو

[illegible] ہندوستان کے اندر فرقہ وارانہ [illegible] اور ہندوؤں اور مسلمانوں کو لڑا کر برطانوی راج کی بنیادیں مستحکم کرنے کا تعلق ہے اسٹیٹسمین بے تنگ مسلمانوں کو شہ دینا رہتا ہے اور فرقہ وارانہ معاملات میں [illegible] کا حامی بن جاتا ہے مگر جب کبھی کوئی معاملہ ایسا آتا ہے جو مخلص مسلمانوں کے مفاد سے تعلق رکھتا ہو اور حکومت کے مقابلہ میں مسلمانوں [illegible]

نہیں ہے۔ اپنی ذاتی اغراض کے بندے اور اپنے ذاتی مفاد سے غافل [illegible] ہندو [illegible] مہاسبھا کے ان غوغائیوں کے بیانات پڑھ کر [illegible] دوسرے مہاسبھائیوں کے شور مچانے سے ان حقائق کا بطلان ہو جائے گا جو ہر اعتبار سے ناقابل تردید و ناقابل انکار ہیں۔ انگریزی کی ایک مثل ہے کہ ہر درخت اپنے پھلوں سے پہچانا جاتا ہے۔ ہم جب مہاسبھا کو اس کسوٹی پر کستے ہیں تو صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ اس نے جو کچھ کارہائے نمایاں انجام کئے ہیں ان کے اعتبار سے وہ بدترین فرقہ وار جماعت ہے اور ہر اس مذمت کی مستحق ہے جو کسی فرقہ وار جماعت کے لئے روا رکھی جا سکتی ہے۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے مہاسبھا کو بے نقاب کر کے تمام دنیا کو اس کا بدنما چہرہ دکھا دیا ہے وہ چہرہ اب کسی رنگ و روغن سے خوبصورت نہیں بنایا جا سکتا۔

مسلمانوں کا اتحاد

لکھنؤ کے اسلامی معاصر روزنامہ حقیقت نے اپنی تازہ اشاعت میں لکھا ہے کہ یہ کس قدر افسوسناک ہے کہ مسلم کانفرنس کے وہ ذمہ دار ارکان جو مسلمانوں کے لیڈر ہونے کے مدعی ہیں اور جو مسلم کانفرنس کو مسلمانوں کی واحد نمائندہ کہتے ہیں علی الاعلان اتحاد اسلامی کی محض اس لئے مخالفت کر رہے ہیں کہ کہیں اس کے بعد دوسرا قدم یہ نہ ہو کہ ہندوستان کی دیگر اقوام سے بھی اتحاد کیا جائے تاکہ ہندوستان میں مسلمانوں کے حقوق پورے طور پر محفوظ ہو جائیں اور پھر وہ خوشامد کرنے کے لئے حکومت کے آلہ کار نہ بن سکیں۔ اس کے سوا اور کیا وجہ ہو سکتی ہے کہ مولوی شفیع داؤدی صاحب نے صاف الفاظ میں کہہ دیا کہ اتحاد بین المسلمین کے لئے ۲۶ اور ۲۷ نومبر کو لکھنؤ میں جو آل پارٹیز مسلم کانفرنس مولانا شوکت علی صاحب اور [illegible] کی صدارت میں منعقد ہوگی وہ اس کے احباب مخصوصین اس میں شرکت نہیں کریں گے۔ [illegible]

[illegible] ہندوستان کے تمام اہل فکر و دانش اور دردمند و مخلص مسلمانوں کو حقیقت سے ان الفاظ سے اتفاق ہوگا۔ مولانا شفیع داؤدی اور ان کی کانفرنس [illegible] نے جو انتراق انگیز روش اختیار کی ہے اس سے تمام اسلامی ہند بیزار ہے اور میں باہم اتحاد کرا سکیں۔

افغانستان اور مسلمانان ہند

بعض جرائد کی افسوسناک روش

افغانستان ایک اسلامی ملک ہے اور براعظم ایشیا میں واقع ہے اور اس کی سرحدیں ہندوستان کی سرحدوں سے ملی ہوئی ہیں جس کی وجہ سے وہ ہندوستان کا ہمسایہ ہے۔ اس لئے افغانستان کے ساتھ مسلمانان ہند کی ہمدردی [illegible] مجبور کرتی ہے کہ وہ اس ملک سے اپنی ہمدردی اور اپنے تعلق خاطر کا اظہار کریں [illegible]

اپنی اخلاق سوز و خلاف تہذیب صحافت کا بدترین نمونہ پیش کر رہے ہیں کیونکہ ہمارے نزدیک وہ تمام جرائد جو ملت افغانیہ کے مفاد کو نظر انداز کر کے شخصیتوں کی بحث کو درمیان میں لاتے ہیں۔ افغانستان کے ساتھ دوستی نہیں کرتے بلکہ دشمنی کرتے ہیں [illegible]

[illegible]

ہمارے زمانہ میں ان کی تعریف و توصیف کرتے رہے اور ان کے مخالفین کی طرف سے [illegible] ان کے اخبارات میں چھپتی رہیں مگر انقلاب افغانستان کے بعد ہی انہوں نے غازی ممدوح کے خلاف نہایت [illegible]

کانپور کے جلسہ مذہبی شریف میں ہنگامہ

کانپور میں [illegible] شریف کے موقعہ پر مولوی ظہیر الدین نے [illegible] برپا کیا اور جس کا نام اخبارات کے صفحات پر تنظیما کانفرنس ظاہر کیا جا رہا ہے اس کی مفصل کیفیت [illegible] کے اسلامی اخبار [illegible] نے شائع کی ہے [illegible] سے موصول ہوا ہے اگرچہ ہم اس نام نہاد کانفرنس کے متعلق [illegible] آج کے پرچہ میں شائع نہیں کر سکتے مگر اصل کارروائی کے لئے ہم نے کچھ گنجائش نکالی ہے تاکہ ان لوگوں کی حالت [illegible] معلوم ہو جائے جو صرف اہم ترین قومی و مذہبی مطالبات کے ساتھ [illegible] آئندہ کے لئے بھی اسلامی مظاہروں کے متعلق اخبارات [illegible]

[illegible]

مہاسبھا کا بے نقاب چہرہ

[illegible]

اطراف ہند میں یوم فلسطین کے شاندار مظاہرے

فلسطین میں برطانوی خونریز پالیسی کے خلاف شدید احتجاج

مسلمانان ہند کا حکومت برطانیہ کو انتباہ

قصبہ پہانی ضلع ہردوئی

آج تاریخ ۱۰ نومبر ۱۹۳۳ء یوم جمعہ بمقام جامع مسجد پہانی بعد نماز جمعہ مسلمانان [illegible] کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا عبد الحمید صاحب فاضل دیوبند مدرس مدرسہ [illegible] پہانی منعقد ہوا جس میں مولوی محمد [illegible] صاحب [illegible] نے [illegible] فلسطین [illegible] قانون [illegible] کے متعلق [illegible]

(۴) مسلمانان پہانی کا یہ جلسہ جمعیۃ علماء ہند کی ملکی و ملی خدمات کا اعتراف کرتا ہے اور اس پر کامل اعتماد کا اظہار کرتا ہے۔

(عبد المجید از پہانی)

مسلمانان میرٹھ

آج تاریخ ۱۰ نومبر ۱۹۳۳ء بروز جمعہ بعد نماز جمعہ مسلمانان میرٹھ کا ایک [illegible]

[illegible]

پشاور

[illegible]

روس اور امریکہ کے خوشگوار دوستانہ تعلقات

ماسکو اور واشنگٹن کے سیاسی حلقوں میں اظہار مسرت

اہم بین الاقوامی نتائج کی توقع

(نامہ خصوصی)

[illegible]

شب برأت کی شرعی حیثیت اور مسلمانوں کا طرز عمل

روحانی پاکیزگی کی ایک رات جس میں رب العالمین تجلی فرماتا ہے

مسلمانوں کے تن نیم جاں میں بدعات و رسوم کا زہر ہلاہل

اسلام ایک مکمل مذہب ہے [illegible]

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

(مہتمم الجمعیۃ دہلی)

قوم پرور مخالفت سے خوف زدہ نہیں ہو سکتے

مولانا احمد سعید صاحب اور پنڈت جواہر لال نہرو کی دو روشن مثالیں

مولانا عبد الحنان ناظم جمعیۃ علماء پنجاب کا اہم بیان

ہندو فرقہ پرست دوسروں سے کسی حال میں کم نہیں ہیں

مہا سبھا کی نوعیت سوز جہت پسندانہ اور احمقانہ سرگرمیاں

پنڈت جواہر لال نہرو کا اپنے نکتہ چینوں کو جواب

ہندوؤں کی فرقہ پرستی

آریہ کمار سبھا کی تجویز

دار الحکومت

آل پارٹیز مسلم کانفرنس کی تیاریاں

مسلم پریا ہاؤس میں زعمائے شہر کا جلسہ

پنڈت جواہر لال نہرو کے بیان کی تائید

ہندوؤں کا دانشمند طبقہ بہ مانندگی نمائندہ نہیں

حیدرآباد میں مسلم خواتین کو خلع کا حق

کونسل میں ایک ضروری اور اہم بل

دہلی کے قریب ایک شخص کو گولی مار دی گئی

مولوی شفیع داؤدی کا گمراہ کن بیان

شاہ مسعود احمد صاحب کی طرف سے تردید

اسمبلی میں مسٹر پٹیل کا ماتم

پشاور میں روسی اسلحہ لانے کی کوشش

کئی کیپٹن رین پٹھان گرفتار

سرخپوشوں کا جرمانہ معاف کر دیا گیا

ایک عورت کے شکم میں نیزہ پار کر دیا

احمد آباد ۔ ۱۶ نومبر احمد آباد کے نزدیک ایک گاؤں کی دو مخالف پارٹیوں میں گذشتہ شام ایک لڑائی ہوئی جس میں ایک شخص کے فوراً بندوق کی ۸ گولیاں لگیں اور ایک عورت جس کے پیٹ میں نیزہ پار کر دیا گیا چل بسی ۔ علاوہ ازیں ایک اور شخص سخت مجروح ہوا ۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس خان بہادر نادر شاہ اور دیگر پولیس افسران موقع پر پہنچے لیکن ملزمان فرار ہو گئے ۔ پولیس کی تحقیقات ہنوز جاری ہے ۔

مولانا اسمٰعیل غزنوی کے مقدمہ کی سماعت

یکم دسمبر سے شروع ہو گا

کشمیر کی اسمبلی میں خواتین کو حق رائے دہی

جاپان کا آخری جواب موصول ہو گیا

کئی عربوں کو سزائے قید

مدراس اور بمبئی یونیورسٹیوں میں جنگ

نمک کے ٹیکس میں زبردستی

جنیوا میں مردہ لاش کو از سر نو زندہ کرنے کی کوشش

امن کے علمبرداروں میں شدید اختلافات

کانپور میں قضاء کانفرنس کا مضحکہ خیز اجلاس

مولوی مظہر الدین کی بد زبانی اور مسلمانان کانپور کا جواب

علماء و زعماء ملت کی علیحدگی

مختصرات

"میں اپنی قوم پر اپنے آپ کو قربان کر دوں گا"

خادم کی موت حیات جاودانی ہے

شاہ افغانستان کی پہلی تقریر

"ہم کانگرس کی سست رفتاری سے نالاں ہیں"

پنڈت جواہر لال نہرو کو جواب

روس اور امریکہ میں اتحاد ہو گیا

امریکہ کا مذہبی آزادی پر زور

غازی امان اللہ خان ہندوستان میں پہنچے

تیجپور کے ہندو باشندوں پر حملہ کر دیا

جہاز اور مسافر سب غرق ہو گئے

مسٹر ڈولفس کے حملہ آور کو سزا

سالانہ سات ہزار ہلاک اور ۲ لاکھ مجروح

برطانیہ میں موٹروں سے سڑکوں پر حادثات

اسپین کا نیا انتخاب

رائے دہندوں میں عورتوں کی کثرت

گلگت اور لداخ کو جانے والے مال پر محصول معاف

امریکہ میں روسی سفیر کا تقرر ہو گیا

واشنگٹن ۔ ۱۶ نومبر ۔ حکومت ریاستہائے متحدہ امریکہ نے ماسکو کی اس تجویز کو منظور کر لیا ہے کہ مسٹر ٹرائینوسکی کو واشنگٹن میں سوویٹ گورنمنٹ کا سفیر مقرر کیا جائے ۔

تار کاٹ دئے گئے

احمد آباد ۔ ۱۶ نومبر ۔ ایک اطلاع سے ظاہر ہوتا ہے کہ کلول اور کھو دیگر کے درمیان ٹیلیگراف کے تار کاٹ دئے گئے ہیں ۔

"مغربی تہذیب کا خاتمہ ہو جائیگا"

اچھوت عیسائی ہو رہے ہیں

کراچی ۱۶ نومبر ۔ ایک مقامی اخبار لکھتا ہے کہ گذشتہ دو ماہ میں قریباً ۲۰۰ اچھوت عیسائی بنائے گئے ہیں ۔ اور مزید اچھوتوں کے عیسائی بننے کا اندیشہ ہے ۔

گیس پھٹنے سے ۱۴ افراد ہلاک

اور ۱۴ افراد ہلاک ہو گئے ۔

اطراف ہند میں یوم فلسطین کے شاندار مظاہرے

(بسلسلہ صفحہ ٢)

طرف سے مشترکہ صدر بنایا گیا تھا۔ حاضرین کی تعداد کافی ہے۔ جناب صدر صاحب نے اغراض و مقاصد جلسہ پر روشنی ڈالی۔ بعد مولانا سلطان میر صاحب ہلالی کی تحریک اور مسٹر الہ بخش صاحب برقی کی تائید سے مندرجہ ذیل قرارداد پیش ہوکر بالاتفاق پاس ہوئی۔

مسلمانان پنیا ور کا یہ جلسہ حکومت برطانیہ کی اس حکمت عملی کو جو اس نے مشرق قریب میں فلسطین کے متعلق اختیار کر رکھی ہے اور جس کی وجہ سے وہاں کی عرب آبادی اپنے انسانی اور سیاسی حقوق سے محروم ہو کر انتہائی ظلم و ستم کا شکار ہو رہی ہے۔ نیز جو اعلان بالفور کے مطابق وہاں یہودی ریاست قائم کرنے کی طرف ایک عملی اقدام ہے قانون آزادی کا خون اور مظاہرہ خیال کرتا ہوا اس کے خلاف اپنے انتہائی غیظ و غضب کا اظہار کرتا ہے کیونکہ حکومت برطانیہ کی یہ حکمت عملی اس کی قدیم منافقانہ شاخت کی ایک کڑی ہے جو مکین اقوام کے لئے باعث ہلاکت ثابت ہوئی ہے۔ بدیں وجہ یہ جلسہ حکومت انتداب سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ نہ اعلان بالفور کی فوری تنسیخ کا اعلان کر کے عالمگیر بے چینی و بے اطمینانی کا سدباب کردے ورنہ اس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

نوشہرہ، کوہاٹ، ...، اور دہلی میں بھی احتجاجی جلسے ہوئے۔ (نامہ نگار)

اجمیر شریف

بتاریخ ... رجب بعد نماز جمعہ شاہجہانی جامع مسجد میں مسلمانان اجمیر شریف کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں مولوی عبدالشکور صاحب بہاری نے سرزمین فلسطین و بیت المقدس کی اہمیت اور مسلمانان عالم پر ... یہودیوں کے خلاف ... [illegible]

جب تک حکومت انتداب اعلان بالفور کو واپس لے کر فلسطین کو عربی سلطنت نہ کردے گی یہ بے چینی رفع نہ ہوگی۔

(محمد مہدی حسن اجمیر شریف)

بدایوں

... صدر مقامی جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ بدایوں کی طرف سے عظیم الشان یوم فلسطین منایا گیا۔ حضرت مولانا عبدالحامد صاحب قادری بدایونی ناظم جمعیۃ علمائے ... و جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کی صدارت میں زبردست جلسہ منعقد ہوا۔ صدر محترم نے اپنے خطبہ میں حالات فلسطین پر نہایت ولولہ انگیز تقریر فرمائی۔ حالات حاضرہ پر ضروری امور ارشاد کئے۔ مسلمانان فلسطین کی معاونت پر حاضرین کو توجہ دلائی۔ آخر میں ذیل کی تجاویز باتفاق آرا منظور ہوئیں۔

(١) مسلمانان بدایوں کا یہ عظیم الشان جلسہ اپنے فلسطینی بھائیوں سے پوری پوری ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔ حکومت کی طرف سے جس قسم کے مظالم کئے جارہے ہیں اور یہودیوں کی پشت پناہی کی جارہی ہے۔ یہ جلسہ اس پر نفرت و بیزاری کا اعلان کرتا ہے اور حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ اگر اس نے مسلمانان ہند کی اس متفقہ آواز پر بھی توجہ نہ کی تو مسلمانوں کے جذبات زیادہ سے زیادہ برانگیختہ ...

قطعہ تاریخ فوت شاہ نادر خاں والیٔ افغانستان

(از منشی نور محمد منور از کمالیہ)

ناگہاں خواندم آیت ترجیع — چوں شنیدم ز موت نادر خاں

آں زماں نغز سال فوت ادا — من بگفتم ز موت نادر خاں

١٣٥٢ھ

... یوم فلسطین منایا گیا۔ ... جھنڈیوں کا ایک جلوس بھی نکالا ایک جلسہ بھی منعقد کیا گیا جس میں کئی تجاویز منظور ہوئیں۔ ایک تجویز میں فلسطین میں برطانیہ کی یہود نواز پالیسی کی مذمت کی گئی۔ فلسطین میں ذمہ دار حکومت قائم کرنے کا مطالبہ کیا گیا اور عرب شہدا اور مجروحین کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا گیا۔ حکومت کو ...

لاہور

لاہور کے مسلمانوں نے یوم فلسطین منایا جمعہ کی نماز کے بعد ١٢ مسجدوں میں جلسے منعقد ہوئے جن میں فلسطین کے متعلق برطانوی پالیسی کے خلاف سخت احتجاج کیا گیا اور جمعیۃ علماء ہند کی تجاویز کی پرزور تائید کی گئی۔

کراچی

کراچی ١٠ نومبر۔ گزشتہ شب مسلمانان کراچی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں فلسطین میں برطانیہ کی یہود نواز پالیسی کے خلاف سخت احتجاج کیا گیا۔ برطانیہ نے یہودیوں کو بغیر کسی پابندی کے فلسطین میں داخل ہونے کی جو اجازت دے رکھی ہے اس کی سخت مذمت کی گئی ...

(شرافت حسین قادری)

کتاب الحج والزیارۃ

سچا مسلمان توحید و رسالت کا قائل۔ نماز روزہ، خیرات و زکوٰۃ ادا کرتے ہوئے ہر وقت اللہ تعالےٰ سے یہی دعا مانگتا رہتا ہے کہ اے اللہ مجھکو حج بیت اللہ کی توفیق عطا فرما۔ اور اپنے مقدس گھر کی زیارۃ سے مشرف فرما کہ میں تیرے سب سے پہلے گھر۔

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِىْ بِبَكَّةَ (لوگوں کے لئے جو پہلا گھر بنایا گیا وہ وہی ہے جو مکہ میں ہے)

(آل عمران ع ١٠ پ ٤)

کو اپنی ان آنکھوں سے دیکھ لوں۔

اللہ اللہ یہی وہ مقدس گھر ہے جو ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی یادگار ہے۔ اسی گھر کو مسلمانوں کے رسول عربی مڑ مڑ کر دیکھتے اور اسی کی محبت میں زار و قطار روتے چلے جاتے تھے۔ اور اسی گھر کی زیارۃ کے لئے بیتاب و مشتاق حاجی اپنی تمام عمر کا سرمایہ خرچ کرنے کے لئے تیار ہے مال و دولت بیوی بچوں خویش و اقارب اور تعلقات دنیا کو چھوڑ کر اپنے محبوب و پیارے رسول ہاشمی کے محبوب وطن کی طرف شوق میں کھینچا چلا جا رہا ہے۔

آرزو دارم کہ خاک آں قدم — توتیائے چشم سازم دمبدم

مگر افسوس صد افسوس! اس شوق و ولولہ اور اس مقدس گھر کی اس قدر فضیلت اور بزرگی کے ہوتے ہوئے حج اور زیارۃ کا ارادہ رکھتے ہوئے بھی وہاں کے آداب و قواعد مسائل و ارکان سے واقفیت نہ ہو۔

دنیا کے حاکموں کی ملاقات کے آداب و قواعد کی پاسداری ضروری ہو مگر پیارے محبوب رسول عربی، اور احکم الحاکمین کے مقدس دربار اور اللہ کے گھر کی زیارۃ کے لئے جاویں تو مسائل حج سے واقفیت نہ ہو۔ تمام عمر حلال روزی کما کر پیسہ پیسہ کرکے سفر حج کے لئے سرمایہ جمع کیا گیا، اور حج کی تیاری ہوگئی اور سفر حج کے لئے بچارہ حاجی رخصت ہوگیا۔ مگر غریب حاجی کو مسائل حج سے اس لئے واقفیت نہیں کہ خود تو عربی کی کتابوں کے مسائل پڑھ نہیں سکتا اور اس کا رفیق سفر بھی مولوی نہیں۔ اب مسائل کے نہ جاننے کے باعث حیران اور صحیح معنی میں حج کا ادا ہونا دشوار۔ اس صورت میں بغیر مسائل حج معلوم کئے خود کو اس شعر کا مصداق بنانا ہے

ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی — کیں رہ کہ تو میروی بترکستان است

اور ہر دم یہ کھٹکا لگا ہوا ہے کہ کہیں ایسی غلطی نہ ہوجاوے کہ جس سے مقبولیت حج یا اس کی صحیح طور پر ادائیگی میں فرق نہ آجاوے۔

پس جبکہ آپ دولتمند صاحب نصاب زکوٰۃ ہیں اور آپ پر حج بیت اللہ فرض ہے تو اس کی صحیح طور پر ادائیگی کے لئے آپ کو پہلے مسائل جاننے کی ضرورت ہے۔ اس کے لئے آپ کتاب

فتاوے عثمانی معروف بہ
کتاب الحج والزیارۃ اردو

[illegible]

ملنے کا پتہ:- حافظ صاحب حافظ محمد طیب ... راندیر ضلع سورت (RANDER. SURAT)

عراق ریلوے

نجف اشرف، کربلائے معلےٰ، کاظمین شریفین اور سامرہ شریف کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام تیز رفتاری اور بہت سستا کرایہ سے سفر کریں۔ مختلف درجوں کی زیارتی کوپن کی کتابیں جو ... دن تک کارآمد ہونگی نیچے درج ہیں اور ... کیلو سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مفت بغیر کرایہ کے لیجا سکتے ہیں

	درجہ دوم	درجہ سوم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے		
کربلا کاظمین سامرہ سے واپسی بصرہ	٤٢ روپیہ	١٢ روپیہ
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے		
کربلائے معلےٰ، کاظمین اور واپسی بصرہ	٣٠ روپیہ	١٢ روپیہ

تین سال سے کم عمر کے بچہ کا کرایہ معاف اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا کرایہ نصف لیا جاتا ہے۔ بمبئی اور کراچی سے ہر ہفتہ جہاز بصرہ کی بندرگاہ معقل کو جاتے ہیں۔ جہاں ریلوے کے افسران زائرین کو ان کے آرام اور زیارت گاہوں کو جانے والی گاڑیوں میں جگہ کا انتظام کرنے کیلئے استقبال کرتے ہیں۔ ان زائرین کو جو مکہ شریف کی زیارت کرنا چاہتے ہیں ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عراق کے راستے سے سفر کریں اس طرح سے ایک ہی وقت میں اس ملک کی زیارت گاہوں کی زیارت کے مواقع بھی مل جائیں گے۔ بغداد سے دمشق کو بذریعہ موٹر ٢٤ گھنٹہ میں سفر کیا جاسکتا ہے۔ دمشق سے جدہ، مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا کرایہ حسب ذیل ہے۔

درجہ دوم مالغ ١٩٠ — درجہ سوم بلا خوراک ٩٥ روپیہ

ہندوستان میں عراق ریلوے کے ٹکٹ اور کوپن کی کتابیں بمبئی اور کراچی میں مختلف ایجنٹوں سے ملسکتے ہیں

(١) مولوی محمد باقر صاحب مسافر خانہ حاجی دوجی جال جیل روڈ عمر کھاڑی بمبئی
(٢) آنریری جائنٹ سکرٹری نجف کمیٹی بالاگلی بمبئی
(٣) مسٹر اے۔ ای۔ لو، ناندوی کوئی واڈا بمبئی
(٤) صاحب حاجی رحمت اللہ صاحب کھارادر کراچی
(٥) مسٹر عبدالعلی ... معرفت میسرز یوسف علی بھائی کریم جی اینڈ کمپنی بسٹر روڈ کراچی
(٦) آنریری سکرٹری نجف کمیٹی حضرت حاجی ... کوٹھی باغ کراچی

نوٹ:- ایک ہی جہاز ... بصرہ کو سفر کرنے والے زائرین کو جہاز کے کرایہ میں ... مل سکتی ہے

مفت

تمام مستورات ... جانتی ہیں ... یہ کتاب مفت منگواکتی ہیں ... مفت دیجاتی ہے

یہ کتاب سراسر تصویر ہے اور ان تمام پوشاکوں کے بنانے کے طریقے جو مستورات، بچے اور جنٹلمین پہنتے ہیں۔ عام فہم عبارت میں بتائے گئے ہیں۔ ایل۔ اے۔ منسر اینڈ کمپنی (انڈیا) لمیٹڈ ڈیپارٹمنٹ اے پی پوسٹ بکس نمبر ٢٥٣ بمبئی کو ایک پوسٹ کارڈ پر اپنا پورا نام اور پتہ موٹے حروف انگریزی میں روانہ کریں

Viyella DAY & NIGHT WEAR — "Viyella" (Regd) DOES NOT SHRINK
For Ladies, Gentlemens and Children's Wear

اس بات کا خیال رکھیں کہ آپ خاص وائیلا ہی لے رہے ہیں جس کا نام کے آگے ہوبہو نیلی کنار دار رنگ ... جیسا کہ یہاں تصویر میں دکھایا گیا ہے اس کے علاوہ اور کوئی نمونہ لینے سے انکار کردیجئے۔

احناف امرتسر کے شاندار تبلیغی جلسے
علمائے کرام کی ایمان افروز تقریریں

امرتسر ١٥ نومبر ٣٣ء تک مسلسل چھ روز امرتسر میں خوب چہل پہل رہی امرتسر ... مسجد خیرالدین مرحوم میں جمعیۃ احناف ہند امرتسر کے ہنگامہ خیز جلسے ہوئے جن میں حضرت مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا رسول خاں صاحب ... مظاہر العلوم سہارنپور ... [illegible]

ضلع کرنال میں ایک مسجد کی شکستہ حالت
تعمیر کیلئے مسلمانوں سے درخواست

[illegible]

طبیہ کالج کے ایک تجربہ کار اعزازی نمبر

[illegible]

(... میرٹھی)

فیجی میں مرزائی انصار کی فتنہ انگیزی

[illegible]

مشرق تہذیب کی بڑھتی ہوئی آبادی
شاہ علی کی زبان سے اسلام کے اخلاقی اصول کا اعلان

[illegible]

بارہ ہندو راہزنوں چوری کی وارداتیں

[illegible]

ادارہ اصلاح نوجوانان لاہور
حضرت علامہ مولانا محمد کفایت اللہ صاحب کی رائے گرامی

[illegible]

سکرٹری

مدرسہ قاسم العلوم ... کا دوسرا اجلاس

[illegible]

سہ ماہی جریدہ نصرت امرتسر کا دور جدید

[illegible]

ہفتہ وار اخبار قائد

[illegible]

اسلام ایک ... کیمپ میں ماتم

[illegible]

دنیائے طب میں عظیم انقلاب

[illegible]

مینیجر ... ارجن پورا سٹریٹ راولپنڈی

موسم سرما کی فائدہ مند تجارت

[illegible]

الجامعہ

[illegible]

مینیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

... روغن ...

[illegible]

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

[illegible]

معجون مددگار غدود

[illegible]

ایک ضروری گذارش

[illegible]

ملنے کا پتہ:- مینیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ٢٣ کوچہ چیلان دہلی

ایم اے رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی بنی ہوئی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیں!

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار

ہندستان کیلئے

سالانہ — ششماہی — ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ — ششماہی

نمونہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (یکبار) — نصف صفحہ — ایک کالم

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول: بلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی - یوم سہ شنبہ ۹ رشعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ ر نومبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۸

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

بہت ہمت تھی لیکن عربوں کی تہذیب و تعلیم نے اس قوم کو ہر میدان کے قابل بنا دیا تھا۔ ... الغرض کلثوم بن عیاض اور بربری قوم میں مقابلہ ہوا جس کا نتیجہ ... شکست ... محصور ہوگیا۔

بربریوں کی شکست

خلیفہ ہشام کو جب عربوں کی شکست اور کلثوم بن عیاض کے محصور ہونے کی اطلاع ہوئی ... [illegible]

اسپین میں قوم بربر کی بغاوت

افریقہ اور اسپین کے والیوں میں تصادم

لیوں میں اقوام اور اندلس کی خانہ جنگیوں کا مقابلہ

[illegible]

اسپین میں خانہ جنگی

[illegible]

عربوں اور بربریوں میں جنگ

[illegible]

ایک غلط فہمی کا ازالہ

[illegible]

معاصرین کے افکار و آرا

تخفیف اسلحہ کانفرنس نازک مرحلہ پر

ایک ہندوستانی فیلسوف نے کسی زمانہ میں کتنا اچھا کہا تھا "صلح ہے ایک مہلت سامان جنگ"۔

آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ یورپ کی تمام طاقتیں اس یادگار صلح سے جس کی یاد میں گزشتہ ۱۱ نومبر کو چند منٹ کی خاموشی اختیار کرلی گئی تھی جنگی تیاری کا کام لے رہی ہیں۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس کا کن امیدوں اور کن توقعات کے ساتھ آغاز ہوا تھا لیکن اس کا انجام کس قدر عبرتناک اور کتنا افسوسناک ہے۔

فرانس، جرمنی سے دست و گریبان ہونے کے لئے آمادہ ہے اور جرمنی فرانس کی طرف غضبناک نگاہوں سے دیکھ رہا ہے۔ جاپان، واشنگٹن اور لندن کے معاہدہ کی رو سے جس بحری طاقت پر قناعت کئے ہوئے تھے، اب اس کو قبول کرنے سے انکار کرتا ہے ... [illegible]

مولانا احمد سعید اور پنڈت جواہر لال

(آزاد)

[illegible]

حسب و نسب کی پوجا

[illegible]

مقاطعہ

[illegible]

ہندوستان میں نسوانی کانفرنسیں

[illegible]

بہترین اور کم قیمت عطریات یا خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار رفیومری سہسوان یوپی کا نام یاد رکھیے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے۔ فہرست کلاں مفت طلب فرمائیے

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

فتاویٰ رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایات اور ان کے تفقہ سے کون دینی شخص واقف ہو سکتا ہے ... آپ کے فتاویٰ کا مجموعہ ... تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے ... تینوں حصوں کی قیمت ۲؎

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کیلئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ... [illegible]

سیرۃ الحبیب

[illegible]

مسلم الکلام

[illegible]

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

[illegible]

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا

اسلامی دنیا کا کونسا ایسا انسان ہے جو حضرت شیخ الہند کے نام نامی سے واقف نہیں ... [illegible]

تحفۃ المجبین

[illegible]

جنت اور دوزخ

پر ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا کرتی ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائیگا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کردیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارتیں ہیں اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ۸؎ اور جنت کی کنجی کی قیمت ۸؎ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف ۱۲؎ لی جائیگی دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۷ احادیث ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

اعجاز القرآن

حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآرا تقریر ہے ... [illegible]

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری ... [illegible]

پاک زندگی

حضرت العلامہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے ... [illegible]

خاموش تبلیغ

[illegible]

صراط مستقیم

یہ اہم کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کافی ذریعہ ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ (عہ)

دلائل الخیرات

اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ... چرمی ایک روپیہ (عہ)

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا ہے بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے۔

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب حضرت مولانا شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کمال الحسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ/ علاوہ محصولڈاک و غیرہ جلد چرمی نقرئی عہ/

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں ... قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی مجید کی کتابت ایک ایسے دلی خوشنویس سے گراں معاوضہ پر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت الٰہی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زمین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع کی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ ... جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

بدالله علی الجماعة

الجمعیۃ
روزنامہ — دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار — ہندستان کیلئے — ممالک غیر کے لئے

تاریخ اشاعت — بہ عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

مدیر مسئول بلال احمد زبیری (بی اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۸ | دہلی یوم سہ شنبہ ۹ ر شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ نومبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۸

معاصرین کے افکار و آراء

تخفیف اسلحہ کانفرنس نازک مرحلہ پر (مدینہ)

ایک ہندوستانی فیلسوف نے کسی زمانہ میں کتنا اچھا کہا تھا

"صلح ہے ایک مہلت سامان جنگ"

آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ یورپ کی تمام طاقتیں اس یادگار صلح سے جس کی یاد میں گزشتہ ۱۱ر نومبر کو چند منٹ کی خاموشی اختیار کرلی گئی تھی جنگی تیاری کا کام لے رہی ہیں۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس کا کن امیدوں اور کن توقعات کے ساتھ آغاز ہوا تھا لیکن اس کا انجام کس قدر عبرتناک اور کتنا فساد انگیز ہے۔

فرانس، جرمنی سے دست و گریبان ہونے کے لئے آمادہ ہے اور جرمنی فرانس کی طرف غضبناک نگاہوں سے دیکھ رہا ہے۔ جاپان، واشنگٹن اور لندن کے معاہدہ کی رو سے جس بحری طاقت پر قناعت کئے ہوئے تھے۔ اب اُس کو قبول کرنے سے انکار کرتا ہے۔ اور برطانیہ اور امریکہ کو دعوت مساوات دے رہا ہے۔ روس اور جاپان کی آویزش کی خبریں قبل از وقت سہی لیکن یہ وقت بھی قریب نظر آرہا ہے۔ اٹلی اور یونان دونوں ایک دوسرے کو مشتبہ نظروں سے دیکھ رہے ہیں اور دونوں ٹرکی کی دوستی حاصل کرنے میں مصروف ہیں۔ ہر ملک میں جنگی تیاریاں جاری ہیں اور اُن کی رفتار روزانہ کسی نہ کسی اخبار میں سامنے آجاتی ہے۔ اس ہنگامہ شور و غل میں تخفیف اسلحہ کا خیال، تخفیف اسلحہ کانفرنس کی کامیابی کی خواہش اور تخفیف اسلحہ کا ارادہ کون کرسکتا ہے۔ اگر کوشش کی بھی گئی تو اُس کی کامیابی کیسے متحقق ہو سکتی ہے۔

۱۱ر نومبر کو تخفیف اسلحہ کانفرنس کے ایوان اشاعت میں خود صدر کانفرنس مسٹر ہنڈرسن نے صاف الفاظ میں یہ ظاہر کردیا ہے کہ کانفرنس ایسے وقت میں نازک مرحلہ پر پہنچ گئی جب اہم فیصلوں کی توقع تھی۔ صدر کے ان الفاظ کے بعد کانفرنس کی ناکامی میں کوئی شبہ نہیں رہتا صرف ناکامی کے اعلان کا انتظار ہے۔

حسب و نسب کی پوجا (نقیب)

ایک تعلیم یافتہ سید صاحب کے صاحبزادے کی تقریب نکاح تھی۔ نکاح پڑھانے کو ایک ایسے شخص کو تجویز کیا گیا جو حافظ، عالم ہیں اور مسلمانوں کے مذہبی و ملی خدمت گزار۔ لڑکی کے والد بھی اس تجویز سے متفق تھے مگر اس تقریب کے شرکا میں ایک گاؤں کے ایک معمر سید صاحب بھی شریک تھے۔ جب ان کو علم ہوتا ہے کہ فلاں عالم صاحب نکاح پڑھائیں گے تو وہ چراغ پا ہوتے ہیں اور کسی طرح ان کو وکیل یا نکاح خواں بنانے پر راضی نہیں ہوتے۔ عدم رضا کی دلیل یہ پیش کی گئی کہ "سیدانی کا نکاح جولاہا کیسے پڑھ سکتا ہے" انا للہ وانا الیہ راجعون

یہ ہیں اس رسول کی اولاد اور ان بزرگوں کے نام لیوا جنہوں نے اس قسم کے تمام بتوں کو توڑ کر چکنا چور کردیا ہے، جنہوں نے اس ہندوستان میں برہمنوں کے خود ساختہ مذہبی دجلیں یعنی تفریق و امتیاز کو مٹا کر تمام انسانوں کو ان چیزوں میں مساوات کی عزت بخشی۔ کیا اس معمر شخص کے خیال کو اسلام سے کوئی تعلق ہے۔ قطعًا نہیں۔ یہ چیز پھر کہاں سے اس گاؤں کے سید کے دماغ میں آئی؟ وہی اپنے پڑوسی اور جواری ہندو بھائیوں سے کیا فرق! کیا ہمارے لئے اس واقعہ میں کوئی درس عبرت ہے؟

ہم تمام سیدوں سے اور خاص کر ان سیدوں سے جو اب تک علم دین اور حضرت رسول کی تعلیمات و سیرت سے واقف ہیں یہ دریافت کرتے ہیں کہ کیا وہ اس برہمنیت کے بت کو توڑنے کی کوشش نہ کریں گے جو لکڑیوں اور پتھروں کے بت سے زیادہ سخت اور زیادہ نقصان رساں ہے اور اسلام کی ترقی کی راہ میں بدترین رکاوٹ ہونے کے علاوہ مسلمانوں کے لئے تباہ کن اور اسلام کے پاک دامن پر بدنما داغ ہے۔

ہندوستان میں نسوانی کانفرنسیں (تیر)

ہمارے ہندوستان میں بھی عورتوں کی کانفرنسیں منعقد ہورہی ہیں۔ برتھ کنٹرول کے مسئلے چھڑے ہوئے ہیں۔ گاندھی جی ان نوجوان لڑکیوں کو جنہیں مجبوراً کنواری رہنا پڑتا ہے یا جو شادی کرنا نہیں چاہتیں مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنی چھوٹی چھوٹی برادریوں، ذاتوں اور صوبوں سے باہر اپنے لئے مناسب رشتہ کی تلاش کیلئے نکل جائیں۔ اب تو ایسے لوگوں کی تعداد بھی بڑھ رہی ہے جو ازدواجی زندگی کے بغیر ہی نفسانی خواہشات کو پورا کرنا چاہتے ہیں۔ اور اسے بداخلاقی نہیں سمجھتے ان کی امداد کے لئے برتھ کنٹرول کا مسئلہ پیدا کر دیا ہے۔ اور سر نیج بہادر سپرو کی بہو کے مکان پر الہ آباد میں آل انڈیا ویمنز کانفرنس کا جلسہ ہوتا ہے جس میں انسداد تولید کے لئے ... مطالبات کا ریزولیوشن پاس ہوتا ہے اور یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ملک خدا تنگ نیست ہو گیا ہے کہ بڑھتی آبادی کی تاب نہیں لا سکتا۔ اصل بات یہ ہے کہ بے حیائی اور نفس رانی کے کام کو تہذیب کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کی جا رہی ہے ورنہ وہ یہ رائے دیتیں کہ مردوں اور عورتوں کو ہر لحاظ سے بیکار کر دیا جائے تاکہ وہ منشائے قدرت کو پورا کرنے سے بالکل قطعی عاری ہوجائیں۔ ملک خدا کا ہے بندے خدا کے اور ان کا رازق خدا ہے۔ ہیران عورتوں کو اس کی فکر کیوں پڑ گئی ہے کہ آبادی بڑھ جائے گی اسے روکنا چاہئے۔

مولانا احمد سعید اور پنڈت جواہر لال (آزاد)

کچھ روز ہوئے ہیں کہ مولانا شفیع داؤدی نے مسلم کانفرنس کے سلسلے میں مولانا احمد سعید سے خط و کتابت کی تھی اور مسلم کانفرنس کے اجلاس پٹنہ میں شرکت کی دعوت ... جواب ... کی ضرورت ... مولانا احمد سعید نے ... بغیر جن خیالات کا اظہار فرمایا تھا وہ اخبارات میں آچکے ہیں۔ پچھلے دنوں پنڈت جواہر لال نے بھی ایک ایسا اعلان کیا ہے کہ بے شبہ آب زر سے لکھنے کے لائق ہے۔ مولانا اور پنڈت جی کے اس مبارک اقدام پر مولانا عبد الحنان ناظم جمعیۃ العلماء پنجاب نے اپنے ایک بیان میں حسب ذیل تبصرہ کیا ہے۔

"ہر قوم پرست اور محب وطن جب نعرۂ حق بلند کرتا ہوا قوم کو قوم پرستی کے صحیح اصول سے آشنا کراتا ہے تو چاروں طرف سے غرض پرست افراد اور ملک و ملت کے دشمن اس پر حملہ کرتے ہیں مگر ان کی متفقہ یورش بھی خواہان ملک کے قدموں کو متزلزل نہیں کر سکتی بلکہ وہ اور زیادہ عزم و استقلال، شجاعت کی چٹان بن جاتے ہیں۔ حضرت مولانا احمد سعید اور پنڈت جواہر لال نہرو کی دو مثالیں ہندوستان کے سامنے ہیں مولانا احمد سعید نے مسلم کانفرنس کی پوزیشن اور پنڈت جواہر لال نہرو نے ہندو مہا سبھا کی حقیقت بغیر مشتبہ الفاظ میں ملک و قوم کے سامنے رکھ دی جس پر ملک میں ہنگامے ہو رہے ہیں لیکن حق یہ ہے کہ اس وقت ملک کے فداکاروں اور شیدائیوں کو مولانا احمد سعید اور پنڈت جواہر لال نہرو کی تقلید کرنی چاہئے اور ملک کی سچی خدمت کے لئے تیار ہونا چاہئے۔"

مولانا عبد الحنان نے اپنے بیان میں مولانا اور پنڈت جی کے اقدامات کے متعلق جس امر پر روشنی ڈالی ہے وہ حقائق و واقعات کا جامع و مانع سرنامہ ہیں اور ہم کہیں گے کہ آسمان حریت کے یہ نیرین ہیں جن کی قوم پرورانہ ضو و شعاع وطن دشمنوں کی آنکھوں کو خیرہ کرنے کے لئے کافی ہیں۔

حق تو یہ ہے کہ اس وقت ملک کو ان "ذعار" سے جو لاگوں توقعات وابستہ ہیں کیا ملک کی توقع پوری ہوگی اور ہماری آرزو بر آئے گی؟

مقاطعہ! (ملت)

ہندوستان جب کبھی برطانوی مال کا مقاطعہ کرتا ہے تو اس پر بڑا شور مچایا جاتا ہے لیکن خود انگلستان میں ادھر چند دنوں سے جرمنی مال کے مقاطعہ کی انتھک کوششیں ہو رہی ہیں لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس پر وایت کا کوئی اخبار ایک حرف بھی زبان سے نہیں نکالتا۔ جرمنی نے یہودیوں کے ساتھ جو کچھ کیا وہ خواہ اچھا ہو یا برا لیکن اگر ہندوستان کے لئے کسی دوسرے ملک کے مال کا مقاطعہ درست نہیں سمجھا جاتا تو جرمنی کے مال کا مقاطعہ کیوں کر جائز ہو جائے گا؟ اگر مقاطعہ کی اس تحریک نے قوت حاصل کی تو ہمیں اندیشہ ہے اہل انگلستان کو سخت پچھتانا پڑے گا۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے
(از معاون)

اسپین میں قوم بربر کی بغاوت
افریقہ اور اسپین کے والیوں میں تصادم
لیور ... اقوام اور ... انوں کی خانہ جنگیوں کا مقابلہ

گزشتہ نمبر میں امیر عقبہ کے انتقال تک کے حالات درج کئے جا چکے ہیں۔ آگے آگے ملاحظہ فرمایئے۔ ہم کئی دفعہ اس امر کا اظہار کرچکے ہیں کہ ان کالموں میں ہمارا مقصود صرف تاریخی واقعات کا درج کرنا نہیں ہے بلکہ منشا یہ ہے کہ مسلمانوں میں اس ذریعہ قوت عمل پیدا کی جائے اور ان کو بتایا جائے کہ کس چیز نے ان کو ترقی پر پہنچایا تھا اور کس چیز نے ان کو ذلت کی عمیق ترین گہرائیوں میں گرا دیا۔ مسلمانوں کی ترقی اور بہبود کے دو زبردست ذریعے رہے ہیں ایک کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کی اطاعت، دوسرے اتفاق و اتحاد۔ اور جب کبھی مسلمانوں کو ریخت اور پسپائی سے دوچار ہونا پڑا ہے تو اس کے بھی دو ہی سبب تھے۔ کتاب اللہ اور اسلام سے عملی بغاوت یعنی تمسک بالقرآن سے انحراف دوسرے نفاق و اختلاف اور خانہ جنگیاں۔ عہد اول کے مسلمانوں نے قیصران روم اور اکاسرہ ایران کی سطوت و جبروت کو صرف توحید خالص عمل صالح اور اتحاد کے بے پناہ ہتھیاروں سے سرنگوں کیا تھا اور اسی وجہ سے وہ معمورۂ ارضی کے دو تہائی حصوں پر چھا گئے تھے لیکن جب بعد کے مسلمانوں نے تباغض و تنافس، بے عملی، بے راہ روی اور نار کی کو اپنی زندگی کا لازمہ بنا لیا تو وہ ترقی کرنے کے بجائے گرتے ہی چلے گئے اور ایسے گرے کہ پھر اٹھے، یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے اور بار بار ان ہی کالموں میں اس کا اظہار کیا جا چکا ہے کہ اسلام اور شوکت و عظمت، خلافت و سلطنت لازم و ملزوم ہیں یعنی اسلام پر عمل کرنے کا لازمی نتیجہ حصول سلطنت ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مومنین صادقین اور عاملین مخلصین سے بار بار استخلاف فی الارض کا وعدہ فرمایا ہے اور یہ وعدہ سچے مسلمانوں کے لئے ایسا ہی لازم ہے جیسا آفتاب کے لئے روشنی اور حرارت لازمی ہے۔ لہٰذا شکست اور پسپائی خود ہمارے اپنے اعمال کا نتیجہ ہے جو شخص اس کا الزام اسلام پر لگاتا ہے اس سے بڑھ کر کذاب اور کوئی نہیں ہو سکتا۔

اسپین کی ترقی اور خوشحالی اور وہاں کی اسلامی حکمرانی کا قدرے حال ملاحظہ فرما چکے ہیں لیکن ذرا وہاں کے امراء اور سلاطین کی خانہ جنگیوں کا حال بھی ملاحظہ کیجئے تاکہ آپ کو اس بات کا یقین ہو جائے کہ کسی وقت میں بھی مسلمانان اسپین کے زوال کا سبب خود مسلمان ہی تھے نہ کہ دوسری قومیں۔ شاید کہ مسلمان ان واقعات سے کوئی عبرت حاصل کر کے اعتصام بحبل اللہ کی قدر و قیمت پہچانیں۔

مغرب اقصیٰ میں بغاوت

خلیفہ یزید بن عبد الملک کے بعد ہشام بن عبد الملک سریر آرائے سلطنت ہوا۔ ہنوز اس خلیفہ نے امور سلطنت میں تنظیم بھی پیدا نہیں کرنی پائی تھی کہ اسے اطلاع ملی کہ قوم بربر نے مغرب اقصیٰ میں بغاوت کر دی ہے۔ اس بغاوت کو فرو کرنے کے لئے ہشام بن عبد الملک نے پہلے یہ کام کیا کہ عبد اللہ گورنر افریقہ کو معزول کردیا اور اس کی جگہ کلثوم بن عیاض کو افریقہ کا گورنر مقرر کردیا۔ کلثوم بن عیاض ایک جرار فوج کے ساتھ ملک شام سے افریقہ کو روانہ ہوئے۔ اس وقت افریقہ میں بربر ... میسرہ نے اپنی حکومت قائم کرلی تھی۔ جب اس نے یہ سنا کہ شام سے میسرہ کی سرکوبی کے لئے فوج آرہی ہے تو اس نے بھی مقابلہ کی ٹھان لی اور میدان میں آکھڑا ہوا۔

عربوں اور بربریوں میں جنگ

عربوں نے جب پہلے پہل افریقہ کو فتح کیا تھا تو ان کو بربری قوم سے کوئی خوف نہ تھا کیونکہ اس وقت یہ قوم غیر منظم پراگندہ، فنون حرب سے ناآشنا اور بے ہمت تھی لیکن عربوں کی تہذیب و تعلیم نے اس قوم کو ہر میدان کے قابل بنا دیا تھا۔ طارق بن زیاد نے مشہور جنگ وادی الکنتہ کو اسی بربری قوم کی بدولت سر کیا تھا۔ الغرض کلثوم بن عیاض اور بربری قوم میں مقابلہ ہوا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عربوں کو شکست اٹھانی پڑی اور امیر اپنی شکست خوردہ فوج کے ہمراہ قلعہ سبطہ میں محصور ہو گیا۔

بربریوں کی شکست

خلیفہ ہشام کو جب عربوں کی شکست اور کلثوم بن عیاض کے محصور ہونے کی اطلاع ملی تو انہوں نے امیر حنظلہ کو شام سے مغرب اقصیٰ روانہ کیا جہاں امیر موصوف نے بربری فوج کو متعدد شکستیں دیں اور کلثوم کو مع ان کی فوج کے قلعہ سبطہ سے رہا کرایا۔ ہنوز یہ بغاوت فرو نہ ہوئی تھی کہ اندلس کے بربریوں نے جو تمام ملک میں پھیلے ہوئے تھے افریقہ کے بربریوں کی حمایت میں بغاوت شروع کردی۔ اس بغاوت کا حال سن کر خلیفہ ہشام کو یقین ہو گیا کہ آسانی سے یہ شورش ختم نہ ہوگی اس لئے انہوں نے امیر بلج بن بشر قشیری کو افریقہ سے بلایا اور اس سے وعدہ کیا کہ بغاوت فرو ہونے کے بعد اہل شام کو خطابات و انعامات دئے جائیں گے۔ چنانچہ امیر بلج نے اندلس میں قدم رکھتے ہی بربریوں کا مقابلہ کرنا شروع کر دیا اور عربی فوج کے ہمراہ بربریوں کا سرحد تک تعاقب کرکے انکو بھگا دیا۔

اسپین میں خانہ جنگی

امیر بلج کو عبد الملک نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ بغاوت فرو ہونے کے بعد تم فوراً افریقہ واپس چلے جانا جس کا امیر نے وعدہ بھی کر لیا تھا لیکن بعض وجوہ کی بنا پر اندلس کے عیسائی اور مسلمانوں نے امیر بلج کو اندلس کا والی مقرر کر دیا اور عبد الملک کو قید میں ڈال دیا۔ آخر بعض شدید عرب ... کے کہنے سننے سے امیر بلج نے عبد الملک کو قتل کر دیا۔

عبد الملک کے دو بیٹے تھے قطن اور امیہ، انہوں نے قرطبہ سے بھاگ کر ان لوگوں میں پناہ لی جو بربری قبائل سے تعلق رکھتے تھے۔ آخر انہوں نے امیر بلج سے جنگ کرنے کے لئے ایک لاکھ فوج جمع کی اور شہر قرطبہ کا محاصرہ کرنے کیلئے چل کھڑے ہوئے۔ امیر بلج نے بھی شہر سے نکل کر ان کا مقابلہ کیا اور شامی فوجوں نے قطن اور امیہ کو شکست دیدی، اسی جنگ میں امیر بلج کے ایک نیزہ لگا اور وہ گھوڑے سے زمین پر گر پڑے اور دوسرے روز ۱۲۴ھ میں ٹھیک داخلہ اندلس کے گیارہ ماہ بعد انتقال کر گئے۔

رعایائے اندلس کی حفاظت

جواہرلال نہرو کی ایک ہی ضرب سے ہوش اڑگئے

لاہور ۲۸ نومبر۔ آریہ سماج انارکلی لاہور کے سالانہ جلسہ کے سلسلہ میں کل ڈی۔ اے۔ وی مڈل اسکول کے پنڈال میں بھائی پرمانند صدر ہندو مہاسبھا نے ایک طویل تقریر کی جس کے دوران میں انہوں نے ان لوگوں کے اعتراضات کا جواب دیا جو آپ کو ہندو مسلم اتحاد کا مخالف بتلاتے ہیں۔

ہندوؤں کی موجودہ پوزیشن کا ذکر کرتے ہوئے بھائی جی نے فرمایا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ ہندو جاتی میں جان پیدا ہوجائے۔ مجھ پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ میں سوراجیہ کے خلاف ہوں لیکن یہ الزام بالکل غلط ہے۔ میری دلی خواہش ہے کہ دیش آزاد ہو لیکن میں یہ نہیں چاہتا کہ سوراجیہ ہندو جاتی کی نیست پر حاصل ہو۔ میں اتحاد کا دشمن نہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی نہیں چاہتا کہ ہندوؤں کی تہذیب وتمدن تباہ ہوجائے۔

مغربی تقلید ایشیا کیلئے موت ہے

یورپین تہذیب خدا کی مخلوق کیلئے عذاب الیم ہے

رابندرناتھ ٹیگور کی فاضلانہ تقریر

بمبئی ۲۸ نومبر کل بمبئی میں ملک الشعراء ڈاکٹر رابندرناتھ ٹیگور نے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مشرقی نوجوان مغربی حسن پر فدا ہیں وہ مغرب کے طریقوں اور مغربی ذہنیت کی تقلید کرنا چاہتے ہیں وہ جدت پسندی میں ہی ترقی آزادی نوجوانی اور زندگی کا راز دیکھتے ہیں لیکن جدت پسندی کی کسوٹی وقت نہیں ...

مظاہرے مشرقی ذہنیت میں گھر کرگئے۔ مغرب کی توہین آمیز منتقی نے ایشیا کے دل پر تیر کا کام کیا اور اب یہ دن آگیا ہے کہ ایشیا کو یہ دیوانی جاہلانہ زبان سے چاٹ رہا ہے ...

مختصرات

رائے پور۔ گاندھی جی نے سودیشی نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان جیسے زراعتی ملک میں ہماری نجات کا واحد ذریعہ کھادی کے استعمال سے ہے ...

الہ آباد۔ پائنیر کا نامہ نگار مقیم لندن نے لکھا ہے کہ ہندو مہاسبھا نے وزیر ہند کو لکھا تھا کہ فرقہ وارانہ فیصلہ منسوخ کیا جائے اس کا جواب وزیر ہند نے یہ دیا ہے کہ حکومت نے یہ فیصلہ مجبور ہوکر کیا ہے کیونکہ ہندوستانی اپنا فیصلہ نہیں کرسکے اس لئے اس کو منسوخ نہیں کیا جاسکتا۔

لندن۔ چودھری ظفراللہ خاں (قادیانی) نے ہندوستان روانہ ہوتے وقت کہا ...

ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ جاری رہیگا

جاپان کے نمائندوں کا فیصلہ

اوساکا ۹ نومبر جاپانی روئی کے سوداگروں نے فیصلہ کرلیا ہے کہ ہندوستانی کی خام روئی کا بائیکاٹ بدستور جاری رکھا جائے ...

شاہ ایران کی تخت سے دستبرداری

کیا مغربی پروپیگنڈہ وہاں بھی گل کھلائے گا؟

لندن ۲۸ نومبر ایوننگ سٹینڈرڈ کے سپیشل نامہ نگار مقیم طہران نے ایک نہایت ہی ہیجان انگیز اطلاع اپنے اخبار کو بھیجی ہے جسے نمایاں طور پر شائع کیا گیا ہے۔ بیان کیا گیا ہے کہ رضا شاہ پہلوی عنقریب تخت سے دست بردار ہوجائیں گے کیونکہ وہ افیون زیادہ استعمال کرتے رہے ہیں جس کی وجہ سے حکومت کے کام کی طرف توجہ نہیں دے سکتے۔

انقلاب زندہ باد پر لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ

فرانس کو وزیراعظم کی ضرورت

یونان کو امریکہ کی دھمکی

ریل گاڑی کو تباہ کرنے کی کوشش

لائن پر لوہے کا انبار۔ انجن ٹوٹ گیا

کانگریس کی نئی پارٹی کا مقابلہ

افغانستان سے اسلحہ کی برآمد

وائسرائے کے استقبال پر ۲ لاکھ روپیہ کا خرچ

جمعیۃ العلماء کانپور کا اجلاس لکھنؤ میں

شرابیوں سے شادی کی جائے

زرعی بنک سے دیہاتیوں کو قرض دیا جائے

اعلان تعطیل

کوہ مری کی جامع مسجد میں ایک عظیم الشان جلسہ

شاہ نادر خاں کی وفات پر اظہار تعزیت

جو اعلیحضرت شہید غازی محمد نادر شاہ کی حسرتناک موت پر اظہار تعزیت اور ان کے فرزند رشید اعلیحضرت محمد ظاہر شاہ کی تخت نشینی پر تبریک کی غرض سے تحت صدارت جناب حضرت صاحب پیر محمد علاء الدین سجادہ نشین خانقاہ سوہی زئی ڈیرہ اسماعیل خاں منعقد ہوا۔ بتاریخ ۱۷ نومبر ۱۹۳۳ء حضرت صاحب پیر محمد علاء الدین سجادہ نشین فوق الذکر جب کوہ مری تشریف لائے تو چونکہ اعلیحضرت نادر شاہ غازی کی شہادت کی سب لوگوں کو اطلاع ہو چکی تھی لہذا پیر صاحب کی صدارت میں تعزیت شہادت شہید اور تخت نشینی فرزند رشید پر تبریک کی غرض سے جلسہ کا اعلان کیا گیا۔ چنانچہ وقت مقررہ پر ہزارہا لوگوں کا اجتماع ہو گیا۔ حضرت پیر صاحب نے کھڑے ہو کر فرمایا کہ آج تمام عالم اسلام کے لئے عموماً اور ملت افغانیہ کے لئے خصوصاً روز بروز ایک سے ایک نیا حادثہ پیش آ رہا ہے۔ اعلیحضرت شہید نادر شاہ غازی کا وجود مسعود تمام افغانستان کے لئے باعث رحمت ثابت ہوا۔ کیونکہ یہ اس اولوالعزم اور باتدبیر بادشاہ کے طفیل تھا کہ افغانستان ایک جاہل اور سفاک ڈاکو کے دست ستم سے نکل کر پرامن دامان کی زندگی بسر کرنے لگا یہ ایک بڑا شاہ وسند رہے کہ بزرگترین جنبیر پر شدید ترین مصائب کا سامنا کیا اور محض خدمت قوم کے عشق میں انہوں نے ایسی مشقتوں کو برداشت کیا جو بظاہر قوی سے قوی آدمی کو بھی مضمحل و نحیف اور گداز کر دیتی ہیں اعلیحضرت کی ثابت قدمی کی بہترین دلیل اور اعلیٰ ترین ثبوت اس سے بہتر [illegible]

[illegible]

افغانستان ان کے زیر سایہ دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرے۔ جلسہ کے اختتام پر زندہ باد محمد ظاہر شاہ تاجدار افغانستان کے نعرے بلند ہوئے اور جلسہ برخاست ہوا۔

(نامہ نگار)

افغان قونصل خانہ دہلی کا ایک اہم اجتماع

اعلیحضرت غازی نادر شاہ شہید کے حادثہ فاجعہ کے سلسلہ میں دہلی کے افغانی طلبہ عالی جناب قونصل جنرل صاحب دہلی کی خدمت میں تعزیت و مراسم فاتحہ خوانی کی بجا آوری کے سلسلہ میں حاضر ہوئے۔ چنانچہ ان سب نے موجودہ حکمران کابل سے اپنی قلبی محبت و عقیدت کا اظہار کیا۔

کچھ عرصہ کے بعد علامہ صلاح الدین سلجوقی نے افغانی طلبہ مقیم دہلی کو ایک دعوت دی جس میں تمام لوگوں نے شرکت کی۔

دعوت کے اختتام پر آقائی نجم الدین افغانی نے جو مدرسۂ امینیہ کے فارغ التحصیل ہیں اور جامعہ ملیہ میں آج کل علوم انگریزی کی تکمیل کر رہے ہیں، نیز افغانستان کے صوبۂ بدخشاں کے ایک عالی مرتبت خاندان کے چشم و چراغ ہیں، ایک دلچسپ، مدلل، مختصر اور عالمانہ تقریر کی موصوف نے اپنی تقریر میں احمد شاہ ابدالی کے عہد سے اعلیحضرت غازی نادر شاہ کے عہد معدلت مہد تک کے تمام امور سیاسی و تاریخی اور انقلابات داخلی و خارجی پر ایک مختصر گر جامع تبصرہ کیا۔ پھر از تفصیل سے عہد نادری کے برکات و خصائل حاضرین کے سامنے پیش کئے۔ موصوف نے فرمایا کہ افغانستان میں نادر شاہ غازی کے مبارک عہد میں، علمائے کرام کو جو اثر و اقتدار، جاہ و منزلت اور اعزاز و اکرام حاصل ہو رہا ہے وہ سابقہ کے زمانہ میں حاصل نہیں تھا۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ دیوبند [illegible]

[illegible]

تنظیم ملت بذریعہ مساجد

[illegible]

الہ آباد میں یوم فلسطین کا عظیم الشان جلسہ

اینگلو یہودی گٹھ جوڑ کے خلاف مسلمانوں کا ہیجان

[illegible]

چینی ڈاکوؤں نے ایک پورے ٹرین کو برباد کر دیا

[illegible]

ہندوستان میں فوجی بھرتی شروع ہوگئی

[illegible]

قصر کفر و الحاد میں ہلچل

[illegible]

چودھری عبدالرشید خاں منیجر دفتر آئینہ نیا حضرت نظام الدین دہلی

[illegible]

اور علماء امت محمدیہ کی خلافت کا اعلان و استحکام عالم بیت الحرام اور مسجد اقصیٰ بیت المقدس سے لیکر آسمان ہر طرف اور... اور فرمایا تھا۔ لازم ہے کہ مسلمان اپنی اس خلافت ارضی کو قائم و ثابت کریں، اور اپنی خلافت کو مقام مقدس یعنی بیت المقدس کی مقامات میں متحد ہو جائیں

عراق ریلوے

نجف اشرف، کربلائے معلیٰ، کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام، تیز رفتاری اور نہایت سستا کرایہ سے سفر کریں۔ مختلف درجوں کی زیادتی کوپن کی کتابیں جو ۱۵۰ دن تک کارآمد ہوں گی نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لے جا سکتے ہیں

	درجہ دوم	درجہ سوم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا، کاظمین، سامرہ سے واپسی بصرہ	[illegible]	۱۴ [illegible]
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلائے معلیٰ، کاظمین، نجف اور واپسی	[illegible]	۱۲ [illegible]

تین سال سے کم عمر کے بچہ کا کرایہ معاف اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا نصف کرایہ لیا جاتا ہے بمبئی اور کراچی سے ہر ہفتہ جہاز بصرہ کی بندرگاہ معقل کو جاتے ہیں جہاں ریلوے کے افسران زائرین کو ان کے آرام اور زیارتگاہوں کو جانے والی گاڑیوں میں جگہ کا انتظام کرنے کے لئے استقبال کرتے ہیں زائرین جو مکہ کی زیارت کرنا چاہتے ہیں ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عراق کے راستہ سے سفر کریں اور اس طرح سے ایک ہی وقت میں بہت سے ملک کی زیارت گاہوں کی زیارت کے مواقع بھی مل جائیں گے۔ بغداد سے دمشق کو بذریعہ موٹر ۲۴ گھنٹہ میں سفر کیا جا سکتا ہے دمشق سے جدہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا کرایہ حسب ذیل ہے

درجہ دوم	درجہ سوم بلا خوراک
۱۹ [illegible]	[illegible]

ہندوستان میں عراق ریلوے کے ٹکٹ اور کوپن کی کتابیں بمبئی اور کراچی میں ایجنٹوں سے خریدے جا سکتے ہیں

(۱) مولوی محمد باقر صاحب مسافر خانہ حاجی دیوجی جمال جیل روڈ عمر کھاڑی بمبئی
(۲) آنریری جائنٹ سکرٹری فیض پنجتنی پالا گلی بمبئی
(۳) مسٹر اے۔ ای۔ رٹیا ماندوی کولی واڑی بمبئی نمبر ۳
(۴) جیب حاجی رحمت اللہ صاحب کھارادر کراچی
(۵) مسٹر عبدالعلی شیخ بھائی جی معرفت میسرز یوسف علی بھائی کریم جی اینڈ کمپنی بندر روڈ کراچی
(۶) آنریری سکرٹری فیض پنجتنی معرفت حاجی جیٹھا بھائی کوکل کوڈی باغ کراچی

نوٹ:۔ ایک ہی جہاز پر ایک سو یا اس سے زائد تعداد میں بصرہ کو سفر کرنے والے زائرین کو جہاز کے کرایہ میں رعایت مل سکتی ہے

کتاب الحج والزیارۃ

[illegible]

کتاب الحج والزیارۃ

[illegible]

Rander, Surat. حافظ صالح حافظ محمد راندیر ضلع سورت

سرحد میں علماء حق کی اصلاحی سرگرمیاں

شب برات کی بدعتوں کے خلاف جہاد

[illegible]

مسلمانوں کی ہڈیوں کو فروخت ہونے سے بچاؤ!

[illegible]

ہم تمام مسلمانان دہلی اور انجمن محافظ اوقاف کو توجہ دلاتے ہیں کہ جلد از جلد اس طرف رجوع ہوں اور مرحوم مسلمانوں کی ہڈیوں کو محفوظ مکان [illegible]

امروہہ میں ایک عالم کی وفات

[illegible]

طلبا کو آپ کی ذاتی صلاح کا نہایت تعلق ہے وہ قرآن پڑھ پڑھ کر آپ کی روح کو ثواب پہونچا رہے ہیں۔ مرحوم نہایت قلیل عرصہ بیمار رہے ہیں رب العالمین کا فاتحہ ہو گیا اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس نصیب کرے۔

مرحوم نے ایک لڑکا محمد احمد حسن کی عمر ۸ سال ہے یادگار چھوڑا ہے خداوند کریم [illegible]

مدرسہ انوار العلوم گیا کا سالانہ جلسہ

[illegible]

مسلمان مرتد کیوں ہوتے ہیں

[illegible]

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے!

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرمایا تھا اس نسخے کے متعلق یہ عبارت درج ہے:۔

"ایک ہفتہ کے استعمال میں ہیں صد سالہ شخص جوان پانزدہ سالہ کے ہو گئے تا دم مرگ طاقت جسمانی ہمہ عضو قائم و برقرار رہے ہر روز ...... بزار شہوت و زیادہ قوت میں ...... [illegible]

[illegible]

معجون مددگار غدود [illegible]

[illegible]

ایک ضروری گذارش [illegible]

ملنے کا پتہ:۔ منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۳ کوچہ چیلان دہلی

مادر وطن کا آغوش آج بھی ہے

[illegible]

الجامعہ

جامعہ دہلی کا علمی، مذہبی، ادبی رسالہ

[illegible]

پانچ سو روپیہ انعام

[illegible]

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ۔ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورے سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی، دواد، پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک، آتشک، اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے نابود ہو جاتا ہے۔ اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے، بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت بارہ خوراک کی شیشی ۱۲ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال:۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کی گنجائش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۳۲ دہلی سے طلب کیجئے

عورتوں و بچوں کے متعلق چند ادویات!

دایہ لائق

اٹھرا کی دوائی

سو ماوتی

پرسوت ہٹی

گودھری

میٹھا پھل نعمت عظمیٰ

بال سکھا

پنیر

بلارام

گربھ چنتامنی رس

سپاری پاک

امرت دھارا لاہور

[illegible]

دہلی کے مقامی ایجنٹ:۔ میسرز بہاری لال کھاری رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

ایم اے رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی بنی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائیدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیں!!

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

الجمعیۃ
دہلی

سہ روزہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

قیمت اخبار
ہندوستان کے لیے

تاریخ اشاعت

نرخنامہ اشتہارات

جلد ۱۸	دہلی یوم شنبہ ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء	نمبر ۴۰

ہندوستان کے بدترین رجعت پسندوں اور فرقہ پرستوں کی ٹولیاں

ہندو مہاسبھا کی "قوم پروری" کا بے نقاب چہرہ

پنڈت جواہرلال نہرو کا مفصل و مبسوط بیان

(ترجمۂ خصوصی)

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کے اس مکتوب گرامی کے بعد جو مولانائے ممدوح نے مسلم کانفرنس کے سکرٹری مولانا شفیع داؤدی کے نام لکھا تھا، پنڈت جواہرلال نہرو کا وہ مفصل و مبسوط بیان جو موصوف نے ہندو مہاسبھا کے متعلق فلسفیانہ پیرایہ میں دس ۱۰ پانچ صفحات پر لکھ کر شائع کرایا ہے۔ ہندوستان کی سیاسی تاریخ میں ایک نہایت اہم دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہمیں افسوس ہے کہ یہ پورا بیان اب تک کسی اردو اخبار میں شائع نہیں ہوا جس کی وجہ سے اردو داں طبقہ ہندو فرقہ پرستوں کے متعلق پنڈت ...

حکومت کے تنخواہ دار اور خطاب یافتہ

میں یہ خیال نہیں کرتا کہ ان بیانات سے عام طور پر مسلمانوں کے افکار و اوار کی ترجمانی ہوتی ہے یا فرقہ داریت کی طرف رجحان رکھنے والے مسلمانوں کی اکثریت بھی اسی خیال کی ہے ...

اصل موضوع بحث

...

بیس ۲۰ لاکھ روپے نقد بالکل مفت لوٹو
اور اپنی قسمت آزمائی فوراً کر لو

خاص نوٹ

انعامات بذریعہ امپیریل بنک اوف انڈیا یا تار والے منی آرڈروں کے ذریعہ تقسیم کئے جائیں گے

... چار انعامات مندرجہ ذیل ہیں پہلا انعام چار لاکھ روپے۔ دوسرا انعام تین لاکھ روپے۔ تیسرا انعام دو لاکھ روپے۔ چوتھا انعام ایک لاکھ روپے ...

سپیشل ہیر آئیل ملنے کا پتہ بجضور صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر دی لنڈن انگلش سپیشل ہیر آئیل ورکس فرسٹ میرین لائینز متصل انڈین ملٹری ہوسپیٹل بمبئی ۲

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

اعجاز القرآن

تفسیر مظہری

پاک زندگی

خاموش تبلیغ

صراط مستقیم

دلائل الخیرات

حیات محمود سفرنامہ اسیر مالٹا

تحفۃ المجبین

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے

نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرما دیا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائیگا ...

فتاویٰ رشیدیہ

تعلیم الاسلام

سیرۃ الحبیب

علم الکلام

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

مینیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

مولانا احمد سعید اور پنڈت جواہر لال نہرو کا زلزلہ انگیز اعلان

حکومت پرستوں اور فرقہ پروروں کی صفوں میں کھلبلی

مولانا مفتی محمد نعیم صاحب کی اہم تصریحات

کچھ عرصہ ہوا کہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے مسلم کانفرنس کی حکومت نواز پالیسی کے خلاف بلاخوف لومۃ لائم حق کا ہمیشہ سے طغرائے امتیاز رہا ہے۔ ایک زبردست حریت آموز اور حقیقت افروز بیان اخبارات میں شائع فرمایا ...

لیکن دوسری طرف ہندوستان کے نوجوان طبقہ نے در اصل جن کے کندھوں پر ہندوستان کے مستقبل کا دارومدار ہے - جواں بخت نوجوان ...

ہے اور وہ یہ ہے کہ ان تحفظات پر مؤثر عملدرآمد کیا جائے جو دستور میں گورنروں کو دئے گئے ہیں ...

تنگ نظری

ایک دوسری جماعت یعنی لاہور کی پنجاب ہندو دیو تہ لیگ نے جس کے متعلق میں کچھ نہیں جانتا اپنے ایک پبلک بیان مورخہ ۲۹ مئی ۱۹۳۶ء میں کہا ہے کہ "ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہندو مسلم اتحاد سے زیادہ برطانیہ اور ہندوستانیوں کے درمیان اتحاد کا وقت آگیا ہے ... ہندو لیڈروں کو دستور اساسی اور کابینوں میں ہندو اقلیت کیلئے تحفظات حاصل کرنے پر اصرار کرنا چاہئے"

"ہندو کیو نلزم" کا دوسرا نام ہے "ہندو نیشنلزم" تک پہنچنے کے لئے کونسا راستہ ہے؟ "برطانوی امپیریلزم" (برطانوی شہنشاہیت) کے ساتھ اتحاد عمل اور بس۔ بھائی جی اپنے خطبہ صدارت میں فرماتے ہیں کہ "میں اپنے اندر یہ جذبہ موجزن پاتا ہوں کہ اگر جدید ہندوستان کے سیاسی دستور میں ہندوؤں کے مرتبہ اور ذمہ دار پوزیشن کا اعتراف کرلیا گیا تو وہ برطانیہ عظمیٰ کے ساتھ نہایت خوشی سے اتحاد عمل کریں گے۔"

حکمراں طاقت سے اتحاد

قومیت کا تخیل

ادائے قرض

فرقہ پرستی اور سرمایہ داری

مہاسبھا اور واشٹ سیوک

حکومت کی ناراضی کا خوف

سندھ ہندو سبھا

حکومت کیلئے تحفظات

قوم پرستی یا فرقہ پرستی

مخصوص ذہنداری

فرقہ پرستی کے دلائل

قول فیصل

مولانا شفیع داؤدی ممبر حج تحقیقاتی کمیٹی کے بیانات پر مفصل بحث

حجاز کے متعلق "خفیہ" یا "صیغہ رازکی" رپورٹ

(از ادارۃ الجمعیۃ)

(گزشتہ سے پیوستہ)

حکومت حجاز کے لئے رپورٹ

جب مولوی شفیع داؤدی ممبر اسمبلی نے محسوس کیا کہ یہ صیغہ راز کی تاویل بھی ... معلوم نہ کرسکی تو آپ نے ایک اور چوتھی تاویل وضع کی۔ آپ فرماتے ہیں کہ کمیٹی نے ان دقتوں کی اصلاح کیلئے چند سفارشات مرتب کی تھیں اور حکومت ہند سے یہ درخواست کی تھی کہ وہ ان سفارشات کو حکومت حجاز کے پاس پہونچادے ...

سے لے کر آزاد نہ کیا گیا تھا۔ انہیں نام نہاد شکایات کی بنا پر ارمینیا کے متعلق ... آفت ترکوں کے سر پر نہ آئی ...

عمل اور مخالفت کا سوال

بین الاقوامی قانون

مداخلت کی ناگریزی یا امکان

"You can not expect another Government to dictate them on such matters"

مولانا شفیع داؤدی کا خفیہ رپورٹ

یا صیغہ راز کی رپورٹ سے ظاہر ہے۔ یہ سب جانتے ہیں کہ گناہ کا مرتکب گنہگار ہوتا ہے لیکن گناہ پر اصرار کرنے والا اپنے لئے گمراہی کا سامان مہیا کرلیتا ہے۔ جو ممبران حج تحقیقاتی کمیٹی اس وقت اپنی رپورٹ کو حق بجانب ثابت کرنے پر مصر نہیں ہیں ...

مولانا خود اپنے خطبہ میں فرماتے ہیں کہ "نو ارکان کی ایک کمیٹی زیر صدارت مسٹر کلیٹن بنائی گئی تھی" ...

ایک اور امر قابل غور ہے کہ اگر مولانا کے علاوہ دیگر نو مسلم ارکان بھی ہوں تو کم از کم خطا کا عشر یعنی دسواں حصہ تو یقینی مولانا کے ذمہ عائد ہوتا ہے ...

حاجیوں کا پہلا جہاز روانہ ہوگیا

بمبئی کی ساحلی حج کمیٹی پر حکومت کا قبضہ

(از مولانا محمد اسماعیل صاحب غزنوی)

حاجیوں کا پہلا جہاز ۱۷۵ حاجیوں کو لیکر روانہ ہوگیا ...

میں نے چند سالوں سے یہ مطالبہ شروع کیا کہ الگ الگ نشان لگادیں کہ ایک حاجی کی یہ جگہ ہے ...

جہاز میں بیماری گرفتاری

بمبئی کی ساحلی حج کمیٹی

مجکو جہاز پر جانے کی اجازت

حاجیوں کی خدمت میں ضروری گذارشات

ایک طرفہ ٹکٹ خریدیں

تصویریں نہ لگائیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ ہجری

مسلم کانفرنس کا نامۂ اعمال

وہ جماعت جس نے اپنی ملت اور اپنے ملک سے ہمیشہ غداری کی

(۲)

ہم اشاعت گزشتہ میں مسلم کانفرنس کی تاسیس کے متعلق بنیادی غلط کاریوں کا ذکر کر چکے ہیں اور یہ بتا چکے ہیں کہ اس جماعت کو مستقل حیثیت کے ساتھ مسلمانوں نے کبھی بھی قائم نہیں کیا تھا اور اس کا کوئی تعلق اس آل پارٹیز مسلم کانفرنس سے نہیں ہے جو دہلی میں منعقد ہوئی تھی اور "مولانا" شفیع داؤدی اور "علامہ" اقبال اور ان کے روزنامچہ "انقلاب" کو یہ چیلنج دے چکے ہیں کہ اگر ان کے بیانات کو حق و صداقت کے ساتھ کوئی دور کا واسطہ بھی ہے تو وہ آل پارٹیز مسلم کانفرنس منعقدہ دہلی کی کوئی ...

فریب آمیز طریقے

کیا لوگ یہ بھول گئے ہوں گے وزیر اعظم کا فیصلہ صادر ہونے کے بعد جب اسی کانفرنس کا ایک جلسہ دہلی میں منعقد ہوا اور "داؤدی گروپ" پر لے دے کی گئی تو انہوں نے مسلمانوں کے جوش و خروش کو ٹھنڈا کرنے کے لئے بہت ایچ پیچ کے ساتھ ایک قرارداد منظور کی اور لاہور کے سالانہ اجلاس پر اس معاملہ کو ٹلانے کی پر فریب کوشش کر کے منتشر ہو گئے۔ اس وقت "انقلاب" بھی بہت کچھ دنوں کی لے رہا تھا ...

... کے ساتھ جداگانہ ... ہندو ... سے انکار کر دیا۔ اور ڈاکٹر انصاری کی کوشش پر اس قرارداد کے مطابق مفاہمت کی صورت پیدا ہو جانے کے باوجود اپنے دہلی والے اجلاس میں جداگانہ انتخاب کو ایک مستقل مطالبہ بنا کر بیٹھ گئے لیکن جب حکومت سے معاملہ پڑا اور اس نے تمام ایسے مطالبات کو جن سے برطانوی اقتدار میں کمی ہو سکتی تھی ٹھکرا کر خالص فرقہ وارانہ مطالبات کو جزوی حیثیت سے منظور کر لیا اور پنجاب و بنگال کی ان اکثریتوں کو جن کا امکان مخلوط انتخاب کی صورت میں نہایت قوی تھا زائل کر کے مستقل اقلیتوں میں تبدیل کر دیا تو انہوں نے آہستہ آہستہ پینترے بدل کر اس فیصلہ کو پہلے دبے الفاظ میں اور اس کے بعد علانیہ منظور کر لیا اور اب اس کی حمایت میں ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں ...

... اسلامیہ کا مفاد نہیں ہے بلکہ انگریزوں کی دوستی اور ان کی حمایت کا جذبہ اور اپنے لئے موزارتیں اور ملازمتیں حاصل کرنے کی خواہش ان کے اعمال و افعال کی حقیقی محرک ہے ... مسلم کانفرنس کی تمام زندگی اپنی اعمال کی ایک تفصیل ہے کیونکہ اول روز سے قبل ہندو مسلمانوں کے درمیان سمجھوتہ نہ ہونے کی کوشش کرنا اور جب سمجھوتہ نہ ہو سکے اور برطانیہ اپنے ایوارڈ کو یہ کہہ کر نافذ کر دے کہ ہندوستان کی قومیں خود کوئی فیصلہ نہیں کر سکیں اس لئے ہم مجبوراً یہ فیصلہ کرتے ہیں تو پھر اس فیصلہ کو سر پر بٹھانا اور اس کو قبول کر کے برطانوی اقتدار کو ہندوستان پر اور زیادہ مضبوط و مستحکم کرنا ... مسلم کانفرنس کی غداری و ملت فروشی سے انکار کر سکتا ہے۔

کے الزامات حسب ذیل ہیں:

(۱) ہندو ... اور مخالف قوم ...

(۲) اپنی ... پردہ میں چھپا ...

(۳) بھائی ... پر اظہار فخر ... تعاون کیا ...

(۴) بھائی ... چونکہ منکر ... انگریزوں کو خوش ...

(۵) بھائی ... اتحاد نہیں چاہتے ...

(۶) ... حاصل کرنے ... فارم سے ... برطانیہ کے ...

(۷) ڈاکٹر ... جی کی مذمت ...

(۸) ... طریقے اور ...

(۹) ... خلافت ... سراسر ناجائز ...

(۱۰) بھائی ...

... موسیقیے اور بھائی پرمانند کے لئے بھی غرق ندامت میں غرق ہو جانے کے سوا اور کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ خواہ وہ اسٹیج پر آ کر کتنی ہی خرافات و نامعقول بحث کیوں نہ کریں۔ (باقی آئندہ)

سر محمد اقبال کا جواب

جس وقت کاپی پریس کو جا رہی تھی ہم نے ایسوسی ایٹڈ پریس کا وہ تار پڑھا جس میں پنڈت جواہر لال نہرو کے بیان پر سر محمد اقبال کی رائے کا خلاصہ دیا گیا ہے۔ جب تک سر محمد اقبال کا پورا بیان ہمارے سامنے نہ آ جائے ہم اس پر تفصیل کے ساتھ کوئی اظہار رائے کرنا نہیں چاہتے مگر جو کچھ اخبارات میں آ گیا ہے اس کے متعلق ہم صرف اتنا عرض کریں گے کہ پنڈت جواہر لال نہرو یا گاندھی جی سے سر آغا خاں یا سر اقبال کا یہ مطالبہ کہ تمام ہندو پہلے مسلمانوں کے مطالبات مان لیں اس کے بعد ہم تحریک آزادی میں حصہ لیں گے سراسر غلط اور نامعقول ہے اگر گاندھی جی نے گول میز کانفرنس میں کوئی پیشکش کی تھی تو وہ صرف اپنے متعلق تھی اور پنڈت جواہر لال نہرو بھی کوئی پیشکش کر سکتے ہیں تو اپنی ذات کے متعلق کر سکتے ہیں جس طرح سر اقبال اور سر آغا خاں جیسے لوگوں کی طرف سے ڈاکٹر انصاری اور حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب یہ نہیں کہہ سکتے کہ جو کچھ معاہدہ قومی مفاد کے لئے ہوگا اس سے یہ لوگ اتفاق کر لیں گے اسی طرح ڈاکٹر مونجے اور بھائی پرمانند کی طرف سے پنڈت جواہر لال نہرو اور گاندھی جی یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ ملکی مفاد کی خاطر جو معاملہ مسلمانوں سے کریں گے اسے یہ دونوں بھی قبول کر لیں گے۔ ہندو فرقہ پرست ہوں یا مسلم فرقہ پرست ان دونوں نے تو یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ اتفاق و اتحاد کے ذریعہ ہندوستان میں ایسی فضا پیدا نہیں ہونے دیں گے جس سے برطانیہ کے اقتدار پر ضرب لگے اور ان لوگوں کی ذاتی توقعات کو صدمہ پہنچے۔ پھر یہ کس طرح ممکن ہے کہ گاندھی جی ان لوگوں کو جنہیں حکومت نے ہندوؤں کا نمائندہ اسی لئے بنایا ہے کہ ہر متحدہ مسئلہ کی مخالفت کریں ...

اس طرح فرقہ پرست ہندوؤں کے فعل و قول پر موقوف رکھنا اور اس کے لئے قوم پرست ہندوؤں سے سودا کرنا اسلامی روایات اور ملی وقار کے سراسر منافی ہے اور اسی قسم کی بات کہتے ہوئے سر محمد اقبال کو شرمانا چاہئے تھی۔ ہم سر موصوف کا پورا بیان پڑھنے کے بعد انشاء اللہ اس پر مفصل تبصرہ بھی کریں گے۔

حماقت

ہندو مہاسبھا کی ورکنگ کمیٹی کا جو اجلاس ابھی حال میں منعقد ہوا ہے اس اجلاس میں اس حماقت آمیز قرارداد کا پھر اعادہ کیا گیا ہے جو برطانیہ کے فرقہ وارانہ فیصلہ کو بدلوانے کی غرض سے جمعیۃ اقوام کے پاس ہندوؤں کا ایک وفد لے جانے کے متعلق ہے۔ ہمارے نزدیک ہندو سبھا کے لیڈر سیاسیات عموماً اور بالخصوص بین الاقوامی سیاسیات سے اس درجہ بے بہرہ ہیں کہ انہیں ہرگز اس کا حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے آپ کو ہندوؤں کا نمائندہ کہہ کر ہندوؤں کی تذلیل و توہین کریں۔ ان عقل و خرد کے دشمنوں کو شاید نہیں معلوم کہ جمعیۃ الاقوام کسی ملک کے انفرادی نظم و نسق اور بالخصوص برطانوی مقبوضات کی امپیریل پالیسی کے اندر کیا ... سکتی ہے۔ اول تو جمعیۃ الاقوام کی حیثیت اور اس کا دائرہ عمل ہی اس کی اجازت نہیں دیتا کہ وہ کمیونل ایوارڈ کے سلسلہ میں کچھ کہہ سکے اور اگر یہ امر اس کے اختیارات میں بھی ہوتا تو بھی جہاں برطانیہ کا معاملہ ہو وہاں جمعیۃ اقوام کیا بول سکتی ہے ... ہوا کہ بین الاقوامی سیاسیات سے دلچسپی لینے والے حضرات کے نزدیک جمعیۃ اقوام اپنے گزشتہ واقعات کی بنا پر ایک معطل و بیکار جماعت ثابت ہو چکی ہے اور تمام دنیا میں اسے برطانیہ کا آلہ کار سمجھا جاتا ہے۔ ایسی حالت میں برطانوی حکومت کی شکایت لے کر جمعیۃ اقوام کے پاس جانا پرلے سرے کی حماقت نہیں تو اور کیا ہے۔ مگر سبھائی لیڈروں کو اس سے کوئی غرض نہیں کہ اس کا انجام کیا ہوگا انہیں تو یورپ کا ایک ٹرپ و تفریحی سفر کرنا ہے اور اس کے لئے مہاسبھا کا روپیہ بہرحال استعمال کیا جائے گا۔

"جمعیۃ علمائے ہند کانپور" کا سالانہ اجلاس؟

لکھنؤ کے اسلامی اخبارات نے یہ خبر شائع کی تھی کہ "جمعیۃ علمائے ہند کانپور" جس کے جنرل سکریٹری مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محلی ہیں اپنا ایک سالانہ اجلاس لکھنؤ میں منعقد کر رہی ہے جو خبر خود اس جمعیۃ کے ناظم عمومی کی اطلاع ہی پر شائع ہوئی تھی اور ہر حیثیت سے معتبر تھی اس لئے الجمعیۃ نے بھی اسے مؤقر معاصر روزنامہ حقیقت سے نقل کر دیا۔ لیکن الامان کی تازہ اشاعت سے معلوم ہوتا ہے کہ "مولوی" مظہر الدین صاحب اس خبر کی اشاعت پر بہت برہم ہیں اور اسے ہماری موضوعہ خبر گردان رہے ہیں۔ اور اپنے اس سوء ظن کی بنا پر جو ان کی عادت ثانیہ بن گیا ہے ہم پر یہ الزام عائد کر رہے ہیں کہ ہم نئی نئی جماعتیں پیدا کرتے ہیں۔ "مولوی" مظہر الدین صاحب کی زبان ہا ظلم سے ہمارے متعلق یہ الزام بالکل نیا ہے اور عجیب معلوم ہوتا ہے۔ دنیا کا کون بے کو فوق انسان الہام ہوگا جو ان کے اس دعوے کو صحیح تسلیم کرے گا کہ "جمعیۃ علمائے ہند کانپور" ہم نے قائم کرائی ہے جبکہ خود ان ہی کا کارنامہ ہے۔ مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محلی جس کا پہلا "جمعیۃ" کے جنرل سکریٹری ہیں اور مولانا عبد الماجد صاحب جس کے ناظم نشر و اشاعت ہیں۔ اس کے متعلق اعلان جن حالات میں کیا گیا تھا ان سے دنیا بھی طرح واقف ہے اور ان کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ "مولوی" مظہر الدین صاحب کو یہ اعلان شاید اس لئے ناگوار گزرا ہو کہ وہ اب اس نئی "جمعیۃ" کے خلاف بھی ہو ان ہی کے قول کے مطابق "جمعیۃ علمائے ہند کانپور" نہ بغاوت پر تلے ہوئے ہیں اور ایک بالکل الگ تھلگ طریقہ ایجاد کر کے اپنے دفتر واقعہ سرکی والان پر "جمعیۃ علمائے کانپور" کا بورڈ لگا بیٹھے ہیں۔ بہرحال یہ اختلاف ان کا اور مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محلی جنرل سکریٹری جمعیۃ علمائے کانپور کا ہے ہمیں اس سے کوئی تعلق نہیں ہے وہ خواہ مخواہ ہمیں کیوں درمیان میں گھسیٹتے ہیں۔ اتنا ہمیں بھی معلوم ہے کہ گزشتہ موقع پر سلیم پور ہاؤس میں زعمائے ملت کا جو اجتماع ہوا تھا اور جس میں مولوی مظہر الدین صاحب ناخواندہ مہمان کی طرح پہنچ گئے تھے اس اجتماع کی موجودگی میں مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محلی نے "مولوی" مظہر الدین صاحب کے رد و ردعہ میں کہا کہ جمعیۃ علمائے ہند کانپور کا سرکی والان کے مضحکہ خیز سائن بورڈ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس لئے اگر کوئی ناراضگی ہو تو علمائے فرنگی محل سے ہو۔ ہم نے تو صرف اتنا کیا ہے کہ ان کا ایک اعلان دوسری خبروں کے ساتھ شائع کر دیا ہے۔

دہلی کے عوام الناس

دہلی کی پبلک زندگی کے لئے یہ امر نہایت خوشگوار ہے کہ یہاں کے ہندو اور مسلمان دونوں میں سیاسی معاملات کو صحیح طور پر سمجھنے اور ان کے متعلق صحیح رائے ظاہر کرنے کی صلاحیت پیدا ہو گئی ہے اور یہاں کے عوام الناس کو بھی آسانی کے ساتھ الو نہیں بنایا جا سکتا یہی وجہ ہے کہ حکومت کے خوشامدیوں اور اپنی اغراض کے لئے سرکار کی حمایت کرنے والوں کی دال یہاں نہیں گلتی۔ اور باوجود ہزار بار چیلنج دینے کے کوئی ہندو یا مسلمان فرقہ پرست و رجعت پسند لیڈر آج تک یہاں کے کسی جلسہ عام سے اپنی پالیسی کے حق میں ووٹ حاصل نہیں کر سکا ابھی حال میں مسلم لیگ کا جو نام نہاد سالانہ اجلاس ہوا تھا مسلمانوں نے اس کا مکمل ...

... آباد میں انتہائی تشدد کے متعلق حکومت کو چیلنج دیا گیا ہو اور یہ کہا گیا ہو کہ یا تو ان زہرہ گداز مظالم کو ختم کیا جائے ورنہ ہم حکومت کا دست و بازو بننے سے انکار کر دیں گے مسلم کانفرنس نے تو شاید ہی نہیں کیا کہ وہ کم سے کم یہ بے حقیقت دھمکی ہی حکومت کو دے دیتی بلکہ اس کے برخلاف حکومت کے ایما سے مولانا شفیع داؤدی جو کانفرنس کے سکریٹری بنے پھرتے ہیں نہایت تزک و احتشام کے ساتھ ایک رجعت پسند ایڈیٹر کو اپنے ہمراہ لے کر صوبہ سرحد پہنچے اور سرکاری مہمان خانہ میں انہوں نے قیام کیا اور چیف کمشنر صوبہ سرحد کی کوٹھی پر چائے نوش فرمائی اور مختلف مقامات پر دورہ کر کے ایسوسی ایٹڈ پریس کے ذریعہ حکومت کی تائید و حمایت میں بیانات شائع کرائے ...

ہندو فرقہ پرستوں کو چیلنج

پنڈت جواہر لال نہرو نے ڈاکٹر مونجے، بھائی پرمانند اور دوسرے مہاسبھائیوں کے ... خیال کریں جو پنڈت جی ... اس وقت ...

حضرت مولانا نور الدین صاحب سابق ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند کی رہائی

سیاسیات حاضرہ اور فرقہ پرستی کے خلاف قائدین ملک کی مساعی پر تبصرہ

"میں کسی حالت میں بھی مایوس نہیں ہوں"

دہلی ۵ دسمبر۔ حضرت مولانا مولوی نور الدین صاحب بہاری سابق ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند جن کو جمعیۃ علمائے ہند کی سرگرمیوں اور جہاد آزادی کے سلسلہ میں دو سال قید کی سزا دی گئی تھی اپنی میعاد پوری کر کے ملتان جیل سے رہا کر دئے گئے۔ موصوف کی رہائی کی خبر پیشتر مل چکی تھی اسلئے آپ کے استقبال کے لئے لاہور، لدھیانہ، دیوبند، میرٹھ اور دہلی خاص طور پر انتظامات کئے گئے تھے۔ الجمعیۃ میں بھی اہالیان دہلی سے اسٹیشن پر استقبال کرنے کی اپیل کی گئی تھی مگر مولانا موصوف لاہور استقبال کا وقت گزر جانے کے بعد پہنچے اور خاموشی کے ساتھ شہر میں تشریف لے گئے۔ اسی طرح آپ کل شب کو آٹھ بجے کی گاڑی سے نہایت خاموشی کے ساتھ دہلی وارد ہوئے جس کے باعث اہالیان دہلی آپ کے استقبال کی خوش نصیبی سے محروم رہ گئے۔ مولانا موصوف کا قیام دفتر جمعیۃ علمائے ہند میں ہے۔ آپ غالباً صدر اور ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی واپسی تک قیام فرمائیں گے کیونکہ موجودہ سیاسی حالات پر آپ خصوصی تبادلۂ خیالات فرمانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ بحمد اللہ مولانا موصوف خوش و خرم ہیں اور صحت کے اعتبار سے بھی کوئی شکایت نہیں ہے۔

...

کے ساتھ اپنے نصب العین کو برقرار رکھا۔ گو ابھی تک مقصد تشنۂ تکمیل ہے۔

حضرت مولانا احمد سعید صاحب اور پنڈت جواہر لال نہرو کے بیانات پر ایک سوال کے جواب میں موصوف نے فرمایا کہ ملک کے ان دونوں قائدوں نے فرقہ پرستوں کے خلاف جو جہاد شروع کیا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ ہندو نوجوان بھی فرقہ پرستوں کے خلاف صف بستہ نظر آتے ہیں۔ اب وقت ہے کہ تمام قوم پرور متحد ہو کر بلند آہنگی کے ساتھ فرقہ پرستی کا خاتمہ کر دیں تاکہ مقاصد کی تکمیل کے لئے راستہ صاف ہو جائے۔

مہاسبھا کے جلسہ میں ہندو نوجوانوں کا زبردست احتجاج

پرمانندی فرقہ پرستوں کی شکست۔ اعتراضات کی بھرمار

دہلی اور بہار کے قوم پرور ہندوؤں کا اعلان

اتوار کے روز ۳ دسمبر چاوڑی بازار دہلی کے آریہ سماج مندر ... وغیرہ کا ایک جلسہ اس غرض سے منعقد ہوا کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے ہندو مہاسبھا کی فرقہ پرستی اور حکومت نوازی کے خلاف جو جہاد شروع کیا ہے اس کی مخالفت کی جائے اور یہ ثابت کیا جائے کہ ہندو مہاسبھا ہی ہندوؤں کی واحد نمائندہ جماعت ہے۔ جہاں تک ہندو نوجوانوں کا تعلق ہے وہ پہلے ہی مہاسبھائیوں سے ناراض تھے۔ پنڈت جواہر لال نہرو ہندو نوجوانوں کے دلوں پر حکمرانی کر رہے ہیں اس کا لازمی تقاضا تھا کہ جلسہ میں ہندوؤں کے جذبات کا اظہار کیا جائے ...

مہاسبھائیوں نے حاضرین کو مطمئن کرنے کی کوشش کی مگر وہ اس مقصد میں بری طرح ناکام رہے۔ ...

... مذہبوں کی تحت تو نہیں ہے۔ کیونکہ سوقت بھی ہندو مذہب اور اسلام نے گاندھی جی اور خان عبد الغفار خاں جیسی ہستیاں ہم کو دے رکھی ہیں۔

ہم ہندوستان کے نوجوانوں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ قوم پرورانہ نظریہ کی ... کے خلاف ... کے فرقہ پرستی کے بھوت کا سر کچل کر رکھ دیں۔

... قوم پرور ... کی طرف سے ذیل کا بیان شائع ہوا ہے۔ آریہ سماج مندر میں ہندوؤں کے نام نہاد لیڈروں نے اپنی جس ذہنیت کا اظہار کیا اور جس طریقے سے مہاسبھا کی رجعت پسندانہ پالیسی کی حمایت کی کوشش کی جس پر خود مہاسبھا کے ... رسوخ ... پنڈت مالویہ جی بھی نفرین کر چکے ہیں۔ وہ نہایت ہی مضحکہ خیز تھی۔

مسلم لیگ کی مخالفت میں جلسے

نمائندہ انجمن قائم کرنے کا مشورہ

گزشتہ جمعہ کے دن جامع مسجد میں دو عام جلسے ہوئے ایک تو زیر صدارت مولانا عبد الماجد صاحب منعقد ہوا جو جمعیۃ تبلیغ الصلوٰۃ کا تھا۔ دوسرا انجمن شبان المسلمین نے مسلم لیگ کے خلاف منعقد کیا جس کی صدارت مولانا عبد الوحید صاحب نے کی۔ شبان المسلمین کے جلسہ میں مسٹر آصف علی کی شرکت کا اعلان کیا گیا تھا لیکن کسی وجہ سے وہ آ نہ سکے البتہ انہوں نے اپنی تقریر لکھ کر بھیج دی۔ جلسہ میں دو تجویزیں منظور کی گئیں پہلی تجویز میں قرار پایا کہ آل انڈیا مسلم لیگ کا جلسہ مسلمانوں کا نمائندہ جلسہ نہ تھا دوسری میں دہلی کے مسلمانوں ... کی ایک متفقہ لائحہ عمل تعین کئے جانے پر زور دیا گیا تھا۔

چین اور تبت کی جنگ کا سگنل

تبت اور چین کی جنگ کی ابتدائی خبر دو دن پہلے آ چکی ہے۔ تازہ ترین اطلاعات میں اس کی تصدیق آ گئی ہے تاکن چین کے دار الحکومت کی ایک خبر مظہر ہے کہ حکومت چین نے چین کے غیر ملکی باشندوں کو جو صوبہ فوکیان کے مختلف شہروں میں آباد ہیں، متنبہ کر دیا ہے کہ وہ خطرے کی حدود سے باہر ہو جائیں انہیں بتلایا گیا ہے کہ فوکیان میں جنگ کا توقع اندیشہ ہے جو تبت کی فوجیں الٹیمیٹم کے بعد فوکیان کی طرف بڑھتے سے پیدا ہو گیا ہے۔

صوبہ فوکیان میں فوج داور اسوائے ... شہر میں جہاں غیر ملکی آباد ہیں ... بہت کم ہے۔

دار الحکومت

آتش بازی کے افسوسناک نتائج

تین بچے اور باپ جل کر خاک

دہلی ۴ دسمبر۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کل پونے نو بجے شب کے قریب میسرز تشمبھو ناتھ شوچرن کی دو دوکانوں میں جو سول ہسپتال کے بالمقابل واقع ہیں اور جن میں کئی سو روپے کی مالیت کی آتش بازی کا سامان تھا یکایک آگ لگ گئی اور چشم زدن میں ساری دوکان کا سامان جل کر خاک سیاہ ہو گیا۔ اور مالک دوکان کا ایک لڑکا اور دو لڑکیاں جو دوکان میں سو رہی تھیں جھلس گئیں اور دم میں جاں بحق ہو گئیں اور جب مالک دوکان تشمبھو ناتھ بچوں کو نکالنے کے لئے دوکان میں گھسا تو وہ بھی بری طرح سے جھلس گیا۔ آگ لگنے کے پندرہ منٹ بعد فائر بریگیڈ موقع پر پہنچ گیا اور آگ پر فوراً قابو پا لیا لیکن اس سے پیشتر تینوں بچے جل کر مر گئے تھے اور مالک دوکان تشمبھو ناتھ کی حالت بہت زیادہ نازک تھی وہ ہسپتال میں دو بجے کے قریب فوت ہو گیا۔

یمن اور حجاز میں جنگ چھڑ گئی!

تین لاکھ نجدی افواج تیار ہے

فرانسیسی، اطالوی اور برطانوی مقاصد

تازہ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ امام یمن اور سلطان ابن سعود کے درمیان جنگ و جدل کا سلسلہ باقاعدہ شروع ہو گیا ہے۔ اور اس وقت نجران میدان کارزار بنا ہوا ہے۔

ایک ممتاز اور قابل اعتماد عرب شخصیت کا بیان ہے کہ گزشتہ چند دنوں میں یمنی فوجوں نے حکومت نجد کے کئی شہروں اور گاؤں پر قبضہ کر لیا ہے۔ اور وہ نہایت تیزی سے کوچ کر رہے ہیں، یہاں تک کہ تین یا چار دن قبل یہ فوجیں اور ... مقام جیزان سے ... فاصلہ پر تھے۔

جب یمنی فوجیں ... تو وہاں کے نجدی حاکم نے سلطان ابن سعود کو اطلاع بھجوائی۔ اس پر سلطان نے اپنے پایۂ تخت ریاض میں قبائل کے ممتاز افراد اور ان کے سرداروں کو جمع کیا۔ اور ان کو فی طب کرتے ہوئے کہا کہ ...

... وقت ۳ لاکھ فوج موجود ہے، اور یہ جرار لشکر ملک کی حفاظت میں خون کا آخری قطرہ بہانے کے لئے تیار ہے۔ سلطان نے یقین دلایا کہ وہ کسی کی حق تلفی یا اس پر تعدی کے لئے اس فوج کو کبھی حرکت نہیں دیں گے۔ اور اب وہ تمام پرامن وسائل کو ناکام پا کر ارض حجاز کے حقوق کی مدافعت کے لئے ان فوجوں سے کام لینے پر مجبور ہوئے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ نجدی لشکر کی قیادت سلطان ابن سعود کے بھائی ناصر کو دی گئی ہے اور خبر ملی ہے کہ گزشتہ دو روز سے وادی دواسر میں معرکہ کارزار گرم ہے۔

حدیدہ (یمن) اطالوی جہاز "حیوا" نامی یمن کی بندرگاہ حدیدہ میں لنگر انداز ہوا اس پر سامان جنگ اور اسلحہ کے ۲۴ ہزار بنڈل تھے یمنی حکومت نے انہیں وصول کر کے ان کی قیمت نقد ادا کر دی۔

حدیدہ، عدن کا برطانوی حاکم کرنل رائیلے ایک جنگی جہاز پر یہاں پہنچا۔ اس کے استقبال کے لئے امام یحییٰ کے بیٹے علی اور ان کے مشیر راغب بے موجود تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ سب لوگ یمن اور برطانیہ کے درمیان معاہدہ کے سلسلہ میں یمن کے پایۂ تخت صنعا جا رہے ہیں۔ تعجب ہے کہ آج سے دو ہفتہ قبل دونوں سلطنتوں میں اختلاف کی ایک وسیع خلیج حائل تھی لیکن یمن نجد کی باہمی آویزش ... ایسی نازک صورت حال میں برطانوی حاکم کا یہاں پہنچنا خاص معنے رکھتا ہے۔ ...

انتقال پر ملال

نہایت رنج و افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ حضرت مولانا مولوی عبد اللہ صاحب ٹبالوی سابق ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند کی اہلیہ محترمہ ۲۳ نومبر ۱۹۳۳ء کو اس دار فانی سے رحلت فرما گئیں انا للہ۔

اس عہد پیری میں مولانا موصوف کو جو ناقابل تلافی صدمہ ہوا ہے ہمیں ان سے پوری ہمدردی ہے اللہ تعالیٰ مولانا المحترم اور آپ کے اعزہ کو صبر و شکر کی توفیق دے اور مرحومہ کو جنت الفردوس عطا فرمائے آمین۔

صدر و ناظم جمعیۃ علمائے ہند کا دورہ

دہلی۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند مسلمانان بہار کی درخواست پر چھپرہ تشریف لے گئے تھے وہاں سے فارغ ہو کر آپ ۲۷ نومبر کو دہلی تشریف لائے اور صرف آدھ گھنٹہ دفتر میں قیام فرما کر حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی معیت میں سورت روانہ ہو گئے۔

۸ نومبر کو دونوں بزرگ ڈابھیل پہنچ گئے۔ شب میں ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی تقریر ہوئی۔ صبح کو ایک جلسہ میں حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے ڈیڑھ گھنٹہ تک عالمانہ و فاضلانہ تقریر فرمائی آپ کے بعد حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی اور مولانا احمد سعید صاحب نے تقریر فرمائی۔

حضرت مولانا احمد سعید صاحب، راجپار، کٹھور، سورت کا دورہ فرما کر جمعہ کے روز ۸ دسمبر کو رانڈیر واپس ہوں گے۔ ہفتہ کے روز موصوف کنتھاریہ تشریف لیجائیں گے۔ غالباً اسی روز رات کی گاڑی سے سوار ہو کر پیر کی صبح کو دہلی وارد ہوں گے۔

دہلی میونسپلٹی اور آتشبازی

آتشبازی سے نقصانات کو دیکھتے ہوئے معلوم ہوا ہے کہ سکریٹری صاحب میونسپل بورڈ، رائے بہادر مسٹر سوہن لال نے یہ تجویز سوچی ہے کہ میونسپلٹی انسدادی کارروائیاں اختیار کرے اس سلسلہ میں انہوں نے ایک اسکیم مرتب کی ہے جس کے ذریعہ آتشبازی کی دوکانیں شہر سے باہر کر دی جائیں گی اور ان کا لائسنس نہایت سختی سے دیا جائے گا۔ امید کی جاتی ہے یہ تجاویز میونسپلٹی کے اجلاس میں پیش ہوں گی اور قبول کی جائیں گی۔

کنیز فاطمہ کے مقدمہ کی اپیل خارج

...

حاجی ترنگ زئی نے افغانستان کے نئے شاہ کی تائید کر دی

شہید غازی کے دوسرے قاتل بھی گرفتار کر لئے گئے

پشاور ۴ دسمبر۔ حاجی صاحب ترنگ زئی نے ایک طویل خط کے ذریعہ اعلیٰ حضرت شاہ محمد ظاہر خاں کے پاس بھیجا ہے جس میں شہید غازی نادر شاہ کی شہادت پر اظہار تعزیت کیا ہے اور انہیں ایک جرار سپہ سالار اور وسیع الخیال مصلح اعظم قرار دے کر ان کی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ ...

کابل کا ایک تار مظہر ہے کہ شہید غازی کے قاتل کے ساتھیوں کو وہاں کی پولیس نے قاتل کے بیان کے مطابق گرفتار کر لیا ہے۔ چنانچہ ان گرفتار شدگان نے بھی اپنے جرم کا اقرار کر لیا ہے اور قاتل کے ساتھ اپنی شرکت تسلیم کر لی ہے۔ ان لوگوں کا مقدمہ عنقریب عدالت میں آ جائے گا۔

ترکی سفیر متعینہ کابل شوکت بک کو اعلیٰ حضرت نے شرف باریابی عطا فرمایا۔ سفیر مذکور نے اپنی اور اپنی حکومت کی طرف سے اعلیٰ حضرت کے تخت پر متمکن ہونے پر مبارکباد دی۔

اعلیٰ حضرت شاہ محمد ظاہر خاں اور ان کے اہل و عیال کی صحت بفضلہ بہت اچھی ہے اور آپ امور مملکت کی دیکھ بھال میں ہمہ تن مصروف رہتے ہیں۔

وائسرائے کی اسپیشل ٹرین بچ گئی؟

ایک مسلمان کی گرفتاری

مدراس ۴ دسمبر۔ مقامی اخبار "ہند" کا نامہ نگار رتنگا بھدرا سے لکھتا ہے کہ ایک مسلمان کو اس الزام میں گرفتار کیا گیا ہے کہ ۲۴ نومبر کو وہ تنگا بھدرا اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر وائسرائے کی اسپیشل گزرنے سے قبل ریوالور لئے ٹہل رہا تھا۔ وائسرائے کی ٹرین دوسرے دن صبح کو وہاں سے گزرنے والی تھی اور اس کے لئے انتظامات ہو رہے تھے۔ ایک شخص پر شبہ ہوا اور اس کی تلاشی لی گئی تو اس کے پاس سے ریوالور اور کارتوس برآمد ہوئے۔

اسمبلی میں حکومت کی فتح

برار کے متعلق اظہار رائے

دہلی ۶ دسمبر۔ جمعیۃ مقننہ میں غیر سرکاری اراکین کی کمزوری اور حکومت کے مقابلہ میں ان کی بے دست و پائی ایک مسلم حقیقت ہے۔ چنانچہ کل سہ شنبہ کو اس کا اظہار پھر ہو گیا۔ پانچ سال ہوئے اسی مسئلہ پر حکومت کو شدید شکست ہوئی تھی اور ریزرو بینک کا مسئلہ ہمیشہ کے لئے دفن ہو گیا تھا مگر اب بھی ... سرکاری بینک کی جو ترمیم پیش کی گئی تھی کل اسی بحث کے بعد رائے لی گئی ... حکومت کو نہایت آسانی کے ساتھ ... رائیں مل گئیں ...

الجمعیۃ دہلی

آل پارٹیز مسلم کانفرنس کا اجلاس لکھنؤ

ہندوستان کی مسلم انجمنوں کے نام دعوت نامے

آل پارٹیز مسلم کانفرنس کی جانب سے ذیل کا دعوت نامہ جاری کیا گیا ہے:۔

آپ کو یاد ہوگا کہ گذشتہ سال ۵، ۶ اکتوبر ۱۹۳۲ء کو لکھنؤ میں ایک اجتماع ہوا تھا جس میں تقریباً تمام مسلم سیاسی انجمنیں شریک ہوئی تھیں۔ اس وقت ہمارے سامنے مسلم مطالبات کا واحد مسئلہ درپیش تھا۔ اس بارے میں لکھنؤ کانفرنس نے آپس کے اختلاف وانتشار کو دور کرنے اور مسلمانوں میں باہمی اتحاد کے قیام کے لئے یہ طے کیا تھا کہ وہ شہید ملت مولانا محمد علی مرحوم کی تجویز کا اصول کے ماتحت مشترکہ انتخاب کو قبول کرلے بشرطیکہ برادران وطن ان کے تمام دوسرے مطالبات تسلیم کرلیں۔ چنانچہ جب برادران وطن کی طرف سے گفت وشنید کی تحریک پیش ہوئی اس وقت لکھنؤ کانفرنس کے نمائندوں نے الہ آباد یونٹی کانفرنس میں ان ہی اصولوں کے مطابق نمائندگی کی مگر واقعات وحالات ناسازگار ثابت ہوئے اور کوئی متفقہ فیصلہ ہندوستان دنیا کے سامنے پیش نہ کرسکا جس کے مفصل وجوہات لکھنؤ کانفرنس کے سامنے جیسا کہ ہونا چاہئے تھا پیش نہ کئے جاسکے۔ اس درمیان میں بہت سے اقتصادی اور سیاسی مسائل ملکی سیاست پر ایسے آگئے ہیں جن کا اثر ملت اسلامی پر بہت گہرا اور پائدار ہونے والا ہے۔ مسلمانوں کی ملی اقتصادی اور سیاسی زندگی میں جس میں بدقسمتی سے اس وقت اختلافات، جمود اور پراگندگی کے آثار پیدا ہوگئے ہیں ایک تازہ روح ڈالنے اور اتحاد بین المسلمین کے حصول کے لئے ہم لوگوں نے بہت غور کے بعد یہ تجویز کیا ہے کہ لکھنؤ میں ۱۶، ۱۷ دسمبر کو ایک کانفرنس ان تمام جماعتوں کی جو لکھنؤ کانفرنس میں شریک تھیں اس غرض سے منعقد کی جائے کہ وہ ملت اسلامی کے سیاسی اور اقتصادی معاملات پر غور کرکے ایک ایسا عمل لائحہ عمل تیار کرے جو ان کو ایک ایسے متفقہ رشتہ میں وابستہ کردے جو مسلمانوں کی تمام ضروریات ملی وملکی پر حاوی ہو۔ ہم داعیان التماس کرتے ہیں کہ حسب ذیل جماعتیں جو لکھنؤ میں شریک تھیں یا جو اتحاد بین المسلمین کے حامی ہوں اپنے پندرہ نمائندے مجوزہ کانفرنس میں شرکت کیلئے بھیجیں۔ نیز طے پایا کہ گذشتہ سال کی کانفرنس کے جملہ شرکاء کی خدمت میں دعوت نامے ارسال کئے جائیں اور ان حضرات کے علاوہ دیگر ممتاز اور اہل الرائے اصحاب کو بھی شرکت کی دعوت دی جائے۔

(۱) سنٹرل خلافت کمیٹی (۲) آل انڈیا مسلم کانفرنس (۳) آل انڈیا مسلم لیگ دہلی (۴) آل انڈیا مسلم لیگ لاہور (۵) جمعیۃ علماء ہند دہلی (۶) جمعیۃ علماء ہند کانپور (۷) آل انڈیا مسلم نیشنلسٹ پارٹی (۸) آل انڈیا جمعیۃ احرار (۹) آل انڈیا مسلم یوتھ لیگ۔

داعیان: (نواب) محمد اسماعیل خاں۔ (راجہ) سید احمد علی خاں علوی۔ (مولانا) شوکت علی۔ تصدق احمد خاں شیروانی۔ (مولانا) محمد شفیع انصاری فرنگی محلی ...

مختصرات

[illegible]

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا جلسہ

جواہر لال، ڈاکٹر انصاری اور مولانا آزاد کی شرکت

چین کے خلاف تبت کا اعلان جنگ

دس ہزار فوجوں کا اجتماع

اسٹوڈنوں کی فسادی کا ذمہ دار برطانیہ ہے

دارالامارہ میں سفیر مصری کا بیان

آئرلینڈ خود مختار ہو جائے گا

ڈی ولیرا کی طرف سے کامل آزادی کا اعلان

لائل پور میں آتش بازی کا انسداد

پنجاب کے مسلمانوں پر تین کروڑ روپیہ سالانہ سود

شاہ نادر خاں شہید کے قتل کی تحقیقات مکمل ہوگئی

قومی نمائندوں کے سامنے شاہ محمد ظاہر خاں کا حلف

میں اسلام اور ملکی آزادی کیلئے سربکف رہونگا

پشاور ۷ دسمبر۔ شہید شاہ نادر خاں مرحوم کے قتل کے سلسلہ میں پولیس نے اپنی تحقیقات مکمل کرلی ہے اور حملہ آور عبد الخالق اور اس کے ساتھیوں کے خلاف مقدمہ کی سماعت بہت جلد شروع ہونے والی ہے۔ دوران تحقیقات میں افغان پولیس ایسے کاغذات اور خطرناک دستاویز برآمد کرنے میں کامیاب ہوگئی ہے جو حکومت کے خلاف تھے۔ ملزم نے اقبال جرم کرلیا ہے۔

دہلی ۷ دسمبر۔ افغان قونصل جنرل دہلی کو سرکاری طور پر کابل سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ملک کے بنیادی قانون کی دفعہ ۵ کے مطابق شاہ محمد ظاہر خاں نے مجلس شوریٰ ملی میں قومی نمائندوں کے سامنے حلف اٹھایا جس کے الفاظ حسب ذیل ہیں۔

"میں اللہ تعالیٰ اور مقدس قرآن کے نام پر حلف اٹھاتا ہوں اور حاضر وناظر خدا کے سامنے عہد کرتا ہوں کہ میں ہمیشہ اسلام اور افغانستان کی آزادی کی حمایت کرونگا اور قوم کے قومی حقوق مفاد عام کی حفاظت اور افغانستان کی ترقی کیلئے شریعت اسلامی کے قوانین کے مطابق حفاظت کرتا رہونگا اور اس ملک کے بنیادی دستور کے مطابق حکمرانی کرونگا۔" معلوم ہوا ہے کہ تمام افغانستان میں امن وامان ہے۔

گاندھی جی کی پیشکش اور جواہر لال نہرو

ڈاکٹر سر محمد اقبال کا بیان

لاہور ۷ دسمبر۔ آل انڈیا مسلم کانفرنس کے صدر سر اقبال نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں آپ نے پنڈت جواہر لال نہرو کی صاف بیانی اور جرأت کی داد دی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ پنڈت جی نے مسلمانوں پر جو الزامات لگائے ہیں وہ بالکل غلط ہیں۔ سر آغا خاں نے لندن میں گاندھی جی سے صاف کہدیا تھا کہ اگر وہ مسلمانوں کے مطالبات تسلیم کرلیں تو مسلمان جنگ آزادی کی خاطر گاندھی جی کی فوج بننے کے لئے تیار ہو جائیں گے۔ لیکن گاندھی جی نے کہا کہ مسلم مطالبات کو میں اپنی ذمہ داری پر تسلیم کرتا ہوں۔ کانگریس کی ضمانت نہیں لی جاسکتی ان سے کہا گیا کہ کانگریس سے منظوری حاصل کریں۔ لیکن انہوں نے اس سے بھی انکار کیا۔ بالآخر لندن میں جو ہندو اور سکھ موجود تھے گاندھی جی نے ان سے استفسار کیا لیکن انہوں نے گاندھی جی کی پیشکش کو نامنظور کردیا۔ گاندھی جی کی دوسری شرط یہ تھی کہ مسلمان اچھوتوں کے خاص نمائندگی کے مطالبہ کی مخالفت کریں اس شرط کو منظور کرنے کے لئے مسلمان تیار نہ تھے۔ اب پنڈت جواہر لال نہرو خود ہی فیصلہ کرلیں کہ رجعت پسند کون ہے۔

حکومت ہند کی تجاویز سے جاپان کا اختلاف

آخری فیصلہ کیلئے جاپانی کابینہ کا اجلاس

جمعیۃ علماء ہند کے فتوے کے باوجود فلم بند نہ کیگئی

اسمبلی میں سر ہیگ کا نامعقول جواب

سات ہزار خارج شدہ یہودی فلسطین میں

جرمنی سے ساٹھ ہزار یہودی نکالے گئے

امریکہ میں شراب کے دریا بہہ گئے

صدر جمہوریہ امریکہ کا اعلان

جرمنی کے وزیر داخلہ کا اعلان

یہودیوں کا اخراج حفاظت جمہوریت کیلئے تھا

مجلس اقوام پر برطانیہ اور فرانس کی حکومت

اٹلی کی گرانڈ کونسل کا فیصلہ

آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد

مسلم قانون کے متعلق وائسرائے کو یادداشت

امرتسر اور کلکتہ سے ۸ قیدیوں کا فرار

کلکتہ ۷ دسمبر۔ دس زیر سماعت قیدی جنکو ڈاکہ کے الزام میں مختلف مواضعات سے گرفتار کیا گیا تھا بلونیا جیل سے فرار ہوگئے۔ ان میں چار قیدی قتل کے الزام میں گرفتار کئے گئے تھے۔

انجمن امداد اسلام دیوبند کی نسبت ضرورت

صاحب الاستطاعت مسلمانوں سے امداد کی اپیل

فسادات کانپور اور تحریک کشمیر

دار الاہتمام

الراقم سید حسن رضوی سکرٹری

انجمن امداد اسلام دیوبند ضلع سہارنپور

ماہ رمضان المبارک میں عظیم الشان رعایت

صرف طلباء اور غیر مستطیع حضرات فائدہ اٹھائیں

ان بے شمار درخواستوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے جو الجمعیۃ کے سالانہ چندہ میں رعایت کے متعلق مدارس اسلامیہ کے طلباء اور کتب خانوں کے منتظمین، اور علمی ومذہبی اداروں کے عہدہ داروں اور دیگر غیر مستطیع حضرات کی طرف سے موصول ہوتی رہتی ہیں۔ ادارہ الجمعیۃ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آج کی تاریخ سے ماہ رمضان المبارک کے اختتام تک مدارس اسلامیہ کے طلباء اور ایسے اہل ذوق حضرات کو جنہیں الجمعیۃ کے ساتھ دلچسپی ہے اور جو اس کی علمی ومذہبی ہدایت اور اس کے قوم پرورانہ مسلک کو پسند کرتے ہیں مگر اپنی اقتصادی حالت کے باعث پوری قیمت ادا کرنے سے مجبور ہیں رعایتی قیمت پر الجمعیۃ کا سالانہ خریدار بنا لیا جائے۔ چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق

اعلان

کیا جاتا ہے کہ جو حضرات مذکورہ بالا شرائط کو پورا کرتے ہوں اور اس مدت معینہ کے اندر سال بھر کی خریداری کیلئے درخواست ارسال فرمائیں گے انہیں الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بجائے چھ روپیہ (۶) کے صرف چار روپیہ بارہ آنے (۴/۱۲) ادا کرنا پڑیگا۔ اس رعایت سے فائدہ اٹھانے والوں کو یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ وی۔ پی منگانے میں سراسر ان ہی کا نقصان ہے اور اگر وہ اپنے آپکو اس رعایت کا مستحق سمجھتے ہیں تو انہیں خواہ مخواہ ڈاکخانہ کو چار آنے اپنی جیب سے نہیں دینے چاہئیں بلکہ منی آرڈر کی کوپن پر اپنا نام اور پتہ خوشخط لکھکر ایک گوشے میں رعایت کا لفظ لکھدینا چاہئے اور الجمعیۃ کا منی آرڈر دفتر کے پتہ پر کردینا چاہئے۔ یہ رعایت یکم شوال ۱۳۵۲ھ کو ختم ہوجائیگی اسلئے اس تاریخ سے قبل ہی درخواست بھیجدی جائے۔

مینیجر "الجمعیۃ" بلیماران۔ دہلی

۔ حکومت سے درخواست کی جائے کہ وہ سن کے ماہرین ممتاز پبلک حضرات اور بنگال میں سن کی زراعت کرنے والے اصحاب کی مدد سے ایک ایسی اسکیم وضع کرے جس سے سن کی کاشت کرنے والوں کو مناسب قیمتیں مل سکیں اور اس طرح سے آنے والی اقتصادی تباہی سے بنگال کے کاشتکاروں کو بچایا جائے۔

حاجیوں کی خدمت میں چند ضروری گذارشات

(بسلسلہ صفحہ ۳)

ایک ہزار دس روپیہ اور درجہ سوم میں چھ سو روپیہ کی ضرورت ہے حجاز مقدس میں اونٹوں پر سفر کرنے والوں کو پانچ سو پچاس روپیہ کی ضرورت ہے جو لوگ زیادہ روپیہ خرچ کر سکتے ہوں ان کو چاہئے کہ وہ بمبئی یا کراچی سے یورپ کے جہازوں پر سوار ہو کر عدن جائیں اور وہاں سے خدیولی یا اٹلی کے جہازوں پر جدہ پہنچ جائیں تاکہ وہ حاجیوں کے جہازوں کی تکالیف سے بچ جائیں۔ مگر اس میں باقاعدہ پاسپورٹ کی ضرورت ہے۔

ساحل بمبئی سے سوار نہ ہوں

میں مشورہ دونگا کہ حاجیوں کو کوشش کرنی چاہئے کہ وہ بمبئی کے ساحل سے روانہ نہ ہوں نہ یہاں واپس اتریں نہ تو یہاں کے حکام سے نہ یہاں کی حج کمیٹی سے مطمئن ہوں کہ وہ حاجیوں کے لئے مفید ہو سکتے ہیں۔ ...

سفید ہونگی۔ میں بہت جلد انشاء اللہ تعالیٰ مفصل گذارشات شائع کرونگا۔ جو سابقہ سالوں کی طرح رسالہ کی صورت میں مفت تقسیم ہوں گی۔

خادم کعبہ۔ اسمٰعیل غزنوی شاہجہاں محل ہوٹل ملٹن روڈ بمبئی ۱

مخلوط انتخاب کا مشروط مطالبہ

بنگال مسلم لیگ کی قرار دیں

بنگال پریذیڈنسی مسلم لیگ نے اپنے سالانہ اجلاس میں جو مولوی عبدالکریم ایم۔ ایل سی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ مندرجہ ذیل اہم قرار دادیں منظور کیں

آل پارٹیز کانفرنس کی ضرورت اور مسلم مطالبات کی تاریخ

مسلم کانفرنس اور مولوی شفیع داؤدی کے کارناموں پر تبصرہ

(از مولانا عبدالحامد صاحب قادری بدایونی)

مسلمانوں کی سیاسی گتھی نہ سلجھنے میں سب سے زیادہ ہاتھ خود ان کے اپنے افتراق اور حوادث کا حائل ہوتا رہا ہے کاش ہم کسی متحدہ نظام عمل کے ساتھ اپنی مساعی میں منہمک رہتے تو ملک کہیں سے کہیں پہنچ جاتا۔

زندہ اقوام کا ہمیشہ یہ دستور رہا ہے کہ وہ اپنی قوم کے حالات پر نگاہ رکھکر قدم اٹھاتی ہیں اس سے اگر کوئی بشری غلطی بھی ہوجاتی ہے تو اس سے رجوع کر کے اپنی ... کیلئے صحیح راہ عمل اختیار کرنے میں ضد اور ہٹ دھرمی سے کام نہیں لیتیں۔ ...

مسلم کانفرنس کا اعمالنامہ

مگر للہ بتائیے اس کے اعضاء نے متحدہ گول میز میں اجتماعات وزیر اعظم کے اعلانات سرحدی مظالم اور قرطاس ابیض کے بعد کس عملی قوت کا آغاز و مظاہرہ کیا۔ آہ! جس کانفرنس کا سنگ بنیاد اتحاد اسلامی پر رکھا گیا ہو کیا اس کا ثبوت یہی ہے کہ دہلی اسپیشل اجلاس سے لاہور مسلم کانفرنس تک بانیان و ممبران مسلم کانفرنس کے مبہم توجہ دلانے کے باوجود بھی وہ حالات سے متاثر نہ ہوئی بلکہ جس طرح ... سرحدی ریلوے کو ...

...

مسلم کانفرنس نے حفاظت حقوق کے لئے اعلانات دیانات نکالے عام و خاص اجتماعات میں ظاہر کیا گیا کہ مسلم کانفرنس مطالبات پورے کرائے بغیر چین نہ لے گی اور اس کا قدم کسی حالت نہیں رکے گا بلکہ ہر قربانی پیش کرے گی۔

... کانفرنس کا اتفاق ممکن ہو جائے گا۔ شرکائے کانفرنس کو یہ بھی یاد ہے کہ صدر ...

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

فتاوی رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد وہدایات اور ان کے تفقہ سے کچھ وہی شخص واقف ہو سکتا ہے جس کو آپ کی ... حاصل ہوئی ہو یا حضرت کے ... آپ کے فیض تصوف اور تلامذہ سے بہرہ ور ہوا ہو مگر اب حضرت کے وصال کے بعد ان کی تصنیفات ہی تشنگان علم کی پیاس کو بجھا سکتی ہے مولانا ممدوح کے فتاوی کا مجموعہ فتاوی رشیدیہ تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے جس میں قریب قریب ہر مسئلہ کو مدلل طریقہ پر بیان کیا گیا ہے۔ ہر مسلمان کو اس کے مطالعہ کی ضرورت ہے تاکہ مذہبی ضرورت ...

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحمہ کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری ... کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے طلباء عربی کو خصوصیت سے فوری توجہ کرنے کی ضرورت ہے اگر غفلت کی گئی تو کف افسوس ملنا پڑے گا

قیمت ہر چند بارہ روپیہ ...

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادت مند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بناء پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد ...

سیرۃ الحبیب

اگر آپ دنیا کے مصلح اعظم کے صحیح اور سچے حالات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگی ...

تعلیم الاسلام

علم الکلام

دلائل الخیرات

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

عراق ریلوے

نجف اشرف۔ کربلائے معلیٰ۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کے لئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام تیز رفتاری اور بہت سستا کرایہ سے سفر ہیں مختلف درجوں کی زیادتی کوپن کی کتابیں جو ۱۵ دن تک کارآمد ہونگی نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لیجا سکتے ہیں

	درجہ دوئم	درجہ سوئم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا، کاظمین، سامرہ سے واپسی بصرہ	۔/۱۲	۔/۸
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلائے معلیٰ، کاظمین، نجف اشرف اور واپسی بصرہ	۔/۱۴	۔/۱۲

...

ہندوستان میں عراق ریلوے کے ٹکٹ اور کوپن کی کتابیں کمپنی اور کراچی کے ایجنٹوں سے خرید جا سکتے ہیں

ممالک محروسہ سرکار عالی میں وائسرائے ہند کا ورود

اعلیٰحضرت کی تاریخی تقریر اور وائسرائے ہند کا جواب

"یار وفادار" کی خدمات کا اعتراف اور برار کے متعلق اعلان

